پینتیس ہزار قدیم وجدید عربی لغات کی تشریح مع لغوی مباحث
جو درس نظامی وکتب درسیہ جامعات میں مستعمل اور ممالک عربیہ
کی جدید تالیفات، اخبارات وجرائد میں مروّج ہیں۔

بیان اللّسان

عربی اردو ڈکشنری

مع

لغات قرآن

واضافہ لغاتِ جدیدہ

تالیف
قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی
فاضل دیوبند

پیش لفظ
مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ
مہتمم دار العلوم دیوبند

کراچی

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ (طٰه)

بیان اللّسان

عربی اردو ڈکشنری

مع

لغات قرآن

واضافہ لغاتِ جدیدہ

جس میں تقریباً اُن پینتیس ہزار قدیم وجدید عربی لغات کی مکمل ومستند تشریح مع ضروری لغوی مباحث کے کی گئی ہے جو درس نظامی، نصاب ولی اللّٰہی، کتب درسیہ، جامعات میں مستعمل اور ممالک عربیہ کی جدید تالیفات، جرائد واخبارات میں روج ہیں، قرآن کریم کے جملہ لغات خصوصیت کے ساتھ شامل کر لئے گئے ہیں۔ آخر میں المنجد جدید اور القاموس العصری وغیرہ کے منتخب جدید الفاظ واصلاحات کا شاندار اضافہ کیا گیا ہے۔

تالیف:
قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی
فاضل دیوبند

پیش لفظ:
مولانا قاری محمد طیب صاحب رحمہ اللہ
مہتمم دارالعلوم دیوبند

دارالاشاعت
اردو بازار ایم اے جناح روڈ
کراچی پاکستان 2213768

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : مارچ ۲۰۰۷ء علمی گرافکس

ضخامت : 944 صفحات

قارئین سے گزارش

اپنی حتی الوسع کوشش کی جاتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔ الحمدللہ اس بات کی نگرانی کے لئے ادارہ میں مستقل ایک عالم موجود رہتے ہیں۔ پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو ازراہ کرم مطلع فرما کر ممنون فرمائیں تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاک اللہ

ملنے کے پتے

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی

بیت القرآن اردو بازار کراچی

بیت القلم مقابل اشرف المدارس گلشن اقبال بلاک ۲ کراچی

بیت الکتب بالمقابل اشرف المدارس گلشن اقبال کراچی

مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

مکتبۃ المعارف محلہ جنگی۔ پشاور

ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور

بیت العلوم 20 نابھہ روڈ لاہور

مکتبہ سید احمد شہید اردو بازار لاہور

یونیورسٹی بک ایجنسی خیبر بازار پشاور

مکتبہ اسلامیہ گامی اڈا۔ ایبٹ آباد

کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOKS CENTRE
119-121 HALLIWELL ROAD
BOLTON BL1 3NE, U.K.

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX 77074, U.S.A

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

مقدمہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

طِیْبُ الْبَیَان
فی تقریظ
بَیَانِ اللِّسَان

(از خامۂ لسانُ الاُمّت حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحب مدّت فیوضہم)

جس طرح اس کائنات رنگ و بو میں اشیاء کائنات کی صورتیں اور شکلیں مخصوص اور متعین ہیں جن کے بغیر نہ اُن اشیاء میں باہم تمیز ہو سکتا ہے اور نہ کسی کے سامنے اُن کا تعارف ممکن ہے۔ اس لئے جب بھی کوئی غیبی حقیقت منصۂ ظہور پر آنے کا تقاضا کرتی ہے تو اُسی آن اپنے مناسب کسی نہ کسی شکل و صورت کا لباس پہن کر جلوہ گر ہو جاتی ہے۔ اسی طرح کائنات علم و معنویت میں علمی حقائق اور فکری نظریات کی صورتیں اُن کے مخصوص لُغات و الفاظ اور تعبیرات ہیں جن کے بغیر نہ حقائق آپس میں متمیز ہو سکتی ہیں اور نہ دوسروں کے سامنے ان کا تعارف ہو سکتا ہے۔ اس لئے جب کوئی علمی حقیقت ظاہر ہونے کے لئے تڑپتی ہے تو اُسی آن اُسی کے مناسب اُسے الفاظ و اسماء کا جامہ عطا ہو جاتا ہے جس سے وہ متمیز اور متعارف ہوتی ہے اور اپنے اثرات سے مخاطبوں کو متاثر کر جاتی ہے پس صُور اشیاء کی طرح ہر کلامی حقیقت کا ایک پیرایۂ ظہور اور لباس تعبیر ہے جس سے وہ غیبی حقیقت جو قلب کی گہرائیوں میں مخفی پڑی ہوئی تھی۔ باہر نکل کر افادیت کا بازار گرم کرنے لگتی ہے اور اپنے تحتانی اسرار سے کائنات کے جہانوں میں ہلچل ڈال دیتی ہے اور اگر اشیاء کے لئے صُورتیں معانی کے لئے الفاظ و لغات نہ ہوں تو نہ وہ متعارف ہوں اور نہ افادہ و استفادہ کا سلسلہ قائم ہو جس پر عالم کی یہ بود و نمود قائم ہے بلکہ مغیبات کی ترجمانی ہمیشہ کے لئے پردۂ عدم میں مستور رہ جائے۔

(۲) ہاں پھر جس طرح خالق و موجد کائنات نے ہر حقیقت کو اُس کے مناسب صورت بخشتے ہوئے خود ہی اُسے

ایجاد فرمایا ہے جس میں کسی غیر کی ایجاد و اختراع کا کوئی دخل نہیں، اسی طرح اُس علیم وخبیر مغیبات نے ہر معنی کو اُس کے مناسب لفظ اور پیرایۂ تعبیر بخشتے ہوئے خود ہی اُسے اختراع فرمایا جس میں کسی ماسوای کی اختراع و ایجاد کا کوئی دخل نہیں یعنی جہاں معانی اُس کے مخلوق ہیں وہیں الفاظ و کلمات اسی کے مجعول ہیں پس صورتیں بھی منجانب اللہ ہیں۔ بفحوائے رَبُّنَا الَّذِیْ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ، اور لغات بھی من اللہ ہیں بفحوائے وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَاءَ کُلَّهَا۔

یہی وجہ ہے کہ آج تک دنیا کی کوئی زبان کسی شخص یا جماعتی فکر کی پیداوار ثابت نہیں ہوئی اور نہیں کہا جاسکتا کہ کوئی لغت اسمبلی یا کونسل یا کسی قومی ادارہ کے ریزولیوشن سے پاس ہوکر دنیا میں رائج کیا گیا ہو، بلکہ فطری طور پر مذہبی اور تمدنی ضروریات اپنی اصطلاحات اپنے ساتھ لائیں اور غیر شعوری طور پر اُنھوں نے انسانوں کے دل و دماغ اور زبانوں پر قبضہ کر لیا پس جس طرح حقائق کائنات کی صورتیں تخلیق خداوندی سے ظاہر ہوئی ہیں کسی انسان کی صنعت کارسازی کو اس میں دخل نہیں، انسان زیادہ سے زیادہ اُن کے ظہور کا سبب اور ذریعہ بن سکتا ہے موجد نہیں کہا جاسکتا۔ اسی طرح کلامی حقائق کے لغات و اسماء کی تعیین و تلقین بھی منجانب اللہ اور بصنع الٰہی ہوئی ہے کسی انسان کی کاوش دماغ اور صنعت گری کو اُس کی ایجاد میں دخل نہیں۔ انسان زیادہ سے زیادہ اُس کے ظہور و بقاء کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ موجد اور قیوم نہیں کہا جاسکتا۔

(۳) پھر جس طرح ایک صورت و شکل کی تخلیق و ایجاد خدا کے سوا کسی دوسرے کا کام نہیں اور انسان وغیرہ کو معمول اور سبب بننا ہی پڑتا ہے۔ اسی طرح اُس شکل و صورت کی موت و فنا بھی کسی انسان وغیرہ کے بس کی بات نہیں بجز اُس کے کہ اس میں بھی وہ معمول یا سبب عمل بنے ٹھیک اسی طرح زبانوں و لغتوں کی ایجاد کے ساتھ اُن کی فنا و مماۃ بھی خدا کے سوا کسی دوسرے کا فعل نہیں ہے۔ انسان کے قبضہ و دسترس کی اُس میں کوئی مداخلت نہیں۔ وہ اس فنائیت کے لئے بھی زیادہ سے زیادہ واسطہ و ذریعہ ہی بن سکتا ہے۔ حتیٰ کہ جس طرح ایک انسان خدا کی بنائی ہوئی صورتوں میں کوئی تغیر اور تبدیلی نہیں کر سکتا اور کرتا ہے تو تغییر خلق اللہ کا مرتکب ہوکر ملعون کہلاتا ہے اور پھر بھی وہ تغییر پائیدار اور بقا پذیر ثابت نہیں ہوئی۔ اسی طرح خدا کی بنائی ہوئی اور بتائی ہوئی زبانوں اور لغات میں بھی ترمیم و تنسیخ کسی انسان کا کام نہیں۔ پھر بھی اگر کوئی باغی قسم کا انسان مروجہ لغات کو نسخ یا مسخ کرنے پر تُل جائے تو بلاشبہ وہ بھی تغییر فطرۃ کا مرتکب ہوکر مستوجب لعنت و تشنیع ہوگا۔ اور پھر بھی اس کی یہ ترمیم و تنسیخ فطرۃ کو تبدیل نہ کر سکے گی۔

(۴) البتہ جس طرح صورتوں کی آرائش و زیبائش بڑھانے یا حسب مقتضائے فطرت ان کی نوک پلک کی کمی بیشی اور قطع و برید جیسے ناخنوں کو کاٹ دینا اور بالوں کو بڑھا لینا۔ آنکھوں کی سیاہی میں سُرمہ سے اضافہ کر لینا یا بالوں کی چمک میں تیل کے اضافے سے اضافہ کر لینا یا حسب تغیّرِ زمانہ تبدیلِ فیشن سے جائز حد تک خدوخال کی اصلاح مسخ نہیں کہلاتی بلکہ عین منشاءِ فطرت کہلاتی ہے۔ اسی طرح زبانوں اور لغات میں وقتی تقاضوں سے الفاظ کی کمی بیشی یا ردّو بدل یا اُن کی ادائیگی اور لب و لہجہ میں تغیر و تبدل یا اُن کی معنویت کو دوبالا کرنے کے لئے اصول و قواعد لسان کے تحت جزوی تصرف کیا جاتا بھی ترمیم و تنسیخ یا تغییر خلق اللہ نہیں کہلایا جاتا۔ بلکہ منشاءِ فطرت کی تکمیل کہلاتا ہے۔

چنانچہ کسی مروّجہ لغت اور زبان کے دائرہ میں جب بھی جدید حقائق اور تمدّن کے نئے گوشے نمایاں ہوتے ہیں تو اہلِ زبان ایجادِ محض سے اُن کے لئے کوئی لفظ یا اصطلاح وضع نہیں کر لیتے بلکہ اُسی رائج شدہ زبان کے الفاظ اور اس کی مخصوص ساخت و پرداخت سے مدد لے کر اوّل اُس نئی حقیقت کے اوصاف و کیفیات کی تفصیلی تعبیر سے اُسے منقح اور متمیّز کرتے ہیں اور پھر انہی اوصاف و کیفیات کو بطور خلاصہ ادا کر دینے والا کوئی لفظ اپنے مروجہ الفاظ کے مجموعہ سے چھانٹ کر اُس حقیقت کے مقابلہ میں بطور لغت کے رکھ دیتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ از سرِ نو لغت کی ایجاد نہیں۔ بلکہ لغت سابق سے الفاظ کا استنباط ہوتا ہے جو ایک خاص زبان اور اُس کے مخصوص مروجہ محاورات کے دائرہ میں رہ کر نیز اُسی زبان کے قواعد اور مذاق کا پابند ہو کر کیا جاتا ہے۔ بہر حال کسی لغت اور زبان کے نو پیدا الفاظ کے لئے انسان موجد نہیں۔ بلکہ نئی اشیاء حادث ہونے پر توسیع لغت کے سلسلہ میں وہ صرف مجتہد اور مستنبط ہے۔

(۵) پس ملکی انقلابات سے تمدنی معاشرتی اور مذہبی و سیاسی انقلابات رونما ہونے پر جب زبانوں اور لغتوں میں بھی انقلاب برپا ہوتا ہے تو وہ حقیقتاً قدرتی عوامل کا نتیجہ ہوتا ہے جس کے لئے انسان بطور آلہ کار یا جارحہ قدرت کے استعمال میں آتا ہے۔ یہ نئی زبان اور اس کے نئے محاورات کچھ اُس کی فکری تگ و تاز کا نتیجہ نہیں ہوتی بلکہ انسانوں میں نئی لغت کا یہ نشوونما غیر شعوری طور پر بالکل اس طرح ہوتا ہے جیسے ایک بد شکل قوم جو نسلی اور پشتینی طور پر بدصورت چلی آ رہی ہو۔ اچانک کسی انقلاب کے تحت تعلیم یافتہ بن کر جوں جوں عملاً اندازِ معاشرت غذا۔ طرزِ رہائش اور صفائی ستھرائی کے طریقوں کی شائستگی اختیار کرتی جاتی ہے۔ پھر جوں جوں اُس کے فکر کی شائستگی

سے اُس کے باطن کا نقشہ موزوں ہوتا جاتا ہے۔ اُسی حد تک اُس کے افراد کی شکلوں اور صورتوں میں بھی نوعی طور پر خوشنمائی موزونیت اور شائستگی آتی جاتی ہے۔ اور من حیث القوم اس حد تک فرق پڑھتا ہے کہ سلف اور خلف کی صورتوں میں کوئی نسبت قائم نہیں رہتی۔ پس یہ سارا تغیر و انقلاب بلاشبہ نمایاں تو انسانی افعال ہی کے ذریعہ ہوتا ہے لیکن بلحاظ حقیقت قوم کا یہ نوعی انقلاب شکل و صورت محض قدرتی عوامل کا نتیجہ ہوتا ہے جو غیر شعوری طور پر قوم کے دل و دماغ پر مستولی ہوتے ہیں۔ اور ان انسانوں کے تمدنی افکار و اعمال کو مرورِ ایام سے ایک خاص راہ پر ڈال کر اس خاص نتیجہ تک پہنچا دیتے ہیں۔ نہ یہ کہ قوم اپنے کو خوبصورت بنانے کے لئے شعور و ارادہ سے کوئی پروگرام بنا کر چلتی ہے۔ اور اس نتیجہ تک پہنچ جاتی ہے۔ ٹھیک اسی طرح ایک قوم کی زبان اور لغت بھی تمدنی، معاشرتی اور مذہبی انقلابات کے تحت ترقی و تنزل کی منزلیں اس طرح طے کرتی ہے کہ قدرتی عوامل کے تحت جیسے جیسے نئی نئی اشیاء رونما ہوتی جاتی ہیں ویسے ویسے نئے الفاظ بھی زبان دانوں اور اہلِ لسان کے دماغوں میں ڈھل ڈھل کر سامنے آنے لگتے ہیں جو محض اس قوم کی سوچ وبچار کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ اس کی مروجہ زبان کی مشق و ممارست اور اُسی کے محاورات کے ہمہ وقت استعمال سے پیدا شدہ ذہنیت کا ایک طبعی ثمرہ ہوتے ہیں جو خواص میں براہ فکر و استنباط اور عوام میں اُن کے حسب استعداد براہ حدس و تجربہ رواج پکڑ جاتے ہیں اور اس طرح ایک ناتمام زبان بعد چندے مکمل اور شائستہ شکل اختیار کر کے اس حد تک اونچی ہو جاتی ہے کہ اس کے قدیم پست یا ناتمام الفاظ ناموزوں کہاوتیں اور بھدی قسم کے محاورات و اصطلاحات سے نئے ترقی یافتہ محاورات و لغات کو کوئی نسبت نہیں رہتی پس اگرچہ یہ سب کچھ انسانوں ہی کے زبان و قلم سے ظہور پذیر ہوتا ہے مگر حقیقتاً اس نوعی انقلاب و ترقی کا سرچشمہ قدرت اور اس کے مخفی عوامل ہوتے ہیں جنھوں نے ابتداءً یہ زبان خزانۂ غیب سے لا کر اس قوم کے دل و دماغ میں پیوست کی تھی۔ غور کیا جائے تو اس صورتِ حال کے ماتحت ایک زبان خود انسان کو اپنی ترقی کا آلہ بناتی ہے۔ اور اُسے بدل ڈالتی ہے نہ کہ انسان اپنے ارادہ و شعور سے زبانوں کو بدلتا ہے جیسے ایک بچہ میں اس کی مادری زبان تدریجاً حدِ کمال کو پہنچتی ہے اور بلا سکھلائے اور بتلائے وہ تدریج بولتے بولتے گویا ہو جاتا ہے اور آخر کار اہلِ لسان میں شمار ہونے لگتا ہے۔ نہیں کہا جاسکتا کہ بچہ نے کسی ارادی اور شعوری حرکت سے اس زبان کو ترقی دے کر اس حد تک پہنچایا ہے۔ درحالیکہ زبان کی یہ تکمیل ہوئی اُسی کی زبان پر ہے۔ اسی طرح ایک قوم میں اس کی اصلی زبان تدریجاً اس کی تمدنی معاشرتی اور مذہبی ترقی کے ساتھ خود بھی ترقی کرتی ہے اور بالآخر اپنی حدِ کمال کو پہنچ کر قوم کی قوم

کو نصرف گویا ہی کردیتی ہے بلکہ فصاحت و بلاغت کے انتہائی مقام پر لا کر کھڑا کردیتی ہے۔ پس جیسے انفرادی لائن میں ایک بچہ زبان کا آلہ کار بن کر اُسے غیر شعوری طور پر اونچا کردیتا ہے جس میں اُس کی ارادی حرکات کے بجائے قدرتی عوامل کارفرما ہوتے ہیں ایسے ہی اجتماعی لائن میں ایک قوم بھی زبان کا آلۂ کار بن کر اُسے غیر شعوری طور پر اونچا بناتی ہے۔ مگر اس میں خود اس کی شعوری حرکات کے بجائے قدرتی عوامل مؤثر ہوتے ہیں اور طبعی افتاد کے ماتحت قومی زبان کو قوم کے ذریعہ بلند سطح پر لے آتے ہیں۔

بہرحال نفس لغت کی ایجاد و اختراع میں تو انسان بے بس ہے۔ مگر اُس کی تزئین و توسیع اور ترقی کے سلسلہ میں اُسے ضرور شعور دیا گیا ہے۔ لیکن اُس میں بھی وہ ایجاد کا درجہ نہیں رکھتا۔ بلکہ صرف اجتہاد کا اور ظاہر ہے کہ اجتہاد اختراع محض کا نام نہیں۔ بلکہ ایک خاص دائرہ میں محدود اور اس کا پابند رہ کر اُسی کے مخفیات کو باہر نکال لانے کا نام اجتہاد ہے پس اجتہاد کے ذریعہ کوئی بیرونی چیز اندر داخل نہیں کی جاتی بلکہ اندرونی چیزیں نکال کر منظر عام پر لے آئی جاتی ہیں۔ اس لئے انسان بحیثیت مجتہد زبان ہونے کے زبان سے باہر کی چیزیں اختراع کرکے زبان میں داخل نہیں کرتا بلکہ نئے مسمیات نمایاں ہونے پر اُن کے اسماء خود اُسی لغت میں سے باہر کھینچ لاتا ہے اور وہ بھی جزوی طور پر نہ کہ نوعی طور پر کہ زبان کا کوئی اُصولی اور بنیادی حصہ ہی اپنے اجتہاد سے وضع کرنے لگے۔

پس ایک منجانب اللہ وضع شدہ زبان کی توسیع و ترقی اور شائستگی میں بلاشبہ شعراء، علماء اہلِ مذاہب، اہل صنائع اور کاروباری لوگوں کا حصہ ضرور ہوتا ہے مگر درجۂ ایجاد کی حد تک نہیں بلکہ عرض کردہ حدود میں صرف درجۂ اجتہاد و استنباط کی حد تک۔ پس جیسے اچھی صورت بنانا تو خدا کا کام ہے لیکن اُسے زیبا دکھانا۔ آراستہ کرنا اور اسباب آرائش سے مقبول عام بنا دینا خود انسان کی سعی و عمل کا ثمرہ ہے ایسے ہی لغت کی تخلیق و ایجاد تو خدا کا کام ہے لیکن اُس کی افادیت کی ترقی اُس کے مواد کلمات اور صور کلمات کی باہمی نسبتوں کا انکشاف اُسے سہل الحصول بنانے کے توضیحی ضوابط اُس کے لغت کی تدوین کی طبعی ترتیبیں حسب ضرورت ذخیرۂ الفاظ سے استنباط کلمات۔ بتقاضائے وقت اُس کی لفظی اور معنوی خصوصیات کی نقاب کشائی اور زبانوں کے میدان میں مذکورہ اُمور سے اُس کو آراستہ و پیراستہ کرکے مقبول زمانہ کرنا اور دنیا میں اُسے رائج کرنے کی جدوجہد میں لگ جانا بلاشبہ زباں داں انسانوں کا کام ہے لیکن اس کا نام نہ

ایجاد واختراع ہے نہ ترمیم و تنسیخ بلکہ توسیع و ترقی ہے جو تغییر فطرۃ نہیں بلکہ عین منشاء فطرۃ ہے۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ انسان زبان کے حق میں موجد نہیں بلکہ محض ایک مشاطہ کی حیثیت رکھتا ہے جس کے ذریعہ اُس کی آرائش و زیبائش اور حسن و کمال کی ترقی ہوتی ہے جس سے زبان سہل اور مقبول عام بن جاتی ہے۔

(۷) ہاں پھر جیسے اشیاء کائنات میں اعلیٰ جوہر اور اونچی حقیقت کی چیزوں کو خدا کی طرف سے صورتیں بھی اعلیٰ وجیہہ اور پُرشکوہ دی جاتی ہیں اور بلاشبہ اعلیٰ حقیقتوں کی ترجمانی اعلیٰ ہی صورتیں کر بھی سکتی ہیں انسانی حقیقت کی ترجمانی انسان ہی کی پاکیزہ صورت کر سکتی ہے نہ گدھے گھوڑے کی شکلیں اور اسی لئے صورتوں کی خوبی و خوبصورتی، حقیقتوں کی خوبی اور بلندی کی علامت قرار دی گئی ہے۔ چنانچہ ارشاد نبوی ہے

اِلْتَمِسُوْا الْخَيْرَ فِيْ حِسَانِ الْوُجُوْهِ ؛ باطنی خوبی کو اچھی صورتوں میں تلاش کرو۔

گویا چہروں کی زشتی حقائق کے نقص کی علامت ہے اور چہروں کی خوبی و خوبصورتی حقائق کے کمال کی دلیل ہے۔ اسی طرح زبانوں کے سلسلہ میں جو زبان اعلیٰ ترین حقائق، اونچے معارف، بلند ترین معانی کا خزانہ ہو گی۔ اُس کا لغت بھی انتہائی شائستہ، لطیف، بلیغ، جامع، اور اپنے مفردات و مرکبات کے لحاظ سے بے حد خوش آیند اور پُرشکوہ ہونا ضروری ہے، کہ باطن کی خوبی، ظاہر کی ہی خوبی سے نمایاں ہو سکتی ہے۔

اس اُصول پر اگر دیکھا جائے تو جیسے کائنات کی تمام شکلوں میں انسانی شکل کو احسن تقویم اس لئے بنایا گیا کہ تمام مخلوقات کی نسبت وہی جامع صفات و شئون اور جامع جمیع حقائق و کمالات تھا۔ اسی طرح کائنات علوم و معارف کی تمام لفظی شکلوں اور کلامی صورتوں یعنی لغات میں عربی لغت اپنے علمی جوہروں اور غیبی حقائق کی بھرپور ترجمانی کے لحاظ سے بلاشبہ احسن تقویم کی مصداق ہے۔ گویا زبانوں کی انواع میں عربی زبان نوع انسانی کا درجہ رکھتی ہے جو جامع حقائق ہونے کی وجہ سے جامع تعبیرات ہے اور اعلیٰ ترین کلیات کی ترجمانی ہونے کی وجہ سے وسیع تر اور بلیغ ترین زبان ہے۔ اُس کے الفاظ و لغات معانی کی طرح لطیف و خفیف وہ اپنی سلاست اور زود ادائیگی کے لحاظ سے زبانوں پر بسہولت رواں دواں۔ اس کے کلمات میں شیرینی۔ طرز ادا میں شوکت بندشوں میں دل آویزی۔ تعبیرات و عبارات میں جذب و کشش۔ اور وہ قلت الفاظ کے ساتھ کثرت معانی یعنی جامعیت کی رُو سے مَا قَلَّ وَدَلَّ کی مصداق ہے۔ اور پھر اوپر سے اُس کی ادائیگی کے انداز بالطبع متانت و وقار لئے ہوئے اور اُس کا اصلی اور مادری لب و لہجہ بلند ترین سنجیدگی کی روح تھامے ہوئے ہے حتیٰ کہ اُس کو اُسی کے مادری لب و لہجہ میں ادا کرنے

والا اُس کی ادائیگی کی وجاہت کے سبب خود بھی باوجاہت نظر آنے لگتا ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ایک صاحب اختیار و با اقتدار بادشاہ اپنے جلالی اور جمالی اختیارات استعمال کرنے کے لئے شاہی احکام دے رہا ہے جس میں تواضع ہے مگر وقار کے ساتھ اور جس میں سے تکبر منفی ہے مگر ذلت نفس کی نفی کے ساتھ پس کوئی شبہ نہیں کہ عربی لغت اپنی خصوصیات لفظ و معنی کی حیثیت سے عام زبانوں میں وہی حیثیت رکھتی ہے جو ملک کی بیگمات میں ملکۂ ملک کی ہوتی ہے کہ اور وں کا اقتدار اگر ملک کے محدود خطوں اور رقبوں پر ہوتا ہے تو اس کا اقتدار پورے ملک پر چھایا ہوا ہوتا ہے۔

(۸) یہی وجہ ہے کہ اُسے ملک الکلام قرآن عزیز اور ملک الانبیاء حضرت خاتم الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان ہونے کا شرف حاصل ہوا اس کے سوا دوسری زبان اس شرف کا بوجھ برداشت نہیں کرسکتی تھی کیونکہ قرآن عزیز تو اپنے نظم و معنی کے لحاظ سے معجزہ تھا۔ اور حضرت خاتم الرسل اپنی معجزانہ فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے افصح العرب والعجم تھے اور ظاہر ہے کہ ان دونوں کے لئے ایسے ہی لطیف اور وسیع لغت کی ضرورت تھی جو اپنی وسعت و لطافت کے سبب اُن کی معجزانہ بلاغت کا تحمل کرکے اشباع کے ساتھ اُن کے حقائق و معانی کو ادا کردے۔ اور کسی حقیقت کی ترجمانی میں شانِ اعجاز میں فرق نہ پڑنے دے۔ ظاہر ہے کہ یہ اُس کے بغیر ممکن نہ تھا کہ جیسے قرآن و حدیث کے حقائق بلند تھے ان کے لئے تعبیرات بھی ویسی ہی بلند ہوں اور جس حد تک لطیف و عمیق معانی ہوں اُسی حد تک الفاظ کا خزانہ بھی کثافت و ثقل سے پاک اور لطافت و وسعت سے بھر پور رہو۔ ورنہ کلام خدا اور رسول کی شانِ اعجاز کا ظہور ناممکن تھا پس قرآن و حدیث کا اپنے لئے اس زبان کا منتخب کرنا اس کی کھلی دلیل ہے کہ عربی زبان میں یہ لطافت۔ جامعیت۔ وسعت اور ہمہ گیری کی ساری شانیں موجود ہیں جو اور زبانوں میں نہیں ورنہ خدا کا کلامی معجزہ کسی اور زبان میں بھی اُترتا۔ اس لئے عملی معجزات کے ساتھ کلامی اور علمی معجزہ صرف نبی عربی صلی اللہ علیہ وسلم ہی کو بخشا گیا جن کا لغت عربی تھا تاکہ معجزانہ علوم کے بدن پر اس زبان کی قبا ایسی چست آجائے کہ نہ تنگ رہے نہ ڈھیلی اور نہ اس میں جھول آئے نہ شکن پڑے اس لئے لغت عربی کو قرآن کی زبان بتلاتے ہوئے بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ فرمایا گیا جس سے اِس زبان کے واضح روشن اور معانی کے لئے روشن گر ہونا نمایاں ہوجاتا ہے پس عربی زبان خدائی لغت بھی ہے اور پیغمبری زبان بھی ہے اور جس زبان کو بیک وقت یہ دو نسبتیں حاصل ہوں اس کے تمام وجوہ لطافت ایک طرف اور صرف یہ ایک وجہ لطافت ایک طرف ہے۔

اُسی کے ساتھ قرآن ہر خاص و عام شریف و وضیع مشرقی و مغربی اور دنیا کے ہر ملک اور ہر زبان بولنے والے کے لئے قرأت و تلاوت اور ورد و خواندگی کی کتاب ہے اسی لئے اس کا نام قرآن ہے یعنی پڑھنے اور ورد کی چیز۔ یہ پڑھا جانا

اسلام کی ایک مستقل عبادت ہے جو معنی فہمی سے جُدا گانہ ایک موضوع ہے۔ پھر یہ وِرد کوئی ایسا عام انداز کا وِرد نہ تھا کہ قرآن کی چند سطریں کسی نہ کسی وقت بیٹھ کر پڑھ لی جائیں اور حق تلاوت ادا ہو جائے بلکہ کثرتِ تلاوت ادا ہو جائے بلکہ کثرتِ تلاوت ہی سے حق تلاوت ادا ہو سکتا ہے چنانچہ یَتْلُوْنَہٗ حَقَّ تِلَاوَتِہٖ کی تفسیر محققین نے کثرتِ تلاوت ہی قرار دی ہے جس کی کوئی حد مقرر نہیں ایک پارہ یومیہ سے لے کر ایک قرآن یومیہ تک اس حد میں داخل ہے پس ایک قرآن یومیہ یا نصف ثلث اور رُبع قرآن یومیہ پڑھنے والا اُسی صورت میں کثرتِ تلاوت کا وظیفہ ادا کر سکتا تھا جب کہ قرآن اپنے الفاظ کی خفت کے سبب سلاست کے ساتھ بآسانی زبانوں پر رواں دواں ہو سکے۔ اور اُس کے لغات میں کوئی ایسا ثقل اور تشدد نہ ہو جو زبانوں کو ادائگی کے وقت بوجھ ہو جائے جس سے اُسے رواں نہ پڑھا جا سکے۔ یعنی قرآن بایں مقصد روانی و سلاست کسی ایسی زبان کا جامہ پہن ہی نہ سکتا تھا جو زبانوں پر ثقیل۔ پڑھنے میں کٹھن، اور ادائگی کے وقت زبان کے لئے باعث تشنج ہو پس اُس کا زبان عربی کو اختیار کرنا اُس کی کھلی دلیل ہے کہ یہ زبان نہ ثقیل ہے نہ ادائگی میں کٹھن ہے نہ زبان کے لئے اینٹھن ہے۔ ورنہ مقصدِ تلاوت اور کثرتِ قرأۃ کبھی نہ حاصل ہو سکتا۔ بہرحال قرآن کی قرائیت اس کی مقتضی تھی کہ اُسے وہ زبان دی جائے جس کے مفردات خفیف اور جملوں کی طبعی ترتیب اور ترکیب ایسی نظری ہو کہ ہر جملہ کے بعد وہی جملہ آئے جو آیا ہوا ہے گویا پچھلا جملہ اگلے جملہ کا خود تقاضا کرے اُسے یاد دلائے اور زبان پر رواں ہونے کی دعوت دے اور اس طرح پہلا جملہ دوسرے جملہ کے لئے بسرعت تام جگہ خالی کرتا ہے جس سے اس کی پوری عبارت زبانوں پر بعجلت رواں دواں ہوتی رہے اور حق تلاوت کی عبادت بآسانی ادا ہو جائے۔

(۱۰) بہرحال عربیت کے اعلیٰ معانی کے سبب عربی لغت کو الفاظ اور نظم کلام کی صورت بھی اعلیٰ ہی دی گئی ہے جس کے شرعی شواہد عرض کئے گئے اس لئے اگر عام زبانوں کی مشاطگی ایک خدمت تصور کی جائے گی خواہ وہ مشکور ہو یا نہ ہو تو عربی جیسی ملکۃ السنہ زبان کی مشاطگی اور اُسے آراستہ کر کے مقبول عام بنانے کی کوشش نہ صرف ایک مقبول خدمت ہی سمجھی جائے گی بلکہ ایک مستقل فضیلت و منقبت بھی ہو گی۔ البتہ یہ ضرور ہے کہ ایسی پاکیزہ اور ہمہ گیر زبان کی مشاطگی وہی کر سکتا ہے جس کی طبیعت ادب لغت کے لئے قدرتاً موزوں ہو۔ اور اُسے اس جامع ادب کا ذوق میسر ہو۔

(۱۱) مبارک باد کے مستحق ہیں ہمارے محترم دوست جناب مولانا قاضی زین العابدین سجاد قاضی میرٹھ جنھوں نے خدمت لسان اور بیان و توضیح لغت کے سلسلہ میں اس مقدس اور ہمہ گیر زبان کا انتخاب فرمایا جو محض لغت اور زبان ہی نہیں بلکہ ملکۃ السنہ ہے۔

قاضی صاحب موصوف عربی زبان کے موجد نہیں کہ ہر لغت کی طرح عربی لغت بھی بایجاد الٰہی منصۂ ظہور پر آئی ہے اس لئے اُن کی خدمت کا منشاء اپنی ایجادی صفت کا اظہار نہیں پھر قاضی صاحب عربی زبان کے زندہ کنندہ بھی نہیں ہیں کہ یہ زبان خود ایک زندہ زبان ہے جو عرب و عجم کے کتنے ہی ممالک پر حکمرانی کر رہی ہے اور خصوصیت سے عالم اسلامی پر بواسطہ قرآن و حدیث اُس کا تسلط اور قبضہ ہے۔ اس لئے اس خدمت گزاری کا منشاء احیاء لسان بھی نہیں ہے۔ نیز یہ زبان آئندہ مٹنے والی یا مرنے والی زبان نہیں ہے کہ اُس کے احیاء کی پیش بندی قاضی صاحب نے کی ہو کیونکہ اگر قرآن قیامت تک زندہ کتاب ہے اور بلاشبہ ہے جو مٹنے والی نہیں تو اُس کی زبان بھی قیامت تک زندہ رہنے والی زبان ہے۔ اس لئے اُسے کسی کی زندگی آور پیش بندی کی بھی حاجت نہیں۔ بلکہ اُن کی عرق ریزیوں کا منشاء ایک زندہ و پائندہ اور قدیم الحسن زبان کو جدید زیورات اور نئے سامان آرائش سے مزین کرکے اس طرح پیش کرنا ہے کہ اس نئی روشنی کے دور میں قدیمیوں کے ساتھ جدیدی اور پرانوں کے ساتھ نوخیز بھی اُس کے عاشق صادق بن جائیں اور عربی ممالک کی طرح عجمی خطے بھی اس کے ساتھ مبصرانہ فریفتگی پیدا کرسکیں۔ اس لئے کوئی شبہ نہیں کہ یہ ملکۂ السنہ کی مشاطگی نہ صرف اُن کی ایک مقبول خدمت ہی ہے بلکہ اُن کے حق میں ایک خاص منقبت اور فضیلت بھی ہے۔

(۱۲) عربی لغت کی ترتیب و تہذیب کے سلسلہ میں جن خصوصیات کی ممدوح نے اپنی اس کتاب "بیان اللسان" کے مقدمہ میں فہرست دی ہے اور جن خاص ذہنی رجحانات کے ساتھ آپ نے عربی لغت کی جدید کتابوں سے نیا طرز اخذ کرکے "بیان اللسان" کو اس پر مرتب کیا ہے۔ اُس کے پیش نظر مجھے یہ عرض کرنے میں تامل نہیں ہے کہ انھوں نے ہندوستان کے عربی ادیبوں، طلبہ، مدارس اور اساتذۂ علوم عربیت پر احسان فرمایا ہے۔

اس تالیف کے بعد معمولی استعداد کا طالب علم بھی عربی کی قدر و قیمت پہچاننے کے ساتھ اُس کے حاصل کرنے میں انتہائی سہولت محسوس کرے گا۔ اور بعجلت کامیاب ہوجائے گا کیونکہ اس ترتیب جدید کے تحت عربی لغت اپنے مواد کے لحاظ سے سہل الحصول اور اپنے صور و اشکال کے لحاظ سے سہل المعرفۃ نیز اپنے کلمات کے اصول و فروع کے لحاظ سے سہل الحفظ بن گیا ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ کتاب کے نئے طرز ترتیب سے بسہولت فن لغت پر قابو پاکر ہر ایک مستفید کا دل انھیں بے اختیار دعائیں دے گا۔ حق تعالیٰ شانہ ان کی اس سعی جمیل کو قبول فرمائے۔ کتاب کو نافع اور مفید بنائے۔ اور اہلِ ذوق کو اُس سے مستفید ہونے کی توفیق بخشے مؤلف کو اس علمی خدمت کے صلہ میں دنیا اور آخرت کے بلند مراتب عطا فرمائے۔ آمین!

محمد طیب غفرلہ (مہتمم دارالعلوم دیوبند)

خصوصیّات

کتاب کی ترتیب میں جن اُمور کو ملحوظ رکھا گیا ہے، یہ ہیں:۔۔۔

(۱) جملہ لغاتِ عربیہ کا استیعاب کرکے وہ لُغات چھانٹ لئے گئے ہیں جو عربی لٹریچر میں عام طور پر استعمال ہوتے ہیں۔ درسِ نظامی، نصاب ولی اللّٰہی، اور یونیورسٹی کے عربی کورسوں کی کتابوں کے تمام متداول لُغات اس میں آگئے ہیں۔ اندازہ ہے کہ یہ صغیر الحجم معجم تیس ہزار لُغات پر مشتمل ہے۔

(۲) یورُپ و ایشیا کی متمدن اقوام کے ارتباط و اختلاط، اور علوم جدیدہ کے شیوع و فروغ سے، ہر علمی زبان کی طرح عربی زبان میں جو ہزارہا جدید الفاظ اضافہ ہوگئے ہیں، اور جو مصر و شام کی جدید تالیفات و مجلات میں مستعمل ہیں، ان میں سے تمام ضروری الفاظ اس لغت میں شامل کرلئے گئے ہیں۔

(۳) قرآن کریم کے تمام لُغات و اصطلاحات (بلا استثناء) اس میں شامل کیئے گئے ہیں۔ اور چونکہ یہ معاملہ قرآن کریم کا ہے جس کے لُغات کے ناقل کے لئے امام جلال الدین سیوطیؒ نے عدالت کو شرط قرار دیا ہے (الاقتراح) اس لئے اُن کی تشریح عموماً قرآن کریم کے مستند ترین لغت "مفردات القرآن" (للامام راغب اصفہانی رح) اور منتہی الارب کی روشنی میں کی گئی ہے۔ جہاں کوئی اُلجھن پیش آئی ہے وہاں حضرت شاہ عبد القادر دہلوی حضرت شیخ الہند اور حضرت تھانوی رحمہم اللہ تعالےٰ کے تراجم سے استفادہ کیا گیا ہے۔

(۴) ہر کلمہ کو اپنی اصلی صورت میں "لغت" قرار دے کر تمام لُغات کو حروف معجم کی ترتیب سے انگریزی ڈکشنریوں کے طرز پر عربی خط میں با اعراب لکھا گیا ہے۔ پھر اس کے کثیر الاستعمال معانی لکھ دیے گئے ہیں بیانِ معانی صاف اور سہل طریقہ پر مگر مختصر اور جامع الفاظ میں ہے۔ ہر کالم کے پہلے لغت کو پیشانی پر سرعنوان بھی لکھ دیا گیا ہے تاکہ لُغت مطلوبہ کی تلاش میں سہولت ہو۔

(۵) اگر لغت اسم ہے تو:۔

(ا) اسم کے مفرد ہونے کی صورت میں اس کی کثیر الاستعمال جموع مکسّرہ لکھ دی گئی ہیں، اور جمع ہونے کی صورت میں اُس کا مفرد لکھ دیا گیا ہے۔ جہاں مختلف معانی میں مختلف جموع استعمال ہوتے ہوں، وہاں ہر معنی کے بعد اُس سے متعلق جمع درج کردی گئی ہے۔

(ب) جہاں ضرورت سمجھی گئی ہے۔ وہاں تذکیر و تانیث کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے۔ اور "مذ"۔ مؤنث اور مؤنث کا مذکر بھی لکھ دیا گیا ہے۔ پھر اُس کی جمع بھی بیان کر دی گئی ہے۔

(ج) جہاں کوئی لفظ بعض معانی کے اعتبار سے مذکر اور بعض کے اعتبار سے مؤنث ہے وہاں اُس کی تفصیل کر دی گئی ہے۔

(د) جہاں کوئی اسم کسی مخصوص اسم کی صفت بن کر یا اس کی طرف مضاف ہو کر کسی خاص معنی میں آتا ہو وہاں اس کی توضیح کر دی گئی ہے مثلاً قَائِمَۃ کھڑی ہونے والی قَائِمَۃُ (الدَّابَّۃ) چوپایہ کی ٹانگ (الکِتَاب) کتاب کا ورق فہرست (السَّیْف) تلوار کا قبضہ (عَیْنٌ) قَائِمَۃ آنکھ جس کی روشنی جاتی رہی ہو اور ڈھیلا بدستور ہو۔ ج: قَوَائِم۔

(۶) اگر مصدر ہے تو:۔

(ا) پہلے اس کا باب لکھ دیا گیا ہے (عموماً ابواب ثلاثی مجرد ہی کے لکھے گئے ہیں، جہاں مصدر مختلف ابواب سے آتا ہو۔ اور ابواب کے اختلاف سے معانی میں اختلاف ہوتا ہو وہاں ہر باب کی علامت لکھ کر اُس کے متعلقہ معانی ترتیب وار لکھ دیے گئے ہیں۔

(ب) جہاں مصدر کسی خاص صلہ کے ساتھ استعمال ہوتا ہو، وہاں صلہ بھی لکھ دیا گیا ہے۔ جہاں اختلاف صلات کو اختلافِ معانی میں دخل ہو۔ وہاں ہر صلہ کے بعد اس کے متعلقہ معانی لکھ دیے گئے ہیں۔

(ج) جہاں کسی مصدر کا باب اور صلہ دونوں ظاہر کرنے ہوں۔ وہاں پہلے باب لکھا گیا ہے۔ پھر صلہ باب کے لئے قوسی بریکٹ (—) استعمال کیا گیا ہے اور صلہ کے لئے عمودی۔ [—]۔

(۷) جہاں کوئی کلمہ اسم اور مصدر دونوں حیثیتوں سے استعمال ہوتا ہو وہاں پہلے معانی اسمیہ لکھے گئے ہیں پھر علامت مصدر بنا کر معانی مصدریہ لکھے گئے ہیں۔ مثلاً مَوْج پانی کی لہر۔ وا: مَوْجَۃ۔ ج: اَمْوَاج۔ مص (ن) پانی کا موجیں مارنا۔ لہروں کا تھپیڑے مارنا۔ لوگوں کا بےچین ہونا [عن] پھر جانا۔

(۸) تفصیلات مذکورہ کے علاوہ، جہاں ضرورت سمجھی گئی ہے، وہاں دیگر اُمور مثلاً اسم کے منصرف و غیر منصرف، معرّب، و دخیل اور فعل کے معروفاً و مجہولاً استعمال ہونے کی تشریح بھی کر دی گئی ہے۔

(۹) لغاتِ جدیدہ کو علامات "د" بنا کر ممتاز کر دیا گیا ہے۔ یہ علامت آخر میں لکھی گئی ہے۔ مگر جو لُغت قدیم و جدید دونوں معانی میں مستعمل ہو، وہاں پہلے قدیم معنی لکھے گئے ہیں، پھر علامت مذکورہ بنا کر جدید

معنی لکھ دیے گئے ہیں مثلاً: ۔ فُنْدُق چلغوزہ، مہمان سرائے (د) ہوٹل ۔

(۱۰) کتاب کی ترتیبِ تدوین میں مستند قدیم وجدید کتب لغت، مثلاً: قَامُوْس، مُنْتَہَی الْاَدَب، صُرَاح، اَقْرَبُ الْمَوَارِد، اَلْمُنْجِد، اَلْفَرَائِدُ الدُّرِّیَّہ، مُفْرَدَات غَرِیْبُ الْقُرْآن، (امام راغب اصفہانیؒ) وغیرہ سے استفادہ کیا گیا ہے جہاں کہیں کتب لغت میں اختلاف پایا گیا ہے۔ وہاں قرآن وحدیث کے لغات کی تحقیق کے سلسلہ میں کتب قدیمہ کو اور دیگر لغات کے سلسلہ میں (صحتِ طبع وحُسنِ ترتیب کی بناء پر) کتب جدیدہ کو ترجیح دی گئی ہے۔

(۱۱) آغازِ کتاب میں قواعدِ عربی کے اہم مباحث جو لغت سے استفادہ میں مفید وناگزیر ہیں، اختصار مگر وضاحت کے ساتھ بیان کر دیئے گئے ہیں۔

(۱۲) اُمور مذکورہ بالا کے علاوہ، کم سے کم ضخامت میں زیادہ سے زیادہ مواد کھپانے کے لئے ہر ممکن صورت اختیار کی گئی ہے۔ ضروری تفصیلاتِ لغویہ کو پیش کرنے کے لئے "اشارات ورموز" کا استعمال کیا گیا ہے نیز اگرچہ تقطیع چھوٹی رکھی گئی ہے تاکہ استعمال میں سہولت ہو تاہم ہر صفحہ میں دو کالم اور تینتیس سطور ہونے کی وجہ سے مواد اتنا ہی آگیا ہے جتنا دوسری جہازی سائز کی ہندوستان کی مطبوعہ کتب لغات میں آتا ہے۔

کاپیوں کی تصحیح اور پروفوں کی تنقیح میں اپنی دانست میں کوئی کسر نہیں چھوڑی گئی تاہم کتاب کے پریس میں جانے کے بعد مصنف کے اختیارات کی حدود ختم ہو جاتی ہیں، لیتھوگرافی میں ج کی ح اور ف کا ق بن جانا یوں بھی معمولی بات ہے۔ پھر اس دور میں جب کہ دہلی مرحوم اپنے ہر گوشہ میں اہلِ ذوق اور اربابِ فن سے تقریباً خالی ہو چکی ہے اور یہاں ہر چیز تجارتی سود وزیاں کے کانٹے میں تولی جا رہی ہے لہٰذا یہ اربابِ مطالعہ کے رحم وکرم پر ہے، کہ وہ چاہیں مصنف کی محنت کو ٹھکانے لگائیں یا اُسے مٹی میں ملائیں اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ۔

تشکر:-

ناسپاسی ہوگی اگر میں مخلص مکرم جناب مولوی حافظ صبیح الدین صاحب سابق رکن بلدیہ، وتاجر اسلحہ میرٹھ کا شکر گزار نہ ہوں جنھوں نے اپنے لطائف کریمانہ وعنایاتِ قدیمانہ، نیز اس ذوقِ دینی وشغفِ علمی کی بناء پر جو اُنھیں اپنے بزرگوں سے وراثت میں ملا ہے۔ انصرام طباعت کے سلسلہ میں میرے لئے سہولتیں بہم پہنچائیں۔ نیز برادرِ مکرم مولوی حافظ محمد سعید صاحب ہاشمی مالک مطبع ہاشمی میرٹھ کا بھی بے حد مرہونِ منّت ہوں جنھوں نے اپنی گراں بار مصروفیتوں کے باوجود اس سلسلہ میں میری ہر ممکن مدد کی۔ فَجَزَاهُمَا اللّٰهُ تَعَالٰی خَيْرَ الْجَزَاءِ۔

میں احباب ذیل کا بھی شکر گزار ہوں جنھوں نے کتاب کی ترتیب کے مختلف مراحل میں یکے بعد دیگرے میرا ہاتھ بٹایا، حقیقت یہ ہے کہ ان دوستوں کو کتاب کی "مجلسِ تالیف" کا رُکن سمجھنا چاہیئے۔

(۱) مولانا حکیم حافظ حبیب احمد صاحب اسرائیلی سنبھلی۔

(۲) مولانا حافظ شبیر احمد صاحب میرٹھی۔ مدرس جامعہ عربیہ۔ ڈابھیل۔

(۳) مولانا عبد الحفیظ صاحب بلیاوی مدرس دار العلوم دیوبند۔

(۴) عزیزِ مکرم مولوی حافظ محمد مظاہر ہاشمی (ایم۔ اے۔ فاضل ادب)

استدعاء:۔

آخر میں اس کتاب کے استفادہ کرنے والوں سے درخواست ہے کہ اگر وہ اس میں کوئی خوبی دیکھیں تو نہ صرف اِس سرگشتۂ وادی جہالت، تہی مایہ و بے بضاعت کو اپنی دعوت صالحہ میں یاد رکھیں، بلکہ میرے والد ماجد مولانا الحاج قاضی محمد بشیر الدین صدیقی مرحوم ومغفور، قاضی شہر وخطیب جامع مسجد میرٹھ کی روح پُرفتوح کو بھی اِن دُعاؤں میں شامل فرمائیں کہ یہ انہی کی علمی و تصنیفی زندگی کا پَرتو ہے کہ میں اپنی معاشی و مدنی فرصت سوز مصروفیتوں کے باوجود اِس ذراسی زندگی میں کچھ نہ کچھ کر لینے کے لئے وقت نکال ہی لیتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ اِنَّكَ سَمِيْعٌ مُّجِيْبُ الدَّعَوَاتِ ـــــــ ط

قاضی منزل۔ قاضی واڑہ

میرٹھ (ہند)

۲۴ رجب المرجب ۱۳۶۸ھ

یوم دوشنبہ

فرائد القواعد

مصدر

مصدر کی دو قسمیں ہیں (۱) ثلاثی جس کی ماضی میں تین حرف اصلی ہوں (۲) رباعی جس کی ماضی میں چار حرف اصلی ہوں۔ پھر ہر ایک قسم کی دو قسمیں ہیں (۱) مجرد یعنی جس کی ماضی میں حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی حرف زائد نہ ہو (۲) مزید جس کی ماضی میں حروف اصلیہ کے علاوہ کوئی زائد حرف بھی ہو۔ ثلاثی مجرد کے ۶ باب (ماضی اور مضارع کے وزن) ہیں (۱) فَعَلَ یَفْعُلُ۔ جیسے نَصَرَ یَنْصُرُ۔ (۲) فَعَلَ یَفْعِلُ جیسے ضَرَبَ یَضْرِبُ (۳) فَعَلَ یَفْعَلُ جیسے فَتَحَ یَفْتَحُ (۴) فَعِلَ یَفْعَلُ جیسے سَمِعَ یَسْمَعُ (۵) فَعِلَ یَفْعِلُ جیسے حَسِبَ یَحْسِبُ فَعُلَ یَفْعُلُ جیسے کَرُمَ یَکْرُمُ۔ ثلاثی مجرد کے مصدر جن اوزان پر آتے ہیں۔ وہ بہت ہیں۔ اور کسی ضابطہ کے تحت نہیں آتے لیکن بعض مخصوص معانی پر مشتمل افعال کے مصادر اکثر بعض مخصوص اوزان پر آتے ہیں اُن کی تفصیل یہ ہے:۔ (۱) جو فعل کسی پیشہ پر دلالت کرے اُس کا مصدر بروزن فِعَالَۃ آتا ہے جیسے تِجَارَۃ (سوداگری کا پیشہ کرنا) خِیَاکَۃ (کپڑے سینے کا پیشہ کرنا)

(۲) جس فعل میں انکار کے معنیٰ پائے جائیں۔ اُس کا مصدر فِعَال کے وزن پر ہوتا ہے جیسے اِبَاءٌ (منع کرنا)۔ جِمَاح (سرکشی کرنا)

(۳) جو فعل حرکت واضطراب پر دلالت کرے۔ اس کا مصدر بروزن فَعَلَان آتا ہے جیسے جَوَلَان۔ دَوَرَان (گھومنا)

(۴) جو فعل کسی مرض پر دلالت کرے اس کے مصدر کا وزن فُعَال ہے جیسے صُدَاع (درد سر ہونا) زُکَام (نزلہ ہونا)

(۵) جس فعل میں سیر وسفر کے معنیٰ پائے جائیں اُس کے مصدر کا وزن فَعِیْل ہے جیسے رَحِیْل (کوچ کرنا)

(۶) آواز اور صوت پر دلالت کرنے والے فعل کا مصدر فُعَال یا فَعِیْل ہے جیسے صُرَاخ (چیخنا) زَئِیْر (شیر کا ڈھاڑنا)۔

(۷) جن فعلوں میں رنگ کے معنیٰ پائے جائیں، اُن کا مصدر بروزن فُعْلَۃ آتا ہے جیسے حُمْرَۃ (سرخ ہونا) صُفْرَۃ (زرد ہونا) معانی مذکورہ سے قطع نظر کر کے فَعُلَ یَفْعُلُ کا مصدر اکثر بروزن فُعُوْلَۃ و فَعَالَۃ آتا ہے۔ جیسے سُهُوْلَۃ۔ فَصَاحَۃ اور فَعِلَ یَفْعَلُ لازم کا مصدر اکثر بروزن فَعَل آتا ہے۔ جیسے فَرَح اور فَعَلَ یَفْعُلُ لازم کا مصدر اکثر فُعُوْل کے وزن پر آتا ہے جیسے قُعُوْد۔ دُخُوْل اور فَعَلَ و فَعِلَ متعدی کا مصدر اکثر بروزن فَعْل ہوگا جیسے قَتْل۔ فَهْم۔

مصادر ثلاثی مزید و رباعی اور ان کے خواص

مصادر ثلاثی مزید فیہ اور رباعی کے اوزان مقررہ ہیں۔ اُن میں سے ہر وزن کے مصدر کے ماضی اور مضارع بھی مقررہ اوزان پر آتے ہیں۔ نیز ہر ایک میں کچھ معنوی خواص پائے جاتے ہیں۔ چنانچہ اس کی تفصیل درج ذیل ہے :۔

ثلاثی مزید فیہ کے بارہ اوزان (ابواب) ہیں :۔

(۱) تَفْعِیْل۔ اس کا ماضی فَعَّلَ اور مضارع یُفَعِّلُ کے وزن پر آتا ہے۔ کثیر الاستعمال خواص حسب ذیل ہیں۔ (ل) تکثیر ماخذ (ماخذ کی کثرت ظاہر کرنا) جیسے قَطَّعْتُ الْحَبْلَ میں نے رسی کے ٹکڑے کر دیئے (ب) نسبت بماخذ (یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ کی طرف منسوب کرنا) جیسے فَسَّقْتُ زَیْدًا میں نے زید کو فسق کی طرف منسوب کیا (ج) سلب ماخذ (یعنی فاعل کا مفعول سے ماخذ کو دور کر دینا) جیسے قَذَّیْتُ عَیْنَہٗ میں نے اس کی آنکھ سے قَذٰی (تنکا) دور کر دیا (د) اِتخاذ یعنی فاعل کا ماخذ بنانا جیسے خَیَّمْتُ۔ میں نے خیمہ لگایا۔

(۲) مُفَاعَلَۃ۔ اس کا ماضی فَاعَلَ اور مضارع یُفَاعِلُ کے وزن پر آتا ہے۔ کثیر الاستعمال خواص یہ ہیں (ل) مشارکت (یعنی دو شخصوں کا مل کر کسی کام کو اس طرح کرنا کہ ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی) جیسے ضَارَبَ زَیْدٌ عَمْرًا۔ زید نے عمر سے مار پیٹ کی۔ (ب) تکثیر جیسے ضَاعَفْتُہٗ۔ میں نے اس میں بہت اضافہ کر دیا۔ (ج) موافقتِ اِفعال جیسے بَاعَدْتُہٗ بمعنی اَبْعَدْتُہٗ۔ میں نے اُسے دور کر دیا۔ (د) موافقت مُجرّد۔ جیسے قَاتَلَہُ اللّٰہُ بمعنی قَتَلَہُ اللّٰہُ۔ اللہ تعالیٰ اُسے ہلاک کرے۔

(۳) اِفْعَال۔ یہ اکثر حسب ذیل معانی کے لئے آتا ہے (ل) تَعْدِیَہ (یعنی لازم کو متعدی کر دینا) جیسے اَذْھَبْتُ زَیْدًا۔ میں زید کو لے گیا (ب) بُلُوْغ (یعنی فاعل کا ماخذ میں پہنچنا) جیسے اَعْرَقَ زَیْدٌ۔ زید عراق میں پہنچا (ج) وِجْدَان (یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ کے ساتھ متصف پانا) جیسے اَبْخَلْتُ زَیْدًا۔ میں نے زید کو بخیل پایا (د) صَیْرُوْرت۔ (یعنی فاعل کا صاحب ماخذ ہو جانا) جیسے اَلْبَنَتِ الشَّاۃُ۔ بکری دودھ والی ہو گئی (ھ) تصییر۔ یعنی فاعل کا مفعول کو صاحب ماخذ کر دینا۔ جیسے اَکْرَبْتُ الثَّوْبَ۔ میں نے کپڑے کو نقشین (نیر والا) کر دیا۔ (و) مُبَالَغَہ جیسے اَسْفَرَ الصُّبْحُ صبح خوب روشن ہو گئی۔ (ز) عَرْض (یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ کے لئے پیش کرنا) جیسے اَبَعْتُ الْعَبْدَ۔ میں نے غلام کو بیع کے لئے پیش کیا (ح) سلب جیسے اَشْکَیْتُ زَیْدًا میں نے زید کی

شکایت دُور کردی (ط حینونت - یعنی فاعل کے لئے ماخذ کا وقت آجانا۔ جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ - کھیتی کو حصاد (کٹائی) کا وقت آگیا (ی) موافقتِ مجرد جیسے قَطَبْتُ الْخَمْرَ وَاَقْطَبْتُهَا بِالْمَاءِ میں نے شراب میں پانی کی آمیزش کی۔

(۴) تَفَعُّل - اس کا ماضی تَفَعَّلَ اور مضارع یَتَفَعَّلُ کے وزن پر آتا ہے۔ اس کی بعض خصوصیات یہ ہیں (ا) مطاوعتِ تفعیل۔ مطاوعت کسی فعل کے اثر کو قبول کر لینے کو کہتے ہیں جیسے عَلَّمْتُ زَیْدَ الْکِتٰبَ فَتَعَلَّمَ - میں نے زید کو کتاب پڑھائی - پس وہ اسے پڑھ گیا (ب) تکلّف۔ یعنی فاعل کا اپنے آپ کو بناوٹی طور پر ماخذ سے متصف ظاہر کرنا جیسے تَشَجَّعَ زَیْدٌ - زید نے اپنے آپ کو شجاع ظاہر کیا۔ بناوٹ سے (ج) اِتخاذ (یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا) جیسے تَوَسَّدْتُ الْحَجَرَ - میں نے پتھر کو وسادہ (تکیہ) بنایا۔ اور تَاَبَّطْتُ الْکِتَابَ - میں نے کتاب کو ابط (بغل) میں لیا۔ (د) تجنّب (یعنی فاعل کا ماخذ سے بچنا) جیسے تَاَثَّمَ زَیْدٌ - زید اثم (گناہ) سے بچا (ہ) صیرورت جیسے تَمَوَّلَ زَیْدٌ - زید مالدار ہوگیا (و) تدریج (کسی کام کا آہستہ آہستہ کرنا) جیسے تَجَرَّعْتُ الْمَاءَ - میں نے گھونٹ گھونٹ کرکے پانی پیا۔ (ز) تحوّل (فاعل کا عین ماخذ) یا مثلِ ماخذ ہوجانا) جیسے تَنَصَّرَ زَیْدٌ - زید نصرانی بن گیا۔ تَبَحَّرَ زَیْدٌ فِی الْعِلْمِ (زید علم میں سمندر کی طرح ہوگیا۔

(۵) تَفَاعُل - اس کا ماضی تَفَاعَلَ اور مضارع یَتَفَاعَلُ کے وزن پر آتا ہے۔ کثیر الاستعمال خواص حسب ذیل ہیں:-

(ا) مشارکت (یعنی دو شخصوں کا مل کر کسی کام کو اس طرح کرنا کہ ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی) جیسے تَضَارَبَ زَیْدٌ وَعَمْرٌو - زید اور عمرو نے باہم مارپیٹ کی (ب) مطاوعتِ مفاعلہ۔ جیسے بَاعَدْتُهٗ فَتَبَاعَدَ - میں نے اُسے دُور کیا۔ تو وہ دور ہوگیا (ج) تخییل (فاعل کا اپنے آپ کو ماخذ سے جو طبعًا ناپسندیدہ ہو متصف ظاہر کرنا) جیسے تَمَارَضَ زَیْدٌ - زید نے اپنے آپ کو بیمار ظاہر کیا۔ یہ پانچوں ابواب بلا ہمزۂ وصل آتے ہیں۔

(۶) اِفْتِعَال - اس کا ماضی اِفْتَعَلَ اور مضارع یَفْتَعِلُ کے وزن پر آتا ہے۔ اہم خواص یہ ہیں:-

(ا) مطاوعت مجرد جیسے جَمَعْتُهٗ فَاجْتَمَعَ - میں نے اُسے اکٹھا کیا تو وہ اکٹھا ہوگیا۔ (ب) اِتخاذ جیسے اِجْتَحَرَ الْفَارُ - چوہے نے جُحر یعنی بِل بنایا (ج) مبالغہ (یعنی ماخذ کے حصول میں خوب کوشش کرنا)

جیسے اِکْتَسَبَ زَیْدٌ۔ خوب کوشش سے زید نے کسب کیا (د) طلب (یعنی فاعل کا مفعول سے ماخذ کو طلب کرنا جیسے اِکْتَدَّ زَیْدٌ عَمْرًا۔ زید نے عمرو سے مشقت (کد) طلب کی۔

(۷) اِنْفِعَال۔ اس کا ماضی اِنْفَعَلَ اور مضارع یَنْفَعِلُ کے وزن پر آتا ہے اہم خواص یہ ہیں:۔

(ل) لزوم (لازم ہونا) جیسے کَسَرَ (توڑنا) سے اِنْکَسَرَ (ٹوٹنا) (ب) مطاوعت جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ۔ میں نے اُسے توڑا تو وہ ٹوٹ گیا۔

(۸) اِفْعِلَال۔ اس کا ماضی اِفْعَلَّ اور مضارع یَفْعَلُّ کے وزن پر آتا ہے۔ یہ باب اکثر لون وعیب کے لئے آتا ہے۔ نیز اس کا لازم اور مبالغہ کے لئے ہونا ضروری ہے جیسے اِحْمَرَّ (بہت سُرخ ہوگیا) اِحْوَلَّ (بہت بھینگا ہوگیا)۔

(۹) اِسْتِفْعَال۔ اس کا ماضی اِسْتَفْعَلَ اور مضارع یَسْتَفْعِلُ کے وزن پر آتا ہے۔ اس کے اہم خواص ہیں:

(ل) طلب۔ جیسے اِسْتَغْفَرْتُ اللّٰہَ میں نے اللہ سے مغفرت چاہی (ب) حِسْبَان۔ یعنی فاعل کا مفعول کو موصوف بہ ماخذ سمجھنا چاہیئے اِسْتَحْسَنْتُ زَیْدًا۔ میں نے زید کو موصوف بہ حسن یعنی اچھا سمجھا (ج) تحوّل کسی چیز کا عین ماخذ یا مثل ماخذ بن جانا جیسے اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ مٹی پتھر بن گئی (د) قصر حکایت (یعنی) اختصار کے لئے کسی مرکب سے فعل مشتق کرنا) جیسے اِسْتَرْجَعَ زَیْدٌ۔ زید نے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھا۔

(۱۰) اِفْعِیْعَال۔ اس کا ماضی اِفْعَوْعَلَ اور مضارع یَفْعَوْعِلُ کے وزن پر آتا ہے اس باب میں لزوم غالب اور مبالغہ لازم ہوتا ہے۔ جیسے اِخْدَوْدَبَ۔ وہ بہت کبڑا ہوگیا۔ اور کبھی مجرّد کی موافقت بھی کرتا ہے جیسے اِخْدَوْدَبَ۔ وہ بہت کبڑا ہوگیا۔ اور کبھی مجرّد کی موافقت بھی کرتا ہے جیسے اِحْلَوْلٰی بمعنی حَلَا شیریں ہوا۔

(۱۱) اِفْعِیْلَال۔ اس کا ماضی اِفْعَالَّ اور مضارع یَفْعَالُّ کے وزن پر آتا ہے اور یہ باب لون وعیب کے ساتھ مختص اور مبالغہ کے لئے مفید ہے جیسے اِحْمَارَّ۔ بہت سُرخ ہوا۔ اِحْوَالَّ بہت بھینگا ہوا۔

(۱۲) اِفْعِوَّال۔ اس کا ماضی اِفْعَوَّلَ اور مضارع یَفْعَوِّلُ کے وزن پر آتا ہے۔ اکثر لازم ہوتا ہے۔ نیز اس کا مجرد نہیں آتا۔ اور اگر آتا ہے تو اس کے معنی سے مناسبت نہیں جیسے اِجْلَوَّذَ۔ وہ تیز تیز چلا۔

یہ سات باب وہ تھے جن کے اول میں ہمزہ وصل آتا ہے۔

رباعی کے چار باب ہیں۔ ایک مجرد اور تین مزید فیہ جن میں سے دو باہمزہ وصل اور ایک بلا ہمزہ وصل ہے۔

مجرّد (۱) فَعْلَلَۃ۔ اس کا ماضی فَعْلَلَ اور مضارع یُفَعْلِلُ کے وزن پر آتا ہے۔ اس کے خواص اکثر حسب ذیل ہیں:۔

(الف) قصر۔ جیسے حَمْدَلَ زَیْدٌ۔ زید نے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہا (ب) الباس ماخذ یعنی فاعل کا مفعول کو ماخذ پہنانا۔ جیسے بَرْقَعْتُ الْمَرْءَۃَ۔ میں نے عورت کو بُرقعہ اُڑھایا (ج) اتّخاذ۔ جیسے قَنْطَرْتُ میں نے پُل بنایا۔

مزید (۱) تَفَعْلُلْ۔ اس کا ماضی تَفَعْلَلَ اور مضارع یَتَفَعْلَلُ کے وزن پر آتا ہے یہ اپنے مجرد کی مطاوعت کرتا ہے۔ جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اُسے لڑھکایا تو وہ لڑھک گیا۔
(۲) اِفْعِنْلَال۔ اس کا ماضی اِفْعَنْلَلَ اور مضارع یَفْعَنْلِلُ کے وزن پر آتا ہے مجرد کی مطاوعت کرتا ہے جیسے ثَعْجَرْتُہٗ فَاثْعَنْجَرَ۔ میں نے اس کی خونریزی کی تو وہ خون ریختہ ہوگیا۔ اور مبالغہ کا فائدہ بھی دیتا ہے۔ جیسے اِسْحَنْفَرَ۔ بہت جلدی کی۔
(۳) اِفْعِلَّال۔ اس کا ماضی اِفْعَلَلَّ اور مضارع یَفْعَلِلُّ کے وزن پر آتا ہے۔ مبالغہ کے لئے آتا ہے جیسے اِشْرَاَبَّ۔ نہایت چوکنا ہوا۔

(تنبیہ) مصادر مزید فیہ میں سے اکثر سماعی ہیں۔ اسی لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر مجرد سے مزید فیہ آتا ہو۔ یا ہر مزید فیہ کا مجرد موجود ہو۔ یا اگر ایک مزید فیہ آتا ہے تو دوسرا بھی ضرور آئے۔ مثلاً اگر کسی مادہ سے باب افعال آتا ہے تو باب تفعیل وغیرہ کا بھی اس مادّہ سے آنا لازم نہیں ہے۔

(اِسْتِثْنَاءَات) ہم بتلا چکے ہیں کہ غیر ثلاثی مجرد کے ابواب محدود اور اُن کے مصادر کے اوزان قیاسی ہیں لیکن چند ابواب کے مصادر میں کچھ تغیر و تبدّل ہوتا ہے۔ مثلاً:۔
(۱) باب تَفْعِیل کا مصدر تَفْعِلَۃ کے وزن پر بھی آتا ہے جیسے وَسَّعَ تَوْسِعَۃً اور اگر مہموز اللام ہو تو تفعیل کم اور تَفْعِلَۃ اکثر آتا ہے۔ جیسے نَبَّاَ تَنْبِئَۃً۔ اور اگر معتل اللام ہو تو پھر صرف تَفْعِلَۃ ہی آتا ہے جیسے تَخْلِیَۃ۔ اور اجوف میں صرف تَفْعِیْل ہی آئے گا جیسے تَجْوِیْف۔
(۲) مُفَاعَلَۃ کا مصدر فِعَال و مُفَاعَلَۃ دونوں وزنوں پر آتا ہے جیسے قِتَال وَمُقَاتَلَۃ۔ اور اگر مثال یائی ہو تو پھر مُفَاعَلَۃ ضروری ہوگا جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً۔
(۳) باب افعال و اِستفعال اجوف ہوں تو عین کلمہ کی حرکت فاء کلمہ کی طرف منتقل کرکے عین کلمہ کو الف سے

سے بدل کر التقائے ساکنین کی وجہ سے ایک الف کو گرا دیا جائے گا۔ اور اس کے عوض آخر میں ۃ کا اضافہ کر دیا جائے گا جیسے آقَامَ سے اِقَامَۃً (اصل میں اِقْوَامٌ تھا) اور اِسْتَقَامَ سے اِسْتِقَامَۃً (اصل میں اِسْتِقْوَامٌ تھا)۔

(۴) باب تَفَعُّل اگر ناقص واوی ہو تو واؤ کو یٰ کرلیں گے اور ماقبل کو مکسور جیسے تعلّی تَعَلِّیًا۔ اور ناقص یائی ہو تو صرف ماقبل کو مکسور کر لیا جائے گا۔

یہی صورت باب تَفَاعُل میں بھی جاری ہوگی جیسے تَقَاضیٰ تَقَاضِیًا۔

(۵) رُباعی مجرد کا مصدر قیاسًا فَعْلَلَۃً اور سماعًا فِعْلَال آتا ہے جیسے دَحْرَجَۃً و دِحْرَاج اور اگر مضاعف ہو تو فِعْلَال کا وزن بھی قیاسی ہے جیسے زَلْزَلَۃً وَزِلْزَال۔

مصدر میمی:۔

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی بروزن مَفْعَلٌ آتا ہے۔ جیسے مَنْظَر (دیکھنا) مَضْرَب (مارنا) مگر مثال واوی سے جو صحیح اللام ہو۔ مصدر میمی ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر آئے گا جیسے مَوْعِد (وعدہ کرنا) مَوْجِل (ڈرنا) مثال واوی صحیح اللام کے علاوہ بھی ثلاثی مجرّد کے بعض افعال سے مصدر میمی کبھی اس وزن پر آجاتا ہے، جیسے مَرْجِعٌ (لوٹنا) غیر ثلاثی مجرد سے مصدر میمی اس کے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مُکْرَم (عزت کرنا) مُجْتَنَب (پرہیز کرنا)۔

مصدر مَرّۃ:۔

وہ مصدر ہے جو فعل کے ایک مرتبہ واقع ہونے پر دلالت کرے۔ ثلاثی مجرّد سے فَعْلَۃ کے وزن پر بنایا جاتا ہے۔ جیسے ضَرَبْتُہٗ ضَرْبَۃً (میں نے اُسے ایک مرتبہ مارا) اور غیر ثلاثی مجرد کے مصدر میں مرّۃ کے لئے صرف آخر میں تاء کا اضافہ کر دیا جاتا ہے، جیسے اَکْرَمْتُہٗ اِکْرَامَۃً میں نے اُس کی ایک مرتبہ عزت کی، لیکن اگر اصل مصدر (ثلاثی یا غیر ثلاثی) کے آخر میں تاء پہلے ہی موجود ہے۔ تو پھر مزید تاء کے اضافہ کی ضرورت نہیں بلکہ ایک ایسا لفظ لانا ضروری ہوگا۔ جو معنی وحدت پر دلالت کرے۔ جیسے اَجَبْتُہٗ اِجَابَۃً وَاحِدَۃً (میں نے اُسے صرف ایک مرتبہ قبول کیا)۔

مصدر نوع:۔

وُہ مصدر ہے جو فعل کی ہیئت اور نوعیت پر دلالت کرے۔ ثلاثی مجرد سے وہ فِعْلَۃٌ کے وزن پر بنایا جاتا ہے

جیسے وَقَفْتُ وِقْفَةَ الْاَسَدِ (میں شیر کی طرح کھڑا ہوا) یعنی میرے کھڑے ہونے کی ہیئت شیر کے کھڑے ہونے کی ہیئت کے مشابہ تھی۔ غیر ثلاثی مجرد سے اس کی بنار کے لئے کوئی خاص وزن متعین نہیں ہے بلکہ حسب قرینہ مقام مصدر مَرَّۃ ہی معنی ہیئت کے لئے مفید ہوتا ہے جیسے اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَةَ الْاَسَدِ (میں شیر کی چال چلا)۔

ظرف زمان ومکان

ظرف زمان وہ اسم مشتق ہے۔ جو وقوعِ فعل کے وقت پر دلالت کرے۔ اور ظرف مکان وہ ہے۔ جو وقوعِ فعل کے مقام کو تبلائے۔ دونوں کے لئے کلامِ عرب میں ایک ہی صیغہ آتا ہے۔ ثلاثی مجرد سے یہ صیغہ مَفْعَلٌ کے وزن پر ہوگا۔ بشرطیکہ مضارع کا عین کلمہ مضموم یا مفتوح ہو۔ جیسے مَنْصَرٌ (مدد کرنے کی جگہ۔ مدد کرنے کا وقت) اور اگر مضارع کا عین کلمہ مکسور ہے۔ تو ظرف بھی مَفْعِلٌ مکسور العین ہوگا۔ جیسے مَضْرِبٌ اِس قاعدہ کلیہ سے ۱۱ لفظ مستثنیٰ ہیں۔ (۱) مَسْجِد (۲) مَشْرِق (۳) مَغْرِب (۴) مَطْلِع (۵) مَجْزِر (ذبح گاہ) (۶) مَرْفِق (کلائی) (۷) مَفْرِق (مانگ) (۸) مَسْكِن (رہنے کی جگہ) (۹) مَنْسِك (عبادت گاہ) (۱۰) مَنْبِت (اُگنے کی جگہ) (۱۱) مَسْقِط (گرنے کی جگہ) لیکن مثال کا ظرف ہمیشہ مکسور العین ہوتا ہے۔ جیسے مَوْعِد (وعدہ گاہ) مَيْسِر (قمار خانہ) وغیرہ اور اس کے برعکس ناقص کا ظرف ہمیشہ مفتوح العین آئے گا جیسے مَدْعىً۔ مَرْمىً وغیرہ اور اور غیر ثلاثی مجرد سے مصدر میمی کی طرح اسم ظرف بھی اس کے مفعول کے وزن پر ہی آتا ہے جیسے مُدْخَل (داخل کرنے کی جگہ یا وقت) مُجْتَنَب (پرہیز کرنے کی جگہ یا وقت) کسی چیز کی کسی مقام میں کثرت تبلانے کے لئے اسم ثلاثی مجرد مزید سے مَفْعَلَةٌ کا وزن آتا ہے جیسے اِبِل (اونٹ) سے مَأْبَلَةٌ (وہ جگہ جہاں اونٹ بکثرت ہوں) مگر جب اسم ثلاثی مزید سے اس کی بنار کی جائے گی تو حروف زوائد کو حذف کر دیا جائے گا۔

اسم آلہ

وہ اسم مشتق ہے جو اس چیز پر دلالت کرے جو کام کرنے کا ذریعہ ہو اُس کی دو قسمیں ہیں (۱) مشتق (۲) غیر مشتق۔ مشتق صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے کبھی لازم سے بھی بنا لیا جاتا ہے۔ جیسے مِرْقَاةٌ (چڑھنے کا آلہ یعنی سیڑھی) اسم آلہ کی بنار کے ۳ وزن ہیں (۱) مِفْعَل جیسے مِبْرَد (ریتی) (۲) مِفْعَال جیسے مِفْتَاح (کنجی) (۳) مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ (جھاڑو)۔

مگر یہ تینوں اوزان غیر قیاسی ہیں، البتہ ناقص کا آلہ اکثر مِفْعَلَةٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مِشْوَاةٌ (بھوننے کا

آلہ) اور ایسے بھی الفاظ ہیں جو درحقیقت آلہ نہیں ہیں۔ مگر آلہ کے معنی کے لئے مفید ہیں۔ ایسے الفاظ کو یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ اسماء جامدہ ہیں اور اشتقاق کا اعتبار رکئے بغیر اپنے مدلولات کے لئے وضع کئے گئے ہیں جیسے مُکْحُلَۃٌ (سُرمہ دانی) مُشْطٌ (کنگھی) مُدُقٌّ (موسل) وغیرہ۔ غیر مشتق اسم آلہ کا کوئی ضابطہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ مختلف اوزان پر آتا ہے، جیسے قَدُوْمٌ (کلہاڑی)، سِکِّیْنٌ (چھری)، فَأْسٌ (تبر) وغیرہ۔

اسم فاعل:۔

وہ اسم مشتق ہے جو اُس ذات پر دلالت کرے۔ جس سے فعل صادر ہوا ہو یا جس کے ساتھ قائم ہو ثلاثی مجرد سے اس کی بناء فاعل کے وزن پر ہوتی ہے جیسے نَاصِرٌ (مدد کرنے والا) قَاتِلٌ (مارنے والا) وغیرہ اور غیر ثلاثی مجرد سے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے مگر علامت مضارع کو میم مضموم سے بدل لیا جاتا ہے اور ماقبل آخر کو (اگر اس پر زیر نہ ہو) زیر دیدیا جاتا ہے، جیسے یُکْرِمُ سے مُکْرِمٌ۔ یَتَقَبَّلُ سے مُتَقَبِّلٌ۔

اسم مفعول:۔

وہ اسم مشتق ہے جو اُس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو۔ ثلاثی مجرد سے اس کی بناء کا وزن مَفْعُوْلٌ ہے جیسے مَنْصُوْرٌ (مدد کیا ہوا) مَقْتُوْلٌ (قتل کیا ہوا) غیر ثلاثی مجرد سے اسم فاعل کی طرح مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے۔ مگر مضارع کی علامت کو میم مضموم سے بدل کر ماقبل آخر کو زبر دیدیا جاتا ہے جیسے مُکْرَمٌ مُجْتَنَبٌ۔

(تنبیہ) غیر ثلاثی مجرد سے اسم مفعول۔ اسم ظرف اور مصدر ایک ہی وزن اور ایک ہی صیغہ پر آتے ہیں۔ مابہ الامتیاز قرینہ مقام ہوتا ہے۔ قیاس کا تقاضا تو یہ ہی ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اُس کے فعل سے کیا جائے۔ مجرد ہو وہ فعل یا مزید۔ مگر چند الفاظ خلاف قیاس بھی آئے ہیں جیسے مَاحِلٌ۔ یَافِعٌ مَجْنُوْنٌ مَحْبُوْبٌ وغیرہ۔ کیوں کہ حسب قیاس مُمْحِلٌ۔ مُوْفِعٌ۔ مُجَنٌّ۔ مُحَبٌّ ہونا چاہئے۔ اس لئے کہ ان کا فعل باب افعال سے آتا ہے۔

صفت مشبہ:۔

وہ اسم مشتق ہے جو کسی فعل لازم سے بنایا جائے۔ اور اُس ذات پر دلالت کرے جس میں کوئی وصف پائدار طور پر پایا جاتا ہو۔ اس کی بناء ثلاثی مجرد سے سماع پر مبنی ہے جیسے حَسَنٌ۔ کَرِیْمٌ۔ لَیِّنٌ۔ صَعْبٌ۔ ہاں اگر فعل کے اندر رنگ یا عیب یا کسی خاص شکل و حلیہ کے معنی پائے جائیں۔ تو از روئے قیاس اُس سے

مذکر کے لئے اَفْعَلُ کا اور مؤنث کے لئے فَعْلَاء کا وزن متعین ہے جیسے اَسْوَد (کالا) سَوْدَاء (کالی) اَعْرَج (لنگڑا) عَرْجَاء (لنگڑی) اَبْلَج (کشادہ پیشانی والا) بَلْجَاء (کشادہ پیشانی والی) اور پیشہ وروں کے لئے زیادہ تر فَعَّال کا وزن مخصوص ہے، جیسے نَجَّار۔ خَبَّاز وغیرہ۔

افعل تفضیل :-

وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں کوئی صفت اوروں کی نسبت زیادتی کے ساتھ پائی جائے اسم تفضیل کا واحد مذکر اَفْعَلُ اور واحد مؤنث فُعْلیٰ کے وزن پر آتا ہے۔ تثنیہ مذکر و مؤنث کے صیغے حسب معمول ان کی زیادتی کے ساتھ اَفْعَلَانِ اور فُعْلَیَان کے وزن پر آتے ہیں۔ جمع مذکر و مؤنث کے صیغے "و ن" اور "ا ت" کی زیادتی کے ساتھ بھی آتے ہیں اور اَفَاعِلُ اور فُعَلٌ کے وزن پر بھی۔ جس مصدر سے افعل تفضیل بنایا جائے اُس کے اندر ۶ شرطیں ہیں (۱) ثلاثی مجرد ہو (۲) اس کے اندر لون وعیب کے معنی نہ پائے جائیں۔ یعنی اُس کا صفت مشبہ اَفْعَلُ کے وزن پر نہ آتا ہو (۳) اس کی تمام گردانیں مستعمل ہوں (۴) منفی نہ ہو جیسے مَا عَلِمَ (۵) اختیاری ہو۔ چنانچہ موت و فنا سے افعل تفضیل کی بنا درست نہ ہوگی (۶) معروف ہو اس لئے اَحْمَد (زیادہ تعریف والا۔ بہتر) شاذ ہے کبھی افعل تفضیل اسم جامد سے بھی بنا لیتے ہیں جیسے اَنَا اَنْوَءُ مِنْهُ (میں اس سے زیادہ ستارہ شناس ہوں) اور اگر تم اس مصدر سے افعل تفضیل بنانا چاہو جس میں شرائط مذکورہ نہیں پائی جاتیں تو اس کا قاعدہ یہ ہے کہ اُس مصدر کے افعل تفضیل کو تمیز بنا کر جو مادہ کے اعتبار سے زیادتی کے معنی پر دلالت کرتا ہے اس فعل کو جس سے افعل تفضیل بنانا چاہتے ہو۔ تمیز بناؤ جیسے هُوَ اَشَدُّ سَوَادًا مِنْ زَيْدٍ (وہ زید سے زیادہ سیاہ ہے) اَنَا اَزْيَدُ اِكْرَامًا لِلْجَارِ مِنْ زَيْدٍ (میں زید کی بہ نسبت پڑوسی کی زیادہ عزت کرنے والا ہوں۔

اسم مبالغہ

اسم مبالغہ وہ اسم مشتق ہے جو اس ذات کو بتائے جس میں کوئی صفت زیادتی کے ساتھ پائی جائے مگر دوسروں سے مقابلہ کا لحاظ نہ ہو۔ اس کے مشہور و کثیر الاستعمال اوزان ۱۵ ہیں۔

(۱) فَعَّال جیسے عَلَّام (بہت جاننے والا) (۲) فَعَّالَة جیسے عَلَّامَة (بہت زیادہ جاننے والا) (۳) مِفْعَال جیسے مِقْدَام (بہت بڑھنے والا) (۴) فِعِّيل۔ جیسے صِدِّيق (بہت سچا)

(۵) مِفْعِيْل جیسے مِعْطِيْر (بہت عطر لگانے والا (۶) فِعِّل جیسے شِرِّہ (بہت ہوس کرنے والا) (۷) فَعِيْل جیسے رَحِيْم (بڑا مہربان) (۸) فَعُوْل جیسے كَذُوْب (بہت جھوٹ بولنے والا) (۹) فَاعِلَة جیسے رَاوِيَة بہت روایت کرنے والا (۱۰) فُعَل جیسے غُفَل (بڑا غافل) (۱۱) فَعُوْلَة جیسے فَرُوْقَة (بڑا ڈرپوک) (۱۲) مِفْعَل جیسے مِجْذَم (بہت کاٹنے والا) (۱۳) فَاعُوْل جیسے فَارُوْق (بہت فرق کرنے والا) (۱۴) فُعَّال جیسے كُبَّار (بہت بڑا) (۱۵) فُعَلَة جیسے ضُحَكَة۔ (بڑا ہنسوڑ) مبالغہ کے جملہ اوزان سماعی ہیں اور صرف مصادر ثلاثی مجرد سے آتے ہیں۔ بعض مصادر غیر ثلاثی مجرد سے بھی بطور شذوذ مبالغہ کے صیغے مستعمل ہو گئے ہیں جیسے اِدْرَاك سے دَرَّاك۔ اِعْطَاء سے مِعْطَاء وغیرہ۔

یاد رہے کہ مبالغہ کے بعض اوزان میں جو تاء ہوتی ہے جیسے عَلَّامَة۔ فَرُوْقَة۔ تو یہ علامت تانیث نہیں ہوتی۔ بلکہ محض مبالغہ یا مبالغہ کی مزید تاکید کے لئے آتی ہے۔

مذکر و مؤنث:۔

اسم مذکر کو کسی علامت کی ضرورت نہیں ہے جو اس کے مذکر ہونے پر دلالت کرے البتہ مؤنث کی تین علامتیں ہیں (۱) تاء جیسے ظُلْمَة۔ قَائِمَة (۲) الف مقصورہ جیسے حُبْلٰى (۳) الف ممدودہ جیسے حَمْرَاء مؤنث کی دو قسمیں ہیں (۱) لفظی وہ جس میں علامت تانیث موجود ہو۔ جیسا کہ امثلہ مذکورہ میں (۲) معنوی جس میں تانیث کی کوئی علامت نہ ہو تاہم مؤنث پر دلالت کرے۔ مؤنث معنوی حسب ذیل ہیں:۔

(۱) وہ اسماء جو عورتوں کے نام ہوں۔ جیسے مَرْيَم۔ زَيْنَب۔

(۲) وہ اسماء جو عورتوں کے ساتھ مخصوص ہوں جیسے اُمّ (ماں)

(۳) شہروں، بستیوں اور قبیلوں کے نام جیسے شام۔ مصر۔ قُرَيْش۔

(۴) ان اعضاء کے نام جو جسم میں دو دو ہیں جیسے عَيْن (آنکھ) رِجْل (پاؤں) مگر بعض ایسے اعضاء مذکر بھی ہیں جیسے صُدْغ (کنپٹی) مِرْفَق (کہنی) حاجب (ابرو) خَدّ (رخسارہ) نیز ہواؤں کے نام بھی مؤنث ہوتے ہیں۔

بعض اسماء مؤنثہ معنویہ ایسے بھی ہیں جو مندرجہ بالا ضوابط کے تحت نہیں آتے۔ اُن میں اکثر یہ ہیں:۔

اُذُن۔ اَرْض۔ اِصْبَع۔ اَفْعٰى۔ بِئْر۔ جَحِيْم۔ جَهَنَّم۔ حَرْب۔ دَار۔ ذِرَاع۔ رِجْل۔ رَحِم۔ رَحًى۔ رِيْح۔ سَقَر۔ سِنّ۔ سَاق۔ شَمْس۔ شِمَال۔ ضَبُع۔ عَرُوْض۔

عَصَا۔ عَقِب۔ عَيْن۔ فَأْس۔ فَخِذ۔ فُلْك۔ قَدَم۔ قَوْس۔ كَأْس۔ كَتِف۔ كَرِش۔ كَفّ۔ نَار۔ نَعْل۔ نَاب۔ وَرِك۔ يَد۔ يَمِين۔

بعض اسماء ایسے بھی ہیں جو مذکر بھی استعمال ہوتے ہیں اور مؤنث بھی۔ ان میں سے اکثر یہ ہیں:۔

اِبِط۔ اِزَار۔ حَال۔ حَانُوت۔ خَمْر۔ دِرْع۔ دَلْو۔ رُوح۔ زُقَاق۔ سَبِيل۔ سُدًى۔ سَرَاوِيل۔ سِلَاح۔ سِكِّين۔ سِلْم۔ سُلَّم۔ سَمَاء۔ سُوق۔ صَاع۔ ضُحًى۔ طِرْس۔ طَرِيق۔ عَجُز۔ عَضُد۔ عُقَاب۔ عَقْرَب۔ عُنُق۔ عَنْكَبُوت۔ فِرْدَوْس۔ فَرَس۔ فِهْر۔ قِدْر۔ قَفَا۔ قَمِيص۔ كَبِد۔ لِسَان۔ مِسْك۔ مِلْح۔ مَنْجَنِيق۔ مُوسًى۔ نَفْس۔ وَرَاء۔

نیز حروف ہجائیہ کے اسماء بھی مؤنث ہیں۔

مثنیٰ

وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔ جو وزن و حروف میں متفق ہوں۔ جب تم کسی اسم کا تثنیہ بنانا چاہو۔ تو حالت رفعی میں اس کے آخر میں الف ماقبل مفتوح اور ن مکسور، اور نصبی و جری حالت میں ی ماقبل مفتوح اور ن مکسور بڑھا دو، جیسے جاءَ الرَّجُلَانِ۔ رَأَيْتُ الرَّجُلَيْنِ۔ مَرَرْتُ بِالرَّجُلَيْنِ۔

اسم منقوص (وہ اسم معرب جس کے آخر میں ی ماقبل مکسور ہو) میں تثنیہ کے اندر یائے معدولہ لوٹ آتی ہے جیسے رَامِيَانِ (رَامٍ) کا تثنیہ۔

اسم مقصور (وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف لازم ہو مگر الف کے بعد ہمزہ نہ ہو) کا الف اگر کلمہ میں تیسرے حرف کی جگہ واقع ہو۔ تو اگر اصل میں یہ واؤ سے بدلا ہوا تھا تو واؤ ہو جائے گا، جیسے عَصًا سے عَصَوَانِ اور اگر اصل میں یاء سے بدلا ہوا تھا۔ تو یاء ہو جائے گا، جیسے فَتًى سے فَتَيَانِ۔ اور اگر چوتھی جگہ واقع ہو یا اس سے زائد تو بہرحال یاء سے بدل جاتا ہے جیسے ذِكْرَيَانِ (ذِكْرٰى کا تثنیہ) اور اسم ممدود (وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف زائدہ اور ہمزہ ہو) کا ہمزہ تانیث کے لئے ہو جیسے خَضْرَاءُ تو تثنیہ میں وہ بھی واؤ ہو جائے گا جیسے خَضْرَاوَانِ۔ اور اگر ہمزہ ممدودہ اصلی ہو تو ثابت رہے گا۔ جیسے لَأْلَاءَانِ (لَأْلَاء کا تثنیہ) اور اگر ہمزہ ممدودہ نہ اصلی ہو، نہ تانیث کے لئے ہو تو اس ہمزہ کو واؤ بھی کر سکتے ہو اور بحال خود بھی رکھ سکتے ہو۔ جیسے سَمَاءٌ کا تثنیہ سَمَاءَانِ وَسَمَاوَانِ۔ اور وہ اسم جس کا لام کلمہ حذف کر دیا

گیا ہو۔ اور محذوف کے عوض کوئی اور حرف اس میں نہ ہو تو جب اس کا تثنیہ بنایا جائے گا تو وہ حرف محذوف لوٹ آئے گا جیسے اَبٌ سے اَبَوَانِ۔ اَخٌ سے اَخَوَانِ وغیرہ البتہ فَمٌ اور یَدٌ اس سے مستثنیٰ ہیں کہ ان کا تثنیہ یَدَانِ و فَمَانِ آتا ہے۔ اور اگر اس اسم میں محذوف کا عوض موجود ہو تو تثنیہ میں محذوف واپس نہ ہوگا جیسے اِبْنٌ سے اِبْنَانِ۔

جمع:۔

اِنْقَاص ۔ کم کرنا ۔
اِنْقِبَاض ۔ سکڑا ہوا اور سمٹا ہوا ہونا ۔ جمع ہونا ۔ تیز جانا ۔ جد و جہد کرنا ۔ تنگ دل رہنا ۔ دکھی ہونا ۔
اِنْقِرَاض ۔ گذر جانا ۔ جانا ۔ قوم کا برباد و تباہ ہو کر خاتمہ ہو جانا ۔
اِنْقِسَام ۔ بٹ جانا ۔ حصہ حصہ ہونا ۔
اِنْقِشَار ۔ چھلنا ۔ درخت وغیرہ کا پوست اتر جانا ۔
اِنْقِشَاع ۔ ابر کا پراگندہ ہو جانا ۔ دل کا غم سے ہلکا ہو جانا ۔
اِنْقِضَاء ۔ ختم اور نیست و نابود ہونا ۔ گذر جانا ۔
اِنْقِضَاض ۔ گر پڑنا ۔ پراگندہ ہونا ۔ منتشر ہونا ۔
اِنْقِطَاع ۔ کٹ جانا (قافلہ سے الگ ہو کر راستہ میں) رہ جانا (پانی) ختم ہو جانا (رسی) ٹوٹ جانا ۔
اِنْقِلَاب ۔ پھر جانا ۔ لوٹنا ۔ بدلنا ۔
اِنْقِلَاع ۔ اکھڑنا ۔ دور ہونا ۔ علحدہ ہونا ۔
اِنْقِيَاد ۔ تابع ہو جانا ۔ مطیع ہو جانا ۔
اِنْكَاح ۔ عورت کو خاوند دینا ۔ نکاح کرنا ۔
اِنْكَار ۔ نہ پہچاننا ۔ مکر جانا ۔ حال کا متغیر ہونا نہ ماننا ۔ تسلیم نہ کرنا ۔
اِنْكَال ۔ دور کرنا ۔ دفع کرنا ۔
اِنْكِبَاب ۔ منہ کے بل گر پڑنا ۔ سامنے آنا کسی کے ساتھ لگے رہنا ۔
اِنْكِدَار ۔ گدلا ہو جانا ۔ بے نور ہو جانا ۔
اِنْكِسَار ۔ ٹوٹنا ۔ عاجزی کرنا ۔
اِنْكِسَاف ۔ سورج کا یا چاند کا گہن ہونا ۔ چھپ جانا

اِنْکِشَاط ۔ کھلا ہوا اور برہنہ ہونا ۔ خوف کا باقی نہ رہنا ۔
اِنْکِشَاف ۔ برہنہ اور ظاہر ہونا ۔ اپنے آپ کو دکھانا ۔ مشہور ہونا ۔
اِنْکِفَاء ۔ پھر جانا (الیٰ) لوٹنا ۔ رنگ کا بدلنا ۔
اِنْکِفَاف ۔ رک جانا ۔ چھوڑ دینا ۔
اِنْکلترا ۔ انگلستان ۔
انکلیز انگریز ۔ ج ۔
اِنْمَاء ۔ پھولنا ۔ بڑھنا ۔ پھولانا ۔ بڑھانا ۔ بات کو فاش کرنا ۔
اِنْمِحَاء ۔ مٹ جانا ۔ گھس جانا ۔
اَنْمِلَة ۔ اَنْمَلَة ۔ اَنْمُلَة ۔ اُنْمُلَة ۔ اُنْمَلَة ۔ اِنْمِلَة انگلی کا سرا ۔ پورا ج : ۔ اَنَامِل ۔ اَنْمُلَات
اِنْو ۔ رات کی ایک ساعت ۔ ج : ۔ آنَاء
اِنْوَار ۔ ظاہر ہو جانا ۔
اَنْوَاط ۔ وہ چیزیں جن کو لٹکا دیں ۔ و ۔ نُوط
اَنْوَح ۔ بہت سانس لینے والا ۔ بخیل آدمی کہ جب اس سے کچھ مانگیں تو کنکھارنے لگے ۔
اَنْوَر ۔ خوب صورت ۔ روشن ۔
اَنُوس ۔ کتا جو کاٹے نہیں ۔ ضد عَقُور ج : ۔ اُنُس
اَنُوف ۔ افعال رذیلہ سے ناک چڑھانے والا ۔ ناکارہ چیزوں سے عار کرنے والی عورت مغرور ۔
اِنْهَاء ۔ پورا کرنا ۔ انتہا کو پہنچانا (الیٰ) پہنچانا اطلاع کرنا ۔
اِنْهَار ۔ بہانا ۔ نہر کو فراخ کرنا ۔ خون نہ تھمنا ۔ فراخ زخم لگانا ۔ دن کرنا ۔
اِنْهَال ۔ پہلی بار پانی پر اونٹوں کو لانا ۔ قوم کے اونٹوں کا پہلی بار پانی پینا ۔ سیراب

کرنا ۔ غصہ کرنا ۔
اِنْهِتَاك ۔ پردہ کا پھٹنا ۔ چاک ہونا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔
اِنْهِدَاد ۔ شکستہ اور ویران ہونا ۔ کھنڈر ہونا
اِنْهِدَام ۔ ویران ہونا
اِنْهِزَام شکست کھانا ۔ شکستہ ہونا ۔
اِنْهِشَام ۔ ریزہ ریزہ ہو جانا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا
اِنْهِضَاض ۔ شکستہ ہو جانا ۔
اِنْهِلَاك ۔ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ۔
اِنْهِلَال ۔ آنسوؤں کا جاری ہونا ۔ ابر اور بارش کا زور کے ساتھ برسنا ۔
اِنْهِمَار ۔ پانی کا بہنا ۔ جاری ہونا ۔ منہدم ہونا ۔ مسمار ہونا ۔
اِنْهِمَاك ۔ کسی امر میں کوشش اور اصرار کرنا ۔
اِنْهِمَال ۔ آنسوؤں کا جاری ہونا ۔ بہنا ۔
اِنْهِوَاء ۔ اوپر سے نیچے گرنا ۔ گذر جانا ۔
اِنْهِيَار ۔ گر پڑنا ۔ مسمار ہو جانا ۔
اِنْهِيَاش ۔ بے باکانہ کسی چیز میں آپڑنا ۔ حیران و پریشان ہونا ۔
اِنْهِيَال ۔ ریت اور مٹی کا نیچے گرنا ۔ کسی پر مار پیٹ کے لئے لوٹ پڑنا ۔
اَنِيَ ۔ (س) حلیم اور بردبار ہونا ۔
اِنًى ۔ تمام روز ۔ ج : ۔ آنَاء ۔ اُنِيّ وقت انتہا ۔ پختگی ۔
اَنًى ۔ بردباری ۔ وقار ۔
اَنّىٰ ۔ کیونکر ۔ کس طرح ۔ کہاں ۔ کہاں سے جہاں ۔ جہاں کہیں ۔
اُنِيَّ ۔ اِنًى ۔ (ض ۔ س) ڈھیل کرنی ۔ سستی کرنی ۔
اَنْيًا ۔ اَنًى ۔ اِنًى (ض س) کسی چیز کا یا اس کے پکنے کا

وقت آجانا۔ گرمی کا انتہا کو پہنچنا (فا)
اِنِ ۔ بَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ۔ انتہا درجہ کا سخت گرم۔
اَنِیْس۔ مانوس چیز۔ اُنس دینے والا۔
اَنِیْق ۔ خوبصورت ۔خوش کن۔
اَنِیْن ۔ آہ وزاری۔

ا ۔ و

اَوْ ۔ حرف عطف ہے۔ یا
اَوَّاب ۔ ہر چیز سے پھر کر خدا تعالیٰ کی طرف رجوع کرنے والا۔ تسبیح کرنے والا۔
اَوَاضِح ۔ روشن راتیں یعنی ۱۳،۱۴،۱۵ تاریخ کی راتیں۔
اَوَان ۔ وقت ۔ج:۔ اَوِنَۃ۔
اَوَّاہ ۔ نرم دل آدمی۔ بہت دعا وزاری کرنے والا بالیقین آدمی۔
اَوْب ۔ ابر۔ ہوا۔ سرعت۔ قصد۔ عادت۔ استقامت۔ شہد کی مکھی۔ راستہ۔ طرف
مص (ن) لوٹ آنا (پانی پر) رات کو آنا غائب ہونا۔ ہر طرف سے لوگوں کا آنا۔ توبہ کرنا۔
اَوْتَاد۔ میخیں ۔ و:۔ وَتَدٌ۔
اَوْتَادُ الْبِلَاد۔ پہاڑ۔ رئیس اور بڑے آدمی
اَوْثَان ۔ بُت: و:۔ وَثَن۔
اَوْج ۔ بلندی۔
اَوْجَل ۔ خوف زدہ مرد (مؤنث) وَجِلَۃ
اَوْحَد ۔ یگانہ ۔خاص۔
اَوْد ۔ کجی مص (ن) گراں بار کرنا۔ دبادینا۔
اَوْدَاج۔ گردن کی رگیں۔ و:۔ وَدَج
اَوْرَاق ۔ ورق ۔پتہ ۔ و:۔ ورق

اَوْرَاقُ مَالِیَۃ۔ نوٹ۔
اَوْزَاع ۔ آدمیوں کے گروہ ۔ و:۔
اَوْس ۔ بھیڑیا ۔فرصت۔ غنیمت۔ انصار مدینہ کے ایک قبیلہ کا نام۔
اَوْسَط ۔ درمیان کا۔ دو کناروں کا مابین۔
اَوْسَطُ الْقَوْم۔ قوم کا برگزیدہ اور منتخب آدمی۔
اَوْصَال ۔ ہر عضو علٰحدہ ۔ و:۔ وُصْل۔
اَوْضَحِیّ ۔ پیادہ ۔ ج۔
اُوْقِیَّہ ۔ رطل کا بارھواں حصّہ ۳ تولہ۔ اونس۔ ج:۔ اَوَاقِیّ۔ اَوَاق
اَوْل ۔ (ن) (الی) رجوع ہونا (عن) پھر جانا۔ (تیل وغیرہ کا) گاڑھا ہونا۔ گاڑھا کرنا۔ مال کی درستی اور اصلاح کرنا (س) سبقت کرنا۔
اَوَّل ۔ پہلا ۔ضد۔ آخر ج:۔ اَوَائِل۔ اَوَالِی۔ اَوَّلُون
اُولُوْ ۔ مالک ۔صاحب (جیسے) اُولُوالْعِلْم صاحب علم۔
اُولُوالْاَمْر۔ حکام ۔ علماء۔
اُولُوالْعَزْم۔ وہ پیغمبر جو اس وصف میں نمایاں ہیں کہ انھوں نے تبلیغی خدمات کو بہت کوشش اور صبر واستقلال سے انجام دیا۔ حضرت نوحؑ حضرت ابراہیمؑ حضرت موسیٰؑ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان پیغمبروں میں پیغام رسانی کا وصف اور عملی قوت بہت بڑھی ہوئی تھی۔
اَوْلٰی ۔ زیادہ لائق ۔ زیادہ مناسب (واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ج:۔ اَوَالِی۔ اَوْلَوْن

اُولیٰ ۔ اوّل کا مؤنث ہے ۔ پہلی ۔
اُولیٰ ۔ اُولَاءِ ۔ ھٰؤُلَاءِ ۔ (ہائے تنبیہ ہے) اُولٰئِکَ (کاف خطاب ہے) یہ الفاظ جمع کے ہیں ۔ مذکر اور مؤنث ان میں یکساں ہے ۔ یہ لوگ ۔ (و: مذکر ۔ ذَا ۔ مؤنث ۔ ذِهٖ ۔ (ض ن غیر لفظہ)
اُونِی وَرْسِتِی ۔ یونیورسٹی ۔ ج ۔
اَوَّهٗ ۔ اٰهٗ ۔ (ن) آہ کرنا ۔
اَوْهَن ۔ بہت بودا ۔
اُوِیٌّ ۔ اِیْوَاءٌ ۔ (ض) پناہ اور ٹھکانا پکڑنا ۔ پناہ اور جگہ دینا ۔
اُوَیْس ۔ بھیڑیا ۔ ایک مشہور تابعی کا نام ۔

ا ۔ ھ

اِھَابٌ ۔ کچا چمڑہ ۔ دباغت نہ کیا ہوا چمڑا ۔
اَھَالِی ۔ پبلک ۔ عام باشندے ۔ ج ۔
اِھَانَۃ ۔ حقیر و ذلیل کرنا ۔
اَھَالِی ۔ باشندگان ہند ۔ اہل ہند
اِھْبَاء ۔ (گھوڑے کا) گرد اڑانا ۔
اِھْبَاط ۔ نیچے اتارنا ۔
اُھْبَۃ ۔ آلہ ۔ اوزار ۔ سامان جنگ ۔ ج: اُھَبٌ
اِھْتِجَان ۔ نابالغ لڑکی کے ساتھ جماع کرنا ۔
اِھْتِدَاء ۔ سیدھا راستہ ملنا ۔ دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ۔
اِھْتِزَاز ۔ حرکت کرنا ۔ حدی کی آواز پر اونٹ کا وجد میں آنا ۔ خوش ہونا ۔ پھلنا پھولنا ۔ لشکر کی آواز اور شور ۔ غروب کے وقت ستارے کا چمکنا ۔ گھاس کا بڑھنا ۔
اِھْتِلَاك ۔ خود کو ہلاکت میں ڈالنا ۔

اَھْتَم ۔ جس کے اگلے دانت ٹوٹ گئے ہوں ۔
اِھْتِمَام ۔ اندوہ مند ہونا ۔ غمخواری کرنا (ب) کسی معاملہ میں دوڑ دھوپ کرنا ۔ کوشش کرنا ۔
اِھْدَاء ۔ آرام دینا ۔ بچہ کو سلانے کے لئے تھپکنا تحفہ بھیجنا ۔ تحفہ دینا ۔ دولہن کو خاوند کے گھر بھیجنا ۔
اِھْدَار ۔ خون کو مباح کر دینا ۔
اَھْدَب ۔ جس کی پلکوں کے بال بہت ہوں ۔ جس کی پلکوں کے بال لمبے ہوں ۔
اِھْرَام ۔ بوڑھا کر دینا ۔
اَھْل ۔ مہذب ۔ شائستہ ۔ واحد اور جمع دونوں کے لئے آتا ہے ج: اَھْلُوْن ۔ اَھَالِی صاحب لائق ۔ بیوی ۔
اَھْلُ الرَّجُل ۔ مرد کے خویش و اقارب ۔
اَھْلُ الْبَیْت ۔ گھر والے ۔
اَھْلُ الْقُرْاٰن ۔ حافظ قرآن اور اس پر عامل ۔
اَھْلُ الْکِتَاب ۔ یہود و نصاریٰ ۔
اَھْلُ الْمَدَر ۔ گاؤں کے رہنے والے ۔
اَھْلُ الْوَبَر ۔ صحرا کے رہنے والے ۔
آھِل ۔ جس کے بیوی بچے ہوں ۔
اَھْلًا وَّ مَرْحَبًا ۔ جائے فراخ اور کنبے میں آیا (یس مانوس ہو جا اور متوحش نہ ہو) یہ استقبال کے وقت کہتے ہیں ۔
اِھْلَاك ۔ مار ڈالنا ۔ ہلاک کرنا ۔ مال و اسباب ، فروخت کرنا ۔
اِھْلَال ۔ پہلی تاریخ کا چاند نکلنا ۔ ہلال (پہلی تاریخ کا چاند) دیکھنا ۔ بچے کا پیدائش کے وقت آواز سے رونا ۔ محرم کا تلبیہ میں آواز

بلند کرنا۔ تلوار سے مار ڈالنا۔ تلوار سے کاٹنا۔
اَھْلَۃ ۔ لوگ۔ گھر کے لوگ۔
اَھْلِی ۔ پالتو جانور۔ ج۔ سودیشی۔
اِھْلِیْلَج ۔ (جنس) ہلیلہ۔ ہرڑ۔
اِھْلِیْلَجَۃ ۔ ایک ہرڑ۔ خواہ سیاہ ہو یا زرد
اَھَمّ ۔ زیادہ سنجیدہ۔ اہم۔
اِھْمَال ۔ چھوڑ دینا۔ ترک کرنا۔ بھول جانا۔
اِھْمَام ۔ فکر میں ڈالنا۔ غمگین کرنا۔
اِھْنَاء ۔ خوشگوار اور خوش ہضم کھانا کھلانا یا دینا
اَھْوَاء ۔ خواہشیں۔ و: ھَوَی
اَھْوَج ۔ طویل احمق۔
اَھْوَن ۔ آسان تر۔ نرم تر۔
اَھْوٰی ۔ زیادہ دوست۔ زیادہ پسندیدہ۔

ا ۔ ی

اَیُّ ۔ (استفہام) کون۔ جو شخص (شرط) کَاَیِّنْ (کاف جارّہ۔ تنوین بصورت نون) جو کچھ۔ جو کوئی۔ بہت۔ کونسا۔ کتنے۔ (مؤنث) اَیَّۃ۔
اَیْ ۔ (حرف تفسیر) یعنی (حرف ندا) او۔
اِیْ ۔ (حرف ایجاب) ہاں۔ قسم کے ساتھ بھی مستعمل ہے جیسے۔ اِیْ وَاللّٰہِ۔
اَیَا ھَیَا ۔ ندائے بعید کے لئے ہے۔ ارے۔ او
اِیَاب ۔ اَیُوْب ۔ آفتاب کا غروب ہونا۔
اَیَادِی ۔ نعمتیں۔ و: یَدٌ
اِیَارِجَۃ ۔ ایک معجون ہے نہایت تلخ جس کا جزو اعظم ایلوا ہے۔
اِیَاس ۔ عورت کا بچہ ہونے کی عمر سے گذر جانا۔

اِیَّاكَ مِن ۔ اس بات سے خبردار رہنا!
اِیَّاكَ اَنْ ۔ اس بات سے بچنا۔
اِیَالَۃ ۔ صوبہ۔ ج۔
اَیَّام ۔ دن۔ و یوم
اَیَّامُ الْعَرَب ۔ عرب کی لڑائیاں۔
اَیَّامٌ مَّعْلُوْمَات ۔ پہلی ذی الحجہ سے دسویں تک۔
اَیَامٰی ۔ بیوہ عورتیں۔ و: اَیِّم رنڈوے مرد
اَیَّان ۔ کب (استفہام زمانی)
اٰیَۃ ۔ پند و نصیحت۔ عبرت۔ نشان۔ قرآن شریف کا ایک محدود حصہ۔ ج: اٰیات اٰی۔ اٰیاء جج آدایا۔
اِیْتَاء ۔ (والی) کسی کی طرف کوئی چیز لانا کسی کو کچھ دینا۔ بدلہ اور جزا دینا۔
اِیْتَاد ۔ میخ ٹھوکنا۔
اِیْتِزَار ۔ آزار پہننا (اتزار صحیح نہیں ہے تحریف ہے)
اِیْتِلَاف ۔ اکٹھا ہونا۔ موافقت کرنا۔
اِیْتِمَار ۔ فرمانبرداری ظاہر کرنا۔ اپنی رائے سے کام کرنا۔ مشورہ کرنا۔ قصد کرنا۔ آپس میں حکم کرنا۔
اِیْتِمَام ۔ قصد کرنا۔ (ب) اقتدا کرنا۔
اِیْتِمَان ۔ کسی کو امین بنانا۔
اِیْتِنَاف ۔ از سر نو کام شروع کرنا۔
اِیْتِیَام ۔ بیوہ عورت سے نکاح کرنا۔
اِیْثَار ۔ عزت کرنا۔ دوسروں کے فائدہ اور غرض کو اپنے فائدہ اور اپنی غرض پر مقدم رکھنا۔
اِیْثَاق ۔ مضبوط کرنا۔ باندھنا۔
اٰثَرَۃ ۔ اسم مصدر ہے بمعنی فضیلت
اِیْثَام ۔ گناہ میں ڈالنا۔

اِیجاب ۔ فرض قرار دینا۔ضروری اور لازم کرنا۔ایسا کام کرنا جس کے سبب دوزخ یا جنت لازم ہو جائے۔
اِیجاد ۔ پیدا کرنا۔قوت دینا۔مقصد تک پہنچانا۔ دولت مند اور بے نیاز کر دینا [علیٰ] کسی کام پر مجبور کرنا۔
اِیجار ۔ کسی چیز کو کرایہ پر لینا چاہنا۔بدلہ دینا۔ کرایہ پر دینا۔
اِیجاز ۔ مختصر بات کرنا۔کلام کا مختصر ہونا بعطاؤ بخشش میں جلدی کرنا۔
اِیجاس ۔ خوفزدہ ہونا۔خیال کرنا۔محسوس کرنا۔
اِیجاف ۔ گھوڑے دوڑانا۔حرکت دینا۔
اِیحاء ۔ [الی] وحی بھیجنا۔الہام کرنا۔کوئی بات دل میں ڈالنا۔
اِیحاش ۔ کسی مقام کو بے آب گیاہ اور غیر آباد اور ویران پانا۔کسی مقام کا ویران ہوجانا بھوکا اور بغیر توشہ کے ہونا۔
اَید ۔ قوّت۔
اِیداع ۔ کسی کے پاس ودیعت رکھنا۔کسی کی ودیعت اپنے پاس رکھنا۔صلح کرانا۔
اِیذاء ۔ رنج دینا۔
اِیذان ۔ اعلان کرنا۔اذان دینا۔تعجب میں ڈالنا۔ روکنا۔کان میں مارنا [ب] آگاہ کرنا۔
اَیر ۔ ذکر ج:۔ اُیُور ۔ ایر فرزند بادصبا۔بادشمال۔
اِیراث ۔ وارث کرنا۔میراث دینا۔سبب بننا۔
اِیراخ ۔ تاریخ لکھنا۔
اِیراد ۔ لانا۔گھاٹ پر پانی پلانے کے لئے لانا۔

ح۔آمدنی۔مالگذاری۔
اِیرلاند ۱ ۔ آئرلینڈ۔
اِیزاع ۔ [ب] ابھارنا۔اکسانا۔توفیق دینا۔سمجھانا [بین] تقسیم کرنا۔
اِیسار ۔ دولت مند اور مالدار ہوجانا۔عورت کا آسانی سے جننا۔
اَیسر ۔ بائیں جانب۔بہت آسان۔بہت آرام دہ
اِیشاک ۔ جلدی کرنا یُوشِکُ اَنْ یَکُوْنَ الْاَمْرُ کام جلد ہو جائے گا۔گویا کام ہونے کے لئے جلدی کر رہا ہے۔
اِیصاء ۔ وصیت کرنا۔لازم کرنا۔وصی بنانا۔
اِیصاد ۔ دروازہ بھیڑنا۔جانوروں کے لئے پتھر کا باڑہ بنانا۔
اِیصال ۔ پہنچانا۔پیوند لگانا۔
اَیضاً ۔ بھی۔وہی۔نیز۔
اِیضاح ۔ صاف کرنا۔ظاہر کرنا۔عیاں کرنا۔
اِیضاع ۔ جلدی کرنا۔جلدی کروانا۔تیز چلنا۔
اِیطاء ۔ [علیٰ] کسی بات پر متفق ہونا۔سمجھوتہ کرنا۔ [فی الشعر] نظم کے قافیہ کو مکرر کرنا۔
اِیطالیہ ۔ اٹلی۔ح۔
اِیطان ۔ کسی جگہ قیام پذیر ہونا اور وہاں بود و باش اختیار کرلینا۔وطن بنا لینا۔
اِیعاد ۔ ڈرانا۔دھمکانا۔تنبیہ کرنا۔
اِیفاء ۔ وعدہ پورا کرنا۔عہد اور دوستی کو نباہنا کسی کا حق پورا ادا کرنا۔
اِیقاص ۔ گردن توڑنا۔
اِیقاظ ۔ جگانا۔بیدار کرنا۔گرد و غبار اڑانا۔
اَیقاظ ۔ جاگنے والے۔و:۔یَقِظ۔یَقظان
اِیقاع ۔ لڑانا۔واقع کرنا۔

اِیْقَان ۔ یقین کرنا۔
اِیْکَاد ۔ مضبوط کرنا ۔پختہ کرنا [اکّدُ کی بہ نسبت اَکَّدَ زیادہ فصیح ہے]
اُیْکَاء ۔ مشک کے منہ کو باندھنا۔بخل کرنا۔سخت کوشش کرنا۔
اُیْکَاف ۔ چھت وغیرہ کا ٹپکنا۔گناہ میں ڈالنا۔
اِیْکَال ۔ کھانے کو دینا۔دعوی کرنا۔کام کسی کے سپرد کرنا اور اس پر چھوڑ دینا۔کسی کو کسی پر قدرت دینا۔کسی کو کسی پر برانگیختہ کرنا۔درخت کا پھل لے آنا (بین) سخن چینی کرنا۔
اَیْکَۃ ۔ بن۔نخلستان۔درختوں کا جھنڈ۔
اِیْل ۔ باری تعالیٰ کا نام عبرانی زبان میں (اسرائیل جبرئیل۔میکائیل وغیرہ میں اسی سے ترکیب ہے)۔
اِیْلَاء ۔ قسم کھانا۔نزدیک کرنا۔کسی کے ذمہ کام ڈال دینا۔وصیت کرنا۔ہلاک ہونا۔اَوْلٰی لَکَ:۔تجھ پر ہلاکت ہو۔
اِیْلَاج ۔ داخل کرنا۔
اِیْلَاد ۔ جننا۔عورت کا جننے کے نزدیک پہنچنا۔
اِیْلَاف ۔ ہزار پورے کرنا۔ہزار پورے ہونا۔عادی ہونا۔الفت پکڑنا۔الفت دینا۔مانوس کر دینا۔
اِیْلَام ۔ تکلیف پہنچانا۔دردناک کرنا۔
اَیْم ۔ (ض) عورت کا بغیر نکاح کئے رہنا۔سانپ ج:۔اُیُوْم۔ اَیْمُ اللہ خدا کی قسم۔
اَیِّم ۔ بے خاوند عورت (کنواری ہو یا بیوہ) ج:۔آیامیٰ مرد بے عورت (کنوارہ ہو یا رنڈوا) آزاد عورت یعنی حرّہ۔سانپ۔
اَیُّمَا ۔ کونسا جونسا (مرکب اَیّ اور مَا)۔

اِیْمَاء ۔ اشارہ کرنا۔
اِیْمَاس ۔ عورت کا فاحشہ بننا۔
اِیْمَاض ۔ چمکنا۔کوندنا۔خفیہ اشارہ کرنا۔دزدیدہ دیکھنا
اِیْمَان ۔ اعتماد کرنا۔پناہ دینا۔بے خوف کرنا (ب) تصدیق کرنا۔مان لینا۔شریعت کا قبول کرنا دائیں طرف چلنا۔دائیں طرف پھرنا۔یمن میں لانا۔
اَیْمَنۃ ۔ بیوگی۔
اَیْمَن ۔ مبارک۔ج:۔اَیَامِن
اَیْن ۔ وقت۔ساعت۔مص (ض) وقت آجانا۔
اَیْنَ ۔ کہاں۔
اَیْنَمَا ۔ جہاں کہیں۔ہر جگہ۔
اِیْنَاث ۔ عورت کا لڑکی جننا۔
اِیْنَاس ۔ مانوس کرنا۔دیکھنا اور جاننا۔آواز سننا
اِیْنَاع ۔ میوہ کا پکنا۔
اِیْوَاء ۔ پناہ اور جگہ دینا۔
اَیْوَان ۔ محل۔
اَیُّوْب ۔ نام ہے ایک پیغمبر کا (علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام)۔
اَیُّھَا ۔ اے۔ارے۔
اِیْھَام ۔ حساب میں غلطی کرنا۔گمان میں ڈالنا بغیر ارادہ کئے کسی چیز کی طرف جانا۔چھوڑنا۔تہمت لگانا۔
اِیْھَان ۔ سست کرنا۔آدھی رات میں داخل ہونا۔

ب ۲ ۔ ا

ب ۔ بطور حرف جر، ان معنی کے لئے آتا ہے۔ساتھ۔استعانت۔دوران۔واسطے۔بدلہ۔پر۔میں۔کو۔بسبب۔قسم۔

بَائس - بدحال - فقیر۔
بَاب - دروازہ - ج :- اَبْوَاب
اَلْبَابُ الْعَالِی - خلافت عثمانیہ کا سکرٹریٹ
بَابَا - پوپ - عیسائیوں کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا
بَابَة - وجہ - جہت -
بَابِل - ایک برباد شدہ قدیم شہر - (عراق میں)
بَابُور - انجن والی گاڑی۔
بَابُونَج - بابونہ کا معرب - ایک پھول کا نام۔
بِاَبِیْ اَنْتَ وَ اُمِّیْ - میرے ماں باپ تجھ پر قربان !
بَاتّ - لاغر - قاطع - قطعی۔
بَاتِر - قاطع - برّاں - ج :- بَوَاتِر
بَاثِق - پھاڑنے والا بَاثِقُ (الکرم) بڑا سخی
بَاجُوج - سلیپر - ح -
بَاحِث - کھودنے والا۔
بَاحَة - صحن (مکان) کھجوروں کا جنگل - پانی یا پانی کا بڑا حصہ۔
بَاخِرَة - اسٹیمر - ج :- بَوَاخِر - ح -
بَاخِع - جان کو ہلاک کرنے والا۔
بَاخِل - کنجوس - ج :- بُخَّل
بَادِر - پورا چاند - جوان لڑکا - پکا میوہ
بَادِرَة - شتاب زدگی - خطا جو غصہ میں واقع ہو۔ (غصہ اور تلوار کی) تیزی - ج :- بَوَادِر
بَادِزَهر - زہر مہرہ (پتھر)
بَادِنَة - جسیم عورت - ج :- بَوَادِن
بَادِی - ظاہر - باہر کا رہنے والا۔
بَادِیَ الرَّأی - ظاہر رای - بظاہر
بَادِیَة - صحرا - جنگل - ج :- بَوَادِ
بَاذَّ الْهَیْئَة - بدحال - و بدہیئت -
بَاذَام - بادام کا معرب۔

بَاذِخ - مغرور - متکبر۔
بَاذَرَنْجَبُوْیَه - بادرنگبویہ کا معرب - ایک مشہور بوٹی ہے
بَاذَرُوج - پہاڑی ریحان -
بَاذَق - انگور کا شیرہ جو معمولی جوش دے کر گاڑھا کیا گیا ہو۔
بَاذِل - سخی -
بَاذِنْجَان - باذنجان کا معرب - بینگن۔
بَارّ - مہربان - نہایت نیک - ماں باپ کا فرمانبردار ج :- بَرَرَة -
بَارِجَة - جنگی جہاز - ح -
بَارِح - گرمی کی تیز ہوا - گرم ہوا - شکار جو داہنے سے بائیں کو جائے۔
بَارِحَة - گذشتہ شب -
بَارِد - ٹھنڈا۔
بَارِلَمَان - پارلیمنٹ - ح -
بَارِز - نکل کھڑا ہونے والا - ظاہر۔
بَارِزَة - کھلی - ظاہر ہونے والی۔
بَارِئ - پیدا کرنے والا - نام خدا تعالی کا۔
بَارِیس - پیرس -
بَاز - بَازِی - باز (ایک شکاری پرندہ)
بَازِغ - چمکنے والا - جھلکنے والا -
بَازِغَة - چمکنے والی -
بَازِل - اونٹ جو نویں برس میں لگا ہو - ج :- بَوَازِل -
بِئْسَ - بُرا ہے - خراب ہے - بدترین ہے (کلمہ مذمت)
بَأْس - خوف - عذاب - سختی - جنگ میں قوت اور دلیری مص (ف) مضبوط ہونا - بہادر ہونا
بَأْسَاء - سختی - مصیبت - افلاس -
بَئِیْس - سخت بُرا۔

بَاسِرٌ۔ بَاسِرَةٌ۔ ترشرو۔ بدہیئت وغمگین۔ اداس
بَاسِط۔ فراخ کرنے والا۔ پھیلانیوالا خدا تعالیٰ کا ایک نام
بَاسْفُورُ۔ دریائے باسفورس (قسطنطنیہ)
بَاسِق۔ بلند و بالا (کھجور کا درخت)
بَاسِلُ۔ شیر۔ بہادر۔ ج: بُسَلَاء۔ بُسَّلُ
بَاسُوْر۔ مقعد کی ایک بیماری۔ ج: بَوَاسِیْر ناک کی ایک بیماری۔
بَاشَا۔ پاشا۔ ایک اعلیٰ ترکی خطاب۔ افسر۔
بَاشَق۔ شکرا۔ ج: بَوَاشِق
بَاصِرَة۔ آنکھ دیکھنے والی۔ ج: بَوَاصِر۔
بَاضِعَة۔ سر کی چوٹ جو گوشت کھول دے۔ بکریوں کا بڑا گلہ
بَاطِل۔ ناحق۔ بے ثبات۔ لغو۔ غلط۔ ج: اَبَاطِل
بَاطِن۔ پوشیدہ ج: بَوَاطِن خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔
بَاطِنَة۔ چھپی ہوئی۔
بَاع۔ دونوں ہاتھوں کا پھیلاؤ (طویل) اَلْبَاع صاحب کرم۔
بَاعِد۔ بعید۔ دور۔ ج: بُعَدَاء۔ بُعُدٌ
بَاغِی۔ طلب گار۔ متلاشی۔ ظالم ج: بُغَاۃ
بَاقِلَاء۔ (جنس) بَاقِلِّی لوبیا۔
بَاقَة۔ (ساگ کی) گڈی۔ ج۔ گلدستہ
بَاقِر۔ پھاڑنے والا۔ شیر۔ ائمہ اہل بیت میں سے ایک امام کا لقب۔
بَاقِی۔ زندہ۔ خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام
بَاقِیَات۔ پیچھے رہنے والیاں
بَاکِرَة۔ کنواری عورت۔
بَاکُوْرَة۔ پہلا پکا ہوا میوہ۔ ہر پہلی چیز۔ ج: بَوَاکِیْر
بَال۔ حال۔ نشان۔ تن آسانی۔ خاطر۔ دل۔

بڑی مچھلی۔ لوہے کا بیلچہ۔
بَالَة۔ توشہ دان (سوداگر کا) پٹارا۔ کانٹا (مچھلی کے شکار کا)
بَالِغ۔ جو حد بلوغ کو پہنچ جائے لڑکا یا لڑکی (قسم) مؤکد۔ عمدہ چیز پکی ہوئی۔ پہنچنے والا پہنچانے والا۔
بَالِغَة۔ پہنچنے والی۔ پوری۔
بَالُوْعَة۔ چہ بچہ۔ منہ ہاتھ دھونے کی جگہ۔
بَالُوْن۔ غبارہ۔ ج۔
بَامِیَاء۔ بھنڈی۔
بَان۔ ایک درخت ہے۔
بَانِی۔ بنانے والا۔ شادی کرنے کے بعد بیوی کو گھر میں لانے والا۔
بَاْوٌ۔ (ف) فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔
بَاه۔ بَاء۔ نکاح۔ جماع۔
بَاهِر۔ روشن
بَائِت۔ باسی (روٹی۔ پانی)
بَائِجَة۔ سختی۔
بَائِر۔ بَائِرَة۔ ہلاک شدہ۔ ج: بُوْر ناقابل زراعت۔ زمین۔ حیران آدمی۔
بَائِس۔ مصیبت زدہ۔ محتاج و مفلس۔ بدحال
بَائِع۔ چغل خور بیچنے والا۔ خریدنے والا۔ ج: بَاعَة
بَائِقَة۔ مصیبت۔ سختی۔ ج: بَوَائِق
بَائِکَة۔ گودام۔ ج۔
بَائِنَة۔ وہ طلاق جس میں رجعت درست نہیں ہوتی۔

ب ۔ ب

بَبْغَاء۔ طوطا۔

ب ۔ ت

بَتَّ ۔ بَتَّتَہ ۔ (ن ض) کاٹنا ۔ فیصلہ کر دینا ۔ کسی کو قافلہ میں پہنچنے سے روک دینا ۔ راستہ میں رہ جانا ۔

بَتْرٌ ۔ (ن) دم کٹا ہوا کر دینا ۔ کاٹنا ۔ ناتمام رکھنا ۔ جڑ سے اکھاڑ ڈالنا ۔

بَتَرٌ ۔ (س) دم کٹا ہوا ہونا ۔ لاولد ہونا ۔ بے فیض ہونا ۔

بَتْرُوْل ۔ پٹرول ۔ ح ۔

بَتْکٌ ۔ (ض ن) کاٹنا (بال وغیرہ) پکڑ کر کھینچنا ۔

بَتْلٌ ۔ بَتْلَۃ (ض ن) کاٹنا ۔ جدا کرنا ۔ ممتاز کرنا ۔

بَتُوْل ۔ مجرد عورت جو نکاح وغیرہ سے علیحدہ رہے ۔ عورت جو خدا تعالیٰ کے لئے دنیا سے علیحدہ ہو گئی ہو ۔ درخت کا پودا جو درخت کی جڑ سے نکل کر مستقل ہو گیا ہو ۔

بَتِیْل ۔ عورت جو خدا تعالیٰ کے لئے دنیا سے علیحدہ ہو گئی ہو ۔ درخت کا پودا جو درخت کی جڑ سے نکل کر مستقل ہو گیا ہو ۔ ج: بُتُل درخت جس کے خوشے آویزاں ہوں ۔

بَتِیْلَۃ ۔ سرین ۔ ہر ایک عضو پر گوشت ج ۔ بَتَائِل عورت جو دنیا سے منقطع ہو اور خدا تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو ۔ پودا جو دوسرے درخت کی جڑ سے نکلا ہو اور مستقل ہو گیا ہو ۔

ب ۔ ث

بَثّ ۔ حال ۔ سخت صدمہ ۔ شدید مرض ۔ منتشر ۔ پراگندہ مص (ض ن) خبر کو ظاہر کرنا اور پھیلا دینا ۔ (ن) غبار اڑانا ۔ پراگندہ کرنا ۔ پھیلا دینا ۔

اَلْبَثُّ اللَّاسِلْکِی ۔ براڈکاسٹنگ ۔

ب ۔ ج

بَجّ ۔ (ن) نشتر لگانا ۔ چیرنا ۔

بَجْس ۔ (ن) پانی بہانا ۔ زخم چیرنا ۔

بَجْل ۔ (ك) معزز ہونا ۔ مکرم ہونا ۔

ب ۔ ح

بَحَّاث ۔ بہت بحث کرنے والا ۔

بَحَّار ۔ جہازراں ۔ کشتیبان ۔ ج: بَحَّارَۃ ۔

بِحَارَۃ ۔ فن جہازرانی ۔ ح ۔

بُحْبُوحَۃ ۔ بیچوں بیچ ۔ درمیان ۔

بَحْت ۔ سادہ اور خالص چیز ۔

بُحَّۃ ۔ گلو گرفتگی ۔

بَحْر ۔ بڑی نہر ۔ سمندر ۔ دریائے شور ج: اَبْحُر ۔ بُحُوْر ۔ بِحَار ۔ تصغیر ۔ اُبَیْحِر ۔

اَلْبَحْرُ الْاَبْیَض ۔ دریائے روم ۔

اَلْبَحْرُ الْاَحْمَر ۔ دریائے قلزم ۔

اَلْبَحْرُ الْاَسْوَد ۔ بحر اسود ۔

اَلْبَحْرُ الاطلانطیقی ۔ دریائے اٹلانٹک ۔

بَحْرُ الخزر ۔ دریائے کاسپین ۔

بحر الظلمات ۔ دریائے اٹلانٹک ۔

البحر المحیط ۔ دریائے کاہل ۔

بُحْرَان ۔ ہیجان جو بخار کی حالت میں مریض کو ہو اس دن کو یوم بحران کہتے ہیں ۔

بُحَیْرَۃ ۔ نشیبی سطح کا شہر ۔ تالاب ۔ نالا ۔ ج ۔ بحار

بَحْرِی ۔ ملاح ۔ ح ۔

بَحُوْث ۔ بہت بحث کرنے والا ۔ مرد ہو یا عورت ۔ سورۂ توبہ

بُحُوْث ۔ سورۂ توبہ بحث کی جمع ۔

بَحِیْرَۃ - اونٹنی یا بکری کہ جب اس کے دس بچے ہو جاتے تو ایام جاہلیت میں کان چیر کر اس کو آزاد کر دیتے تھے کہ جہاں چاہے چلے پھرے۔ چرتی اور کھاتی پھرے اور مرنے کے بعد اس کا گوشت صرف مرد کھاتے تھے۔ عورتوں کو نہ دیتے تھے۔ ج۔ بَحَائِر۔ بُحُر۔

بُحَیْرَۃ - جھیل - ج: بُحَیْرَات۔

ب - خ

بَخْ - بَخٍ۔ بَخْ بَخْ۔ بَخٍ بَخٍ۔ بَخٌّ بَخٌّ۔ تحسین کا ایک کلمہ تعریف اور تعجب کے وقت بولتے ہیں۔ خوب۔ خوب۔ خوب۔ واہ۔ واہ۔ واہ۔

بُخَار - بھاپ۔ نمناک جگہ سے گرمی پاکر جو دھواں سا اٹھے ج: اَبْخِرَۃ۔

بَخَّال۔ بَخَّال - نہایت بخیل آدمی۔

بَخْبَخَۃ - بخ بخ کہنا۔ سونے میں خرخر کرنا۔

بَخْتَرِی۔ بِخْتِیر - مغرور آدمی۔ اکڑ کر چلنے والا۔ خوب صورت ناز سے چلنے والا (مؤنث) بَخْتَرِیَّۃ۔

بُخْتِی - قوی و توانا۔ اونٹ لمبی گردن کا کہ عربی اور عجمی نسل سے مخلوط ہو۔ بخت نصر کی طرف منسوب ہے (مؤنث) بُخْتِیَّۃ ج: بُخْت - بَخَاتِی۔

بَخْدَن - نرم و نازک بدن لڑکی۔

بَخَر - گندہ دہنی۔ منہ وغیرہ کی بدبو اور گندگی مص (س) منہ کا بدبودار ہونا۔

بَخْس - قلیل۔ تھوڑا سا۔ زمین جو بغیر آب پاشی کے اگا وے۔ ج: بُخُوس

محصول جو بازار میں بیٹھنے والوں سے وصول کیا جائے۔ عشر لینے والے۔ علاوہ صدقے کے جو مزدوری کے حیلے سے لیں مص (ف) کسی کا حق کم کرنا بے انصافی کرنا۔ آنکھ نکال لینا۔

بُخْل - بُخُل - بَخَل - بَخْل - کنجوسی - سخاوت کی ضد۔

بُخُل - بَخَل - (س - ك) کنجوسی کرنا۔

بُخُور - وہ چیز جس کی خوشبو کے لئے دھونی دیں ج: بُخُورَات

بَخِیل - کنجوس آدمی۔ ج: بُخَلَاء۔

ب - د

بُدّ - چارہ و تدبیر (لَا بُدَّ لَكَ مِنْهُ) (تجھ کو اس سے چارہ نہیں)۔

بَدْء - آغاز۔ شروع۔ مص (ف) (ب) شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا (من) باہر جانا

بَدَاءَۃ - بُدَاءَۃ - بِدَاءَۃ - آغاز۔ شروع ہر چیز کا پہلا اور اول

بَدَارِ - (اسم فعل) جلدی کر۔ دوڑ۔

بَدَاعَۃ - بُدُوع (ك) اپنے ہمسروں سے علم و شجاعت اور شرافت میں بڑھ جانا۔

بَدَّال - ماکولات بیچنے والا۔ غلہ فروش۔ عوام اس کو بقال کہتے ہیں۔

بَدَاهَۃ - ہر چیز کی ابتدا۔ ناگاہ۔ مص (ف) بلا تامل بات کہنا۔ فوراً کہنا۔ بغیر سوچے کہنا۔

بَدْر - پورا چاند۔ سردار۔ پورا جوان لڑکا۔ کامل و مکمل ہر چیز۔ طباق۔ تھیلی دس ہزار کی ہمیانی

ج :- بِدَار - بُدُوْر -
بَدْرَةٌ - دس ہزار کی ہمیانی - بڑی آنکھ چاند کی مانند ج :- بِدَار - بُدُوْر -
بَدْرَقَةٌ - محافظ و رہبر -
بُدُّرَةٌ - پاؤڈر - ج -
بِدْعٌ - نوایجاد چیز - پر گوشت بدن - وسیع الاخلاق جوان آدمی جو اپنے ہم عمروں سے علم و شرافت وغیرہ میں فائق ہو - ج : بُدُع اَبْدَاع (مؤنث) بِدْعَةٌ -
بِدْعَةٌ - دین میں تکمیل کے بعد نئی رسم - نبی صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد نئی بات -
بَدَل - بدلا - ہاتھ پاؤں جوڑوں اور ہڈیوں کا درد ج :- اَبْدَال - ج - قیمت
بَدَلُ الْاِشْتِرَاك - چندہ اخبار و رسالہ - ج -
بِدْل - جو چیز کہ دوسری چیز کی جگہ میں آئے - جانشین - کریم - شریف - ج :- اَبْدَال
بَدَلَه - کپڑوں کا جوڑا -
بَدَن - سر کے علاوہ باقی جسم یعضو - ج :- اَبْدَان
بَدَنَةٌ - (مذکر و مؤنث) قربانی کا اونٹ یا گائے جس کو مکہ لیجائیں - ج - بُدْن
بَدْو - جنگل بَدَوِيّ - جنگل کا رہنے والا -
بَدْو - بُدُوّ - بَدَاء - بَدَاءَةٌ - (ن) ظاہر ہونا خیال آنا - سوجھنا -
بَدِيْع - خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام بغیر نمونے کے کسی چیز کو پیدا کرنے والا - نوایجاد چیز -
بَدِيْل - جو کسی چیز کی جگہ آئے -
بَدِيْن - جسیم و تناور - ج - بُدْن
بَدِيْهَةٌ - شروع - اچانک - بے سوچی بات -

دفعۃً آنا -

ب - ذ

بَذَّ - (ف) بدحال ہونا - بدہیئت ہونا -
بَذُّ الْهَيْئَةِ - بدحال - بدہیئت
بَذَاء - بَذَاءَةٌ - (ك) بیہودہ گو ہونا - حقیر ہونا
بَذَأَ - (ف) کسی کے حال سے نفرت کرنا - حقیر سمجھنا - مذمت کرنا -
بَذْر - بیج جو زمین میں بونے کے لیے ہو - ج :- بُذُوْر مص (ن) زمین میں بیج ڈالنا - زمین سے گھاس نکلنا - بھید ظاہر کرنا - مال کو بے موقع صرف کرنا -
بَذْرَقَةٌ - رہبر - محافظ و نگہبان رہنا - رہبر ہونا -
بَذْل - بخشش - عطا - گھوڑے کی دوڑ - مص (ض) دینا - بخشش کرنا -
بِذْلَة - وہ کپڑا جسے ہر روز پہنیں -
بَذِيّ - بیہودہ باتیں بکنے والا - بدزبان (مؤنث) بَذِيَّةٌ -

ب - ر

بَرّ - مہربان - خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام - سچ بولنے والا - ماں باپ کا فرمانبردار - بڑا نیک - ج : اَبْرَار - قسم کی سچائی -
بِرّ - نیکی - تحفہ - بہشت - فراخی - احسان - صلہ رحم - سچائی - قسم کی سچائی - ماں باپ کی فرماں برداری -
بِرّ - بَرّ - (س ض) قسم میں سچا ہونا - بات میں سچا ہونا - نماز کا مقبول ہونا - والدین کی

تابعداری کرنا۔
بُرّ - (جنس) گیہوں - بُرّۃ - ایک گیہوں۔
بَرْء - بُرُوْء (ف) پیدا کرنا - جاندار کو پیدا کرنا۔
بُرْء - بُرُوْء - بَرْء - (ف۔ ک ن س) مریض کا بیماری سے شفا پانا - اور اٹھ کھڑا ہونا۔
بَرَاء - مہینہ کی پہلی رات۔ پاک - بیزار - اس میں تثنیہ جمع اور تانیث نہیں آتی۔
بَرَاء - بَرَاءَۃ - بُرُوْء - (س) بیزار ہونا - پاک ہونا قرض سے سبکدوش ہونا۔
بَرَاءَۃ - لائسنس - ج۔
بَرَاتِستنت - پروٹسٹنٹ (عیسائی فرقہ)
بَرَاح - چٹیل میدان۔
بُرَادَۃ - ریزے جو رتی کرنے سے گریں - برادہ۔
بَرَّادَۃ - پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن - پانی پینے کا گھاٹ پانی کا صراحی نما برتن۔
بَرَاز - جنگل - فراخ میدان - کھلی ہوئی جگہ جہاں درخت وغیرہ نہ ہو۔
بِرَاز - آدمیوں کا پاخانہ - مص - لڑائی کے لئے صف میں سے باہر نکلنا۔
بَرَاعَۃ - بُرُوْع - (س ن ک) علم و فضل میں کامل ہونا - ہم عصروں سے علم و بصیرت میں فائق ہونا۔
بُرَاق - چوپایہ جس پر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج میں سوار ہوئے۔
بَرَّاق - چمک دار۔
بَرَّاقَۃ - حسین عورت - چمکیلی اور گوری عورت
بَرَاہِمَۃ - برہمن لوگ - و: بَرْہَمَن۔
بَرْبَرِیَّۃ - وحشی پن - خونخواری - ج۔
بَرْبَط - عود ایک باجا - بربط کا معرب یعنی سینہ بط - سارنگی۔
بَرَّۃ - فرماں برداری - مہربان عورت
بُرْثُن - پنجہ - شیر کا پنجہ - شکاری جانوروں کا پنجہ۔ ج: بَرَاثِن۔
بُرْجُمَۃ - بیچ کا جوڑ - انگلی کے جوڑوں میں سے کہ جب مٹھی بند کی جائے تو بلند رہے۔ ج: بَرَاجِم۔
بُرَحَاء - بخار وغیرہ کی شدت۔
بَرْد - سردی - ٹھنڈک - سرد - مص - سرد کرنا برف ملانا - ملازم ہونا - کمزور و سست ہونا - آسان ہونا - ریتی کرنا - مرجانا۔ (ن ک) سرد ہونا۔
بُرُوْدَۃ - ٹھنڈک - سرد ہونا۔
بَرَد - اولا۔
بَرِد - اولے برسانے والا بادل۔
بُرْد - بُرْدَۃ - دھاریدار کپڑا - دھاریدار چادر - کسی فقیر کا جبہ - ج: بُرُوْد - اَبْرَاد
بُرَدَاء - جاڑا بخار - ملیریا۔
بَرْدِی - مصری - سرکنڈا - ایک گھاس جس سے کاغذ بنتا تھا۔
بَرْذَعَۃ - خچر کا زین - زین کا کپڑا - ج: بَرَاذِع
بِرْذَوْن - چوپایہ - تاتاری گھوڑا (مؤنث) بِرْذَوْنَۃ
بَرَز - (ف س) (ل ک) ظاہر ہونا - کسی کا روپوشی کے بعد خود کو ظاہر کرنا - نمایاں ہونا۔
بَرْزَخ - دو چیزوں کے بیچ میں روک - دنیا اور آخرت کے درمیان عالم جس میں مرنے کے وقت سے قیامت تک آدمی رہتا ہے۔ (د) خاکنائے۔
بُرْعُم - جوانی کے ترنگ - جوان پُر گوشت۔

بَرْش ۔ دھتورہ۔
بِرِشْت ۔ ہلکا ابلا ہوا انڈا۔
بَرَص ۔ (س) چتکبرا ہونا۔ فساد مزاج کے سبب بدن کا داغدار ہونا۔
بُرْطُلَۃ ۔ لیڈیوں کے استعمال کی چھوٹی چھتری (د)
بُرْغَرام ۔ پروگرام ۔ نظام کار (د)
بُرْغُوث ۔ پسو۔ ج: ۔ بَرَاغِیْث ۔
بَرْق ۔ چمک بجلی ۔ ج: ۔ بُرُوْق مص (ن) عورت کا مزین اور آراستہ ہونا ۔ چمکنا ۔
بَرْق ۔ ٹیلیگرام ۔
بَرَق ۔ بُرُوْق ۔ (س) آنکھوں کا چندھیا نا ۔ گھبرا جانا ۔
بُرْقع ۔ بُرْقُع ۔ عورتوں کا نقاب ۔
بَرْقَعَۃ ۔ برقع پہنانا ۔ دونوں کانوں کے بیچ میں مارنا ۔
بُرْقُوق ۔ زرد آلو ۔ خوبانی ۔ زردیر ۔ شفتالو ۔
بَرْقِیَّۃ ۔ ٹیلیگرام ۔ تار (د)
بَرْقِیَّۃ لَاسِلْکِیَّۃ ۔ وائرلیس ۔ بے تار کا ذریعہ خبر رسانی ۔ (د)
بَرْك ۔ بیٹھے ہوئے اونٹوں کا گروہ ۔ بہت سے اونٹ ۔ و: ۔ بَارِك سینہ ۔ اونٹ کے سینہ کی جلد جو زمین سے لگ جاتی ہے
برکار ۔ پرکار (د)
بُرْکَان ۔ کوہ آتش فشاں (د)
بَرَکَۃ ۔ زیادتی وافزونی ۔ نیک بختی ۔ ج: ۔ بَرَکَات ۔
بَرَکَاتُ السَّمَاء ۔ بارش ۔
بَرَکَاتُ الْاَرْض ۔ نباتات ۔
بِرْکَۃ ۔ تالاب ۔ حوض ۔ تلیا ۔ ج: ۔ بِرَكٌ

بَرلِمان ۔ پارلیمنٹ ۔ (د)
بُرْمَۃ ۔ دیگ ۔ پتھر کی ہانڈی ج: ۔ بُرَم بُرَم ۔ بِرَام ۔
بَرْمَك ۔ ایک آتش پرست پیشوا کے دین جس کی طرف خاندان برامکہ منسوب ہے ۔
بَرْمِیْل ۔ پیپا ۔ کُپّا ۔ (د)
بَرْنَامَج ۔ فہرست ۔ بجٹ (د)
بُرْنُس ۔ لمبی ٹوپی ۔
بُرْنَیْطَہ ۔ ہیٹ ۔ انگریزی ٹوپی ۔
بَرُوْد ۔ سرد ۔ دوا جو ٹھنڈک پیدا کرے ۔ آنکھوں کی دوا اگر ٹھنڈی دواؤں سے بنائی جائے ۔
بُرُوْز ۔ (ن) میدان میں نکلنا اور ظاہر ہونا ۔ نمودار ہونا ۔
بُرُوْق ۔ (ن) چمکنا ۔ بجلی کا آسمان میں ظاہر ہونا ڈرانا ۔ ڈرنا ۔ ستارہ کا نکلنا ۔ عورت کا آراستہ و مزین ہونا ۔
بُرُوْك ۔ (ن) اونٹ کا بیٹھنا ۔ ثابت و قائم رہنا مسلسل برسنا ۔
بُرْهَان ۔ دلیل ۔ حجت ۔ واضح بیان ۔ ج: ۔ بَرَاهِیْن ۔
بُرْهَۃ ۔ بَرْهَۃ ۔ زمانہ دراز ۔ طویل زمانہ ۔ زمانہ کا ایک حصہ ۔
بَرْهَنَۃ ۔ حجت قائم کرنا ۔ ثبوت دینا ۔
بَرِّیَّۃ ۔ صحرا ۔ زمین خشک ۔ خلاف ریفیّہ ۔ ج: ۔ بَرَارِی ۔
بَرِیَّۃ ۔ پیدا کئے ہوئے ۔ مخلوق ۔ عالم ج: ۔ بَرَایَا ۔
بَرِیْد ۔ قاصد ۔ پیغام رساں ۔ ڈاکیہ ۔ خچر جو ہر

بارہ میل پر بادشاہوں کے پاس خطوط پہنچانے کے لیے مقرر ہوتے تھے۔ وہ بریدہ کا معرب۔ ج:۔ بُرُد بارہ کوس کی مسافت۔ وہ جانور کہ شیر کے آگے آگے چیختا ہوا جاتا اور جانوروں کو اس کے آنے سے خبردار کرتا ہے (د) ڈاک

بَرِیدُ جَوّی۔ ہوائی ڈاک۔

بَرِیدُ مُسْتَعْجَل۔ ارجنٹ ڈاک (د)

بَرِیطَانِیَہ۔ برطانیہ۔ برٹن (د)

بَرِیعَۃ۔ عقل و جمال میں فائق عورت۔

بَرِیق۔ چمکاہٹ مص (ن) چمکنا۔

بَرِیمَۃ۔ پیچ کس۔ اسکرو۔

بَرِیئی۔ سبکدوش۔ پاک۔ بیزار۔ ج:۔

بَرِیُّوْن۔ بِرَاء۔ اَبْرَاء۔ بیماری سے شفا پانے والا۔ ج:۔ بِرَاء۔

ب۔ ز

بَزَابُورت۔ پاسپورٹ۔

بَزَّاز۔ کپڑا بیچنے والا۔

بِزَازَۃ۔ کپڑا فروخت کرنا۔

بُزَاق۔ تھوک۔

بَزْبُوز۔ ٹونٹی۔ (د)

بَزَق۔ (ن) تھوکنا۔

ب۔ س

بَسّ۔ (ن) اونٹ کو آہستہ ہنکانا۔ مال کو لٹانا ریزہ ریزہ کرنا۔

بِسَاط۔ دری۔ بچھونا۔ فرش۔ وسیع میدان۔ ج:۔ بُسُط۔

بُسَاق۔ تھوک

بَسَالَۃ۔ بَسَال (ك) بہادر اور دلیر ہونا۔

بُسْبَاسَۃ۔ جاوتری۔

بُسْتَان۔ باغ۔ بوستان کا معرب۔ ج:۔ بَسَاتِین۔

بُسْتَانِی۔ باغبان۔

بُسَّذ۔ مونگا (منتہی الارب)

بُسْر۔ نئی اور تازہ چیز۔ تازہ پانی۔ ج:۔ بِسَار۔ کھجور جو پکنے کے قریب ہو۔

بَسْط۔ (ن) بچھانا۔ ہاتھ لمبا کرنا۔ خوش کرنا۔ فراخی کرنا۔

بُسُط۔ کشادہ۔

بَسْطَۃ۔ کشادگی۔ وسعت۔

بُسْفَایِج۔ بسپایہ کا معرب۔ ایک گرہ دار جڑ ہے اندر سے سبز۔ مزہ تیز و شیریں۔

بَسْق۔ بُسُوْق۔ (ن) تھوکنا

بَسْکلیت۔ بائیسکل (د)

بَسْم۔ (ض) مسکرانا (قا) بَاسِمُ چکھنا

بَسْمَلَۃ۔ بسم اللہ کہنا۔

بُسُور۔ (ن) منہ بنانا۔ منہ بگاڑنا۔

بَسُور۔ شیر۔

بَسِیط۔ بچھائی ہوئی۔ خالص چیز۔ بغیر ملاوٹ کی۔ فراخ۔

بَسِیطَۃ۔ زمین۔ فراخ و ہموار زمین۔ زبان زد

بَسِیکُولُوجِیَا۔ سائیکالوجی۔ علم النفس۔

ب۔ ش

بَشّ۔ بَشَاشَۃ۔ خوشی۔ خندہ پیشانی (ف) خوش ہونا۔ نرم کلامی اور خندہ پیشانی

سے پیش آنا۔
بَشَارَۃ (س ض) خوش ہونا۔
بُشَارَۃ ۔ اچھی چیز۔ انجیل۔ انعام ج: بَشَائِر۔
بَشَاش ۔ کشادہ پیشانی۔ ہنس مکھ۔
بِشْر ۔ کشادہ روئی۔ بشاشت۔
بَشَر ۔ آدمی۔ واحد و جمع مذکر و مؤنث سب کے لئے ہے
بُشْر ۔ خوش خبری۔
بَشَرَۃ ۔ ظاہر جلد۔ ج: بَشَر۔
بَشْر ۔ (ن) چھیلنا۔ تراشنا۔ ٹڈی کا کھیت صاف کر دینا (ض) [ب] کسی چیز پر خوش ہونا۔
بُشْرٰی ۔ خوشخبری۔ مص (ن) خوشخبری دینا۔
بَشِع بدمزہ اور ناگوار کھانا۔ وہ جس نے ایسا کھانا کھایا ہو۔ وہ جس کے منہ میں بدبو آئے بدخو۔ کمینہ۔ بدذات۔ ترش رو۔ چیں بہ جبیں۔
بَشَع ۔ بَشَاعَۃ ۔ کھانے کا بدمزہ ہونا۔ مسواک کرنے سے منہ میں بدبو ہونا۔
بَشْکِیر ۔ تولیہ (د)
بَشْلِیك ۔ گریبان۔
بَشَم ۔ بدہضمی۔ پیٹ کی تکلیف۔ مص (س) بدہضمی محسوس کرنا۔
بَشِیر ۔ خوش خبری دینے والا۔ مبلغ (مؤنث) بَشِیرَۃ

ب ۔ ص

بَصَارَۃ ۔ سمجھ۔ نظر۔
بُصَاق ۔ تھوک تھوکا ہوا۔ اور جب تک منہ میں رہتا ہے رِیق کہتے ہیں۔
بَصَّال ۔ پیاز فروخت کرنے والا۔

بَصْبَصَۃ ۔ کتے کا دم ہلانا۔ پہلے پہل آنکھیں کھولنا شروع کرنا۔
بَصَر ۔ بینائی۔ آنکھ۔ ج: اَبْصَار دانائی اور علم مص (ن) بینا ہونا۔ جاننا۔
بَصْط ۔ کشائش۔ بمعنی بسط۔
بَصْق ۔ (ن) تھوکنا۔
بَصَل ۔ پیاز بَصَلَۃ ایک پیاز
بَصِیر ۔ بینا۔ خدا تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام دانش مند۔
بَصِیرَۃ ۔ بینائی۔ یقین۔ عقل مندی۔ دلیل واضح ج: بَصَائِر۔ عبرت۔ گواہ۔

ب ۔ ض

بِضَاع ۔ جماع کرنا۔
بِضَاعَۃ ۔ پونجی۔ کچھ مال جس سے تجارت کریں وغیرہ ج: بَضَائِع۔
بَضْع ۔ بِضْع ۔ کچھ حصہ رات کا۔ کچھ حصہ عدد میں کا تین سے نو تک۔ چند (مل)
بَضْعَۃ ۔ (م) بِضَع۔
بُضْع ۔ جماع۔ عورت کا مہر۔ فرج۔ نکاح۔ طلاق

ب ۔ ط

بَطّ ۔ (اسم جنس مذکر و مؤنث) ایک قسم کی مرغابی۔ بطخ۔
بَطَاطَۃ ۔ آلو۔ (د)
بِطَاقَۃ ۔ کاغذ کا پرزہ۔ آنکھ کی سیاہی۔ پتہ ٹکٹ۔ قیمت کا پرچہ ج:
بَطَّال ۔ نکما۔ کاہل۔ سست۔ بہادر۔
بَطَالَۃ ۔ دلیری۔ بیکاری۔ بیہودگی (د) تعطیل

مص (ک) دلیر ہونا۔ بہادر ہونا (ن)
فاسد ہونا۔ بیکار رہجانا۔ مذاق کرنا۔

بِطَانَۃ۔ پوشیدہ راز۔ ولی دوست۔ کپڑے کا استر
بستی کا وسط۔ خاص آدمی۔
ج:۔ بَطَائِن۔

بَطَّۃ۔ تیل کا برتن۔ بطخ۔ (بط کا واحد)

بَطحِ۔ بَطِیحَۃ۔ بَطحَاء۔ پتھریلی زمین کی وادی۔
ج:۔ بِطَاح۔ بَطَائِح۔ اَبَاطِح۔

بَطَر۔ (س) بہت خوشی کرنا۔ اترانا۔ تکبر کرنا۔
پریشان ہونا۔ ناشکری کرنا۔ حق بات کو
نہ ماننا۔ اور گردن کشی کرنا (صفت)
بَطِر۔

بِطرِیق۔ متکبر آدمی۔ دس ہزار آدمی فوج کا سپہ
سالار ج:۔ بَطَارِقَۃ۔

بَطش۔ (ن ض) [ب] حملہ کرنا سخت گرفت کرنا
دلیری کرنا۔ بخار سے آفاقہ پانا۔

بَطَل۔ بہادر آدمی۔ ج:۔ اَبطَال۔

بُطل۔ بُطلَان۔ لغویت۔ بیہودگی۔ جھوٹ
بے بنیاد بات۔

بُطلَات۔ بیہودگیاں۔ لغو و لایعنی باتیں۔

بَطِن۔ دولت مند۔ مغرور۔ بہت کھانے والا۔
پیٹو۔ ج:۔ بِطَان۔

بَطَن۔ (ک۔ س) بڑے پیٹ والا ہونا۔

بَطن۔ (مذکر) پیٹ۔ قبیلہ کی شاخ۔ ج:۔
بُطُون مص (ن) پیٹ پر مارنا۔ پوشیدہ
ہونا۔ حقیقت اور ماہیت جان لینا۔

بُطُوء۔ (ک) بُطأ۔ بِطَاء (ف) دیر لگانا۔
آہستہ آہستہ کام کرنا۔

بُطُولَۃ۔ (ک) بہادر اور دلیر ہونا۔

بِطِّیخ۔ (جنس) کدو۔ ککڑی۔ خربوزہ وغیرہ (مفرد)
بِطِّیخَۃ۔

بَطِّیخِی۔ خربوزے فروخت کرنے والا۔

بَطِّیش۔ سخت گیر۔

بَطِین۔ دولت مند۔ بڑے پیٹ والا۔

بَطِیئ۔ سست رفتار سے چلنے والا ج: بِطَاءٌ

ب۔ظ

بَظّ۔ (ن) باجے کے تاروں کو درست کرنا۔

بَظر۔ فرج کے لبوں کے درمیان کا ابھار۔
ج:۔ بُظُور۔ انگوٹھی۔

بَظِیظ۔ موٹا آدمی۔

ب۔ع

بِعَاد۔ لعنت و نفرین۔

بُعَاد۔ دُور۔

بِعَار۔ مینگنی کرنا۔

بِعَال۔ میاں بیوی کا اختلاط جماع کرنا۔ آپس میں
سمدھیانا کرنا۔ ہم نشینی کرنا۔

بَعث۔ بَعَث۔ گروہ جو کہیں بھیجا جائے۔ وفد۔
لشکر۔ ج:۔ بُعُوث

بَعث۔ (ف) برانگیختہ کرنا۔ اٹھانا۔ بھیجنا۔ زندہ
کرنا۔ جگانا۔ متفرق کرنا۔

بَعَث۔ (س) بیدار رہنا۔

بَعِث۔ شب بیدار۔ تہجد گذار۔

بَعثَرَۃ۔ پراگندہ کرنا۔ باہر رکھ دینا۔ چھان مارنا

بُعد۔ دُوری۔ موت۔ لعنت۔ مص (ن س)
دور ہونا۔ مرنا۔ (صفت) بَعِید۔ بَاعِد
بُعَاد ج:۔ بُعَدَاء۔ بُعُد۔ بُعدَان۔

بَعْد ۔ پیچھے ۔ ضد قبل ۔
بَعَر ۔ (اسم جنس) مینگنی (مفرد) بَعْرَۃ ج:۔ اَبْعَار مص (س) مینگنی کرنا ۔
بَعْض ۔ حصہ ۔ ٹکڑا ۔ ج:۔ اَبْعَاض ۔
بَعْل ۔ شوہر ۔ بیوی ۔ آدمی کا کنبہ ۔ سردار ۔ یونس علیہ السلام کی قوم کا بت ۔ بلند زمین ج:۔ بِعَال ۔ بُعُوْل ۔ بُعُوْلَۃ ۔
بَعْلَۃ ۔ بیوی ۔
بَعْلَبَكّ ۔ شام کا ایک برباد شدہ شہر ۔
بَعُوْضَۃ ۔ مچھر ۔ ج:۔ بَعُوْض ۔
بُعُوْلَۃ ۔ خاوند ہونا ۔ بیوی ہونا ۔
بَعِیْد ۔ دور ۔ واحد و جمع دونوں کے لئے ہے ۔
بَعِیْر ۔ (مذکر و مؤنث) اونٹ ۔ گدھا ۔ ہر ایک لدو چوپایہ ۔ ج:۔ اَبْعِرَۃ ۔ اَبَاعِر ۔ اَبَاعِیْر ۔ (منتہی الارب)

ب ۔ غ

بِغَا ۔ زنا کرنا ۔
بُغَاث ۔ وہ پرندے جو شکار نہیں کرتے ۔
بَغَّال ۔ خچر والا ۔ خچر کا محافظ ۔
بَغْتَۃ ۔ ناگہانی حملہ ۔ خلاف امید واقعہ ۔ ج:۔ بَغَتَات ۔
بُغْض ۔ دشمنی
بَغْضَۃ ۔ بَغْضَاء ۔ نفرت ۔ دشمنی ۔
بَغْل ۔ خچر ۔ ج:۔ بِغَال (م) بَغْلَۃ ۔
بُغْمَۃ ۔ موتیوں کی مالا ۔
بَغُوّ ۔ زناکار عورت ۔
بَغْوَۃ ۔ کھجور کا شگوفہ ۔
بَغْی ۔ (ض) زنا کرنا ظلم اور زیادتی کرنا حد سے بڑھنا ۔ جھوٹ کہنا ۔
بُغًی ۔ بُغَاء ۔ بُغْیَۃ ۔ بِغْیَۃ ۔ (ض) ڈھونڈھنا ڈھونڈھنے میں اعانت کرنا ۔ چاہنا ۔ حق سے پھرنا ۔ [علی] ظلم کرنا ۔ نافرمانی کرنا ۔
بَغِیّ ۔ زناکار عورت ۔ لونڈی ج:۔ بَغَایَا بہت تلاش کرنے والا ۔
بُغْیَۃ ۔ بِغْیَۃ ۔ مطلوب ۔ حاجت ۔
بَغِیَّۃ ۔ مطلوب و حاجت ۔ گم شدہ چیز جس کو تلاش کیا جائے ۔
بَغِیْض ۔ مکروہ ۔ قابل نفرت ۔
بَغْثَلَۃ ۔ لٹھا ۔ چھینٹ ۔ (د)

ب ۔ ق

بَقَاء ۔ زندگی ۔ مص (س) زندہ رہنا ۔ دنیا میں رہنا ۔ ثابت و قائم رہنا ۔
بَقَّال ۔ سبز ترکاری بیچنے والا ۔ عوام غلہ فروش کو بقال کہتے ہیں حالانکہ صحیح بَدَّال ہے
بَقَّالَۃ ۔ ساگ کا کھیت ۔
بَقْبَاق ۔ بک بک کرنے والا ۔ بکواسی ۔
بَقْبَقَۃ ۔ صراحی وغیرہ کی آواز پانی نکالنے کے وقت
بَقَّۃ ۔ کھٹمل ۔ ج:۔ بَقّ
بَقَرَۃ ۔ گائے ۔ بیل ۔ ج:۔ بَقَر ۔ بُقُر ۔ بَوَاقِر اسم جمع ۔ بَاقُوْر ۔ بَاقُوْرَۃ
بَقْسَمَاط ۔ بسکٹ ۔
بَقْل ۔ (جنس) ساگ ۔ سبزی (مفرد) بَقْلَۃ ج:۔ بُقُوْل ۔
بُقْل ۔ ساگ ۔ موسم بہار کا سبزہ (منتہی الارب)
بَقْلَۃ ۔ ساگ کا کھیت ۔ سرسبز زمین ۔
بَقْلَۃُ الْاَنْصَار ۔ گوبھی ۔ کرم کلہ ۔

بَقْلَةُ الْحَمْقَاء ۔ خرفہ ۔ لوبیا ۔

ب ۔ ك

بُكَاء بُكِیَ ۔ آواز سے رونا ۔ گانا ۔ (فا) بَاكِی ج: بُكَاة ۔ بُكِیّ ۔

بَكَارَة ۔ کنوارپن ۔

بَكَّة ۔ مکہ معظمہ ۔

بَكَّة ۔ (ن) پھاڑنا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔ کسی کی نخوت کو روک دینا ۔ پست کرنا ۔ گرا دینا ۔ گردن توڑنا ۔

بَكْر ۔ بُكْر ۔ جوان اونٹ ۔ ج: اَبْكُر ۔ بُكْرَان ۔ بِكَار ۔ بِكَارَة ۔

بِكْر ۔ (مذکر و مونث) کنوارہ ۔ کنواری ۔ ج: اَبْكَار ۔ ہر چیز کا پہلا ۔ جوان لڑکا ۔ ہر نیا کام کہ پہلے ویسا نہ ہوا ہو ۔ گائے کہ ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو ۔ پہلا بیٹا کہ اس کے بعد دوسرا ابھی نہ ہوا ہو ۔ انگور کا درخت کہ اس دفعہ سے پہلے پھل نہ لایا ہو ۔ تلوار کی ضرب جو ایک بار میں صاف کاٹ دے ۔

بَكَرَ ۔ تڑکا ۔ مص ۔ جلدی کرنا ۔

بُكْرَة ۔ تڑکے کا وقت ۔

بکلوریا ۔ بیچلر یا گریجویٹ کا درجہ ۔ بی اے کی سند

بَكِمَ ۔ (س) گونگا ہونا ۔ اَبْكَم گونگا ۔ ج: بُكْم ۔

بَكُوْر ۔ پہلی بارش ۔ کھجور کا درخت جس کے پھل جلد پکیں ۔

بُكُوْر ۔ (ن) تڑکے سے اٹھنا ۔ تڑکا کر دینا ۔ علی الصباح جانا ۔

بَكِّیّ ۔ بہت رونے والا ۔ تھوڑی سی چیز ۔

ب ۔ ل

بَل ۔ حرف عطف ہے (جبکہ مفرد پر داخل ہو) اور اضراب کے لیے بھی آتا ہے (جبکہ جملہ پر داخل ہو) یعنی ایک مقصد سے دوسرے مقصد کی طرف انتقال کے لیے یا ماقبل کے ابطال کے لیے ۔ بلکہ

بَلَاء ۔ ازمائش (نعمت سے ہو یا سختی اور محنت سے) صدمہ غم کہ جو د بلا کر دے ۔ مص (س) کپڑے کا پرانا ہو جانا ۔

بَلَابِل ۔ غم کی شدت ۔ تفکرات

بَلَادَة ۔ کند ذہنی ۔ ذہن کی سستی ۔ مص (س ۔ ك) کند ذہن ہونا ۔

بَلَاط ۔ فرش ۔ پتھر جس سے فرش بنایا جائے ۔

بَلَاطُ الْمَلِك ۔ دربار شاہی

بَلَاغ ۔ (اسم ابلاغ اور تبلیغ کا) پہنچا دینا ۔ نامہ د پیام ۔ پیغام ۔ کافی حصہ ۔

بَلَاغُ اَخِیْر ۔ الٹی میٹم ۔ آخری تنبیہ ۔ (د)

بَلَاغَات ۔ چغلیاں ۔ جھوٹی سخن آرائیاں ۔

بَلَاغَة ۔ (ك) بلیغ ہونا کلام کا ۔ کامل اور عمدہ ہونا

بَلَاغَه ۔ تحریر و تقریر کی شستگی ۔ فصاحت ۔ (علم) اَلْبَلَاغَة ۔ معانی و بیان ۔

بَلَال ۔ پانی ۔ تری ۔ نام مؤذن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ۔

بُلَالَة ۔ تری ۔ بقیہ دوستی ۔

بَلَان ۔ ایک خاردار درخت ۔

بَلْبَال ۔ رنج کی شدت ۔ وسوسہ ۔ بھیڑیا ۔

بِلْبَال ۔ شوق دلانا ۔ بھڑکانا ۔ بہت زیادہ نمناک

ہونا۔ بہت وسوسے آنا۔ زبانوں کو ملا دینا سامان گڑبڑ کر دینا۔
بَلۡبَالَۃ ۔ رنج وغم کی شدۃ ۔
بُلۡبُل ۔ مشہور پرندہ ہے۔ ہزار داستان۔ ج: بَلَابِل ۔
بَلَّۃ ۔ تری۔ تازگی۔ جوانی۔ محبت اور دوستی کا بقیہ۔ شگوفہ۔ غربت کے بعد مالداری۔ ج: بِلَال
بَلِجَ ۔ (س) خوش ہونا۔ کشادہ ابرو ہونا۔
بَلَح ۔ کچی کھجوریں (اسم جمع)
بَلۡخ ۔ خراسان کا ایک شہر۔
بَلَد ۔ مکہ معظمہ۔ قبر۔ قبرستان۔ گھر۔ نشان زمین۔ بھووں کے درمیان کی کشادگی۔ خطہ زمین جیسے عراق اور شام۔ ج: بُلۡدَان
بَلۡدَۃ ۔ مکہ معظمہ۔ حیوانات کے رہنے کی جگہ۔ خاک۔ زمین۔ شہر جیسے بصرہ ودمشق ج: بِلَاد
بَلَدِیّ ۔ شہری۔
بَلَدِیَّہ ۔ میونسپلٹی۔
بَلَسَان ۔ ایک چھوٹا سا درخت ہے حنا کے مشابہ عین الشمس میں کہ مصر میں ایک مقام ہے پیدا ہوتا ہے۔
بَلۡسَم ۔ گل مہندی۔
بَلَصَ ۔ (ن) خلاف قانون کسی سے کچھ وصول کرنا
بَلَطَ ۔ (ن) پختہ فرش بنانا۔
بَلَطۡجِی ۔ جلاد۔ سفر مینا والا۔
بَلۡعَم ۔ بہت کھانے والا۔
بُلۡعُم ۔ کھانے کا راستہ حلق میں۔
بُلۡعَمَۃ ۔ لقمہ نگلنا۔
بَلۡغَم ۔ بدن کے خلطوں میں سے ایک خلط۔

بَلَق ۔ چتلاپن۔ چوپایہ کے ہاتھ پاؤں کی سفیدی ران تک۔ سفید پتھر۔
بَلِقَ ۔ بَلَقَ ۔ (س ک) ابلق ہونا۔ رانوں تک سفید ٹانگ والا ہونا (صفت) اَبۡلَق ۔ بَلۡقَاء
بَلۡقَع ۔ بنجر۔ صحرا۔ ج: بَلَاقِع ۔
بَلۡقِیس ۔ ملکہ سبا۔ بنت ہدہاد۔
بَلَل ۔ تری۔ نمی۔ تھوڑی سی چیز۔ شادی کا کھانا احسان۔ تجمل۔ تندرستی۔
بُلَّۃ ۔ تری۔
بَلۡو ۔ بَلَاء ۔ (ن) آزمانا۔ حقیقت حال دریافت کرنا
بِلَّوۡر ۔ ایک مشہور شفاف پتھر ہے۔ ج: بِلَّوۡرَۃ
بَلُّوط ۔ ایک درخت ہے اس کی چھال کھال کی درستی میں کام آتی ہے۔
بُلُوغ ۔ پہنچ۔ رسیدگی۔ مص (ن) پہنچنا۔ بالغ ہونا۔ حد کمال کو پہنچنا۔ مشقت میں ڈالا جانا۔ اس معنی میں مجہولاً مستعمل ہے۔
بُلُول ۔ (ض) سرد ونمناک ہونا۔ بیماری سے شفا پانا۔ فتح پانا۔
بَلۡوَی ۔ آزمائش۔ سختی۔ واقفیت اور کشف حقیقت
بَلَی ۔ ہاں۔ جواب استفہام میں نفی کے بعد ایجاب کے لئے آتا ہے۔ کیوں نہیں۔
بَلِیَ ۔ (س) پرانا ہونا۔
بَلِیَّۃ ۔ آزمائش۔ سختی۔ واقفیت اور کشف حقیقت
بَلِید ۔ کندذہن۔ افسردہ دل۔ احمق۔ کاہل۔
بَلِیغ ۔ فصیح البیان آدمی کہ ہر موقع پر حسب حال گفتگو کر سکے۔ پوری بات۔
بَلِیلَۃ ۔ سرد اور سیلی ہوئی ہوا۔

ب ۔ م

بَمّ ۔ باجہ کے تاروں میں سے موٹا تار۔ بلند

آواز۔ ج: بُمُوْم۔

بُمّ۔ بُوْم۔ بُوْمَۃ۔ (مذکر و مؤنث) اُلّو۔

ب۔ ن

بُنّ۔ کافی۔ کافی کا پھل۔ (د)

بِنَاء۔ مکان۔ گھر۔ ج: اَبْنِیَۃ ج اَبْنِیَات مص (ن) گھر بنانا۔ بھلائی کرنا۔ شادی کر کے بیوی کو گھر میں لانا۔ موٹا کرنا۔ کلمہ کے آخر حرف کا عوامل کے اختلاف کے باوجود ایک حالت پر رہنا۔

بِنَاءً عَلیٰ۔ لہٰذا۔ اس سبب سے۔

بَنّاء۔ معمار۔

بَنَات۔ گڑیاں۔ بیٹیاں۔ و: بِنْت۔

بَنَاتُ الدَّھْر۔ حوادثات۔ شدائد۔

بَنَاتُ النَّعْش۔ قطب شمالی کے قریب سات ستارے جو نسبتاً بڑے اور روشن ہیں۔

بَنَان۔ (جنس) پورہ۔ انگلی (مفرد) بَنَانَۃ ج: بَنَانَات۔

بِنْت۔ بیٹی۔ ج: بَنَات (یہ ابن کا مؤنث نہیں ہے بلکہ علیحدہ مستقل لفظ ہے)۔

بِنْتُ الْکَرْم۔ شراب۔

بِنْتُ الْفِکْر۔ خیال۔

بَنْج۔ بھنگ۔

بَنْد۔ جھنڈا۔ نشان۔ دس ہزار کا دستہ۔ باب۔ دفعہ۔ ج: بُنُوْد (د)

بَنْدَر۔ جہازوں کا اسٹیشن۔ سمندر کا کنارہ جہاں جہاز لنگر انداز ہوں۔

بَنْدُوْرَہ۔ ایک درخت مثل آلو۔

بُنْدُق۔ مٹی کا غلہ۔ ج: بَنَادِق۔

بُنْدُقٌ فَارِسیٌّ۔ چلغوزہ۔

بُنْدُقٌ ھِنْدِیّ۔ ریٹھا۔

بَنْدَقَۃ۔ غلہ بنانا۔ گھورنا۔

بُنْدُقِیَّۃ۔ بندوق۔ رائفل۔

بُنْدُوْق۔ حرامی۔ ج: بَنَادِیق۔

بَنْدِیْرَہ۔ جھنڈا۔ پھریرہ۔

بِنْصَر۔ (مؤنث ہے) انگلی جو بیچ کی انگلی اور چھوٹی انگلی کے درمیان ہے۔ ج: بَنَاصِر

بَنْطَلُوْن۔ پتلون۔ (د)

بَنَفْسَج۔ بنفشہ۔

بَنْک۔ بَنْکَۃ۔ بینک (د)

بَنْکُ التَّوْفِیر۔ سیونگ بنک۔

بُنُوَّۃ۔ بیٹاپن۔

بَنیٰ۔ (ض) گھر بنانا۔ بھلائی کرنا۔ شادی کر کے بیوی کو گھر میں لانا۔ موٹا کرنا۔

بُنَیَّ۔ میرے چھوٹے بیٹے۔

بُنَیَّاتُ الطَّرِیْق۔ چھوٹے راستے کہ بڑے راستہ سے پھٹیں۔ گلی کوچے۔

بُنْیَان۔ مکان۔ احاطہ کی دیوار۔ مص (ض) گھر بنانا۔ بھلائی کرنا۔ شادی کر کے گھر آباد کرنا۔ موٹا کرنا۔

بِنْیَہ۔ بُنْیَہ۔ عمارت۔ بناوٹ۔ ج: بِنیً۔ بُنیً۔

بَنَیْقَہ۔ کپڑے کی کلی۔ انگور کی نئی شاخ۔ ج: بَنَائِق۔

ب۔ و

بَوْء۔ نکاح۔ جماع۔ رجوع کرنا۔ موافق ہونا اقرار کرنا۔ گناہ کرنا۔ برابر کرنا۔

بَوَاء ۔ برابر۔ جواب ۔ برابری ۔ مشابہت۔
بَوَّاب ۔ دربان۔
بَوَّابَۃ ۔ دربانی۔
بَوَاح ۔ ظاہر و آشکارا ۔ علانیہ کھلم کھلا۔
بَوَار ۔ ہلاکی ۔ ہلاک ہونا ۔ بیوہ عورت کی بے رونقی
دَارُ البَوَار ۔ دوزخ (اصطلاح قرآنی)
بَوَاسِیر ۔ ایک خاص قسم کے مسے ۔ بواسیر۔
بَوْب ۔ (ن) [ل] دربان ہونا۔
بُوْتَقَۃ ۔ بوتہ کا معرب ۔ سنار کی کوٹھالی۔
بَوْح ۔ (ن) ظاہر ہونا [ب] بھید ظاہر کر دینا۔
بَوْر ۔ غیر مزروعہ بنجر زمین (ن) آزمانا ۔ ہلاک ہونا ۔ باطل ہونا ۔ زمین کا بنجر پڑا رہنا
بُوْر ۔ برا خراب آدمی ۔ اوباش۔
بُوْرَق ۔ سہاگہ۔
بُوْرِیٌّ ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔ پھنکنی۔
بُوْرِیَۃ ۔ بُورِیَا ۔ نرکل کی چٹائی۔
بُؤْس ۔ سختی و مصیبت ۔ ج: اَبْؤُس
بَوْس ۔ بوسہ۔
بُوْسَطَۃ ۔ ڈاک خانہ ۔ ڈاک (د)
بُوْسَطِجِی ۔ ڈاکیہ ۔ (د)
بُؤْسٰی ۔ سختی ۔ مشقت ۔ خلاف نُعمٰی۔
بَوْش ۔ بازاری ۔ ج: اَوْبَاش آوارہ لوگ
بُوْص ۔ ریشم۔
بُوْطَۃ ۔ سناروں کی کٹھالی ۔ بیل بوٹا (کپڑے وغیرہ میں)۔
بُوْغَاز ۔ دریا کا دہانہ ۔ آبنائے۔
بُوْق ۔ بگل ۔ سنکھ ۔ ج: بِیْقَان۔ باطل ۔ دروغ۔
بَوْل ۔ پیشاب ج: اَبْوَال۔

مص (ن) پیشاب کرنا ۔ پگھلنا۔ جاری ہونا۔
بُوْلِیصَۃ ۔ بل ۔ قبض الوصول ۔ چک ۔ پروانہ رسید ۔ (د)
بُوْلِیْس ۔ پولیس ۔ (د)
بُوْم ۔ اُلّو۔
بُوْیَۃ ۔ روغن ۔ وارنش۔

ب ۔ ھ

بَھَاء ۔ حسن و خوبی ۔ مص (ل،س) حسین و خوشنما ہونا ۔ حسن و خوبی میں غالب آنا۔
بَھَار ۔ ایک زرد رنگ کا خوشبودار پھول۔ خوبصورتی۔
بُھَار ۔ بت ۔ دھنی ہوئی روئی
بَھْت ۔ بَھَت ۔ (ف) بہتان لگانا ۔ غالب ہونا۔ (س،ل) حیران ہونا ۔ متحیر رہ جانا ۔ عاجز ہونا۔
بُھْت ۔ جھوٹ ۔ بہتان۔
بُھْتَان ۔ جھوٹ ۔ افترا ۔ کسی پر جھوٹی تہمت لگانا۔
بَھْج ۔ (س) [ب] خوش ہونا (ف) خوش کرنا۔
بَھْجَۃ ۔ خوبی اور حسن ۔ شادمانی اور خوشی ۔ مص (س) خوش ہونا ۔ خوب اور عمدہ ہونا۔
بَھْر ۔ (ف) روشن ہونا ۔ خوش نما نظر آنا ۔ غلبہ کرنا ہمسروں سے فضیلت و مرتبہ میں بڑھ جانا
بَھَق ۔ چھیپ ۔ مص (ف) چھیپ کی بیماری ہو جانا (صفت) اَبْھَق ۔
بَھْمَن ۔ ایک بوٹی کی جڑ ہے ۔ مولی کے مشابہ اس کی دو قسمیں ہیں۔
بَھْو ۔ خیمہ جو مہمانوں کے لئے گاڑا جائے بیٹھک

(د) ال

بَهُوت ۔ بہت جھوٹ گھڑنے والا۔
بَهِيج ۔ خوبصورت۔ نیک۔ مسرور و شادماں۔
بَهِيمَة ۔ چوپایہ بری ہو خواہ بحری۔ ہر جاندار لایعقل ج: بہائم۔

ب ۔ ی

بَيَات ۔ بَيْتُوتَة ۔ بَيْت ۔ (ض) رات گذارنا رات کو آنا۔ رات کو کسی کام میں لگا رہنا۔
بَيَاض ۔ بَيَاضَة ۔ سفیدی۔ چمک۔
بَيَّاع ۔ مول لینے والا۔ دلال۔
بِيَاعَة ۔ بیچنے کی چیز ج: بیاعات
بَيَان ۔ فصاحت۔ زباں آوری۔ تشریح۔ صفائی۔
عِلْمُ الْبَيَان ۔ علم بلاغت کی ایک شاخ۔
بَيْت ۔ گھر۔ ج: ابیات۔ بُیُوت۔ جج: بُیُوتَات۔ گھروالے۔ کنبہ۔ خانہ کعبہ زادہ اللہ شرفاً۔ شعر۔
بَيْتُ الْحَرَام۔ بَيْتُ الْعَتِيق۔ بَيْتُ اللّٰه خانہ کعبہ۔
بَيْتُ الْخَلَاء۔ پاخانہ۔
بَيْتُ الْمَال۔ قومی خزانہ۔ سرکاری خزانہ
بَيْتُ الْمُقَدَّس۔ بیت المقدس (فلسطین کے شہر قدس کا مشہور معبد)۔
بَيْتَة ۔ شب گذاری۔
بَيْدَاء ۔ ریگستان۔ بیابان۔ ج: بِيد
بَيْدَرَة ۔ ڈھیر۔ ڈھیر لگانا۔
بَيْدَق ۔ راہنما۔ پیادہ۔ شطرنج کا پیادہ ج: بیادق۔

بِيْر ۔ (مؤنث) کنواں۔ ج: آبار۔ بِئار۔
بِيرَة ۔ بیر۔ شراب۔
بَيْرَق ۔ جھنڈا۔ ج: بیارق
بَيْزَنطِي ۔ قسطنطینوی۔
بِئْس ۔ سختی و مصیبت۔ بِئْس (کلمۂ ذم) برا۔ خراب
بَيْص ۔ دو لفظ ساتھ بولے جاتے ہیں۔ حَيْص بَيْص۔ سختی و تنگی۔
بَيْض ۔ (ض) انڈا دینا۔ گرمی کا شدید ہونا۔ سفیدی میں غالب آنا۔ مقیم ہونا۔ برسنا
بَيْض ۔ سپید۔ و: ابیض۔
اَيَّامُ بِيض۔ ۱۳، ۱۴، ۱۵ ہر ماہ قمری کی۔
بَيْضَاء ۔ مصیبت و سختی۔ گیہوں۔ آفتاب۔ دیگ شکاری کا جال (منتہی)
بَيْضَة ۔ انڈا۔ ج: بَيض۔ بُيُوض۔ بَيْضَات مکان اور شہر وغیرہ کا وسط۔
بَيْضَةُ الْخِدْر۔ پردہ نشین لڑکی۔
بَيْطَار۔ بَيْطَر۔ چوپایوں کا معالج۔ درزی۔ مصدر بَيْطَرَة
بَيْع ۔ بَيْعَة ۔ (ض) خریدنا۔ بیچنا۔ لغات اضداد سے ہے چغلی کھانا۔
بَيِّعَان ۔ بائع اور مشتری۔
بَيْعَة ۔ عہد و پیمان۔ خلیفہ یا پیشوائے دین سے اقرار وفاداری۔
بِيعَة ۔ نصاریٰ کا عبادت خانہ۔ گرجا۔ ج: بِيَع ۔ بِيعَات۔
بَيْلَسَان ۔ ایک قسم درخت کی۔ اس درخت کا پھول
بِيمَارِسْتَان۔ شفاخانہ (د)
بیولوجیا۔ بیالوجی۔ علم الحیات۔
بَيْن ۔ بَيْنُونَة ۔ (ض) جدا ہونا۔ ملنا اور پیوست ہونا۔ لغات اضداد سے ہے۔ طلاق پانا۔

بیاہا جانا۔
بَیْنَ ۔ درمیان ۔ بیچ ۔
بَیْنَ یَدَیْ ۔ سامنے ۔
(ذَاتُ) الْبَیْنِ ۔ دوستی ۔ رشتہ داری
بَیِّن ۔ ظاہر ۔ عیاں ۔ ج:۔ اَبْیِنَاء
بَیِّنَة ۔ روشن دلیل ۔ وجہ ثبوت ج:۔ بَیِّنَات ۔
بَیُوْت ۔ جس پر رات گذر چکی ہو ۔
بُیُوْن ۔ بَیْن ۔ (ض) [عن] جدا ہونا ۔ علیحدہ ہونا
بَئِیْس ۔ بہادر آدمی ۔ شدید و سخت ۔
عَذَابٌ بَئِیْسٌ ۔ سخت عذاب ۔

ت ۔ ۱ ۴۰۰

ت ۔ حرف قسم اور حرف جر ہے ۔ مختص ہے اسم ذات اللہ کے ساتھ ۔ کسی اور اسم پر داخل نہیں ہوتا ۔ اور تا اسماء کے آخر میں علامت تانیث کے طور پر آتی ہے اور کبھی وحدت یا جمع یا مبالغہ کے لئے بھی آتی ہے جیسے تَمْرَة ، قِرَدَة ، عَلَّامَة فعل ماضی کے آخر میں بھی تا آتی ہے (مفتوح خطاب واحد مذکر کے لئے اور مکسورہ خطاب واحد مؤنث کے لئے اور مضمومہ واحد متکلم کے لئے اور ساکنہ علامت تانیث کے طور پر) ۔ مضارع کے شروع میں خطاب مذکر و مؤنث کے لئے آتی ہے ۔

تَا ۔ اسم اشارہ مؤنث ہے ۔ تثنیہ تَانِ ج:۔ اُولَاء (مذکر و مؤنث) اُوْلَآءِ اس پر ہائے تنبیہ بھی داخل ہوتی ہے ۔ هاتان ۔ هٰؤُلَاءِ ۔ اور بسا اوقات کاف خطاب کے ساتھ بلالحاظ معنی کاف کے تمام مواقع میں اس کا استعمال ہوتا ہے تَاكَ ۔ تَالِكَ ۔ اُولٰئِكَ ۔ تصغیر تَیَّا هٰتَیَّا ۔

تَابّ ۔ بزرگ مرد ۔ ضعیف اونٹ ۔ گدھا اور اونٹ جس کی پشت زخمی ہو ۔ ج:۔ اَتْبَاب ۔
تَاَبُّب ۔ کسی چیز پر اچنبھا کرنا ۔
تَاَبُّس ۔ ویران ہونا ۔ اجاڑ ہونا ۔
تَاَبُّط ۔ کسی چیز کو بغل میں لینا ۔
تَابِع ۔ پیروی کرنے والا ۔
تَابُوْت ۔ مردہ کا صندوق ۔ صندوق ۔
تَابُوْرَة ۔ فوج کا حصہ ۔ دستہ ۔ ج:۔ تَوَابِیْر (د)
تَاَبُّد ۔ ابدی ہونا ۔ وحشی ہونا ۔ مکان کا اجاڑ ہونا ۔
تَاْبِیْر ۔ تَاْبُّر ۔ مادہ کھجور کے شگوفہ میں نر کھجور کا شگوفہ ڈالنا تاکہ خوب بار آور ہو ۔
تَاْبِیْن ۔ مردہ پر اس کی بھلائیاں بیان کر کے رونا کسی کے روبرو اس کا عیب بیان کرنا ۔
تَاَتِّی ۔ مہیا ہونا ۔ سہل ہونا ۔ [ل] نرمی اختیار کرنا مائل ہونا [من ۔ عن] صادر ہونا ۔
تَاَثُّر ۔ اثر قبول کرنا ۔
تَاَثُّم ۔ گناہ سے تائب ہونا ۔ گناہ سے علیحدہ رہنا خود کو گناہ گار سمجھنا ۔
تَاْثِیْر ۔ [فی] کسی چیز میں اثر چھوڑنا ۔ اثر کرنا ۔
تَاْثِیْم ۔ گناہ کی جانب منسوب کرنا ۔ ایسا کام کرنا جو حلال اور جائز نہیں ۔ گناہ ۔
تَاج ۔ سونے اور جواہرات کی ٹوپی بادشاہ کے واسطے ۔ ج:۔ تِیْجَان ۔

تَاَجَّج ۔ آگ کی لوکا اٹھنا ۔ آگ بھڑکنا ۔ دن کا سخت گرم ہونا ۔

تَاجِر ۔ سوداگر ۔ ج : تِجَار ۔ تُجَّار ۔

تَاْجِیْج ۔ آگ کو بھڑکانا ۔

تَاْجِیْل ۔ مدت معین کرنا ۔ مہلت دینا ۔ بند کرنا ۔ روکنا ۔ تالاب میں پانی جمع کرنا ۔

تَاَخُّر ۔ دیر کرنا ۔ دیر لگانا ۔ پیچھے رہ جانا ۔

تَاٰخِی ۔ دو جماعتوں کا آپس میں برادری قائم کرنا ۔

تَاَخِّی ۔ بھائی ہونا ۔ کسی کو بھائی بنا لینا یا بھائی کہنا ۔ قصد کرنا ۔

تَاْخِیْر ۔ پیچھے چھوڑ دینا ۔ پیچھے کر دینا ۔

تَاَدُّب ۔ ادب سیکھنا ۔

تَاَدِّی ۔ پہنچانا ۔ ادا کرنا ۔ پہنچنا ۔

تَاْدِیْب ۔ ادب سکھانا ۔

تَاْدِیَة ۔ پہنچا دینا ۔ امانت اور قرض کو ادا کرنا ۔ (اسم مصدر) اَدَاء

تَاَذُّن ۔ آگاہ کرنا ۔ حاکم کو تہدید کے ساتھ منادی کرنا قسم کھانا ۔

تَاَذِّی ۔ رنج اٹھانا ۔ آزردہ ہونا ۔

تَاْذِیْن ۔ اذان کہنا ۔ خوب اعلان کرنا ۔ اجازت دینا گوشمالی کرنا ۔

تَارَة ۔ ایک مرتبہ ۔ ج : تِیَر ۔

تَارِیْخ ۔ کسی چیز کے تیار ہونے کا وقت لکھنا ۔ کسی چیز کے تیار اور مکمل ہونے کا وقت ۔

تَاْزِیْر ۔ ازار پہنانا ۔ مضبوط اور پختہ کرنا ۔

تَاسِع ۔ نواں ۔

تَاَسُّف ۔ کسی پر رنج کرنا ۔ کسی پر ملول اور اندوہگیں ہونا ۔

تَاَسُّن ۔ پانی کا رنگ و مزہ بدل جانا ۔ دیر لگانی ۔

اپنے بزرگوں کے خصائل اختیار کرنا ۔ [علی] بہانہ ڈھونڈھنا ۔

تَاسُوْعَاء ۔ محرم کا نواں دن ۔

تَاَسِّی ۔ تسلی پکڑنا ۔ تشفی پانا ۔ آرام پانا ۔ سہنا ۔

تَاٰسِی ۔ غمخواری کرنا اور ایک دوسرے کو تسلی دینا ۔

تَاْسِیَة ۔ کسی کے لئے کڑھنا ۔ اور اس کو تسلی دینا ۔

تَاْسِیْس ۔ بنیاد رکھنا ۔ جڑ بنانا ۔

تَاَفُّف ۔ اُف کہنا ۔ تھو تھو کرنا ۔

تَاَفُّق ۔ افق سے آنا ۔

تَاْفِیْف ۔ اُف کہنا ۔ تھو تھو کرنا

تَاْفِیْك ۔ جھوٹ کہنا ۔

تَاْقِیْت ۔ وقت معین کرنا (بمعنی توقیت)

تَاَكُّد ۔ مضبوط ہوجانا ۔ تَوَكُّد ۔ تَاكُّد سے زیادہ فصیح ہونا ۔

تَاَكُّل ۔ تلوار ۔ بجلی وغیرہ کا چمکنا ۔

تَاٰكُل ۔ آپس میں کھانا ۔ آپس میں کشت و خون کرنا

تَاْكِیْد ۔ مضبوط کرنا تَوْكِیْد ۔ تَاكِیْد سے زیادہ فصیح ہے ۔

تَاَلُّف ۔ خاطر و مدارات کرنا ۔ اپنی طرف مائل کرنے کے لئے کوئی چیز دینا ۔ آپس میں متفق ہونا ۔

تَاَلُّق ۔ بجلی کا چمکنا ۔ عورت کا مزین اور آراستہ ہونا ۔ لڑنے کے لئے عورت کا دامن اٹھانا یا شر کے لئے اس کا آمادہ ہونا اور سر کو بلند کرنا ۔

تَاَلُّم ۔ دردمند ہونا ۔ دکھ پانا ۔

تَاَلُّه ۔ پرستش کرنا ۔ پوجنا ۔ عبادت کرنا ۔ معبود بنانا ۔

تَالِه ۔ بیخود و سرگشتہ ۔ (مادہ تله)

تَاَلِّی ۔ قسم کھانا ۔

تَاَلِّی ۔ قسم کھانا۔
تَالِی ۔ پیچھے چلنے والا۔چوتھا گھوڑا گھوڑ دوڑ کا۔
تَاْلِیَۃ ۔ قصور کرنا۔دیر لگانا۔تکبر کرنا
تَاْلِیف ۔ آپس میں صلح اور موافقت کرا دینا۔اکٹھا کر دینا۔ہزار پورے کر دینا۔
تَامّ ۔ پورا۔مکمل۔
تَاَمُّر ۔ ایک دوسرے پر حکم کرنا۔مشورہ کرنا۔
تَاَمُّل ۔ کام میں تاخیر کرنا۔انجام سوچنا۔
تَاَمُّم ۔ ماں بنانا۔کسی کو ماں کہنا۔قصد کرنا
تَامُور ۔ جان۔زندگی۔دل۔خون۔زعفران۔بچہ۔بچہ دان۔وزیر۔بادشاہ۔
تَیَمُّم ۔ خاک کی طرف وضو کے لئے قصد کرنا۔
تَامُول ۔ پان۔
تَاْمِیر ۔ حاکم بنانا۔تیز کرنا۔داغ دینا۔مسلط کر دینا۔بہت کر دینا۔
تَاْمِیل ۔ امید رکھنا۔
تَاْمِیم ۔ قصد کرنا۔
تَاْمِین ۔ آمین کہنا۔دیانتداری کرنا۔دیانتدار سمجھنا اعتماد کرنا (د) بیمہ کرانا۔
تَاَنُّث ۔ مؤنث ہونا۔نرم ہونا۔
تَاَنُّس ۔ کسی سے دل کو چین ملنا۔مانوس ہونا
تَاَنِّی ۔ سستی۔ڈھیل۔ڈھیل دینا۔انتظار کرنا
تَاْنِیث ۔ عورت کی طرف منسوب کرنا۔مؤنث شمار کرنا۔مخنث بنانا۔(ل) نرم ہونا۔
تَاْنِیس ۔ اُنس پکڑنا۔پہچاننے کے لئے غور سے دیکھنا
تَاْنِیف ۔ عار پر برانگیختہ کرنا۔پیکان کا تیز کرنا۔اونٹوں کو چراگاہ تازہ میں چھوڑنا۔
تَاْنِیق ۔ اچھنبے میں ڈالنا۔
تَاَوُّب ۔ پھر جانا۔

تَاَوُّخ ۔ قصد کرنا
تَاَوُّل ۔ تاویل کرنا۔تفسیر کرنا۔تشریح کرنا۔
تَاَوُّہ ۔ آہ کہنا۔
تَاَوِّی ۔ پناہ لینا
تَاْوِیَۃ ۔ پناہ اور جگہ پکڑنا۔پناہ اور جگہ دینا۔
تَاْوِیل ۔ کسی کو کسی کی طرف پھیر دینا۔تاویل کرنا۔تفسیر کرنا۔تشریح کرنا۔
تَاوِیَۃ ۔ آہ کہنا۔
تَاَھُّب ۔ تیار ہونا۔سامان کرنا۔
تَاَھُّل ۔ شادی کرنا۔متعلقین کے ساتھ ہونا۔
تَاَھُّہ ۔ آہ کرنا۔
تَاَیُّب ۔ پھر جانا
تَائِب ۔ توبہ کرنے والا۔
تَائِج ۔ تاجدار۔
تَاْبِیب ۔ پھر جانا۔
تَاْبِید ۔ قوت دینا۔
تَاْیِیس ۔ ناامید کرنا۔حقیر و ذلیل سمجھنا۔اثر کرنا۔نرم کرنا۔
تَاْیِیم ۔ بیوہ کرنا۔

ت ۔ ب

تَبّ ۔ تَبَّۃ ۔ نقصان۔ہلاکت۔موت۔
تُبّ ۔ تَبَاب۔(ض) ہلاک ہونا۔
تَبَادُر ۔ جلدی کرنا۔کسی بات کا فوراً خیال آنا۔
تَبَادُل ۔ ادلا بدلا کرنا۔
تَبَادِی ۔ صحرا نشین کی مشابہت اختیار کرنا۔آپس میں کھل جانا۔
تَبَار ۔ ہلاکی۔
تَبَارُد ۔ آپس میں نیکی کرنا۔

تَبَارُک ۔ پاک اور منزہ ہونا ۔ یہ صفت خاص ہے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ۔
تَبَارِی ۔ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ۔
تَبَاشُر ۔ ایک دوسرے کو خوش خبری دینا ۔
تَبَاشِیْر ۔ اوائل شے ۔
تِبَاع ۔ کسی کے کام کی پیروی کرنا ۔
تَبَاعُد ۔ دُور ہونا ۔
تَبَاعُل ۔ جماع کرنا ۔ شوہر و بیوی کا باہم ملنا ۔
تَبَاغُض ۔ باہم دشمنی کرنا ۔
تَبَاکِی ۔ جھوٹ موٹ رونا ۔ رونے کی صورت بتکلف بنانا ۔
تَبَالُہ ۔ خود کو جھوٹ موٹ بیوقوف ظاہر کرنا ۔
تَبَالِی ۔ آزمانا ۔
تُبَان ۔ جانگیا ۔ لنگوٹی ۔ لنگوٹ ج: تَبَابِیْن
تَبَّان ۔ گھانس بیچنے والا ۔
تَبَاوُش ۔ باہم ایک چیز کو لے لینا ۔
تَبَاهُل ۔ آپس میں ایک دوسرے پر لعنت کرنا ۔
تَبَاهِی ۔ آپس میں فخر کرنا ۔
تَبَایُع ۔ باہم خرید و فروخت کرنا ۔ بیعت کرنا ۔
تَبَتُّل ۔ کٹا ہوا ہونا ۔ ماسوا اللہ سے کٹ کر اللہ جل جلالہ کی طرف متوجہ ہونا ۔ عورتوں کی طرف سے بے پروا اور بے رغبت ہونا ۔ درخت کی جڑ میں سے پودہ کا نکل کر مستقل ہو جانا
تَبْتِیْل ۔ کاٹنا ۔ الگ کرنا ۔
تَبْثِیْر ۔ جلد بدن کا پھنسیاں ظاہر کرنا ۔
تَبْثِیْث ۔ خبر کا فاس کرنا ۔ منتشر کرنا ۔ غبار اڑانا ۔
تَبْجِیْل ۔ بزرگ سمجھنا ۔ تعظیم کرنا ۔
تَبَحُّث ۔ کھودنا ۔ تفتیش کرنا ۔
تَبَحُّر ۔ بہت مالدار ہونا ۔ بہت ذی علم ہونا ۔
تَبَخْتُر ۔ ناز سے چلنا ۔
تَبْخِیْر ۔ خوشبو کے لئے کسی چیز کو سلگانا ۔
تَبْخِیْل ۔ کسی کو بخیل کہنا ۔
تَبَدُّع ۔ بدعتی ہونا
تَبَدُّل ۔ بدلے میں لینا ۔ پہلی حالت سے دوسری حالت پر ہو جانا ۔ بدل جانا ۔
تَبَدِّی ۔ نکلنا ۔ ظاہر ہونا ۔ جنگل میں رہنا ۔
تَبْدِیْد ۔ متفرق کر دینا ۔ تھک جانا ۔ بیٹھے بیٹھے اونگھنا ۔
تَبْدِیْع ۔ کسی کو بدعتی کہنا ۔
تَبْدِیْل ۔ بدلے میں لانا ۔ پہلی حالت میں فرق کر دینا ۔ بدل دینا ۔
تِبْذَارَۃ ۔ تِبْذَار ۔ مسرف آدمی ۔ بیجا خرچ کرنے والا ۔
تَبَذُّل ۔ خود کو اور اپنے کپڑوں کو میلا کچیلا رکھنا ۔ حفاظت نہ کرنا ۔ ہار دینا ۔
تَبْذِیْر ۔ بے موقعہ مال لٹانا ۔ بیج بونا ۔ بھید ظاہر کرنا ۔ متفرق کرنا ۔ آزمانا ۔
تَبْر ۔ (ض) توڑ پھوڑ دینا ۔ تہس نہس کرنا ۔
تِبْر ۔ سونا ۔ چاندی ۔ کچی دھات کا ٹکڑا اور گلانے کے بعد ذَهَب فِضَّة وغیرہ کہتے ہیں ۔ ج: تُبُوْر
تَبَرُّج ۔ عورت کا اپنی زیب و زینت مردوں کو دکھاتے پھرنا ۔
تَبَرْدُخ ۔ مہذب و متمدن ہونا (د)
تَبَرُّز ۔ فرماں برداری کرنا ۔ اطاعت گذار ہونا ۔
تَبَرُّز ۔ قضائے حاجت کے لئے جنگل کی طرف جانا
تَبَرُّع ۔ بنظر ثواب اپنی خوشی سے کوئی فعل کرنا ۔

تَبَرْقُع ۔ برقعہ پہننا۔
تَبَرُّک ۔ برکت حاصل کرنا۔
تَبَرُّم ۔ عاجز آنا۔ ملول ہونا۔
تَبَرْنُس ۔ ٹوپی اوڑھنا۔
تَبَرِّی ۔ رہائی پانا۔ بیزار ہونا۔
تَبَرُّأ ۔ بیزار ہونا۔
تَبْرِیَہ ۔ پاک کر دینا۔ بیزار کرنا۔
تَبْرِیْج ۔ برج بنانا۔
تَبْرِیْد ۔ ٹھنڈا کرنا۔ برف میں ملانا۔ ایسی چیز پلانا جو ٹھنڈک پہنچائے۔ کمزور اور سست کرنا۔
تَبْرِیْق ۔ آراستہ ہونا۔ گھورنا۔ لمبا سفر کرنا۔ دشوار ہونا۔ زینت دینا۔ منقش کرنا۔
تَبَزُّق ۔ تھوکنا۔
تَبَسُّط ۔ پھیلا ہوا اور فراخ ہونا۔ شہروں میں ہر طرف جانا۔
تَبَسُّم ۔ مسکرانا۔ چمکنا۔
تَبسِی ۔ سینی (د)
تَبْسِیْط ۔ بچھانا۔
تَبَشْبُش ۔ تَبَشْبُش۔ خوش اور تازہ رو ہونا۔ خدا تعالیٰ کا راضی ہونا۔
تَبْشِیْر ۔ خوشخبری دینا۔
تَبَصُّص ۔ چمکنا۔
تَبَصْبُص ۔ کتے کا دم ہلانا۔
تَبَصُّر ۔ پہچاننا۔ اچھی طرح سے دیکھنا۔ تامل کرنا۔ دیکھنے کی خواہش کرنا۔
تَبْصِرَۃ ۔ واقفیت بہم پہنچانا۔ پہچنوا دینا۔ بینا کر دینا۔
تَبْصِیْر ۔ کسی چیز سے واقفیت کرنا۔ آنکھیں روشن کر دینا۔ تعریف اور توضیح کرنا۔ بصرہ میں آنا۔
تَبَطُّل ۔ شجاع و دلیر ہونا۔ باطل چیزوں کو آپس میں نمبردار لینا۔ لغویت پسند ہونا۔
تَبَطُّن ۔ کسی کو اپنے نیچے لے لینا۔ حقیقت کار سے واقف ہونا۔ کسی کے درمیان پھرنا
تَبْطِیْن ۔ پیٹ پر مارنا۔ استر لگانا۔ ٹھوڑی کے نیچے کے بال منڈوانے۔ چوپایہ پر تنگ باندھنا۔
تَبْطِیْئ ۔ تاخیر کرنا۔ کام کو پیچھے ڈالنا۔
تَبْظِیْر ۔ عورت کا ختنہ کرنا۔
تَبَع ۔ (واحد و جمع) پیچھے چلنے والے۔ ج: اَتْبَاع (س) پیچھے چلنا۔ کسی کے پیچھے جانا اور اس سے جا ملنا۔
تُبَّع ۔ سایہ۔ ایک قسم کی شہد کی مکھی۔ ج: تَبَابِیْع۔ شاہان یمن قدیم کا لقب۔ ج: تَبَابِعَۃ۔
تَبِعَۃ ۔ انجام بد۔ برا نتیجہ۔
تَبَعُّث ۔ نکلنا۔ جاری ہونا۔
تَبَعْثُر ۔ جی متلانا۔
تَبَعُّد ۔ دور جانا۔
تَبَعُّض ۔ حصہ حصہ ہونا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
تَبَعُّق ۔ بادل کا زور سے مینہ برسانا۔ یکایک گفتگو کرنے لگنا۔
تَبَعُّل ۔ شوہر کی فرمانبرداری کرنا۔ شوہر کے لئے آراستہ ہونا۔ ایک قوم کا دوسری قوم میں رشتہ داری کرنا۔
تَبْعِیْد ۔ دور کرنا۔
تَبْعِیْر ۔ انتڑی میں سے مینگنی نکالنا۔

تَبْعِیض ۔ حصّہ حصّہ کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَبَغُّض ۔ دشمنی کرنا۔
تَبْغ ۔ تُرکی تمباکو (د)
تَبَغْنُج ۔ ناز کرنا۔ ادائیں دکھانا۔
تَبَغِّی ۔ تلاش کرنا۔
تَبْغِیض ۔ دشمن بنا دینا۔
تَبَقِّی ۔ تَبْقِیَۃ ۔ زندہ اور باقی رکھنا۔
تَبْکِیت ۔ سختی کرنا۔ ملامت کرنا۔ بحث و دلیل میں غلبہ حاصل کرنا۔
تَبْکِیَۃ ۔ کسی پر اس کی خوبیاں بیان کر کے رونا۔ میت پر رونے کے لئے کسی کو آمادہ کرنا۔
تَبْکِیر ۔ صبح کے وقت آنا۔ جلدی آنا۔ علی الصبح بیدار کر دینا۔ آگے ہونا۔ نماز کے لئے اوّل وقت آنا۔
تَبَلُّد ۔ بناوٹ سے اپنے آپ کو کند ذہن ظاہر کرنا۔ تالی بجانا۔ متحیر ہونا۔ کسی شہر میں مسلّط ہونا۔ کسی خالی مقام کو آباد کرنا۔
تَبَلُّل ۔ تر ہونا۔ بھیگنا۔
تَبَلُّہ ۔ جھوٹ موٹ بیوقوف بن جانا۔ گمشدہ کو تلاش کرنا۔ بغیر راہبر اور بغیر استفسار راہ طے کرنا۔
تَبْلِیَۃ ۔ پرانا کرنا۔
تَبْلِیط ۔ سنگین فرش کرانا (د)
تَبْلِیغ ۔ پہنچانا۔
تَبْلِیل ۔ تر کرنا۔
تِبْن ۔ (اسم جنس) بھس (مفرد) ج: اَتْبَان
تَبْن ۔ (ض) چوپایہ کو بھس دینا۔
تَبَنِّی ۔ بیٹا بنانا۔ (موٹی عورت کا) چار زانو بیٹھنا۔
تَبْنِیَۃ ۔ گھر بنانا۔

تَبَوُّش ۔ باہم مل جانا۔
تَبَوُّع ۔ لمبے قدم رکھنا۔ جست لگانا۔ رسّی کا لمبا ہونا۔
تَبَوُّغ ۔ غلبہ کرنا۔
تَبَوُّء ۔ اترنا اور مقیم ہو جانا۔ قابو پانا۔
تَبْوِیب ۔ ابواب میں تقسیم کرنا۔ اقسام اور درجوں میں ترتیب دینا۔
تَبْهِیج ۔ خوبصورت اور اچھا کر دینا۔
تَبَاطُح ۔ پہلو پر سونا۔ اعراض کرنا۔
تِبْیَان ۔ ظاہر اور عیاں کرنا۔ تشریح۔ توضیح۔ تفصیل۔ کھلا کھلا بیان۔
تَبِیع ۔ مددگار۔ پیچھے چلنے والا۔ بچھڑا (م) تَبِیعَۃ ج: تِبَاع
تَبَیُّن ۔ ظاہر و عیاں ہونا۔ سمجھنا۔ ظاہر کرنا۔ احتیاط سے امتحان کرنا۔
تَبْیِیت ۔ کسی کام کا رات میں ارادہ کرنا۔ تدبیر کرنا۔ شبخون مارنا۔ گڑھنا۔ تراشنا۔
تَبْیِیض ۔ سفید کرنا۔ سفید لباس پہننا۔ قلعی کرنا۔ بھرنا۔ خالی کرنا۔
تَبْیِین ۔ ظاہر و عیاں ہونا۔ ظاہر و عیاں کرنا۔ بیٹی بیاہ دینا۔ اُگنا۔

ت ۔ ت

تَتَابُع ۔ پے در پے ہونا۔ ایک دوسرے کی پیروی کرنا
تَتَارُک ۔ ایک دوسرے پر کام کو چھوڑ دینا۔
تَتَالِی ۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ پے در پے آنا۔
تَتَبُّع ۔ تَتْبِیع ۔ کسی کو اس کے پیچھے پیچھے جا کر ڈھونڈھنا۔
تَتَرُّب ۔ خاک آلودہ ہونا۔

تَتْبِیر ۔ توڑپھوڑڈالنا ۔ ہلاک کرنا ۔
تَتَرُّس ۔ تَتْرِیس ۔ ڈھال آگے رکھنا ۔
تَتَرُّف ۔ نازونعمت میں زندگی بسر کرنا ۔
تَتْرِیب ۔ غریب ہونا ۔ دولت مند ہونا ۔ خاک ڈالنا ۔
خاک آلودہ کرنا ۔
تَتْرٰی ۔ متواتر ۔ پے درپے ۔ ایک کے پیچھے ایک
تَتْرِیف ۔ نازونعمت میں پرورش کرنا ۔
تَتْفِیف ۔ تف کہنا ۔
تَتْلِیَة ۔ پیچھے پیچھے جانا ۔ تابع کرنا ۔ نذر ادا کرنا ۔
مرنے کے قریب پہنچنا ۔
تَتِمَّة ۔ تمام کرنا ۔ کسی چیز کی مداومت کرنا ۔
تَتْمِیر ۔ خشک کرنا ۔ تر کھجوروں کا خشک ہوکر تمر
ہوجانا ۔
تَتْمِیم ۔ تمام کرنا ۔ مداومت کرنا ۔ ہلاک کرنا ۔
گلے میں تعویذ ڈالنا ۔
تَتَوُّج ۔ تاج پہننا ۔
تَتْوِیب ۔ توبہ کرانا ۔ کسی کے روبرو خدا تعالیٰ کا ذکر
کرنا تاکہ وہ تائب ہوجائے ۔
تَتْوِیج ۔ تاج پہنانا ۔

ت ۔ ث

تَثَاقُل ۔ کاہلی کرنا ۔ کسی سے پیچھے رہنا ۔ بھاری ہوکر
پڑا رہنا ۔ لڑائی میں بزدلی کرنا ۔
تَثَاؤُب ۔ جمائی لینا ۔
تَثَبُّت ۔ دیر لگانا ۔ جگہ پر لانا ۔ برقرار رہنا ۔ جما رہنا
تَثْبِیت ۔ قائم رکھنا ۔ برقرار اور برجا رکھنا ۔
جمائے رکھنا ۔
تَثْرِیب ۔ قصور پر سرزنش اور ملامت کرنا ۔
لپیٹنا ۔ تہ کرنا ۔

تَثْرِیَة ۔ تر کرنا ۔ چھڑکاؤ کرنا ۔
تَثَقُّب ۔ سوراخدار کرنا ۔ سوراخدار ہونا ۔ آگ بھڑکانا
تَثْقِیب ۔ سوراخ کرنا ۔ آگ بھڑکانا ۔ بڑھاپے کا
ظاہر ہونا ۔
تَثْقِیل ۔ وزن بھاری کردینا ۔
تَثَلُّم ۔ رخنہ دار ہونا ۔
تَثْلِیث ۔ تین حصہ کردینا ۔ خدا تعالیٰ کا تین جاننا ۔
(تعالی اللہ عن ذلک علواً کبیرا)
تَثْلِیم ۔ رخنہ دار کردینا ۔
تَثْمِیر ۔ بہت مالدار ہونا ۔ دولت کا ڈھیر لگا لینا ۔
تَثَنِّی ۔ دوہرا ہوجانا ۔ پھر جانا ۔ مٹک کر چلنا ۔
تَثَوُّب ۔ ثواب حاصل کرنا ۔ فرض کے بعد نفل پڑھنا ۔
تَثْوِیب ۔ چلے جانے کے بعد واپس آنا ۔ بدلہ دینا ۔
اذان کہنا ۔ تکبیر کہنا ۔ دوبارہ بلانا ۔ پکارنا
آذان کے بعد الصلوۃ رحمکم اللہ کہنا ۔
اذان فجر میں الصلوٰۃ خیر من النوم
کہنا ۔
تَثَیُّب ۔ عورت کا بیوہ ہوجانا ۔

ت ۔ ج

تَجَاثِی ۔ زانو پر بیٹھنا ۔
تَجَاحُد ۔ آپس میں انکار کرنا ۔
تَجَادُل ۔ آپس میں جھگڑا کرنا ۔
تَجَاذُب ۔ باہم کشاکشی کرنا اور جھگڑنا ۔ کھینچ جانا ۔
تَجَارُب ۔ ایک دوسرے کو آزمانا ۔ مناظرہ کرنا ۔
تِجَارَة ۔ سوداگری ۔ خرید وفروخت مص (ن)
خرید وفروخت کرنا ۔
تَجَارِی ۔ باہم مل کر چلنا ۔
تَجَازِی ۔ قرض کا تقاضا کرنا ۔

تَجَاسُر ۔ دلیر ہونا ۔ جری ہونا ۔ شوخ ہونا ۔
تَجَافِیْ ۔ [عن] دور ہٹنا ۔ چھوڑ دینا ۔
تَجَالُد ۔ تلوار سے ایک دوسرے کو مارنا ۔
تَجَالُس ۔ آپس میں مل بیٹھنا ۔
تَجَالِی ۔ ظاہر ہونا ۔
تَجَانُب ۔ دور ہونا ۔ برطرف ہونا ۔
تَجَاوُب ۔ ایک دوسرے کو جواب دینا ۔
تَجَاوُر ۔ پڑوسی بننا ۔
تَجَاوُز ۔ [عن] قصور معاف کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔
[فی] حد سے بڑھ جانا ۔
تَجَادُل ۔ جنگ اور مقابلہ میں پینترے بدلنا ۔
تُجَاہ ۔ منہ کے سامنے ۔ مقابل ۔
تَجَاهُد ۔ خوب کوشش کرنا ۔ زور قوت کو صرف کرنا
تَجَاهُل ۔ خود کو نادان ظاہر کرنا ۔
تَجَبُّر ۔ خوشحال اور دولت مند ہونا ۔ تکبر کرنا
مریض کا بحال اور تندرست ہو جانا ۔ تلافی
مافات ہو جانا ۔
تَجَبُّن ۔ دودھ کا دہی ہو جانا ۔
تَجْبِیْر ۔ ٹوٹے ہوئے کو باندھنا ۔ کسی کا حال درست
کر دینا ۔ دولت مند کر دینا ۔
تَجْبِیْن ۔ کسی کو بزدل کہنا ۔
تَجْبِیَہ ۔ اپنی پیشانی کو جھکانا ۔ زانی وزانیہ کی تشہیر کرنا
تَجَحُّر ۔ سوراخ میں گھسنا ۔ آنکھ کا اندر کو گھس جانا
تَجَدُّد ۔ نیا ہونا ۔ جدید ہونا ۔
تَجْدِیْد ۔ نیا کرنا ۔ کسی کام کو نئے سرے سے کرنا ۔
تَجْدِیْع ۔ دونوں کان کاٹ ڈالنا ۔ قحط کا گھاس کو
مرجھا دینا ۔ بچہ کو بدخوار بنا دینا ۔
تَجْدِیْل ۔ زمین پر گر پڑنا ۔ زمین پر دے مارنا ۔
تَجَذُّب ۔ پینا ۔

تَجْر ۔ (ن) خرید و فروخت کرنا ۔
تَجْرِبَة ۔ آزمانا ۔
تَجَرُّع ۔ گھونٹ گھونٹ کر کے پینا ۔
تَجَرُّم ۔ ختم ہو جانا ۔ گذر جانا [علی] کسی پر جرم کا
جھوٹا الزام لگانا ۔
تَجَرُّء ۔ دلیر ہونا ۔
تَجْرِیْح ۔ زخمی کر دینا ۔
تَجْرِیْد ۔ ننگا کرنا ۔ پوست اتار دینا ۔ تلوار سونتنا ۔
کتاب میں اعراب اور نقطے نہ دینا ۔
تَجْرِیْر ۔ خوب کھینچنا ۔
تَجْرِئَة ۔ دلیر کر دینا ۔
تَجَزِّی ۔ اکتفا کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔
تَجَسُّد ۔ جسیم اور بھاری بدن کا ہونا ۔ جسم والا ہونا ۔
تَجَشُّم ۔ بھاری بدن کا ہونا ۔ جسم والا ہونا ۔ بلندی پر
چڑھنا ۔ بڑے کام پر متعین ہونا ۔
تَجْسِیْر ۔ دلیر کر دینا ۔
تَجَشُّم ۔ مصیبت جھوگنا ۔ تکلیف اٹھانا ۔
تَجَشُّؤ ۔ تَجْشِئَة ۔ ڈکار لینا
تَجْصِیْص ۔ عمارت کو چونے سے پختہ کرنا ۔ برتن کو
بھرنا [علی] حملہ کرنا ۔
تَجْضِیْض ۔ تیز دوڑنا ۔ [علی] لڑائی کا قصد کرنا ۔
تَجَعُّب ۔ تیردان بنانا ۔ پچھڑ جانا ۔
تَجْفِیْف ۔ خشک کرنا ۔ سکھانا ۔ گھوڑے پر پاکھر
ڈالنی ۔
تَجْفِیْن ۔ بڑے برتنوں میں کھلانا ۔ بہت جماع کرنا ۔
تَجَلْبُب ۔ چادر اوڑھنا ۔
تَجَلْجُل ۔ حرکت کرنا ۔ زمین میں گھس جانا ۔
تَجَلُّد ۔ (بہ تکلف) چالاک بننا ۔ بہادر بننا ۔ صابر
بننا ۔

تَجَلّی ۔ منکشف اور ظاہر ہونا۔ اوپر چڑھنا کسی کو دیکھنا۔
تَجْلِیب ۔ شور برپا کرنا۔ ہر طرف سے اکٹھا ہونا۔
تَجْلِیَۃ ۔ روشن اور ظاہر کرنا۔ دولھن کا منہ دیکھ کر دولھا کا کچھ دینا۔ نگاہ ڈالنا بغور سے دیکھنا
تَجْلِیْد ۔ پوست اتار لینا۔ پوست پہنانا۔ جلد بندی کرنا۔
تَجْلِیْل ۔ جھول پہنانا۔ گھیر لینا۔ احاطہ کرنا۔
تَجَمُّل ۔ خود کو آراستہ اور مزین کرنا۔
تَجَمْهُر ۔ دراز دستی کرنا۔
تَجْمِید ۔ جمنا۔ ٹھہرنا۔ کسی سائل چیز کو جمانا۔
تَجْمِیر ۔ کپڑوں کو خوشبودار دھونی دے کر بسانا۔ کنکری پھینکنا۔ اکٹھا کرنا (علی) کسی کام کے لیے جمع ہو جانا۔
تَجْمِیع ۔ بڑا مجمع اکٹھا کرنا۔ جمعہ کی نماز میں حاضر ہونا
تَجْمِیل ۔ آراستہ اور مزین کرنا۔ خوشنما بنانا۔ لشکر کو وہیں تک ٹھہرائے رکھنا۔
تَجَنُّب ۔ دور رہنا۔ جنب ہو جانا۔ یکسو ہو جانا۔
تَجْنِیب ۔ دور ہونا۔ دور رکھنا
تَجْنِیح ۔ جھکانا۔ سجدہ میں ہتھیلیوں پر سہارا لگانا اور دونوں بازوؤں کا کشادہ رکھنا۔
تَجْنِید ۔ لشکر اکٹھا کرنا۔
تَجْنِیس ۔ ایک ایک قسم کو الگ الگ کرنا۔ مشابہ ہونا اصطلاح میں ایسے دو کلمے لانا کہ لفظ میں متفق ہوں اور معنی میں مختلف۔
تَجْنِیق ۔ منجنیق سے پتھر پھینکنا۔
تَجْنِین ۔ دیوانہ بنانا۔
تَجَوُّد ۔ گر پڑنا۔ منہدم ہو جانا۔ پہلو پر سونا۔
تَجَوْرُب ۔ پاتابہ پہننا۔

تَجَوُّش ۔ قصور معاف کرنا۔ درگذر کرنا۔ چشم پوشی کرنا آسانی کرنا۔ کھوٹے سکے قبول کر لینا۔ ہلکی نماز پڑھنا۔
تَجَوُّع ۔ بھوکا ہونا۔ قصداً خود کو بھوکا رکھنا۔
تَجَوُّف ۔ کسی چیز کے اندر داخل ہونا۔
تَجْوِیخ ۔ زمین پر گرا دینا۔ سیلاب کا نہر کے کنارہ کو کاٹ دینا۔
تَجْوِید ۔ عمدہ اور اچھا کر دینا۔ قرآن کریم کو عمدگی سے پڑھنا۔
تَجْوِیز ۔ جائز رکھنا۔ اونٹوں کو کھینچنا۔ اونٹوں کو پانی پلانا۔
تَجْوِیع ۔ بھوکا رکھنا
تَجْوِیف ۔ بیچ میں سے کسی چیز کو خالی کر دینا۔ کھوکھلا کر دینا۔
تَجْوِیل ۔ تَجْوَال ۔ کسی کے گرد پھرنا۔
تَجَهُّز ۔ کام کے لئے تیار ہونا۔ دلھن۔ لشکر مردہ اور مسافر کا سامان تیار ہونا۔
تَجَهُّم ۔ ترشروئی برتنی۔
تَجْهِیز ۔ دلھن۔ لشکر۔ مردہ۔ مسافر اور غازی وغیرہ کا سامان تیار کرنا۔ کسی پر گھوڑا دوڑانا۔
تَجْهِیل ۔ کسی کو جاہل کہنا۔
تَجْیِیش ۔ لشکر کا جمع کرنا۔

ت ۔ ح

تَحَابُب ۔ ایک دوسرے کو دوست بنا لینا۔
تَحَادُب ۔ کبڑا ہو جانا۔
تَحَادُث ۔ آپس میں گفتگو کرنا۔ بات چیت کرنا۔
تَحَارُب ۔ باہم لڑنا جھگڑنا۔
تَحَازُن ۔ غمگین ہونا۔

تَحَاسُد - ایک دوسرے سے حسد اور بغض رکھنا۔
تَحَاشِی - کنارہ کش اور ایک جانب کو ہونا۔
تَحَاصُب - ایک دوسرے پر کنکریاں پھینکنی۔
تَحَافِ - حاکم کے پاس مقدمہ لے جانا۔
تَحَاکُم - مدعلیہ کے ساتھ حاکم کے پاس جانا۔
تَحَالُق - آپس میں ایک دوسرے کا سر مونڈنا۔
تَحَالُل - ایک دوسرے کے ساتھ اور مل جل کر اُترنا۔
تَحَالُم - بناوٹ سے بردبار بننا۔
تَحَالِی - زینت دکھانا۔ آراستگی دکھانا۔
تَحَامُق - خود کو احمق بنانا۔
تَحَامُل - (فی) مشقت برداشت کر کے کوئی کام اپنے ذمہ لینا (علی) طاقت سے زیادہ کام کا حکم کرنا ظلم و ستم کرنا۔
تَحَامِی - خود کو دوسرے سے بچانا اور احتیاط و حفاظت رکھنا۔
تَحَاوُر - آپس میں بات چیت کرنا۔
تَحَبُّب - دوستی ظاہر کرنا۔ اظہار محبت کرنا۔
تَحَبُّس - (علی) خود کو کسی چیز پر مقید رکھنا۔
تَحَبُّل - شکار کو جال میں پھانس لینا۔ شکار کر لینا۔
تَحْبِیب - دوست بنا لینا۔
تَحْبِیر - زینت دینا۔ سنوارنا۔ دوات میں روشنائی ڈالنا۔
تَحْبِیس - بند کر دینا۔ روک دینا۔ اصل چیز اپنے قبضہ میں رکھنا۔ اور آمدنی مصارف خیر کے لئے وقف کر دینا۔
تَحْبِیک - لپیٹنا۔ مروڑ دینا۔ مضبوط کرنا۔
تَحْت - نیچے۔ فوق کی ضد۔
تَحَتُّم - واجب و لازم کرنا (ل) بھلائی چاہنا۔ نیک فال لینا۔

تَحْتِید - چھانٹ لینا۔ انتخاب کر لینا۔
تَحْثِیث - برانگیختہ کرنا۔ شوق دلانا۔
تَحَجُّب - پردہ میں ہو جانا۔
تَحَجُّر - حجرہ بنانا۔ تنگی کرنا۔ دام کا سخت ہو جانا
تَحَجُّز - کمر پر (ازار) باندھنا۔
تَحَجِّی - گنگنانا کسی مقام پر مقیم ہونا کسی مقام کی طرف جلدی کرنا۔
تَحْجِیل - گھوڑے کے ٹانگوں کی سفیدی کہ زانو سے اوپر تک بڑھی ہوئی نہ ہو۔ عورت کا انگلیاں کے پوروں کو رنگنا۔ دولھن کے لئے پردہ دار مسہری تیار کرنا۔ دلھن کو مسہری (حجلہ) میں بٹھانا۔
تَحَدُّث - (ب) (عن) کسی کی نسبت بات کہنا۔ گفتگو کرنا۔ واقعات بیان کرنا۔
تَحَدُّر - نیچے کو ڈھلک آنا۔
تَحَدِّی - قصد کرنا۔ کسی کام میں دوسرے کی برابری کرنا دشمن کو مقابلہ کے لئے پکارنا۔ اور اس پر غلبہ چاہنا۔
تَحْدِیث - بات کہنا۔ روایت کرنا۔ ذکر کرنا۔
تَحْدِید - کسی چیز کی حد ظاہر کرنا۔ چھری وغیرہ کو تیز کرنا۔ گھور کر دیکھنا۔
تَحْدِیق - گھور کر دیکھنا۔
تَحَذْلُق - بناوٹ سے خود کو ہوشیار و عقلمند ظاہر کرنا۔
تَحْذِیر - ڈرانا۔
تَحْذِیف - سنوارنا۔ بالوں کا طرہ بنانا۔
تَحَرُّج - گناہ سے توبہ کرنا اور پرہیز رکھنا۔ تنگی سے نکل جانا۔
تَحَرُّر - آزاد ہو جانا۔
تَحَرُّز - تَحَرُّس۔ پرہیز کرنا۔ اپنی حفاظت رکھنا۔

تَحَرُّف ۔ پھر جانا۔
تَحَرُّق ۔ جل جانا۔
تَحَرُّك ۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔
تَحَرُّم ۔ [من] کسی کے ذمہ میں ہوکر بچاؤ ڈھونڈھنا
تَحَرِّی ۔ قصد کرنا۔ صحیح رائے تلاش کرنا۔
تَحْرِیْج ۔ تنگ کرنا۔ کسی پر تنگی کرنا۔ بہت قسمیں کھانا حرام کرنا۔
تَحْرِیْر ۔ آزاد کرنا۔ خدا تعالیٰ کی عبادت وطاعت اور مسجد کی خدمت کے لئے بیٹے کو نامزد کرنا کلام کو حشو وزوائد سے پاک کرنا۔ ادارت کرنا۔ خط۔ نوٹ۔
تَحْرِیْز ۔ خوب حفاظت کرنا۔ کسی جگہ کا پناہ گاہ بننا۔
تَحْرِیْش ۔ [بین] برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
تَحْرِیْض ۔ [علی] برانگیختہ کرنا۔ شوق دلانا۔
تَحْرِیْف ۔ بات کا مطلب بدل دینا۔ قلم میں ٹیڑھا قط لگانا۔
تَحْرِیْق ۔ آگ میں پوری طرح جلا دینا۔
تَحْرِیْك ۔ حرکت دینا۔
تَحْرِیْم ۔ حرام کر دینا۔ نماز کی نیت باندھنا۔ حرم میں آنا۔ اس حرمت سے متصف ہونا، جس کا ہتک جائز نہیں۔
تَحَزُّب ۔ پارٹی بندی۔ گروہ در گروہ ہونا۔ مجتمع ہونا۔
تَحَزُّن ۔ [علی] غمگین ہونا۔ ترس کھانا۔
تَحْزِیْب ۔ گروہ اکٹھے کرنا۔ قرآن مجید کا ورد کرنا۔
تَحْزِیْز ۔ کاٹنا۔ تراشنا۔ دندانے ڈالنا۔
تَحْزِیْن ۔ غمگین کرنا۔ آواز بھرانی۔
تَحَسُّر ۔ تھک جانا۔ [علی] پچھتانا۔

تَحَسُّس ۔ قوم کی بات سننا۔ حالات معلوم کرنا۔
تَحَسِّی ۔ تھوڑا تھوڑا کرکے پینا۔
تَحْسِیْد ۔ بہت حسد کرنا۔
تَحْسِیْر ۔ تھکا دینا۔ افسوس دلانا۔ آزردہ کرنا۔
تَحْسِیْن ۔ سنوارنا۔ اچھا کرنا۔ نیک کہنا۔ تعریف کرنا
تَحَشُّد ۔ قوم کا جمع ہونا۔
تَحَشُّف ۔ پرانے کپڑے پہننے۔
تَحَشِّی ۔ جماعت میں سے کسی کو نکال لانا۔ کسی سے عار رکھنا۔ حاشا کہنا۔
تَحَصُّل ۔ اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا۔
تَحَصُّن ۔ عورت کا پارسا ہونا یا عقد کر لینا۔ قلعہ میں محفوظ ہو جانا۔
تَحْصِیْل ۔ حاصل کرنا۔
تَحْصِیْن ۔ پختہ اور مضبوط کرنا۔ قلعہ میں کر دینا۔ شوہر کا بیوی کو چھپانا۔
تَحَضُّر ۔ سامنے آنا۔ تیار ہونا۔
تَحْضِیْض ۔ برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ ابھارنا۔
تَحَطُّم ۔ ٹوٹ جانا۔
تَحْطِیْم ۔ توڑ ڈالنا۔
تُحْفَة ۔ ہدیہ۔ سوغات۔ نادر شے۔ ج۔ تُحَف
تَحَفُّظ ۔ پرہیز کرنا۔ ہوشیار اور بیدار رہنا۔ یاد کر لینا
تَحْفِیْظ ۔ کسی کو کتاب وغیرہ یاد کرانا۔
تَحَفُّل ۔ آراستہ ہونا۔ محفل کا بھر جانا۔ پانی کا جمع ہونا۔
تَحْفِیْل ۔ بکری کو نہ دوہنا تاکہ فروخت کے وقت اس کے تھن بڑے نظر آئیں۔ سنوارنا۔ جمع کرنا۔
تَحَقُّد ۔ کینہ رکھنا۔
تَحَقُّق ۔ خبر کا صحیح اور درست ہونا۔ کسی چیز کو ٹھیک طور پر جاننا۔
تَحْقِیْر ۔ کسی کو ذلیل وخوار کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

تَحْقِیق ۔ واجب کرنا جاننا اور تصدیق کرنا۔ درست کرنا (د) انکوائری۔

تَحَکُّك ۔ کھودنا کسی کے ساتھ بدی سے پیش آنا۔

تَحَکُّم ۔ فرمانبرداری کرنا۔ حکم کرنا۔

تَحْکِیك ۔ خوب کھجانا۔

تَحْکِیم ۔ حاکم بنا دینا۔ روکنا۔ صلح کرا دینا۔ اپنے مال میں کسی کو حکم کر دینا۔

تَحَلُّب ۔ بہنا۔ ٹپکنا۔ چونا۔ رسنا۔

تَحَلُّج ۔ ابر کا ہلنا۔ چمکنا۔ کسی چیز کا دل میں کھٹکنا۔

تَحَلُّق ۔ حلقہ حلقہ ہو کر بیٹھنا۔ چاند کا ہالہ میں ہونا۔

تَحَلِّی ۔ زیور پہننا۔ آراستہ ہونا۔ مزین ہونا۔

تَحْلِیَة۔ تَحْلِی ۔ مٹھاس ڈالنا۔ کسی چیز کو کسی کو سنوار کر دکھانا۔ عورت کو زیور پہنانا۔

تَحْلِیف ۔ قسم کھلانا۔

تَحْلِیق ۔ اچھی طرح سے سر مونڈنا۔ آنکھوں کا گڑھے میں دھنس جانا۔ چاند کا ہالہ میں ہونا۔

تَحْلِیل ۔ مکان میں اترنا۔ اچھی طرح سے گرہ کھولنا۔ حلال کر دینا۔ قسم کا کفارہ دینا۔

تَحْلِیم ۔ بردبار بنا دینا۔ اونٹ کی چیچڑی دور کرنا۔

تَحَمُّس ۔ دین میں مضبوط اور سخت ہونا۔

تَحَمُّش ۔ غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَحَمُّل ۔ کام کا بوجھ اپنے اوپر اٹھا لینا۔ سفر کرنا۔ کوچ کرنا۔

تَحَمُّم ۔ حمام میں جانا۔

تَحَمِّی ۔ بیمار کا مضر چیزوں سے پرہیز کرنا۔

تَحْمِید ۔ خدا تعالیٰ کی حمد کرنا

تَحْمِیر ۔ کسی کو گدھا کہنا۔ سرخ رنگنا۔

تَحْمِیس ۔ غصہ دلانا۔ سخت اور کھرا کرنا۔

تَحْمِیش ۔ جمع کرنا۔ غصہ دلانا۔

تَحْمِیط ۔ کسی کو تھوڑا مارنا۔ ذلیل و خوار کرنا۔ درخت کو آفتاب سے بچانا۔

تَحْمِیق ۔ کسی کو احمق کہنا۔ کسی کو بے وقوف بنانا (مجہولاً) شراب پینا۔

تَحْمِیل ۔ بوجھ اٹھانے کے لئے حکم دینا۔ لادنا۔ بار کرنا۔

تَحْمِیم ۔ پانی گرم کرنا۔ کوئلہ سے منہ کالا کر دینا۔ ڈاڑھی نکل آنا۔ منڈانے کے بعد سر کے بال نکل آنا۔

تَحَنُّؤ ۔ مہندی سے رنگین ہونا۔

تَحَنُّب ۔ بڑھاپے سے کبڑا ہو جانا۔

تَحَنُّث ۔ چند رات عبادت کرنا۔ گناہ سے بچنا۔

تَحْنِیك ۔ تجربہ کار اور دانشمند بنانا۔ تعلیم دینا۔ تالو کو ملنا۔

تَحَنِّی ۔ ٹیڑھا ہونا۔ (علی) مہربان ہونا۔

تَحَوُّل ۔ گٹھڑی اٹھانا۔ حیلہ کرنا۔ ایسا وقت تلاش کرنا جس میں انسان خوشی سے نصیحت مان لے (عن۔ الی) ایک حال سے دوسرے حال کی طرف پھر جانا۔

تَحْوِیض ۔ حوض بنانا۔ درخت کے لئے تھالہ بنانا۔ راغب ہونا۔

تَحْوِیل ۔ کسی کو کسی کی طرف پھیر دینا۔ پھر جانا۔ محال کر دینا۔

التَّحْوِیل ۔ (علی البرید۔ علی البوسطہ) منی آرڈر کرنا (د)

التَّحْوِیل ۔ (علی المشتری) وی پی کرنا (د)

تَحْوِیَہ ۔ اونٹ کے کوہان کے گرد کمبل ڈالنا۔ اکٹھا کرنا حلقہ ہونا۔
تَحِیَّۃ ۔ سلام۔ بقا۔ ملک۔ ج:۔ تَحِیَّات۔ زندہ رکھنا۔ مالک کر دینا۔ سلام کرنا۔
تَحَیُّر ۔ پریشان ہوجانا۔ متحیر ہوجانا۔
تَحَیُّن ۔ کنارہ کش ہونا۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ اینٹھنا۔
تَحَیُّض ۔ ایام حیض میں عورت کا نماز سے رک جانا۔
تَحَیُّن ۔ وقت ڈھونڈھنا۔ ہلاک ہوجانا۔ اونٹنی کو ایک وقت دودھنا۔
تَحْیِیْن ۔ وقت مقرر کرنا۔ اونٹنی کو ایک وقت دودھنا ہلاک کر دینا۔

ت - خ

تَخّ ۔ خمیر کا ترش ہونا۔ بھٹا پرانا ہونا۔
تَخَاتُل ۔ ایک دوسرے کے ساتھ فریب کرنا۔ دھو کر دینا۔
تَخَادُع ۔ ایک دوسرے کو فریب دینا۔ جھوٹ موٹ اپنے آپ کو فریب خوردہ ظاہر کرنا۔
تَخَادُن ۔ ایک دوسرے کے ساتھ دوستی میں خالص ہونا۔
تَخَاذُل ۔ ایک دوسرے سے دست بردار اور بر طرف ہوجانا اور چھوڑ دینا۔
تَخَارُج ۔ جائداد کی تقسیم اس طرح کرنی کہ بعض شریک مکانات لے لیں۔ اور بعض زمین۔
تَخَارِیْب ۔ شہد کی مکھی کا سوراخ۔
تَخَاصُر ۔ ایک دوسرے کی بغل میں ہاتھ دے کر چلنا۔
تَخَاصُم ۔ باہم جھگڑا کرنا۔ باہم مقدمہ بازی کرنا۔ باہم تکرار کرنا۔

تَخَاطُب ۔ آپس میں روبرو ہو کر بات چیت کرنا۔
تَخَافُت ۔ چھپا کر کام کرنا۔
تَخَالُج ۔ (فی الصدر) دل کو فکر میں ڈبو دینا۔ دل کو تردد سے بھر دینا۔
تَخَالُس ۔ چھیننے میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
تَخَایُل ۔ غرور کرنا۔
تَخَبُّط ۔ اٹکل سے بے راہ چلنا۔ کسی کا آسیب سے دیوانہ ہونا۔ بے چینی کی حالت میں ہونا۔
تَخْبِیَۃ ۔ خیمہ بنانا۔ خیمہ بلند کرنا۔
تَخْبِیَۃ ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
تَخْبِیْر ۔ خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔
تَخْت ۔ پلنگ۔ تخت شاہی۔ (د)
تَخْتَۃُ الْکِتَابَۃ ۔ بلیک بورڈ (د)
تَخَتُّم ۔ (ب) انگوٹھی پہننا۔ سر پر عمامہ باندھنا۔ (ب) اپنے کام کو چھپانا (عن) غفلت کرتے ہوئے چپ ہوجانا۔
تَخْتِیْم ۔ مہر لگا دینا۔
تَخْجِیْل ۔ شرمندہ کرنا۔
تَخَدُّد ۔ سکڑنا۔ جھریاں پڑجانا۔
تَخَدُّر ۔ چھپنا۔ پردہ میں بیٹھنا۔
تَخَدُّع ۔ بناوٹ کے طور پر فریب دینا۔
تَخَرُّج ۔ کسی مدرسہ سے فارغ التحصیل ہونا (د)
تَخَرُّص ۔ (علی) کسی پر افترا کرنا۔ تہمت لگانا۔
تَخَرُّق ۔ جھوٹ گڑھنا۔ پھٹا ہوا اور پارہ پارہ ہونا سخاوت میں ہاتھ کو کھولنا۔
تَخْرِیْب ۔ ویران کرنا۔
تَخْرِیْس ۔ عورت کی زچگی کے زمانہ کے لئے کھانا پکانا۔
تَخْرِیْق ۔ پھاڑنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ بہت جھوٹ بولنا۔

تَخْسِیْر ۔ ہلاک کرنا۔ کسی کو نقصان پہنچانا۔ مٹانا۔ تباہ کرنا۔
تَخَشُّع ۔ گریہ وزاری اور فروتنی کرنا۔
تَخَشُّل ۔ فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
تَخَشُّن ۔ کھردرا ہونا۔ کھردرا اور سخت لباس پہننا۔ سخت بات کہنا۔ سختی اور محنت کی زندگی بسر کرنا
تَخْشِیَ ۔ تَخْشِیَۃ ۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوفزدہ کرنا۔
تَخَصُّص ۔ خاص ہونا۔
تَخْصِیْص ۔ خاص کرنا۔
تَخْضِیْب ۔ رنگنا۔ خضاب کرنا۔
تَخْطِئَۃ ۔ غلطی کرنا۔ خطا کی طرف منسوب کرنا۔
تَخَطُّف ۔ اچکنا۔ چھیننا۔ جھپٹنا۔
تَخَطِّی ۔ لوگوں کی گردنوں پر سے پھاند کر گزر جانا
تَخْطِیْط ۔ دھاری دار کپڑا بننا۔ کسی کو دھاری دار بنانا۔ تھوڑا لکھانا۔
تَخَفُّر ۔ کسی سے پناہ چاہنا۔
تَخَفُّف ۔ موزہ پہننا۔
تَخْفِیْر ۔ نگہبانی کرنا۔ بچانا۔ فصیل بنانا۔
تَخْفِیْض ۔ آہستہ بولنا۔ اپنے اوپر کام کو آسان کرلینا
تَخْفِیْف ۔ ہلکا کرنا۔
تَخَلُّج ۔ ہلنا۔ کانپنا۔
تَخَلُّس ۔ اچک لے جانا۔
تَخَلُّص ۔ رہائی پانا۔ چھٹکارا پانا۔
تَخَلُّف ۔ پیچھے رہ جانا۔
تَخَلُّق ۔ جھوٹ گھڑنا۔ خوشبو لگانا۔ کسی کی خو اختیار کرنا
تَخَلُّل ۔ درمیان میں آنا۔ خلال کرنا۔ کسی چیز میں آرپار سوراخ کرنا۔
تَخَلِّی ۔ [عن] کسی سے سروکار نہ رکھنا۔ چھوڑ دینا [ل ب] کسی کے لیے خود کو وقف کردینا۔

کسی بات کا ہو رہنا۔
تَخْلِیْد ۔ ہمیشہ رکھنا۔
تَخْلِیْص ۔ خالص بنانا۔ رہائی دلانا۔ خلاصہ نکالنا۔ پگھلانا۔
التَّخْلِیْص علی المکتوب ۔ خط پوسٹ کرنا (د)
تَخْلِیْط ۔ ملا دینا۔ کام میں گڑبڑ کردینا۔
تَخْلِیْف ۔ کسی کو اپنی جگہ خلیفہ بنانا۔ کسی کو اپنے پیچھے چھوڑنا۔
تَخْلِیْق ۔ کسی کی خلقت کو مکمل کردینا۔ ہموار اور برابر کرنا۔ خوشبو ملنا۔
تَخْلِیْل سرکہ بنانا۔ دانتوں میں خلال کرنا۔ سرکہ ہوجانا۔
تَخْم ۔ (ض) حدبندی کرنا۔
تَخَم ۔ (س) بدہضمی اور تخمہ ہوجانا۔
تُخْم ۔ حد۔ حد کا نشان۔ سرحد۔ ج: تُخُوم
تُخَمَۃ ۔ تُخْمَۃ ۔ بدہضمی ج: تُخَم ۔ تُخَمَات
تَخَمُّس ۔ دوپٹہ اوڑھنا۔
تَخَمُّط ۔ غرور کرنا۔ غصہ کرنا۔
تَخْمِیْر ۔ خمیر کرنا۔ ڈھک دینا۔
تَخْمِیْن ۔ گمان اور اٹکل سے کہنا۔
تَخَنُّث ۔ دوہرا ٹوٹا ہوا اور خمدار ہوجانا۔ عورتوں کی طرح نرم نرم باتیں کرنا۔
تَخْنِیْق ۔ گلا گھونٹنا۔ برتن کو بھرنا۔
تَخَوُّد ۔ (شاخ کا) دوہرا ہوجانا۔
تَخَوُّف ۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔ کم کردینا۔
تَخَوُّل ۔ خبرگیری اور غمخواری کرنا۔ ماموں بنالینا۔ کسی میں نیکی اور صلاحیت کا اثر دیکھنا۔
تَخْوِیْن کم کرنا۔
تَخْوِیْص ۔ تاج کو سونے کے ٹکڑوں سے مزین کرنا۔

تخویف ۔ ڈرانا ۔
تخویق ۔ کشادہ کرنا ۔ وسیع کرنا ۔
تخویل ۔ مالک کردیا ۔ دینا ۔
تخوین ۔ کسی کو خائن کہنا ۔ کم کرنا ۔ غم خواری کرنا ۔
تخیّر ۔ پسند کرنا ۔ چھانٹنا ۔
تخیّف ۔ متغیر ہونا ۔ رنگ برنگ ہونا ۔
تخیّل ۔ فراست سے کسی میں خیر اور نیکی کا اثر معلوم کرنا ۔ کسی چیز کا خیال بندھ جانا ۔ غرور کرنا ۔ برسنے کے لئے ابر کا تیار ہونا ۔
تخییم ۔ خیمہ کھڑا کرنا ۔ کپڑے کو خوشبو میں بسانا ۔
تخییب ۔ ناامید کرنا ۔
تخییر ۔ ایک کو دوسرے پر فضیلت اور ترجیح دینا اختیار کرنا ۔
تخییط ۔ بالوں کی سفیدی کا سیاہی کے ساتھ مل جانا ۔
تخییل ۔ کسی میں فراست سے خیر دریافت کرنا ۔ تہمت لگانا ۔ (عن) ڈر کر رک جانا اور بزدل ہوجانا ۔

ت ۔ د

تدابُر ۔ کسی سے پیٹھ موڑنا ۔ پرہیز کرنا ۔ غیبت کرنا
تدارُس ۔ سبق پڑھانا ۔
تدارُث ۔ ایک حصّہ کا دوسرے سے مل جانا ۔ تلافی کرنا
تدارُء ۔ لڑائی میں ایک دوسرے کو دھکیلنا ۔
تداعُب ۔ آپس میں مذاق کرنا ۔ ہنسی اڑانا ۔
تداعی ۔ دشمن کا سامنے آنا ۔ شکستہ اور ویران ہوجانا چیستاں کہنا (علی) جمع ہونا ۔
تدافُع ۔ لڑائی میں ایک دوسرے کو دھکیلنا ۔ آپس میں کسی چیز کو دفع کرنا اور حوالہ کرنا ۔
تداکُم ۔ ایک دوسرے کو سینہ سے دھکیلنا ۔ رملنا ۔

تداوُل ۔ کسی چیز کو باری باری سے لینا ۔ (د) باہمی گفتگو ۔
تداوُر ۔ گرد پھرنا ۔
تداوی ۔ (ب) اپنا علاج کرنا ۔
تدایُن ۔ ادھار خریدنا ۔ ادھار بیچنا ۔
تدبُّر ۔ غور و فکر کرنا ۔ چیز کی حقیقت دریافت کرنا
تدبیب ۔ بہت آہستہ آہستہ چلنا ۔ رینگنا ۔
تدبیر ۔ کام کے انجام کو دیکھنا ۔ مرنے کے بعد غلام کو آزادی دے دینا ۔
تدبیس ۔ پوشیدہ کرنا ۔
تدبیق ۔ لاسہ سے شکار کرنا ۔
تدثُّر ۔ کپڑا پہننا ۔ کود کر سوار ہونا ۔
تدجُّج ۔ ہتھیاروں سے آراستہ ہونا ۔
تدجّی ۔ رات کا تاریک ہوجانا ۔
تدحُّدر ۔ لڑھکنا ۔
تدخُّل ۔ داخل ہونا ۔ تھوڑا تھوڑا داخل ہونا ۔
تدخُّن ۔ دھویں کی بو ہوجانا ۔ کسی چیز میں سے دھواں نکلنا ۔
تدخین ۔ آگ میں سے دھواں نکلنا ۔ دھونی دینا ۔ (د) سگریٹ پینا ۔
تدرُّب ۔ خوگر ہونا ۔ حریص ہونا ۔
تدریس ۔ سبق پڑھانا ۔
تدرُّج ۔ تھوڑا تھوڑا قریب ہونا ۔
تدرُّع ۔ زرہ پہننا ۔ عورت کا کرتہ پہننا ۔
تدریب ۔ خوگر کردینا ۔ کسی سے مانوس کرانا ۔ ورزش کرانا ۔ ہدایت کرنا ۔
تدریج ۔ خط کو لپیٹنا ۔ تہ کرنا ۔ آہستہ آہستہ نزدیک کرنا ۔
تدریع ۔ زرہ پہنانا ۔ عورت کو کرتہ پہنانا ۔ آگے آنا

ظاہر ہونا۔
تَدَفُّق ۔ بکھر جانا۔
تَدَفُّن ۔ پوشیدہ ہو جانا۔
تَدَفُّؤ ۔ گرم کپڑا پہننا۔
تَدْقِیق ۔ خوب کوٹنا۔ باریک کرنا۔ آٹے کا نرم کرنا
تَدَکُّل ۔ معزز ہونا۔ تکبر کرنا۔ [علیٰ] ناز کرنا۔
تَدْکِین ۔ سامان مرتب کرنا۔ تہ بتہ رکھنا۔
تَدَلْدُل ۔ لٹک پڑنا۔ لٹکتے ہوئے ہلنا۔
تَدَلُّس ۔ پوشیدہ رکھنا۔ قوم کا اندھیرے میں آکر اترنا۔
تَدَلُّف ۔ چلنا۔ آہستہ چلنا۔
تَدَلُّک ۔ بدن ملنا۔
تَدَلُّل ۔ [علیٰ] ناز کرنا۔
تَدَلُّہ ۔ بے عقل ہو جانا۔ بیخود ہو جانا۔ متحیر ہونا۔
تَدَلِّی ۔ ناز سے چلنا۔ اوپر سے نیچے آنا۔ قریب ہو جانا۔ لٹک پڑنا۔ فروتنی اور عاجزی کرنا۔
تَدَمُّس ۔ لتھڑ جانا۔
تَدْمِیَۃ ۔ خون آلودہ کرنا۔
تَدْمِیج ۔ داخل کرنا۔
تَدْمِیر ۔ ہلاک کرنا۔
تَدْمِیس ۔ ڈھکنا۔ دفن کرنا۔ چھپانا (بَیْنَهُمْ) صلح کرانا۔
تَدَنُّس ۔ عزت کو بٹہ لگنا۔
تَدَنِّی ۔ آہستہ آہستہ قریب ہونا۔
تَدْنِیس ۔ بے آبرو کرنا (کپڑے کو) میلا کرنا۔
تَدْنِیَۃ ۔ نزدیک کرنا۔
تَدَوُّم ۔ انتظار کرنا
تَدَوُّخ ۔ قابو میں کر لینا۔ مسلط ہو جانا۔
تَدْوِیمُ السَّاعَۃ گھڑی میں کوک دینا۔ د

تَدْوِین ۔ ترتیب دینا۔ جمع کرنا۔ تالیف کرنا۔ فہرست بنانا
تَدَہْدُم ۔ عمارت کا گر پڑنا۔
تَدَہُّن ۔ چکنا ہونا۔ اپنے بدن پر تیل ملنا۔
تَدَہْوُر ۔ گر پڑنا۔
تَدْہِین ۔ تیل ملنا۔ وارنش کرنا۔
تَدَیُّث ۔ دیوث ہونا۔ بھڑواپن کرنا۔
تَدَیُّن ۔ دیندار ہونا۔ نکوکار ہونا (ب) کسی کے مذہب کا پیرو ہونا۔ (مِن) کسی سے قرض لینا۔

ت ۔ ذ

تَذَبْذُب ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔
تَذَبُّل ۔ مٹک کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔
تَذْرِیب ۔ برچھی وغیرہ کو تیز کرنا۔ تلوار وغیرہ کو زہر میں بجھانا
تَذْرِیف ۔ آنسو بہانا۔ (موت کے) قریب کرنا۔
تَذْقِین ۔ ٹھوڑی ہاتھ پر یا لاٹھی وغیرہ پر رکھنا
تَذْکَار ۔ یاد کرنا۔ بات کہنا۔ تسبیح پڑھنا (د) یادگار
تَذَکُّر ۔ یاد کرنا۔ نصیحت ماننا۔ مؤنث لفظ کا مذکر ہونا
تَذْکِرَۃ ۔ یادگار۔ یاد دلانے والی شے (د) یادداشت ٹکٹ۔
تَذْکِرَۃٌ عُمُومِیَۃ ۔ سرکلر (د)
تَذْکِرَۃُ مُرُور ۔ پروانہ۔ راہداری (د)
تَذْکَرِی ۔ ٹکٹ فروش۔ (د)
تَذْکِیَۃ ۔ بکری وغیرہ کو ذبح کرنا۔ آگ بھڑکانا۔ بڑی عمر کا ہونا۔
تَذْکِیر ۔ یاد دلانا۔ نر کی طرف منسوب کرنا۔ خلاف تانیث۔ نصیحت کرنا۔

تَذَلُّل - عاجزی کرنا۔
تَذْلِیق - چھری کو تیز کرنا۔
تَذْلِیل - کسی کو خوار جاننا۔ نرم کرنا۔
تَذَمُّر - اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ سرزنش کرنا دلیر بننا۔
تَذَمُّم - عیب کرنا۔ کسی سے عار و ننگ رکھنا۔
تَذْنِیب - عمامہ کا لمبا شملہ چھوڑنا۔ کسی چیز میں تتمہ لگانا۔ دم چھلا لگانا۔
تَذَوُّق - تھوڑا تھوڑا چکھنا۔
تَذْوِیب - گلا دینا۔ زلف بنانی۔
تَذْوِید - ہنکانا۔ دور کرنا۔ نکال دینا۔ روکنا۔
تَذْهِیب - سونے کا ملمع کرنا۔

ت۔ ر

تُرَاب - تُرب۔ تُربَۃ خاک۔ مٹی۔ ج: اَتْرِبَہ۔ تِرْبان
تَرَاجُع - (الیٰ) کسی کی طرف لوٹ کر آنا۔ پلٹ جانا عود کرنا۔
تَرَاجُم - آپس میں پتھر چلانا۔
تَرَاحُم - ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
تَرَاخِی - ڈھیل سستی۔ ڈھیل اور سستی کرنا۔
تَرَادُف - ایک دوسرے کا دوست ہونا۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ نکاح کرنا۔ نیچے اوپر ہونا۔ ایک چیز کے دو نام ہونے۔
تَرَّاس - ڈھال بنانے والا۔
تِرَاسَۃ - ڈھال بنانا۔
تَرَاسُل - آپس میں خط وغیرہ بھیجنا۔ خط و کتابت کرنا۔
تَرَاضِی - آپس میں خوش اور صاف دل ہونا۔

خوشنودی۔
تَرَاشُد - ذخیرہ جمع کرنا۔ آپس میں مدد کرنا۔
تَرَافُع - مقدمہ حاکم کے پاس لے جانا۔
تَرَافُق - سفر میں ایک دوسرے کا ہمراہ ہونا۔ ساتھ ہونا۔
تَرَاقِی - ہنسلی کی ہڈیاں۔ و: تَرْقُوَۃ
تَرَاکُم - جمع ہونا۔ تہ بتہ بیٹھنا۔
تَرَاموی - ٹراموے۔ (د)
تَرَامِی - ایک دوسرے پر تیر چلانا۔ پھینکنا۔ وطن سے باہر ہونا۔
تَرَاوِیح - و: تَرْوِیحَۃ۔ آرام دینا۔ رمضان کی راتوں میں ہر چار رکعت کے بعد آرام کے لئے بیٹھنا۔
تَرَاهُن - آپس میں گروی رکھنا۔
تَرَائِی - آئینہ میں دیکھنا۔ کسی کا سامنے آجانا کہ اس کو دیکھیں۔
تَرَائِب - سینہ کی ہڈیاں۔ یا وہ جگہ جو دو چھاتیوں اور دو گردن کے درمیان ہے۔ یا چار پسلیاں سینہ کے بائیں طرف کی اور چار داہنی طرف کی۔ و:۔
تَرِب - (س) خاک آلودہ ہونا۔ خاک میں لتھڑ جانا نرا خالی رہنا۔ محتاج ہونا۔
تَرِبَتْ یَدَاکَ - کبھی مدح کے اور کبھی مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ خبر کو نہ پہنچے تو۔
تِرْب - ہم عمر۔ ہم جولی۔ ج: اَتْرَاب۔
تَرَبُّص - نگاہ رکھنا۔ انتظار کرنا۔ غلہ کو گرانی کے انتظار پر روک رکھنا۔
تَرَبُّع - چار زانو بیٹھنا۔
تَرَبِّی - کھلانا۔ پلانا۔

تَرْبِیَۃ ۔ پرورش کرنا۔ کھلانا پلانا۔ بچے کو تھپکنا تاکہ سو جائے۔

تَرْبِیْع ۔ کسی چیز کو چوکھونٹا بنانا۔ دائرہ کے چوتھے حصہ سے ستاروں کا آمنے سامنے ہونا۔

تَرَتُّب ۔ اپنی جگہ پر ٹھیرنا۔ مرتب ہونا۔ مجتمع ہونا۔

تَرَتُّل ۔ کلام کو آہستہ آہستہ پڑھنا۔ اچھی طرح پڑھنا اچھی طرح ترتیب دینا۔

تَرْتِیْب ۔ ثابت اور مضبوط کرنا۔ چیزوں کو درجوں میں درست کرنا۔ مرتب کرنا۔

تَرْتِیْل ۔ اچھی طرح پر جمع کرنا۔ کسی چیز کو بے تکلف ظاہر کرنا۔ کھول کھول کر یکساں اور آرام سے پڑھنا۔ اچھی طرح پڑھنا۔

تَرْثِیَت ۔ مردہ کی تعریف کرنی اور اس پر رونا۔

تَرَجُّل ۔ پیادہ پا چلنے سے پاؤں گھس جانا۔ پیدل چلنا۔ بالوں میں کنگھی کرنا۔

تَرْجُمَان ۔ وہ آدمی جو واسطہ بن کر دوسری زبان کو سمجھا دے۔ ج: تراجم۔

تَرْجَمَۃ ۔ ایک بات کو دوسری زبان میں بیان کرنا۔ حالاتِ زندگی۔

تَرَجِّی ۔ امید رکھنا۔

تَرْجِیَۃ ۔ امید رکھنا۔

تَرْجِیْح ۔ پلڑا جھکا دینا۔ پورے وزن سے زیادہ دینا (علیٰ) فوقیت دینا۔

تَرْجِیْع ۔ "اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن" کہنا۔ آواز کو حلق میں پھرانا۔

تَرْجِیْل ۔ بال لٹکانا۔ قوی کرنا۔

تَرَح ۔ غم۔ صدمہ۔ فکر۔

تَرَحُّل ۔ کوچ۔ کوچ کرنا۔ سوار ہونا۔ کسی کے ساتھ برائی سے پیش آنا۔

تَرَحُّم ۔ مہربانی کرنا۔ شفقت ظاہر کرنا۔

تَرْحِیْب ۔ کسی کو فراخی کی طرف بلانا۔ مرحبا کہنا۔

تَرْحِیْل ۔ کسی کو کوچ کا حکم دینا۔ کسی پر تلوار اٹھانا۔

تَرْحِیْم ۔ مہربانی کرنا۔ کسی کو رَحِمَ اللہُ کہنا۔

تَرَخُّص ۔ (فی) آسان اختیار کرنا۔

تَرْخِیْص ۔ کسی کو کسی امر میں رخصت و اجازت دینا

تَرْخِیْم ۔ اپنے آپ کو نرم گفتگو بنانا (مرغی کو) انڈوں پر بٹھانا۔ ضرورت کے وقت ندا وغیرہ میں آخر کلمہ سے حرف گرا دینا۔ (اصطلاح)

تَرْدَاد ۔ بہت پھیرنا۔ بار بار کرنا۔

تَرَدُّد ۔ آمد و رفت کرنا۔

تَرَدِّی ۔ کنویں میں گر پڑنا۔

تَرْدِیَۃ ۔ کنویں میں ڈال دینا۔

تَرْدِیْد ۔ بہت پھیرنا۔ رد کرنا۔

تُرْس ۔ ڈھال۔ ج: اَتْرَاس۔ تِرَاس

تَرْسَانَہ ۔ تَرْسْخَانَہ ۔ اسلحہ خانہ۔ کارخانہ جہاز سازی (د)

تَرَسُّل ۔ آہستہ اور صاف صاف پڑھنا۔ آہستگی اور بردباری کرنا۔

تَرْسِیْل ۔ بہت دودھ والا ہو جانا۔ ٹھہر ٹھہر کر صاف صاف پڑھنا۔

تَرَشُّح ۔ ٹپکنا۔ چلنا۔

تَرْشِیْش ۔ ٹپکنا۔

تَرَشُّف ۔ پانی وغیرہ کو چوسنا۔

تَرَشُّح ۔ کسی عہدہ یا انتخاب کی امیدواری (د)

تَرْشِیْح ۔ تربیت۔ درخت کو سنوارنا۔ پالنا۔ ادب دینا۔

تَرْشِیْف ۔ پانی وغیرہ کو چوسنا۔

تَرَصُّد ۔ انتظار کرنا۔ دیکھتے رہنا۔

تَرْصِیْص ۔ استوار اور ٹھیک کرنا۔ قلعی کرنا۔

تَرْصِيع - کسی چیز میں جواہرات کو جڑنا۔ کسی چیز کو مرتب اور درست حالت کے ساتھ رکھنا۔ خوشی منانا۔
تَرَضُّب - آب دہن چوسنا۔
تَرَضِّي۔ تَرْضِيَة۔ کسی کی خوشنودی چاہنا۔ خوش کرنا۔
تَرْطِيب - تر کرنا۔ رطب ہو جانا۔ لوگوں کو رطب کھلانا۔
تَرَعُّش - ہلنا اور کانپنا۔
تَرَعْرُع - (لڑکے کا) جوان ہو جانا (دانت کا) ہلنا۔
تَرْعِيب - ڈرانا۔ کوہان کاٹنا۔
تَرَغُّم - [علی] غصہ کرنا۔
تَرْغِيم - ذلیل کرنا۔
تَرْغِيب - شوق دلانا۔ خواستگار کرنا۔
تَرَف - (س) آرام و آسائش میں زندگی بسر کرنا۔
تَرِف۔ تَرِيف۔ آرام سے زندگی بسر کرنے والا۔
تَرَفُّت - شکستہ ہو جانا۔ ٹوٹا پھوٹا ہو جانا۔
تُرْفَة - دولت و آسائش کے سبب نزاکت۔ مزیدار کھانا۔ تحفہ۔
تَرَفُّع - بلند ہونا۔ بلند کرنا۔
تَرَفُّق - نرمی کرنا۔
تَرْفِيد - بزرگ بنانا۔ سردار بنانا۔
تَرْفِيع - اُٹھنا۔ دور ہونا۔ دُور کرنا۔
تَرْفِيه - خدا تعالیٰ کا کسی کو خوش حال اور آسودہ رکھنا آسائش و آرام دینا۔
تَرَقُّب - انتظار کرنا۔ راہ دیکھنا۔
تَرَقْرُق - پانی کا آہستہ آہستہ جاری ہونا۔ آنکھ کا آنسو سے بھرنا۔
تَرَقُّش - (کلام کا) رنگین ہونا۔ مزین ہونا۔
تَرَقُّق - غلام بننا (ل) مہربانی اور نرمی کرنا۔
تَرَقُّن - عورت کا اپنے آپ کو حنا سے رنگنا۔

تَرْقُوَة - ہنسلی چنبر گردن ج: تَرَاقِي
تَرَقِّي - سیڑھی پر چڑھنا۔ درجہ بدرجہ چڑھنا۔
تَرْقِيش - مختلف رنگوں سے رنگنا۔ بوقلموں کرنا۔
تَرْقِيع - کپڑے پر پیوند لگانا۔
تَرْقِيق - پتلا کر دینا۔ کلام کو خوبی اور عمدگی سے بیان کرنا (غلام کا) مالک بننا۔
تَرْقِيم - کپڑے کو دھاری دار بننا۔ دھاری دار بنانا۔
تَرْقِين - (ڈاڑھی کو) حنا یا زعفران سے رنگنا۔ (خط میں) نقطے لگانا۔
تُرْك - ایک قوم یافث بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ج: أَتْرَاك۔
تَرْك - (ن) چھوڑ دینا۔ کام کرنا۔ لغات اضداد سے ہے۔
تَرْكَة - بیضہ شترمرغ۔ لوہے کا خود۔
تَرِكَة - میراث۔ چھوڑی ہوئی چیز۔
تَرَكُّح - تصرف کرنا۔ مجلس میں کھل کر بیٹھنا۔ دیر کرنا
تَرَكُّن - مضبوط ہونا۔ بھاری ہونا۔
تُرْكِيا - ترکی (د)
تَرْكِيب - جوڑنا۔ ملانا۔ جما کر بٹھانا۔ گھوڑے کو آدھی غنیمت پر عاریت دینا۔
تَرْكِيز - نیزہ کو زمین میں گاڑنا۔
تَرَمُّز - آمادہ ہونا۔ ہلنا۔
تَرْمُومِيتر - تھرمامیٹر۔ (د)
تَرَمُّق - گھونٹ گھونٹ پینا۔
تَرَمِّي - نشانہ پر تیر پھینکنا۔
تَرَمُّل - عورت کا بیوہ ہو جانا۔
تَرَنُّق - پانی کا گدلا ہو جانا۔
تَرَن - ٹرین (د)

تَرْنِیْم ۔ آواز کو کھینچنا ۔ کبوتر کا غٹرغوں کرنا ۔ (بوریہ) باریک بننا ۔ حقیر بنانا ۔
تَرْوُّم ۔ [ب] کسی کا مذاق اُڑانا ۔
تَرَنُّم ۔ تَرْتِیْم ۔ اچھی آواز ۔ گانا ۔ آواز کا پھرانا کبوتر کا آواز کرنا ۔ ہر اس چیز کا بولنا جس کی آواز بھلی معلوم ہو ۔ تلاوت قرآن مجید میں خوش الحانی کرنا ۔
تَرْنُوْمَۃ ۔ اچھی آواز ۔
تَرْنِیْمَۃ ۔ ترانہ ۔ گیت ۔ بھجن ۔ (د)
تَرَوِّی ۔ حدیث کی روایت کرنا ۔ سیراب ہونا ۔ غور و فکر کرنا ۔ درخت کا شاداب ہونا ۔
تَرْوِیْض ۔ مطیع کرنا ۔ سدھانا ۔ چلنے کی مشق کرانا ۔
تَرْوِیَۃ ۔ غور و فکر کرنا ۔ سیراب کرنا ۔ انجام پر نظر کرنا ۔ جواب میں جلدی نہ کرنا ۔
تَرْوِیْح ۔ آرام[ع] دینا ۔ جاری کرنا ۔ رات کے وقت جانا ۔ خوشبودار کرنا ۔
تَرْوِیْسَۃ الْکِتَاب ۔ کتاب کا سرورق ۔ ٹائیٹل (د)
تَرَہُّب ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا ۔ پرستش ۔
تُرَّہَۃ ۔ لغو و بے فائدہ بات ۔ باطل ۔ ہوا ۔ بادل ۔ آفت ۔ بے آب و گیاہ زمین ۔ ج : تُرَّہَات
تَرَہْوُک ۔ جسم کا ناز و نعمت کے سبب سرخ و سفید ہونا ۔ سراب کا پے در پے چمکنا ۔
تَرَہُّس ۔ ہلنا ۔ مضطرب ہونا ۔
تَرْہِیْط ۔ بہت کھانا ۔ سواری پر لگاتار بیٹھا رہنا
تَرْہِیْب ۔ ڈرانا ۔ اونٹنی کا چلتے چلتے بدحال ہو جانا اور پھر چارہ کھا کر بحال ہو جانا ۔
تَرْہِیْق ۔ کسی کو بدی سے متہم کرنا ۔ الزام لگانا ۔
تِرْیَاق ۔ شراب ایک دوا کا نام ۔

تَرِیْبَۃ ۔ سینہ کی ہڈی ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ ۔ ج : تَرَائِب ۔
تَرِیْص ۔ مضبوط ۔ استوار
تَرْیِیْف ۔ گھانس والی زمین میں پہنچنا ۔
تَرِیْث ۔ کھجور کا درخت جس کا پھل توڑ لیا ہو ۔ انگور کا خوشہ جس کا دانہ کھا لیا ہو ۔
تَرْبِیْث ۔ نرم کرنا ۔ تھکنا ۔ عاجز ہونا ۔

ت ۔ ز

تَزَاحُم ۔ اکٹھا ہونا ۔ ہجوم کر کے آنا ۔
تَزَاوُج ۔ آپس میں جوڑا ملانا ۔
تَزَاوُر ۔ آپس میں زیارت کرنا ۔ پھر جانا ۔
تَزَاوُل ۔ کسی کام میں مشغول رہنا ۔ آپس میں کوشش کرنا ۔
تَزَاہُد ۔ کسی کو حقیر سمجھنا ۔
تَزَایُد ۔ زیادہ ہونا ۔ کلام وغیرہ میں تبکلف زیادہ کرنا ۔
تَزَایُغ ۔ ایک دوسرے کی طرف جھکنا ۔
تَزَایُل ۔ پراگندہ ہونا ۔ جدا ہونا ۔
تَزَبُّد ۔ مسکہ نکل جانا ۔ قسم میں جلدی کرنا ۔ منہ کا جھاگ لے آنا ۔
تَزْبِیْب ۔ انگور کو خشک کر کے مویز کرنا ۔ جھاگ لے آنا ۔ آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ۔
تَزْبِیْد ۔ باچھوں کا جھاگ لے آنا ۔ روئی کو دھنکنا ۔
تَزْجِیَۃ ۔ نرمی سے ہانکنا ۔ دور کرنا ۔
تَزَحُّر ۔ پیٹ کا پیچش میں مبتلا ہونا ۔ عورت کا بچہ جننا ۔

ع تراویح رمضان المبارک کا تسمیہ اسی معنی پر مبنی ہے کیونکہ ہر چار رکعتوں کے بعد آرام کا موقعہ دیا جاتا ہے ۱۲ ۔

تَزَحْزُح ۔ دور ہونا۔
تَزَخُّر ۔ دریا کا پانی سے پُر ہونا۔
تَزْخِيف ۔ بہت بولنا۔ خوش تقریری کرنا۔ انگلیوں کے اشارہ سے کلام کرنا۔
تَزَعْزُع ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔
تَزَكِّي ۔ بڑھانا۔ پھیلانا۔ صدقہ کرنا۔ زکوٰۃ دینا
تَزْكِيَة ۔ مال میں سے زکوٰۃ دینا۔ پاکیزہ کرنا۔ اپنی تعریف کرنا۔ کسی سے زکوٰۃ لینا۔ مشک کو پُر کرنا۔ بھرنا۔
تَزَلْزُل ۔ ہلنا۔ کانپنا۔
تَزَمُّل ۔ لباس میں لپٹنا۔
تَزْمِير ۔ بانسری وغیرہ بجانا۔
تَزْمِيم ۔ اونٹ کی ناک میں مہار ڈالنا۔
تَزَنْدُق ۔ زندیق ہونا۔
تَزْنِيَة ۔ کسی کو تنگ کرنا۔ کسی کو زانی کہنا۔
تَزْنِيد ۔ چقماق میں سے آگ نکالنا۔ جھوٹ بولنا۔ جرم سے زیادہ سزا دینا۔
تَزَوُّج ۔ نکاح کرنا۔
تَزْوِيج ۔ نکاح کرانا۔
تَزَوُّد ۔ زادراہ لینا۔
تَزَوِّي ۔ گوشہ گیری اختیار کرنا۔
تَزْوِير ۔ جھوٹ بول کر فریب دینا۔ سنوارنا۔ کلام رکھنا۔ زائر کی تعظیم کرنا۔
تَزَهُّد ۔ عبادت کرنا۔
تَزَيُّل ۔ متفرق ہونا۔
تَزَيُّن ۔ آراستہ ہونا۔
تَزْيِيغ ۔ ٹیڑھا کرنا۔ ٹیڑھے کو سیدھا کرنا۔
تَزْيِيف ۔ سکوں کو کھوٹا کرنا۔
تَزْيِين ۔ آراستہ کرنا۔

ت ۔ س

تَسَابّ ۔ ایک دوسرے کو گالی دینا۔ رسوا کرنا۔
تَسَابِي ۔ ایک دوسرے کو گرفتار کرنا۔
تَسَابُق ۔ ایک دوسرے پر سبقت کرنا۔
تَسَارّ ۔ رازداری کی باتیں کرنا۔
تَسَارُع ۔ جلدی کرنا۔
تَسَافُح ۔ زنا کرنا۔
تَسَافُد ۔ جفتی کرنا۔
تَسَافُه ۔ بہ تکلف بے وقوف بننا۔
تَسَاقُط ۔ اوپر تلے گرنا۔ گر پڑنا۔ ڈالنا۔ خود کو کسی چیز پر گرا دینا۔
تَسَاقِي ۔ ایک دوسرے کو پانی پلانا۔ ساقی ہونا۔
تَسَاؤُل ۔ مانگنا۔ طلب کرنا۔ [عن] دریافت کرنا۔
تَسَآل ۔ مانگنا۔ طلب کرنا [عن] دریافت کرنا۔ حال معلوم کرنا۔
تَسَالُف ۔ باہم ساڑھو بن جانا۔
تَسَالُم ۔ آپس میں صلح کرنا۔
تَسَامُح ۔ آپس میں آسانی کرنا۔ باہم شریفانہ برتاؤ کرنا۔ عبارت کا کمزور ہونا (د) بے تعصبی
تَسَامُع ۔ ایک دوسرے سے سننا۔ خبر کا فاش ہونا۔
تَسَامِي ۔ بزرگی میں آپس میں مقابلہ کرنا۔
تَسَانُد ۔ ٹیک لگانا [الی] اعتماد کرنا۔
تَسَاوُم ۔ بھاؤ کرنا۔
تَسَاوِي ۔ آپس میں برابر ہونا۔
تَسَاهُل ۔ آپس میں کسی چیز کو آسان سمجھ لینا۔
تَسَاهُم ۔ آپس میں قرعہ ڈالنا۔
تَسَايُر ۔ ساتھ ساتھ چلنا۔

تَسَایُف ۔ باہم شمشیر زنی کرنی۔

تَسَایُل ۔ لشکر کا ہر طرف کو سیلاب کی طرح چلنا۔

تَسْبِیْب ۔ بہت گالیاں دینا ۔ موجب باعث بننا۔

تَسْبِیْح ۔ سبحان اللہ کہنا۔ پاکی کے ساتھ یاد کرنا۔ خدا تعالیٰ کا ذکر اور اس کی صفت بیان کرنا۔ نماز

تَسْبِیْك ۔ دھاتوں کو پگھلانا ۔ سانچہ میں ڈھالنا۔

تَسَتُّر ۔ پوشیدہ ہونا۔ پرہیز کرنا۔ پردہ میں ہونا۔ کسی چیز کو دور رکھنا۔

تَسْجِیْر ۔ پانی جاری کرنا تنور میں لکڑیاں بھرنا (د) رجسٹری کرنا۔

تَسْجِیْع ۔ باقافیہ کلام کرنا۔

تَسْجِیْل ۔ درج رجسٹر کرنا ۔ رجسٹری کرنا [ب] ازروئے قانون فیصلہ کرنا [علی] کسی کے خلاف فیصلہ کرنا۔

تَسَحُّب ۔ [علی] کسی کے ساتھ ناز کرنا۔

تَسَحُّر ۔ سحری کھانا۔

تَسْحِیْر ۔ جادو کرنا۔ لبھانا ۔ دھوکہ دینا ۔ دغا کرنا۔

تَسْخِیْر ۔ مطیع و منقاد کر لینا ۔ بیگار لینا۔

تَسَخُّر ۔ مطیع بنانا ۔ بیگار لینا۔ مذاق اڑانا۔

تَسْخِیْن ۔ گرم کرنا۔

تَسَدُّد ۔ رخنہ و سوراخ کا بند ہو جانا۔

تَسَدِّی ۔ تَسْدِیَۃ ۔ تانا بننا ۔ کپڑا بننا

تَسْدِیْد ۔ راست اور درست کرنا ۔ صواب اور راستی کی توفیق دینا ۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ صواب ڈھونڈنا ۔ صواب کی توفیق پانا۔ (د) ادائیگی۔

تَسَرُّب ۔ سوراخ میں گھسنا۔

تَسَرْبُل ۔ لباس پہننا۔

تَسَرْوُل ۔ ازار پہننا۔

تَسَرِّی ۔ لونڈی رکھنا ۔ حرم بنانا۔

تَسْرِیْح ۔ بال کھولنا ۔ بال لٹکانا ۔ بیوی کو طلاق دینا چوپایوں کو چرنے کے لئے بھیجنا ۔ کنگھی کرنا غلام آزاد کرنا۔

تَسْطِیْح ۔ ہموار کرنا ۔ کشادہ کرنا۔

تَسْطِیْر ۔ لکھنا ۔ جمع کرنا ۔ بھیجا جانا۔

تُسْع ۔ نویں کا ایک۔

تَسْع ۔ (ض) نواں حصہ لینا ۔ نواں ہو جانا۔

تِسْعَ آیَات ۔ نو نشانیاں جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کو عطا ہوئی تھیں ۔ عصا، قحط، دریا، ٹڈی، جوں، خون، ید بیضا، مینڈک، طوفان۔

تِسْع ۔ نو (مؤنث)

تِسْعَۃ ۔ نو (مذکر)

تَسَعُّر ۔ آگ کا بھڑکنا۔

تَسَعْسُع ۔ عمر کا اکثر حصہ گذر جانا ۔ مہینے کا اکثر گذر جانا بدحال ہونا۔

تَسْعِیْر ۔ آگ بھڑکانا ۔ نرخ مقرر کرنا ۔ لڑائی چھیڑنا

تَسَفُّل ۔ پست ہونا ۔ نشیب میں آنا۔

تَسَفُّر ۔ سفر میں جانا ۔ تدارک کرنا ۔ عورت کا منہ کھلوانا۔

تَسْفِیْر ۔ سفر میں بھیجنا ۔ آگ کو بھڑکانا۔

تَسْفِیْہ ۔ نادانی کرنا ۔ نادانی کی طرف منسوب کرنا۔ نادان کہنا۔

تَسَقُّف ۔ پادری بننا۔

تَسَقِّی ۔ سیراب ہونا ۔ کسی چیز کا پانی کو قبول کرنا۔

تَسْقِیَۃ ۔ پانی دینا ۔ سَقَاكَ اللّٰہُ یا سُقْیًا لَكَ کہنا۔

تسقیف ۔ چھت ڈالنا ۔ پادری بنانا ۔
تسکاب ۔ پانی کو بہانا ۔ پانی کا بہنا ۔ جاری ہونا ۔
تسکف ۔ دروازہ کی چوکھٹ بنانا ۔
تسکیت ۔ چپ کرنا ۔
تسکیر ۔ گلا گھونٹنا ۔ دروازہ بند کرنا ۔
تسکین ۔ آرام دینا ۔ ہمیشہ تیز رو گدھے پر سوار ہونا ۔ نیزہ کو آگ سے سیدھا کرنا ۔
تسلح ۔ ہتھیار پہننا ۔ مسلح ہونا ۔
تسلخ ۔ پوست وغیرہ کا بیماری سے چھل جانا ۔
تسلسل ۔ پانی کا اوپر نیچے جاری ہونا ۔ کپڑے کا استعمال کے سبب پتلا ہو جانا ۔
تسلط ۔ (علی) قابو یافتہ ہونا ۔
تسلف ۔ قرض لینا ۔ قیمت پہلے لے لینا ۔
تسلق ۔ دیوار پر چڑھنا ۔
تسلل ۔ کسی چیز میں سے پوشیدہ طور پر باہر نکل آنا ۔
تسلم ۔ قبول کرنا ۔ اسلام قبول کرنا ۔ راستہ طے کرنا اور اس میں غلطی نہ کھانا ۔
تسلی ۔ بےغمی ۔ بے غم ہونا ۔
تسلیۃ ۔ تسلی دینا ۔
تسلیس ۔ جواہرات یا موتیوں کا پرونا ۔
تسلیط ۔ کسی کو حاکم بنا کر بھیجنا ۔ حکم و اختیارات کو جاری کرنا ۔
تسلیف ۔ ناشتہ دینا ۔ آگے بھیجنا ۔
تسلیم ۔ مصیبت سے چھڑانا ۔ سپرد کرنا اور سونپ دینا ۔ فیصلہ پر راضی رہنا ۔ سلام کرنا ۔
تسمع ۔ سننا ۔ کسی کی طرف کان لگانا ۔ تھوڑا تھوڑا سننا ۔

تسمعۃ ۔ کسی کو آواز سنانا ۔
تسمن ۔ موٹا ہونا ۔
تسمی ۔ نام رکھا جانا ۔ منسوب ہونا ۔
تسمیۃ ۔ نام رکھنا ۔ نام لے کر پکارنا ۔ نام بتانا ۔ (د) کسی خدمت پر نامزدگی ۔
تسمیت ۔ راستہ اختیار کرنا (ل) چھینکنے والے کے لئے یرحمک اللہ کہنا (علی) کسی چیز پر خدا کا نام لینا ۔
تسمیج ۔ بھونڈا کر دینا ۔
تسمیع ۔ اچھا راستہ رکھنا ۔ جلدی کرنا ۔ دوڑ جانا ۔
تسمید ۔ زمین میں کھاد دینا ۔
تسمیط ۔ گٹھری کو کاٹھی پر باندھنا ۔ قرضدار کو چھٹکارا دینا ۔ کسی کے مصرعہ پر مصرعہ لگانا ۔
تسمیع ۔ تشہیر کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ کسی کو مشہور کرنا ۔ آواز سنانا ۔ کسی کی گمنامی دور کرنا ۔
تسمین ۔ موٹا کرنا ۔ کھانے کو گھی سے چرب کرنا ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ گھی دینا ۔
تسنح ۔ تلاش کرنا ۔
تسنن ۔ سڑنا اور متغیر ہو جانا ۔ ایک راستہ پر ہونا
تسنہ ۔ متغیر اور خراب ہو جانا ۔ پرانا اور سال خوردہ ہو جانا ۔ تنگ سالی برداشت کرنا ۔ کسی کے پاس سال پورا کر دینا ۔ کھجور کے درخت کا ہر سال پھل نہ لانا ۔
تسنیت ۔ ہانڈی میں ڈوئی چلانا ۔
تسنیم ۔ بہشت کا ایک چشمہ جو بلندی سے گرتا ہے ۔ چڑھ آنا ۔ چارہ کی افراط کا اونٹ کے کوہان کو بڑا کر دینا ۔
تسنین ۔ نیزہ کو تیز کرنا ۔ نیزہ بھونکنا ۔ دانت مارنا
تسوخ ۔ (فی) کیچڑ میں گر پڑنا ۔

تَسَوُّر - دیوار پر چڑھنا۔ کنگن پہننا۔

تَسَوُّق - بازار ڈھونڈھنا۔ خرید و فروخت کرنا۔

تَسَوُّک - مسواک کرنا۔

تَسَوِّی - ہموار اور برابر ہونا۔ زمین میں ہلاک ہونا۔

تَسْوِیَۃ - ایک چیز کو دوسری چیز کے برابر کر دینا۔ پورا کرنا۔ ٹھیک ٹھاک کرنا۔ ہموار کرنا۔ (بین) دو شخصوں کے درمیان صلح کرا دینا

تَسْوِید - دلیری کرنا۔ سردار کرنا۔ کسی قوم کے سردار کو مار ڈالنا۔ سیاہ کرنا۔

تَسْوِیر - کسی کے ہاتھ میں کنگن ڈالنا۔ شہر پناہ اور فصیل بنانا۔

تَسْوِیغ - کسی چیز کو روا رکھنا (ل) عطا کرنا۔

تَسْوِیف - تاخیر کرنا۔ سوف افعل کہنا۔ حاکم مختار بنا دینا۔

تَسْوِیل - (ل) شیطان کا کسی کو بہکا دینا۔

تَسْوِیم - (گھوڑوں پر) نشان لگانا۔ (گھوڑوں کو) چراگاہ میں چھوڑنا۔ کسی کو مشکل کام سپرد کرنا (علیٰ) کسی قوم پر لوٹ ڈالنا۔

تَسَهُّر - بیدار رہنا۔

تَسَهُّل - آسان و نرم ہونا۔

تَسْهِید - کسی کو بے خواب اور بیدار کرنا۔

تَسْهِیل - نرمی اور آسانی کرنا۔

تَسْیِیب - چوپایوں کو اپنی مرضی پر چھوڑ دینا۔

تَسْیِیر - ہانک دینا۔ شہر سے باہر کر دینا۔ دھاری دار کپڑا بننا۔ چوپایہ کے اوپر سے جھول اتارنا۔

تَسْیِیل - پانی وغیرہ کا جاری کرنا۔ بہانا۔

ت - ش

تَشَابُر - فریقین کا لڑائی میں نزدیک ہونا۔

تَشَابُک - امور کا خلط ملط ہونا۔

تَشَابُہ - مانند ہونا (علیٰ) کسی شخص پر معاملات کا پیچیدہ ہو جانا۔

تَشَاتُم - ایک دوسرے کو گالی دینا۔

تَشَاجُر - دو گروہ کا آپس میں منازعت کرنا۔ ایک دوسرے پر نیزہ مارنا۔

تَشَارُک - شرکت کرنا۔

تَشَاقّ - آپس میں دشمنی و مخالفت کرنا۔

تَشَاکُس - مخالفت کرنا۔ ایک دوسرے سے بری طرح اور کج خلقی سے پیش آنا۔

تَشَاکُل - موافقت کرنا۔ مشابہ ہونا

تَشَاکِی - آپس میں گلہ کرنا۔

تَشَاوُر - مشورہ کرنا۔

تَشَاؤُم - فال بد لینا

تَشَایُخ - بہ تکلف بوڑھا بن جانا۔

تَشَبُّث - کسی چیز میں لٹک جانا۔ کسی چیز میں چنگل مارنا۔

تَشَبُّص - درختوں کا گنجان ہونا۔

تَشَبُّک - کسی چیز کے اجزا کا آپس میں گتھا ہوا ہونا۔ لٹکنا۔ کاموں کا خلط ملط ہونا۔

تَشَبُّہ - مشابہ ہونا۔

تَشْبِیب - غزل کہنا۔ یعنی عورت کا حسن و جمال اور اس سے اپنے عشق کا حال اور تمنائے وصال بیان کرنا۔

تَشْبِیک - ملانا۔ دو چیزوں کو آپس میں داخل کرنا۔

تَشَتُّت - پراگندہ ہونا۔

تَشَتِّی - کسی مقام پر موسم سرما میں سکونت اختیار کرنا۔

تَشْتِیت - پراگندہ کر دینا۔

تَشْجِیع ۔ دلیر کرنا۔ تعریف کے طور پر کسی کو بہادر کہنا۔
تَشْحِیذ ۔ تیز کرنا۔ دھار نکالنا۔
تَشَخُّص ۔ جدا اور ممتاز ہونا۔
تَشْخِیص ۔ جدا اور ممتاز کرنا۔ پہچاننا۔ (د) تھیٹر میں ایکٹ کرنا۔
تَشَدُّد ۔ سختی کرنا۔
تَشْدِید ۔ قوت دینا۔ بھاری کرنا۔ احتیاط میں سختی برتنا۔
تَشَرُّب ۔ سرایت کر جانا۔ کپڑے کا پسینہ کو پی لینا۔
تَشَذُّب ۔ پریشان اور متفرق ہونا۔
تَشَرُّف ۔ کسی چیز کے اوپر چڑھنا۔ بزرگ جاننا۔ بزرگ صفت ہو جانا۔ (مجہولاً) قوم کے اشراف اور سرداروں کا مارا جانا۔ (ل) کسی چیز کی طرف دیکھنا (ب) شرف جاننا۔
تَشَرُّق ۔ دھوپ میں بیٹھنا۔
تَشْرِیح ۔ خوب ظاہر کرنا۔ قطع کرنا۔ طب کا ایک فن۔ جس میں اعضائے انسانی کی ترکیب اور اجزاء بتلائے جاتے ہیں۔
تَشْرِید ۔ ہانکنا۔ پراگندہ کرنا۔ کسی کے عیب کو مشہور کرنا۔
تَشْرِیع ۔ راستہ بیان کرنا۔ کسی امر دینی کا حکم دینا۔ (د) قانون بنانا۔
تَشْرِیف ۔ بلندی پر چڑھنا۔ تعظیم کرنا۔ بزرگ سمجھنا۔ گھر کا کنگرہ بنانا۔
تَشْرِیف ۔ رسمی جلسہ (د)
تَشْرِیق ۔ خوبصورتی۔ چہرہ کی چمک۔ مشرق کی طرف جانا۔ مشرق کی طرف منہ کرنا۔ عید کی نماز پڑھنا۔ گوشت کو دھوپ میں سکھانا۔
تَشْرِیک ۔ جوتی کے لئے شراک (تسمہ) بنانا۔
خریدی ہوئی چیز میں ملے کچھ خرید کی قیمت پر بیچ ڈالنا۔
تِشْرِین الاوّل ۔ رومی مہینہ مطابق اکتوبر (د)
تِشْرِین الثانی ۔ رومی مہینہ مطابق نومبر (د)
تَشْطِیط ۔ حد اور اندازہ سے گزر جانا۔
تَشَعُّب ۔ پراگندہ ہونا۔ پراگندہ کرنا۔ راستہ کا یا درخت کا شاخ شاخ ہونا۔ مر جانا۔ درست ہونا۔ دور ہونا۔
تَشَعُّث ۔ پراگندہ اور پریشان ہونا۔ لینا۔ تھوڑا سا کھانا۔ بالوں کا گرد و غبار اور میل کی وجہ سے جم جانا۔
تَشَعُّل ۔ آگ کا بھڑکنا۔
تَشْعِیب ۔ الگ الگ اور متفرق کرنا۔ ٹوٹے ہوئے کو جوڑنا۔ لغات اضداد سے ہے۔
تَشْعِیث ۔ دور کرنا۔ دفع کرنا۔ پریشان کرنا۔ ملامت کرنا۔
تَشْعِیل ۔ آگ کا بھڑکانا۔
تَشَفُّع ۔ سفارش کرنا۔
تَشَفِّی ۔ شفا پانا۔
تَشْفِیع ۔ دوگنا کرنا۔ سفارش قبول کرنا۔
تَشَقُّق ۔ (لکڑیاں) چیرنا۔ بجلی کا خوب چمکنا۔ پھٹ جانا۔
تَشْقِیص ۔ (ذبیحہ کے اعضا کو جدا کر کے) شرکاء کے درمیان برابر حصے تقسیم کرنا۔ فروخت کے گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَشْقِیق ۔ خشک لکڑیوں کو چیرنا۔ کلام کو اچھے طور سے بیان کرنا۔
تَشَکُّر ۔ (ل) شکریہ ادا کرنا۔
تَشَکُّک ۔ وہم کرنا۔

تَشَكُّل ۔ صورت اختیار کرنا۔ انگور کا پکنے لگنا۔
تَشَكِّی ۔ گلہ کرنا۔
تَشَكِیْر ۔ بہت شکریہ ادا کرنا۔
تَشْکِیْك ۔ کسی کو شک میں ڈالنا۔
تَشْکِیْل ۔ صورت بنانی۔ انگور کا پکنے لگنا۔ چوپایہ کے پاؤں کو رسی سے باندھنا (د) کوئی جماعت قائم کرنا۔
تَشَمُّر ۔ [ل] کسی کام کے لئے مستعد ہونا۔ کپڑے کو اٹھانا اور سمیٹنا۔ مٹک مٹک کر تیزی سے چلنا۔
تَشَمُّس ۔ دھوپ میں کھڑا ہونا۔
تَشَمُّص ۔ سکڑنا سمٹنا
تَشَمُّعْل ۔ متفرق ہوجانا۔ منتشر ہوجانا۔
تَشَمُّم ۔ سونگھنا۔
تَشْمِیْت ۔ چھینکنے والے کے لئے دعا کرنا یعنی وہ الحمد للہ کہے تو یرحمک اللہ کہنا۔ محروم و مایوس کرنا۔ جمع کرنا۔
تَشْمِیْر ۔ تیزی سے چلنا چلنے میں مٹکنا۔ جمع کرنا۔ کپڑے کو اٹھانا اور سمیٹنا [الی] پختہ قصد کرنا [فی ول] کوشش و اہتمام کرنا۔
تَشْمِیْس ۔ کسی چیز کو دھوپ دینا۔ آفتاب کو پوجنا۔
تَشْمِیْع ۔ موم جامہ بنانا۔
تَشْمِیْل ۔ دامن سمیٹنا ۔ دوڑنا۔
تَشْمِیْم ۔ سونگھنا ۔ سنگھانا۔
تَشَنُّج ۔ کھال کا سکڑنا۔
تَشَنُّع ۔ تیز چلنا۔ لوٹ ڈالنا۔ ہتھیار پہننا [ل] کسی کام کے لئے آمادہ ہونا۔
تَشْنِیْع ۔ کسی کی برائی کرنا [علی] برا سمجھنا کسی کام کو۔
تَشَوُّق ۔ بہ تکلف شوق کو ظاہر کرنا ۔ آرزو کرنا۔
تَشْوِیَۃ ۔ کسی کو بھوننے کے لئے گوشت دینا۔ بھنا ہوا گوشت کھلانا۔
تَشْوِیْش ۔ پریشان کرنا ۔
تَشْوِیْق ۔ کسی کو کسی چیز کا مشتاق بنانا۔
تَشْوِیْك ۔ کانٹا نکالنا ۔ درخت کا خاردار ہونا۔ دیوار پر وغیرہ پر کانٹے رکھنا ۔ لڑکے کی مونچھوں کا سخت ہوجانا ۔ لڑکی کی چھاتیاں نکلنے لگنا ۔ مونڈنے کے بعد بال نکل آنا ۔
تَشَهُّد ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰه کہنا۔ نماز میں اس کلمہ تک بیٹھا رہنا۔
تَشَهِّی ۔ کسی چیز کی خواہش کرنا اور اس کا آرزومند ہونا۔
تَشْهِیَۃ ۔ کسی کو کسی چیز کی خواہش پر برانگیختہ کرنا شوق دلانا۔
تَشْهِیْر ۔ مشہور و ظاہر کرنا ۔ تلوار کو سونتنا۔ اور لوگوں پر اس کو اٹھانا۔
تَشَیُّخ ۔ بوڑھا ہوجانا۔
تَشَیُّط ۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر ہوجانا۔
تَشَیْطُن ۔ دیو ہونا ۔ نافرمان اور سرکش ہونا۔
تَشَیُّع ۔ شیعیت کا دعوٰی کرنا۔ خود کو شیعہ ظاہر کرنا۔
تَشَیُّم ۔ عادات و خصائل میں اپنے باپ کے مشابہ ہونا۔
تَشْیِیْب ۔ غم کا کسی کو بوڑھا کردینا ۔ غم کا سر کو سفید کر دینا۔
تَشْیِیْخ ۔ بوڑھا ہونا ۔ بزرگی کے سبب تعظیماً کسی کو بوڑھا کہنا [علی] عیب لگانا [ب] رسوا کرنا (لغات اضداد سے ہے)۔

تَشْیِیْد ۔ کسی چیز کو بلند کرنا ۔ دیواروں پر چونا قلعی کرنا ۔

تَشْیِیْع ۔ رخصت کرنے کے لئے ساتھ جانا ۔ شش عید کے روزے رکھنا ۔ آگ میں ایندھن جھونکنا ۔ تقویت کرنا ۔

ت ۔ ص

تَصَابِی ۔ عورت کو دھوکا دینا ۔ عورت کو فریفتہ کرلینا لہو ولعب کی طرف مائل ہونا ۔

تَصَاخُب ۔ آپس میں فریاد کرنا ۔ ایک دوسرے کو مارنا ۔

تَصَادُق ۔ آپس میں دوستی کرنا ۔

تَصَادُم ۔ آپس میں ٹکرانا ۔ ہجوم کرنا ۔

تَصَارُخ ۔ آپس میں شور اور فریاد کرنا ۔

تَصَارُم ۔ آپس میں قطع تعلق کرنا ۔

تَصَاعُد ۔ چڑھنا ۔ دشوار ہونا ۔

تَصَاغُر ۔ خوار و حقیر ہونا ۔ خود کو چھوٹا دکھانا ۔

تَصَافّ ۔ دوسروں کے ساتھ مل کر صف بستہ ہوجانا آپس میں دو قطار ہوجانا ۔

تَصَافُح ۔ آپس میں ہاتھ پکڑنا ۔

تَصَافُق ۔ بیعت یا بیع کے وقت آپس میں ہاتھ مارنا

تَصَافُن ۔ باہم پانی تقسیم کرنا ۔

تَصَالُح ۔ آپس میں صلح کرنا ۔

تَصَامُم ۔ اپنے آپ کو بہرا ظاہر کرنا ۔

تَصَاوُل ۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا ۔ اور جست لگانا ۔

تَصَاوِیر ۔ تصویر کی جمع ۔

تَصَایُح ۔ ایک دوسرے کو آواز دینا ۔ تلوار کی میان کا پھٹ جانا ۔

تَصَبُّب ۔ گرنا ۔ اوپر سے نیچے کی طرف پانی کا اترنا ۔

تَصَبُّح ۔ صبح کے وقت سونا ۔ صبح کے وقت ناشتہ کرنا [ب] صبح کے وقت کسی سے ملاقات کرنا ۔

تَصَبُّر ۔ خود کو زبردستی کسی چیز سے روکنا صبر کرنا ۔

تَصَبُّغ ۔ [فی] دین میں پکا ہونا ۔ دین کا رنگ چڑھ جانا ۔

تَصَبِّی ۔ لڑکپن کی طرف مائل ہونا ۔ مرد کا عورت کو فریفتہ کرلینا اور فتنہ میں ڈال دینا ۔

تَصْبِیْح ۔ صبح کے وقت آنا ۔ چاشت کا کھانا کھانا ۔ صبح کی شراب پلانا ۔ صبح کا سلام کرنا یعنی اَنْعِمْ صَبَاحًا کہنا ۔

تَصْبِیْر ۔ کسی کو صبر دینا ۔ کسی سے صبر چاہنا ۔

تَصْبِیْن ۔ عصر کا کھانا ۔ لنچ ۔ (د)

تَصْبِیْغ ۔ کپڑے کو خوب رنگنا ۔

تَصَحُّب ۔ شرم کرنا ۔

تَصَحُّف ۔ لکھے ہوئے کو غلط پڑھنا ۔

تَصْحِیْح ۔ درست کرنا ۔ کسی چیز کو درست بولنا ۔

تَصْحِیْف ۔ لکھے ہوئے میں چوکنا اور غلطی کرنا ۔

تَصَدُّد ۔ روکنا ۔

تَصَدُّر ۔ سینہ کو بیٹھنے کی حالت میں سیدھا رکھنا صدر کی جگہ بیٹھنا ۔ دوڑ میں آگے نکل جانا (د) جلسہ کا صدر بننا ۔

تَصَدُّع ۔ پھٹنا ۔ بھاگ کر غائب ہوجانا ۔ متفرق اور پریشان ہونا ۔

تَصَدُّف ۔ [عن] اعراض کرنا ۔ منہ پھیر لینا ۔

تَصَدُّق ۔ صدقہ کرنا ۔

تَصَدُّم ۔ روکنا ۔ ہٹانا ۔

تَصَدِّی ۔ درپے ہونا ۔ سامنے آنا ۔

تَصْدِیَۃ۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ تالی بجانا۔
تَصْدِیْد۔ تالی بجانا۔
تَصْدِیْر۔ آگے نکل جانا۔ پھیر دینا۔ کسی کو صدر مجلس میں بٹھانا [ب] عنوان (مضمون کی سرخی) لکھنا (کتاب کو) کسی خاص تمہید کے ساتھ شروع کرنا (د) ملک سے مال تجارت کا باہر جانا یا بھیجنا۔
تَصْدِیْع۔ کسی کو دردِ سر پہنچانا۔ سر میں درد ہونا۔ الگ الگ کرنا۔
تَصْدِیْغ۔ اونٹ کی کنپٹی پر داغ و نشان لگانا۔
تَصْدِیْق۔ کسی کو راست گو کہنا۔ تکذیب کی ضد صدقات لینا
تَصَرُّخ۔ کوشش کرکے چیخنا۔
تَصَرُّف۔ کسی کام میں ہاتھ ڈالنا (عن) پھر جانا۔
تَصَرُّم۔ چستی کرنا۔ کٹ جانا۔ سال کا گزر جانا
تَصْرِیَۃ۔ (بکری کو) نہ دوہنا تاکہ تھنوں میں بہت سا دودھ جمع ہو جائے۔
تَصْرِیْح۔ کھولنا اور ظاہر کرنا۔ ظاہر و عیاں ہونا کھلی ہوئی اور صاف بات کہنا۔ خلاف تعریض (د) اعلان۔ بیان سیاسی۔
تَصْرِیْع۔ پچھاڑنا۔ شعر کے پہلے مصرع میں قافیہ لانا
تَصْرِیْف۔ آیات کو کھول کھول کر اور واضح طور پر بیان کرنا۔ کسی تجارتی شے یا کسی سکّے کو رواج دینا۔ ایک بات دوسری بات سے نکال لینا۔ ہوا کا اِدھر سے اُدھر پھرنا۔ ہوا کو اِدھر سے اُدھر پھیرنا۔
تَصْرِیْم۔ درخت کو جڑ سے اکھاڑ دینا۔ رسّی کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَصْعَاق۔ (س) بے ہوش ہو جانا۔

تَصَعُّب۔ دشوار ہونا۔ دشوار کرنا۔
تَصَعُّد۔ چڑھنا۔ کسی امر کا شاق اور دشوار ہونا۔
تَصَعُّر۔ تکبّر کی وجہ سے چہرہ کج کرنا۔
تَصَعْلُک۔ فقیر و محتاج ہو جانا۔
تَصْعِیْب۔ مشکل کر دینا۔
تَصْعِیْد [فی و علی] پہاڑ پر چڑھنا [فی] وادی میں اترنا۔ اوپر تلے دیکھنا۔
تَصْغِیْر۔ چھوٹا کرنا۔ اسم کو فُعَیْل وغیرہ کے وزن پر کرنا
تَصَفُّح۔ لوگوں کے حالات پرکھنا۔ کسی کے کام پر نظر رکھنی اور اس کی اصلیت کو تلاش کرنا۔
تَصَفُّق۔ متردد ہونا (ل) کسی کام کے لئے آمادہ ہونا
تَصْفِیْح۔ چوڑا کرنا۔ تالی بجانا۔
تَصْفِیْد۔ اچھی طرح سے قید کرنا۔ پختہ اور مضبوط کرنا
تَصْفِیْر۔ زرد رنگ میں رنگنا۔ چیخنا چلّانا۔ گھر کو خالی کرنا (د) ریل کا سیٹی دینا۔
تَصْفِیْف۔ صف میں کھڑا ہونا۔ صف میں کھڑا کرنا۔ (د) ٹائپ کو کمپوز کرنا۔ حروف آہنی کو باہم ملانا۔
تَصْفِیْق۔ ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ پھرنا۔ جانا۔ کسی چیز کے گرد پھرنا [ب] پرندوں کا پروں کو پھڑپھڑانا (د) چیرز
تَصَلُّب۔ سختی کرنا۔
تَصَلْصُل۔ زیور کا بجنا۔ آواز کو حلق میں پھرانا۔ کیچڑ کا خشک ہو جانا۔
تَصَلُّع۔ سورج کا روشن ہونا اور بادل سے نکل آنا۔
تَصَلُّف۔ چاپلوسی کرنا۔
تَصَلِّی۔ آگ کی گرمی کو سہنا۔ آگ سے تاپنا۔ آگ پر سیدھا کرنا۔

تَصْلِیب ۔ سخت اور مضبوط ہو جانا۔ سخت اور مضبوط کرنا۔ سولی پر کھینچنا۔
تَصْلِیَة ۔ نماز پڑھنا۔ درود پڑھنا (مادہ صلو) آگ میں ڈال دینا۔ آگ میں مقیم ہونا لاٹھی وغیرہ کو آگ سے سیدھا کرنا۔ (مادہ صلی)
تَصْلِیح ۔ کسی چیز کو ٹھیک کرنا۔
تَصْلِیم ۔ ناک۔ کان جڑ سے اکھاڑنا۔
تَصْمِیَة ۔ خاموش رہنا۔ خاموش کرنا۔
تَصْمِیم ۔ اپنی رائے پر پختگی سے عمل کرنا۔ کسی چیز کو کاٹنا اور اس میں دانت گھسانا۔ تلوار کا کاٹ کر گذر جانا۔
تَصَنُّع ۔ خود کو آراستہ کرنا۔ کسی کے لئے نیک بننا اور بناوٹ کے طریقہ سے خوش خلقی اور بھلائی سے پیش آنا۔
تَصْنِیف ۔ کسی چیز کی قسمیں الگ الگ کرنا۔ کسی چیز میں سے بعض کو بعض سے جدا کرنا اور تمیز دینا۔ درخت کا پتے نکالنا۔ کتاب لکھنا۔
تَصْنِیم ۔ تصویر بنانا۔
تَصَوُّب ۔ اوپر سے نیچے آنا۔ مینہ برسنا۔
تَصَوُّر ۔ صورت بننا۔ چیز کی شکل کو خیال میں لانا چیز کی شکل کا سامنے آنا۔ گرنا۔ گرنے کے قریب ہونا۔
تَصْوِیب ۔ کسی کو سچا سمجھنا۔ سچا کہنا۔ سر کو نیچا رکھنا تیز چلنے کے لئے گھوڑے کی باگ ڈھیلی کر دینا (د) گولی نشانہ پر مارنا۔
تَصْوِیت ۔ آواز کرنا (د) رائے دینا۔ ووٹ دینا۔
تَصْوِیْد ۔ صاد لکھنا۔

تَصْوِیر ۔ صورت بنانا۔ پیدا کرنا۔ شکل۔ جمع تصاویر
تَصْوِیرِ شَمْسِیَ ۔ فوٹوگرافی
تَصَیُّد ۔ شکار ڈھونڈھنا۔
تَصْیِیف ۔ ایام گرما میں کسی مقام پر سکونت اختیار کرنا۔
تَصْیِیر ۔ پھیر دینا۔ مائل کرنا۔

ت ۔ ض

تَضَاجُر ۔ خود کو ملول اور غمگین کرنا
تَضَاجُع ۔ کئی آدمیوں کا ایک دوسرے کے ساتھ پہلو پر سونا۔ کئی آدمیوں کا اپنے پہلو زمین پر رکھ کر لیٹ جانا۔
تَضَاجُم ۔ کج ہونا [بینھم] لوگوں کے درمیان کسی کام کا مختلف ہو جانا۔
تَضَاحُك ۔ ہنسنا۔ آپس میں ہنسنا۔ مزاح کرنا۔
تَضَارُب ۔ آپس میں لڑنا۔
تَضَاعُف ۔ دو چند ہونا۔
تَضَاغُط ۔ جمع ہونا۔ ہجوم کرنا۔ بھیڑ لگانا۔ ایک دوسرے کو بھینچنا۔
تَضَاغُن ۔ آپس میں کینہ رکھنا۔
تَضَافُر ۔ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ مدد کرنا
تَضَافُم ۔ اکٹھا ہونا۔ کسی چیز کی طرف کھنچ جانا
تَضَبُّب ۔ بچے کا خوب موٹا ہونا
تَضَایُق ۔ تنگ ہونا۔ نہ سمانا۔
تَضَبُّط ۔ کسی کو زبردستی گرفتار کرنا۔ تھوڑی سی گھاس پر پہنچنا۔ چرنے میں جلدی کرنا۔ موٹا ہونا۔
تَضَجُّر ۔ بے قرار ہونا۔ چیخ پکار کرنا
تَضَجُّع ۔ [عن] کوتاہی کرنا۔

تَضْجِيْع - سورج کا غروب کے قریب ہونا [عن] کوتاہی کرنا۔
تَضَحْضُح - سراب کا چمکنا۔ کسی کام کا واضح ہونا۔
تَضَحُّك - ہنسنا۔
تَضَحِّي - چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ میں نکلنا۔
تَضْحِيَة - چاشت کے وقت کھلانا [ب] چاشت کے وقت ذبح کرنا۔ [عن] تاخیر کرنا۔ (د) قربانی (مالی یا بدنی)
تَضَرُّب - حرکت کرنا۔
تَضِرَّة - تنگی۔ بدحالی۔ کمی۔ سختی۔ تنگ۔ ج: تَضِرَّات۔
تَضَرُّج - خون آلودہ ہونا۔ کلی کا کھلنا۔ رخسارہ کا سرخ ہو جانا۔ عورت کا اپنی زیب و زینت دکھلانا۔
تَضَرُّر - نقصان پانا۔
تَضَرُّع - ذلیل ہونا۔ سایہ کا پھرنا [الی] خدا تعالے کے سامنے عجز و نیاز ظاہر کرنا اور اس سے حاجت مانگنا۔
تَضَرْغُم - شیر بننا۔ دلیر ہونا۔
تَضَرُّم - آگ کا بھڑکنا۔ غصہ سے بھڑکنا۔
تَضْرِيْب - بہت مارنا۔ برانگیختہ کرنا [ب] ایک چیز کو دوسری چیز میں خلط کرنا [بین] لوگوں کے درمیان لڑائی ڈالنا۔
تَضْرِيْط - منہ سے گوز کی آواز نکالنا۔ کسی سے گوز کروانا۔
تَضْرِيْم - آگ کو بھڑکانا۔
تَضَعْضُع - عاجز و نیازمند ہونا۔
تَضْعِيْف - کمزور جاننا۔ کسی بات کو کمزور کہنا۔ کسی چیز کو دوگنا یا زیادہ کرنا۔ کمزور کرنا۔
تَضْفِيْر - بال گوندھنا۔
تَضْلال - کسی کو گمراہ کہنا۔
تَضَلُّع - پیٹ بھر کر کھانا یا پینا یہاں تک کہ پسلیوں تک پہنچ جائے۔
تَضَلُّل - باطل ہونا۔
تَضَلِّي - گمراہوں کی صحبت اختیار کرنا۔
تَضْلِيْل - کسی کو گمراہ کہنا۔ گمراہ کرنا۔ غلطی میں ڈالنا
تَضَمُّخ - خوشبو میں لبسنا۔
تَضَمُّد - لیپ لگانا۔
تَضَمُّر - کھال کا لاغری کی وجہ سے سکڑ جانا۔
تَضَمُّن - کسی چیز کا ذمہ دار ہونا۔ لازم پکڑنا۔ مشتمل ہونا (یعنی کسی چیز کو اپنے اندر لے لینا)
تَضْمِيْخ - خوشبو میں بسانا۔
تَضْمِيْد - پٹی باندھنا۔ لیپ لگانا۔ آلودہ کرنا۔
تَضْمِيْر - موٹے کو دبلا کرنا۔
تَضْمِيْن - تاوان دینا۔ کسی دوسرے کے شعر کو اپنے اشعار میں داخل کرنا۔ پناہ میں لانا۔
تَضَوُّء - روشنی میں رہنے والوں کو دیکھنے کے لئے اندھیرے میں کھڑا ہونا۔ اندھیرے میں ٹھہرنا تاکہ جو روشنی میں ہیں ان کو دیکھے۔
تَضَوُّج - وادی کے خموں اور موڑوں کا بہت ہو جانا۔
تَضَوُّع - بو پھیلنا۔ مہکنا۔
تَضَوُّن - کثیر الاولاد ہو جانا۔
تَضَيُّح - دودھ کا پانی میں ملنا۔
تَضْهِيْب - گوشت کا ادھ کچا پکانا۔ کمان وغیرہ کو سیدھا کرنے کے لئے آگ پر رکھنا۔

تَضَیُّق ۔ تنگ ہونا۔
تَضْیِیح ۔ دودھ کو پانی میں ملانا۔
تَضْیِیْع ۔ بیکار اور نکما کر دینا۔ بغیر سرپرست کے چھوڑنا۔
تَضْیِیْف ۔ کسی کا مہمان ہونا۔ رحم کھانا۔ ترس کھانا۔ جھکانا۔ جھکنا۔ آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔
تَضْیِیْق ۔ تنگ کرنا۔ کسی پر تنگی کرنا۔

ت ۔ ط

تَطَابُق ۔ اتفاق کرنا۔
تَطَارُد ۔ ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَطَارُش ۔ بہ تکلف بہرا بننا۔
تَطَارُق ۔ اونٹوں کا ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔
تَطَاطُؤ ۔ سر کو پست کرنا اور جھکا دینا۔
تَطَاعُم ۔ نر کبوتر کا اپنا منہ کبوتری کے منہ میں داخل کرنا۔
تَطَاعُن ۔ ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
تَطَالُل ۔ دور کی چیز دیکھنے کے لئے گردن لمبی کرنا۔
تَطَاوُح ۔ [ب] دور ڈال دینا۔ جھگڑا کرنا۔
تَطَاوُع ۔ اطاعت کرنا۔
تَطَاوُل ۔ دیکھنے کے وقت گردن لمبی کرنا۔ گردن کشی کرنا۔ تکبر کرنا۔ بلند ہونا۔ زیادہ ہونا۔ عمارت کی بلندی پر فخر کرنا۔
تَطَبُّع ۔ کسی کی خصلت اختیار کرنا۔ برتن کا پُر ہونا۔ خلاف طبع کام کو بہ تکلف کرنا۔
تَطَبُّق ۔ بند ہونا۔ ڈھکا ہونا۔ کسی سے متفق ہونا۔ [علی] کسی چیز کے لئے ڈھکنا بن جانا۔
تَطْبِیْع ۔ برتن پُر کرنا۔ برتن نجس کرنا۔ سواری کو ریاضت کرانا اور مطیع بنانا۔
تَطْبِیْق ۔ ساری چیز کو اپنے اندر لے لینا۔ ڈھک لینا۔ گھوڑے کا چلنے میں اور دوڑنے میں سم پر سم رکھنا۔ برابر کرنا۔ موافق کرنا۔
تَطْبِیْل ۔ ڈھول بجانا۔
تَطَرُّب ۔ راگ گانا۔ خوشی میں آنا۔
تَطَرُّز ۔ کپڑے کا نقش دار ہونا۔
تَطْرِیْب ۔ خوشی میں لانا۔ راگ گانا۔ آواز کا اچھا کرنا [عن] پھر جانا۔
تَطْرِیَۃ ۔ تر و تازہ کرنا۔ کپڑے کو نرم کرنا۔ خوشبو سے دوسری چیز کو معطر کرنا۔ کسی چیز کو خوشبو میں بسانا۔
تَطْرِیْح ۔ ڈال دینا۔ دور کرنا۔
تَطْرِیْد ۔ کسی کو دور کرنے کا حکم دینا۔
تَطْرِیْز ۔ کپڑے کو نقش دار کرنا۔ زردوزی کا کام کرنا
تَطْرِیْف ۔ لشکر کے کنارے پر مارنا۔ جنگ میں دشمن کو پھیر دینا۔ سوانت گر پڑتے۔ عورت کا اپنی انگلیوں کو مہندی سے رنگنا۔
تَطْرِیْق ۔ کسی کے لئے راستہ بنانا۔ لوہے کو پتلا اور لمبا کرنا۔
تَطْسِیْس ۔ [ب] انکار کر کے پھر اقرار کرنا۔ دنیا کی سیر سیاحت کرنا۔
تَطَعُّم ۔ چکھنا۔
تَطْعِیْم ۔ ایک درخت کی شاخ کا دوسرے درخت کی شاخ میں پیوند لگانا۔ ٹڈی کا پُر مغز ہونا۔ [د] ٹیکہ لگانا۔
تَطَغُّم ۔ [علی] اپنے آپ کو بہ تکلف بیوقوف ظاہر کرنا۔
تَطَفُّل ۔ بن بلائے دعوت کھانے کے لئے پہنچنا طفیلی ہونا۔ بچوں کی عادتیں اختیار کرنا۔

تَطْفِیح ۔ برتن کو لبریز کرنا۔
تَطْفِیف ۔ پیمانہ سے کم ناپنا۔ پرندہ کا اپنے دونوں بازوؤں کو پھیلانا۔
تَطْفِیل ۔ بن بلائے دعوت میں جانا۔ کلام کی حقیقت دریافت کرنا۔
تَطَلُّب ۔ مسلسل تلاش کرنا۔ تلاش کرنا۔
تَطَلُّس ۔ مٹ جانا۔
تَطَلُّع ۔ واقف اور آگاہ ہونا۔ ناز و ادا سے چلنا۔ پیمانہ کا پُر ہونا۔ منتظر رہنا۔
تَطَلُّق ۔ خندہ پیشانی سے پیش آنا۔
تَطَلِّی ۔ کھیل کود اور عیش و عشرت میں مصروف رہنا۔ آلودہ ہونا۔
تَطْلِیَۃ ۔ گانا۔ قید کرنا۔ گالیاں دینا۔ اونٹوں پر قطران ملنا۔
تَطَمُّس ۔ لکھے ہوئے کا مٹ جانا۔ چھپ جانا۔
تَطَمُّع ۔ حریص ہونا۔
تَطْمِیع ۔ گھوڑے کا اپنے اگلے پاؤں اُٹھانا۔ [ب] پھینکنا۔
تَطْمِیر ۔ لپیٹنا۔ گھر کے پردے لٹکانا۔
تَطْوَاف ۔ وہ کپڑا جس میں طواف کیا جائے۔
تَطَوُّح ۔ جہان میں سرگرداں پھرنا۔ مارا مارا پھرنا گرنا۔
تَطَوُّر ۔ تبدیلی۔ انقلاب۔
تَطَوُّس ۔ عورت کا اپنے آپ کو مزین کرنا۔
تَطَوُّع ۔ بطور خود تحفۃً کچھ پیش کرنا۔ نفل نماز پڑھنا یا نفل روزہ رکھنا یا صدقہ دینا [ق] لشکر میں بھرتی ہونا۔
تَطَوُّف ۔ کسی چیز کے گرد پھرنا۔
تَطَوُّق ۔ گردن میں طوق پہننا۔

تِطْوَل ۔ لمبی رسی جس سے چوپایہ کو چرنے کے لئے باندھیں رسی جس سے چوپایہ کے پاؤں باندھیں جمع: تَطَاوِل
تَطَوُّل ۔ [علیٰ] احسان کرنا۔ اپنی طرف سے زیادہ دینا
تَطَوِّی ۔ سانپ کا حلقہ مار کر بیٹھنا۔
تَطْوِیح ۔ آوارہ پھرانا۔ ادھر ادھر لے جانا۔ ہلاک کرنا کسی کو ایسی جگہ بھیجنا کہ وہاں سے آ نہ سکے۔ حرص و ہوا میں مبتلا کر دینا [ب] خطرناک میدان میں جانے کے لئے آمادہ کر دینا حیران و پریشان کرنا۔
تَطْوِیع ۔ حکم کو قبول کرنا۔ مدد کرنا۔ قدرت دینا۔ آسان کرنا۔
تَطْوِیف ۔ تَطْوَاف۔ کسی چیز کے گرد پھرنا۔
تَطْوِیق ۔ گردن بند پہنانا۔ گلے میں طوق ڈالنا۔ کسی چیز کی تکلیف دینی ایسی چیز ذمہ کرنا جو طاقت سے زیادہ ہو۔ قدرت دینا نفس کا اجازت دینا۔
تَطْوِیل ۔ چراگاہ میں چوپایہ کی رسی دراز کرنا۔ مہلت دینا۔ لمبا کرنا۔
تَطَهُّر ۔ پاک ہونا۔ حیض وغیرہ کے بعد عورت کا غسل کرنا۔ ہر گناہ اور ہر فعل بد سے پرہیز کرنا بچنا۔
تَطَهُّل ۔ پانی کا رنگ و مزہ بدل جانا۔
تَطَهُّم ۔ کھانے کو مکروہ سمجھنا۔
تَطْهِیر ۔ پاک کرنا۔ دھونا۔ ختنہ کرنا۔
تَطَهْيُم ۔ موٹا ہونا۔
تَطَیَّاب ۔ [ض] خوش مزہ اور پاکیزہ ہونا۔ حلال ہونا
تَطَیُّب ۔ [ب] خود کو خوشبو میں بسانا۔
تَطَیُّخ ۔ [برائی میں] آلودہ ہونا۔
تَطَیُّر ۔ بری فال لینا۔

تَطَیُّن - مٹی سے لیپنا (ب ا مٹی سے آلودہ ہونا۔
تَطَیُّب - پاک پانا - خوش کرنا - حلال و پاکیزہ بنانا۔
تَطْیِیر - اڑانا - حصے حصے تقسیم کرنا۔
تَطْیِیف - بہت طواف کرنا۔
تَطْیِین - مٹی سے لیپنا۔

ت - ظ

تَظَالُم - آپس میں ظلم کرنا۔
تَظَاهُر - آپس میں مدد گار ہونا - بیٹھ کے بل گرانا۔
تَظَرُّف - بہ تکلف عقل مند بننا۔
تَظْفِیر - فتح دلانا - ناخن گھسانا
تَظَلُّل - سایہ میں آنا۔
تَظَلُّم - کسی کا حق کم کرنا - کسی کے ظلم کی شکایت کرنا - ظلم برداشت کرنا۔
تَظَلِّی - سایہ کو اور تن آسانی کو لازم پکڑنا۔
تَظَنِّی - گمان کرنا۔
تَظَهُّر - دوپہر کو کہیں جانا - شوہر کا بیوی کو اَنْتِ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّیْ کہنا (یعنی تو مجھ پر میری ماں کی پشت کی طرح ہے)۔
تَظْهِیر - بھول جانا - دوپہر کے وقت میں داخل ہونا - دوپہر کو کہیں جانا (من) مرد کا اپنی بیوی کو اَنْتِ عَلَیَّ کَظَهْرِ اُمِّیْ کہنا۔

ت - ع

تَعَاتُب - آپس میں ایک دوسرے پر غصہ کرنا - ناز کرنا۔
تَعَاجُل - آپس میں دوڑنا
تَعَاجِیب - انوکھی اور نادر چیزیں (اس کا واحد نہیں ہے)۔
تَعَادِی - دور ہونا - اختلاف ہونا - آپس میں دشمنی کرنا - ایک کا دوسرے کے بعد مرجانا - دوڑنے میں مقابلہ کرنا - ناہموار جگہ - تباہی دوری - فساد۔
تَعَارّ - بیدار رہنا - رات کو کروٹیں بدلتے اور کراہتے کاٹنا۔
تَعَارُج - لنگڑا کر چلنا۔
تَعَارُز - منقبض ہونا - زچ بچ ہونا۔
تَعَارُف - ایک دوسرے کو جاننا اور پہچاننا۔
تَعَازِی - ایک دوسرے کو صبر کی تلقین کرنا۔
تَعَاسُر - سخت اور مضبوط ہونا - دشوار ہونا - ملتوی ہونا - آپس میں دشواری کرنا۔
تَعَاشُر - لوگوں کا آپس میں ملنا جلنا - مل جل کر رہنا۔
تَعَاشُق - آپس میں ایک دوسرے کا عاشق ہونا - عشق بازی کرنا۔
تَعَاصّ - ایک دوسرے کو منہ سے کاٹنا۔
تَعَاضُد - آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَعَاطُس - تبکلف چھینکنا۔
تَعَاطُف - چلنے میں سر ہلانا - آہستہ چلنا - نازسے چلنا - آپس میں مہربان ہونا۔
تَعَاطِی - ہاتھ میں لینا - کسی چیز کو ناحق لینا - کسی معاملہ میں دلیری کے ساتھ گھسنا - پکڑنے میں ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا - کسی چیز کی طرف پاؤں کی انگلیوں پر کھڑے ہوکر ہاتھ لمبا کرنا - ایک کام کا مرتکب ہونا یا نیک کام کرنا۔
تَعَاظُم - کسی سے بڑا ہونا۔
تَعَافُس - باہم کشتی لڑنا - ایک دوسرے کو پچھاڑنا

تَعَاقُب ۔ پیچھا کرنا۔
تَعَاقُد ۔ آپس میں عہد و پیمان کرنا۔
تَعَاقُل ۔ عقل مند بننا یعنی خود کو عقل مند ظاہر کرنا۔ اور عقل نہ رکھنا۔ خون بہا اور دیت کو آپس میں بانٹ لینا۔
تَعَالِ ۔ آؤ (اسم فعل)
تَعَالُم ۔ آپس میں جاننا۔
تَعَالِی ۔ بہت بلند ہونا۔ چڑھنا۔ کسی کے اوپر آنا
تَعَامِی ۔ اندھا بننا۔
تَعَانُق ۔ محبت میں ایک دوسرے کی گردن میں ہاتھ ڈالنا۔
تَعَاوُد ۔ (لڑائی میں) ایک فریق کا دوسرے فریق کی طرف پلٹ کر آنا۔
تَعَاوُن ۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَعَاوِی ۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
تَعَاهُد ۔ غم خواری اور خبر گیری کرنا۔ حفاظت کرنا۔ نیا عہد باندھنا۔
تَعَايُر ۔ ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
تَعَايُش ۔ مل جل کر بسر کرنا۔ رہنا سہنا۔
تَعَايِی ۔ [ب] کام میں عاجز رہ جانا [علی] کام کا دشوار ہو جانا۔
تَعَب ۔ تکان۔ مشقت۔ پریشانی۔ محنت۔ مص (س) تھک جانا۔ محنت کرنا۔
تَعِب ۔ تَعبان ۔ تھکا ہوا۔ ماندہ۔
تَعَبُّد ۔ خدا تعالیٰ کی پرستش کرنا۔ کسی کو اپنا غلام بنا لینا۔ عبادت میں تکلف کرنا۔ اونٹ کا سرکشی کرنا۔ اونٹ کو اتنا ہانکنا کہ عاجز اور تنگ ہو اور تھک جائے۔
تَعَبُّس ۔ ناخوش اور ترش رو ہونا۔ منہ بگاڑنا۔

تَعْبِيَة ۔ لشکر کا سامان تیار کرنا۔ لشکر کو جنگ کے لئے تیار کرنا۔ لشکر کی صفیں قائم کرنا۔
تَعْبِيد ۔ غلامی میں لینا۔ تابعدار کرنا۔ ذلیل و خوار رکھنا تعظیم کرنا (لغات اضداد میں سے ہے)۔
تَعْبِير ۔ خواب کا مطلب بیان کرنا۔ پار اترنا۔ دل کی بات کو بیان کرنا۔ [عن] کسی کی طرف سے یا اپنی طرف سے بات کہنا۔
تَعْبِيس ۔ ترش روئی کرنا۔
تَعْبِيق ۔ گلا کاٹنا۔
تَعَتُّب ۔ آپس میں غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔ عیب بیان کرنا۔
تَعَتُّت ۔ کسی بات پر اصرار کرنا۔ اسے بار بار دہرانا۔
تَعَتُّه ۔ بیوقوف ہو جانا۔ پاگل ہو جانا۔
تَعَتِّی ۔ مغرور ہونا۔ سرکش ہونا۔
تَعْتِيد ۔ آمادہ کرنا۔ تیار کرنا۔ مہیا کرنا۔
تَعْتِيق ۔ پورانا کرنا۔ بوڑھا کرنا۔
تَعْتِيم ۔ دور رہنا۔ دیر کرنا۔ عشاء کے وقت جانا۔
تَعَثُّر ۔ لغزش کرنا۔ سر کے بل گر پڑنا۔ کلام میں زبان کا لغزش کرنا۔ لڑکھڑانا۔
تَعَثْكُل ۔ کھجور کی جڑ کا بہت خوشہ دار ہونا۔
تَعَجُّب ۔ فریب دینا۔ فتنہ میں ڈالنا (من) اچنبھا کرنا۔
تَعَجُّج ۔ گھر کا دھوئیں سے بھر جانا۔
تَعَجْرُف ۔ [علی] اپنے آپ کی بڑائی کرنا۔ کسی کے ساتھ غرور کرنا۔
تَعَجُّل ۔ جلدی کرنا۔ دوڑنا۔
تَعَجُّن ۔ گوندھا جانا۔ اونٹ کا موٹا ہونا۔
تَعْجِيب ۔ کسی کو تعجب یعنی اچنبھے میں ڈالنا۔
تَعْجِيَة ۔ چہرہ کو ٹیڑھا کرنا۔

تَعْجِیج ۔ گھر وغیرہ کو دھویں سے بھرنا ۔ ہوا کا غبار کو اُٹھانا ۔
تَعْجِیز ۔ روک دینا ۔ دیر لگانا ۔ کسی کو عاجز کہنا ۔ بہت بوڑھا ہونا ۔ کلاں سن میں ہونا ۔
تَعْجِیف ۔ کھانے سے خود کو باز رکھنا ۔
تَعْجِیل ۔ جلدی کرنا ۔ جلدی کرنے کا حکم دینا ۔ آگے نکل جانا ۔ شوق دلانا ۔ قیمت بہت جلد دینا ۔ گوشت کو جلد پکانا ۔ کسی کو بہت جلد پکڑنا ۔
تَعْجِیم ۔ عجمی زبان میں بات کرنا ۔ حرفوں پر نقطے دینا ۔
تَعَدُّف ۔ تھوڑا چکھنا ۔
تَعَدِّی ۔ حد سے باہر نکل جانا ۔ متعدی ہونا [علی] کسی کے حق پر دست اندازی کرنا ۔ ظلم کرنا ۔
تَعْدِیَة ۔ کسی کام سے کسی کو پھیر دینا ۔ جائز رکھنا نافذ کرنا ۔
تَعْدِیدا ۔ کسی چیز کے لئے ساز و سامان بنانا ۔ آخر تک شمار کرنا ۔ بہت مال جمع کرنا ۔ شمار کرنا ۔ خطرہ میں لانا ۔
تَعْدِیل ۔ سیدھا کرنا ۔ گواہ کی سچائی بیان کرنا ۔ ترازو کو برابر کرنا ۔ کام کو ٹھیک طور پر انجام دینا ۔
تَعْدِین ۔ کان کنی (د)
تَعَذُّر ۔ کام کا دشوار ہونا ۔ عذر اور وجہ بیان کرنا بھاگ جانا ۔ مضبوط نہ ہونا ۔ گھر کے نشانات کا مٹ جانا ۔ پیچھے رہنا ۔ نجاست میں آلودہ ہونا ۔
تَعَذُّل ۔ ملامت قبول کرنا ۔

تَعْذِیب ۔ شکنجہ میں کھینچنا ۔ سزا دینا ۔ سخت تکلیف دینا ۔
تَعْذِیر ۔ کسی کے لئے کوئی عذر ثابت نہ ہونا ۔ عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا ۔ نجاست میں آلودہ کرنا ۔ گھر کے نشانات مٹانا ۔
تَعْذِیل ۔ ملامت کرنا ۔
تَعَرُّب ۔ جنگل میں سکونت اختیار کرنا ۔ صحرائی ہونا ۔ عرب کے ساتھ مشابہت پیدا کرنا ۔
تَعَرُّج ۔ [علی] کہیں رہنا سہنا ۔ ٹھہر جانا ۔ ادھر اُدھر جھکنا ۔
تَعَرُّد ۔ سخت دشوار ہونا ۔ منقبض ہونا ۔
تَعَرُّس ۔ بیوی سے محبت رکھنا اور اس پر فریفتہ ہونا ۔
تَعَرُّش ۔ کسی چیز سے لپٹ جانا ۔ چمٹ جانا ۔
تَعَرُّض ۔ کسی کے آگے آنا ۔ ظاہر ہونا [لی] درپے ہونا ۔ مخالفت کرنا ۔ تردید کرنا ۔
تَعَرُّف ۔ کسی چیز کو اس حد تک تلاش کرنا کہ وہ مل جائے اور شناخت کرلی جائے ۔ پہچان کا خواہاں ہونا ۔
تَعَرُّق ۔ زمین پر پچھاڑنا ۔ ہڈی سے گوشت چھڑا کر کھانا ۔ فائدہ اٹھانا ۔
تَعَرْقُب ۔ کسی چیز سے پھر جانا ۔ حیلہ کرنا ۔ لومڑی کے مانند چلنا ۔
تَعَرُّم ۔ ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا [علی] تکبر کرنا ۔ اترانا ۔
تَعَرِّی ۔ برہنہ ہونا ۔ خالی ہونا ۔
تَعْرِیب ۔ کلام عجمی کو عربی کرنا ۔ صاف صاف بات کہنا [علی] بھلا برا کہنا ۔ ملامت کرنا ۔

(عن) کسی کی طرف سے بولنا۔ وکالت کرنا۔

تَعْرِيَة ۔ برہنہ کرنا۔

تَعْرِيج ۔ جھکا دینا۔ ٹھہرا رہنا۔ سورج غروب ہونے کے وقت میں داخل ہونا۔

تَعْرِيس ۔ اونچا اٹھنا۔ بھاگنا۔

تَعْرِيس ۔ آخر رات میں اترنا۔

(لَيْلَةُ) التَّعْرِيس ۔ ایک رات ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تھے اور سو گئے تھے۔

تَعْرِيش ۔ گھر کی چھت بنانا۔ انگور کی بیل کے لئے ٹٹی بنانا۔ لکڑی کا مکان بنانا۔

تَعْرِيشَة ۔ جالی دار کھڑکی (د)

تَعْرِيص ۔ (اونٹ پر) خوب سواری کرنا۔ گوشت کو سوکھنے کے لئے لٹکانا۔

تَعْرِيض ۔ بات صاف صاف نہ کہنا۔ کنایہ میں کہنا خلاف تصریح۔ چوڑا کرنا۔ پیش کرنا۔

تَعْرِيف ۔ پہچنوا دینا۔ آگاہ کر دینا۔ عرفات میں ٹھہرنا۔ اسم نکرہ کو معرفہ کرنا۔ خوشبودار کرنا۔

تَعْرِيفَة ۔ مال تجارت کا بیجک (د)

تَعْرِيق ۔ پسینہ نکالنا (کسی پینے کی چیز میں) ملانا۔

تَعْزِيب ۔ غیر حاضری کو طویل کرنا۔ چراگاہ کی طرف دور جانا۔

تَعْزِيَة ۔ مصیبت زدہ کو صبر کی ہدایت کرنا۔

تَعْزِير ۔ ملامت کرنا۔ ادب دینا۔ تعظیم کرنا۔ مدد کرنا۔ طاقتور بنانا۔

تَعْزِيز ۔ عزت دینا۔ قوی کرنا۔ دشوار کرنا۔

تَعْزِيل ۔ جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔

تَعْس ۔ ہلاکت دوری۔ نگونساری۔ ذلت و خواری۔ مص (ف س) ہلاک ہونا ہلاک کرنا۔ منہ کے بل گر پڑنا۔ ذلیل و خوار ہونا۔

تَعَسُّر ۔ (علی) کام کا سخت اور دشوار ہونا۔ کسی پر کلام کا مفہوم مشتبہ اور مشکل ہونا۔

تَعَسْعُس ۔ بھیڑیے کا رات کو شکار ڈھونڈھنا۔ بو سونگھنا۔

تَعَسُّف ۔ ظلم کرنا (عن) بے راہ چلنا۔ راستہ سے کترانا۔

تَعَسُّق ۔ حریص ہونا چمٹنا (علی) اصرار کرنا۔

تَعْسِير ۔ دشوار کرنا۔ خلاف کرنا۔ بائیں طرف سے آنا۔

تَعْسِيف ۔ تھکا دینا۔

تَعْسِيل ۔ شہد سے کھانا تیار کرنا۔ شہد کا توشہ دینا شہد کی مکھیوں کا شہد جمع کرنا۔

تَعَشُّب ۔ اونٹ کا ترگھاس کو کھا کر موٹا ہو جانا

تَعَشُّق ۔ عشق کرنا

تَعَشُّم ۔ خشک ہونا۔

تَعَشِّي ۔ رات کا کھانا کھانا۔ شب کو رہنا۔

تَعْشِيب ۔ زمین کا سبز گھاس کو اگانا۔

تَعْشِيَة ۔ رات کا کھانا کھلانا۔ رات کے وقت اونٹوں کو چرانا۔

تَعْشِير ۔ لوگوں کے مال میں سے دسواں حصہ لینا اونٹنی کے حمل پر دس ماہ گذر جانے۔

تَعْشِيش ۔ پرندہ کا گھونسلا بنانا۔ درخت کا باریک تنے والا اور کم شاخوں والا ہونا۔

تَعَصّ - (س) بہت چلنے سے پٹھوں کا دکھ جانا۔
تَعَصُّب - سر پر پٹی باندھنا۔ اپنے گروہ کی حمایت کرنا کسی چیز پر قناعت کرنا اور اس پر راضی ہونا۔ بھوک کی شدت سے کمر باندھنی۔
تَعَصُّر - نچوڑا جانا (ب) کسی کی طرف پناہ لینا
تَعَصُّف - کسی کے رنگ میں رنگا جانا۔
تَعَصِّی - کام کا دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعْصِیب - سر پر پٹی (عصابہ) باندھنا۔ کسی کو عُصبہ قرار دے کر میراث دینا۔ سردار بنانا۔ بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔
تَعْصِیر - عصر کے وقت میں داخل ہونا۔ لڑکی کو حیض آنا اور اس کا بالغ ہوجانا۔ بار بار نچوڑنا۔
تَعْصِیل - دیر کرنا۔
تَعْضِیل - عورت کا نکاح سے زبردستی باز رکھنا۔ مجمع کی کثرت اور ہجوم کی وجہ سے جگہ کا تنگ ہونا۔ بچہ کا دشواری سے پیدا ہونا کام کا مشکل ہونا۔
تَعَطُّر - خوشبودار ہونا۔ عطر ملنا۔ عورت کا اپنے ماں باپ کے گھر رہنا اور نکاح نہ کرنا۔
تَعَطُّش - بتکلف پیاسا بننا۔
تَعَطُّف - (اپنے اوپر چادر) الٹنا۔ مہربانی کرنا۔
تَعَطُّل - عورت کا بغیر زیور کے رہ جانا۔ مزدور کا بیکار ہونا۔
تَعَطُّن - اونٹوں کا پانی پی کر سوجانا۔
تَعَطِّی - بخشش اور عطا چاہنا۔ برے اور ذلیل کام کو شروع کرنا۔ برے کام کا مرتکب ہونا۔ جلدی کرنا۔
تَعْطِیب - درست کرنا۔
تَعْطِیس - کسی کو چھینک دلانا۔

تَعْطِیش - پیاسا کرنا۔ پانی سے روکنا۔
تَعْطِیط - کپڑے کو لمبائی میں پھاڑنا
تَعْطِیل - خالی کرنا۔ ضائع کرنا۔ نکما کرنا۔ زیور اتار لینا (د) کسی کام کو وقت معین کے لئے بند کر دینا۔
تَعْطِین - چوپایوں کی خواب گاہ پانی کے قریب بنانا اونٹوں کا اپنی آرام گاہ میں سیراب ہونا۔ کھال کو دباغت دینا تاکہ اس کے بال صاف ہوجائیں۔
تَعَظْلُم - رات کا تاریک اور بہت سیاہ ہونا۔
تَعَظُّم - بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔
تَعْظِیب - تاخیر میں ڈالنا۔
تَعْظِیل - کسی کے مارنے کے لئے ہجوم کرنا۔
تَعْظِیم - بڑا سمجھنا۔ کسی بڑے معاملہ میں حصہ لینا کسی حیوان کی ہڈی ہڈی کاٹنا۔ (د) فوجی سلام۔
تَعَفُّر - خاک میں لوٹنا۔
تَعَفْرُت - دیو بننا۔ دیو ہونا۔ چالاک اور شریر ہونا۔
تَعَفُّف - حرام سے رکنا۔ سوال کرنے سے رکا رہنا پاک دامن بننا۔ باقی ماندہ دودھ کو دوہنا اور پینا۔
تَعَفُّق - (ب) کسی کے ساتھ پناہ پکڑنا۔
تَعَفُّن - بہت سڑ جانا اور خراب و بدبودار ہو جانا۔
تَعَفِّی - مٹ جانا۔ نیست و نابود ہوجانا۔ مضمحل ہوجانا۔
تَعْفِیَۃ - مٹانا۔ اچھا کر دینا۔
تَعْفِیر - خاک میں لوٹانا۔ دھوپ میں گوشت

سکھانا۔ عورت کا اپنی پستانوں پر کچھ خاک لگانا تاکہ بچّہ دودھ پینے سے باز رہے۔

تَعْفِیْن ۔ گوشت کی بُو اور مزہ کو بدل دینا۔

تَعَقُّب ۔ گناہ اور قصور پر مؤاخذہ کرنا۔ شک ہونے کی وجہ سے دوبارہ پوچھنا کسی کے عیب وغیرہ کو ڈھونڈھنا۔

تَعَقُّد ۔ گاڑھا ہونا۔ گرہ لگانا۔ دھنک (قوس قزح) کا محراب نما ہونا۔

تَعَقُّف ۔ مڑنا۔ کج ہونا۔

تَعَقُّل ۔ ہوش مند اور دانا ہونا۔ پاؤں کو موڑ کر ران یا زین پر رکھنا۔ ایک ہاتھ کی انگلیوں کو دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں پھنسانا۔ کھڑے اونٹ پر سوار ہونے کے لئے۔

تَعْقِیْب ۔ کسی کی پشت کی طرف سے آنا۔ مڑکر دیکھنا کسی کام کو دوبارہ کرنا۔ کسی چیز کا بدل لینا (فی) دوڑ دھوپ کرنا۔

تَعْقِیْبُ الصَّلٰوۃ ۔ نماز کے بعد دعا کے لئے بیٹھنا نماز کا انتظار کرنا۔ ترا ویح کے بعد نماز پڑھنا۔

تَعْقِیْد ۔ جوش دینا اور گاڑھا کرنا۔ بغیر استثنار کے پختہ قسم کھانا۔ کلام کے اندر ایسی لفظی یا معنوی الجھنیں ڈال دینا جو معنی مرادی کے سمجھنے میں مخل ہوں۔

تَعْقِیْر ۔ کج کردینا۔

تَعْقِیْل ۔ اونٹ کی پنڈلی کو ران سے باندھنا۔ کسی کو عقل مند قرار دینا۔ عقل مند بنانا۔ انگور کی بیل کا خوشے نکالنا۔

تَعْقِیْم ۔ بانجھ کردینا۔ خاموش کرنا۔

تَعَکُّب ۔ غم اور رنج کا پیش آنا۔

تَعَکُّن ۔ پیٹ کا شکنوں سے بھرا ہوا ہونا۔ کسی چیز کا تہ بتہ ہونا۔

تَعَکُّز ۔ (علیٰ) عکاز پر ٹیک لگانا (عکازہ وہ عصا جس میں لوہے کا پیکان لگا ہوا ہو)۔

تَعْکِیْر ۔ تلچھٹ کو ملانا۔ پانی کو گدلا کرنا۔ میلان کرنا

تَعْکِیْف ۔ موتیوں کو لڑی میں پرونا۔ بال بٹنا۔ (عن) کسی کو کسی چیز سے روک دینا۔

تَعَلُّق ۔ کسی چیز کے ساتھ لگ جانا اور لٹک جانا (ب) دوست رکھنا۔

تَعَلُّل ۔ بہانہ کرنا (ب) بیوی کے ساتھ کھیل کرنا۔ عورت کا ایام نفاس سے فارغ ہونا۔

تَعَلُّم ۔ سیکھنا۔ جاننا۔ کام کو مضبوط کرنا۔

تِعِلِّمَۃ۔ تِعْلَامَۃ ۔ بڑا دانا۔ ذہین۔ عالم۔ لوگوں کے نسب جاننے والا۔

تَعَلِّی ۔ آہستگی سے اوپر جانا۔ کسی چیز پر چڑھنا عورت کا مرض سے صحت یاب ہونا۔

تَعْلِیْس ۔ کھانا کھلانا۔ بیماری کا سخت ہوجانا۔

تَعْلِیْق ۔ (ب و من و علیٰ) لٹکا دینا۔ لگا دینا۔ دروازہ بند کرنا۔ مجہولا دوستی کرنا۔ ایک قسم کا خط۔

تَعْلِیْل ۔ بار بار میوہ توڑنا۔ سیراب کرنا۔ مشغول رکھنا۔

تَعْلِیْم ۔ سکھانا۔ آگاہ کرنا (ل) فوجی سپاہیوں کا اپنے اوپر نشانات لگانا۔

اَلتَّعْلِیْمُ الْاِجْبَارِیْ ۔ جبری تعلیم۔

تَعَمُّد ۔ قصد کرنا۔

تَعَمُّق ۔ کام میں دور اندیشی کرنا۔ کلام کی تہ کو پہنچنا۔

تَعَمُّل ۔ [ل] کسی کے لئے سختی کھینچنا۔ خود ہی کسی کام کو اپنے ذمہ لینا۔

تَعَمِّی ۔ اندھا ہو جانا۔

تَعْمِیت ۔ کاتنے کے لئے پُونی بنانا۔

تَعْمِیَۃ ۔ اندھا کر دینا۔ شعر کے مطلب کو مخفی رکھنا۔

تَعْمِید ۔ رَو کو ایک جگہ روکنا تاکہ پانی ایک ہی جگہ اکٹھا ہو جائے۔

تَعْمِیر ۔ خدا تعالےٰ کا عرصہ دراز تک کسی کو سلامت رکھنا۔ ہمیشہ آباد رکھنا۔ طویل عمر کا خواہاں ہونا۔

تَعْمِیرُ الْمَسْجِد ۔ مسجد میں خدا تعالیٰ کا ذکر کرنا اور علم دین اس میں پڑھانا اور اس میں دنیوی کلام سے باز رہنا اور اس کی شکست و ریخت کی مرمت کرنا اور اس کو پاک صاف رکھنا اور چراغ وغیرہ سے روشن رکھنا۔

تَعْمِیش ۔ اللہ تعالےٰ کا کسی کی ضعف بصارت کو دور کر دینا [عن] کسی کام سے غفلت برتنا۔

تَعْمِیق ۔ گڑھا کرنا [فی] کام میں دور اندیشی کرنا۔

تَعْمِیل ۔ مزدوری ادا کرنا۔ کسی کو حاکم مقرر کرنا۔

تَعْمِیم ۔ سردار بنانا۔ کسی کے صافہ باندھنا۔ کسی کو چچا کہنا۔ سر پر عمامہ باندھنا۔ عام کرنا۔ (د) عام حکم۔ سرکلر۔

تَعَنُّق ۔ جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ میں گھس جانا۔

تَعَنِّی ۔ رنج کھینچنا۔ کسی کے ساتھ جھگڑا کرنا اور کسی کے لئے دکھ اٹھانا۔

تَعْنِیس ۔ لڑکی کا بغیر نکاح کے عمر رسیدہ ہو جانا۔

تَعْنِیق ۔ کسی کی گردن کو پکڑنا [علیٰ] چلنا چھا نکنا۔

تَعْنِین ۔ قاضی کا کسی پر نامردی کا حکم لگانا۔ کتاب کا عنوان لکھنا۔ لگام بنانا۔ نامردی۔

تَعْنِیۃ ۔ نامردی۔

تَعْنِیَۃ ۔ رنج دینا۔ قیدی بنانا۔ روک رکھنا۔

تَعَوُّت ۔ متحیر ہونا۔

تَعَوُّج ۔ ٹیڑھا ہونا۔

تَعَوُّد ۔ کسی چیز کا عادی ہو جانا۔ مریض کی مزاج پرسی کے لئے جانا۔

تَعَوُّذ ۔ پناہ لینا۔

تَعَوُّر ۔ عاریت لینا۔ آپس میں نوبت بہ نوبت ایک چیز کو لینا۔

تَعَوُّض ۔ بدلہ لینا۔

تَعْوِیج ۔ کج کرنا۔ ہاتھی دانت لگانا کسی چیز میں۔

تَعْوِید ۔ کسی چیز کا عادی بنانا۔ اونٹ کا بوڑھا ہو جانا۔

تَعْوِیذ ۔ کوئی آیت یا دعا جو حصول مقصد یا دفع بلا کے لئے ساتھ رکھیں۔ حفاظت کی دعا کرنا

تَعْوِیر ۔ کانا کر دینا۔ مٹی سے چشمہ وغیرہ کو بند کر دینا [عن] باز رکھنا۔ پھیر دینا۔

تَعْوِیص ۔ اپنے قول یا فعل میں ثابت قدم نہ رہنا دشوار فہم کلام کرنا یا شعر کہنا۔

تَعْوِیض ۔ بدلہ دینا۔

تَعْوِیْق - [عن] باز رکھنا - مشغول رکھنا - پھیر دینا
تَعْوِیْل - زور سے رونا - چیخنا [علی - پ - الیٰ] مدد چاہنا - پناہ پکڑنا -
تَعَهُّد - غم خواری کرنا - عہد وپیمان کو تازہ کرنا -
تَعَیُّس - اونٹ کا سفیدی اور سیاہی مائل ہونا -
تَعَیُّش - سامان اور ضروریاتِ زندگی فراہم کرنے کے لئے گذارہ (معاش) تلاش کرنا -
تَعَیُّل - [فی المَشْیِ] نازو ادا کے ساتھ چلنا -
تَعَیُّن - نظر پڑ لگانا - کسی چیز کا مخصوص ہونا - کسی پر کسی مخصوص چیز کو لازم کرنا - کسی کو یقینی طور پر دیکھ لینا - (د) کسی خدمت پر مقرر ہونا -
تَعَیِّی - کام میں عاجز رہ جانا - کام کو ٹھیک طور پر نہ کر سکنا - کام کا دشوار ہونا -
تَعْیِیْب - عیب دار کر دینا - کسی کو عیب دار کہنا -
تَعْیِیْد - عید کے دن جمع ہونا -
تَعْیِیْش - زندہ کرنا -
تَعْیِیْل - بال بچوں والا ہونا - بال بچوں کا خرچ دینا - لوگوں کو احسان وسلوک سے بمنزلہ اولاد کے بنا لینا - گھوڑے کو جنگل میں چھوڑ دینا -
تَعْیِیْن - بلا سود کے قرض دینا - تمام میں سے ایک چیز کو مخصوص کرنا - عین لکھنا - موتی میں سوراخ کرنا - سر سبز ہونا - لڑائی پر اکسانا - درخت کا شگوفہ دار ہونا - کم قیمت پر دوبارہ خریدنا (د) کسی خدمت پر تقرر کرنا -

ت - غ

تَغَابُن - ایک کا دوسرے کو دھوکا اور نقصان دینا -
(یَوْمُ) التَّغَابُن - قیامت کا دن کیوں کہ اس روز اہل دوزخ نقصان میں رہیں گے مجازاً افسوس کا دن -
تَغَابِی - [عن] غفلت اختیار کرنا -
تَغَازُل - آپس میں عشق بازی کی باتیں کرنا - آپس میں عشق کرنا -
تَغَازِی - آپس میں جنگ کرنا -
تَغَاضِی - آنکھیں بند کرنا تاکہ کچھ نظر نہ آئے - [عن] غفلت اختیار کرنا -
تَغَافُل - غافل ہونا - چشم پوشی کرنا -
تَغَالِی - نرخ کا گراں ہونا - گھاس کا بڑھنا اور گنجان ہونا - تیر اندازی میں دوری میں مقابلہ کرنا -
تَغَامُز - ایک کا دوسرے کو آنکھ سے اشارہ کرنا -
تَغَاوُر - باہم لوٹ مار کرنا -
تَغَاوُط - باہم پانی میں غوطہ لگانا -
تَغَاوِی - بہ تکلف جاہل بننا - بدی اور گمراہی پر جمع ہونا - اور اس میں ایک دوسرے کی مدد کرنا -
تَغَایُب - باہم غائب ہو جانا -
تَغَایُد - نرمی و نزاکت سے دہرا ہو جانا -
تَغَبُّب - ہلاکت میں - فساد - بھوک (س) ہلاک ہونا - فاسد ہونا -
تَغَبُّر - بچی ہوئی چیز کو لینا - بچے ہوئے دودھ کو دوہنا - عورت سے لڑکا حاصل کرنا -

تَغَبُّش ۔ فریب دینا ۔ ظلم کرنا ۔
تَغَبُّق ۔ شام کے وقت دودھ دوہنا ۔
تَغَبُّر ۔ غبار آلودہ کرنا ۔ گرد اڑانا ۔ کام پر اکسانا
تَغَبُّط ۔ رشک دلانا ۔
تَغَبُّن ۔ ایک کا دوسرے کو نقصان پہونچانا ۔
تَغَدُّن ۔ قسم کھانا ۔ جھکنا ۔
تَغَدِّی ۔ چاشت کے وقت کا کھانا کھانا
تَغْدِیَة ۔ چاشت کا کھانا کھلانا ۔
تَغَذِّی ۔ کھانا ۔
تَغْذِیَة ۔ خوراک دینا ۔ پالنا ۔ رگ سے خون کا جاری ہونا
تَغَرُّب ۔ مغرب کی جانب سے آنا ۔ دور جانا ۔ جُدا ہونا ۔ دوری قبول کرنا ۔
تَغَرُّد ۔ پرندہ کا آواز کو بلند اور طرب انگیز کرنا یعنی گانا اور چہچہانا ۔
تَغَرْغُر ۔ حلق میں پانی پھرانا یعنی غرغرہ کرنا ۔
تَغَرُّف ۔ کل کا کل لے لینا ۔
تَغْرِیب ۔ پردیسی ہوجانا ۔ مغرب کی طرف جانا ۔ شہر بدر کردینا ۔ دور کردینا ۔
تَغْرِیث ۔ بھوکا رکھنا ۔
تَغْرِید ۔ گانا ۔ چہچہانا ۔
تَغْرِیق ۔ ڈبو دینا ۔ مار ڈالنا ۔ کمان کو زور سے کھینچنا ۔
تَغَزُّل ۔ بہ تکلف آپس میں غزل گوئی کرنا ۔ عشق بازی کرنا ۔
تَغَسُّل ۔ غسل کرنا ۔
تَغْسِیل ۔ بہت جماع کرنا ۔ بدن دھونے میں مبالغہ کرنا ۔
تَغَشُّم ۔ ظلم کرنا ۔

تَغَشِّی ۔ جماع کرنا ۔ ڈھک لینا ۔ کام کا کسی کو دبا لینا یعنی کسی اور کام کا نہ رکھنا ۔
تَغْشِیَة ۔ پردہ ڈالنا ۔ اندھا کردینا ۔ کسی کو دبا لینا ڈھک لینا ۔
تَغَضُّب ۔ غصہ میں لانا ۔
تَغَضُّن ۔ کھال کا سکڑ جانا ۔ چہرہ میں جھریاں پڑ جانا ۔
تَغَطِّی ۔ ڈھک جانا ۔ چھپ جانا ۔
تَغْطِیَة ۔ ڈھک لینا ۔ چھپا لینا ۔
تَغَفُّق ۔ تمام دن شراب پینا ۔
تَغَفُّل ۔ قصداً غفلت برتنا ۔
تَغْفِیل ۔ کسی کو بے خبر رکھنا ۔ کسی کو غافل سمجھنا ۔ احمق کردینا ۔ ڈھکنا ۔ چھپانا ۔
تَغَلُّب ۔ طاقت کی وجہ سے کسی پر قابو پانا ۔
تَغَلُّط ۔ غلطی میں ڈال دینا ۔ غلطی میں پڑ جانا ۔
تَغَلْغُل ۔ تیز چلنا ۔ [فی] کسی چیز میں مشقت کے ساتھ داخل ہونا ۔
تَغَلِّی ۔ خوشبو لگانا ۔
تَغْلِیب ۔ غالب کردینا ۔
تَغْلِیَة ۔ جوش دینا ۔ دور سے اشارہ سے سلام کرنا
تَغْلِیس ۔ آخر شب کی تاریکی میں چل دینا ۔ اخیر رات کی تاریکی میں پانی پر اترنا ۔
تَغْلِیط ۔ غلطی کی طرف منسوب کرنا ۔ یوں کہنا کہ اس نے غلطی کی ۔ یا یہ بات غلط ہے ۔
تَغْلِیظ ۔ کسی چیز کو کسی پر مشکل اور سخت کرنا ۔
تَغْلِیف ۔ غلاف میں کرنا ۔
تَغَمُّد ۔ ڈھک لینا ۔ چھپانا ۔ آبخورہ کو پُر کرنا ۔
تَغَمُّر ۔ چہرہ پر زعفران ملنا ۔
تَغْمِید ۔ ڈھک لینا ۔ پُر کرنا ۔

تَغمِیض - آنکھ بند کر لینا - خرید و فروخت میں آسانی کرنا۔
تَغنِیم - پوشیدہ کرنا۔
تَغنُّج - ناز کرنا اور ادائیں دکھانا۔
تَغنُّم - غنیمت سمجھنا۔
تَغنِّی - گانا۔ راگ اِلاپنا۔ عورت کے ساتھ گانا تعریف کرنا۔ مذمت کرنا۔ بے نیاز ہو جانا۔
تَغنِیَة - راگ گانا۔ عورت کے ساتھ عشق بازی کرنا۔ تعریف کرنا۔ مذمت کرنا۔ کبوتر کا آواز نکالنا۔
تَغنِیم - کسی کو غنیمت دینا۔
تَغوُّط - کسی گڑھے میں جاکر قضائے حاجت کرنا۔ قضائے حاجت کرنا۔
تَغوُّل - متلوّن و بوقلمون ہونا۔ ہلاک کرنا۔
تَغوِیَة - گمراہ کرنا۔ دودھ کا دہی بنانا۔
تَغوِیث - واغوثاہ۔ کہنا۔ فریاد کرنا۔
تَغوِیط - گہرا کنواں کھودنا۔
تَغیُّر - اپنے حال سے بدل جانا (علی) رشک و غیرت کرنا
تَغیُّظ - جھنجھلانا۔ غصہ کرنا۔
تَغیِیر - ایک حال سے دوسرے حال پر کر دینا۔ لوٹا دینا۔ (د) (علی الجرح) مرہم پٹی کرنا۔
تَغیِیض - قیمت کم کرنا۔ آنسو روکنا۔
تَغیِیظ - غصہ میں لانا
تَغیِیم - آسمان کا ابر آلود ہونا۔ رات کا ابر کی مانند ہونا۔

ت۔ف

تَفاءُل - نیک فال لینا۔
تَفاتُح - آپس میں پوشیدہ بات کرنا۔
تَفاتِی - بہ تکلف جوان بننا (الیٰ) کسی عالم کے پاس باہم فتویٰ لے جانا۔

تُفّاح - سیب تُفّاحَة ایک سیب ج۔ تَفافِیح
تَفاحُش - بے حیائی کی بات برملا کہنا۔ بے حیائی اور بدکاری کا حد سے زیادہ ہو جانا۔
تُفّاحِیَّة - سیب بیچنے والا۔
تَفاخُر - آپس میں فخر کرنا۔
تَفادِی ایک دوسرے پر فدا ہونا (من) الگ رہنا۔ دور رہنا۔
تَفادُر - دو گروہ کا آپس میں ایک دوسرے سے بھاگنا۔
تَفارُض - پانی کے لئے خاص وقت مقرر کرنا۔
تَفارُط - رنج و غم زیادتی کے ساتھ پہنچنا۔ غموں کا کسی کی طرف بڑھنا۔ دوڑنا۔ کسی چیز کا اتنی دیر میں آنا کہ خواہش مند کو نہ ملے۔
تَفازُز - جانبین کی صفوں میں سے دو شخصوں کا جنگ کے لئے نکلنا۔
تَفاسُح - مجلس میں کھل کر بیٹھنا۔
تَفاسُد - عزیز داری کے تعلقات توڑ دینا۔ باہم اختلاف واقع ہونا۔
تَفاصُح - بہ تکلف فصیح بننا۔
تَفاضُل - آپس میں ایک دوسرے سے بڑھ کر ہونا آپس میں فضیلت کے اندر مقابلہ کرنا۔
تَفاطُؤ - سینہ ابھارنا اور پشت کو اندر کی طرف دبانا (عن) پیچھے رہنا۔
تَفاقُد - ایک دوسرے کو گم کرنا۔
تَفاقُم - کام کا سخت اور دشوار ہو جانا۔
تَفاوُت - ایک کا دوسرے سے الگ ہونا۔ مختلف ہونا۔
تَفاوُض - آپس میں بات چیت کرنا۔ شریک ہونا

تَفْتَاة ۔ کیڑا (د)
تَفَتُّح ۔ کھل جانا ۔
تَفَتُّق ۔ پھٹ جانا ۔
تَفْتِيح ۔ کھول دینا ۔
تَفْتِير ۔ سست کردینا ۔ ابر کا کھل جانا ۔ ابر کا ٹھہر جانا ۔ ابر کا برسنے کے لئے تیار ہونا
تَفْتِيش ۔ تلاش کرنا (د) کسی خفیہ بات کی تحقیقات کرنا ۔
تَفْتِيق ۔ چیرنا ۔ کھولنا ۔
تَفْتِيت ۔ رُوئی دُھننا ۔
تَفْتِين ۔ فتنہ میں ڈالنا ۔
تَفَث ۔ میل کچیل جو کام حج کے بعد کیے جاتے ہیں جیسے ناخن تراشنا ۔ سر منڈواتا وغیرہ ۔
تَفَجُّر ۔ صبح کا روشن ہونا ۔ پانی کا جاری ہونا ۔ [ب] فیاضی کرنا ۔
تَفَجُّع ۔ سختی اور غم کی وجہ سے مصیبت زدہ ہونا
تَفْجِير ۔ پانی بہانا ۔
تَفْجِيع ۔ دردمند اور مصیبت زدہ کرنا ۔
تَفَحُّش ۔ [علی] بیہودہ بکنا ۔
تَفَحُّص ۔ کسی چیز کی تلاش اور جستجو کرنا ۔
تَفَحُّل ۔ سانڈ کے مشابہ ہونا ۔ درخت کا پھل نہ دینا
تَفْحِيم ۔ کسی چیز کو سیاہ کرنا ۔
تَفْخِيذ ۔ قوم کو قبیلہ قبیلہ کر کے بلانا ۔ چھوڑ دینا [بین] متفرق کردینا ۔
تَفْخِيم ۔ تعظیم کرنا ۔ حرف کو بغیر امالہ پڑھنا ۔ حرف کو پُر پڑھنا ۔
تَفْدِيَة ۔ تیرے قربان جاؤں کہنا ۔
تَفْدِيد ۔ بیع و شراء میں زور زور سے بولنا ۔ تکبر کے ساتھ چلنا ۔
تَفَرُّث ۔ متفرق ہو جانا ۔ حاملہ عورت کا جی متلانا
تَفَرُّج ۔ سیر کرنا ۔ (د)
تَفْرِجَة ۔ شگاف ۔ ج ۔ تَفَارِيج
تَفَرُّد ۔ تنہا ہونا ۔ یکسو ہونا ۔ کنارہ کشی اختیار کرنا ۔
تَفَرُّس ۔ نشان و علامت کے ذریعہ سے جان لینا ۔ یہ بات دکھانا کہ وہ سواری کا ماہر ہے
تَفَرُّش ۔ پرندہ کا کسی چیز پہ اترنے کے لئے پردں کو کھولنا ۔
تَفَرُّع ۔ کسی چیز سے نکلنا ۔ درخت کا بہت شاخ دار ہونا ۔ برابر ہونا ۔
تَفَرْعُن ۔ ظالم و ستمگر ہونا ۔ بد خلق ہونا ۔
تَفَرُّغ ۔ کسی کام سے نمٹ جانا ۔ خود کو کسی کام کے لئے خالی کرنا ۔
تَفَرُّق ۔ جدا ہونا ۔ تتر بتر ہونا ۔
تَفَرْقُع ۔ انگلیوں کا چٹخنا ۔
تَفَرْنُج ۔ فرنگی بننا ۔ فرنگیوں کے عادات و خصائل اختیار کرنا ۔
تَفْرِيج ۔ کشادہ کرنا [عن] غم دور کرنا ۔
تَفْرِيح ۔ خوش و خرم کرنا ۔
تَفْرِيد ۔ خدا تعالیٰ کے امر و نہی کی محافظت کے لئے لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کرنا ۔ گوشہ نشین ہونا ۔
تَفْرِيش ۔ فرش بچھانا ۔ پتھر بچھانا ۔ پرندہ کا اترنے کے لئے بازو پھیلانا ۔
تَفْرِيض ۔ ایک چیز کو تھوڑا تھوڑا واجب کرنا اونٹوں میں زکوٰۃ کا واجب ہونا ۔ جدا جدا ہونا ۔

رخنہ ڈالنا۔

تَفْرِیط ۔ ضائع کردینا۔ چھوڑدینا۔ حد سے بڑھ کر تعریف یا ہجو کرنا [ف] کوتاہی کرنا۔ [من] درگذر کرنا اور چھوڑ دینا۔ فراموش کرنا۔

تَفْرِیع ۔ مسئلوں کو ان کی اصل سے نکالنا [ق] پہاڑ پر چڑھنا [مت] پہاڑ سے اترنا۔

تَفْرِیغ ۔ پانی وغیرہ کو بہانا۔ برتن کو خالی کرنا۔

تَفْرِیق ۔ تَفْرِقَۃ۔ جدا جدا کرنا۔ ڈرانا۔ اپنے حق کو قسط وار وصول کرنا۔ ج: تَفَارِیق

تَفَرُّس ۔ غالب آنا۔

تَفْزِیع ۔ ڈرانا۔ بےخوف کرنا۔ لغات اضداد سے ہے

تَفَسُّح ۔ مکان کا فراخ اور کشادہ ہونا [ف] مکان کو فراخ کرنا۔ مجلس میں کھل کر بیٹھنا۔

تَفَسُّخ ۔ چوہے وغیرہ کا پانی میں ریزہ ریزہ ہوجانا۔ مردار کے بالوں کا کھال گل جانے کی وجہ سے الگ اور پراگندہ ہوجانا۔ اونٹ کا بوجھ کے نیچے تھک جانا

تَفْسِیج ۔ پیشاب کرنے کے لئے دونوں پاؤں کو کشادہ کرنا

تَفْسِیح ۔ کسی کے لئے مجلس میں جگہ کرنا۔

تَفْسِید ۔ خراب و تباہ کردینا۔

تَفْسِیر ۔ کلام کا مفہوم بیان کرنا۔ ظاہر و نمایاں کرنا طبیب کا تشخیص مرض کے لئے قارورہ دیکھنا۔

تَفْسِیق ۔ فسق کی طرف منسوب کرنا۔

تَفَشِّی ۔ پھیل جانا۔ زخم کا فراخ ہوجانا۔

تَفَصُّح ۔ عجمی کا عربی میں گفتگو کرنا۔ بےتکلف فصیح بننا۔

تَفَصُّد ۔ خون جاری ہونا۔ خون بہنا۔

تَفْصِیل ۔ ظاہر اور بیان کرنا۔ جدا کرنا۔ کتاب اور کلام کو فصل فصل بنانا۔ قصاب کا بکری کے عضو عضو کو الگ کرنا۔

تَفَصُّص ۔ متفرق ہونا۔

تَفَضُّل [علی] کسی پر زیادہ ہونا۔ زیادہ دینا بھلائی کرنا۔ اپنے ہمسروں پر فضیلت رکھنے کا دعوی کرنا۔

تَفْضِیح ۔ خوب رسوا کرنا

تَفْضِیض ۔ چاندی کا ملمع کرنا۔

تَفْضِیل ۔ کسی کو ترجیح اور فضیلت دینا اور اس کے افضل ہونے پر حکم لگانا۔

تَفَطُّر ۔ پھٹنا۔ چرنا۔

تَفْطِیر ۔ روزہ کھلوانا۔

تَفْطِین ۔ سمجھانا۔

تَفْظِیع ۔ کسی چیز کو خراب اور برا پانا۔

تَفَقُّد ۔ گم شدہ کو تلاش کرنا۔

تَفَقُّہ ۔ سمجھنا۔ فقیہ ہونا۔ عالم ہونا۔

تَفَکُّر ۔ سوچنا۔

تَفْکِرَۃ ۔ نوٹ بک (د)

تَفَکُّن ۔ شرمندہ ہونا۔ تعجب کرنا۔ فکر کرنا۔ افسوس کرنا۔

تَفَکُّہ ۔ میوہ کھانا۔ میوہ سے پرہیز کرنا [ب] نفع اٹھانا [من] تعجب کرنا۔ پشیمان ہونا۔

تَفْکِیک ۔ چھوڑوانا۔ رہا کرنا۔

تَفْکِیہ ۔ لوگوں کے لئے میوہ لانا۔ لوگوں کو میوہ کھلانا۔ عمدہ عمدہ باتیں کرنا۔

تَفْل (ن ض) تھوکنا۔ بدبو جو خوشبو نہ لگانے سے جسم میں پیدا ہوجائے (صفت) تَفِل

تُفل - تھوک - جھاگ۔
تفلّج - پھر جانا - پھٹ جانا۔
تفلّل - چھری وغیرہ کا کند ہو جانا۔ لشکر کا شکست کھانا۔
تفلفل - پاس پاس قدم رکھنا۔ ناز و ادا کے ساتھ چلنا۔
تفلیۃ - سر میں سے جوئیں تلاش کرنا۔
تفلید - پارہ پارہ کر دینا۔
تفلیس - افلاس کی طرف منسوب کرنا۔ کسی کے مفلس ہونے کا حکم لگانا۔
تفلیل - چھری وغیرہ کو کند کر دینا۔ شکست دینا۔
تفنید - جھٹلانا - ملامت کرنا - ہوا تیلانا [علیٰ] ہمیشہ شراب پینا۔ ہمیشہ کوئی کام کرنا۔
تفنّن - ایجاد کرنا (د)
تفویت - مار ڈالنا۔
تفوّہ - کسی جگہ میں اس کے دہانہ سے داخل ہونا [ب] بات کرنا۔
تفویض - کسی پر کام چھوڑ دینا - بغیر مہر کے عورت دے دینا۔
تفہ - پھیکا۔
تفہّم - تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تفہیم - سمجھانا۔
تفیّؤ - سایہ میں آنا۔ سایہ کا ٹھہر جانا۔ سایہ کا ڈھل جانا۔

ت - ق

تقابل - آمنے سامنے ہونا۔ آپس میں رو برو ہونا

تقاتُل - آپس میں کشت و خون کرنا۔
تقادُم - پرانا ہونا۔
تقارّ - ثبات و قرار اختیار کرنا۔ دم لینا۔
تقارُب - ایک دوسرے کے نزدیک ہو جانا۔ کھیت کا پکنے کے قریب ہونا۔
تقارُش - جنگ کے اندر نیزوں کا آپس میں مل جانا
تقارُض - آپس میں شعر پڑھنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ نیکی یا بدی کرنا۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تقارُظ - آپس میں ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تقاسُم - آپس میں بانٹنا۔ آپس میں قسم کھانا۔ آپس میں بخشنا۔
تقاصُر - کوتاہی کا اظہار کرنا۔ رکا رہنا۔
تقاضی - قرض کا تقاضا کرنا۔ قرض وصول کرنا۔
تقاطُر - کسی چیز کا بار بار ہونا یا آنا۔ لوگوں کا گروہ گروہ آنا۔ پانی وغیرہ کا قطرہ قطرہ بہنا۔
تقاطُع - دو گروہ کا آپس میں جدا ہو جانا۔ باہم کٹ جانا۔
تقاعُد - [عن] توقف کرنا [ب] کسی کا حق ادا کرنا (د) پنشن لینا۔
تقالید - رسوم - رواج (د)
تقامُر - شرط لگانے میں مقابلہ کرنا۔ جوا کھیلنا۔ آپس میں شرط بد کر کھیلنا۔
تقاوُل - باہم گفت و شنید کرنا۔
تقایُل - بیع کا معاملہ فسخ کر دینا۔
تقبّب - قبہ میں داخل ہونا۔
تقبُّض - اکٹھا ہونا۔ سکڑ جانا [عن] کوتاہی کرنا۔ [الیٰ] کودنا [علیٰ] مطلع ہونا۔

تقبیح۔ کسی کے کام کی برائی ظاہر اور بیان کرنا۔ نیکی اور خیر سے دور کرنا۔ آبلہ توڑنا۔ انڈا توڑنا۔
تقبیض۔ چیز کو کسی کے قبضہ میں اور کسی کے ہاتھ میں دینا۔ سمیٹنا۔ جمع کرنا۔
تقبیل۔ بوسہ دینا۔ چومنا۔
تقتال۔ (ن) مار ڈالنا۔
تقتر۔ غصہ کرنا۔ لڑنے کے لئے آمادہ ہونا دھوکہ دینے کا قصد کرنا [عن] یکسو ہو جانا۔
تقتیت۔ چغلخوری کرنا۔ ہانڈی کے مصالحوں کو جمع کر کے پکانا۔
تقتیر۔ اہل وعیال پر خرچ میں تنگی کرنا کسی کو گرد وغبار پر گرانا۔
تقتیل۔ مروا ڈالنا۔ کثرت سے قتل کرنا۔
تقحل۔ چمڑے کا ہڈی پر سوکھ جانا۔
تقحم۔ تکلیف اٹھا کر کسی کام میں گھس جانا گھوڑے کا اپنے مالک کو منہ کے بل گرانا۔
تقدس۔ پاک ہونا۔
تقدم۔ آگے آنا [الی] وصیت کرنا۔ فرمانا [علی] سبقت لے جانا۔
(د) ترقی
تقدمۃ۔ کتاب وغیرہ کسی کے نام معنون کرنا (د)
تقدی۔ اپنی روش پر قائم رہنا۔
تقدیر۔ [ب] اندازہ لگانا۔ سوچنا۔ ایک چیز کو دوسری چیز پر قیاس کرنا۔ [علی] حکم دینا۔ فیصلہ کرنا [ل]

تیار کرنا۔ مہیا کرنا۔
تقدیس۔ پاکیزہ کرنا۔ پاک کہنا۔
تقدیم۔ آگے بڑھنا کسی کو آگے بھیجنا۔ قسم کھانا۔ دلیر و بہادر کرنا۔
تقذر۔ کسی کو پلید سمجھنا۔ کراہت کرنا۔ مکروہ جاننا۔
تقذیہ۔ آنکھ میں تنکا وغیرہ ڈال دینا۔ اس کو نکال دینا۔
تقرب۔ کسی کے ذریعہ سے نزدیکی ڈھونڈھنا کوکھ پر ہاتھ رکھنا۔ جلدی کرنا۔
تقرر۔ ٹھہر جانا۔ معین ہونا۔ ثابت ہونا۔ بیان ہونا۔
تقرع۔ لوٹنا۔ کروٹیں بدلنا [عن] باز رہنا۔ پھر جانا۔
تقری۔ شہر شہر پھرنا۔
تقریب۔ نزدیک کر دینا۔ گھوڑے کا اس طرح دوڑنا کہ دونوں اگلے قدم اکٹھے اٹھائے اور اکٹھے رکھ دے۔
تقریر۔ ٹھہرانا [ب] اقرار کرنا (د) رپورٹ تجویز منظور کرنا۔
تقریض۔ کسی کی مدح یا ہجو میں شعر کہنا۔
تقریط۔ کسی کے کان میں بالی پہنانا۔
تقریظ۔ حق یا ناحق زندہ آدمی کی تعریف کرنا۔
تقریع۔ سرزنش کرنا۔ لعنت ملامت کرنا۔ پریشان کرنا۔
تقرین۔ ایک چیز کو دوسری سے ملا دینا۔
تقزز۔ میل کچیل سے پاک ہونا۔
تقزیع۔ قاصد کو تیز بھیجنا۔ گھوڑے کو تیز دوڑانے کے لئے تیار کرنا۔

تَقْزِیَۃ زمین پر بچھا رہنا۔
تَقَسُّط ۔ حصہ وصول کرنا۔ آپس میں کسی چیز کے حصے برابر برابر کر لینا۔
تَقَسُّم ۔ بکھرنا۔ بچھڑنا۔ تقسیم کرنا۔
تَقْسِیْط ۔ تقسیم کرنا۔ قسط کر کے قرضہ دینا [علی] بخل کرنا۔ اہل و عیال پر خرچ میں تنگی کرنا۔
تَقْسِیْم ۔ حصہ حصہ کرنا۔ زمانہ کا لوگوں کو متفرق و پریشان کرنا۔
تَقَشُّر ۔ پوست کا اتر جانا۔ چھلنا۔
تَقَشُّط ۔ آسمان کا ابر سے صاف ہو جانا۔ لاٹھی سے پٹ جانا۔
تَقَشُّع ۔ آسمان کا ابر سے صاف ہو جانا۔ دل کا غم سے ہلکا ہو جانا۔
تَقْشِیْر ۔ چھیلنا۔
تَقْصَاد ۔ گردن بند ج: تقاصیر۔
تَقَصُّر ۔ چھوٹا ہونا۔ سکڑ جانا۔ ناکافی ہونا۔
تَقَصُّص ۔ بات کو یاد کر لینا۔ پیچھے جانا۔
تَقَصُّف ۔ شکستہ ہونا [علی] قوم کا جمع ہونا۔
تَقَصُّم ۔ ٹوٹ جانا۔
تَقَصِّی ۔ انتہا کو پہنچ جانا۔
تَقْصِیْب ۔ بالوں کی چوٹی بنانا۔ بالوں کو گھنگھریالا بنانا۔ گالی دینا۔
تَقْصِیْر ۔ کام میں سستی کرنا۔ کام سے رک رہنا۔ ٹھہر جانا۔ کوتاہ کرنا۔ جو چیز قابو میں نہ آئے اس کو چھوڑ بیٹھنا۔
تَقْصِیْرُ الثَّوْب ۔ کپڑے کو کوٹنا۔
تَقْصِیَۃ ۔ ناخن تراشنا۔ اونٹنی کا تھوڑا سا کان کاٹنا۔

تَقَضُّب ۔ کٹ جانا۔
تَقْضِیَۃ ۔ کسی کی حاجت پوری کرنا۔ قاضی بنانا۔
تَقَطُّر ۔ ٹپکنا۔ گرنا۔ عود کی خوشبو میں بسانا۔ [ب] پہلو پر گرنا۔ کسی چیز کو کوتہ کے رخ پر گرانا۔
تَقَطُّع ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ چھوٹا ہونا۔
تَقْطِیْر ۔ ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ کر کے ٹپکانا۔ پہلو پر ڈال دینا اور ایک کو دوسرے پر گرا دینا۔ ٹپکتے رہنا۔
تَقْطِیْع ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ شعر کو اجزاء عروض پر وزن کرنا۔ ڈیل ڈول۔ سائز۔
تَقْطِیْف ۔ میوہ چننا۔ کسی چیز کو اچھا تک لینا۔
تَقَعُّد [عن] کسی معاملہ کو چھوڑ کر بیٹھ رہنا کسی کو اس کی حاجت سے روک دینا۔
تَقَعُّر ۔ کھوکھلا ہونا۔ تہ میں گھس جانا۔ پلٹ جانا
تَقَفُّز ۔ دستانہ پہننا۔
تَقَفِّی ۔ کسی کے پیچھے چلنا۔ پیروی کرنا۔ کسی کو کسی کے پیچھے بھیجنا۔ [کلام مقفّٰی اور قوافی شعر کی وجہ تسمیہ یہی ہے کہ ملتے جلتے الفاظ یکے بعد دیگرے آتے ہیں]
تَقْفِیْل ۔ دروازہ میں تالہ ڈالنا۔ (مقفل کرنا) پوست کا خشک ہونا۔
تَقَلُّب ۔ الٹ پلٹ ہونا۔ لوٹنا۔ اپنی مرضی سے کسی کام میں تصرف کرنا۔
تَقَلُّد ۔ قلادہ پہننا۔
تَقَذُّم ۔ کسی چیز کو نگلنا۔ بخل اور کنجوسی کی وجہ سے مر جانا۔

تَقَلُّس ۔ ٹوپی پہننا ۔
تَقَلُّسِی ۔ ٹوپی پہننا ۔
تَقَلُّص ۔ گٹھ جانا ۔ منضم ہونا ۔ نزدیک ہونا ۔
تَقَلُّع ۔ جڑ سے اکھڑ جانا ۔
تَقَلْقُل ۔ حرکت کرنا ۔
تَقَلْنُس ۔ ٹوپی پہننا ۔
تَقَلِّی ۔ [الی] دشمنی کرنا [علی] (بچھونے پر) تڑپنا ۔
تَقْلِیب ۔ پھرانا ۔ پلٹ دینا ۔
تَقْلِیح ۔ دانتوں کی زردی دور کرنا ۔ دانت مانجھنا ۔
تَقْلِید ۔ کسی کی گردن میں قلادہ ڈالنا ۔ تلوار گلے میں حمائل کرنا ۔ کوئی کام کسی کے ذمہ کر دینا ۔ قربانی کے جانور کے گلے میں نشان کے طور پر کوئی چیز لٹکانا ۔
تَقْلِیس ۔ کسی کو ٹوپی پہنانا ۔ دف بجانا [ل] کسی کے سامنے تواضع برتنا ۔
تَقْلِیع ۔ جڑ سے اکھاڑ دینا ۔
تَقْلِیل ۔ کم کرنا ۔ کم دکھلانا ۔
تَقْلِیم ۔ ناخن تراشنا ۔
تَقَمُّح ۔ اونٹ کا سر اونچا کر لینا اور پانی پینے سے رک رہنا ۔
تَقَمُّر ۔ جوئے میں جیتنا ۔ چاندنی میں باہر نکلنا شکار کو چاندنی رات میں تلاش کرنا ۔ چاندنی رات میں عورت کو گھر میں لانا اور اس سے صحبت کرنا ۔
تَقَمُّص ۔ کرتہ پہننا ۔
تَقْمِیص ۔ کرتہ پہنانا ۔ کپڑے سے کرتہ بیونتنا ۔
تَقْمِیط ۔ قیدی کے دونوں ہاتھ پاؤں ایک جگہ کر کے باندھنا ۔
تَقَنُّص ۔ شکار کرنا ۔ شکار ڈھونڈھنا ۔
تَقَنُّع ۔ عورت کا دوپٹہ اوڑھنا ۔ خود کو کپڑے سے ڈھکنا ۔
تَقَنِّی ۔ مال جمع کرنا ۔ ذخیرہ رکھنا
تَقْنِیط ۔ ناامید کرنا ۔
تَقْنِیع ۔ راضی کرنا ۔ قائل کرنا ۔ ترغیب دینا عورت کو دوپٹہ اڑھنا ۔
تَقْنِیف ۔ کاٹنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔
تَقَوُّس ۔ ٹیڑھا ہو جانا ۔ کمان سمیت ہونا ۔
تَقَوُّع ۔ اس طرح چلنا جیسے خار دار جگہ سے گذر رہا ہو
تَقَوُّف ۔ روکنا ۔ کسی کو بات کہنا سکھانا ۔ کسی کی بات پر اعتراض کرنا ۔
تَقَوُّل ۔ افترا کرنا ۔ جھوٹ گڑھنا ۔
تَقَوِّی ۔ قوی ہونا ۔
تَقْوِیَة ۔ طاقت دینا ۔ قوی کرنا ۔
تَقْوِیس ۔ ٹیڑھا ہو جانا ۔ بڑھاپے کے سبب کبڑا ہونا ۔
تَقْوِیض ۔ اکھاڑنا ۔ منہدم کرنا ۔
تَقْوِیل ۔ کسی سے وہ بات منسوب کرنی کہ جو اس نے نہیں کہی ۔
تَقْوِیم ۔ سیدھا کرنا ۔ قیمت لگانا ۔ مول کرنا (د) جنتری
تَقْوِیمُ السَّنَة ۔ کلنڈر ۔
تَقَهْقُر ۔ ایڑیوں کی طرف الٹا چلنا ۔ واپس جانا الٹا لوٹنا ۔
تُقىً ۔ تَقِیَّة ۔ پرہیز ۔
تَقِیّ ۔ پرہیزگار ۔ ج: ۔ اَتْقِیَاء ۔
تُقىً ۔ تَقِیَّة ۔ تِقَاء ۔ (ض) پرہیزگاری کرنا ۔

تَقَیُّث ۔ جمع کرنا۔
تَقَیُّح ۔ زخم کا پیپ سے بھر جانا۔
تَقَیُّد ۔ خود کو قید کرنا۔ پابند کرنا۔
تَقَیُّظ ۔ کسی جگہ موسم گرما گذارنا۔
تَقَیُّل ۔ دوپہر کو سونا۔ کسی کے ساتھ مشابہ ہونا پانی کا جمع ہونا۔
تَقَیُّن ۔ آراستہ ہونا۔ سنوارنا۔
تَقَیُّوء ۔ کوشش کرکے قے کرنی۔ عورت کا خاوند کے پاس آنا۔ اور خود کو اس پر ڈالنا۔
تَقْیِئَة ۔ (دوا کا) کسی کو قے کرا دینا۔
تَقْیِیْد ۔ قید کرنا۔ عورت کا خاوند کو جادو اور منتر سے بند کرنا۔ کتاب پر نقطے لگانے کتاب پر اعراب لگانے (گویا مختلف صورتوں میں سے ایک صورت کے ساتھ مقید کرنا) روکنا۔ اندازہ کرنا۔

ت ۔ ك

تَکَابُر ۔ تکبر اور غرور کرنا۔ بڑائی جتانا۔
تُکَاءَة ۔ تکیہ۔ لاٹھی۔ بہت زیادہ تکیہ لگانے والا۔
تَکَاتُب ۔ ایک دوسرے کو خط لکھنا۔
تَکَاتُم ۔ باہم کوئی بات چھپانا۔
تَکَاثُر ۔ آپس میں قوم اور مال کی کثرت میں مقابلہ کرنا اور فخر کرنا۔
تَکَاثُف ۔ اجزاء کا ایک دوسرے کے ساتھ چپٹ جانا۔ جم جانا۔ گاڑھا ہو جانا۔ موٹا اور دلدار ہونا۔
تَکَاذُب ۔ آپس میں ایک دوسرے سے جھوٹ بولنا۔ جھوٹ بات کہنا۔
تَکَادُم ۔ بخل اور کمینہ پن سے دور ہونا۔

تَکَارُہ ۔ ناپسند کرنا۔ برا سمجھنا۔
تَکَارِی ۔ کرایہ پر لینا۔
تَکَاشُف ۔ عیب کا ایک دوسرے پر آپس میں کھل جانا۔
تَکَافُؤ ۔ برابر ہونا۔ شکست کھانا۔
تَکَاکُؤ ۔ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا (علیٰ) جمع ہونا
تَکَالُم ۔ آپس میں بات چیت کرنے لگنا۔
تَکَامُل ۔ تمام و کامل ہونا۔
تَکَایُد ۔ آپس میں فریب دینا۔ کسی پر کام کا دشوار ہونا۔ سختی اور دشواری۔
تَکَبُّد ۔ ایک چیز کا دوسری چیز کے بیچ میں آنا۔ مشقت برداشت کرنا۔ قصد کرنا
تَکَبُّر ۔ بڑائی مارنی۔ گردن کشی کرنی۔
تَکْبِیْب ۔ کباب بنانا۔
تَکْبِیْر ۔ اللہ اکبر کہنا۔ بڑا کر دینا۔ بڑا سمجھنا۔ کسی کو بزرگی کے ساتھ متصف کرنا۔
تَکْبِیْل ۔ قید کرنا۔ مہلت دینا۔
تِکَّة ۔ ازار بند۔ کمر بند۔ ج: تِکَک
تَکْتِیْب ۔ لکھنا سکھانا۔ لشکر اکٹھا کرنا۔
تَکْتِیْم ۔ خوب پوشیدہ کرنا۔ پوشیدہ کرانا۔
تَکَثُّر ۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔ کسی چیز پر شیخی مارنا۔
تَکَثُّم ۔ حیران ہونا۔ توقف کرنا۔
تَکْثِیْر ۔ زیادہ کر دینا۔ بڑھانا
تَکْثِیْف ۔ دلدار کر دینا۔ گاڑھا کر دینا۔
تَکَحُّل ۔ سرمہ لگانا۔ زمین کا گھاس نکالنے لگنا
تَکْحِیْل : سرمہ لگانا۔
تَکَدُّح ۔ کھال چھل جانا۔
تَکَدُّس ۔ گدلا ہو جانا۔ میلا ہونا۔ پریشان ہونا۔

کلفت زدہ ہونا۔
تکدّس۔ کاندھا ہلاتے ہوئے تیز چلنا۔ غلہ وغیرہ کا ڈھیر لگنا۔
تکدیح۔ کسی کے منہ کو چھیل دینا یا اس کو کسی اور طرح معیوب کر دینا۔
تکدید۔ ہانکنا۔ دفع کرنا۔
تکذاب۔ بہت جھوٹ بولنے والا (صیغہ مبالغہ)
تکذّب۔ جھوٹ بولنا۔ کسی کو دروغ گو خیال کرنا۔
تکذیب۔ خوب انکار کرنا۔ کسی کو جھوٹا کہنا۔ کسی کو کسی سے پھیر دینا۔
تکرار۔ بار بار ایک چیز کو پھرانا۔ لوٹانا۔
تکرنتن۔ قرنطینہ میں بسر کرنا (د)
تکرّج۔ روٹی میں پھپھوندی لگ جانا، اور خراب ہو جانا۔
تکرّس۔ مکرر ہونا۔ دوبارہ ہونا۔
تکرّم۔ بخل اور کمینہ پن سے دور ہونا۔ بہ تکلف سخاوت کرنا۔
تکرمۃ تعظیم کرنا۔ تکیہ ج: تکارم و تکرمات۔
تکرّہ۔ ناپسند کرنا۔
تکرّی۔ سو جانا۔
تکریر۔ ایک چیز کو بار بار پھرانا۔ لوٹانا۔
تکریم۔ تعظیم کرنا۔ عیبوں سے بری کرنا۔
تکزّم۔ چھلکا دور کئے بغیر میوہ کھانا۔
تکسّب۔ کمانا اور جمع کرنا۔ روزی تلاش کرنا۔ کوشش کر کے کمانا۔
تکسّر۔ ٹوٹ جانا۔
تکسّی۔ لباس پہننا۔
تکسیر۔ بہت توڑنا
(جمع) التکسیر۔ وہ جمع جس میں واحد کا وزن ٹوٹ جائے جیسے رجال۔ رجل کی جمع
تکسیف۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تکشّح۔ جماع کرنا۔
تکشّف۔ برہنہ ہونا۔ کھلنا۔ بجلی کا آسمان کو بھر دینا۔
تکشیح۔ کوک پر داغ لگانا۔ چھلکا اتارنا۔
تکشیف برہنہ کرنا۔ کھولنا۔ زبردستی برہنہ کرنا اور کھولنا۔
تکعّل۔ زور سے چمٹ جانا۔
تکعیب۔ کسی چیز کو چو گوشہ کرنا۔ لڑکی کے پستانوں کا نیا نکلنا اور بلند ہونا۔ لڑکی کی چھاتیوں کا ابھرآنا۔
تکفّف سوال کے لئے کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا۔
تکفکف۔ ٹھہرنا۔ رکنا۔
تکفّل۔ کسی کا ضامن اور ذمہ دار بننا۔
تکفّوء۔ نازو انداز سے چلنا۔
تکفّی۔ سوال کرنا۔
تکفیر۔ کسی چیز کو پوشیدہ کرنا۔ کسی کو کافر بنانا [عن] کفارہ دینا [ل] گناہ کو نظر انداز کر دینا۔ معاف کر دینا۔
تکفیل۔ ضمانت دینا۔ قبول کروانا۔ غم خواری کرنا۔
تکفین۔ مردہ کو کفن پہنانا۔ مردہ کے لئے کفن بنانا۔
تکلام۔ تکلامۃ۔ خوش بیان۔ خوش تقریر۔ بہت بولنے والا۔
تکلان۔ عاجزی کا اظہار اور دوسرے پر کام کی سپردگی۔

تُکْلَۃ ۔ عاجز آدمی کہ اپنا کام دوسرے کو سونپے اور اُس پر بھروسہ کرے۔
تَکَلُّج ۔ ترش روئی کرنا ۔ بجلی کا پیہم چمکنا مُسکرانا
تَکَلُّف ۔ بغیر کسی کے کہے خود ہی اپنے ذمہ کوئی کام لے لینا ۔ اپنے اوپر بوجھ رکھنا ۔
تُکْلِفَۃ ۔ مشقت ۔ دُشواری ۔
تَکَلُّل ۔ احاطہ کرلینا ۔ گھیرلینا ۔ تاج پہننا ۔
تَکَلُّم ۔ تِکِلَّام ۔ بات کہنا ۔
تَکْلِیف ۔ کسی کو کسی کام کا مکلف بنانا ۔ کسی کو کام کرنے کا حکم دینا (د) محصول ۔ ٹیکس ۔
تَکْلِیل ۔ تاج پہنانا (تلوار زبان، چھری اور بینائی کا) تیز نہ رہنا [فی] کوشش کرنا درندہ کا حملہ کرنا [عن] رُک جانا اور بزدلی کرنا ۔ لغات اضداد سے ہے ۔
تَکْلِیم ۔ کسی کے ساتھ بات چیت کرنا ۔ زخمی کرنا
تَکَمُّل ۔ تمام ہونا ۔ تمام کرنا ۔ انجام کو پہنچانا ۔
تَکَمِّی ۔ پوشیدہ اور پنہاں کرنا ۔ پوشیدہ ہونا بار بار جانا ۔
تَکْمِید ۔ سینکنا ۔ گرم کرنا ۔
تَکْمِیل ۔ تمام کرنا ۔ کامل کرنا ۔ اچھا کرنا ۔
تَکْمِیم ۔ آستینیں بنانا ۔ درخت کا شگوفہ نکالانا ۔
تَکَنُّس ۔ (عورت کا) خیمہ میں داخل ہونا ۔ عورت کا ہودہ میں داخل ہونا ۔ ہرن کا اپنے رہنے کی جگہ (کناس) میں پوشیدہ ہونا ۔
تَکَنُّظ ۔ کام کا کسی پر دشوار ہونا ۔ غمگین کردینا ۔
تَکْنِیَۃ ۔ کسی کی کنیت رکھنی ۔ کسی کو کنیت (نسبتی نام) سے پکارنا ۔

تَکْنِیف ۔ تَکَنُّف ۔ گھیر لینا ۔ احاطہ کرنا ۔
تَکْنِین ۔ ڈھک لینا ۔
تَکَوُّر ۔ غبار کا بہت ہوجانا ۔
تَکَوُّر ۔ زمین پر گر پڑنا ۔ ٹپکنا ۔ دامن وغیرہ کا اوپر کو اٹھا ہوا ہونا ۔
تَکَوُّم ۔ جمع ہونا ۔
تَکَوُّس ۔ اوندھا ہوجانا ۔
تَکَوُّن ۔ ہونا ۔ حرکت کرنا ۔
تَکْوِیر ۔ سر پر پگڑی کا لپیٹنا ۔ لپیٹنا ۔ جمع کرنا ۔ گرا دینا ۔ کھودنا ۔ رنگ بدلنا ۔ پوشیدہ کرنا دبا لینا ۔ زیادہ کرنا ۔ رات کو دن میں یا دن کو رات میں داخل کرنا ۔
تَکْوِیس ۔ اوندھا کرنا ۔ پلٹنا ۔
تَکْوِین ۔ موجود کرنا ۔ خدا تعالیٰ کا موجودات کو پیدا کرنا
تَکَہُّف ۔ پہاڑ کا غاروں والا ہونا ۔
تَکَہُّل ۔ ادھیڑ عمر والے کے مشابہ ہونا ۔
تَکَہُّن ۔ کاہن بننا ۔
تَکَیُّس ۔ بناوٹ اور کوشش سے عقلمندی اور ہوشیاری ظاہر کرنا ۔ ظرافت کرنا ۔
تَکْیِیس ۔ ذہین و ہوشیار کردینا ۔
تَکْیِیف ۔ قطع کرنا

ت ۔ ل

تَلّ ۔ خاک کا تودہ ۔ ٹیلہ ج ۔ تِلَال تکیہ مص (ن) زمین پر دے مارنا ۔ پیشانی اور منہ کے بل زمین پر ڈالنا ۔ اونٹنی کو بٹھانا ۔ تہمت لگانا ۔ ہاتھ میں دینا ۔ ڈال دینا ؛
تَلَّاءُ الْقُرْاٰن ۔ قرآن مجید کی بہت تلاوت کرنے والا ۔

تَلَاحُق ۔ ایک دوسرے تک پہنچ جانا
تَلَاحِي ۔ آپس میں لڑنا۔ جھگڑنا۔ گالم گلوچ کرنا
تَلَازُن ۔ اکٹھا ہونا۔
تَلَاشِي ۔ معدوم ہوجانا۔
تَلَاطُف ۔ آپس میں نرمی کرنا۔
تَلَاطُم ۔ آپس میں طمانچہ مارنا۔ سمندر کا طوفان میں آنا۔ تھپیڑے مارنا۔
تَلَاعُب ۔ کھیلنا۔
تَلَاعُن ۔ آپس میں ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو لعنت کرنا۔
تَلَافِي ۔ ایک چیز کو دریافت کرنا۔ کسی چیز کا تدارک کرنا۔
تَلَاقُس ۔ گالم گلوچ کرنا۔
تَلَاقِي ۔ دیدار کرنا۔ ملاقات کرنی۔ آپس میں ایک دوسرے کو دیکھنا۔
چمکنا۔
تِلَاوَة ۔ (ن) پڑھنا۔ خچر کا بچہ مول لینا۔
تَلَاوُم ۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَلَاهِي ۔ آپس میں کھیلنا۔ کھلونے کے ساتھ کھیلنا جماع کرنا۔
تَلَبُّب ۔ [ل] کسی کام کے لئے آمادہ ہونا۔
تَلَبُّث ۔ ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
تَلَبُّد ۔ فراست سے تاڑ جانا۔ اون وغیرہ کے اجزا کا باہم رل جانا۔
تَلَبُّس ۔ مل جانا۔ مشتبہ ہوجانا۔ کھانا ہاتھ میں لگ جانا۔
تَلَبُّط ۔ اونٹ وغیرہ کا زمین پر پاؤں بدلتے ہوئے دوڑنا۔ خاک پر لوٹنا۔ [فی] کوشش اور حیلہ گری کرنا۔

تَلْبِيَة ۔ حج میں لبیک کہنا۔ پکار کر لبیک کہنا۔
تَلْبِيث ۔ ٹھہرے رہنے کا حکم دینا۔ کسی کو ٹھہرانا
تَلْبِيد ۔ بالوں میں سریش لگانا تاکہ جم جائیں اور بحالت احرام ٹوٹیں نہیں۔ زمین کو ٹھوس کرنا۔
تَلْبِيس ۔ کسی سے اپنا مکر اور عیب پوشیدہ رکھنا بات کو لاگ لپیٹ میں رکھنا۔
تَلْبِيق ۔ نرم کردینا۔
تَلْبِين ۔ اینٹیں تھاپنا۔
تَلَثُّم ۔ ڈھاٹا باندھنا۔
تَلَحُّف ۔ لحاف بنانا۔
تَلَجُّج ۔ بھنور میں گھس جانا
تَلْحِين ۔ دردناک آواز سے اور خوش الحانی سے پڑھنا۔ خطاکار بنانا۔
تَلْخِيص ۔ خالص اور بغیر ملاوٹ کا کرنا۔ خلاصہ کلام بیان کرنا۔ ظاہر اور روشن کرنا۔
تَلَدُّد ۔ حیران ہونا۔ دائیں بائیں مڑ کر دیکھنا [فی] کسی جگہ ٹھہرنا۔
تَلَذُّذ ۔ چیز کو خوش مزہ اور لذیذ پانا۔ لذت حاصل کرنا۔
تَلَزُّج ۔ لیس دار ہونا۔ چیپدار ہونا۔ دھونے سے سر کا صاف نہ ہونا۔
تَلْزِير ۔ مضبوط اور قوی الخلقت بنانا۔
تِلِسْكُوب ۔ دوربین (د)
تَلَصُّص ۔ چور بننا۔
تَلَطُّخ ۔ آلودہ ہونا
تَلَطُّف ۔ نرمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔
تَلَطِّي [علی] دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔
تَلْطِيخ ۔ آلودہ کرنا۔ لتھیڑنا۔

تَلْطِیْم ۔ خوب طمانچہ مارنا۔ کتاب پر مُہر کرنا۔
تَلَظْلُظ ۔ شدت غضب سے سانپ کا اپنے پھن کو ہلانا۔
تَلَظِّی ۔ آگ بھڑکنا۔
تَلْطِیَۃ ۔ آگ کو بھڑکانا۔
تِلْعَاب ۔ تِلْعَابَۃ۔ بہت کھلاڑی مرد۔
تَلَعُّب ۔ بہت کھیلنا۔
تَلْعَۃ ۔ ٹیلہ ج:۔
تَلَعُّج ۔ عورت کا تیز شہوت ہونا۔
تَلْعِیْب ۔ کھیل کرنا
تَلْعِیْن ۔ شکنجہ میں کھینچنا۔ عذاب دینا۔
تِلِغْرَاف ۔ ٹیلی گراف۔ تار (د)
تِلِغْرَاف لَاسِلْکِی۔ وائرلیس (د)
تَلَف ۔ (س) ہلاک ہونا۔
تَلَفُّت ۔ مڑ کر دیکھنا۔ التفات کرنا۔
تَلَفُّظ ۔ بات کہنا۔ زبان سے لفظ نکالنا۔
تَلَفُّف ۔ اپنے کپڑوں میں لپیٹنا۔ [علی] جمع ہونا۔
تَلْفِیْف ۔ زور سے لپیٹنا۔ بیچک لپیٹنا۔ کسی چیز کو جگہ جگہ سے جمع کرنا۔
تِلْقَاء ۔ دیدار۔ طرف۔ برابر۔ مقابل۔
تِلْقَام ۔ تِلْقَامَۃ۔ بڑا نوالہ۔
تَلَقُّب ۔ لقب والا ہونا۔
تَلَقُّح ۔ اونٹنی کا حاملہ دکھائی دینا حالانکہ وہ حاملہ نہ ہو [علی] کسی کو گناہ ناکردہ کی طرف منسوب کرنا۔
تَلَقُّط ۔ پڑی ہوئی چیز کا اٹھالینا۔
تَلَقُّم ۔ پانی کا کثرت کی وجہ سے آواز کرنا لقمہ کو دیر سے نگلنا۔

تَلَقُّن ۔ دریافت کرنا کسی چیز کو لے لینا۔
تَلَقِّی ۔ ملاقات کرنا۔ دیدار کرنا۔ سامنے آنا۔ کسی چیز کو لے لینا عورت کا حاملہ ہونا۔
تَلْقِیْب ۔ کسی کا لقب رکھنا۔
تَلْقِیَۃ ۔ کوئی چیز کسی کی طرف ڈالنا۔
تَلْقِیْح ۔ تر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور کے شگوفہ میں ڈالنا۔ ہوا کا درخت کو بار آور کرنا۔ (د) چیچک وغیرہ کا ٹیکہ لگانا۔
تَلْقِیْم ۔ نگلوانا۔ کھلانا۔
تَلْقِیْن ۔ سمجھانا سکھانا۔ بتانا۔ مرتے وقت مردہ کو کلمہ یاد دلانا۔
تَلَل ۔ تری۔ نمناکی۔
تَلَم ۔ غار جو زمین میں پانی کی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ ج:۔ اَتْلَام
تِلِمَّاح ۔ چمکنا۔
تِلْمِیْذ ۔ شاگرد ج:۔ تَلَامِذَۃ۔ تَلَامِیْذ
تَلَمُّس ۔ بار بار ڈھونڈھنا۔
تَلَمُّق ۔ اُچک لے جانا۔
تِلْو ۔ پیچھے چلنے والا۔ بلند۔ اونٹنی کا بچہ کہ ماں کے پیچھے چلے۔ ج:۔ اَتْلَاء گدھے اور خچر کا بچہ۔
تُلُوّ ۔ (ت) کسی کے پیچھے جانا۔
تَلَوُّث ۔ آلودہ ہونا۔
تُلُوْد ۔ (ض ن) مال کا قدیم اور پرانا ہونا۔
تَلَوُّط ۔ اغلام بازی کرنا۔
تَلَوُّن ۔ رنگ برنگ کا اور طرح طرح کا ہونا۔

تَلَوُّہ ۔ سراب کا چمکنا۔
تَلَوِّی ۔ مڑا ہوا اور بٹا ہوا۔ اور دوہرا ہوجانا۔ خم کھانا۔ منہ پھیر لینا۔ پراگندہ ہونا۔ ابر میں بجلی کا چمکنا۔
تَلْوِیَۃ ۔ زور سے بٹنا۔ موڑنا۔ خم دینا۔
تَلْوِیث ۔ آلودہ کرنا۔ سانا۔
تَلْوِیح ۔ چمکانا۔ آگ میں گرم کرنا دھوپ کا (چہرے کے رنگ کو) جلا دینا۔ بڑھاپے کا کسی کو سفید بالوں والا کر دینا۔
تَلْوِیم ۔ بہت ملامت کرنا۔ نام لکھنا۔
تَلْوِین ۔ طرح طرح کا اور رنگ رنگ کا کرنا۔
تَلَف ۔ رائےگاں۔ ہلاکت۔
تَلَہُّب ۔ آگ کا روشن اور بھڑکا ہوا ہونا۔
تَلَہُّذ ۔ کھانا قطع کرنا۔
تَلَہُّف ۔ افسوس کرنا۔
تَلَہِّی ۔ کھیلنا۔ غفلت کرنا۔ فراموش کرنا۔ ترک کرنا۔ کسی کے ساتھ زمانہ گزارنا۔
تَلْہِیب ۔ آگ کا خوب بھڑکانا۔
تَلْہِیَۃ ۔ کسی کو ایک چیز میں مشغول رکھنا۔ کھیل میں لگانا۔
تَلْہِیف ۔ (ندبہ کے طور پر) الہفاہ لہائے افسوس) کہنا۔
تِلْیَان ۔ اٹالین۔ باشندگان اٹلی (د)
تَلَیُّث ۔ شیر کے مشابہ ہونا۔
تَلِید ۔ تالید۔ پرانا اور موروثی مال تَلِید۔ عجم کی پیدائش اور عرب کا پرورش یافتہ۔
تِلِیفُون ۔ ٹیلی فون (د)
تَلَیُّن ۔ نرم ہوجانا۔ چاپلوسی کرنا۔
تَلْیِین ۔ نرم کر دینا۔

ت ۔ م

تَمّ ۔ تَمَام ۔ تَمَامَۃ ۔ (ض) پورا ہونا۔ تمام کرنا ہمیشگی کرنا۔
تِمّ ۔ تبر۔ بیلچہ۔ تکمیل۔ خاتمہ۔
تَمَاثُل ۔ ایک دوسرے کی مانند ہونا۔ بیماری سے شفا پانا۔ بیمار کا شفا کے نزدیک ہونا۔
تَمَاجُد ۔ کسی کی بزرگی بیان کرنا۔ آپس میں بزرگی میں فخر و مقابلہ کرنا۔ آپس میں بزرگی اور بڑائی ظاہر کرنا۔
تَمَادُح ۔ آپس میں ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
تَمَاجُع ۔ باہم بےباکی کرنا اور فحش بکنا۔
تَمَادِی ۔ اصرار کرنا۔ زیادہ وقت لینا۔ کسی معاملہ میں دور تک جانا۔
تَمَّار ۔ خرما فروش۔
تَمَارُض ۔ بغیر بیماری کے خود کو مریض ظاہر کرنا۔
تَمَارِی ۔ آپس میں جھگڑا کرنا۔ شک میں ہونا۔
تَمَازُح ۔ خوش طبعی کرنا۔ مذاق کرنا۔
تَمَاس ۔ ایک کا دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔
تَمَاسُك ۔ جنگل مارنا۔ خود کو عزت سے رکھنا اپنے کو لئے دیئے رکھنا۔
تَمَاشِی ۔ ساتھ ساتھ چلنا۔
تَمَاصُع ۔ جنگ میں آپس میں جانفشانی اور مشقت کرنا۔
تَمَالُك ۔ مالک ہونا۔
تَمَالُؤ ۔ جمع ہونا۔ ہجوم کرنا۔
تُمَامَۃ ۔ کسی چیز کا بقیہ۔
تَمَایُل ۔ بل کھاتے ہوئے چلنا۔

تَمتام - جو شخص ت اور میم بہت بولے۔ توتلا۔ بکواس کرنے والا (م) تِمتامَۃ
تُمتان - خیمہ کی ڈوری۔
تَمتُّع - نفع اٹھانا۔ حج کے ساتھ عمرہ کرنا۔
تَمتِیع - نفع پہنچانا۔ توشہ دینا۔ لانبا بنانا۔ تعمیر کرنا۔ عورت کو طلاق کے بعد متعہ دینا
تِمثال - تصویر۔ نقش و نگار۔ شکل۔ مجسمہ۔ ج: تماثِیل۔
تَمثُّل - مثل بیان کرنا [ب] داستان کہنا [ل] کسی چیز کی مثل اور مشابہ ہونا قصاص لینا۔ محبت بیان کرنا۔
تَمثِیل - مثل بیان کرنا۔ تصویر بنانا۔ عبرتناک سزا دینا۔ (د) تھیٹر میں ایکٹ کرنا۔ کسی جماعت کا نمائندہ بننا۔
تَمَجُّس - مجوسی ہونا۔
تَمَجمُج - کانپنا۔ حرکت کرنا۔
تَمجِید - تعظیم کرنا۔ تعریف کرنا۔ بزرگ بنانا۔ بہت دینا۔
تَمجِیس - مجوسی کرنا۔
تَمَحُّق - مٹنا۔ گھٹنا۔ معدوم ہونا۔ خاک میں ملنا۔
تَمحِیق - مٹانا۔ معدوم کرنا۔
تَمحِین - تری کو نرم کرنا اور کھینچنا۔
تَمَخُّض دودھ کا دہی ہونا۔
تَمَخُّط - ناک صاف کرنا۔ گرتے پڑتے چلنا۔
خِیَاط ۔ سوئی ۔ ڈورہ ۔ راستہ ۔ گزرگاہ۔
خَیَّاط ۔ درزی۔
خِیَاطَۃ ۔ کپڑا سینا۔
خَیَال ۔ صورت جو ذہن میں آئے ۔ حالت بیداری میں یا خواب میں آئینہ میں جو صورت نظر آئے ۔ سیاہ کمبل جیسے کھیت میں کسی لکڑی پر لپیٹ دیتے ہیں ۔ تاکہ جانور اُسے آدمی سمجھ کر بھاگ جائیں ۔ ج:۔ اَخْیِلَۃ
خِیَام ۔ ڈیرے ۔ وا:۔ خَیْمَۃ ۔
خِیَانَۃ ۔ خَانَۃ ۔ خیانت ۔ دغا (ن) دھوکا اور بے ایمانی کرنا ۔ عہد شکنی کرنا۔
خَیْبَۃ ۔ نااُمیدی ۔ (ض) نااُمید ہوجانا ۔ نقصان اور ٹوٹے میں ہونا ۔ ناشکر ہونا ۔ مطلوب حاصل ہونا۔
خَیْر ۔ بھلائی ۔ جو چیز سب کو مرغوب ہو جیسے عقل، عدل ج:۔ خُیُوْر مال ۔ گھوڑے اچھا آدمی ۔ بافیض ۔ ج:۔ اَخْیَار خوب صورت ۔ بہت اچھا ۔ بہتر۔
خِیْر ۔ شرف و کرم ۔ اصل ہیئت ۔
خِیَر ۔ (ض) کسی کو دوسرے پر فضیلت دینا ۔ انتخاب کرنا ۔ نیکی میں غالب آنا۔
خَیِّر ۔ بہت بھلائی کرنے والا ۔ دیندار ۔ اچھا کام کرنے والا ۔ (مؤنث) خَیِّرَۃ ج:۔ اَخْیَار ۔ خِیَار
خَیْرَات ۔ نیکیاں ۔ بھلائیاں ۔ پسندیدہ اور منتخب چیزیں ۔ نیک عورتیں ۔ بہت بھلائی سے پیش آنے والیاں و:۔ خَیْرَۃ ۔
خَیْرَۃ ۔ نیک عورت ۔ بہت خیر والی ۔ چھانٹی ہوئی۔
خِیْرَۃ ۔ اختیار ۔ بھلائی ۔ منتخب ۔ پسندیدہ
خِیَرَۃ ۔ اختیار (نوع کے لئے)
خَیْرِی ۔ نیک مرد ۔ مقبول ۔ بہت خیر والا۔
خِیْرِی ۔ نیک عورت ۔ مقبول۔
خَیْرِیَّۃ ۔ فضل ۔ عمدگی ۔ قدیم عثمانی سکوں کی ایک خاص قسم۔
خَیْزُرَان ۔ چپو ۔ یعنی کشتی چلانے کی لکڑی ۔ ہر نرم لکڑی جو کہ خمدار ہو ۔ بانس ۔ بید ۔ نرسل ۔ ج:۔ خَیَازِر
خَیْس ۔ خَیَسَان ۔ (ض) جھوٹ بولنا ۔ (ب) بے وفائی کرنا ۔ عہد توڑنا۔
خَیْس ۔ خِیْسَۃ ۔ شیر کی کچھار ۔ ج:۔ خِیَس
خَیْش ۔ بڑا بورہ ۔ تھیلا ۔ (د)
خَیْشُوْم ۔ ناک کا بانسا ۔ ناک کی جڑ ۔ ناک کا اندرونی حصہ ۔ ج:۔ خَیَاشِیْم ۔

خَیْص ۔ (ض) کم ہونا۔
خَیَص ۔ (س) ایک آنکھ کا بڑا اور دوسری کا چھوٹا ہونا۔
خَیْط ۔ تاگہ۔ دھاری ج:۔ اَخْیَاط خُیُوط خُیُوطَة درزی کا پیشہ۔ مص (ض) کپڑا سینا۔ سانپ کا زمین پر چلنا۔
خَیْطُ الرَّقَبَة ۔ گردن کا مہرہ۔ حرام مغز۔
اَلْخَیْطُ الْاَبْیَض ۔ صبح صادق۔
خَیْطُ بَاطِل ۔ سراب۔ مکڑی کا تار۔ روشندان میں سے آنے والی روشنی۔
اَلْخَیْطُ الْاَسْوَد ۔ صبح کاذب۔ رات کی تاریکی
خَیْطَة ۔ میخ۔ رسی۔ مص (ض) [الی] ایک بار گذر جانا۔ جلدی سے گذر جانا۔
خَیَف ۔ (س) ایک آنکھ کا نیلا اور دوسری کا سیاہ ہونا۔
خَیْف ۔ کنارہ۔ پہاڑ کی ہر بلندی و پستی۔
خِیْفَة ۔ ڈر۔ خوف ج:۔ خِیَف ۔ مص (س) ڈرنا۔
خَیْل ۔ گھوڑوں کا گروہ۔ سواروں کی جماعت (اس کا واحد نہیں ہے) ج:۔ اَخْیَال خُیُول۔ مص (س) گمان کرنا۔ ہمیشہ بھنگ کھانا۔
خَیْل ۔ خَیْلَة ۔ غرور۔ تکبر۔
خَیْلَاء ۔ وہ عورت جس کے چہرہ پر خال بہت ہوں۔
خُیَلَاء ۔ غرور۔ تکبر۔
خِیْلَة ۔ خَیْلَان ۔ خَیْلُولَة (س) گمان کرنا
خَیْم ۔ خَیَمَان ۔ خُیُوم ۔ (ض) بزدل ہونا۔ ڈرنا۔

خِیْم ۔ طبیعت و خصلت۔
خَیْمَة ۔ گول اور مدور مکان۔ منڈیا یعنی چھوٹا سا چھپر کا مکان۔ ہر وہ گھر جو درخت کی شاخوں وغیرہ سے بنالیا جائے۔ ج:۔ خِیَم خِیَام خَیْمَات
خَیْمِی ۔ خیمہ بنانے والا یا بیچنے والا۔

د ۔ ا

دَاء ۔ بیماری۔ ج:۔ اَدْوَاء
دَاءُ الذِّئْب ۔ زیادہ بھوک لگنے کی بیماری
دَاءُ الْاَسَد ۔ کوڑھ
دَاءُ الثَّعْلَب ۔ بیماری جس سے سر کے بال گرجاتے ہیں۔ گنج کی ایک قسم۔
دَاءُ الْكَلْب ۔ دیوانگی جو دیوانہ کتے کے کاٹنے سے پیدا ہو۔
دَاءُ الْحَیَّة ۔ بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں اور جلد اترنے لگتی ہے گنج کی دوسری قسم۔
دَاءُ الْفِیل ۔ بیماری جس سے پنڈلیاں اور پاؤں موٹے ہوجاتے ہیں۔
دَاءُ الْمُلُوك ۔ جوڑوں کا درد۔
(بہ) دَاءُ ظَبْیٍ ۔ اس کی صحت بہت اچھی ہے (کیوں کہ ہرن میں کوئی بیماری نہیں ہے)
دَاءٍ ۔ بیمار آدمی۔
دَأْب ۔ کام۔ عادت۔ مستمرہ۔ مص (ف) کام میں مشقت اور تکلیف کا سامنا ہونا۔ بہت ہانکنا۔ دفع کرنا۔ چپٹے رہنا۔

دَابَّۃ - قدم سے چلنے والا جاندار - سواری کا جانور - ج: دَوَابّ -
دَابَّۃُ السُّوْءِ - کتا - گدھا وغیرہ -
دَابَّۃُ الْاَرْضِ - ایک عجیب جانور ہے جو قرب قیامت میں ظاہر ہوگا -
دَابِر - پیچھے چلنے والا - ہر چیز کا آخر - جڑ - تیر جو نشانہ سے پار ہو جائے -
دَابِرَۃ - ریت کے ٹیلے کا آخر - شکست - بدفالی - کشتی کا ایک داؤ - ج: دَوَابِر -
دَأْث - گرانی - بھاری پن - میلا کچیلا پن - مص (ف) میلا ہونا - میلا کرنا - کھانا -
دَأْثَاء - لونڈی - ج: دَأْث -
دَاثِر - تباہ و برباد - غافل - زنگ لگی ہوئی تلوار -
دَاجّ - گدھے یا اونٹ کرایہ پر دینے والا ملازم - نوکر - تاجر - اس کا استعمال مفرد و جمع ہر دو کے لئے ہوتا ہے - ج: دَاجَّۃ -
دَاجِن - پلی ہوئی بکری - پانی کھینچنے والا اونٹ - ج: دَوَاجِن
دَاجِنَۃ - خوب لگاتار برسنے والی بارش -
دَاحِس - ناخن اور گوشت کے درمیان زخم یا دانہ جس کی وجہ سے ناخن گر جاتا ہے - عرب کے ایک مشہور گھوڑے کا نام جس کی وجہ سے ذبیان اور عبس میں چالیس سال تک بازار جنگ گرم رہا -
دَاحِضَۃ - باطل ہونے والی -

دَاخِر - ذلیل - خوار -
دَاخِل - اندر آنے والا - داخل ہونے والا -
دَاخِلَۃُ الْاِزَارِ - ازار کا اندرونی حصہ جو جسم سے لگے -
دَاخِلَۃُ الْاَرْضِ - زمین کی مخفی چیز -
دَاخِلَۃُ الرَّجُلِ - آدمی کی نیت اور مذہب پوشیدہ ارادہ - ج: دَوَاخِل
دَاخِلِیّ - وہ طالب علم جو بورڈنگ میں رہے بورڈر (د) -
دَاخِلِیَّۃ - ہوم ڈپارٹمنٹ - داخلی معاملات کا محکمہ - (د)
دَأْدَاء - دَأْدَاۃ - بہت اندھیری رات -
دَأْدَاء - مہینہ کی آخری راتیں - ج: دَآدِی -
دَار - گھر - احاطہ - بستی (د) آفس دفتر - ج: آدْؤُر - اَدْؤُر - دِیَار دِیَارَۃ - دِیَارَات - دِیْرَان دُوْرَان - دُوْرَات - اَدْوَار - اَدْوِرَۃ -
دَارُ الْآثَار - آثار قدیمہ کا عجائب خانہ (د)
دَارُ التُّحَف - عجائب خانہ (د)
دَارُ السَّلَام - بہشت -
دَارُ الصِّنَاعَۃ - ٹیکنکل اسکول (د)
دَارِصِینِی - دارچینی -
دَارُ الضَّرْب - ٹکسال (د)
دَارِفُلْفُل - بلبل دراز -
دَارِب - [ب دعلیٰ] کسی چیز کا عادی - حریص
دَارِبَۃ - عقلمند اور ہوشیار عورت - طبلہ بجانے والی عورت - ج: دَوَارِب

دَارَۃ - گھر - پہاڑوں کے درمیان کشادہ زمین دڑہ - چاند کا ہالہ - سختی - بلا -
ج: دُور - دَارَات -
دَارِس - حائضہ عورت - مٹا ہوا راستہ - اور کھنڈر ج: دَوَارِس -
دَارِش - سیاہ کھال -
دَارِع - زرہ پوش -
دَارُ العَجَزَۃ - محتاج خانہ (د)
دَارُ الفُنُون - اکاڈمی - یونیورسٹی (د)
دَارُ الکُتُب - کتاب گھر - کتب خانہ (د)
دَارِم - وہ آدمی جس کے اعضاء کی ہڈیاں گوشت سے چھپ گئی ہوں -
دَارِی - خوشبو بیچنے والا - مرد جو گھر میں بیٹھا رہے (کہیں آئے نہ جائے) - خداوند نعمت
دَارِیَّۃ - مرد جو ہر وقت گھر میں گھسا رہے -
دَاشِن - نیا کپڑا جسے ابھی پہنا نہیں - نیا گھر جس میں ابھی سکونت اختیار نہیں کی گئی -
دَاعِ - بلانے والا - ج: دُعَاۃ -
دَاعِب - خوش مذاق آدمی - مسخرہ -
دَاعِر - ردی - خراب - نالائق -
دَاعِك - بے وقوف آدمی -
دَاعِی اللہ - موذن - اذان دینے والا -
دَاعِیَۃ - لڑائی میں گھوڑوں کی آواز سیب
دَاغِصَۃ - گول ہڈی جو سر یا زانو میں متحرک رہتی ہے - ج: دَوَاغِص -
دَافَۃ - دشمن کی طرف گزر کرنے والا لشکر ج: دَوَافّ
دَافِع - ہٹانے والا - دفع کرنے والا -
دَافِعَۃ - ندی - جاری نہر - سیلاب - ج:

دَوَافِع - قوت دافعہ جو فضلہ کو دفع کرے -
دَافِق - کودنے والا - اُچھلنے والا پانی -
دَافِف - مسافر -
دَاقِع - جو قلیل معاش کی طلب کرے -
دَاق - مسلمانوں کی عیب گوئی کرنے والا -
دَالِب - انگاری جو نہ بجھے -
دَالَّۃ - ناز -
دَالِح - بادل جس میں پانی بہت ہو - ج: دُلَّح
دَالِف - بھاری بوجھ اُٹھانے کی وجہ سے پاس پاس قدم رکھنے والا - ج: دُلَّف -
دَالِی - جو کنوئیں سے ڈول کھینچے اور خالی کرے - ج: دُلَاۃ
دَالِیَۃ - رہٹ - رہٹ کا ڈول - کھجوروں کا خوشہ لٹکایا ہوا - ج: دَوَالِی
دَام - عیب -
دَامَاء - دریا - ندی -
دَامِس - سخت تاریک -
دَامِع - ترمٹی -
دَامِغَۃ - سر کی چوٹ جس سے خون بہ نکلے -
دَامِغَۃ - سر کی چوٹ جو دماغ تک پہنچ گئی ہو -
دَامِق - خراب - بے فیض -
دَامِکَۃ - سختی - بلا - مصیبت - ج: دَوَامِک -
دَامُوغ - سر توڑنے والا پتھر کہ جو چوٹ کو دماغ تک پہنچا دے -
دَامُوق - بہت گرم -
دَامِیَۃ - سر کی چوٹ جس سے خون نکلے اور

ہے نہیں۔
دَائِع ۔ کمینہ اور بخیل
دَانَاق ۔ دانگ ۔ درم کا چھٹا حصہ۔
دَانَال ۔ دَانِیَال ۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام (اسم عجمی)
دَانِق ۔ دانگ ۔ کہ درم کا چھٹا حصہ ہوتا ہے۔ احمق ۔ چور ۔ دُبلا کمینہ ۔
دَانِیَال ۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ۔
دَانِ ۔ نزدیک ۔ قریب ۔ میوہ جس پر ہاتھ آسانی سے پہنچ جائے ۔ کمینہ آدمی ج: دُنَاۃ
دَانِیَہ ۔ مؤنث کا صیغہ ۔ قریب ۔ میوہ درخت میں لگا ہوا جس پر ہاتھ پہنچ سکے۔
دَأَدُ ۔ (ف) بھیڑیے کا فریب دینا ۔ روباہ بازی کرنا ۔
دَادِ ۔ سربستہ دودھ ۔ بہت کھانا ۔ طعام کثیر ۔
دَاوُد ۔ ایک پیغمبر علیہ السلام کا نام ۔
دَاهِل ۔ مرد سرگشتہ ۔ حیران ۔ پریشان ۔
دَاهِن ۔ چکنی ۔ تیل ملی ہوئی ڈاڑھی ۔
دَاهِی ۔ شیر ۔ درندہ ۔ عقل مند اور تیز فہم آدمی ۔ ج: دُهَاۃ
دَاهِیَۃ ۔ آفت ۔ سختی سخت اور دشوار کام ۔ ج: دَوَاهِی
دَاهِیَۃُ دَهْوَاء ۔ سخت آفت ۔
دَاهِیَۃُ دَهْوِیَّہ ۔ سخت آفت ۔
دَاهِیَۃُ دَهْیَاء ۔ سخت آفت ۔
دَأْی ۔ پشت کے مہرے ۔ پیلوں کے ہر دو شانہ کے بیچ کا حصہ ۔ پیلوں کے سینہ کی ہڈیاں ۔ دَایَۃ واحد ۔ ج: دَایَات ۔
دَائِب ۔ کسی کام میں مشقت دیکھنے والا ۔ چلتے رہنے والا ۔
دَائِبَان ۔ رات دن ۔
دَائِبَۃ ۔ بیمار عورت ۔
دَائِحَۃ ۔ بلند درخت ۔ ج: دوائح ۔
دَائِخ ۔ تاریک ۔
دَائِرَۃ ۔ گول خط ۔ ہر چیز جو دوسری چیز کو گھیرلے ۔ حلقہ ۔ شکست ۔ ہزیمت (د) صیغہ ۔ محکمہ ۔ سرکل ۔ ڈیپارٹمنٹ ج: دَوَائِر ۔
دَائِرَۃُ الْبَلَدِیَّۃ ۔ میونسپل آفس (د)
دَائِرَۃُ الرُّسُوْم ۔ چنگی خانہ (د)
دَائِرَۃُ الشُّرْطَہ کوتوالی (د)
دَائِرَۃُ الْعُلُوْم ۔ انسائیکلوپیڈیا ۔ (د)
دَائِس ۔ کھلیان کی جگہ ۔ کھلیان کوٹنے والا ۔
دَائِص ۔ چور ۔ ج: دَاصَۃ
دَائِق بے وقوف آدمی ۔ بے قیمت (متاع) رائیگان ۔
دَائِم ۔ ہمیشہ برقرار ۔ ساکن ۔
دَائِن قرض دار ۔ قرض خواہ ۔
دَاوُد ۔ بنی اسرائیل کے ایک جلیل القدر پیغمبر جو خوش الحانی میں مشہور تھے زبور آپ پر نازل ہوئی ۔

د ۔ ب

دُبّ ۔ ریچھ (مؤنث) دُبَّۃ ج:

آدْبَاب دِبَبَة

دَبِیبًا ۔ دَبِیب (ض) آہستہ چلنا ۔ سرایت کرنا ۔

دُبَّاء ۔ (جنس) کدو ۔ دُبَّاءَة ایک کدو ۔

دَبَّابَة ۔ آہستگی سے چلنے والا ۔ ایک مضبوط قسم کا خول کہ جنگ کے موقعہ پر اس میں گھس کر قلعہ کی دیوار کے نیچے بیٹھ جاتے ہیں اور دیوار کو توڑ کر اس میں سرنگ لگاتے ہیں ۔ (د) ٹینک ۔ مسلح موٹر ۔

دَبَّاج ۔ دیبا فروش ۔

دُبَادِب ۔ موٹا اور بلند آواز آدمی ۔

دِبَار ۔ کھیت کی کیاریاں (دِبَارَة ایک) دشمنی ۔ کھیت میں جانے والی ۔ پانی کی گولیں ۔ حوادث و مصائب ۔

دَبَار ۔ ہلاک ۔

دُبَار ۔ بدھ کا دن (لغت قدیم میں) ۔

دَبَّاغ ۔ کچے چمڑے کو درست کرنے والا ۔

دِبَاغ ۔ (ن ۔ ف ض) کچے چمڑے کو درست کرنا ۔ کپڑے کو سبز رنگنا ۔

دِبَاغَة ۔ (ن ۔ ف ض) کچے چمڑے کو درست کرنے کا پیشہ کرنا ۔ کچے چمڑے کو درست کرنا ۔ کپڑے کو سبز رنگنا ۔

دَبَب ۔ بالوں کی کثرت ۔ بکری کا شروع کا بچہ ۔ شروع کے چھوٹے چھوٹے نرم بال ۔

دَبَبَة ۔ بہت بالوں والی عورت ۔

دَبَّة ۔ کدو ۔ گھی کا برتن ۔ ایک بار آہستہ قدم رکھنا ج: دِبَاب روان چہرہ کا ج: دَبّ

دَبْج ۔ نقش و نگار ۔ مص (ن) منقش کرنا مزین کرنا ۔

دَبْدَاب ۔ ڈھول ۔ ج: دَبَادِب

دَبْدَبَة ۔ سخت زمین پر سم سے چلنے کی آواز یا جو اس کے مشابہ ہو ۔ دھپ دھپ

دِبْر ۔ بہت مال ۔

دَبِر ۔ جس چوپایہ کی پیٹھ زخمی ہو ۔ (مؤنث) دَبِرَة ج: آدْبَار

دُبُر ۔ خلاف قبل ۔ ہر چیز کا پچھا ۔ پیٹھ گھر کا کونہ ۔ مبرز ۔ ج: آدْبَار

دُبُورُ الشَّهْر ۔ آخر ماہ ۔

دَبْر ۔ شہد کی مکھیوں کا انبوہ ۔ ج: آدْبُر ۔ دُبُور بعد میں آنے والا ۔ بہت مال ۔ مص (ن) پیٹھ پھیرنا ۔ پیچھے پھرنا ۔ لے جانا ۔ کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا ۔ پچھوا ہوا کا چلنا ۔ تیر کا نشانہ سے پار ہو جانا بوڑھا ہو جانا ۔

دَبَر ۔ (س) چوپایہ کی پیٹھ کا زخمی ہونا ۔

دَبَرَان ۔ چاند کی ایک منزل جو برج ثور میں ۵ ستاروں پر مشتمل ہے ۔

دَبْرَة ۔ مفلسی ۔ انجام کار ۔ لڑائی میں شکست ٹکڑا ۔ ج: دَبْر دِبَار

دَبَرَة ۔ چوپایہ کی پیٹھ کا زخم ۔ ج: دَبَر آدْبَار

دِبْرَة ۔ ضد قبلہ یعنی جس طرف پشت کی جائے ۔

دَبَرِیٌّ ۔ جو رائے کہ مقصد فوت ہو جانے کے بعد سمجھ میں آئے ۔ نماز کہ جو اخیر وقت میں پڑھی جائے ۔

دِبْس ۔ انگور کا شہد ۔
دَبْش ۔ (ن) کوئی چیز چھیلنا ۔ کھانا کھانا ۔
دَبَش ۔ گھر کا سامان ۔ بیکار ۔ سامان ۔
دِبْغ ۔ جس چیز سے کچا چمڑہ درست کیا جائے
دَبْغ ۔ دِباغ ۔ دِبَاغَۃ (ن ۔ ف ۔ ض) کچے چمڑے کو درست کرنا ۔ کپڑے کو سبز رنگنا ۔
دِبْغَۃ ۔ وہ مصالحہ جس سے کچا چمڑہ درست کیا جاتے ۔
دَبْغَۃ ۔ ایک دفعہ دِباغت کرنا ۔
دَبَق ۔ (س) [ب] کسی کے ساتھ ملنا چمٹنا
دِبْق ۔ سریش ۔
دَبْل ۔ طاعون ۔ پانی کی گول ۔ ج : ۔ دُبُوْل ۔ (ن ۔ ض) [ب] کسی کو کسی چیز سے پے در پے مارنا (نوالہ) بڑا لینا ۔
دَبْلَۃ ۔ بڑا نوالہ ۔
دَبْلُوْمَا ۔ ڈپلوما ۔ سند ۔ (د)
دَبُوْر ۔ پچھوائی ہوا ۔
دَبُوْر ۔ لباس ۔ جنس ۔ زنبور ۔ ج ۔ دَبَابِیْر پیٹھ پھیرنا ۔ پیچھے پھرنا ۔ لے جانا بوڑھا ہو جانا ۔ کسی کے مرنے کے بعد اس کی بات بیان کرنا ۔ تیر کا نشانہ سے پار ہو جانا ۔
دَبُوْرَۃ ۔ پتھروں کو یکساں کرنے کا آلہ ۔
دَبُوْس ۔ آہن ۔
دَبُوْغ ۔ بارش جو اپنے پانی سے زمین کو سنوار دے ۔
دَبُوْل ۔ وہ عورت جس کا بچہ مر جائے ۔
دَبِیْغ ۔ دباغت کیا ہوا چمڑہ ۔

د ۔ ث

دَثّ ۔ دِثَاث ۔ معمولی بارش ۔
دَثَّات ۔ فلاخن سے شکار کرنے والا ۔
دِثَار ۔ اوپر کا کپڑا جو جسم پر ہو جیسے شیروانی جُبّہ ۔ کوٹ وغیرہ ۔
دُثَّۃ ۔ تھوڑا سا زکام
دَثَر ۔ میل کچیل ۔
دَثْر ۔ بہت مال (واحد و جمع)
دُثُوْر ۔ (ن) پتے نکل آنا ۔ پرانا ہو جانا ۔ میلا ہو جانا ۔
دَثُوْر ۔ سخت جان ۔ بہت سونے والا آدمی

د ۔ ج

دَجَاجَۃ ۔ مُرغی ۔ مُرغا (مذکر و مؤنث) ج : ۔ دُجُج ۔
دُجَاجِیّ ۔ خوب گہرا سیاہ ۔
دَجَّال ۔ تلوار کا جوہر ۔ بڑی جماعت ۔ بہت فریب دینے والا ۔ بڑا دھوکہ باز ۔ جھوٹا ۔ مسیح کذاب کا لقب کہ جو اخیر زمانہ میں پیدا ہوگا اور خدائی کا دعوٰی کرے گا ۔
دَجْجَان ۔ دَجِیْج ۔ (ض) بھاری ہو کر چلنا ۔
دَجَر ۔ (س) مست ہونا ۔
دَجِر ۔ مست ۔ دَجَارِی ۔
دَجْل ۔ دُجُوْل ۔ (ن) جھوٹ بولنا جماع کرنا ۔ زمین کی مسافت طے کرنا ۔
دِجْلَۃ ۔ بغداد کی نہر ۔

دَجُم - (ن) رات کا اندھیری ہونا (س) غمگین ہونا
دَجْن - بہت بارش - بہت گہرے اور دَلدار بادل کی تاریکی - ج: - اَدْجَان دُجُن - دِجَان
دُجُنّ - تاریکی - گہرا اور دَلدار لیکن بے باراں ابر -
دَجْن - دُجُوْن - (ن) کبوتر یا بکری کا مانوس ہونا - ابر کا چھا جانا [ب] کسی جگہ مقیم ہونا -
دُجُنَّۃ - اندھیرا - ج: - دُجَن
دَجْو - دُجُوّ - (ن) رات کا تاریک ہونا - کپڑے کا وسیع ہونا -
دَجُوْجِیّ - اندھیری رات - بہت سیاہ -
دَجِیّ - اندھیری رات -
دُجْیَۃ - تاریکی - شکاری کی کمین گاہ -

د - ح

دَحّ - (ن) کسی چیز کو گاڑ دینا -
دَحْدَح - دِحْدَاح - دُحَادِح - چھوٹا ٹھگنا -
دَحْر - دُحُوْر (ن) ہانکنا - دفع کرنا - دُور کرنا - دُھتکارنا -
دَحْرَجَۃ - لڑھکانا -
دَحْس (ف) کسی چیز کو بھرنا [بین] فساد پھیلانا -
دَحْص - (ف) جلدی کرنا -
دَحْق - دِحَاق - (ف) ہانکنا - دھتکارنا - دفع کرنا - دُور کرنا - کسی چیز تک ہاتھ نہ پہنچنا -

دَحْل - (ف) بھاگنا - کنوئیں کے کنارہ میں گڑھا کھودنا -
دَحَل - (س) دھوکہ دینا -
دَحْم - (ف) زور سے دفع کرنا -
دُحْمُس - کالی چیز - ج: - دَحَامِس
دَحْو - (ن - ف) پیٹ کا بڑا اور ڈھیلا ہونا پھیلانا -
دَحُوْص ایسی جگہ جہاں پھسل جائیں - پھسلن ج: - دِحَاص
دُحُوْض - دَحْض - (ف) حجت کا باطل ہونا - حجت باطل کرنا - سُورج کا ڈھل جانا
دَحُوْل - چوڑا کنواں -
دَحْیَۃ بندریا -
دِحْیَۃ - لشکر کا افسر - ج: - دِحَاء

د - خ

دَخّ - دُھواں
دِخَاس - بہت زیادہ - زرہ جس کے حلقے قریب قریب ہوں -
دِخَال - (مفاعلہ) بعض مفاصل کا بعض میں داخل ہونا - سیراب اونٹ کو دو پیاسے اونٹوں کے درمیان لانا -
دِخَالُ الرَّجُل - مرد کی نیت اور اس کے دل کی بات -
دُخَان - دُھواں - ج: - اَدْخِنَۃ - دَوَاخِن دَوَاخِیْن - (د) سگریٹ - تمباکو
دُخَّان - دھواں -
دَخْبَش - بہت بڑے پیٹ والا آدمی - ج: دَخَابِش
دَخْدَخَۃ - ذلیل کرنا - باز رکھنا - چلتے ہوئے

پاؤں قریب قریب رکھنا۔
دَخِرَ۔ دُخُوْر۔ (ف۔س) ذلیل ہونا خوار ہونا
دِخْرِص۔ جاننے والا۔ ماہر۔ تجربہ کار۔
دَخَسَ۔ (ف) کسی چیز کا خاک میں چھپ جانا
دَخَشَ۔ پُرگوشت ہونا۔
دَخْل۔ غیب۔ تہمت۔ زمین کی آمدنی جو مالک زمین کو حاصل ہو (د) آمدنی۔
دَخَل۔ فتورِ عقل۔ فسادِ جسم۔ مکروفریب۔ بے وفائی۔ مص (س) عقل و جسم کا خراب ہونا۔
دُخْلُ الرَّجل۔ مرد کی نیت۔ اُس کی پوشیدہ بات۔
دُخْلَۃُ الرَّجُل۔ مرد کی نیت اور اس کی پوشیدہ بات۔
دَخَمَ۔ (ف) زور سے گرانا۔ جگہ سے اکھاڑنا (عورت سے) جماع کرنا۔
دَخْمَرَۃ۔ مشک پانی سے بھرنا۔ کسی چیز کو چھپانا۔
دَخَن۔ دھواں۔ دھندلاہٹ۔ کمینہ۔ بدخلقی (س) خلق برا ہو جانا۔
دَخَنَ۔ دُخُوْن۔ (ن) آگ میں سے دھواں نکلنا۔ غبار اور دھویں کا اوپر چڑھنا۔
دُخُوْر۔ دَخَر۔ (ف۔س) ذلیل و خوار ہونا۔
دُخُوْص۔ (ف) لڑکی کے جسم میں بہت چربی ہو جانا
دُخُوْل۔ (ن) اندر جانا۔
دَخِیَ۔ تاریکی (س) تاریک ہونا۔
دَخِیْل۔ جو کسی کام میں دخل دے۔ دلی دوست غیر قوم کا آدمی جو قوم میں داخل ہو گیا ہو۔ جو کلمہ کلام عرب میں داخل

کیا گیا ہو۔ اور عرب کا نہ ہو۔ گھوڑا جسے صرف گھاس ملے۔

د۔ ر

دَرْء۔ دَرْءَۃ۔ (ف) دفع کرنا۔ دُور کرنا۔ پھیلانا۔ آگ کا روشن ہونا۔
دَرّ۔ خون۔ دودھ۔ لوٹ کا مال۔ دودھ کی کثرت۔ مص (ن ض) اونٹنی کا بہت دودھ دینا۔ گھاس کا کثرت سے اور گنجان ہونا (ض) بادل کا پانی کو گرانا۔
دُرَابَۃ۔ لڑائی میں اور ہر کام میں دلاوری ہمت۔
دَرَابَزِیْن۔ ہلکا ہیزمی جنگلہ۔ (د)
دَرَّاج۔ بہت زیادہ آنے جانے والا۔ چغل خور
دُرَّاج۔ تیتر (مذکر و مونث) (جنس)
دُرَّاجَۃ۔ تیتر (واحد)
دَرَّاجَۃ۔ سائیکل (د)
دَرَّامَۃ۔ ٹکلا۔
دِرَاس۔ گیہوں کے کھلیان کو گاہنا۔ دائیں چلانا۔
دِرَاسَۃ۔ (ن۔ض) سبق پڑھنا۔ سبق پڑھانا جماع کرنا۔
دُرَّاق۔ ایک میوہ دار درخت۔ شراب۔ تریاق۔
دِرَاک۔ پے در پے۔ پیہم۔ مسلسل۔ لگاتار۔
دَرَّاک۔ خوب حقیقتِ حال تک پہنچنے والا۔ مقصود حاصل کرنے والا۔
دَرَاکِ۔ بمعنی اَدْرِکْ (اسم فعل) جان۔

سمجھ۔

دَرْب ۔ بڑا دروازہ ۔ چھوارے خشک کرنے کی جگہ ۔ ج:۔ دِرَاب

دَرِب ۔ (س) کسی چیز کا عادی ہونا ۔ حریص ہونا۔

دَرْبَاس ۔ شیر ۔ کٹ کھنا کتا ۔ ج:۔ دَرَابِیْس ۔

دَرْبَان ۔ دروازہ کا نگہبان ج:۔ دَرْبَانَۃ دَرَابِنَۃ (فارسی سے ماخوذ ہے)۔

دُرْبَۃ ۔ عادت ۔ خصلت ۔ دلیری ۔ بہادری ج:۔ دُرَب ۔

دُرَّۃ ۔ بڑا موتی ۔ ج:۔ دُرّ ۔ دُرَر ۔ دُرَّات

دِرَّۃ مارنے کا آلہ ۔ درّہ ۔ دودھ ۔ خون ۔ دودھ کی کثرت ۔ بازار کی رونق ۔ گرم بازاری ۔ ج:۔ دِرَر ۔

دَرْج ۔ کاغذ ۔ تحریر ۔ خط کی تہ

دَرَج ۔ راستہ ۔ ج:۔ اَدْرَاج ۔ دِرَاج

دُرْج ۔ تکلے رکھنے کی نلکی ۔ پٹاری ۔ ڈبّہ ۔ صندوقچی ۔ جس میں عورتیں اپنا زیور رکھتی ہیں ۔ میز کا خانہ ۔ ج:۔ اَدْرَاج دِرَجَۃ ۔

دُرَجَۃ ۔ سیڑھی ۔ ج:۔ دُرَج ۔

دَرَجَۃ ۔ سیڑھی ۔ ڈنڈا ۔ مرتبہ ۔ ج:۔ دَرَجَات ۔

دَرَد ۔ (س) پوپلا ہوجانا ۔

دَرْدَار ۔ ڈھول کی آواز ۔ ایک درخت کا نام ۔

دَرْدَبِیْل ۔ درہ دانیال (د)

دُرْدُوْر ۔ بھنور ۔ ج:۔ دَرَادِیْر ۔

دُرْدِیّ ۔ گاد ۔ تلچھٹ ۔

دَرْزُ الثَّوْب ۔ کپڑے کا شگاف جس کو سی دیں ۔

دنیا کا عیش و آرام ج:۔ دُرُوْز

دَرِزَ ۔ (س) دُنیوی عیش و آرام پر قادر ہونا

دَرْس ۔ پوشیدہ راستہ ۔ اونٹ کی خارش ۔

دِرْس ۔ اُونٹ کی دُم ۔ پرانا کپڑا ۔ ج:۔ اَدْرَاس ۔ دِرْسَان ۔

دَرْس ۔ (ن) عورت کا حیض سے ہونا ۔ (ن ض) سبق پڑھانا ۔ سبق پڑھنا پرانا ہونا ۔ پرانا کرنا ۔

دَرِس ۔ پرانا کپڑا ۔ ج:۔ اَدْرَاس

دُرْسَۃ ۔ ریاضت و ممارست ۔

دَرِص ۔ (س) سن رسیدگی کی وجہ سے دانتوں کا ٹوٹ جانا ۔

دَرْص ۔ چوہے ۔ بلی ۔ خرگوش وغیرہ کا بچہ ۔ ج:۔ اَدْرَاص ۔ دِرَصَۃ

دِرْع زرہ (مذکر و مؤنث) ج:۔ اَدْرُع ۔ اَدْرَاع ۔ دُرُوْع ۔ عورت کی کرتی ۔ ج:۔ اَدْرَاع ۔

دَرَع ۔ (س) گھوڑے وغیرہ کے سر کا سیاہ اور بقیہ حصہ جسم کا سفید ہونا ۔

دَرْع ۔ (ف) بکری کی کھال کھینچنا ۔

دِرْعِیَّۃ ۔ تیر جو زرہ میں گھس جائے ۔ ج:۔ دَرَاعِیّ ۔

دَرْف ۔ سایہ ۔ کاندھا ۔ پہلو ۔

دَرْق ۔ (ن) [ف] چلنے میں جلدی کرنا ۔

دَرْک ۔ دوزخ کا درجہ ۔ تاوان ۔ ضمان ج:۔ دَرَکَات ہر چیز کی گہرائی کی انتہا ۔ ج:۔ اَدْرَاک ۔ مص (ن) جا پہنچنا ۔

دَرَم (س) گوشت کا عضو کی ہڈیوں کو چھپا

لینا۔

دَرْمَق۔ دَرْمَك۔ باریک وسفید چیز۔

دَرَن۔ میل کچیل۔ اصل۔ رہنے کی جگہ۔

مص (س) میلا کچیلا ہونا۔ پیپ بھرا ہونا۔ کسی چیز میں ہاتھ آلودہ ہوجانا۔

دَرِن۔ پیپ بھرا۔ میلا کچیلا۔ پرانا کپڑا۔ بوسیدہ

دَرُوْب۔ مطیع وفرمانبردار۔ چوپایہ۔

دُرُوْج۔ دَرَجَان (ن) چلنا۔ انتہا پر پہنچ جانا۔ مرنا اور نسل نہ چھوڑنا۔ خط کو تہ کرنا۔ ہوا کا تیز چلنا۔ اس طرح چلنا گویا کہ وہ سیڑھی پر چڑھ رہا ہے۔

دَرُوْج۔ جلدی سے گزرجانے والی ہوا۔

دَرُوْم۔ دودھیل اونٹنی (واحد وجمع)

دُرُوْد۔ (ض) ابر کا مینہ کو گرانا۔ بازار کا گرم ہونا

دُرُوْزی۔ ایک فرقہ اسلامی جو شام کے کوہستانی علاقہ میں آباد ہے۔ ج: دُرُوْز

دُرُوْس۔ گھروں کے نشانات کا مٹ جانا۔ گھر کے نشانات کو مٹا دینا۔

دَرْءٌ۔ (ف) [علی] اچانک آجانا۔ اچانک نکل آنا اور نمایاں ہونا [عن] دفع کرنا

دِرْهَم۔ درم۔ چھ دانگ کا وزن۔ ج: دَرَاهِم

دَرْهَمَة۔ خبازی کے پتے کا درہم کی مانند ہونا۔

دُرِّی۔ روشن اور چمکتا ہوا تارہ۔ ج: دَرَارِی

دُرِّیُّ السَّیْف۔ تلوار کی چمک اور روشنی

دَرْی۔ دِرَایَة۔ دُرْیٌ۔ (ض) جاننا کسی حیلہ سے جاننا۔

دَرِیَّة۔ تیراندازی۔ اور نیزہ اندازی کا ہدف جس پر نشانہ صحیح کیا جائے۔ مٹی وغیرہ جس کی آڑ میں شکاری ہوجائے اور شکار کرے۔

دَرِیْج۔ طنبورہ۔

دَرِیْز۔ گول بدن کا مضبوط آدمی۔ تیز رفتار چوپایہ۔ روشن چراغ۔

دَرِیْس۔ پرانا کپڑا۔

دَرِیْن۔ سوکھی ہوئی گھاس جسے چوپائے نہ کھائیں۔ پرانا کپڑا۔

دَرِیْئَة۔ حلقہ جس پر تیراندازی اور نیزہ اندازی کی مشق کی جائے۔

د ۔ زْ

دَزْد۔ (ن) ہانکنا۔

دَزِیْنَة۔ درجن۔ ۱۲ عدد (د)

د ۔ س

دَسّ۔ (ن) پوشیدہ کرنا۔ دفن کرنا۔

دِسَار۔ لوہے کی میخ۔ ج: دُسُر۔

دِسَام۔ شیشی یا بوتل کی ڈاٹ۔

دَسْت۔ حیلہ۔ مجلس۔ تکیہ۔ پتہ۔ لباس۔ جنگل۔ ج: دُسُوْت۔

دَسْتَجَة۔ دستہ کا معرب۔ شیشہ کا بڑا برتن جگ۔ ج: دَسَاتِج۔

دُسْتُوْر۔ وہ کتاب جس میں ضروری امور درج ہوں۔ حساب کتاب کا رجسٹر۔ وہ آدمی جس پر نفاذ احکام میں اعتماد کیا گیا ہو (د)۔ قانون۔ وزیر۔ ج: دَسَاتِیْر۔

دَسْر - (ن) نیزہ مارنا۔ چیرنا۔ ہانکنا۔ جماع کرنا لوہے کی میخ خوب ٹھونکنا۔

دِسَراء۔ کشتی۔

دُسُس۔ بغل کی بدبو۔ ریاکار لوگ۔

دَسْع - (ف) قے کرنا (برتن) بھرنا۔ بہت بخشش کرنا (چوپایہ کا) جگالنا۔

دَسَق - (ف) حوض کے پانی کی صفائی اور چمک حوض کا اتنا پُر ہونا کہ پانی نکلنے لگے۔

دَسْکَرَۃ۔ گاؤں۔ نصاریٰ کا معبد۔ ہموار زمین شراب خانہ۔ تماشاگاہ۔ ج: دَسَاکِرَۃ۔

دَسْم - کنارہ۔ کسی چیز کی منتہا (ن) شیشہ پر سربند باندھنا۔ دروازہ بند کرنا۔ زخم میں بتی ڈالنا۔ عورت سے جماع کرنا۔ اثر کا محو ہونا۔

دَسَم - چکناہٹ۔ گوشت کی چربی میل کچیل مص (س) چکنا ہونا۔

دَسَمَۃ۔ چیونٹی۔

دُسْمَۃ - پاجی اور کمینہ آدمی۔ دھندلاپن۔ مائل بہ سیاہی۔ مص (س) دھندلا ہونا۔ تاریک ہونا۔

دَسْو - (ن) کم ہونا۔

دَسْی - (ض) کم ہونا۔

دَسِیْسَۃ۔ سازش۔ ج: دَسَائِس۔

دَسِیْعَۃ۔ غیر معمولی عطیہ۔ طبیعت۔ بڑا پیالہ قوت۔ ج: دَسَائِع۔

د۔ش

دَشّ - چال ص (ن مق) چلنا و شیشہ بنانا

دَشْت۔ جنگل (فارسی لفظ ہے یا توارد لغتین ہے)

دَشْن - (ن) عطا کرنا۔ دینا۔

دَشِیْشَۃ - ایک قسم کا کھانا ہے جسے کوٹے ہوئے گیہوں سے بناتے ہیں۔

د۔ع

دَعّ - (ن) چبھونا۔ تیز ہانکنا۔ دھتکارنا۔ زور سے دھکیل دینا۔

دُعَاء۔ پکار۔ خدا تعالیٰ سے جو چیز مانگی جائے خدا تعالیٰ سے درخواست۔ ج: اَدْعِیَۃ۔ مص (ن) درخواست کرنا۔ بلانا (ل) دعاء خیر کرنا (علیٰ) بددعا کرنا۔

دَعَّاب۔ دَعَّابَۃ مسخرا۔

دَعَابَۃ۔ دَعُب۔ (ف) مذاق کرنا۔ دھکیل دینا۔

دُعَابَۃ۔ کھیل۔ دل لگی۔ خوش طبعی کرنا۔

دَعَارَۃ۔ تباہی۔ بدکاری۔ پلیدی۔

دُعَاع۔ متفرق و پراگندہ کھجور کے درخت سیاہ بازو والی چیونٹیاں (واحد دُعَاعَۃ)۔

دِعَام۔ دِعَامَۃ۔ ستون ج: دَعَائِم

دَعَّاعَۃ۔ شہادت کی انگلی۔

دَعَایَۃ۔ پروپیگنڈا (د)

دِعْبِل۔ مینڈک کا انڈا۔ مضبوط اونٹنی۔ چچڑ۔

دُعْبُوس۔ بے وقوف۔ بھوڑ۔ ج: دَعَابِیس

دَعَۃ۔ راحت و تن آسانی۔ فراخی۔ مص (ک) فراخی اور فارغ البالی سے زندگی

بسر کرنا۔ راحت و آرام سے رہنا (ماضی اس کی وَدُع ہے۔) اس لئے کہ دِعَۃ کی ت واؤ سے بدلی ہوئی ہے۔

دَعْث۔ (ف) سخت طریقہ سے ہانکنا۔

دَعْث بیماری کی ابتدا (س) مص (ف) ہاتھ یا پاؤں سے زمین پر مٹی کو باریک کرنا۔

دِعْث۔ بغض۔ کینہ۔ پانی کا باقی ماندہ۔ ج: اَدْعَاث۔ دِعَاث

دَعْثَرَۃ۔ منہدم کردینا۔ ڈھادینا۔

دُعْثُوْر۔ منہدم حوض۔ گڑھا۔

دَعَج۔ (س) آنکھ کی سیاہی کا خوب سیاہ اور کشادہ ہونا۔

دَعْجَاء۔ جنون۔ خوب سیاہ آنکھ۔ سیاہ آنکھوں والی عورت۔ مہینہ کی اٹھائیسویں رات۔ ج: دُعْج۔

دَعْدَعَۃ۔ آہستگی کے ساتھ دوڑنا۔ پیالہ کو بھرنا۔ پیمانہ اور برتن کو ہلانا تاکہ خوب بھر جائے۔

دَعَر۔ (س) لکڑی کا دھواں دینا لیکن نہ جلنا۔

دَعِر۔ خراب لکڑی جو بہت دھواں دے اور آنچ نہ ہو۔

دُعْر۔ دیمک۔

دُعْرُوْر۔ ناقابل کمینہ۔

دِعْرِ مَہ۔ بدصورت ٹھگنا۔ ناکارہ، اونٹ جو دوسرے اونٹوں کا جھوٹا پانی پئے

دَعْز (ف) ہانکنا۔ جماع کرنا۔

دَعْس۔ (ف) روندنا۔ پامال کرنا۔ نیزہ مارنا۔

دِعْص۔ ریت کا ٹیلہ ج: دِعَصَۃ۔ اَدْعَاص

دَعْص۔ (ف) قتل کرنا۔ نیزہ مارنا۔

دَعْق۔ (ف) راستہ کو بہت روندنا گھوڑے کو مہمیز مارنا۔

دَعْلَث۔ (ف) نرم کرنا۔ رگڑنا۔ خاک آلود کرنا

دَعَلَث۔ (س) احمق و بے وقوف ہونا۔

دِعْمَۃ۔ ستون۔ کھمبہ۔ ج: دِعَم

دُعْمُوْص۔ ایک کیڑا ہے جو تالابوں میں پیدا ہوجاتا ہے۔ ج: دَعَامِیْص۔

دَعْوَۃ۔ قسم کھانے کے لئے بلاوا مص (ن) بلانا۔ کھانے کے لئے۔

دِعْوَۃ۔ کسی کو بیٹا کہنا۔ نسب کا دعویٰ کرنا۔

دَعْوَیٰ۔ دعویٰ۔ ج: دَعَاوِی۔ مص (ن) درخواست کرنا۔ بلانا (ل) دُعاء خیر کرنا (علیٰ) بددعاء کرنا۔

دَعِیّ۔ منہ بولا بیٹا۔ ج: اَدْعِیَاء

د ۔ غ

دَغْدَغۃ۔ طعن کرنا۔ سستی گفتگو میں۔ آہستہ آہستہ تلاش کرنا۔ گدگدی۔

دَغْر۔ (ف) ہانکنا۔ دفع کرنا۔ گلے کو زور سے دبانا۔ بھینچنا۔ یہاں تک کہ مرجائے انگلی سے بچہ کا کوا اٹھانا۔

دَغْش۔ تاریکی۔ مص (ن) تاریکی میں آنا۔ (علیٰ) کسی کے پاس اچانک پہنچ جانا۔

دَغَص۔ (س) پرشکم یا پر غضب ہوجانا۔ خرابی و تباہی۔ درختوں یا گھاس کی

گنجانی اور کثرت۔ خطرناک مقام
ج:۔ اَدْغَال
دَغَل۔ (ف) [فی] مشکوک آدمی کی طرح داخل ہونا۔
دَغِیْشَہ۔ اندھیرا۔ تاریکی۔

د۔ ف

دَفّ۔ کنارہ، چلنے کے وقت جوتے کی آواز ایک قسم کا ڈھول۔ ڈھپڑا۔ ٹیلہ۔ ہلکی رفتار ج:۔ دُفُوف۔ مص (ض) آہستہ آہستہ چلنا۔ پرندے کا پروں کو پھڑپھڑانا۔ کسی چیز کو جڑسے اُکھاڑ دینا۔
دِفْءٌ۔ گرمی کی سختی۔ اُون۔ پشم۔ چوپایوں کے بچے۔ گرمی۔ ناخوشی ج:۔ اَدْفَاء
دِفَاء۔ گرم کپڑا۔ گرم لباس۔
دَفْآء۔ گرم لباس پہنی ہوئی عورت۔
دَفَائِۃٌ۔ خیمہ۔
دَفَاءَۃٌ۔ دَفَاء۔ (س) گرم کپڑا پہننا۔
دَفَار۔ دنیا۔
دُفَّاع۔ دریا کی بڑی نہر۔ بڑا سیلاب۔ ہر بڑی چیز جس سے اسی جیسی چیز کو دفع کیا جائے۔
دِفَاع۔ وکالت۔ پیروی۔
دَفَّاف۔ دف۔ ایک قسم کا ڈھول جو شادی کے موقع پر بجایا جاتا ہے۔ بنانے والا۔ دف بجانے والا۔
دَفَاف۔ زخمی کے مار ڈالنے میں جلدی اور تیزی کرنا۔

دِفَاق۔ کود کود کر تیز چلنے والی اونٹنی۔
دُفَاق۔ سیلاب۔ اچھلتی اور کودتی ہوئی تیز چلنے والی اونٹنی۔
دِفَان۔ اَٹا ہوا کنواں۔ ج:۔ دُفُن
دَفَئِیّ۔ آخر موسم بہار کی بارش۔
دَفُئِی۔ خیمہ نشین عورت۔
دَفَّۃ۔ کنارہ۔ پہلو۔
دَفَّتَیْن۔ کتاب کے دو پٹھے۔
دَفَّتَا الطَّبْل۔ ڈھول کی دونوں طرف کی کھال۔
دَفْتَر۔ اکٹھے کئے ہوئے خطوط۔ رجسٹر۔ بہی۔ نوٹ بک۔ ج:۔ دَفَاتِر
دَفْتَرِجَیْب۔ پاکٹ بک۔ (د)
دَفْتَرخَانَہ۔ محافظ خانہ (د)
دَفْدَفَۃ۔ ٹیلہ۔ ج:۔ دَفَادِف۔ مص جلدی کرنا۔ پرندہ کا زمین کے قریب اڑنا۔
دَفْر۔ (ن) کسی کے سینہ پر دوہنٹر مارنا۔
دَفَر۔ (س) ذلیل وخوار ہونا۔ گوشت میں کیڑے پڑجانا۔ کسی چیز کا بدبودار ہوجانا۔
دَفِر۔ گندہ بدبودار۔
دَفَص۔ چمک اور نرمی
دَفُص۔ (ف) توڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
دَفْطَسَۃ۔ مال ضائع کرنا۔
دَفْع۔ (ف) دینا۔ دھکیلنا۔ ہانکنا۔ دور کرنا۔
دَفْعَۃ۔ ایک بار۔
دُفْعَۃ۔ بارش جو یک بارگی برس پڑے۔

دَفْق - (ن ۔ض) بہانا ۔ ایک دم برتن کی چیز گرا دینا۔
دُفْقَة - ایک بار۔
دِفْل - ایک گھاس ۔ تارکول
دَفْن - گمنام اور بے وقعت آدمی۔
(ن ۔ض) مٹی کے نیچے چھپانا۔
دُفْن - وہ مرض کہ ابتدا میں اس کا پتہ نہ چلے جب اپنا کام کرلے اور بڑھ جائے تب پتہ چلے۔
دَفْو - (ن) زخمی پر حملہ کر کے قتل کر دینا۔
دَفُوع - بہت دھکیلنے والا۔
دُفُوق - (ن) یک بارگی بہنا۔
دَفُون - بھاگا ہوا اونٹ اور غلام۔
دَفِيّ - گرمی حاصل کرنے والا ۔ گرم کپڑا پہننے والا۔
دَفِئ - گرم لباس۔
دَفِئَة - گرم زمین۔
دَفِيف - (ض) پرند کا زمین کے قریب اُڑنا زمین پر بیٹھ کر دونوں بازوؤں کو اُڑنے کے لئے ہلانا ۔ اونٹ کا آہستگی سے چلنا۔
دَفِين - پوشیدہ ۔ اَٹا ہوا کنواں ۔ ج: اَدْفَان
دَفْنَاء - پوشیدہ عورت ج: دُفْنٰی
دَفِينَة - پوشیدہ عورت ۔ خزانہ ۔ چھپا ہوا ج: دَفَائِن۔
دَفِيْئ - گرم دن ۔ گرم کپڑا ۔ گرم مکان۔
دَفِيْئَة - گرم زمین ۔ گرم رات۔

د - ق

دَق - (ن) کوٹنا ۔ توڑنا ۔ ریزہ ریزہ کر دینا ظاہر کرنا۔
دِق - ریزہ ۔ ٹکڑا ۔ باریک ۔ پرانا بخار۔
دَقَّاع - خاک۔
دُقَاق - ٹکڑا ۔ باریک ۔ چورہ ۔ آٹا۔
دَقَّاق - آٹا بیچنے والا۔
دَقَاقَة - موسل۔
دُقَّة - گرد و غبار ۔ کھانے کا مصالحہ ۔ نمک دھنیا ۔ پوڈر ۔ سفوف ۔ ہانڈی کا مصالحہ ۔ حسن و جمال ج: دُقَق
دِقَّة - باریکی توڑنے کا طریقہ ۔ کمینہ پن ۔ چھوٹائی ۔ مص (ض) باریک ہونا
دَقْدَقَة - شور و شغب ۔ شور و غل چوپایوں کے سُم کی آواز۔
دَقَر - (س) شکم سیر ہونا ۔ نباتات کا زیادہ ہونا۔
دَقَع - (س) فقر و ذلت کو برداشت کرنا ۔ تھوڑے سے سامان معاش پر قناعت کرنا
دُقُوس - (ن) جلدی چلنا ۔ جانا ۔ زمین میں گاڑنا ۔ بھرنا۔
دُقُول - (ن) غائب ہو جانا۔
دَقْيَانُوس - وہ بادشاہ جس کے پنجے سے نکل کر اصحاب کہف چلے گئے تھے۔
دَقْيَانُوسِي - پرانا ۔ قدیمی ۔ قدیم۔
دُقْرَان - ایک لکڑی جسے نصب کر کے اس پر انگور کی ٹٹی لگائی جاتی ہے۔
دَقِيق - آٹا ۔ باریک ۔ تھوڑا ۔ گہرا کام۔
دَقِيقَة - بکری ۔ درجہ کا $\frac{1}{60}$ حصہ ۔ منٹ ۔ ج: دَقَائِق۔

دَقْيُوس ۔ وہ بادشاہ جس نے اصحاب کہف کے غار پر مسجد بنائی تھی ۔

د ۔ ک

دَکْث ۔ ہموار ریگستان ۔ تودہ ج: دُکاک
روندی اور ہموار کی ہوئی زمین ۔ ج: ۔
دُکُوکْ مص (ن) بیماری کا کسی کو کمزور وناتواں کر دینا ۔ کنوئیں کو اَٹ دینا ۔ کوٹنا ویران کرنا ۔ ہموار کرنا ۔ خاک صاف کرنا (مجہولاً) بیمار ہونا ۔
دَکَاءٌ ۔ (ف) دفع کرنا ۔ مزاحمت کرنا ۔
دَکَّاءُ ۔ ہموار زمین ج: دَکَّاوَات
دُکَاع ۔ سینہ کی بیماری مص (ف) مجہولاً سینہ کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔
دَکَارِیْ ۔ شیطان کا نام ۔
دُکَّان ۔ دوکان ۔ ہموار چبوترہ ۔ فروخت کے لئے بیٹھنے کا (لفظ معرب ہے) ۔ ج: دَکَاکِیْن
دَکَّۃ ۔ ہموار ریگستان ۔ ہموار چبوترہ (د) وہ الماری جو دیوار میں بنی ہو ۔
دُکْتَاتُوْر ۔ ڈکٹیٹر (د)
دُکْتُوْر ۔ ڈاکٹر ماہر فن ج: دَکَاتِرَۃ
دَکْس ۔ (ن) کسی کے چہرہ پر خاک ڈالنا ۔
دَکَس (ض) کسی چیز کا کسی چیز پر بیٹھ جانا
دَکَل (ن ض) مٹی لیپنے کے لئے ہاتھ میں لینا
دَکْم ۔ (ن) کسی کے سینہ میں دو ہتڑ مارنا ۔
دَکَن ۔ (ن) سامان کو متفرق کر کے رکھنا ۔ (س) سیاہی مائل ہو جانا ۔

د ۔ ل

دَلّ ۔ (ض) بیوی کا شوہر پر ناز کرنا ۔ نیک روشن ۔ سیرت ۔ خصلت ۔
دَلَاۃ ۔ چھوٹا ڈول ۔ ڈولچی ۔ ج: دُلِیّ
دَلَاص ۔ نرم و چمکدار ۔ نرم و چمکدار زرہ ۔ ج: دِلَاص
دِلَاظ ۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا ۔
دُلَاع ۔ خربزہ ۔
دُلَاعَۃ ۔ ادھ کچرا سیب ۔ شیرینی ۔ مائل ۔
دَلَال ۔ ناز ۔
دَلَّال ۔ بائع اور خریدار کو جمع کرنے والا ۔ دلال
دِلَالَۃ ۔ دلالی ۔ دلال کی اجرت ۔ رہبر کی اجرت
دَلَالَۃ ۔ دُلُوْلَۃ ۔ (ن) رہنمائی کرنا ۔ اچھے کاموں کی توفیق دینا ۔
دَلَام ۔ سیاہی ۔ سیاہ چیز ۔
دُلْب ۔ چنار کا درخت ۔ دُلْبَۃ واحد ۔
دَلْبَجَۃ ۔ پشت ٹیڑھی کرنا ۔
دَلَج آغاز شب کی روانگی ۔
دَلَجَان ۔ بہت سی ٹیڑھیاں ۔
دُلْجَۃ ۔ آخر شب کی روانگی ۔
دُلَح ۔ گھوڑا جسے پسینہ کثرت سے آئے ۔
دَلَخ ۔ (س) فربہ ہونا ۔
دِلْدَال ۔ چلا جانا ۔ لڑکھڑانا ۔ چلنے میں سر اور دیگر اعضا کو ہلانا ۔
دُلْدُل ۔ بڑا کام ۔ سیہی یعنی خارپشت ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر کا نام ۔
دَلْدَلَۃ ۔ جانا ۔ لڑکھڑانا چلنے میں سر وغیرہ ہلانا ۔

دَلَس - تاریکی - بہت گہری تاریکی بچی ہوئی گھاس ج:- اَدْلَاس مکروفریب۔

دُلْسَة - تاریکی۔

دَلِصَة - ہموار زمین - اونٹنی جس کے بال گر گئے ہوں۔

دَلِص - ہموار زمین - بہت پھسلنے والا - ج:- دِلَاص۔

دَلْصَاء - پھسلنے والی عورت - پُرانی اونٹنی جس کے دانت نہ رہے ہوں۔

دَلْظ - (ن۔ض) مارنا سینہ میں چبھونا۔

دَلْظَم - پرانی اونٹنی

دَلْع (ف) زبان منہ سے باہر نکالنا - زبان کا منہ سے باہر نکل آنا۔

دَلْف - دَلِيْف - دَلَفَان - (ض) قیدیوں کی طرح آہستہ چلنا - لشکر کا آگے بڑھنا

دَلْق - (ف) میان سے تلوار کھینچ کر ہلانا۔

دَلْك - (ن) ملنا اور نرم وچمکدار کرنا۔

دَلَم - نرم وچمکدار اور نہایت سیاہ ہونا۔

دَلْو - ڈول - سختی - مصیبت - ج:- دِلَاء دُلِيّ - دِلِيّ آسمان کے ایک برج کا نام۔

دَلُوح - بہت پانی والا بادل ج:- دُلُح۔

دُلُوح (ف) پشت پر بھاری بوجھ اُٹھا کر چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔

دُلُوص - (ن) نرم وچمکدار ہونا (س) اونٹنی کا پرانا ہونا اور دانت گر جانا۔

دُلُوك - مص (ن) آفتاب کا غروب ہونا۔ آفتاب کا ڈھلنا - آفتاب کا زرد رنگ ہونا۔

دَلُوك - خوشبو جو اپنے جسم پر مل جائے۔

دَلَهٌ - (ف) غم اور عشق سے تسلی پانا۔ اونٹنی کا بچہ کی محبت سے تسلی پانا۔

دَلَهٌ - دُلُوهٌ (س) دل اور عقل کا جاتا رہنا عشق اور غم وغیرہ سے دیوانہ اور حواس باختہ ہونا۔

دِلْهَاص - شیر - دُور بین اور صائب الرائے بہادر آدمی۔

دَلْهَمٌ - اندھیرا اور دُھندلاہٹ - بھیڑیا۔ عشق سے جس کی عقل جاتی رہی ہو مدہوش۔

دَلِيْط - بادشاہوں اور امیروں کے دربار سے نکالا ہوا آدمی۔

دَلِيْع - نرم اور چوڑا راستہ

دَلِيْل - راہ نما - راہ - ج:- اَدِلَّة - اَدِلَّاء (د) گائڈ - ج:- دُلَّاء۔

دِلِّيْلٰى راستہ دکھانا - رہبر کا رہبری میں کامل ہونا۔

د - م

دَمٌ - خون ج:- دِمَاء - دُمِيّ - بلی

دَمٌّ - (ن) دیواروں پر قلعی کرنا - کشتی پر تارکول لگانا - کپڑا رنگنا - ہلاک وزمیت ونابود کرنا۔

دَمُ الْاَخَوَيْن - ایک گوند ہے سرخ رنگ جالبس دم

دَمَاثَة - (ك) نرم خصلت والا ہونا۔

دُمَاثِر - نرم زمین - بہت گوشت والا اونٹ

دِمَاج - مضبوط - پورا - تمام - کامل

دَمَار - دَمَارَة - (ن) ہلاک کرنا۔

دِمَاس ۔ پوشیدہ اور پنہاں کر دینے والی چیز۔
دَمَّاع ۔ دُمُوع ۔ بہت رونے والا۔
دِمَاع ۔ رُخساروں پر آنسوؤں کا نشان سر کا مغز۔
دِمَاغ ۔ مغز سر۔ ج: اَدْمِغَۃ
دَمَامَۃ ۔ بدصورتی۔
دَمَۃ ۔ تھوڑا سا خون۔
دَمِث ۔ نرم جگہ۔ ریتلی جگہ۔ ج: دِمَاث
دَمَث (س) جگہ نرم ہونا۔
دَمْج ۔ بٹے ہوئے بال
دِمْج ۔ دوست۔ ہمتا۔ برابر کا۔
دُمْخُوق ۔ توندل۔ بڑے پیٹ کا۔
دَمْخ ۔ (ف) بلند ہوتا۔ کسی کا سر توڑنا۔
دَمْدَمَۃ ۔ نیست و نابود کر دینا [علی] غصہ میں بات کہنا۔ ہلاک کر دینا۔ کسی چیز کو زمین پر چپٹانا۔ غمگین کرنا۔
دَمْوَاء ۔ کم دودھ والی بکری۔ اچانک آجانے والی عورت۔
دَمَس ۔ پوشیدہ کی ہوئی چیز۔
دُمْس ۔ بڑے بڑے کام۔
دَمْس ۔ جسم (ن) تاریک ہونا۔ خاک میں پوشیدہ کرنا [بین] آپس میں صلح کرانا۔ [علی] کسی سے کوئی چیز چھپانا۔
دُمُسْتُق ۔ رومی لشکر کے کمانڈر کا لقب۔ ج: دَمَاسِتق
دَمَش ۔ (س) گرمی سے یا دوا کھانے سے دل کا مضطرب ہونا۔
دِمَشْق ۔ تیز رفتار آدمی۔
دَمْشَقُ الْیَدَیْنِ ۔ تیز دست آدمی۔

دَمْص ۔ (ن) تیزی اور جلدی کرنا۔ کتیا کا بچہ جننا مرغی کا انڈا دینا۔
دَمَص ۔ (س) بھوؤں کا کنارہ سے باریک اور درمیان میں گھنا ہونا۔ سر کے بالوں کا کم ہونا۔
دَمْع ۔ آنسو خواہ غم کے ہوں یا خوشی کے ج: دُمُوع ۔ اَدْمُع معروف، آنسو بہانا۔
دَمَعَ ۔ (س) آنسو بہانا۔ برتن بھر جانا
دُمُع ۔ رخساروں پر آنسوؤں کے نشان۔
دَمْعَان ۔ لبریز پیالہ۔
دَمِعَۃ ۔ جلد آنسو بہانے والی عورت۔
دَمْعَۃ ۔ آنسو کا قطرہ۔ ایک بیماری جس سے آنکھ ہمیشہ تر رہتی ہے۔
دَمْغ ۔ (ف) سر میں چوٹ لگانی ایسی کہ دماغ تک پہنچ جائے۔ کسی کے دماغ پر مارنا دھوپ کا دردِ سر پیدا کر دینا۔ قہر کرنا باطل کر دینا (د) مُہر لگانا۔
دَمَق ۔ (ن۔ض) کسی کو کسی چیز میں داخل کر دینا۔
دَمْقَۃُ الْحَدَّاد ۔ لوہاروں کی دھونکنی۔
دَمْك ۔ (ن) پیٹنا۔ پٹنا۔ بُل دینا۔
دُمَل ۔ پھوڑا۔ زخم۔ ج: دِمْلَان
دُمَّل ۔ پھوڑے کا زخم۔ ج: دَمَامِیل
دَمْل ۔ دَمَلَان ۔ (ن) زمین میں کھاد ڈالنا دوا کا زخم کو اچھا کر دینا۔ نرمی کرنا۔ [بین] آپس میں صلح کرانا۔
دَمَل ۔ (س) زخم یا پھوڑے کا اچھا ہونا۔
دُمْلُج ۔ دُمْلُوج ۔ بازو بند۔ ج: دَمَالِج

دَمَالِیج ۔
دُمْلُوق ۔ دُمْلُوك ۔ گول اور چکدار پتھر ۔
دِمَّة ۔ ٹھگنا اور بدصورت آدمی ۔ بلی ۔ بکری بکریوں کے رہنے کی جگہ ۔ چیونٹی ۔
دَمَن ۔ (س) کینہ ور ہونا ۔
دِمْن ۔ گوبر کی کوڑی
دَمُون ۔ بدصورت آدمی ۔
دِمْنَة ۔ گھر کے نشان ۔ لوگوں کے بود و باش کے نشانات ۔ پرانا کینہ ۔ گھر کے پاس کی جگہ ۔ ج : ۔ دِمْن ۔ دِمَن ایک گیدڑ کا فرضی نام جس کا رفیق کلیلہ تھا اور جن کے نام پر کلیلہ دمنہ ایک کتاب ہے جس کا فارسی ترجمہ انوار سہیلی ہے ۔
دُمْنَة ۔ لباس رقص (د)
دُمُوج ۔ (ن) کام کا درست ہونا (ف) کسی چیز میں داخل ہونا ۔
دُمُوس ۔ (ن) بلا اجازت داخل ہونا ۔
دُمُوس ۔ (ن ۔ ض) جماع کرنا ۔ مٹ جانا ۔ سخت تاریک ہونا ۔ [عن] صلح کرا دینا [علی] خبر کو پوشیدہ رکھنا ۔
دُمُوق ۔ (ن) کسی کے دانت توڑ ڈالنا ۔ بلا اجازت داخل ہونا ۔
دُمُوك ۔ (ن) خرگوش کا تیز دوڑنا چکنا اور پھسلواں ہونا ۔
دَمَه ۔ (ف) ریت کا بہت گرم ہونا ۔
دَمِی ۔ دُمِیّ ۔ (س) خون آلودہ ہونا ۔
دُمْیَة ۔ مورتی ۔ بت ۔ ج : ۔ دُمیً
دَمِیغ ۔ سر ٹوٹا ۔ وہ شخص جس کے دماغ میں کوئی صدمہ پہنچا ہو ۔
دَمِیم ۔ حقیر ۔ بدصورت ۔ ج : ۔ دِمَام
دَمِیمَة ۔ حقیر و ذلیل عورت ۔ ج : ۔ دَمَائِم دِمَام ۔

د ۔ ن

دَنّ ۔ روغن کیا ہوا ۔ بڑا مٹکا ۔ ج : ۔ دِنَان
دِنَاج ۔ (ض) کام کا درست کرنا ۔
دَنَاءَة ۔ دُنُوء ۔ (ف) کمینہ اور ناکس ہونا بخیل اور کنجوس ہونا ۔
دَنَاء ۔ (س) کبڑا ہو جانا ۔
دِنَب ۔ دِنَبَّة ۔ دِنَّابَة ۔ ٹھگنا ۔
دُنْح ۔ عقل مند لوگ ۔
دِنْح ۔ آتش پرستوں کی ایک عید جس کو عید الغطاس بھی کہتے ہیں ۔
دِنْدَام ۔ سیاہ اور پرانا گھاس ۔
دَنْدَنَة ۔ بھنبھناہٹ ۔ ہلکی آواز کی بات جو سمجھ میں نہ آئے ۔ مص مکھی کا آواز کرنا ۔ بھن بھن کرنا ۔ آنا جانا ۔ ہلکی آواز سے بات کہنا کہ سمجھ میں نہ آئے ۔
دَنِیس ۔ حقیر اور بے عزت آدمی ۔ بد اطوار میلا کچیلا ج : ۔ اَدْنَاس ۔ مَدَانِیس
دَنَس ۔ دَنَاسَة ۔ میلا پن ۔ مص (س) میلا کچیلا ہونا ۔ بے آبرو اور بد خلق ہونا ۔
دَنَع ۔ (س) بھوکا اور طعام کا خواہش مند ہونا کنجوس ہونا ۔ ذلیل ہونا ۔
دَنَف ۔ جو ہمیشہ بیمار رہے (واحد و جمع ۔ مذکر و مؤنث) ۔

دَنَف ۔ (س) سخت بیمار رہنا ۔ آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ۔ اور زرد ہو جانا ۔ نزدیک ہونا ۔
دِنْقِس ۔ بے وقوف ۔ بے عقل ۔
دَنْقَشَة ۔ آنکھ مارنا ۔
دَنْق ۔ سپستان یعنی لسوڑہ ۔
دَنْکَسَة ۔ گھر میں چھپ جانا اور قوم کی ضرورت کے لئے باہر نہ نکلنا ۔
دُنُوّ ۔ دَنَاوَة ۔ (ن) نزدیک ہونا ۔
دُنُوءَة ۔ دَنَاءَة ۔ (ف ۔ ک) کمینہ اور بیباک ہونا ۔
دُنُوح ۔ (ت) ذلیل ہونا ۔ سر جھکانا ۔
دَنُوق ۔ گھر والوں پر نفقہ کی تنگی کرنے والا ۔ ج : دُنُق ۔
دُنُوق ۔ (ض ۔ ت) شکل اور دقیق کاموں کی جستجو کرنا ۔
دَنِیّ ۔ کمینہ ۔ کمزور ۔ حقیر ۔ نزدیک ۔
دَنِیء ۔ ذلیل وخوار ۔ کمینہ ۔ بے باک ۔ ج : اَدْنَاء
دَنِیق ۔ تنہا کھانے والا بخیل تاکہ مہمان اُسے نہ دیکھ پائے
دُنْیَا ۔ یہ جہان ۔ نزدیک اَدْنٰی کا مونث ۔
دَنِّیَّةُ الْقَاضِی ۔ قاضی صاحب کی ٹوپی ۔ (دَنّ سے مشابہت دی گئی ہے اور دَنّ مٹکے کو کہتے ہیں) ۔
دَنِیْئَة ۔ عیب ۔ ناقص بات ۔
دَنِین ۔ آہستہ بات کہنا کہ سمجھ میں نہ آئے ۔ مکھی کا بھن بھنانا ۔

د ۔ و

دَوّ ۔ جنگل ۔ بیابان ۔
دَوَء ۔ دَاء ۔ (س) بیمار ہو جانا ۔
دَوَاء ۔ جو چیز ازالۂ مرض کے لئے بیمار کو دی جاتی ہے ۔ دوا ۔ ج : اَدْوِیَة
دَوَاة ۔ دوات (لکھنے کی) ج : دُوِیّ
دُوَاج ۔ دَوَّاج لحاف ۔
دَوَّاح ۔ بڑی سخت اور بلند چیز ۔
دَوَاخِن ۔ باورچی خانہ اور بھٹی کے سوراخ جن میں سے دھواں نکلتا ہے ۔ دودکش ۔
دُوَاد ۔ تیز چلنے والا ۔ دوڑنے والا ۔
دُوَار ۔ ایک بیماری جس کی وجہ سے یہ محسوس ہوتا ہے کہ تمام چیزیں گھوم رہی ہیں حتیٰ کہ اپنا جسم ودماغ بھی چکراتا ہوا معلوم ہوتا ہے ۔
دِوَار ۔ کسی کے ساتھ گھومنا پھرنا ۔ کسی کام میں غور کرنا کہ کس طرح انجام دیا جائے ۔
دَوَّار ۔ پھرنے والا ۔ مکہ معظمہ ۔ زمانہ ۔ ایک بُت کا نام
دُوَّارَة ۔ ریت کا گول تودہ جس کے گرد جنگلی جانور پھریں ۔
دُوَّارَةُ الرَّاس ۔ سر کا گول ٹکڑا
دُوَّارَةُ الْبَطْن ۔ اوجھ
دَوَّارَة ۔ پرکار ۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا (د) لٹو
دَوَارِجُ الدَّابَّة ۔ چوپایہ کے پاؤں ۔
دَوَّارِی ۔ زمانہ پھرنے والا ۔
دَوَّاس ۔ شیر ۔ بہادر آدمی ۔
دُوَاسَة ۔ آدمیوں کا گروہ ۔

دَوَاسَة ۔ ناک

دَوَاعِی الدَّھْر ۔ حوادثِ زمانہ

دُوَام ۔ سر کا چکر۔

دُوَّام ۔ بچوں کے کھیلنے کی پھرکی ۔

دَوَام ۔ دَوْم ۔ دَیْمُوْمَۃ ۔ (ن) ہمیشگی کرنی

دَوْب ۔ (ن) کوشش کرنا ۔ رنج اٹھانا ۔

دَوْبَل ۔ سور یا سور کا بچہ ۔ گدھے کا بچہ سیاہ ۔ سفیدی مائل بھیڑیا لومڑی ۔ ج: ۔ دَوَابِل

دُوْثِیّ ۔ دیوث ۔ بے غیرت ۔

دَوْج ۔ (ن) خدمت کرنا ۔

دَوْح ۔ (ن) پیٹ کا بڑا ہونا ۔ درخت کا بڑا ہونا ۔

دَوْحَۃ ۔ بڑا درخت ۔ درخت کا تنہ ۔ ج: ۔ دَوْح

دَوْخ (ن) ذلیل ہونا ۔ فروتنی کرنا ۔ غالب آنا ۔ قدرت پانا ۔

دَوْد ۔ (ن) کھانے میں کیڑے پڑ جانا ۔

دَوْدَاۃ ۔ جھولا ۔ شور و غوغا ۔

دُوْدَۃ ۔ کیڑا ۔ ج: ۔ دُوْد ۔ دِیْدَان

دَوْر ۔ دَوَرَان ۔ (ن) پھرنا ۔ گھومنا ۔ مجہولاً [پ علی] سر گھومنے کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔

دَوْر ۔ پارٹ ۔ تماشہ کا ایکٹ ۔ ج: ۔ اَدْوَار (د)

دَوْرَق ۔ گوشہ دار گھڑا ۔

دَوْرَم ۔ بھونڈی چال والی ۔ اور ٹھنگنی نوجوان عورت ۔

دُوْس ۔ صیقل کرنے والے ۔

دَوْس ۔ دِیَاس ۔ دِیَاسَۃ ۔ (ن) پاؤں سے روندنا ۔

دَوْس ۔ (ت) بکثرت جماع کرنا ۔ جلا دینا مٹی کو پاؤں سے نرم کرنا ۔

دَوْسَر ۔ قوی ہیکل ۔ مضبوط اونٹ سخت اور قوی الجثہ شیر ۔ پرانی چیز ۔

دَوْسَك ۔ شیر نر ۔

دَوْش ۔ (س) آنکھ کا بیماری کے باعث خراب ہو جانا ۔

دَوْشَاء ۔ عورت جس کی آنکھ بیماری سے خراب ہو گئی ہو ۔

دُوْع ۔ ایک سرخ مچھلی ۔ ج: ۔ دُوَع ۔

دَوْع ۔ (ن) اچھلتے کودتے ۔ دوڑتے ہوئے چلنا ۔

دُوْغ دہی (لفظ فارسی ہے) ۔

دَوْغَۃ ۔ عام بیماری ۔ وبا ۔ رعونت ۔ بیوقوفی

دَوْف ۔ (ن) دوا وغیرہ کا پانی میں تر کرنا ۔

دَوْق ۔ (ن) مذاق کرنا ۔ احمق ہونا ۔ کھانا چکھنا ۔

دَوْقَۃ ۔ دَوْقَانِیَّۃ ۔ خرابی ۔ حماقت

دُوْق ۔ ڈیوک ۔ نواب (د)

دَوْك ۔ (ت) ملنا ۔ گھسنا ۔ جماع کرنا ۔ مریض ہونا ۔ غوطہ دینا ۔

دُوْكَۃ ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔

دَوْل ۔ ڈول ۔ مص (ن) حالت بدل جانا ۔ مشہور ہو جانا ۔ زمانہ کا بدل جانا ۔ پرانا ہونا ۔

دَوَل ۔ خاندانی بزرگی اور فضیلت ۔

دُوْلَاب ۔ رہٹ ۔ ج: ۔ دَوَالِیب ۔

(د) چرخی ۔ پہیہ ۔ گردش کن الماری ۔
دَوْلَار ۔ ڈالر (ایک امریکن سکہ) (د)
دُوْلَة ۔ مصیبت ۔ آفت ۔
دَوْلَة ۔ دُوْلَة ۔ زمانہ کا چکر ۔ مال کی گردش ۔ غلبہ اور فتح یابی کی نوبت ۔ حکومت ۔ دولت ۔ مال کا ذخیرہ ۔ مص (ن) ہاتھوں ہاتھ لینا ۔ ج: دَوْلَات ۔ دُوَل
دَوْلَسِی ۔ ذریعہ ۔ سبب ۔ باعث ۔
دَوْلَع نرم و فراخ راستہ ۔
دَوْمَص ۔ لوہے کا خود ۔
دَوْمَلَة ۔ [بین] آپس میں صلح کرانا ۔
دُوْن ۔ نیچے ۔ نزدیک ۔ آگے پیچھے ۔ پہلے بجز ۔ بزرگ آدمی ۔ کمینہ آدمی ۔ بڑا دعاء ۔ حقیر اور تھوڑی سی چیز ۔
دَوْن ۔ (ن) کمینہ اور کنجوس ہو جانا ۔
دَوِیّ ۔ دشت ۔ جنگل ۔
دَوٰی ۔ بیماری ۔ بیمار ۔ (مذکر و مؤنث) (س) بیمار ہونا ۔ کینہ ور ہونا ۔
دَوِیُّ الرِّیح ۔ ہوا کی سرسراہٹ ۔
دَوِیُّ النَّحْل ۔ مکھی کی بھنبھناہٹ ۔
دَوِیُّ الطَّائِر ۔ پرندوں کے پروں کی پھڑپھڑاہٹ ۔
(اِمْرَأَةٌ) دَوِیَّة ۔ بیمار عورت ۔
(اَرْضٌ) دَوِیَّة ۔ زمین جس میں بیماری بہت ہوتی ہو اور اس کی آب و ہوا موافق نہ آئے
دُوَیْبَة ۔ آدمیوں کا گروہ ۔

د ۔ ہ

دَهَاء ۔ دَهْی ۔ دَهَاءَة ۔ عقل مندی ہوشیاری ۔ واقف کاری ۔ ذہن کی اور عقل و فہم کی تیزی مص (س) ہوشیار ہونا ۔
دِهَار ۔ کسی کے ساتھ مدت دراز تک کے لئے معاملہ کرنا ۔
دَهَاس ۔ نرم جگہ جہاں ریت ہو نہ خاک ۔ بڑے بڑے سرین والی عورت ۔
دَهَاسَة (ك) نرم عادت کا ہونا ۔
دِهَاق ۔ بھرا ہوا پیالہ ۔ بہت پانی ۔
دُهَام ۔ سیاہ ۔
دُهَامِج ۔ ہر قوی ہیکل چیز ۔ مضبوط و تیز رفتار اونٹ ۔
دِهَان ۔ سرخ چمڑہ ۔ (ن س ك) اونٹنی کا کم دودھ والا ہونا ۔
دَهَّان ۔ تیل کی مالش کرنے والا ۔
دَهْب ۔ شکست خوردہ لشکر ۔
دَهْبَلَة ۔ بڑا لقمہ کھانا تاکہ دوسروں سے پہلے کھانے سے فارغ ہو جائے ۔
دَهْث ۔ (ف) دفع کرنا ۔ دھکیلنا ۔ ہانکنا ۔
دَهْدَقَة ۔ توڑنا ۔ کاٹنا ۔ بوٹیاں بنانا ۔ (گوشت)
دَهْدَمَة ۔ منہدم کرنا ۔ ویران کرنا ۔
دَهْدَهَة ۔ لڑھکانا ۔
دَهْر ۔ زمانہ دراز ۔ ہمیشہ ۔ ایک ہزار سال کی مدت ۔ زمانہ کی سختی ۔ ہمت ارادہ ۔ ج: اَدْهُر ۔ دُهُوْر مص (ف) کسی پر کوئی مصیبت آنا ۔
دَهْرُ الدَّاهِرِيْن ۔ ہمیشہ ۔ کبھی ۔

دَهْرِیٌّ - جو عالم کو قدیم کہتا ہو۔ بڑی عمر کا۔ پُرانا نئی۔

دَهْس - نئی اُگی ہوئی گھاس جس پر سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ نرم جگہ جہاں خاک ہو نہ ریت۔

دَهْس - سُرخی مائل بہ سیاہی

دَهِش - حواس باختہ

دَهَش - (س) حواس باختہ ہونا۔ حیران ہونا۔ پریشان ہونا۔ بے خود اور مدہوش ہونا

دَهْت - (ت) کسی کو سخت پکڑنا۔

دَهْقَنَة - مکر و فریب کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں سے باتیں کرنا۔

دَهْق - (ت) توڑنا۔ کاٹنا۔ زور سے بھینچنا شکنجے میں کسنا۔ پیالہ کو بھرنا۔ زور سے پانی بہانا۔

دِهْقَان - مستعد آدمی۔ کارگزار۔ سوداگر۔ مَیْ فروش۔ کسان۔ چودھری، سردار۔ ج: دَهَاقِنَة۔ دَهَاقِین۔ (مؤنث) دِهْقَانَة

دَهْقَنَة - کاشتکاری۔ مص دہقان کر دینا۔

دُهْقُوع - بہت سخت بھوک جس کی وجہ سے آدمی گر جائے۔

دَهْك - (ت) پیسنا۔ توڑنا۔

دَهْلَث - ٹھگنا۔

دَهْكَم - پیر سال خوردہ۔ پیر فرتوت۔

دِهْلِی - ہندوستان کا دارالحکومت۔

دِهْلَاث - شیر درندہ۔

دِهْلِیز - ڈیوڑھی وہ مکان جو دروازہ اور گھر کے درمیان ہو۔ دل کے اندر کی خالی جگہ۔ ج: دَهَالِیز (یہ لفظ فارسی الاصل ہے)

دَهْم - بڑی تعداد مخلوق۔ بڑا معاملہ۔ بُرائی ج: دُهُوم۔ مص (س۔ ف) ہجوم کرنا اور اچانک آجانا۔

دُهْم - قمری مہینے کی آخری تین راتیں۔

دَهْمَاء - بڑی تعداد۔ خاکی رنگ کی اونٹنی سُرخ رنگ کی بکری۔ طریقہ اور ڈھنگ خوب سرسبز چراگاہ کہ کمال شادابی کی وجہ سے مائل بسیاہی ہو۔

دُهْمَة - سیاہی۔

دَهْمَثَة - نرم زمین۔

دُهْمُوث - جوان مرد۔ ج: دَهَامِیث

دَهْمَقَة - توڑنا۔ کاٹنا۔ کھانا خوب پکانا۔ کچا کھانا پکانا۔

دُهْن - تیل۔ ہلکی بارش جو زمین کو صرف تر کر دے ج: دِهَان (د) مرہم۔

دَهْن - (ن) نفاق برتنا۔ سر میں تیل ڈالنا بارش کا زمین کو معمولی سا تر کر دینا۔

دُهْنَة - تھوڑا سا تیل۔

دَهْو - (ن) کسی چیز کا پہنچنا۔ سر پڑ جانا۔

دَهْوَرَة - کسی چیز کو جمع کر کے گڑھے میں پھینکنا دھکیلنا۔

دَهْوَرِیٌّ - سخت و مضبوط آدمی۔

دُهُور - دَهَارِیر۔ تنگی اور فراخی کے مختلف زمانے۔

دَهْوَس - شیر درندہ۔

دَهُوك - بہت توڑنے والا - بہت پیسنے والا -
دَھِیَ - (س) ہوشیار ہونا - چالاک ہونا -
(ض) کسی کو چالاکی کی طرف نسبت کرنا - کسی کی عیب گوئی کرنا - کسی پر مصیبت ڈالنا -
دَھِیٌّ عقلمند و ہوشیار - ج : - اَدْهِيَة دُھَوَاء
دُھَیْمَاء - امتحان و آزمائش - آفت -
دَھِیْر - دراز - طویل - ممتد -
دُھَیْم - سختی - بلا - آفت - بے وقوف -
دَھِیْن - تیل ملی ہوئی (ڈاڑھی) کم دودھ والی

د - ی

دَیَّار - صاحب دیر - بمعنی اَحَدٌ یعنی کوئی بسنے والا -
دَیَّاس - کھلیان کوٹنے والا -
دَیَّاص - وہ آدمی جس پر قابو نہ پا سکیں - موٹا آدمی -
دَیَّان - بڑا زبردست حاکم - فیصلہ کرنے والا - نگہبان - حساب کرنے والا - بدلہ دینے والا کہ کسی عمل کو ضائع نہ کرے بلکہ موافق عمل کے جزا یا سزا دے -
دِیَانَة - راستی اور سچائی برتنی - ایماندار اور دیندار ہونا -
دِیْبَاج - دیباہ کا معرب ہے - ریشمی کپڑا - جوان اونٹنی - ج: - دَبَابِج
دِیْبَاجَة - چہرہ - دِیْبَاجَتَان دو رخسارے

دِیَة - خونبہا - ج : - دِیَات - مص مقتول کا خون بہا دینا -
اصل میں وَدْی تھا - باب اس کا ضرب ہے - وَدَی - یَدِی
دَیْبُوْب - سخن چین اور تکلیف رساں آدمی - بے غیرت اور دیوث ج : - دَیَابِیْب
دَیْج - دَیَجَان - (ض) تھوڑا اچلنا -
دَیْجُوْر - اندھیرا - گھپ اندھیرا - دھندلا رنگ سیاہی مائل - سوکھی گھاس کا ڈھیر
دَیْخَس - آپس میں گتھی ہوئی گھاس -
دَیْدَان - دَیْدَوَان - دَیْدَن - عادت -
دَیْدَب - دَیْدَبَان - نگہبان - گورخر - جنگلی گدھا -
دَیْدَجَان - بوجھ اٹھانے والے اونٹ -
دَیْر - گرجا - ج : - اَدْیَار
دَیْرَانِی - گرجا کا پادری -
دِیْسَة - گھنے درختوں والا جنگل - ج : - دِیَس -
دِیْسَمْبَر - دسمبر - انگریزی مہینہ (د)
دِیْش - مُرغا -
دَیَصَان - (ض) کج ہونا - مائل ہونا - عزت کے بعد ذلیل ہو جانا - جنگ سے بھاگ جانا -
دَیْق - (ض) کسی چیز کو کج کرنا تاکہ آسانی سے کھینچ سکے -
دَیْقُوْع - سخت بھوک جو دردسر کا باعث ہو -
دِیْك - مرغا - ج : - دُیُوْك - اَدْیَاك دِیَکَة -

دَیۡکَسَاء - بکریوں اور چوپاؤں کا بڑا گلہ
دَیۡلَم - سختی ۔ مصیبت ۔ دشمنوں کی جماعت ایک قوم کا نام ۔
دَیۡم - (ض) مسلسل مینہ برسنا ۔
دَیۡمَاس - گھر ۔ جنگلی جانور کا بھٹ ۔ بھٹی ۔ حمام ج: ۔ دَیَامِیۡس ۔
دِیۡمَۃ - جھڑی یعنی وہ بارش جو بغیر بجلی اور گرج اور ہوا کے کئی کئی دن تک برستی رہتی ہے ۔
دَیۡمُوۡق - شریف و ذہین آدمی ۔
دَیۡمُوۡقرَاطِی - جمہوری حکومت (د)
دَیۡن - قرض جس کی ادا کی مدت معین ہو بموت جو چیز حاضر نہ ہو ۔ ج: ۔ آدۡیُن دُیُوۡن مص (ض) قرض دینا قرض لینا ۔ قرض مانگنا ۔ تابعدار ہوجانا ۔ بدلہ دینا ۔ گردن جھکانا ۔ دین میں آنا ۔ ادھار خریدنا ۔ خدمت کرنا ۔ احسان کرنا ۔ تابعدار کرلینا ۔ غلام بنالینا عزت دار ہوجانا ۔ خوار و ذلیل ہوجانا ۔ نافرمانی کرنا ۔ بھلائی یا برائی کا خوگر ہونا ۔ بیمار ہونا ۔ کسی کو اس کی ناپسند چیز پر ابھارنا ۔ اور شوق دلانا ۔
دِیۡن - مذہب ۔ بدلہ ۔ اسلام ۔ عادت کام ۔ عبادت ۔ بارش کی جھڑی ہلکی بارش ۔ نرم چیز ۔ ذلت ۔ بیماری حساب ۔ غلبہ و اقتدار ۔ عزت و برتری بادشاہ ۔ حکم ۔ خصلت ۔ تدبیر ۔ توحید مذہب ۔ پرہیزگاری ۔ گناہگاری ۔ زبردستی ۔ حال ۔ فیصلہ ۔ تابعدار قوم ۔ ج: ۔ آدۡیَان ۔ مص (ض) عزت دار ہونا ۔ خوار و ذلیل ہونا ۔ نافرمانی کرنا ۔ خیر یا شر کا عادی ہونا ۔ بیمار رہنا ۔
دَیِّن - اپنے دین پر قائم رہنے والا ۔
دِیۡنَار - ایک طلائی سکہ ساڑھے تین ماشہ کا ج: ۔ دَنَانِیۡر ۔
دِیۡنَۃ - قرض جس کی ادائیگی کی مدت معین ہو ۔ نرم بارش ۔ گردن جھکانی ۔
دِیۡوَان - جہاں کتابیں جمع ہوں ۔ کتب خانہ رجسٹر فوج و اہل عطیہ (د) محکمہ ۔ کورٹ ۔ ایوان شاہی ج: ۔ دَوَاوِیۡن ۔ دَیَاوِیۡن ۔
دَیُّوۡث - جو اپنی بیوی کے متعلق بے غیرت ہو ۔
دَیُّوۡم - ہمیشہ ۔ برقرار ۔ قائم ۔

ذ - ا

ذَا - یہ ایک (اسم اشارہ)
ذَاب - عیب ۔
ذَأب - (ف) جمع کرنا ۔ ڈرانا ۔ ہٹانا ۔ ہانکنا ۔ حقیر جاننا ۔ ہموار کرنا لڑکی کی زلف بنانا ۔ جلدی اور تیز چلنا ۔
ذَابَۃ - (ك ۔ س) مکر و فریب اور بدذاتی میں بھیڑیئے کی مانند ہونا ۔ (مجھولاً) بھیڑیئے سے ڈرنا ۔ بکریوں میں

بھیڑیئے کا گھس آنا۔

ذَابِحٌ - ذبح کرنے والا۔ چوپایہ کی گردن کا داغ۔

ذَابِرٌ - ٹھوس علمیت رکھنے والا۔ جیّد عالم۔

ذَابِلٌ پتلا نیزہ۔ ج:۔ ذُبُلٌ۔ ذُبَّلٌ

ذَاتُ - والی۔ جیسے ذَاتَ مَالٍ مال والی ذُوْ کا مؤنث۔ ج:۔ ذَوَاتٌ

ذَاتُ الشَّیْئِ - چیز کی حقیقت۔

ذَاتُ الصُّدُوْرِ۔ دل کی مخفی باتیں۔

ذَاتُ الْجَنْبِ - ایک ورم جو پسلیوں کے مقام پر ہو جاتا ہے۔ نمونیا۔

ذَاتُ الصَّدْرِ۔ ورم جو سینہ کی ایک جھلی میں ہو جاتا ہے۔

ذَاتُ الْکَبِدِ۔ ورم جگر۔

ذَاتُ الرِّئَۃِ - پھیپھڑے کا ورم پھیپھڑے کا زخم۔ سِل۔

ذَاتُ مَرَّۃٍ - ایک بار۔

ذَاتُ الْمِرَارِ۔ چند بار۔

ذَاتُ اَنْوَاطٍ - ایک درخت کا نام

ذَاجٌ - سفر سے واپس آنے والا۔

ذَاحِلٌ - ستمگار۔ ظالم۔

ذَاخِرٌ - ذخیرہ جمع کرنے والا۔

ذَارِعٌ - گز سے ناپنے والا۔

ذَارِیَاتٌ - اڑانے والی ہوائیں۔

ذَاعِرٌ - ڈرنے والا۔ خوف کھانے والا۔

ذَاعِطٌ - موت جس میں جلدی سے جان نکل جائے۔

ذَاغِیَۃٌ - سست وخود نا بے وقوف۔ اور پھوڑ عورت۔

ذَاقِنَۃٌ - ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ اور گردن کا بالائی حصہ۔ چنبر گردن۔ سینہ اور پیٹ کے جائے اتصال کا گڑھا۔ یعنی کوڑی ج:۔ ذَوَاقِنُ۔

ذَاكَ - یہ اسم اشارہ۔ مذکر واحد۔

(مِسْكٌ) ذَالِكٌ - نہایت تیز اور بہت خوشبودار مشک۔

ذَاكِرٌ - یاد کرنے والا۔ ذکر کرنے والا۔

ذَاكِرَۃٌ - قوت حافظہ

ذَاكِیَۃٌ - تیز خوشبو کا مشک۔

ذَالٌ - ایک حرف حروف ہجا میں سے ہے۔

ذَالِكَ - وہ اسم اشارہ۔ مذکر واحد۔

ذَالِغٌ - بری ہنسی ہنسنے والا۔ آدمی۔ بے سود کام۔

ذَأْمٌ - (ف) کسی کو چھوٹا اور حقیر قرار دینا۔ بدنام اور رسوا کرنا۔ برائی کرنا۔ دھتکارنا۔

ذَامِرٌ - ڈرنے والا۔ دھمکانے والا۔ غضب ناک۔

ذَامِیٌ - تیر سے کیا ہوا شکار۔

ذَانٌ - عیب۔

ذَانِ - یہ دو اسم اشارہ مذکر تثنیہ۔

ذَانِبٌ - پیچھے چلنے والا۔

ذَاهِبٌ - جانے والا۔

ذَاهِقَۃٌ - اونٹ جو بہت سفر کرنے کی وجہ سے عاجز ہو گئے ہوں۔

ذَائِدٌ - ہانکنے والا۔ ہٹانے والا۔ ج:۔ ذُوَّدٌ۔ ذُوَّادٌ۔ ذَعَدَۃٌ

ذَائِرٌ - وہ عورت جو خاوند کے خلاف

ہے۔

ذَائِق ۔ چکھنے والا۔
ذَائِقَۃ ۔ چکھنے والی ۔ایک حاسہ جس سے مزا معلوم کیا جاتا ہے۔
ذَائِل ۔ لمبے دامن کی زرہ۔ لمبی دُم کا گھوڑا زرہ کے باریک حلقے۔
ذَائِلَۃ ۔ لمبی دُم کی گھوڑی۔

ذ - ب

ذَبّ ۔ جنگلی گائے ۔ مص (ن) ہٹانا۔ روکنا۔ آمدورفت کرنا۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنا۔ حوض کا خشک ہوجانا۔ (ض) پیاس سے ہونٹوں کا خشک ہوجانا۔ دُبلا اور پژمُردہ ہونا۔ رنگ بدل جانا۔
ذَبَّاب ۔ وہ مرد جو اپنے گھر والوں پر کسی قسم کی حرف گیری نہ ہونے دے۔ اور اس کا دفعیہ کرے۔
ذُبَاب ۔ (جنس) مکھی۔ شہد کی مکھی۔ ج: اَذِبَّۃ۔ ذِبَّان۔ ذُبّ (واحد) ذُبَابَۃ۔
ذُبَابُ السَّیْف ۔ تلوار کی دھار۔ تلوار کا پیپلا یعنی نوک جو دونوں طرف سے دھار دار ہوتی ہے۔
ذُبَابُ الْاُذُن ۔ کان کے کنارے کی تیزی۔
ذُبَابُ الْعَیْن ۔ آنکھ کی پتلی۔
ذُبَابُ الْاَسْنَان ۔ دانتوں کی تیزی
ذُبَابَۃ ۔ قرض وغیرہ کا بقیہ۔
ذُبَالَۃ ۔ بتی۔ ج: ذُبَال۔

ذُبَّالَۃ ۔ بتی۔
ذِبْح ۔ جو چیز ذبح کی جائے (اسم مفعول بروزن شاذ)۔
ذَبْح ۔ ذَبَاح ۔ (ف) گلا کاٹنا۔ چیرنا۔ پارہ پارہ کرنا۔ گلا گھوٹنا
ذُبَحَۃ ۔ ذُبْحَۃ ۔ ذِبَحَۃ ۔ ذِبَاح ۔ ذُبَاح گلے کا درد۔ گلے کا زخم۔
ذَبْذَبَۃ ۔ ہودج کے جھالر۔ ذکر۔ زبان۔ ج: ذَبَاذِب مص لٹکی ہوئی چیز کا لٹکنا اور ہلنا۔ حرکت دینا۔
ذَبْر ۔ کھجور کی شاخوں پر لکھی ہوئی کتاب خط۔ مص (ن یض) لکھنا۔ حروف پر نقطے لگانا۔ پڑھنا۔
ذَبِر ۔ کتاب جو آسانی سے پڑھی جائے۔
ذَبْل ۔ ذُبُوْل ۔ (ن ۔ ث) مرجھانا۔ مینگنیاں کرنا۔ دُبلا ہونا۔ باریک ہونا۔
ذِبْل ۔ عورت کا لاولد ہوجانا۔
ذَبْلَۃ ۔ مینگنی۔ گرم ہوا جس سے نباتات مُرجھا جائیں۔
ذُبْلَۃ ۔ پیاس کی وجہ سے لبوں کی خشکی۔
ذُبْنَۃ ۔ پیاس کی وجہ سے لبوں کی خشکی۔
ذَبِیْح ۔ ذبح کیا ہوا۔

ذ - ج

ذَجّ ۔ (ض) سفر سے واپس آنا۔ پانی پینا۔
ذَجْل ۔ ظلم وستم۔ مص (ض) ظلم وستم کرنا۔ ستانا۔

ذ - ح

ذَحّ ۔ (س) ہتھیلی سے مارنا۔ چیرنا۔ کوٹنا۔

ذَحْج - (ف) چھیننا۔ کہیں سے کہیں کھینچنا۔
ذُحْذُح۔ ذَحْذَاح - ٹھنگنا اور توندل۔
ذَحْذَحَة - قدم پاس پاس رکھ کر تیز چلنا۔
ذَحْل - کینہ۔ دشمنی۔ ج: اَذْحَال
ذُحُول مص (ت) قاتل کو مار ڈالنا۔
دشمنی کا بدلہ چاہنا۔
ذَخْم۔ (ف) عیب گیری کرنا۔ حقیر سمجھنا۔

ذ ۔ خ

ذَخْذَاخ - محتاط آدمی۔
ذُخْر - ذخیرہ۔ اسٹاک۔ ج: اَذْخَار
مص (ف) وقت ضرورت کے لئے
جمع کرنا۔
ذَخْو - (ن) دُور کرنا۔ سخت ہانکنا۔ جماع
کرنا۔
ذَخِيّ - (ص) کسی پر ہوا کا چلنا کہ اس سے
بچنے کے لئے اس کے پاس کوئی پردہ
اور مانع نہ ہو۔
ذَخِيْرَة - ہر چیز جو محفوظ طور پر رکھی جائے
تاکہ دوسرے وقت کام آسکے۔
اسٹاک۔ سامانِ جنگ۔ ج:۔
ذَخَائِر۔

ذ ۔ ر

ذَرْ - تو چھوڑ (صیغہ امر۔ واحد حاضر)۔
ذَرْأ - (ف) پیدا کرنا۔ کسی چیز کی مقدار
بڑھانا۔ زمین میں بیج ڈالنا۔ بکھیرنا
ذُرْءَة - بڑھاپا۔ بالوں کی پہلی سفیدی جو پیشانی
کے بالوں پر ظاہر ہوتی ہے۔

ذَرْءَاء - بوڑھی عورت۔
ذَرّ - (جنس) چیونٹی۔ ذَرَّة ایک مص
(ن) اگنا۔ سکڑنا۔ آفتاب کا نکلنا۔
اُگانا۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
چھڑکنا۔
ذُرَاب - زہر۔
ذَرَابَة - (س) تیز ہونا۔ زخم کا دوا قبول
نہ کرنا۔
ذَرَاح - پانی ملا ہوا دودھ۔
ذِرَار - غصہ۔ روگردانی۔ مص بدخو ہونا۔
(مفاعلہ)
ذُرَارَة - جو چیز بکھیری جائے۔
ذَرَّاع - تیز کاتنے والی عورت۔
ذِرَاع - ہاتھ میں کہنی سے اُنگلی تک کا حصہ
یا زد۔ گز۔ نشان۔ چوپایوں میں وہ
حصہ جو اگلی ٹانگوں میں پنڈلی کے
اوپر ہے۔ ج:۔ اَذْرُع۔ ذُرْعَان
ذُرَاوَة - جو چیز جھڑ کر گر پڑے مثلاً بھس جو
گیہوں صاف کرتے کے وقت اڑ کر
علیحدہ ہو جائے۔
ذُرَاوَةُ النَّبْت - سوکھی گھاس کا تنکہ جو ہوا میں
اڑتا پھرے۔
ذَرْب - ذَرِب - موچیوں کا اوزار چمڑہ کاٹنے
کا۔ رانپی۔
ذَرْب - (ن) تیز کرنا۔
ذَرَب - بیماری جو علاج پذیر نہ ہو۔ زنگ
معدہ کا ایک مرض۔ بدزبانی۔ ج:۔
اَذْرَاب۔ مص (س) زخم کا خراب
ہونا اور اس کا فراخ ہو جانا۔

زخم سے پیپ بہنی ۔ تیز ہونا۔

ذَرّاۃ - وہ غبار کہ جب سورج کی شعاع کسی روشندان وغیرہ میں گذرتی ہے تو ناچتا ہوا نظر آتا ہے۔ ج:۔ ذرّات

ذُرّۃ - چینہ ۔ ارزن۔

ذَرْح ۔ (ف) کھانے میں ذُرّاح (ایک زہریلا کیڑا) ڈالنا۔ ہوا میں اڑانا۔

ذُرْذُرۃ - بکھیرنا۔

ذُرْذَار - بہت بکنے والا آدمی۔

ذَرْطَاۃ - مکروہ اور ناپسند طریقہ سے کھانا کھانا

ذَرْع - قوت ۔ خصلت ۔ عادت ۔ مص (ف) کپڑے کو گز سے ناپنا۔ قے کا نہ رکنا (عنہ) سفارش کرنا (س) پاؤں کا تھک جانا (الی) کسی سے سفارش کرنا۔

ذَرِع - وہ شخص جس کی صحبت اچھی ہو۔ رات دن چلنے والا۔ فحش بکنے والا۔

ذُرْعَۃ - وسیلہ ۔ ذریعہ ۔ وہ جس کے سبب دوسرے تک پہنچ سکیں۔

ذِرْعِم - ناکارہ و بدزبان آدمی ۔ ج:۔ ذَرَاعِم۔

ذَرْف - ذُرُوف (ض) آنسو بہانا ۔ آنسو بہنا

ذَرَفَان - سست رفتار مص (ض) آنسو بہنا

ذَرْق - پرندہ کی بیٹ مص (ن ض) پرندہ کا بیٹ کرنا۔

ذَرْء - (ف) گرادینا ۔ ڈال دینا۔

ذَرْمَلَۃ راکھ لگی ہوئی روٹی نکال لینا تاکہ جلد مہمان کے سامنے پیش کرسکے۔

ذَرْو کلام کا ناتمام حصہ ۔ مص (ن) پراگندہ ہونا۔ ہوا کا کسی چیز کو پراگندہ کرنا۔ کھلیان برباد کرنا۔

ذُرُوْر - وہ دوا جو زخم وغیرہ پر چھڑکی جائے ایک قسم کی خوشبو ۔ ج:۔ اَذِرّۃ

ذَرْی - کھلیان برباد کرنا ۔ ہوا کا کسی چیز کو پراگندہ کرنا۔

ذَرِیّ - تلوار کی آب اور چمک ۔ آبدار تلوار

ذُرِّیٰ - جو چیز جھڑ کر گر جائے۔

ذَرْی - (ض) ہوا کا خاک کو اڑانا کھلیان کو ہوا میں اڑانا۔

ذَرِیٌّ - ذَرِیٌّ کھیت جس میں بیج ڈال دیا گیا ہو۔

ذُرِّیَّۃ - (جنس) آدمیوں کی اولاد ۔ جنات کی اولاد ج:۔ ذُرِّیَّات ۔ ذَرَارِی۔

ذَرِیحۃ - ٹیلا ۔ پشتہ ۔ ج:۔ ذَرَائح

ذَرِیْرَۃ - ایک خوشبو کا نام ۔ دوا جو چھڑکی جائے سریع ۔ سفارش کرنے والا ۔ تیز رفتار فراخ اور وسیع۔

ذَرِیْعَۃ - وسیلہ جس کے سبب دوسرے تک پہنچ سکیں ۔ آڑ جس کی اوٹ میں شکاری شکار پر نشانہ مارتا ہے۔

ذَرِیف بہتا ہوا آنسو ۔ مص (ض) آنسو بہنا۔

ذ - ع

ذَعَاذِع - ردی چھوارے۔

ذَعَاع - فرقے ۔ جماعتیں۔

سَبْطُ الْجِسْمِ ۔ خوش قامت آدمی۔

سِبْط ۔ لڑکا۔ یہود کا گروہ۔ ج: اَسْبَاط۔ بنی اسرائیل کے خاندان اور قبائل۔ عرب بھی اسباط کہلاتے ہیں۔

سَبِط ۔ لمبا۔ لٹکے ہوئے بال۔

سَبِطُ الشَّعْرِ ۔ جس کے بال لٹکے ہوئے ہوں۔

سَبْط ۔ سُبُوط۔ سُبُوطَة۔ (ك۔س) بالوں کا لٹکا ہوا ہونا۔ [مجہولاً] بخار میں مبتلا ہونا۔

سِبَطْر ۔ تیز ذہن۔ ہوشیار آدمی جس کا ذہن معاملہ کی تہ تک پہنچ جائے۔ ہر لمبی اور بھری ہوئی چیز جس کو پھیلایا گیا ہو۔

سُبَاع ۔ سات سات۔

سُبُع ۔ سات میں ایک۔ ساتواں۔ ج: اَسْبَاع۔

سَبُع درندہ۔ ج: اَسْبُع۔ سِبَاع۔ اونٹ کے پانی پلانے کا ساتویں دن کا نمبر۔

سَبْع ۔ سات مص (ف) ساتواں ہونا۔ مال میں سے ساتواں حصہ لینا۔ گالی دینا اور عیب بیان کرنا۔ دانتوں سے کاٹنا۔ بھیڑیے کے تیر مارنا۔ اسے ڈرانا۔

اَلسَّبْعُ الْمَثَانِي ۔ سورۂ فاتحہ اس لیے کہ اس کی سات آیتیں ہیں۔ سات طویل سورتیں سورۂ بقرہ سے سورۂ توبہ تک۔

سَبْعٌ ۔ (نِسْوَة) سات عورتیں۔

سَبْعَةٌ ۔ (رِجَال) سات مرد۔

سَبْعُوْن ۔ ستر۔

سَبْغ ۔ جس کی زرہ فراخ ہو۔

سَبْغَة ۔ فراخی۔ آسودگی۔ راحت و آرام۔

سَبَق ۔ وہ شرط کہ جو گھوڑ دوڑ میں ہار جیت کے لیے مقرر ہو۔

سِبْق ۔ سبقت کرنے والا۔

سَبْق ۔ (ن) کسی کے آگے بڑھ جانا۔

سُبْقَة ۔ وہ شرط کہ جو گھوڑ دوڑ میں ہار جیت کے لیے مقرر ہو۔

سَبْك ۔ (ن) پگھلا کر ڈھالنا۔

سَبَل ۔ سنبل۔ بارش کہ جو ابھی فضا میں ہو زمین تک نہ پہنچی ہو۔ ناک۔ گالی۔ خوشہ۔ نیزہ۔ لٹکتا ہوا کپڑا۔

سُبُل ۔ راہیں۔ راستے۔ طریقے۔ وسائل۔ ذرائع۔ وا: سَبِيْل۔

سُنْبُل ۔ خوشہ۔

سَبَلَانِيّ ۔ لمبی مونچھوں والا۔

سُبْلَة ۔ ایک خوشہ۔ دور دراز تک ہونے والی بارش۔

سَبِلَة ۔ دراز۔

سَبَلَة ۔ خوشہ۔ اوپر کے ہونٹ کا بیچ کا گڑھا۔

مونچھ۔سینہ پر،ڈاڑھی کے لٹکے ہوئے بال۔ ج:۔ سِبَال۔
سَبَنْسَہ۔ بریک۔گاڑی کو روکنے کا آلہ۔
سَبُوْح تیرنے والا۔خوش رفتار و تیز رفتار گھوڑا۔ ج:۔ سُبُحَاء۔
سُبُّوْح۔ باری تعالےٰ کے اسماءِ صفاتیہ میں سے ہے۔ بہت پاک۔
سَبُّوْرَۃ۔ بلیک بورڈ۔سلیٹ (د)
سُبُوْع۔ ہفتہ۔سات بار۔
سُبُوْغ۔ (ن) نیچے کی طرف لمبا ہونا۔کامل و فراخ ہونا۔(الیٰ) اپنے شہر کی طرف متوجہ ہونا۔اور پہنچنا۔
سَبُوْلَۃ۔ دانوں سے بھرا ہوا خوشہ۔
سَبْی۔ غلام۔قیدی۔پردیسی۔ ج:۔ سَبِیٌّ۔ھص۔(ض) غلام بنانا قید کرنا۔
سَبِیّ۔ غلام۔قیدی۔سانپ کی کینچلی ج:۔ سَبَایَا۔
سَبْی۔ سَبَاء۔(ض) غلام بنانا۔قید کرنا۔ شراب خرید کر فروخت کے لیے شہر بشہر لیے پھرنا۔جلاوطن کرنا۔دور کرنا۔کنواں کھودنا۔معشوق کا عاشق کے دل کو لے جانا۔
سَبِیْب۔ جسے کسی کے ساتھ گالی دی جائے۔ یعنی گالی ملنے میں شریک۔ زلف گھوڑے کی ایال وغیرہ کے بال۔ ج:۔ سَبَائِب۔
سَبِیْبَۃ۔ کتان کا باریک کپڑا۔ ج:۔ سَبَائِب۔
سَبِیَّۃ۔ شراب جس کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔غلام اور قیدی عورت موتی جس کو غوطہ خور نکال لایا ہو۔ ج:۔ سَبَایَا۔
سَبِیْج۔ انگیا۔ ج:۔ سَبَائِج۔
سَبِیْخ۔ پرندہ کا پر جو گر جاتے۔ روئی یا اون جو دھنکنے کے وقت پراگندہ ہو۔ ج:۔ سَبَائِخ۔
سَبَیْطَر۔ لمبا۔بگلہ۔
سَبِیْع۔ سات میں کا ایک۔
سَبِیْکَۃ۔ پگھلی ہوئی چاندی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج:۔ سَبَائِك۔
سَبِیْل۔ راستہ۔روشن راستہ۔درمیانی راستہ۔قصد۔مذہب۔حرمت۔ ذریعہ۔ ج:۔ سُبُل۔
سَبِیْلِ اللّٰہ۔ جہاد۔اللہ کی راہ میں کافروں سے لڑنا۔ہر امر خیر جس کا اللہ نے حکم فرمایا۔
سَبِیْلَان۔ قبل و دبر۔ ذکر و دبر۔
سَبِیْلَۃ۔ روشن راستہ۔

س۔ت

سِتّ۔ لیڈی۔شریف عورت۔سیدہ کا مخفف۔(د)
سِتٌّ۔ (نِسْوَۃ) چھ عورتیں۔
سِتَّۃٌ۔ (رِجَال) چھ مرد۔
سِتَّۃٌ ضَرُوْرِیَّۃ۔ چھ ضروری چیزیں۔ ہوا۔ کھانا پینا۔حرکت و سکون جسمانی، حرکت و سکون نفسانی۔ خواب و بیداری۔ استفراغ و احتباس

سِتار ۔ پردہ۔ ج:۔ سُتُر۔
سَتّار ۔ باری تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام ۔بہت پردہ پوشی کرنے والا۔
سِتارَۃ ۔ لباس۔ پردہ۔ ناخن کے اوپر کی کھال (د) تھیٹر کا پردہ۔ ج:۔ سَتائِر۔
سِتْر ۔ پردہ۔ شرم وحیا۔ ج:۔ سُتُور۔ أَسْتار۔
سَتْر ۔ (ن) چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔ سوال سے روک دینا۔
سَتَر ۔ ڈھال۔
سُتْرَۃ ۔ لباس۔ پردہ (د) کوٹ۔
سَتَہٗ ۔ (ف) مقعد پر مارنا۔ کسی کے پیچھے چلنا۔
سَتَہٗ ۔ دبر۔ ج:۔ أَسْتاہ۔ مص (س) بڑے سرینوں والا ہونا۔
سُتْہُم ۔ بڑے چوتڑ والا (مذکر و مؤنث)
سَتُّوق کھوٹا درہم (سہ تو کا معرب)
سِتُّون۔ ساٹھ۔
سَتِیْر ۔ چھپایا ہوا۔ پارسا۔ چھپانے والا۔

س۔ ج

سَجا ۔ جھالر (د)
سَجاج ۔ پتلا دودھ ۔پانی ملا ہوا۔
سَجاح ۔ ایک عورت کا نام جس نے نبوت کا دعوےٰ کیا تھا۔ جھوٹ میں ضرب المثل۔
سُجاح ۔ فضائے آسمانی۔
سِجاح ۔ مقابل و برابر۔
سُجّادَۃ ۔ جائے نماز۔ پیشانی میں سجدہ کا نشان۔
سِجارَۃ ۔ سگار سگریٹ۔ ج:۔ سَجائِر۔
سَجّاعَۃ ۔ مقفّیٰ کلام بولنے والا۔
سِجاف ۔ پردہ۔ پردہ کا کنارہ۔ (د) سنجاف۔
سَجالَۃ ۔ (ك) خصیوں کا بڑا اور لٹکا ہوا ہونا۔
سَجّان ۔ قیدخانہ کا محافظ و نگران۔ داروغہ جیل۔
سَجْب ۔ پرانی مشک۔ ج:۔ سُجُب۔
سَجْح ۔ سَجاحَۃ (ف) کبوتر کا بولنا (ل) کلام میں کسی پر چوٹ کرنا۔ (س) رخسار کا نرم۔ بارونق۔ درازی میں معتدل اور سبک ہونا۔
سُجَّد ۔ سجدہ کرنے والے۔ وا:۔ ساجِد۔
سِجْدَۃ ۔ زمین پر پیشانی رکھنے کا نام۔ قرآن مجید کی ایک سورت کا نام۔
سَجَر ۔ آنکھ کی سپیدی سرخی ملی ہوئی۔
سَجْر ۔ (ن) تنور گرم کرنا۔ (نہر) پر کرنا۔ حلق میں (پانی) چوانا۔
سَجْراء ۔ سرخ آنکھ۔ یا وہ آنکھ جس کی سپیدی سرخی آمیختہ ہو۔
سُجْرَۃ ۔ سپیدی ملی ہوئی سرخی۔ تھوڑا پانی جو بارش سے بھر جائے۔ ج:۔ سُجَر۔
سَجْسَج ۔ ہموار زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔ اچھی ہوا جو نہ سرد ہو نہ گرم۔ طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک کا وقت۔
سَجْع ۔ مقفّیٰ کلام ج:۔ أَسْجاع۔ مص (ف) مقفّیٰ کلام بولنا۔ کبوتر کا بولنا۔

اونٹنی کا رونا۔ قصد کرنا۔

سَجْف - پردہ۔ دو پردے جن کے درمیان میں کشادگی ہو۔ دروازہ جس پر دو پردے پڑے ہوں۔ اور ان کے درمیان میں کشادگی ہو۔ ج:۔ سُجُوف۔

آسْجَاف مص (ن) پردہ لٹکانا۔

سَجَف - (س) باریک کمر اور دُبلے پیٹ والا ہونا۔

سِجِل - تمسک مہر لگا ہوا۔ عہد و پیمان (د) سرکاری کا غذات۔ ج:۔ سِجِلّات۔ لکھنے والا۔

سَجْل - بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔ ج:۔ سِجَال۔ سُجُول۔ ڈول کی پری۔ یعنی پانی سے اس کا بھرنا۔ فیاض بڑے پستان۔ مص (ن) پانی گرانا۔ بہانا۔ سورت کو مسلسل پڑھنا۔

سِجِل - تمسک مہر شدہ۔

سَجْلاء - بڑے تھنوں والی اونٹنی۔ عورت کلاں سرین۔ ج:۔ سُجْل۔

سَجْم - (ن) (آنکھ کا) آنسو بہانا (بادل کا) مینہ برسانا۔

سَجَم - پانی۔ آنسو۔

سَجْن - (ن) روکنا۔ قید کرنا۔ متہم کرنا۔

سِجْن۔ قیدخانہ روک ج:۔ سُجُون۔

سَجَنْجَل - آئینہ۔ پگھلی ہوئی چاندی یا سونا۔ زعفران۔

سَجْو - (ن) تھمنا۔ ٹھیرنا۔ اونٹنی کا آواز سے رونا۔

سُجُود - سَجْدَة۔ (ن) سر کو زمین پر رکھنا عاجزی کرنا (س) پاؤں کا سوج جانا۔

سَجُور - جس چیز سے تنور گرم کیا جائے۔

سُجُوم - سِجَام۔ سَجَمَان۔ (ن) بہنا۔ جاری ہونا۔ [عن] تاخیر کرنا۔

سَجِيَّة - عادت۔ طبیعت۔ ج:۔ سَجَايَا۔

سَجِيحَة - اندازہ۔ سرشت۔ عادت ج:۔ سَجَائِح۔

سَجِير - خالص یار دوست ج:۔ سُجَرَاء۔

سَجِيل - حصہ۔ سخت اور کھر دھرا۔ بڑا (ڈول) بڑے اور لٹکے ہوئے (تھن)

سِجِّيل - کنکر (سنگ گل کا معرب ہے) ہر سخت چیز

سَجِيلَة - بڑا ڈول۔

سَجِين - قیدی (مذکر و مؤنث) ج:۔ سُجَنَاء۔ سَجْنَى ضَرْبٌ سَجِيْنٌ۔ سخت مار۔

سِجِّين - مجرد آدمی جو ہمیشہ بغیر عورت کے رہے ہر سخت چیز۔ جہنم کا ایک سخت میدان وہ مقام جہاں نافرمان لوگوں کی روحیں مقید رہتی ہیں۔ کھجور کے درخت کا تھالا۔

سَجِينَة - قیدی عورت۔ ج:۔ سَجَائِن۔ سَجْنَى۔

س۔ح

سَحّ - سخت خراب۔ نکما۔ مص (ض) پانی گرانا۔ پانی بہنا۔ آنسو جاری ہونا۔ بارش کا برسنا۔ کوڑے مارنا۔ خوب فربہ ہونا۔

سَحَّاء بکھیرنے والا۔

سِحَاءَة - خط کی مہر۔ بدلی۔ ایک خاردار

گھاس۔ ج:۔ آسْخِیَۃ۔
سَخَاۃ - کنارہ۔ گھر کا صحن۔ ہر چیز کا چھلکا۔ چمگادڑ۔ ج:۔ سَخًا۔
سَحَاب - بادل۔ پارہ۔ ج:۔ سُحُب۔
سَحَابُ البَحْر - اسفنج۔
سَحَابَۃ - ابر۔ مدت۔ بادل۔ ج:۔ سَحَائِب
سُحَابَۃ - کنوئیں میں بچا ہوا پانی۔
سَحَّاح - بکھیرنے والا۔ (مؤنث)
سَحَّار - بڑا جادوگر۔
سُحَاف - سِل کی بیماری۔
سُحَال - آواز جو گدھے کے سینہ میں ہینچتے وقت گھومتی ہے۔
سُحَالَۃ - چاندی کا بُرادہ۔ بھوسی۔ قوم میں کمینہ اور نیچ ذات۔ ہر چیز کا نکما جزو۔
سَحْب - (ف) زمین پر کھینچنا۔ بہت کھانا۔ بہت پینا۔ بچھانا۔ جاری ہونا۔
سَحْبُ الحَوَالَۃ - بل کا روپیہ وصول کرنا۔ (د)
سَحْبَان - ہر چیز کو اچھی طرح لے جانے والا۔ اور کھینچنے والا۔
سَحْبَل - بڑا ڈول۔ بڑا پیٹ۔ فراخ میدان۔ بڑی مشک۔ ج:۔ سَحَابِل۔
سُحْت - حرام۔ رشوت۔ ہر بُری کمائی جو عار و ننگ کی موجب ہو۔ ج:۔ آسْحَات۔
سَحْت - پرانا کپڑا (سخت)، سردی۔ رائیگاں (خون و مال) مص (ف) حرام کمائی کرنا۔ جڑ سے اکھاڑ ڈالنا۔ (چربی کو گوشت سے) اتارنا۔ گوشت کو ہڈی سے اتارنا۔

سَحْج - آنتوں کی مروڑ کی ایک بیماری۔ چوپایہ کی ایک خاص رفتار۔ مص (ف) چھیلنا۔ دوڑنا۔
سِحْر - جادو۔ منتر۔ ہر چیز جو کسی لطیف اور باریکی والی چیز سے کی گئی ہو۔ مص (ف) جاننا۔ جادو کرنا۔ فریب دینا۔ کسی کو کسی چیز میں مشغول کر دینا۔ دور ہونا۔
سَحَر - صبح سے کچھ پہلے۔ تڑکا۔ سفیدی جو سیاہی کے اوپر ہو۔ ہر چیز کا کنارہ۔ ج:۔ آسْحَار۔ سُحُور۔ مص صبح کے وقت کسی کے پاس آنا۔
سُحْر - پھیپھڑا۔ دل۔ ج:۔ آسْحَار۔
سُحْرَۃ - صبح کاذب۔
سَحَرَۃ - جادوگر لوگ۔ وا:۔ سَاحِر۔
سَحَرِیّ - تڑکا۔
سَحْط - (ف) جلد گلا کاٹنا۔ گلا پکڑنا۔ خلط ملط کرنا۔ چھوڑنا۔
سَحْف - (ف) پشت کی چربی دور کرنا۔ جلانا۔ مونڈنا۔ بال اکھاڑنا۔
سَحْق - پرانا کپڑا۔ ج:۔ سُحُوق۔ مص (ف) پیسنا۔ کوٹنا۔ گھسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ ہوا کا زور کے ساتھ چلنا کہ نشانات کو مٹا دے (کپڑے کو) پرانا کرنا۔ (سخت چیز کو) نرم کرنا۔ سر مونڈنا۔ دوڑنا۔
سُحْق - بُعد۔ دوری۔ لعنت (ك س) دور ہونا۔
سَحْك - (ف) گھسنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔
سَحْل - سفید کپڑا۔ چاندی کی پرکھ۔ ج:۔ آسْحَال۔ سُحُول۔ سُحُل۔ مص۔

(ف) سکوں کو پرکھنا۔ چھیلنا۔ برا بھلا کہنا۔ اکھرا بنا۔ رونا۔

سُحْلَة۔ خرگوش کا بچہ۔ جس نے اپنی ماں کو چھوڑ دیا ہو۔

سَحَم۔ سیاہی۔ لوہا۔ ایک درخت کا نام۔ ایک درخت۔ کالی عورت۔ ج:۔ سُحُم۔

سُحْمَة۔ سیاہی۔

سَحْنَة۔ سَحْنَاء۔ نعمت۔ ہیات۔ رنگ اصل و نہاد۔

سَحُوح۔ بادل جو برس رہا ہو۔

سَحُور۔ سحری کا کھانا۔

سُحُوح۔ سُحُوحَة۔ (ض) بہت فربہ ہونا۔

سَحُوف۔ بہت فربہ۔ بہت چربی والا۔ (مذکر و مؤنث)

سَحُوق۔ لمبا۔ خرما کا درخت۔ لمبا گدھا۔ لمبی گدھیا۔ ج:۔ سُحُق۔

سُحُوق۔ (ك) کپڑے کا پرانا ہونا۔ کھجور کے درخت کا لمبا ہونا۔

سَحْي۔ (ض۔ف۔ن) چھیلنا۔ مہر لگانا کھودنا۔ موڑنا۔

سَحِيق۔ دور۔

سَحِيل۔ اکہرا بنا ہوا کپڑا۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔

س۔خ

سَخَاء۔ سَخَاوَة۔ سَخًا۔ سَخْوَة۔ سَخْو۔ (ف۔ن۔س۔ك) فیاض ہونا۔

سَخَّاء۔ نرمی سستی۔ ج:۔ سَخَاخِي۔

سِخَاب۔ ہار جس میں جواہر نہ ہوں۔ ج:۔ سُخُب۔

سَخَّاب۔ بہت شور و غل کرنے والا۔

سَخَاخ۔ اچھے ریت والی نرم زمین۔

سَخَافَة۔ عقل کی کمی۔ لاغری (ك) کم عقل ہونا۔ لاغر ہونا۔

سُخَام۔ نرم و آسان۔ شراب جو بسہولت گلے سے اتر جائے۔ دیگ کی سیاہی۔ پرندہ کے بچے کے نرم نرم پر۔

ثَوْبٌ سُخَامُ الْمَسِّ۔ نرم کپڑا۔

سَخَاوَة۔ (س) فیاضی کرنا۔ رک جانا۔ ترک کرنا۔

سَخْي۔ (ف) ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔

سَخَب۔ شور و غل۔

سَخْت۔ کڑا۔ سخت۔

سُخْد۔ پیپ جو بچہ دانی سے بچہ کے ساتھ نکلتی ہے۔

سَخْر۔ سُخْر۔ (ن) [من۔ب] ٹھٹھے بازی کرنا۔

سُخْرَة۔ مطیع و فرماں بردار۔ جس چیز پر لوگ ہنسیں مص (س) ٹھٹھے بازی کرنا۔

سُخَرَة۔ ٹھٹھے بازی کرنے والا۔ مسخرہ۔

سُخْرِيَّة۔ ٹھٹھے بازی۔

سُخْرِيّ۔ بیگاری۔ مطیع و فرمانبردار مص (ف) کسی کو نادان سمجھنا اور اس کا مذاق اڑانا۔ کشتی کا موافق ہوا میں تیز چلنا۔

سُخْط۔ سَخَط۔ (س) [علیٰ۔ الیٰ] غصہ کرنا ناخوش ہونا۔

سَخْف۔ تنگ حالی۔ بھوک کی وجہ سے لاغری کم عقلی۔

سُخُف ۔ کم عقلی ۔مص (ك)، مشک کا پھٹ جانا۔
سُخْفَة ۔ کم عقلی۔ بھوک کی وجہ سے لاغری۔ تنگ حالی۔
سَخْلَة ۔ ہرن اور بکری کا نوزائیدہ بچہ۔ ج:۔ سِخَال۔ سُخْلَان۔
سُخْمَة ۔ سیاہی۔ کلونس۔
سُخُن ۔ گرم۔
سَخُن ۔ سُخُوْن۔ سُخْنَة (ن س ك) گرم ہونا۔ (س) غم اور صدمہ میں گرم گرم آنسوؤں سے رونا۔
سُخْنَان ۔ گرم۔
سَخْنَة ۔ بخار۔ گرمی۔
سَخْنَةُ الْعَیْن ۔ آنکھ کی گرمی یعنی غم اور صدمہ قرۃ العین کی ضد۔
سَخُو ۔ (ن۔ف) چولھے سے راکھ نکال کر آگ روشن کرنا۔
سَخْوَاء ۔ نرم اور فراخ زمین۔ ج:۔ سَخَاوِی۔
سَخُوْن ۔ گرم کیا ہوا شوربا۔
سُخُوْنَة ۔ سُخُنَّة۔ سُخْن۔ سَخَانَة۔ سَخَن۔ (ن۔س۔ك) گرم ہو جانا۔
سَخِیَ ۔ (س) اونٹ کا لنگڑانا۔
سَخِیّ ۔ فیاض۔ مال صرف کرنے میں جوانمرد۔ ج:۔ اَسْخِیَاء۔ (م) سَخِیَّة۔ ج:۔ سَخِیَّات۔ سَخَایَا۔
سَخِیْف ۔ کم عقل۔ ہلکا۔ جھر جھرا کپڑا۔
سَخِیْمَة ۔ کینہ۔ پلیدی۔ نجاست۔ ج:۔ سَخَائِم۔
سَخِیْن ۔ گرم پانی۔ دردناک۔ تکلیف دہ۔

سَخِیْنُ الْعَیْن۔ جس کے گرم آنسو جاری ہوں۔ غم زدہ۔ رنجیدہ۔ مغموم۔
سِخِّیْن ۔ قصاب کی چھری۔ پھاوڑی کا دستہ ج:۔ سَخَاخِیْن۔ گرم پانی۔
سَخِیْنَة ۔ گرم کھانا۔ ایک قسم کا حریرہ۔ مرد کا خصیہ۔ ج:۔ سَخَائِن۔

س۔د

سَدّ ۔ روک۔ پہاڑ جو زمین کے دو قطعوں میں حائل ہو ج:۔ اَسْدَاد۔ عیب مثلاً لنگڑاپن۔ بہراپن۔ ج:۔ اَسِدَّة مص (ض) مضبوط اور درست ہو جانا۔ (ن) سوراخ اور گزرگاہ کو بند کرنا۔ کسی کی بات کاٹنا۔
سِدّ ۔ درست اور صحیح کلام۔
سُدّ ۔ سیاہ بادل۔ ج:۔ سُدُوْد۔ ہر وہ چیز جو آسمان پر چھا جائے۔ مثلاً ٹڈیوں کا دل۔ سنگستان کی وادی۔ ج:۔ سِدَدَة۔
سَدَّاج ۔ جھوٹا آدمی۔
سَدَاد ۔ گفتار و کردار کی راستی و درستی۔ سلامت روی۔
سِدَاد ۔ شیشی کی ڈاٹ۔
سِدَادُ الثَّغْر۔ دشمن کے آنے کا راستہ بند کرنا۔
سُدَاد ۔ ناک کی ایک بیماری جس کی وجہ سے آدمی ناک سے سانس نہیں لے سکتا۔
سُدَاس ۔ چھ چھ۔
سُدَاسِی ۔ چھ گز کا تہ بند۔
سِدَافَة ۔ پردہ۔

سُدَّۃ ۔ گھر کا دروازہ۔ دہلیز۔ گھر کا صحن۔ سائبان۔ ناک کی ایک بیماری کہ مریض اس کی وجہ سے سانس نہیں لے سکتا۔ ج:۔ سُدَد۔

سَدَحَ ۔ (ف) کسی کا گلا کاٹنا۔ منہ کے بل گرانا۔ قتل کرنا۔ کسی جگہ آرام کرنا۔

سَدَد ۔ گفتار و کردار کی راستی و درستی۔

سَدَر ۔ سَدَارَۃ۔ (س) پریشان ہونا۔ آنکھ کا خیرہ ہوجانا۔

سَدْر ۔ (ن) بال یا پردہ لٹکانا۔

سِدْر ۔ (جنس) بیری کا درخت و:۔ سِدْرَۃ۔ ج:۔ سِدْرَات۔ سُدُوْر۔

سُدَّر ۔ بچوں کا ایک کھلونا۔

سَدَر ۔ سر گھومنے اور چکر آنے کی بیماری جو اکثر کشتی کے سواروں کو عارض ہوتی ہے۔

سَدِر ۔ سراسیمہ۔ حیران و پریشان۔ دریا۔

سِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی ۔ عرش سے ادھر ایک بیری کا سا درخت ہے کہ مخلوقات کے علم اور اعمال کی رسائی اس سے آگے نہیں ہے۔

سُدُس ۔ چھٹا حصہ۔ ج:۔ اَسْدَاس۔

سَدْس ۔ (ن) چھٹا حصہ لینا (ض) چھٹا ہوجانا۔

سِدْس ۔ جو باری چھٹے دن آئے۔

سَدْع ۔ (ف) دو چیزوں کو ساتھ کھانا۔ بچھانا۔ گلا کاٹنا۔

سَدَف ۔ روشنی۔ تاریکی (لغات اضداد سے ہے)

سُدْفَۃ ۔ روشنی۔ تاریکی۔ تاریکی سے ملی ہوئی روشنی۔

سَدْل ۔ (ض۔ن) بالوں کو لٹکانا۔ کپڑے کو درمیان میں سے چیر کر بطور پردہ کے لٹکانا۔ [فی] (شہروں میں) گھومنا۔

سُدْل ۔ پردہ۔ ج:۔ اَسْدَال۔ سُدُوْل۔ اَسْدُل۔

سِدْل ۔ جواہرات کا ہار جو سینہ تک کا ہو۔

سَدَل ۔ کجی۔ ڈولے وغیرہ کا پردہ۔

سِدِلّی ۔ تین طرف دل کو مائل کرنے والا آدمی۔ (سرولہ کا معرب ہے)

سَدَم ۔ رنج و پشیمانی مص (س) رنجیدہ ہونا۔

سَدِم ۔ تیز شہوت سانڈ۔

سَدَانۃ ۔ سَدَانَۃ۔ (ن) کعبہ یا کسی اور عبادت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربانی کرنا۔ کپڑے کو یا پردہ کو لٹکانا۔

سَدْو ۔ (ن۔س) بہت ٹھنڈا ہونا۔ لمبے لمبے قدم رکھنا۔

سُدُوس ۔ نیل۔ نیلا۔ سبز چادر۔

سَدُوْم ۔ وہ شہر جس میں لوط علیہ السلام کی قوم آباد تھی۔

سَدٰی ۔ کپڑے کا تانا۔ و:۔ سَدَاۃ۔ ج:۔ اَسْدِیَۃ۔ رات کی نمی۔ شہد۔ بھلائی۔ چھوڑا ہوا۔

سَدِّی ۔ (س) بہت تر اور نمناک ہونا۔

سُدّٰی ۔ چھوڑا ہوا۔ مہمل۔

سَدِیَۃ ۔ تر زمین۔

سَدِیْد ۔ مضبوط۔ راست۔ درست اور ٹھیک۔

سَدِیْر ۔ یمن کا ایک خطہ جہاں کی چادر مشہور ہے۔ تازہ سبزی۔ ایک قدیم محل۔

سَدِیْس ۔ چھ میں کا ایک۔ چھ گز کا تہ بند۔ چھ برس۔

کی بکری۔

سَدِیْف۔ کوہان کی چربی۔ کوہان ج:۔ سِدَاف۔ سَدَائِف۔

سَدِیْل۔ دلہن کے کمرے کا پردہ۔ ڈولے وغیرہ کا پردہ۔ ج:۔ سَدَائِل۔

س۔ذ

سَذَاب۔ ایک گھاس کا نام۔

سَذَق۔ آتش پرستوں کا رات کو آگ جلانا۔ (سدہ کا معرب ہے)

سَذَاجَہ۔ سادگی (د) معرب۔ سادگی۔

س۔ر

سَرّ۔ بچہ کی ناف کاٹنا۔ ناف پر نیزہ مارنا۔ خوش کرنا۔

سِرّ۔ بھید۔ پوشیدہ۔ جماع۔ ذکر۔ نکاح زنا۔ عورت کی فرج۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ لکیر۔ ج:۔ اَسْرَار۔ وادی کا بہترین مقام۔ ج:۔ اَسِرَّۃ۔

سَرُّ۔ بَرٌّ۔ خوش و خرم کرنے والا۔

سُرّ۔ جو چیز بچہ کی ناف میں سے کاٹی جائے۔ نال۔ ج:۔ اَسِرَّۃ۔

سَرْء۔ مچھلی کا انڈا۔ ٹڈی کا انڈا۔ مص (ف) مچھلی یا ٹڈی کا انڈے دینا۔

سَرَّاء۔ خوشی۔ نیکی۔ اچھی پیداوار کی زمین۔

سَرَاء۔ ایک درخت جس سے کمان بناتے ہیں۔

سَرَاب۔ ریت جو دور سے پانی کی طرح چمکے۔ اور اس پہ پانی کا دھوکا ہو۔

سَرَاۃ۔ پیٹھ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر چیز کی بلندی۔

سَرَّاج۔ زین ساز۔ زین فروش۔ جھوٹ بولنے والا۔

سِرَاج۔ چراغ۔ آفتاب۔ ج:۔ سُرُج۔

سِرَاجَۃ۔ زین سازی۔

سَرَاح۔ (ف) چھوڑ دینا۔ چراگاہ میں چھوڑنا۔ بھیجنا۔

سَرَاح۔ پاسپورٹ (د)

سُرَادِق۔ خیمہ کی قنات۔ خیمہ کے چاروں طرف کا پردہ۔ خیمہ۔ شامیانہ۔ غبار یا دھوئیں کا بادل۔ ج:۔ سُرَادِقَات۔

سَرَار۔ بچہ کی نال جو کاٹی جاتی ہے۔ مہینہ کی آخری شب۔ خالص النسب۔

سِرَار۔ بچہ کی نال۔ ہتھیلی اور پیشانی کی لکیریں۔ ج:۔ اَسِرَّۃ۔

سَرَارَۃ۔ (ك) خوب اور عمدہ اور خالص ہونا پسندیدہ اور عمدہ نسب والا ہونا۔

سِرَاط۔ راستہ۔ روشن راستہ۔

سُرَاطِیّ۔ بہت کھانے والا۔

سَیْفٌ سُرَاطِیٌّ۔ شمشیر بُراں۔

سِرَاع۔ جلدی کرنے والا۔ دوڑنے والا۔ وا:۔ سَرِیْع۔

سَرَاوَۃ۔ سَرْو۔ سُرَای۔ سَرَاء۔ (ك۔ن ص) مال صرف کرنے میں دلیر ہونا۔ سخی ہونا۔ سردار ہو جانا۔

سَرَاوِیْل۔ پائجامہ۔

سَرَای۔ قصر۔ محل شاہی (د)

سَرَایُ الحکومۃ۔ گورنمنٹ ہاؤس۔ (د)

سِرَایَۃ۔ (ض) درخت کی جڑوں کا زمین میں گھسنا۔ کسی چیز کا تمام اجزاء میں جذب

ہو جانا۔

سَرَب - سرنگ. سوراخ. جنگلی جانوروں کا بھٹ
پوشیدہ راستہ۔ جاری پانی ۔
ج: - أَسْرَاب مص (س) برتن
میں سے پانی رسنا۔

سَرَب - پانی جو مشک سے جاری ہو۔

سِرْب - ہرنوں کا گلہ. عورتوں کا گروہ. راستہ
حال. شان. دل. نفس. ج: - أَسْرَاب ۔

سِرْبَال - لباس. کرتہ. قمیص. پہننے کی چیز۔
ج: - سَرَابِیْل ۔

سَرْبَلَة - روغن دار ثرید۔ مص - کرتہ پہنانا۔

سُرَّة - ناف. خوش کرنے والی عورت ۔
ج: - سُرَّات - سُرَر ۔

سَرْج - زین. ج: - سُرُوْج - (ن) بال
بٹنا. جھوٹ بولنا۔

سَرَج - (س) چہرہ کا خوشنما اور پُر رونق
ہونا. جھوٹ بولنا۔

سُرْجُوْجَة - سرشت. فطرت. طبیعت. ج: -
سَرَاجِیْج ۔

سِرْجِیْن - گوبر. (سرگین کا معرب)

سَرْح - چوپایہ. بڑا اور اونچا درخت. وا:
سَرْحَة - مص (ف) چوپایہ کو چراگاہ
پر چھوڑنا. چوپایہ کا چرنا. رہا کرنا.
پیشاب جاری ہونا. دست آنا .
سینہ کا بلغم صاف کرنا۔

سُرُح - تیز رفتار گھوڑا. تابعدار اونٹنی. آسان
(جیسے وَلَدَتْ سُرُحًا) عَطَاءٌ سُرُحٌ.
بلا توقف بخشش۔

سَرِح - (س) اپنے کاموں کو سہولت سے انجام دینا۔

سِرْحَان - بھیڑیا. شیر. حوض کا وسط. ج: -
سَرَاحِیْن - سِرَاح ۔

سَرْد - (ن) چمڑے کی ورز سینا. سوراخ
کرنا. زرہ بننا. مسلسل باتیں کیے
جانا. لگاتار روزے رکھنا ۔

سَرَد - (س) مسلسل روزے رکھنا۔

سِرْدَاب - تہ خانہ. ج: - سَرَادِیْب ۔

سِرَر - بچہ کی نال جو پیدائش کے وقت کاٹی
جاتی ہے. ہتھیلی اور پیشانی کی لکیریں.
ج: - أَسْرَار - جج: - أَسَارِیْر ۔

سَرَر - ہتھیلی کی لکیریں. ج: - أَسْرَار -
بچہ کی نال ۔

سَرِس - نامرد. وہ شخص جو جماع نہ کرے ۔
سُست. ہوشیار. نگہبان. ج: -
سِرَاس ۔

سَرَط - سَرَطَان - (س) نگلنا۔

سَرَطَان - آسمان میں ایک برج. ایک بہت
خراب قسم کا زخم کہ اس پر کیکڑے
کے پاؤں کی طرح ابھار ہوتے ہیں ۔
کیکڑا. ج: - سَرَاطِیْن ۔

سُرَطَة - جلد نگلنے والا۔

سِرِطْرَاط - فالودہ۔

سَرْطَم - بلند قامت. بلند آواز مرد. واضح
گفتار. لمبا چوڑا آدمی. ج: - سَرَاطِم ۔

سِرَع - تیزی اور جلدی ۔

سَرْع - انگور کی تازہ ٹہنی ۔

سُرْعَة - تیزی. جلدی ۔

سُرْعَة - سِرَع - (ك) تیزی اور جلدی
کرنا ۔

سَرَف - کم عقلی۔ حریص آدمی۔ مرتبہ مص۔
(س) مال وجاہ کو ضرورت سے زیادہ
صرف کرنا۔ چیز غفلت سے رکھنا اور
پھر بھول جانا۔ غلطی کرنا۔
سُرْفَة - ایک قسم کی چیونٹیاں۔ سفید رنگ۔
ایک چھوٹا سا کیڑا جس کا سر سیاہ
اور باقی جسم سرخ ہوتا ہے۔
سَرَق - (س) پوشیدہ ہوجانا۔ چھپ جانا۔
سَرَقَ - سَرِقَة، سَرَقَة۔ سَرِق۔ سَرْق۔
(س) چوری کرنا۔
سَرِق - سَرِقَة - چوری۔
سِرْقِیْن - گوبر۔ سرگین کا معرب۔
سَرَك - (س) کسی قوی آدمی کا کمزور ہوجانا۔
سُرْم - سیدھی آنت کا منہ۔ مقعد۔ ج:۔
آسْرَام۔
سَرْمَد - ہمیشہ۔ روزوشب۔ دائم۔
سَرَنْدِی - جلد باز اور مضبوط و توانا۔ م:۔
سَرَنْدَاة۔
سَرَنْدِیب - جزیرہ لنکا۔ (ہندوستان کے
قریب ایک جزیرہ)
سَرْهَدَة - اچھی طرح پرورش کرنا۔ کوہان کاٹنا۔
سَرْهَفَة - نازونعمت سے پرورش کرنا۔
سَرْو - ایک خوش قامت درخت۔ و:۔
سَرْوَة - سخاوت اور فیاضی۔
مص (ن) اپنے بدن سے کسی چیز
کو گرادینا۔ (ن۔ض۔ك) جوانمرد اور
سخی ہونا۔ سردار ہونا۔
سُرُوب - (ن) کسی ایک جہت پر چلنا۔ چرنے
کی طرف متوجہ ہونا۔

سَرْوَة - (مثلثہ) چھوٹا تیر۔ ٹڈی کا انڈا۔
ج:۔ سِرًی۔
سُرُوْر - خوشی۔
سُرُوْر - سُرّ۔ سُرّی - (ن) خوش کرنا۔
سَرْوَلَة - پائجامہ پہنانا۔
سَرٰی - رات کا سفر۔
سُرٰی - سَرْیَة۔ سِرَایَة - (ض) رات
میں چلنا۔
سَرِیّ - پانی کا چشمہ۔ سردار۔ سخی۔ ج:۔
سُرَاة۔ ہر عمدہ چیز۔ ج:۔ آسْرِیَة۔
سُرِّیَّة - باندی جس سے ہم بستری بھی کی جائے۔
سَرِیَّة - چھوٹا سا لشکر۔ پانچ آدمیوں سے
تین سو چار سو تک کا۔ ج:۔ سَرَایَا۔
سَرِیح - آسان و نرم۔ پیشاب جو بلا رکاوٹ
کے آئے۔ بغیر زین کا گھوڑا۔
سَرِیْر - تخت۔ مُردہ اٹھانے کی چارپائی۔
ج:۔ آسِرَّة۔ سُرُر۔
سَرِیْرَة - بھید (د) ضمیر۔ کانشنس۔ ج:۔
سَرَائِر۔
سَرِیْس - نامرد۔ جماع نہ کرنے والا۔ سُست۔
ہوشیار۔ محافظ۔ ج:۔ سُرَسَاء۔
سَرِیْع - تیزی اور جلدی کرنے والا۔ ج:۔
سُرْعَان۔ سِرَاع۔ شعر کی ایک
بحر کا نام۔

س۔ط

سِطَاع - لمبا اونٹ۔ خیمہ اور گھر کا سب سے
بڑا ستون۔ اونٹ کی گردن یا پہلو میں
داغ جو طول میں لگایا جاتا ہے۔

ج:۔ سُطُم۔ أَسْطِمَة۔

سِطَام ۔ بوتل کی ڈاٹ۔ تلوار کی دھار۔ ج:۔ أَسْطِمَة۔

سَطْح ۔ چھت۔ ہر چیز کا بالائی رخ۔ ج:۔ سُطُوح۔ مص (ف) بچھانا۔ زمین پہ ڈالنا۔ کروٹ سے لٹانا۔ کوٹ کر ہموار کرنا۔

سَطْر ۔ ہر چیز کی قطار۔ لکیر ج:۔ أَسْطُر۔ سُطُور۔ أَسْطَار۔ مص (ن) لکھنا۔ کاٹنا۔ زمین پہ گرا دینا۔

سَطَع ۔ گردن کی درازی مص (س) دراز گردن والا ہونا۔

سَطْل ۔ لمبا آدمی۔ ایک برتن تانبے کا۔ ج:۔ أَسْطَال۔ سُطُول۔

سَطْو ۔ سَطْوَة (ن) حملہ کرنا مغلوب کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔ پانی کا بہت ہونا [علیٰ] رحم میں ہاتھ ڈال کر آب منی یا مردہ بچہ نکالا۔

سَطْوَة ۔ ایک حملہ۔ ج:۔ سَطَوَات۔

سُطُوع ۔ سَطِيع ۔ (ف) غبار کا اڑ کر بلند ہو جانا۔ صبح پھیلنا۔ بجلی چمکنا۔ بو آنا۔ تالی بجانا۔

سَطِيح ۔ چت لیٹا ہوا۔ مقتول لمبا پڑا ہوا۔ چمڑے کا توشہ دان۔ ضعف کے سبب جو اٹھنے میں سست ہو۔

سَطِيع ۔ دراز قامت۔ صبح۔

س۔ ع

سَعَاة ۔ کسی کام کے کرنے کی لیاقت اور قدرت۔

سَعَادَة ۔ نیک بختی مص (س) نیک بخت ہونا۔

سَعَادَة ۔ (فلان) ہز ایکسلنسی۔ ایک لقب تعظیمی جو اہم ارکانِ حکومت کے نام یا ضمیر کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے۔

سُعَادَى ۔ موتھا۔

سُعَار ۔ آگ کی گرمی۔ شر و فساد۔ بھوک کی سختی۔ بھوک۔ ج:۔ سُعُر۔

سُعَال ۔ کھانسی۔

سُعَال ۔ سُعَالَة ۔ (ن) کھانسنا۔

سُعَادِي ۔ بیداری اور سفر کی مشقت برداشت کرنے والا۔

سِعَايَة ۔ (ف) محصول لینا۔ چغل خوری کرنا۔ لونڈی کا زنا کرنا۔ مکاتب کا اپنی آزادی کے لیے مزدوری کرنا۔

سَعَة ۔ فراخی۔ آسودگی۔ مص (س) کسی چیز میں کسی چیز کے لیے گنجائش ہونا۔

سَعْتَر ۔ پودینہ کوہی۔

سَعْتَرِي ۔ شوخ اور نڈر آدمی۔ بہادر۔

سُعْد ۔ موتھا۔

سَعْد ۔ نیک بختی۔

سَعْد ۔ سُعُود ۔ (ف) مبارک ہونا۔

سَعْدَان ۔ ایک بوٹی ہے۔ اونٹ اسے بہت رغبت سے کھاتا ہے۔

سُعْدَان ۔ اطاعت۔ فرماں برداری۔ مدد (اِسْعَاد۔ کا اسم ہے)

سَعْدَانَة ۔ کبوتر۔ عورت کے پستان۔ حلقۂ دبر۔

سَعْدَيْك ۔ میں تیرا مددگار ہوں۔ (اصل میں أُسْعِدُكَ إِسْعَادَيْن۔ تھا)

سِعْر ۔ نرخ۔ ج:۔ اَسْعَار۔
سَعِر ۔ دیوانہ۔ ج:۔ سَعْرٰی۔
سَعْر ۔ (ف) آگ بھڑکانا۔ لڑائی برپا کرنا۔ اور پھیلانا۔
سُعُر ۔ آگ کی گرمی۔ دیوانگی۔ بھوک۔
سُعْر ۔ دیوانگی۔ ذہن کی کندی۔ حماقت۔ رنج۔ عذاب۔
سَعَر ۔ سُعْرَة ۔ ایک رنگ جو سیاہی مائل ہوتا ہے۔
سُعْسُع ۔ بھیڑیا۔ ج:۔ سَعَاسِع۔
سَعْط ۔ (ف) ناک میں دوا ڈالنا۔
سَعْطَة ۔ ناک میں ایک بار دوا ڈالنا۔
سَعْف ۔ مال و اسباب۔ دُلہن کا جہیز۔ کمینہ آدمی۔ ج:۔ سُعُوف۔ مص (ف) ضرورت پوری کرنا۔
سَعَف ۔ دُلہن کا جہیز۔ مال و اسباب۔ اونٹوں کے منہ میں کھجلی کی طرح ایک بیماری۔ کھجور کی خشک شاخ مص (س) ہاتھ کے ناخنوں کی جڑ کا پھٹ جانا۔
سَعْفَة ۔ چہرہ اور سر پر زخم ہو جانے کی بیماری۔ ایک ایسی بیماری جو بال گرا دیتی ہے۔ گنج۔
سِعْلَاة ۔ جن یا بھوتنی۔ ج:۔ سَعَالِی۔
سَعْم ۔ اونٹ کی ایک خاص رفتار۔ مص (ف) اونٹ کا اس خاص رفتار سے چلنا۔
سُعْن ۔ مشک، دولچی۔ ج:۔ سِعَنَة۔
سِعْو ۔ سَعْوَاء۔ رات کی ایک گھڑی۔ بدزبان عورت جو شوہر سے خلع کے ذریعہ جدا ہو جائے۔

سَعُوط ۔ جو دوا ناک میں چڑھائی جائے۔
سُعُوف ۔ بڑے بڑے پیالے۔ انسان کی فطری خصلتیں۔
سَعْی ۔ (ف) ارادہ کرنا۔ کام کرنا۔ سرعت کرنا۔ دوڑنا۔ سخن چینی کرنا (کمائی) کرنا۔ کوشش کرنا۔ محصول وصول کرنا۔
سَعِید ۔ نیک بخت ج:۔ سُعَدَاء۔
سَعِیر ۔ بھڑکی ہوئی آگ۔ شعلہ۔ ج:۔ سُعُر۔

س۔غ

سَغْب ۔ بھوک۔
سَغْب ۔ سُغُوب ۔ (ن) بھوکا ہونا۔
سَغَب ۔ (س) بھوکا ہونا۔
سَغِب ۔ بھوکا۔
سَغْبَان ۔ بھوکا۔ ج:۔ سِغَاب۔
سَغْبَنَة ۔ سر میں تیل کی مالش کرنا۔ کھانے میں روغن ڈالنا۔ پگھلی ہوئی چیز کو سالن کے طور پر استعمال کرنا۔
سَغْبٰی ۔ بھوکی۔ ج:۔ سِغَاب۔
سَغْسَغَة ۔ ہلانا۔ زمین میں دھونس دینا۔ تیل کی مالش کرنا۔ کھانے میں تیل ڈالنا۔
سَغِل ۔ کمزور اور ضعیف بدن کا آدمی۔ بدخلق بہت کھانے والا۔
سَغَل ۔ (س) نحیف و کمزور ہونا۔

س۔ف

سَفّ ۔ (ن) کھجور کے پتوں کی چٹائی بننا (س) سفوف بنانا۔ سفوف کھانا (پانی) بہت پینا۔ مگر سیراب نہ ہونا۔

سِفّ چت کبرا سانپ۔ اڑنے والا سانپ۔ ج:۔ سُفُوف۔
سَفّاح ۔ بہت بخشش کرنے والا۔ بہت بکھیرنے والا۔ خوش بیان۔ عبد اللہ بن محمد بن عبد اللہ بن عباس کا لقب (خلفاء عباسیہ میں اول خلیفہ)
سِفاح ۔ مُسَافَحۃ ۔ بدکاری کرنا۔ زنا کرنا۔
سِفاد ۔ (ن۔ ض) نر کا مادہ سے جفتی کرنا۔
سِفار ۔ مہار۔ نکیل ۔ ج:۔ اَسْفِرَۃ۔ سُفُر۔ سَفَائِر۔
سِفَارَۃ ۔ ایلچی گری۔
سُفَارَۃ ۔ گھر کا کوڑا۔
سُفَاطَۃ ۔ گھر کا ساز و سامان۔
سَفَاقَۃ ۔ بے شرمی۔ بے حیائی۔ مص (ك) بے شرم و بے حیا ہونا۔
سَفّاك ۔ خوش تقریر۔ قادر الکلام۔ بہت خون بہانے والا۔
سَفَال۔ سُفُول۔ (ك۔س۔ن) پست ہونا۔ بوڑھا ہونا۔
سُفَالَۃ ۔ ہر چیز کا نچلا حصہ۔
سَفَالَۃ ۔ کمینہ پن مص (ك) کمینہ ہونا۔ نیچ ہونا۔
سَفّان ۔ کشتی ساز۔ کشتی والا۔
سِفَانَۃ ۔ کشتی سازی۔
سَفَاھَۃ۔ سَفَہ۔ بے وقوفی۔ مص (ك) بے وقوف ہونا۔
سُفّۃ ۔ کنج چھنی دوا۔ سفوف۔ موباف۔ جس سے عورتیں بال باندھتی ہیں۔
سَفْت ۔ (س) سیراب نہ ہونا۔ اور بہت پینا۔

سَفْتَجَۃ ۔ چک۔ ہنڈی۔ ج:۔ سَفَاتِج۔ (د)
سَفْح ۔ سُفُوح ۔ (ف) بہانا۔ بکھیرنا۔
سَفْحُ الْجَبَل۔ پہاڑ کی جڑ۔ ج:۔ سُفُوح۔
سَفْح ۔ سُفُوح۔ سَفَحَان۔ (ف) آنسو بہانا۔
سَفْر ۔ نشان۔ ج:۔ سُفُور۔ مص (ض) سر وغیرہ ننگا کرنا۔ جھاڑو دینا۔ پراگندہ کرنا۔ روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔ کھل جانا۔ (عن) (عورت کا اپنا چہرہ) کھولنا۔
سَفْر ۔ سَفَارَۃ (ض۔ن) تیز اڑنا۔ (بین) لوگوں میں باہم صلح کرا دینا۔ ایلچی گری کرنا۔
سَفَر ۔ سفر۔ صبح کی سپیدی۔ غروب آفتاب کے بعد دن کی سپیدی کا بقیہ۔ ج:۔ اَسْفَار
سِفْر ۔ بڑی کتاب۔ لکھا ہوا۔ ج:۔ اَسْفَار
سَفَرَۃ ۔ لکھنے والے۔ فرشتے جو آدمیوں کے اعمال لکھتے ہیں۔
سُفْرَۃ ۔ مسافر کا توشہ۔ توشہ دان (د) میز میز پوشش۔
سَفَرْجَل۔ بہی (ایک میوہ) ج:۔ سَفَارِج۔
سُفْرَجِیّ ۔ باورچی (د)
سَفْسَاف ۔ نکما اور خراب حصہ۔ نکما مال۔ گرد و غبار۔ حقیر کام۔ آٹے کا غبار جو چھاننے کے وقت اڑتا ہے۔
سَفْسَفَۃ ۔ چھاننا۔ کام ٹھیک طور پر نہ کرنا۔
سَفَط ۔ عطر دان۔ مچھلی کے جسم کی کھال ج:۔ اَسْفَاط
سَفْع ۔ (ف) مارنا۔ چانٹے مارنا۔ نشان لگانا۔ جھلس دینا۔ (ب) کسی چیز کو پکڑ کر کھینچنا۔
سَفْك ۔ بہانا۔ کلام کا طول دینا۔

سِفْل ۔ سِفْلَۃ ۔ سِفَالَۃ ۔ پستی۔

سَفِلَۃ ۔ کمین اور نیچ لوگ ۔ و ا ۔ سَافِل ۔

سُفْلیٰ ۔ بہت نیچی اَسْفَل ۔ کا مؤنث ۔

سَفْن ۔ (ض) چھال اُتارنا۔ چھلکا دور کرنا۔

سَفَن ۔ کلہاڑی۔ تراشنے کا آلہ۔ ایک سخت کھال جو تلوار کے قبضہ پر لگائی جاتی ہے۔

سُفُوّ ۔ (ن) تیز چلنا۔ تیز اڑنا۔

سَفُّوْد ۔ کباب کی سیخ ۔ ج:۔ سَفَافِیْد۔

سَفُوْف ۔ کٹی اور چھنی ہوئی خشک دوا۔

سَفَہ ۔ سَفَاہَۃ (ف ۔ ك ۔ س) خود کو بے عقل کرنے پر آمادہ اور تیار کرنا۔ کسی کو بیوقوف کہنا یا سمجھنا۔ ہلاک اور تباہ کرنا۔ نادانی کرنا۔ بہت شراب پینا۔ اور سیراب نہ ہونا۔

سَفِیْط ۔ جوانمرد سخی آدمی۔ معزز و محترم ۔ حقیر و ذلیل (لغات اضداد سے ہے)

سَفِیْف ۔ شیطان کا نام ۔ کجاوہ اور پالان کا تنگ۔

سَفِیْق ۔ سخت بنا ہوا کپڑا۔

سَفِیْك ۔ خون جو بہا دیا گیا۔

سَفِیْنَۃ ۔ کشتی ۔ ج:۔ سَفَائِن ۔ سُفُوْن ۔ سُفُن۔

سَفِیْنَۃٌ تَوْرِبِیْدِیَّۃ ۔ تارپیڈو کشتی (د)

سَفِیْنَۃٌ مُدَمِّرَۃ ۔ تباہ کن جہاز۔ (د)

سَفِیْنَۃٌ مُدَرَّعَۃ ۔ زرہ پوش جہاز (د)

سَفِیْنَۃُ الْھَوَاء ۔ ہوائی جہاز۔ (د)

سَفِیْہ ۔ نادان ۔ جو مال کی قدر نہ جانے ۔ مال کو بے جا صرف کرنے والا ۔ ج:۔ سُفَھَاء۔ (ھ) سَفِیْھَۃ ۔ ج:۔ سَفِیْھَات۔

س ۔ ق

سِقَاء ۔ مشک ۔ ج:۔ اَسْقِیَۃ ۔ جج اَسَاقِی۔

سَقَّاء ۔ پانی دینے والا ۔ ج:۔ سَقَّاءُوْن ۔

سِقَاب ۔ خون آلود روئی جسے مصیبت زدہ عورت سر پہ ڈالتی ہے۔

سُقَاط ۔ جو چیز کسی چیز میں سے گر جائے۔

سِقَاط ۔ پرندہ کا بازو۔ حساب وغیرہ کی بھول چوک پھل جو پکنے سے پہلے گر جائے۔ قول و فعل میں لغزش مص (گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے) آگے نکل جانا۔ باری باری گفتگو کرنا۔

سَقَّاط ۔ ردی سامان کا بیچنے والا۔ کباڑی۔ بہت تیز و قاطع تلوار۔

سِقَاع ۔ وہ کپڑا جو تیل سے حفاظت کے لیے عورتیں دوپٹہ کے نیچے رکھتی ہیں۔

سِقَالَۃ ۔ جہاز پر چڑھنے کا مصنوعی زینہ۔ (د)

سَقَام ۔ بیماری ۔ مص (ك) بیمار ہونا۔

سِقَایَۃ ۔ پانی پلانے کا پیشہ۔ پانی پینے کی جگہ پانی پینے کا برتن۔ گلاس۔

سَقَب ۔ نزدیکی ۔ قرب ۔ مص (س ۔ ن) نزدیک ہونا۔

سَقْب ۔ اونٹ کا نوزائیدہ بچہ ۔ ج:۔ اَسْقُب۔ خیمہ کا ستون ۔ ج:۔ سِقْبَان۔

سَقَح ۔ گنج ۔ مص (س) گنجا ہونا۔

سَقْر ۔ شکرا۔ رس ۔ مص (ن) دھوپ کی تپش کا منہ کے رنگ کو متغیر کر دینا۔

سَقَر ۔ دوزخ ۔

سَقَط ۔ خراب ونکما سامان۔ رسوائی۔ حساب و کتاب میں غلطی ۔ ج:۔ اَسْقَاط۔
سِقْط ۔ سُقْط۔ سَقْط ۔ (مثلثہ) ناتمام بچہ جو پیٹ سے گر جائے ۔
سَقْطُ الرَّمل۔ (مثلثہ) ریت کا ٹیلہ۔
سِقْطُ الزَّنْد۔ چقماق سے جو پتنگے جھڑیں ۔
سَقْطَۃ ۔ لغزش ۔ج:۔ سِقَاط۔ مص (ن) ٹھوکر کھانا ۔ خطا کرنا ۔
سَقَطِیّ۔ ردی سامان بیچنے والا ۔ کباڑی ۔
سُقْع ۔ گھر۔ کنارہ ۔ج:۔ اَسْقَاع۔
سَقْع ۔ (ف) ہتھیلی سے مارنا ۔ برا بھلا کہنا ۔ آواز نکالنا۔ چلا جانا۔
سَقْف ۔ چھت ۔ آسمان ۔ ج:۔ سُقُوف۔
سُقُف ۔ مص (ن) گھر کو پاٹنا ۔
اَلسَّقْفُ الْمَرْفُوْع ۔ آسمان ۔
سَقَف ۔ (س) لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔
سَقْل ۔ (ن) مانجھنا ۔ صاف کرنا ۔
سَقْلَبَۃ ۔ بچھاڑنا ۔ زمین پر دے مارنا ۔
سُقْم ۔ سَقَم ۔ بیماری۔
سَقْمُوْنِیَا ۔ ایک بوٹی کی جڑ کی خشک کی ہوئی۔ رطوبت (ایک دست آور دوا)
سَقَنْقُوْر ۔ ایک دریائی جانور۔ اس کا گوشت بہت مبہی ہے۔
سَقُوْط ۔ گرا ہوا ۔
سُقُوْط ۔ (ن) گرنا (چاند کا) چھپ جانا ۔ ناتمام بچہ کا پیٹ میں سے گر پڑنا ۔ گرمی کا ایک دم زور پکڑنا ۔ (لوٹ پڑنا) رک جانا ۔ دور ہونا [فی] گفتگو میں غلطی کرنا [الی] کسی گروہ کا آدھمکنا [ب ع] لغزش کرنا ۔ بھولا [فی] پشیمان ہونا جیسے سُقِطَ زَیْدٌ فِیْ یَدِہٖ (د) امتحان میں فیل ہونا۔
سَقِیّ ۔ وہ زمین جس کی آبپاشی نہر کے پانی سے کی جائے ۔ بڑی بڑی بوندوں کا مینہ ۔ ج:۔ اَسْقِیَۃ ۔ نرکل ۔ کھجور کا درخت وا:۔ سَقِیَّۃ ۔
سَقْی ۔ (ض) پانی دینا ۔ کسی کو سیراب ہونے کی دعا دینا ۔ (سَقْیًا لَكَ کہنا) استسقاء کا مرض ہو جانا ۔ کسی کی عیب گیری کرنا ۔
سِقْی ۔ سیراب ۔ پانی دیا ہوا کھیت ۔ پانی کا حصہ ۔ پانی وغیرہ ۔ ج:۔ اَسْقِیَۃ ۔
سُقْیَا ۔ پانی دینا ۔ (اسم مصدر ہے)
سَقِیْبَۃ ۔ خیمہ کا ستون ۔ ج:۔ سَقَائِب
سَقِیْط ۔ احمق آدمی ۔ برف ۔ شبنم ۔ ج:۔ سَقْطٰی
سَقِیْطَۃ ۔ کم عقل ۔ کمین عورت ۔
سَقِیْفَۃ ۔ چبوترہ ۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو باندھنے کی لکڑیاں ۔ کشتی کا تختہ ۔ ج:۔ سَقَائِف۔
سَقِّیْفٰی ۔ (ن) نصاریٰ کا سردار اور پیشوا ہونا ۔ پادری ہونا ۔
سَقِیْم ۔ بیمار ۔ ج: سِقَام ۔

س ۔ ك

سَكّ ۔ لوہے کی میخ ۔ تنگ حلقوں کی زرہ ۔ ج:۔ سِكَاك ۔ سُكُوْك ۔ مص (ن) کواڑ وغیرہ میں لوہے کی میخیں ٹھوکنا ۔ کان کا سوراخ تنگ ہو جانا ۔
سُكّ ۔ بچھو وغیرہ کا سوراخ ۔ وہ راستہ جس کا دوسرا سرا بند ہو ۔
سَكَّاء ۔ مادہ شترمرغ ۔ چھوٹے کانوں والی عورت

ج۔ سُلک

سُکَات ۔ لمبی خاموشی۔ کسی چیز کا نمتھیٰ ۔ جو چیز خاموش کر دے ۔

سَکَّار ۔ شراب بیچنے والا۔

سُکَارٰی ۔ بیہوش و مست لوگ ۔ وا:۔ سَکْرَان

سِکَافَۃ ۔ موچی کا پیشہ۔ کفش گری ۔

سُکَاک ۔ فضا ۔ جو ۔

سَکَّان ۔ چھری بنانے والا۔

سُکَّان ۔ باشندگان وا:۔ سَاکِن۔ کشتی کا دُنبالہ۔

سَکْب ۔ بہنے والا تانبا ۔ رانگ ۔ گھوڑا تیز رفتار و سُبک رفتار۔ کشادہ قدم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گھوڑے کا نام جو سب سے پہلے آپ کی ملک میں آیا۔ مص (ن) پانی بہانا۔

سَکَب ۔ ایک خوشبودار درخت ۔ لالہ ۔ وا:۔ سَکَبَۃ ۔

سِکِّیت ۔ ہمیشہ خاموش رہنے والا۔ کم سخن آدمی۔ کہ جب بولے تو خوب بولے ۔

سَکْت سُکُوت۔ سَاکُوتَۃ ۔ (ن) چپ ہونا ۔ مرجانا۔ قرار پکڑنا ۔ دب جانا۔ روپیہ وغیرہ ۔ روپیہ پیسہ وغیرہ کا ٹھپا۔ پھاوڑا۔

سِکَّۃُ الْحَدِیْد ۔ ریلوے لائن ۔ (د)

سَکْتَۃ ۔ ایک بیماری (د) کوما ۔ ایک علامت وقف (د)

سُکْتَۃ ۔ وہ چیز جس سے بچہ کو چپ کیا جائے ۔

سَکْر ۔ (ن) کسی پہ جادو کرنا۔ نہر وغیرہ بند کرنا ۔ بھرنا۔

سِکْر ۔ پانی کا بند۔ بند کرنے کی چیز ۔ نہر کا بند کنارہ ۔ ج:۔ آسْکَار ۔

سُکْر ۔ شراب وغیرہ کا نشہ۔ شراب ۔ ہر نشہ آور چیز۔

سَکَرَان ۔ (س) مخمور ہونا۔ نشہ میں ہونا ۔ مست ہونا۔

سِکِّیر ۔ نشہ میں چور۔ جو ہمیشہ نشہ میں چور رہے۔

سَکَر ۔ شراب۔ ہر نشہ آور چیز۔ سرکہ ۔ طعام ۔ شکم پُری ۔ غصہ ۔

سَکْرَۃ ۔ ضلالت۔ گمراہی۔ مستی ۔ شدت ۔ سختی ۔ ج:۔ سَکَرَات ۔

سُکَّر ۔ شکر۔ تر و تازہ اور عمدہ کھجور۔

سَکْرَان ۔ نشہ میں چور۔ مست۔ ج:۔ سُکَارٰی (م) سَکْرٰی ۔ سَکْرَانَۃ ۔

سَکْرَۃ ۔ نشہ۔ مستی ۔ گمراہی۔

سَکْرَۃُ الْمَوْت ۔ موت کی سختی اور غفلت و غشی ج:۔ سَکَرَات ۔

سَکْرَۃُ الْحَمّ ۔ غم کی شدت ۔

سَکْرِتِیْر ۔ سکرٹری ۔ ناظم ۔ (د)

سُکُرُّجَۃ ۔ تشتری ۔ (سکورہ کا معرب)

سَکِع ۔ مسافر آدمی ۔ غریب الوطن ۔

سَکْع ۔ (ف) چلنا۔ جانا۔ سراسیمہ ہو کر چلنا ۔ مقیم ہونا ۔ ٹھہرنا۔

سَکَف ۔ (س) دروازہ کی چول بنانا۔

سَکَک ۔ بہراپن ۔ کان کی چھوٹائی ۔

سِکْل ۔ ایک سیاہ رنگ کی بڑی مچھلی ۔ ج:۔ آسْکَال ۔

سَکْن ۔ غذا۔ خوراک ۔ گھر کے رہنے والے ۔ وا:۔ سَاکِن ۔

سَکَن ۔ راحت ۔ آرام ۔ جائے سکونت ۔ سکونت ۔

سَکِنَۃ ۔ رہنے کی جگہ ۔ ج :۔ سَکِنَات ۔
سُکنیٰ ۔ رہنے کی جگہ ۔ گھر ۔
سُکُوب ۔ (ن) پانی کا بہنا ۔
سَکُوت ۔ بہت چپ رہنے والا ۔ کم سخن (مذکر و مؤنث)
سَکُور ۔ ہمیشہ نشہ میں چور رہنے والا ۔
سُکُور ۔ سکران ۔ (ن) ہوا کا ٹھہرنا اور رک جانا
سِکُوتا ۔ ہمیشہ (د)
سَکُوک ۔ کنواں جس کا منہ چھوٹا اور تنگ ہو ۔
سُکُون ۔ (ن) آرام لینا ۔ ٹھہر جانا ۔ محتاج ہو جانا ضعیف ہونا ۔ گھر میں قرار پکڑنا مرجانا مسکین ہو جانا ۔
سَکِیّ ۔ لوہے کی میخ ۔ کیل ۔
سَکِیب ۔ بہنے والا ۔
سِکِّیت ۔ ہمیشہ چپ رہنے والا ۔
سِکِّیر ۔ ہمیشہ نشہ میں چور رہنے والا ۔
سِکِّین ۔ چھری ۔ ج :۔ سَکَاکِین ۔
سَکِینَۃ ۔ اطمینان ۔ قرار ۔ تسلی ۔ تسکین ۔ آہستگی ۔ تیز ہوا ۔
سِکِّینَۃ ۔ چھری ۔ قرار و آرام ۔ آہستگی ۔

س ۔ ل

سَل ۔ بوڑھا آدمی (ن) تلوار وغیرہ سونتنا ۔ کسی چیز کو نرمی سے نکال لینا ۔ (ض) دانتوں کا گر جانا [مجہولاً] سِل کی بیماری سے دبلا اور کمزور ہو جانا ۔
سِل ۔ پھیپھڑے کی ایک مہلک بیماری ۔ لاغری ۔
سَلْء ۔ (ف) تلوں وغیرہ میں سے تیل نکالنا ۔ گھی نکالنا ۔ کوڑے مارنا ۔ جلد دیدینا ۔
سَلیٰ ۔ جیل (وہ جھلی جس میں بچہ ہوتا ہے) ج :۔ اَسْلَاء ۔ مص (س) جیل کا علیحدہ ہونا [عن] کسی سے بے غم ہونا ۔
سِلَاء ۔ روغن کشی ۔ ج :۔ اَسْلِیَۃ ۔
سِلَاب ۔ سوگ کا کپڑا ۔ ج :۔ سُلُب ۔
سَلَّابَۃ ۔ چھین کر لے جانے والا ۔ (مذکر و مؤنث)
سُلَاجِم ۔ لمبا ۔ بڑی عمر کا اونٹ ج :۔ سَلَاجِیم ۔
سِلَاح ۔ ہتھیار ۔ لڑائی کا سامان ۔ تلوار ۔ ہاتھ کی چھڑی ۔ ج :۔ اَسْلِحَۃ ۔
سُلَاح ۔ گوبر ۔ پاخانہ ۔
سُلَاس ۔ بے ہوشی ۔ وارفتگی ۔
سَلَاسِل ۔ زنجیریں ۔ سطریں ۔ و :۔ سِلْسِلَۃ ۔
سَلَاطَہ ۔ چٹنی ۔ اچار (د)
سَلَاطَۃ ۔ سُلُوطَۃ ۔ (ک ۔ س) زبان دراز ہونا ۔ زبردست ہونا ۔
سُلَافَۃ ۔ ہر چیز کا نچوڑ ۔ اس عرق سے بنائی ہوئی شراب جو انگور نچوڑنے سے پہلے بہ پڑے
سُلَاق ۔ پھنسی جو زبان کی جڑ پر نکل آتی ہے ۔ یا دانتوں کے جڑوں کی پھٹن ۔
سُلَال ۔ سِل کی بیماری ۔
سُلَالَۃ ۔ جو چیز کسی چیز میں سے نکالی جائے ۔ خلاصہ ۔ اولاد ۔ نطفہ ۔
سَلَام ۔ خدا تعالےٰ کا ایک نام ۔ سلامت ہر نقصان و عیب سے پاک ۔ دعاء سلامتی (سلام) سانپ کا کاٹا ہوا ۔ ایک کڑوا درخت ۔
سَلَامَۃ ۔ (س) نقصان سے پاک ہونا ۔ رہائی پانا ۔ بے عیب ہونا ۔

سُلَامی ۔ اونٹ کے جسم کی ہڈی ۔ ہاتھ پاؤں کی انگلی کی ہڈی ۔ ج : ۔ سُلَامِیات ۔
سَلَامی ۔ جنوبی ہوا ۔
سَلْب ۔ سبک وتیز رفتار مص (ن) چھین لینا
سِلْب ۔ کھیتی کا بڑا اوزار ۔ ہل ۔
سُلُب ۔ جس کے پیٹ سے ناتمام بچہ گر گیا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو ۔
سَلِیب ۔ لمبا اور ہلکا ۔
سَلَب ۔ چھینا ہوا ۔ ذبیحہ کا پیٹ اور کھال وغیرہ ۔ بانس کا چھلکا اور چھال (د) چقندر ج : ۔ اَسْلَاب ۔ مص ۔ (س) عورت کا ماتمی لباس پہننا ۔
سُلُبَة ۔ برہنگی ۔
سَلُوب ۔ اچک لینے والا ۔ چھین لینے والا ۔ (مذکر و مؤنث)
سَلْت ۔ ہاتھ سے (ادجہ) نکالنا ۔ (ناک) جڑ سے کاٹ ڈالنا ۔ (بال) مونڈنا ۔ کاٹنا (پیالہ کا پانی) انگلی سے صاف کرنا ۔ (مہندی لگی ہوئی) صاف کرنا ۔ مارنا ۔
سَلْتَاء ۔ عورت جس نے مہندی نہ لگائی ہو ۔ ج : ۔ سُلْت ۔
سِلَّة ۔ تلوار سوتنے کی نوعیت ۔
سَلَّة ۔ چوری ۔ ٹوکری ۔ ج : ۔ اَسْلَال ۔
سِلَال ۔ سِل کی بیماری ۔
سِلْتِم ۔ بلا سختی ۔ بھوت ۔ قحط ۔ بہت بوڑھا اونٹ جس کے تمام دانت گر گئے ہوں ۔ ج : ۔ سَلَاتِم ۔
سَلْج ۔ سَلَجَان ۔ (س) نگلنا بچہ کا ماں کا دودھ پینا ۔
سَلْجَم ۔ شلغم ۔
سُلَح ۔ چکور کا بچہ ۔ ج : ۔ سِلْحَان ۔
سِلَح ۔ لڑائی کا سامان ۔ ہتھیار ۔
سَلْح ۔ (ف) مسلح کرنا ۔ لڑائی کا سامان دینا ۔ گوبر کرنا ۔
سُلْحَان ۔ لڑائی کا سامان ۔ ہتھیار ۔
سُلَحْفَاة ۔ سَلَحْفَاة ۔ کچھوا ۔ ج : ۔ سَلَاحِف ۔
سِلْخ ۔ سانپ کی کینچلی ۔
سَلْخ ۔ بکری اور بھیڑ کی کھال ۔ مص (ف ن) کھال اتارنا (مہینہ کا) ختم ہو جانا ۔ دن کو رات سے باہر نکالنا (سانپ کا کینچلی میں سے) نکلنا ۔ عورت کا اپنے لباس کو اتارنا ۔
سَلْخَانَة ۔ مذبح ۔ کمیلا (د)
سَلِس ۔ نرم ۔ آسان ۔ تابعدار ۔
سَلِسُ الْبَوْل ۔ مثانہ کی ایک بیماری ۔ جس کی وجہ سے آدمی پیشاب نہیں روک سکتا ۔
سَلَس ۔ نرمی ۔ آسانی مص (س) لکڑی کا بوسیدہ اور ریزہ ریزہ ہونا ۔ [مجہولاً] دیوانہ اور بے ہوش ہونا ۔
سَلْسَال ۔ خوشگوار ۔ شیریں اور سرد پانی ۔ خوشگوار شراب جو فوراً گلے میں اتر جائے ۔
سَلْسَبِیل ۔ ہر نرم چیز ۔ شراب ۔ بہشت کا ایک چشمہ ۔
سَلْسَل ۔ خوشگوار ۔ شیریں ۔ صاف و سرد پانی خوشگوار شراب ۔
سَلْسَلَة ۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے جوڑنا ۔

پانی بہانا۔ کھانا۔
سِلْسَلَۃ۔ زنجیر۔ ج:۔ سَلَاسِل۔
سَلْط۔ زبان دراز۔ ملک شام میں ایک مقام لمبی زبان والا آدمی۔
سُلْط۔ تسلط۔ تقرر۔
سُلْطَۃ۔ سلطنت۔ طاقت۔ حکومت۔ اقتدار (د)
سُلْطَان۔ حکومت۔ دلیل۔ قدرت۔ حاکم۔ بادشاہ۔ ج:۔ سَلَاطِیْن۔ (م) سُلْطَانَۃ۔ (ملکہ)
سُلْطَانُ الدَّم۔ خون کا جوش۔
سَلْطَانَۃ۔ زبان دراز عورت۔
سِلْطَۃ۔ لمبا اور باریک تیر۔ کپڑا جس میں بھس وغیرہ بھرا جائے۔ ج:۔ سِلَط۔ سِلَاط۔
سَلْع۔ پاؤں کی پھٹن مص (ف) سر ٹوٹ جانا۔
سَلَع۔ ایک تلخ درخت۔ زہر کی ایک قسم۔ مص (س) پاؤں کا پھٹنا۔ فساد مزاج کی وجہ سے ابلق ہو جانا۔
سِلْع۔ مثل و مانند۔ پہاڑ کا شگاف۔ ہم عمر و ہم زاد۔ ج:۔ اَسْلَاع۔ سُلُوْع۔
سِلْعَۃ۔ تجارتی سامان۔ رسولی۔ ج:۔ سِلَع۔
سَلَغ۔ (س) گوشت کا نہ پکنا۔
سَلْغَف۔ گول بدن کا موٹا تازہ ج:۔ سَلَاغِف۔
سَلْف۔ توشہ دان ج:۔ سُلُوْف۔ اَسْلُف (ن) زمین میں ہل چلانا۔ یا تختہ سے ہموار کرنا۔
سَلَف۔ ایک قسم کی بیع جس میں قیمت پہلے دیدی جائے۔ قرض جو بغیر سود کے ہو۔ نیک کام جس کو ذخیرۂ آخرت بنایا گیا۔ باپ دادا جن کا انتقال ہو چکا۔ کوئی بچہ جو مر چکا۔ ج:۔ سُلَّاف۔ اَسْلَاف۔
مص (ن) گذر جانا۔ ختم ہو جانا۔ آگے جانا۔ (توشہ دان پر) روغن ملنا۔
سَلِف۔ چھلکا۔ ساڑھو۔ ج:۔ اَسْلَاف۔
سُلَف۔ چکور کا بچہ۔ ج:۔ سِلْفَان۔
سِلْفَۃ۔ دو بھائیوں کی بیویاں۔ آپس میں ایک دوسرے کی سلفہ کہلاتی ہیں۔ یعنی دیورانی اور جیٹھانی۔
سُلْفَۃ۔ ناشتہ کا کھانا۔ وہ کھانا جو کسی آنے والے کے لیے تیار کیا جائے۔ ج:۔ سُلَف۔
سَلْق۔ (ن) چت گرانا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ اور سخت بات کہنا۔ چت لٹا کر جماع کرنا۔ توشہ دان وغیرہ پر روغن ملنا۔
سَلَق۔ موصل میں ایک بلند پہاڑ کا نام۔ چوپایہ کی پشت کے زخم کا نشان۔
سِلْق۔ چقندر۔ بھیڑیا۔ ج:۔ سُلْقَان۔
سَلْقَۃ۔ اچھی مٹی والی ہموار زمین۔ ج:۔ اَسْلَاق۔ سُلْقَان۔
سِلْقَۃ۔ زبان دار اور بد زبان عورت۔ ج:۔ سُلْقَان بھیڑیے کی مادہ۔ ج:۔ سِلَق۔
سَلْقَع۔ سخت جگہ۔ ج:۔ سَلَاقِع۔
سَلْک۔ سُلُوْک۔ (ن) چلنا۔ چلانا۔ بھرنا۔ (گریبان میں) ہاتھ ڈالنا۔
سُلَک۔ چکور کا بچہ۔ ج:۔ سُلْکَان۔
اَلسِّلْکُ الْبَرْقِی۔ تار برقی کا آہنی تار (د)
سِلْکَۃ۔ ڈورا۔ ج:۔ سِلْک۔ اَسْلَاک۔

سُلکیٰ ۔ سیدھا نیزہ منہ کے مقابل مارنا۔ صحیح و درست کام۔
سُلَّم ۔ سیڑھی رکاب۔ وسیلہ ج: سَلَالِم۔
سَلْم ۔ ایک گوشہ کا ڈول ج:۔ آسْلُم۔
سِلَام۔ مص (ن) سانپ کا کاٹنا۔
سِلْم ۔ صلح۔ صلح کرنے والا۔ مذہب اسلام سلام۔ دعا، سلامتی ج: سِلَام۔ آسْلَام۔
سَلَم ۔ سلام۔ دعا، سلامتی۔ قیدی۔ ایک درخت جس سے دباغت دی جاتی ہے وا: سَلَمَة۔ مص (س) قیمت کا پہلے سے دیدینا۔ کسی کی فرمانبرداری میں گردن خم کر دینا۔ قید کرنا۔
سَلْمَان ۔ ایک پہاڑ کا نام۔
سَلِمَة ۔ نازک اندام عورت۔ پتھر۔ ج:۔ سَلَام۔
سَلْمٰی ۔ عورت کا نام۔ قبیلہ طے کا ایک پہاڑ۔
سِلِنْقَاع ۔ کوندنے والی بجلی۔
سُلُوسِلی ۔ (ن۔س) خوش ہونا۔ بے غم ہونا
سُلُوغ ۔ (ف) چھٹے سال کے دانت گرا دینا۔ (گائے اور بکری وغیرہ کا)
سَلُوف ۔ پانی کی طرف آگے آگے جانے والا۔ تیز رفتار گھوڑا۔ ج:۔ سُلُف۔
سَلُوق ۔ یمن کے اندر ایک گاؤں ہے۔ جس کی طرف کتے اور زرہ منسوب ہیں۔
سَلْوٰی ۔ شہد۔ ایک پرندہ بٹیر کے مشابہ۔ جسے ہندی میں گو آ کہتے ہیں۔ وا:۔ سَلْوَاة۔ ہر تسلی بخش چیز۔
سَلِیب ۔ چھینا ہوا۔ جس کی عقل زائل ہو گئی ہو۔

ج:۔ سَلْبیٰ۔ سُلُب۔
سَلِیط ۔ زبان دراز۔ سخت۔ خوش تقریر۔ تیل کشید کیا ہوا۔ تیز و تند۔
سَلِیطَة ۔ زبان دراز عورت ۔ ج:۔ سَلَائِط۔
سَلِیف ۔ جو پہلے سے جا چکا۔
سَلِیق ۔ درخت سے جو پتا وغیرہ جھڑ جائے۔ راستہ کا کنارہ۔ ج:۔ سُلُق۔
سَلِیقَة ۔ طبیعت۔ پکایا ہوا ساگ۔ نشانِ قدم۔ ج:۔ سَلَائِق۔
سَلِیل ۔ بچہ نوزائیدہ۔ سوتی ہوئی تلوار۔ خالص شراب۔ ج:۔ سُلَّال۔
سَلِیلَة ۔ سوت کاتنے کی پونی۔ پیٹی۔ ج:۔ سَلَائِل۔
سَلِیم ۔ سانپ کا ڈسا ہوا۔ زخمی قریب ہلاک ج:۔ سَلْمٰی سُم کی ہڈی۔ درست اور ٹھیک۔ آفت و مصیبت سے محفوظ۔ ج:۔ سُلَمَاء۔
سُلَیمَان ۔ مشہور جلیل القدر پیغمبر جو حضرت داؤد علیہ السلام کے فرزند ارجمند تھے۔

س۔م

سَم ۔ سوراخ۔ لومڑی۔ زہر قاتل۔ ج:۔ سُمُوم۔ سِمَام۔ مص (ن) زہر دینا۔ کھانے میں زہر ملانا۔
سَمُّ الْفَار ۔ سنکھیا۔
سَمُّ الْحِمَار ۔ کنیر۔ خر زہرہ۔
سَمُّ السَّمَک ۔ ماہی زہرہ گھاس
سَمُّ الْخِیَاط ۔ سوئی کا ناکہ۔
سَمُّ آبْرَص ۔ چھپکلی۔

سَمَاء - آسمان. ج: سَمَاوَات - چھت ہر چیز کا بلند حصہ - سائبان - گھوڑے کی پیٹھ - ابر - اچھی بارش - گھاس ج: اَسْمِیَة -

سَمَاجَة - بدصورتی مص (ک) بدصورت ہونا -

سَمَاح - سَمَاحَة - سَمْح - سِمَاح (ک) سخاوت کرنا - بخشنا -

سَمَاحَةُ (فلان) تعظیمی لقب جو علماء کے نام یا ضمیر کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے -

سِمَاخ - کان کا سوراخ -

سِمَاط - دسترخوان - قطار - صف - ج: سُمُط -

سَمَاع - شنوائی - سنا ہوا - ذکر - ہر خوشگوار آواز -

سَمَاع - بمعنی اِسْمَعْ - سُن -

سَمَّاع - بہت سننے والا - ج: سَمَّاعُوْن -

سَمَّاعَة - بہت تیز کان -

سُمَاق - خالص جھوٹ - ہر خالص چیز -

سِمَاك - جس سے کسی چیز کو بلند کریں ج: سُمُك سینہ کا بالائی حصہ ہنسلی تک -

سَمَّاك - مچھلیاں بیچنے والا -

سِمَاكَان - دو ستارے - ایک کو سِمَاك اَعْزَل اور دوسرے کو سِمَاك رَامِح کہتے ہیں -

سَمَامَة - آدمی کا جسم - پرندوں کی ایک قسم اجڑے ہوئے مکان کا نشان - جھنڈا -

تیز رفتار اونٹنی - ج: سِمَام

سَمَّان - گھی فروخت کرنے والا -

سَمَانَة - سِمَن - (ک) موٹا ہونا - فربہ ہونا -

سُمَانَى ایک پرندہ ہے (واحد جمع)

سَمَاهِيج - ایک جزیرہ کا نام ہے -

سَمَادَة - چھت گیری - وہ پردہ جو چھت میں تانا گیا ہو -

سَمْت - راستہ - نیک طریقہ - مص (ن) (ض) گمان اور اٹکل سے راہ چلنا - (ض) راستہ دینا -

سِمَة - نشان - داغ - ج: سِمَات - مص (ض) نشان کرنا - داغ کرنا -

سَمِج - بدصورت - برا - ج: سِمَاج -

سَمْح - آسان - سخی آدمی - بے گرہ کی لکڑی - ج: سُمَحَاء -

سِمْحَاق - باریک سرے والا پوست -

سَمْحَة - فیاض عورت ج: سِمَاح - ایک بار سخاوت کرنا - موافق اور نرم کمان - مذہب جس میں تنگی نہ ہو -

سَمْخ - (ف) کان کے سوراخ پر مارنا - کھیتی میں پھول کھلنے لگنا -

سَمْر - سُمُور (ن) رات کو جاگنا اور افسانہ کہنا - شراب پینا - میخ ٹھوکنا -

سَمَر - رات - رات کا افسانہ - چاند کی روشنی - زمانہ - رات کی تاریکی - افسانہ گوئی کی مجلس -

سَمْرَاء - گیہوں -

سُمْرَة - گندمی رنگ مص (ک س) گندم گون ہونا -

سَمُرَة - جھاؤ کا درخت - ج: - اَسْمُر -
سِمْسَار - ایلچی - دلال - ج: - سَمَاسِرَة -
سِمْسَارُ الْاَرْض - جو احوال زمین سے خوب واقف ہو -
سَمْسَرَة - احوال زمین کا اچھی طرح ماہر ہونا -
(د) قہوہ خانہ -
سَمْسَم - لومڑی ٹھنگنا بھیڑیا - ج: - سَمَاسِم -
سُمْسُم - سرخ چیونٹی وا: - سُمْسُمَة -
ج: - سَمَاسِم -
سِمْسِم - دھنیا تل (کنجد) وا: - سِمْسِمَة -
ایک تل - ج: - سَمَاسِم -
سَمْسَمَة - لومڑی کا دوڑنا -
سِمْط - موتی کی لڑی - گلے کا ہالہ - پگڑی کا شملہ
چادر - چست وعقل مند - تیز دست
شکاری - ج: - سُمُوط -
سَمْط - (ض - ن) (چھری) تیز کرنا - لٹکانا -
سَمْع - شنوائی - کان سنی ہوئی بات -
ج: - اَسْمَاع - اَسْمُع - جج -
اَسَامِع - مص (س) سننا -
[من - ل] قبول کرنا - اطاعت کرنا -
[الی] کسی کی طرف کان لگانا -
متوجہ ہونا -
سَمَاعَة - سَمَاعِيَة - (س) سُننا -
سِمْع - ذکر خیر - ذکر خیر کرنے والا - لگڑ بگڑ کا بچہ
جو بھیڑیے کے نطفہ سے ہو - (م)
سِمْعَة -
سَمْعَة - ایک مرتبہ سننا - سننے والا کان -
سَمِعَة - سننے والا (کان)
سَمْك - چھت کا زیریں حصہ - ہر چیز کی بلندی -
مص (ن) بلند کرنا - بلند ہونا -

سَمَك - مچھلی - ج: - سِمَاك - سُمُوك
سَمَكَة - ایک مچھلی -
سَمْل - (ن) حوض وغیرہ صاف کرنا - اندھا
کر دینا - آنکھ نکال لینا [بین] صلح
کرانا -
سَمَل - پرانا کپڑا - حوض میں بچا ہوا پانی - ج: -
اَسْمَال
سَمَلَة - سُمْلَة - حوض اور برتن میں تھوڑا سا
بچا ہوا پانی - ج: - سُمُول - اَسْمَال -
سَمْلَق - چٹیل میدان - ج: - سَمَالِق -
سَمْلُوخ - کان کا میل -
سَمْن - گھی - مسکہ - ج: - اَسْمُن - سُمُون -
سُمْنَان - مص (ن) چرب کھانا
کھلانا - خود کو گھی میں ترکرنا -
سُمْنَة - ایک گھاس - موٹاپے کی دوا -
سَمَنْد - گھوڑا (فارسی)
سَمَنْدَر - سَمَنْدَل - ہندوستان کا ایک پرندہ
کہ آگ میں نہیں جلتا -
سُمْنِيَّة - ہندوستان کی ایک بت پرست
قوم جو تناسخ کی قائل ہے -
سَمْهَرِيّ - درست اور سیدھا نیزہ - سَمْهَر -
(ایک شخص جو نیزہ بناتا اور درست کرتا
تھا) کا بنایا ہوا نیزہ -
سُمُوّ - (ن) بلند ہونا - شکار کے لیے نکلنا -
نظر کرنا [ب] بلند کرنا -
سُمُود - (ن) تکبر اور نخوت سے سر اٹھانا - چلنے
میں خوب کوشش کرنا - چڑھنا -
سَمُّور - ایک جانور جس کی کھال کی پوستین
نہایت قیمتی ہوتی ہے - ج: - سَمَامِير -

سَمُوْد - تیز رفتار اونٹنی۔
سَمُوْع - سننے والا۔ ج: سُمُع۔
سُمُوْق - (ن) دراز ہونا۔ بلند ہونا۔
سُمُوْك - (ن) بلند ہونا۔ دراز ہونا۔
سُمُوْل - (ن ك) کپڑے کا پرانا ہوجانا۔
سَمُوْم - لو۔ ج۔ سَمَائِم۔
سُمُوْہ - (ف) اتنا چلنا کہ جس سے تھکن نہ پیدا ہو۔ مدہوش و متحیر ہونا۔
سَمِیّ - ہمنام۔ مماثل و مانند۔
سُمَیّ - چھوٹا نام (اسم کی تصغیر ہے)
سَمِیْد - میدہ۔
سَمِیْر - افسانہ گو۔
سَمِیْط - بھوننے کے لیے بکری کا بچہ جو بالوں سے پاک وصاف ہو۔ سبک چال مرد۔ پکی اینٹوں کا ردّہ۔
سَمِیْع - سنانے والا۔ سننے والا۔ خدا تعالےٰ کے اسماء صفات میں سے ایک اسم صفت یعنی اس کے ہر چیز کا جاننے والا شیر جو دور سے آدمی وغیرہ کی آہٹ معلوم کرلے۔ سننے والا کان۔
سُمَیْکَاء - مچھلی کا بچہ جسے شکھالیں۔
سَمِیْن - موٹا۔ ج:۔ سُمَنَاء۔
سَمِیْنَة - وہ زمین جس میں خالص مٹی ہی مٹی ہو۔ پتھر نہ ہوں۔

س۔ ن

سِنّ - دانت۔ زبان قلم۔ درانتی کا دندانہ۔ سال ج:۔ اَسْنَان۔ اَسُنّ۔ اَسِنَّة۔ عمر۔ ہم عمر۔ ج:۔ اَسْنَان۔

سَنّ - چھری وغیرہ کو سان پر تیز کرنا۔ سنان (بھال) کو نیزہ میں جڑنا۔ مسواک کرنا۔ سنان مارنا۔ دانت توڑنا۔ پانی گرانا۔ راستہ پر چلنا۔ مسلسل پانی بہانا (اور اگر ٹھیر ٹھیر کر بہادیں تو اسے شَنّ کہتے ہیں)
سَنَا - چمک
سَنَاء - بلندی۔ رفعت۔ علو۔
سَنَاب - سخت شر۔
سِنَاب - لمبی پیٹھ اور لمبے پیٹ والا۔
سِنَاج - دیوار میں چراغ کے دھوئیں کا اثر۔
سِنَاد - رسید۔ بیع نامہ (د)
سُنَّار - بلی۔
سِنَاط - کوسہ آدمی جس کے ڈاڑھی نہ ہو یا صرف ٹھوڑی پر ہو۔ اور رخسارے صاف ہوں۔ ج:۔ سُنُط۔ اَسْنَاط۔
سَنَاطَة - (ك) کوسہ ہونا۔
سِنَاف - اونٹ کے سینہ کا اگلا حصہ۔ رسی جو اونٹ کے سینہ پر باندھتے ہیں۔ ج:۔ سُنُف۔
سِنَام - کوہان۔ ج:۔ اَسْنِمَة۔ ہر چیز کا بلند حصہ
سِنَان - نیزا اور لکڑی کا تیز سرا۔ ہر چیز کی تیز نوک اور تیز حصہ ج:۔ اَسِنَّة۔ جس پر تلوار وغیرہ تیز کریں۔ یعنی سان۔
سَنَابَا - شریف آدمی۔
سَنِب - تیز قدم اور بہت دوڑنے والا۔ گھوڑا۔ ج:۔ سُنُوْب۔
سَنْبَة - زمانہ کا ایک حصہ۔ زمانہ ج:۔ سَنَابِت۔
سَنْبَة - بدخلقی جس کے ساتھ زود رنجی بھی ہو۔

سُنْبُك - چوپایہ کے سم کا اگلا حصہ۔ ج:۔ سَنَابِك۔

سُنْبُل - ایک خوشبودار بوٹی۔ خوشہ۔ ج:۔ سَنَابِل۔

سُنْبُلَة - خوشہ۔ ج:۔ سَنَابِل۔ آسمان کا ایک بُرج۔

سَنْبَلَة - کھیتی میں خوشہ آجانا۔ کپڑے کو کھینچنا۔

سَنَة - سال۔ قحط۔ قحط زدہ زمین۔ ج:۔ سِنُوْن۔ سَنَوَات۔

سِنَة - نیند کی سرگرانی۔ غنودگی۔ اونگ۔ مص (ض) اونگنا۔

سِنَّة - درہم کی مہر۔ دوشاخہ۔ تیز لہسن کا ایک جوا۔ ج:۔ سِنَن۔

سُنَّة - عادت۔ طبیعت۔ روش۔ طریقہ۔ چہرہ صورت۔ پیشانی۔ ج:۔ سُنَن۔

سُنَّةُ اللهِ - خدا کا حکم۔ خدا کا امر و نہی۔

سَنْجَاب - ایک جانور۔ بلی سے چھوٹا۔ ترکستان میں ہوتا ہے۔ جس کے بال نہایت نرم ہوتے ہیں اور اس کی کھال کی پوستین نہایت بیش قیمت ہوتی ہے۔

سِنْجَة - سنگین۔ (د)

سَنْجَةُ الْمِيْزَان - باٹ۔

سَنْجَرَف - شنگرف کا معرب۔

سِنْجَق - جھنڈا۔ علم۔ ضلع

سَنَخ - (س) خراب و متغیر ہوجانا۔ کھانا۔ بہت کھانا۔

سِنْخ - بخار کی تیزی۔ دانت کی جڑ۔ ج:۔ آسْنَاخ۔

سَنِخ - جس شہر کی آب و ہوا خراب ہو۔ اور وہاں کے باشندے اکثر بخار میں مبتلا رہیں۔

سَنْخَة - بدبو۔

سِنْد - ایک ملک کا نام۔ اس ملک کے باشندے۔ ایک دریا کا نام۔ اندلس کا ایک مقام۔ بلاد مغرب کا ایک شہر۔

سَنَد - اونچی چیز جس پر کمر لگائیں۔ پہاڑ۔ سہارہ حدیث کے راویوں کے ناموں کا سلسلہ۔ ج:۔ آسْنَاد۔

سَنْدَان - لوہار کا ایک اوزار جس پر رکھ کر لوہے پر چوٹ ماری جاتی ہے۔

سُنْدُس - ایک ریشمی کپڑا۔ دیبا۔

سُنْدُوْق - صندوق۔

سِنْف - درخت آتش زنہ کا پتہ۔ باقلا کا چھلکا۔ جس کا دانہ کھالیا ہو۔ ج:۔ سِنَفَة۔

سَنَف - (ن ض) اونٹ کے سینہ پر رسی باندھنا۔ آگے نکل جانا۔

سَنِق - (س) ہاضمہ خراب ہوجانا۔

سَنِم - بلند گھاس جس میں کلی نکل آئی ہو۔ بلند کوہان والا اونٹ۔

سَنَن - روش۔ طریقہ۔

سَنَنُ الطَّرِيْق - کھلا راستہ۔

سَنُو - (ن) سیراب کرنا۔ بلند ہونا۔ (آگ کے شعلوں کا) بجلی چمکنا۔ کھولنا۔

سَنُّوْت - مسکہ۔ پنیر۔ شہد۔

سُنُوْح - سَنَح [ل] ظاہر ہونا آسان ہونا [عن] پھیر دینا [ب و علی] گناہ میں ڈال دینا۔

سُنُوْخ - (ن) [فی] کسی چیز میں مضبوط اور راسخ ہونا۔

سُنُوْد ۔ (ن)،[الی] کمر لگانا۔ [فی] پہاڑ پر چڑھنا[ل] قریب پہنچنا۔

سِنَوْر ۔ بلی۔ سردار۔ گردن میں ہڈی کے منکے۔ دم کی جڑ۔ ج:۔ سَنَانِیْر۔

سُنُوْع ۔ سَنَاعَۃ۔(ن۔ف۔ك) خوبصورت ہونا۔ اچھا ہونا۔

سَنُوْن ۔ منجن۔

سَنِیّ ۔ بلند۔

سَنْیٌ ۔ (ض) کھولنا۔ آسان ونرم کرنا۔

سِنًی ۔ (س) بلند ہونا۔

سَنِیْج ۔ چراغ۔

سَنِیْعَۃ ۔ پہاڑی راستہ۔ خوب صورت عورت۔ موزوں اندام نرم ونازک۔ ج:۔ سَنَائِع۔

سَنِیْن ۔ برادہ۔ ہم عمر۔ ہم جولی۔ تیزکی ہوئی چھری وغیرہ۔ زمین جس کی گھاس چر لی گئی ہو۔ ج:۔ اَسِنَّاء۔

سَنِیْنَۃ ۔ ریت کا اونچا ٹیلہ۔ ج:۔ سَنَائِن۔ ہوا۔ ہمجولی۔

س۔و

سَوْء ۔ بے خیر آدمی۔ بد آدمی۔

سَوْء ۔ سَوَاء۔ سَوَاءَۃ۔ سَوَایَۃ۔ سَوَائِیَۃ۔(ن) غمگین کرنا۔

سُوْء ۔ بدی۔ غم۔ نگاہ کی کمزوری۔ خون بگڑ جانے سے برص کی بیماری۔ خیانت۔ آفت۔ آگ۔

سُوْءُالحِسَاب ۔ میزان اعمال میں اعمال کا پورا نہ اترنا۔

سُوْءُالعُمُر ۔ بہت بڑھاپا اور لاچاری کا زمانہ۔

سَوْءَاء ۔ بری عادت۔ بدصورت عورت۔

سَوَاء ۔ (ن) بدصورت اور قبیح ہونا۔

سَوَاء ۔ بجز۔ مثل۔ مانند۔ (واحد وجمع۔ مذکر و مؤنث) ج:۔ اَسْوَاء۔ سَوَاسِیَۃ۔

سَوَاءُالرَّاس ۔ سر کا بالائی حصہ۔

سَوْءَۃ ۔ قابل شرم امر۔ رسوائی۔ سخت برائی۔ بری عادت۔ ج:۔ سَوْءَات۔

سِوَاد ۔ آوازمص (مفاعلہ) کسی سے راز کہنا۔ سرگوشی کرنا۔

سَوَاد ۔ جسم۔ بدن۔ بہت مال۔ سیاہی۔ شہر کے گاؤں۔ نواح۔ جماعت۔ عام لوگ۔ دل کا سیاہ نقطہ۔ ج:۔ اَسْوِدَۃ۔ جج۔ اَسَاوِد۔

سَوَادُالاَمِیْر ۔ امیر کا مال واسباب۔

سَوَادُالبَطْن ۔ جگر۔

سُوَار ۔ شراب کی تیزی۔ ہر چیز کی تیزی۔

سَوَّار ۔ مدہوش جس کو شراب کا نشہ جلد چڑھے۔ جو بات جلد ذہن نشین ہو۔ شیر۔

سُوَاس ۔ ایک مرض جو گھوڑے کی گردن میں ہو جاتا ہے اور گردن کو سکھا دیتا ہے۔

سَوَّاط ۔ سپاہی جو کوڑے لگانے پر مقرر ہو۔ ج:۔ سَوَّاطُوْن۔

سُوَاع ۔ نوح علیہ السلام کی قوم کا ایک بت۔ مذی یا ودی۔

سَوَاعِد ۔ سرپستان کے سوراخ۔ دریا کی طرف جانے والے ندی نالے

سِوَاغ ۔ گلے میں اٹکے ہوئے نوالہ کو جو چیز نیچے اتار دے۔

سَوَاف - ہلاکت مص (س۔ن) ہلاک ہونا۔
سُوَاق - تنہ والا۔ موٹی پنڈلی والا۔
سَوَاقِط - نیچے نیچے پہاڑ۔
سَوَاك - نرم و آہستہ چال۔
سِوَاك - مسواک۔
سُؤَال - سَأَلَت۔ سَأَلَة۔ (ف) چاہنا۔ مانگنا [عن] پوچھنا۔
سُوى - راست۔ ہموار۔ برابر۔ بیچوں بیچ۔
سَوَام - چرنے والا۔
سُوَام - قیمت۔ ایک پرند۔
سَوْج - سَوَجَان - (ن) جانا اور کچھ دیر بعد آجانا۔
سَوْخ - (ن) [فی] کسی چیز میں گھس جانا۔ غائب ہوجانا۔
سَوَد - (س) کالا ہوجانا۔
سَوْد - ہموار۔ دامن کوہ جس میں کالے کالے سنگریزے بہت ہوں۔
سُوْد - کالے مرد۔ واحد اَسْوَد۔ کالی عورتیں۔ واحد سَوْدَاء۔ سرداری مص (ن) سردار ہونا۔
سُوْدُ الْبُطُوْن - دُبلے۔
سُوْدُ الْاَكْبَاد - دشمن لوگ۔
سَوْدَاء - ہرچیز پرانی گلی ہوئی۔ کالی (مؤنث)
سَوْدَاءَ الْقَلْب - دل کا سیاہ دانہ۔
سَوْذَق - سَوْذَنِيق - شکرہ۔ باز
سُوْر - شہرپناہ۔ اصیل اور اچھی نسل کا اونٹ۔ ج: اَسْوَار - سِيْرَان۔
سُؤْر - بچا ہوا۔ پس خوردہ۔ ج: اَسْآر۔

سَوْر - سُؤُور (ن) شراب کا دماغ پر اثر کرنا اور نشہ چڑھنا۔ دیوار پر چڑھنا [الی] کسی کی طرف کودنا۔
سَوْرَة - ہر چیز کی تیزی اور جوش۔ بادشاہ کا غصہ اور بے انصافی۔ بزرگی کا نشان اور اس کی بلندی۔
سَوْرَةُ الْخَمْر - شراب کا نشہ۔
سَوْرَةُ الْحُمّٰى - بخار کی تیزی۔
سُوْرَة - شرف و منزلت۔ قرآن مجید کی سورہ۔ دیوار کا ہر ایک ردّہ۔ اچھی اور اونچی عمارت۔ نشان۔ علامت۔ ج: سُوَر۔ سُوْر۔
سُوْرَةُ الْاَحْبَار - سورۂ مائدہ۔
سُوْرِيَا - ملک شام کا وہ حصہ جو دمشق سے متصل ہے۔ سیریا۔
سُوْس - اصل۔ طبیعت۔ ملٹھی کا درخت۔ کیڑا (اون وغیرہ کا)
سَوْس - (س) کسی چیز میں کیڑے پڑ جانا۔ بکری کا بہت جوئیں والی ہونا۔
سُوِيسَرَا - ملک سوئٹزرلینڈ۔ (د)
سَوْسَن - ایک پھول ہے۔ دو قسم کا ہوتا ہے۔ سپید و نیلگوں ج: سَوَاسِن۔
سُوشِيَالِيه - سوشلزم۔ (د)
سَوْط - کوڑا۔ عذاب کا حصہ۔ سختی۔ شدت پانی کے جمع ہونے کی جگہ ج: اَسْوَاط۔ سِيَاط۔ (ن) کسی چیز کو دوسری چیز میں ملانا۔ کوڑے سے مارنا۔
سَوْع - مص۔ (ن) اپنی خوشی سے چرنا بیکار رہنا۔

(سَاعَة) سَوْعَاء بہت سخت گھڑی۔ سخت زمانہ۔
سُوْعَاء ۔ مذی یا ودی۔
سَوْغ ۔ (ن) پانی وغیرہ کا آسانی سے گلے میں اترنا۔ آسانی سے گلے میں اتارنا۔ جائز ہونا۔
سَوْفَ ۔ ایک حرف جو استقبال بعید کیلیے آتا ہے۔
سَوْف ۔ صبر و استقلال۔ نتیجہ۔ مص۔ (ن)، دبا پھیلنا۔ ریگستان کی زمین میں پہنچنا۔
سُوْق ۔ بازار۔ ج۔ اَسْوَاق۔ پنڈلیاں۔ وا۔ سَاق۔
سُوْقُ الْحَرْب ۔ لڑائی میں بہت سخت جگہ۔
سَوَق ۔ تنریا پنڈلی کی خوبصورتی مص (س) خوبصورت پنڈلی والا ہونا۔
سَوْق ۔ سِيَاقَة۔ (ن) ہانکنا۔
سَوْق ۔ سِيَاق (ن)، بیمار کا حالت جان کنی میں داخل ہونا۔ پنڈلی پر مارنا۔ مہر کے جانور وغیرہ کو بیوی کے پاس پہنچانا۔
سُوْقَة ۔ نیچ لوگ (واحد و جمع ۔ مذکر و مؤنث)
سَوْك ۔ (ن) ملنا۔ مسواک کرنا۔
سَوَل ۔ سستی۔ ڈھیلا پن مص (س) زیر ناف کا ڈھیلا اور نرم ہونا۔
سُؤْل ۔ مطلوب۔ چاہا ہوا۔
سَوْلَاء ۔ بڑا ڈول۔ وہ عورت جس کا زیر ناف سست و نرم ہو ج۔ سُوْل۔
سُؤْلَة ۔ خواہش۔ چاہا ہوا۔
سُؤَلَة ۔ سُوَلَة۔ بہت سوال کرنے والا۔

سَوْم ۔ بھاؤ مص (ن) [ب] بھاؤ کرنا [ل] کسی کام کے لیے تکلیف دینا [علی] گرد گھومنا۔ اونٹوں کا چرنا۔ ہوا کا چلنا۔ اور جلد گزر جانا۔
سَؤُم ۔ ملول۔
سُوْمَة ۔ قیمت۔ نشان و علامت۔
سُوٰی ۔ سیدھا۔ برابر۔
سُوْءٰی ۔ بدی برائی (ضد حسنیٰ) آگ سخت عذاب
سِوٰی ۔ برابر سیدھا۔ وسط۔ سوا۔ قصد نشان و علامت۔
سَوِیّ ۔ برابر۔ ہموار۔ کامل الخلقت۔ ج: سَوَايَا۔
سَوِيَّة ۔ راستی و برابری۔ وہ کپڑا وغیرہ جس میں گھاس باندھ کر ٹٹو پر رکھتے ہیں۔ ج۔ سَوَايَا۔
سُوَيْدَاءُ الْقَلْب ۔ دل کا سیاہ دانہ۔
سُوِيسَرَا ۔ سوئٹزرلینڈ (ایک یورپین ملک)
سَوَيْطَا ۔ شوربا جس میں پانی اور مصالحہ زیادہ ہو۔
سَوِيْطَة ۔ مخلوط۔ ملی ہوئی۔
سُوَيْعَة ۔ چھوٹی گھڑی۔ تھوڑا سا وقت (سَاعَة کی تصغیر)
سَوِيْق ۔ ستو۔ شراب۔ ج۔ اَسْوِقَة
سَوِيْل ۔ ہمسر برابر۔ مانند۔

س ۔ ہ

سَه ۔ حلقہ دبر۔ سرین۔
سُهَاد ۔ بیداری۔
سَهَاس ۔ بیدار۔
سَهَالَة ۔ (ك) نرم ہونا۔ آسان ہونا۔

سُھَام ۔ لاغری۔ باریکی۔ چہرہ کے رنگ کا تغیر۔
سَہَام ۔ لُو کی گرمی۔ شیطان کا تھوک جو سخت گرمی میں فضا کے اندر مکڑی کے جالے کی طرح معلوم ہوتا ہے۔
سُھْد ۔ بیداری۔
سُھُد ۔ کم سونے والا۔ تیز ذہن۔
سَھِد ۔ (س) بیدار ہونا۔ جاگنا۔
سَھْدَۃ ۔ دل کی بیداری۔ بیدار دلی۔ ہوشیاری۔ معتمد۔
سَھَر ۔ بیداری مص (س) بیدار ہونا۔
سَھْرَان ۔ بیدار۔
سَھْرَۃ ۔ شام کی دعوت (د)
سُھَرَۃ ۔ خوب جاگنے والا۔
سَھَكَ ۔ (ف) گھسنا۔ تیزی سے گزر جانا۔ (ہوا کا)
سَھَك ۔ پسینہ اور مچھلی اور گوشت کی بد بو۔ مص (س) بدبودار ہونا۔
سَھْل ۔ نرم۔ ج:۔ سُھُوْل۔
سَھْلُ الْخَدَّیْن ۔ جس کے رخسار پھولے ہوئے نہ ہوں۔ ہلکے ہوں۔
سَھْلُ الْوَجْہ ۔ جس کے چہرہ پر گوشت کم ہو۔
سَھْلُ الْخُلُق ۔ نرم خو۔ خوش اخلاق۔
سِھْلَۃ ۔ بالوریت۔ سخت اور کھردرا ریت۔
سَھِلَۃ ۔ ریتلی زمین۔
سُھُم ۔ آفتاب کی کرنیں۔ پیاس۔ گرمی۔ حکماء وعقلاء۔
سَھْم ۔ حصہ۔ ج:۔ سُھْمَان۔ سُھْمَۃ۔ آسْھُم تیر۔ قرعہ کا تیر۔ جوئے کا تیر۔ ج:۔ سِھَام۔

سُھْمَۃ ۔ قرابت۔ حصہ۔ قسمت۔
سَھْو ۔ آرام۔ نرمی۔ نرم خو۔ آسان کام۔ میٹھا پانی ج:۔ سِھَاء۔ کھیل۔
سَھْو ۔ سُھُوّ۔ (ن) [فی] بھولنا۔ غفلت کرنا نماز میں بھول کر کچھ چھوڑ دینا۔ یا بڑھا دینا۔ یا ایک فعل کی جگہ دوسرا کرنا۔
سَھْوَاء ۔ رات کا کچھ حصہ یا اول شب۔
سَھْوَان ۔ غافل۔
سَھْوَۃ ۔ گھر کے صحن کے آگے کا پردہ۔ روشندان ایک خیمہ جسے پانی کے کنارہ سایہ حاصل کرنے کے لیے نصب کرتے ہیں۔ پتھر کی چٹان۔ ج:۔ سِھَاء۔
سُھُوْك ۔ (ن) آہستہ چلنا۔
سَھُوْل ۔ دست آور دوا۔
سُھُوْلَۃ ۔ (ك) زمین کا نرم ہونا۔
سُھیٰ ۔ ایک چھوٹا سا ستارہ جو بنات نعش صغریٰ میں ہوتا ہے۔
سُھَیْل ۔ ایک ستارہ جس کے نکلنے پر میوے پک جاتے ہیں اور گرمی ختم ہو جاتی ہے اور اولاد زنا یعنی گبریلے معدوم ہو جاتے ہیں۔

س ۔ ی

سِیّ ۔ مثل و مانند۔ ہموار و برابر۔
سَیَاب ۔ کچا خرما۔ آدھ کچرا خرما۔ و ا:۔ سَیَابَۃ۔
سَیَاخ ۔ کچا مکان۔ ج:۔ سُیُوْخ۔
سِیَادَۃ ۔ سرداری مص۔ (ن) سردار ہونا۔
سَیَّادَۃ ۔ قافلہ (د) موٹر۔
سِیَاسَۃ ۔ (ن) رعیت داری کرنا۔ ملک کا

انتظام کرنا۔ ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا۔
(د) پالٹیکس۔
سِیَاسِی ۔ ماہر سیاست۔ پولٹیکل۔ (د)
سَیَّاف ۔ تلوار بنانے والا۔ تلوار والا۔ ج:۔ سَیَّافَۃ
سَیَاع ۔ کندر کا درخت بھس میں ملی ہوئی کالی مٹی جس سے دیوار لیپی جاتی ہے۔
سِیَاق ۔ عورت کا مہر۔ روش و اسلوب۔
مص (ن) پنڈلی پر مارنا۔ ہانکنا۔
سِیَاقَۃ ۔ (ن) پیچھے سے ہانکنا۔ ایک روش پر ہانکنا۔
سَیَالَۃ ۔ مدینہ سے ایک منزل پر ایک مقام۔ ایک خاردار گھاس۔
سَیْءٌ ۔ سِیْءٌ۔ دودھ جو تھنوں کے کناروں میں ہوتا ہے اور دوہنے سے قبل اتر پڑتا ہے۔ ج:۔ سُیُوْءٌ۔
سَیِّئَۃ ۔ برائی۔ خطا۔ قحط۔ عذاب۔ ج:۔ سَیِّئَات۔
سِیْب ۔ پانی کی روش۔ ج:۔ سُیُوْب۔
ایک مشہور میوہ۔ سیب۔
سَیْب ۔ بارش بخشش۔ مال۔ گھوڑے کی دُم کے بال۔ ج:۔ سُیُوْب۔
سَیْح ۔ جاری پانی۔ ایک قسم کی چادر۔ دھاری دار کمبل۔ ج:۔ سُیُوْح۔ اَسْیَاح۔
سَیْح ۔ سَیَحَان (ض) پانی کا بہنا (سایہ کا) پھرنا (چوپایہ کا) اپنی خوشی سے چلنا۔
سَیْح ۔ سَیَحَان۔ سِیَاحَۃ۔ سُیُوْح۔ (ض) عبادت کے لیے زمین میں پھرنا سیر کرنا۔

سَیْحَان ۔ شام میں ایک نہر۔ بصرہ کی ایک نہر۔ بلقاء میں ایک بستی۔
سَیْخ ۔ سَیَخَان۔ (ض) راسخ ہونا ثابت ہونا۔
سَیِّد ۔ سردار۔ سخی آدمی۔ عقل مند۔ بردبار۔ مالک۔ ج:۔ سَادَۃ۔
سَیْر ۔ تسمہ ج:۔ سُیُوْر۔ (ض) جانا۔ ہانکنا۔ لے جانا۔ تسمہ سے مارنا (د) سر (خطاب)
سِیْرَۃ ۔ روش۔ عادت۔ سوانح عمری۔ ج:۔ سِیَر۔
سَیْطَرَۃ ۔ (علیٰ) کسی پر مقرر کیا جانا۔ غالب ہونا۔
سَیْطَل ۔ طشت یا ٹونٹی دار تانبے کا برتن۔
سَیْع ۔ سُیُوْع (ض) پانی کا ہر طرف جاری ہونا۔
سَیْع ۔ ہر طرف جاری پانی۔
سَیْغ ۔ (ض) شراب وغیرہ کو آسانی سے گلے میں اتارنا۔ خوشگوار ہونا۔
سِیْغ ۔ سکھ (ایک ہندوستانی قوم)
سَیْف ۔ تلوار۔ ج:۔ اَسْیَاف۔ سُیُوْف۔ اَسْیُف۔ مص (ض) تلوار مارنا۔ ہاتھ کا پھٹ جانا۔ ناخن کی جڑیں اکھڑنا۔
سِیْف ۔ ساحل دریا۔ ج:۔ اَسْیَاف۔
سَیِّق ۔ بارش کا بادل جسے ہوا ہنکائے۔
سَیِّقَۃ ۔ چوپایہ جسے دشمن لوٹ کرلے جائے وہ جس کے پیچھے شکاری چھپ جائے۔ ج:۔ سَیَائِق۔
سَیْکَب ۔ بہنے والا۔
سَیْل ۔ پانی کی رو سیلاب۔ ج:۔ سُیُوْل۔
سَیْل ۔ سَیَلَان (ض) پانی وغیرہ کا جاری ہونا۔
سِیْلَان ۔ تلوار اور چھری وغیرہ کا وہ حصہ جو میان میں رہتا ہے۔ ایک ہیرا۔ ج:۔ سَیَالِین۔
سَیْبَلَۃ ۔ پانی وغیرہ کی روانی۔
سِیْمَان ۔ نشان و علامت۔

سِيْمَۃ ۔ قیمت ۔ نشان ۔ علامت ۔
سِيْمِيَا ۔ نشان و علامت ۔
سِيْن ۔ حروف ہجا میں سے ایک حرف سین ۔ فعل مضارع کو معنیٔ مستقبل کردیتا ہے ۔
(طُوْر) سَيْنَاء ۔ طُوْرِ سِيْنِيْن ۔ ملک شام کے ایک مشہور پہاڑ کا نام جہاں جاکر موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام مناجات کیا کرتے تھے ۔
سِيْنِيْن ۔ (جنس) ایک قسم کے درخت کا نام و: سِيْنِيْنَۃ ۔
سَيْهَج ۔ سَيْهُوْج ۔ سَهُوْج ۔ سخت اور تیز ہوا ۔
سَيْهَك ۔ سَيْهُوْك ۔ سخت اور تیز ہوا ۔
سَيِّئَۃ ۔ بدی ۔ خطا ۔ قحط ۔ عذاب ۔

ش ۔ ا

شَابٌّ ۔ نوجوان آدمی ۔ ج: ۔ شَبَاب ۔ شُبَّان ۔ شَبَبَۃ ۔
شَابَّۃ ۔ جوان عورت ۔ ج: ۔ شَوَابّ ۔
شَابِع ۔ شکم سیر ۔ پیٹ بھرا (اس لفظ کا استعمال صرف اشعار میں جائز ہے)
شَابِك ۔ جیسے طَرِيْقٌ شَابِكٌ ۔ کچھ پیچ راستہ ۔ پر گوشت اور نازک بدن لڑکا ۔
شُؤْبُوْب ۔ بارش کی ایک رو ۔ بڑی بڑی بوندوں والا بادل ۔ ج: ۔ شَآبِيْب
شَابُوْر ۔ فارس کے ایک بادشاہ کا نام ۔ (شاہ پور کا معرب)

شَاتٍ ۔ سرد ۔ ٹھنڈا ۔
شَاۃ ۔ بکری ۔ بکرا ۔ عورت ۔ نیل گائے ۔ ج: شَاءٌ ۔
شَاتِيَۃ ۔ ٹھنڈی (صبح)
شَأَج ۔ (ف) غمگین ہونا ۔
شَاجِب ۔ غمگین ۔ ہلاک ہونے والا ۔ افسوس کرنے والا ۔ بکواسی ۔ سخت آواز والا کوا ۔
شَاجِر ۔ روکنے والا ۔ زمانہ کی سختی ۔ ج: ۔ شَوَاجِر ۔
شَاجِن ۔ غمگین ۔
شَاجِنَۃ ۔ بہت درختوں والی وادی ۔ وادی کے بلند حصے کا راستہ ۔ ج: ۔ شَوَاجِن ۔
شَاحِم ۔ چربی گھلانے والا ۔ چربی فروخت کرنے والا ۔ چربی رکھنے والا ۔
شَاحِن ۔ بھرا ہوا ۔ پُر ۔
شَاخِص ۔ مسافر ۔ نشانہ سے چوکا ہوا تیر ۔
(عین) شَاخِصَۃ ۔ آنکھ جو شدت حیرت کی وجہ سے پھٹی کی پھٹی رہ جائے ۔
شَادٍ ۔ ہانکنے والا ۔ شعر پڑھنے والا ۔ قصد کرنے والا ۔ گانے والا ۔ ج: ۔ شُدَاۃ ۔
شَادِن ۔ ہرن کا بچہ جو ماں سے بے پرواہ ہو ۔ سر نوٹہ چوکڑیاں بھرتا ہوا ۔
شَادَنج ۔ شادانہ کا معرب ۔ ایک چھوٹا نرم پتھر ہے مسور کے دانہ کے مشابہ ۔
شَادِی ۔ ہانکنے والا ۔ شعر پڑھنے والا ۔ زبان دان ۔ ادیب ۔ قصد کرنے والا ۔ گانے والا ۔ ج: ۔ شَادُوْن ۔ شُدَاۃ ۔

شَاذِب ۔ ٹھکانے سے دور پڑا ہوا۔ اکیلا کہ اپنی مخلصی سے مایوس ہو۔ بھٹکا ہوا۔ ساتھیوں کو گم کیے ہوئے ۔
شَاذَنج ۔ شادانہ کا معرب ۔
شَارِب ۔ پانی پینے والا۔ ج:۔ شَرْب۔ جج۔ شُرُوب ۔ مُوچھ ۔ ج:۔ شَوَارِب۔
شَارِبَۃ ۔ ندی کے کنارے کے رہنے والے۔
شَارِح ۔ بیان کرنے والا ۔ کھیتی کا محافظ۔ جانور اڑانے والا۔ ج:۔ شُرَّاح۔
شَارِخ ۔ بچہ جو جوان ہو جائے ۔ نوجوان ۔ ج:۔ شَرْخ ۔
شَارِد ۔ بھاگنے والا۔ نفرت کرنے والا ۔ ج:۔ شَرَد ۔
شَارِع ۔ پانی میں داخل ہونے والا اونٹ گھر جس کا دروازہ سرراہ ہو۔ عالم ربانی ۔ دانشمند جو تہذیب سکھائے ج:۔ شُرَّع ۔ شُرُوْع ۔ ستارہ جو غروب کے قریب ہو۔ بڑا راستہ۔ سڑک ۔ ج:۔ شَوَارِع۔
شَارِعَۃ ۔ سیدھا کیا ہوا نیزہ ۔ ج:۔ شَوَارِع۔
شَارِف ۔ پرانا تیر۔ عمر زیادہ ہونے سے جو بزرگی کے درجہ کو پہنچنے والا ہو۔ ج:۔ شَوَارِف ۔ فتنہ ۔ ج:۔ شُرُف۔
شَارِق ۔ آفتاب جبکہ طلوع ہو۔ مشرق پورب۔ ج:۔ شَوَارِق

شُرُق ۔
شَاذُوف ۔ ایک پہاڑ۔ جھاڑو۔ (جاروب کا معرب)
شَأَز ۔ سخت اور پتھریلا۔ مص (ف) جماع کرنا (س) سخت ہونا۔ بلند اور سخت ہونا۔ (مجھولاً) بے چین ہونا۔ ڈرنا۔
شُؤُز ۔ (س) سخت ہونا۔ سخت اور بلند ہونا ۔ بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔
شَازِب ۔ سخت جگہ۔ دبلا۔ لاغر۔ ج:۔ شَوَازِب۔ شُزَّب۔
شَأْس ۔ سخت اور پتھریلی زمین۔ ج:۔ شُؤُس۔
شَأَس ۔ (س) سخت اور کھردرا ہونا۔
شَاسِعٌ ۔ ٹوٹی ہوئی جوتیوں والا۔ دور و بعید۔
شَاصِر ۔ ہرن کا بچہ۔ (ھ) شَاصِرَۃ۔ ج:۔ شَوَاصِر۔
شَاطِبَۃ ۔ چٹائی بننے کے لیے کھجور کی شاخ کو چیرنے والی عورت۔ ج:۔ شَوَاطِب۔ مغرب میں ایک شہر کا نام ۔
شَاطَّۃ ۔ راست قامت لڑکی ۔ ج:۔ شَوَاطّ ۔
شَاطِرُوْن۔ ثعلب مصری ۔
شَاطِئ ۔ کنارہ۔ ج:۔ شَوَاطِی۔
شَاع ۔ مشترک۔ غیر منقسم جس کو حصہ داروں میں ہنوز تقسیم نہ کیا گیا ہو۔
شَاعِر ۔ شعر کہنے والا ۔ جاننے والا۔ شعور کرنے والا ۔ ج:۔ شُعَرَاء ۔
شَاعَۃ ۔ پریشان خبریں ۔ بیوی ۔
شَاعِی ۔ بعید۔ دور۔ مشترک چیز۔ ج:۔ شُعَاۃ ۔

شَاغِل ۔ مشغول کرنے والا۔
شَأف ۔ (ش، تلوے میں زخم ہو جانا ۔ ناخن کی جڑوں کا پھٹ جانا ۔
شَأن ۔ شَأفَة ۔ غصہ دلانا ۔ نظر بد سے ڈرنا ۔ ناخن کی چٹیں اکھڑنا ۔
شَأفَة ۔ اصل جڑ ۔ تلوے کا ایک زخم ۔
شَافِر ۔ عورت کی فرج کا کنارہ ۔ رحم کا کنارہ ۔
شَافِع ۔ سفارش کرنے والا ۔ طاق کو جفت کرنے والا ۔ ج :۔ شُفَعَ ۔
(عَيْنٌ) شَافِعَة ۔ بھینگی آنکھ ۔ ج :۔ شَوَافِع ۔
شَافِہ ۔ پیاسا ۔
شَافِی ۔ شفا دینے والا ۔ صحت دینے والا ۔ ج :۔ شُفَاة ۔
شَاق ۔ مشکل ۔ دشوار ۔ سخت ۔ کٹھن ۔
شَاقُول ۔ گنڈاسا ۔ معماروں کا ایک آلہ ، جس سے چنائی کی اور زمین کی ہمواری دیکھتے ہیں ۔ مرد کا ذکر ۔ ج :۔ شَوَاقِيل ۔
شَاك ۔ گمان کرنے والا ۔ نیزہ میں بیندہ لینے والا ۔ ج :۔ شُكَّاك ۔
شَاكُ السِّلَاح ۔ (ش مشدد و مخفف) ہتھیار بند آدمی ۔ تیز و چالاک ۔
شَاكَة ۔ خاردار ۔
شَاكَة ۔ شِيْكَة ۔ (س، خارستان میں آپڑنا ۔ کانٹا لگنا ۔ پھانس لگنا ۔
شَاكِر ۔ شکر گزار ۔ مزدور ۔ خادم (اخیر کے دونوں معنی میں چاکر کا معرب)
شَاكِرِیّ ۔ نوکر ۔ ملازم ۔ ج :۔ شَاكِرِيَّة ۔
شَاكِل ۔ مشابہت ۔ راستہ ۔ کان کی لو کی سپیدی ۔
شَاكِلَة ۔ راستہ ۔ روش ۔ نیت ۔ کنارہ طرف ۔ عقل ۔ کوکھ ۔ کان کی لو کی سپیدی ۔ گھوڑے کا زانو ۔ ج :۔ شَوَاكِل ۔
شَاكُوش ۔ ہتھوڑا ۔ (د)
شَاكِی ۔ ہتھوڑا ۔ بیمار ۔ شیر ۔ شکایت (گلہ) کرنے والا ۔ ج :۔ شُكَاة ۔
شَاكِی السِّلَاح ۔ شاک السلاح کا مقلوب ۔ اپنے ہتھیاروں کی بدولت صاحب شوکت و دبدبہ ۔
شَال ۔ شال (د)
شَأم ۔ (ف) بدفالی کرنا ۔ نحس ہونا ۔
شُؤم ۔ بدفالی ۔ نحوست ۔ بدفال ۔ منحوس ۔ کالے اونٹ ۔
شَأمَة ۔ بائیں جانب ۔
شَامَة ۔ تل (خال) چاند کا داغ ۔ ج :۔ شَام ۔ شَامَات ۔ بدن کا کسی رنگ کا دھبّہ ۔
شَامِخَات ۔ شَوَامِخ ۔ بلند پہاڑ ۔ اونچے اونچے پہاڑ ۔ وا :۔ شَامِخَة ۔
شَامِل ۔ گھیرنے والا ۔ سب کو پہنچنے والا ۔
شَآمَة ۔ (ل) منحوس ہونا ۔
شَامِیّ ۔ ملک شام کا ۔ ج :۔ شَام ۔
شَأن ۔ حال ۔ کام ۔ قصد ۔ ج :۔ شُؤُون ۔
شَأن ۔ سر کی ہڈیوں کے جوڑ ۔ ج :۔ شُؤُون ۔ مص ۔ (ف) ہو جانا ۔ قصد کرنا ۔ ڈھونڈنا ۔ دریافت کرنا ۔ پروا کرنا ۔ خبر دینا ۔ بھلائی کا

کام کرنا۔ستیاناس کرنا۔
شَأْد ۔ زنبیل۔ ہر چیز کی انتہا۔ نکیل۔ مینگنی۔ کنوئیں کی مٹی۔ مص (ن)، درگذر کرنا۔ سبقت کرنا۔ کنوئیں میں سے مٹی نکالنا۔ کسی کو تعجب میں ڈالنا۔
شَادِی ۔ بکری والا۔
شَاوِیش ۔ سارجنٹ۔ (د)
شَاهْتَرَج ۔ شاہترہ کا معرب (ایک دوا)
شَاهِد ۔ حاضر و مقیم۔ ج:۔ شُهُود۔ شُهَّد۔ گواہ گواہی دینے والا۔ زبان۔ فرشتہ۔ جمعہ کا دن۔ جلدی کا کام۔ ج:۔ شُهُود۔ جج:۔ أَشْهَاد۔
شَاهِدَة ۔ زمین۔ گواہی دینے والی۔ (د) نقل۔ ج:۔ شَوَاهِد۔
شَاهَسْبَرَم ۔ نازبو۔ تلسی۔ ریحان۔
شَاهِق ۔ اونچا پہاڑ۔ اونچی تعمیر وغیرہ۔ ابھری ہوئی رگ۔ اچھلنے والی رگ۔
شَاهْلُوج ۔ آلو بخارا۔
شَاهِي ۔ متمنی۔ آرزومند۔ ج:۔ شُهَاة۔
شَاهِي الْبَصَر ۔ تیز نظر۔
شَاهِين ۔ باز (شکاری جانور) ج:۔ شَوَاهِن شَوَاهِين ۔ ترازو کا کانٹا۔ ترازو کی ڈنڈی۔
شَائِبَة ۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔
شَائِح ۔ کام میں کوشش کرنے والا۔ غیرت مند آہستہ چلنے والا۔ بڑے دم خم کا گھوڑا۔
شَائِع ۔ غیر منقسم حصہ۔ مشترک۔ پھیلنے والا۔ مشہور۔
شَائِعَة ۔ افواہ (د)
شَائِق ۔ آرزومند۔ شوق دلانے والا۔ معشوق۔
شَائِكُ السِّلَاح ۔ شَوْكُ السِّلَاح
شَاكِي السِّلَاح ۔ ہتھیار بند آدمی۔ تیز چالاک۔
شَاي ۔ چائے (د)
شَايَة ۔ سایہ۔ انگریز عورتوں کا لباس۔

ش۔ب

شَبّ ۔ پھٹکڑی۔ مص (ض) آگ بھڑکانا لڑائی برانگیختہ کرنا۔ آگ بھڑکنا۔
شَبَائِك ۔ خصومتیں۔ جھگڑے۔
شَبَاب ۔ جوانی۔ ہر چیز کا آغاز اور بہار۔ شَبَاب (جوان کی جمع) مص۔ (ض) جوان ہو جانا۔
شَبَاة ۔ نوزائیدہ بچھو۔ زرد رنگ کا بچھو۔ بچھو کا ڈنک۔ جوتی کے دوسرے ہر چیز کی تیزی۔ ج:۔ شَبَوَات
شُبَارِق ۔ ایک بلند درخت۔ شلوار۔ پھٹا ہوا کپڑا۔
شَبَارِق ۔ کپڑے کے ٹکڑے پکے ہوئے گوشت کی بوٹیاں۔
شَبَاعَة ۔ (عقل کا) زیادہ ہونا۔
شُبَاعَة ۔ وہ کھانا جو سیر شکم ہونے کے بعد بچ رہے۔
شُبَّاك ۔ شکاری لوگ جو چیز بانسوں وغیرہ سے جال کی شکل کی بنائی جائے۔ ٹٹی۔ ایک گھاس۔ بانسوں کا چٹا۔

(کہ ان کو آڑا ترچھا رکھ کر چنا جائے) جنگلہ۔ ج:۔ شَبَابِیْك۔
شَبَّاك ۔ جال بنانے والا۔
شِبَام ۔ شِنَبَم۔ وہ لکڑی وغیرہ جسے جانور کے بچے کے منہ سے باندھ دیتے ہیں تاکہ دودھ نہ پیے۔
شِبِتّ ۔ سویا (ایک ساگ)
شَبَثٌ ۔ ایک چھوٹا سا کیڑا۔ جس کے پاؤں بہت ہوتے ہیں۔ ج:۔ اَشْبَاث شِبْثَان۔
شَبِث ۔ وہ شخص جس کی فطری عادت تعلق اور چپیدگی ہو۔
شَبِثَ ۔ (س) [ب] کسی چیز کے ساتھ متعلق ہوجانا۔
شَبَّۃ ۔ جوان عورت۔
شَبْح ۔ شَبَح۔ جسم بلند وفراخ۔ بلند دروازہ ج:۔ اَشْبَاح۔ شُبُوح۔
شِبْدِع ۔ بچھو۔ زبان سختی۔ مصیبت۔ ج:۔ شَبَادِع۔
شِبْر ۔ بالشت ج اَشْبَار۔
شَبْر ۔ مہر نکاح۔ سانڈ کی جفتی کی اجرت۔ سانڈ کی منی۔ قدو قامت۔ زندگی۔ مص۔ کپڑے وغیرہ کو ہاتھ سے ناپنا۔ مال دینا۔ تلوار دینا۔ دعوے کرنا۔ سانڈ کو جفتی کے لیے کرایہ پر دینا۔ سانڈ کا جفتی کرنا۔
شَبْرَقَۃ ۔ خراب کپڑا بننا۔ باز کا شکار کو پکڑنا۔ باز کا دوڑنا۔ کپڑا کاٹنا۔
شُبْرُم ۔ پست قد۔ بخیل۔ ایک خاردار درخت کہ جس کا استعمال فساد آب وہوا کے اثر کو دفع کرتا ہے۔ ایک بوٹی کہ اس کا تخم مسور کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج:۔ شَبَارِم۔
شُبْرُمَۃ ۔ (مادہ) بلی۔ دھاگہ۔ ڈوری۔ رسی۔ رسی وغیرہ کا لچھا۔
شَبْرِیَّۃ ۔ پلنگ۔ (د)
شَبْع ۔ شِبَع۔ سیری مص (س) سیر ہونا پیٹ بھر جانا۔ [من] کسی چیز سے عاجز آجانا۔
شِبْع ۔ مقدار خوراک۔ کھانے کا انداز۔
شَبْعَان ۔ شکم سیر۔ ج:۔ شِبَاع۔ شَبَاعیٰ۔
شُبْعَۃ ۔ ایک خوراک۔
شَبِعَۃ ۔ شکم سیر عورت۔
شَبْعیٰ ۔ شکم سیر عورت ج:۔ شِبَاع۔ شَبَاعیٰ۔
شَبْعَی الْخَلْخَالِ وَالسِّوَار ۔ بھرے بھرے ہاتھ پاؤں والی کہ پازیب اور کنگن خوب پھنس کر آئیں۔
شَبْعَی الذِّرَاع ۔ عورت جس کی کلائیاں گداز اور فربہ ہوں۔
شَبِق ۔ (س) جماع کا بہت شوقین ہونا۔ [من] ناگوار ہونا۔ جی بھر جانا۔
شَبَك ۔ کنگھی کے دندانے۔
شَبْك ۔ (ض) ایک دوسرے میں اس طرح داخل ہونا جیسے پنجہ کرنے والوں کی انگلیاں ایک دوسرے میں پڑ جاتی ہیں۔
شُبْكَۃ ۔ قرابت۔
شَبَكَۃ ۔ جال۔ جنگلی چوہے کا بل۔ ج:۔ شِبَك ۔ شِبَاك۔

شَبْكَرَة ۔ رتوند (شبکوری کا معرب)
شِبْل ۔ شیر کا بچہ جو شکار کرنے لگے ۔ ج:۔ اَشْبَال ۔ اَشْبُل ۔ شِبَال ۔
شَبِم ۔ جاڑا مص (س) سرد ہونا۔ ٹھنڈا ہونا۔
شُبُوب ۔ (ض) بھڑکانا۔ بھڑکنا۔
شَبُوب ۔ وہ چیز جس سے آگ بھڑکائی جائے ۔ ماہر۔ آراستہ کرنے والا۔ جوان نیل گائے ۔ جوان بکری ۔ یا بوڑھی نیل گائے اور بوڑھی بکری ۔
شَبُّوط ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔ و:۔ شَبُّوطَۃ ۔
شُبُول ۔ (ن) بچہ کا بڑھنا۔ اور ناز و نعمت میں تربیت پانا۔
شَبْہ ۔ شِبْہ ۔ مانند۔ مثل۔ مشابہ۔ ج:۔ اَشْبَاہ ۔
شَبَہ ۔ مانند مشابہ ۔ ج:۔ اَشْبَاہ ۔ پیتل (دھات) ایک تخم شہدانہ کے مشابہ۔
شِبْہُ جَزِیْرَۃ ۔ جزیرہ نما۔ (د)
شُبْہ ۔ مانند۔ وہ امر جس میں بھلائی برائی کا فیصلہ نہ کر سکیں ۔ ج:۔ شُبُہَات ۔
شَبِیْعُ الْغَزْل ۔ بہت گھنا بنا ہوا کپڑا۔
شَبِیْعُ الْعَقْل ۔ بڑی عقل والا۔
شَبِیْہ ۔ مانند۔ ج:۔ شِبَاہ ۔

ش ۔ ت

شَتّ ۔ پراگندہ۔ ج:۔ اَشْتَات ۔ شُتُوت ۔ پراگندگی ۔
شَتّ ۔ شَتَات ۔ شَتِیْت ۔ (ض) پراگندہ کرنا۔ پراگندہ ہونا۔
شِتًّا ۔ شِتَاء ۔ قحط۔ کال۔
شِتَاء ۔ موسم سرما۔ سردی کا موسم۔ جاڑا۔ (د) بارش۔ ج:۔ شُتِیٌّ ۔ اَشْتِیَۃ ۔
شَتَات ۔ متفرق ۔ پریشان و پراگندہ ۔
شَتَامَۃ ۔ (ک) بدصورت ہونا۔
شَتَّامَۃ ۔ ترش رو شیر۔ بہت گالی دینے والا ۔
شَتَّان ۔ دور ہوا (اسم فعل)
شَتَّانَ بَیْنَہُمَا ۔ دونوں میں بڑا فرق ہے ۔
شَتْر ۔ (ن۔ض) کاٹنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ زخمی کرنا۔ پلک پلٹنا۔
شَتَر ۔ (س) کٹ جانا۔ نچلا ہونٹ چرا ہوا ہونا۔ [ب] گالی دینا۔
شَتَع ۔ (س) بیماری یا بھوک کے باعث گھبرانا۔
شَتْغ ۔ (ف) روندنا ۔ پائمال کرنا ۔ مطیع کرنا۔
شَتْم ۔ (ض۔ن) گالی دینا۔ گالی دینے میں غالب آنا۔
شَتْن ۔ (ن) بٹنا ۔ بننا۔
شَتْو ۔ (ن) جاڑے میں قحط زدہ ہونا۔ کڑاکے کا جاڑا پڑنا۔ [ب] ایام سرما میں کہیں ٹھیرنا۔
شُتُوْن ۔ نرم کپڑے۔
شَتَوِیّ ۔ جاڑے کی بارش۔ جاڑے کا میوہ آگ (شتاء کی طرف منسوب)
شَتِیّ ۔ جاڑے کی بارش ۔
شَتِیْت ۔ پراگندہ۔ منتشر۔ متفرق ۔ کشادہ۔ دانت۔ ج:۔ شَتّٰی ۔
شَتِیْم ۔ جس کو گالی دی گئی ہو (مذکر و مؤنث)

بدشکل آدمی۔ غضبناک شیر۔
شَتِیمَۃ۔ گالی۔ ج: شَتَائِم۔

ش ۔ ث

شَثّ۔ چھوٹے سیب کے مشابہ ایک خوشبودار اور کڑوا درخت۔ جس کے پتوں سے دباغت دی جاتی ہے۔ شہد کی مکھی۔ پہاڑ کی چوٹی جو ٹوٹ جائے۔ ج: شِثَاث۔
کثیر۔ بہت۔
شِثْر۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج: شُثُور۔
شَثْل۔ (س) موٹا اور سخت ہونا۔
شَثْن۔ شُثُونَۃ۔ (س) سخت ہونا۔ گھٹے پڑ جانا۔
شَثْنُ الْاَصَابِع۔ سخت انگلیوں والا۔
شُثُولَۃ۔ (ك) موٹا اور سخت ہونا۔

ش ۔ ج

شَجّ۔ (ن۔ض) (سر) توڑنا۔ (دریا) چیرنا۔ (ریگستان) طے کرنا۔ آمیختہ کرنا۔
شَجًا۔ وہ ہڈی وغیرہ جو گلے میں اٹک جائے۔ مص (س) گلے میں کوئی چیز اٹک جانا۔
شَجَاءَۃ۔ (س) غمگین ہونا۔
شِجَاج۔ آپس میں سر پھوڑنا۔
شِجَار۔ شُجَار۔ ہودج کی لکڑی۔ اونٹ کا ایک داغ۔ وہ لکڑی جسے جانور کے بچے کے منہ سے باندھا جاتا ہے تاکہ دودھ نہ پی سکے۔ ج: شُجُر۔
شُجَاع۔ دلیر خوف اور سختی میں۔ ج: شَجَعَۃ۔ شِجَاع۔ شُجْعَان۔

سانپ۔ نر سانپ۔ چھوٹا سانپ۔
ج: شِجْعَان۔
شَجَاعَۃ۔ (ك) اندیشہ اور خوف کی جگہ دلیری کرنا۔
شُجَاعَۃ۔ دلیر و بہادر عورت۔ ج: شِجَاع۔ شُجُع۔
شَجْب۔ حاجت۔ ضرورت۔ ستون خانہ۔ ج: شُجُوب۔ اَشْجَاب۔
شَجَب۔ (س) ہلاک ہونا۔ غمگین ہونا۔ مر جانا (د) سزائے موت۔
شَجِب۔ ہلاک ہونے والا۔ غمگین۔
شَجَّۃ۔ سر کی چوٹ۔ ج: شِجَاج۔
شَجَج۔ (س) سر میں چوٹ لگنا۔
شَجْذَۃ۔ ہلکی بارش۔
شَجَر۔ شِجَر۔ تنہ دار درخت۔ ہر روئیدگی جو ساقدار ہو۔ و: شَجَرَۃ۔
شَجَرُ۔ شَائِك۔ خاردار درخت۔
شَجْر۔ مختلف فیہ کام۔ ٹھوڑی۔ منہ۔ ج: اَشْجَار۔
شُجُور۔ شِجَار۔ مص (ن) باندھنا روکنا۔ باز رکھنا (ب) (نیزہ) سے مارنا۔
شَجْرَاء۔ درخت۔ تنہ دار۔ روئیدگی۔ بن وہ جنگل جہاں درخت کثرت سے ہوں۔
شَجْرَاۃ۔ بن۔
شَجْرَاۃ۔ چھوٹا نقطہ بچہ کی ٹھوڑی میں۔ چیز کی مقدار اور انداز و ہیئت۔
شَجَرَۃُ الْعَلَق۔ پنجہ مریم۔ ہتھا جوڑی۔
شَجَرَۃُ الدَّم۔ شاہترہ۔

شَجَرَۃُ الْجِنّ۔ دیودار۔
شَجَرَۃٌ طَیِّبَۃ۔ کھجور کا درخت۔
شَجَرَۃُ اِبْرَاھِیْم۔ سنبھالو۔
شَجَرَۃُ التِّیْن۔ انجیر کا درخت۔
شَجَرَۃُ الْخَطَاطِیْف۔ ہلدی۔
شَجَرَۃُ شَوْکَۃٍ۔ شَجَرَۃٌ شَائِکَۃ۔ جھاڑ۔ جھاڑی۔
شَجَرِیَّۃ۔ تین حرف ہیں۔ ش۔ ض۔ ج۔ (د) باغیچہ۔
شَجَع ۔(س) چوپایہ کا چلنے میں ہلکے ہلکے پاؤں اٹھانا۔ دراز ہونا۔
شَجِع ۔ بہادر۔ دلیر۔ باؤلا اونٹ۔
شَجْعَاء۔ بہادر عورت۔ نَاقَۃ شَجْعَاء۔ سبک رفتار اونٹنی۔
شَجْعَۃ۔ شُجُعَۃ۔ بزدل۔ لمبا اور لچکدار۔
شَجِعَۃ۔ بہادر عورت۔ نَاقَۃٌ شَجِعَۃٌ۔ سبک رفتار اونٹنی۔
شُجُم۔ لمبے خبیث لوگ۔ مصائب۔
شَجْن ۔ وادی کا راستہ۔ ج: شُجُوْن۔ مص۔(ن) غمگین کرنا۔ روک رکھنا۔
شَجَن ۔ غم۔ درخت کی شاخیں جو ایک دوسرے سے پیوست ہوں۔ اور گنجان ہونا۔ ہر چیز کی شاخ۔ ج: شُجُوْن۔ اَشْجَان۔ مص۔ (س) غمگین ہونا۔
شِجْنَۃ۔ ہر چیز کی شاخ۔
شُجْنَۃ۔ انگور کا ایک تختہ۔ گچھا۔ پہاڑ کا شگاف۔ درخت کی آپس میں گتھی ہوئی جڑیں۔

شَجْو ۔ حاجت۔ رنج مص۔(ن) غمگین کرنا۔ خوش کرنا۔ (بین) اختلاف پڑ جانا۔
شَجُوْب ۔ غمگین عورت۔
شُجُوْب۔ شَجَب۔ (ن۔س) ہلاک ہونا۔
شُجُوْب ۔ ہلاک کرنا۔ غمگین کرنا۔ روکنا۔ کھینچنا۔ ہلاک ہونا۔
شُجُوْن ۔ (س۔ ك) غم کرنا۔ غمگین ہونا۔ (ن) غمگین کرنا۔
شَجٍ ۔ شَجِی۔ ملول۔ غمگین۔
شَجِیَّۃ۔ غمگین عورت ۔ج: شَجَایَا۔
شَجِیْج ۔ سر شکستہ۔ ج: اَشِجَّۃ۔ اَشِجَّاء۔
شَجِیْر ۔ بہت درختوں والا مقام۔ تلوار۔ مسافر اجنبی۔ نالائق دوست۔
شَجِیْرَۃ ۔ بہت درختوں والی زمین ج: شَجَائِر۔
شَجِیْع ۔ بہادر۔ ج: شُجَعَاء۔ شُجْعَان۔ (م) شَجِیْعَۃ۔ ج: شَجَائِع۔

ش۔ ح

شُحّ ۔ شِحّ۔ بخیلی۔ کنجوسی۔ حرص۔ مص (ض۔ف۔ن) [ب] بخل کرنا۔ حرص کرنا۔
شَحَاح ۔ بخیل۔ حریص۔ زمین جس پر بغیر کثیر بارش کے پانی جاری نہ ہو۔
شَحَّاذ ۔ جھگڑالو۔ تیز کرنے والا۔ اصرار سے مانگنے والا۔ (د) گداگر۔ فقیر ج: شَحَاحِذَۃ۔
شَحَّاطَۃ۔ فاسفورک۔ دیاسلائی (د)
شَحَّام۔ چربی بیچنے والا۔

شَحَامَۃ ۔(ك) موٹا ہونا۔
شِحَّۃ ۔ بخل کی حالت۔
شَحْث ۔(ف) چھری وغیرہ تیز کرنا۔
شَحَجَان۔ شَحِیْج۔(ف۔ض) خچر یا کوے کا آواز کرنا۔
شَحْذ ۔(ف) تیز کرنا۔ دفع کرنا۔ سوال میں اصرار کرنا۔ چھیلنا۔ [ب] نظر لگانا۔ [علیٰ] غصہ کرنا۔
شَحْذَان۔ خوب ہانکنے والا۔ بھوکا۔ چالاک پھرتیلا۔
شَحْر ۔ عمان اور عدن کے درمیان ایک ساحل مص ۔(ف) منہ کھولنا۔
شَحْشَحَۃ۔ پرہیز مص تیزی سے اڑنا۔
شَحْص ۔ وہ چوپایہ جو دودھ دینے سے رک جائے (واحد و جمع)
شَحْط ۔ شُحُوْط ۔(ف) دور ہونا۔ ذبح کرنا۔ بھرنا۔ پرندہ کا بیٹ کرنا۔ مقتول کا خون میں تڑپنا۔
شَحِم۔ چربی کھانے والا۔ چربی کا شوقین۔ کم عرق والا انگور۔
شَحِم۔ (س) چربی کھانے کا عادی ہونا۔ چربی کھانے کا شوق ہونا۔
شَحْم۔ چربی ج:۔ شُحُوْم۔ مص (ف) چربی کھلانا۔ چربی دینا۔ چربی ملنا۔
شَحْمَۃ ۔ چربی کا ٹکڑا۔ ایک پرندہ۔
شَحْمَۃُ الْاَرْض۔ کیچوا۔ سفید کھنبی۔
شَحْمَۃُ الْاُذُن۔ کان کی لو۔
شَحْمَۃُ الْحَنْظَل۔ اندرائن کا گودا۔ (ایک دوائے مسہل)۔

شَحْمَۃُ الرُّمَّان ۔ انار کے اندر کے زرد چھلکے جو دانوں سے ملے ہوئے ہوتے ہیں۔
شَحْمَۃُ النَّخْل۔ کھجور کے درخت کی چربی۔
شَحْمَۃُ الْعَیْن ۔ سیاہی سے ملی ہوئی آنکھ کی سپیدی۔
شَحْن۔(ف) بھرنا۔ دفع کرنا۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔ ہانکنا۔
شَحَن ۔(س) [علیٰ] کینہ رکھنا۔ بغض رکھنا
شَحْنَاء ۔ دشمنی۔
شِحْنَۃ ۔ کوتوال۔ کینہ۔ دشمنی۔ چند گھوڑے۔ بقدر کفایت گھوڑے۔ اس قدر گھاس کہ ایک چوپایہ کو ایک دن رات کے لیے کافی ہو۔(د) پولیس۔
شَحْو ۔(ن) منہ کھولنا۔ منہ کھلنا۔
شُحُوْب۔ شُحُوْبَۃ (ف۔ن۔ك) رنگ متغیر ہو جانا۔
شَحِیْح ۔ بخیل۔ حریص۔ ج:۔ اَشِحَّۃ۔ اَشِحَّاء شِحَاح۔
موٹا۔ فربہ۔

ش۔خ

شَخْب ۔ دودھ کی دھار۔ خون۔ مص (ف۔ن) دودھ دوہنا۔ بہنا۔
شَخْت ۔ باریک۔ کمزوری کے باعث لاغر آدمی۔ ج:۔ شِخَات۔
شَخْتُوْر ۔ چھوٹی کشتی۔(د)
شَخْر ۔ عنفوانِ شباب۔ گھوڑے وغیرہ کی آواز (ن)، چیرنا۔ پھاڑنا۔ تتر بتر کرنا۔

(ض) چوپایہ کا ناک سے یا حلق سے آواز نکالنا۔
شَخْن ۔ اضطراب۔ بے چینی مص۔ (ن) مضطرب ہونا۔ [علیٰ] مشکل پڑنا۔ [بین] فساد ڈالنا۔
شَخْس ۔ بے چینی۔ اضطراب۔ مص۔ (ف) مضطرب کرنا۔ گدھے کا جمائی کے وقت منہ کھولنا۔
شَخْشَخَۃ ۔ نئے کپڑے۔ اور کاغذ وغیرہ کی کھڑکھڑاہٹ۔ ہتھیار کی جھنکار (د) روشندان۔
شَخُص ۔ **شَخَاصَۃ** ۔ (ک) موٹا اور ضخیم ہونا۔
شَخْص ۔ آدمی وغیرہ کا جسم۔ وجود۔ بدن (د) مجسمہ۔ ج:۔ **اَشْخُص** ۔ **شُخُوص** ۔ **اَشْخَاص** ۔
شَخْم ۔ **شُخُوم** (ض۔ ن۔ ک) خراب ہونا۔ بدبودار ہونا۔
شُخُوص ۔ (ف) بلندی پر چڑھنا۔ سر اٹھانا۔ آنکھ کھولنا۔ آنکھ کھلی رکھنا۔ بند نہ کرنا۔ (مجہولاً) نگاہ اٹھانا۔ آنکھ کھلی رہ جانا۔ [الیٰ] منتقل ہونا۔ بے قرار کر دینے والی بات پیش آنا۔
شِخِّیر ۔ گنگنا کر بولنے والا۔ ناک میں بولنے والا۔
شَخِیر ۔ گلے کی آواز۔ ناک کی آواز۔ گھوڑے کی منہ کی آواز۔
شَخِیص ۔ تندرست۔ موٹا تازہ آدمی۔ سردار۔ سخت کلام۔

❖ ❖ ❖ ❖

ش۔د

شَدّ ۔ (ن۔ض) دوڑنا۔ آگ کی لو اٹھنا۔ قوت پہنچانا۔ مضبوط کرنا۔ حملہ کرنا (ض) ارادہ کرنا۔ سخت ہونا۔
شَدُّ الْمِئْزَر ۔ لنگوٹ کسنا۔ تہ بند کس کر باندھنا مجازاً عورتوں سے قربت نہ کرنا۔
شَدُّ النَّہَار ۔ دوپہر کا وقت۔
شِدَّۃ ۔ سختی۔ قحط۔
شَدَّۃ ۔ ایک بار حملہ کرنا۔ (د) بنڈل۔ پارسل۔
شَدْح ۔ (ن) موٹا ہونا۔ فربہ ہونا۔
شَدْخ ۔ کھوتری چیز۔ مص (ف) سر توڑنا۔ گھوڑے کے چہرہ کی سفیدی کا فراخ ہونا۔ پامال کرنا۔ باطل کرنا۔
شَدَف ۔ رخسارہ کی کجی۔ اندھیرا۔ جسم۔ ج:۔ **شُدُوف** ۔ مص (س) کج رخسار ہونا۔ سرکشی کرنا۔
شَدْف ۔ (ض) ٹکڑے ٹکڑے کرکے کاٹنا۔
شَدَق ۔ باچھوں کی فراخی۔
شِدْق ۔ باچھ کا اندرونی رخ۔ باچھ۔ ج:۔ **اَشْدَاق** ۔
شَدْقَاء ۔ خوش تقریر عورت۔ کشادہ باچھوں والی ج:۔ **شُدْق** ۔
شَدْقَم ۔ **شُدَاقِم** ۔ کشادہ باچھوں والا شیر
شَدْو ۔ (ن) ہانکنا۔ شعر پڑھنا۔ تھوڑا سا علم ادب سیکھنا۔ حاصل کرنا۔ تشبیہ دینا۔ ارادہ کرنا۔
شُدُون ۔ (ن) ہرن کے بچہ کا قوی ہونا۔ اور سینگ نکل آنا۔

شَذْرَہ ۔ بے خودی ۔ بدحواسی ۔ مص (ف) سر توڑ دینا ۔ بے خود کر دینا ۔
شَدِیْد ۔ بہادر ۔ قوی ۔ سخت ۔ بارعب ۔
ج ۔ اَشِدَّۃ ۔ اَشِدَّاء ۔ شِدَاد ۔

ش ۔ ذ

شَذّ ۔ شُذُوْذ (ن ۔ ض) اکیلا اور نایاب ہونا ۔ متفرق اور الگ الگ ہونا ۔ اکیلا کرنا ۔
شَذًا ۔ مسواک کا درخت ۔ خارش ۔ نمک بو کی تیزی ۔ ایک قسم کی کشتی ۔ مکھی ۔ رنج ۔
شَذَاۃ ۔ نمک ۔ بچھو کا ڈنک تتیئے کا ڈنک ۔
شَذْب ۔ چھیلنا ۔ چھال اتارنا ۔ کاٹنا ۔ درخت کی شاخیں قلم کرنا ۔ (عن) ہٹانا ۔
شَذَب ۔ گھر کا سامان ۔ پانی کا بند ۔ درخت کی چھال ۔ وہ پراگندہ لکڑیاں جنہیں درخت سے کاٹ لیا ہو ۔ و : ۔ شَذَبَۃ ۔
ج : ۔ اَشْذَاب ۔
شَذْر ۔ کچے سونے کے ٹکڑے کہ کان سے نکلے ہوں ۔ اور ہنوز گلائے نہ گئے ہوں چھوٹا موتی ۔ پوتھ ۔ و : ۔ شَذْرَۃ ۔
ج : ۔ شَذَرَات ۔
شَذَرَات ۔ ایڈیٹوریل ۔ نوٹس ۔
شَذَرَ بَذَرَ ۔ پریشان ۔ و متفرق ۔

ش ۔ ر

شَرّ ۔ بدی ۔ برائی ۔ ج : ۔ شُرُوْر ۔ بد بدتر ۔ شیطان ۔ ج : ۔ اَشْرَار ۔
مص (ن ۔ س) ۔ عیب کرنا ۔ بد ہونا ۔
شَرّ ۔ شَرَارَۃ ۔ شَرّ ۔ شِرَّۃ ۔ (ض ۔ ن) بد ہونا ۔ شریر ہونا ۔
شَر ۔ وہ جلد جس پر پتی اچھلی ہوئی ہو ۔
شُرّ ۔ مکروہ ۔ ناپسند ۔ ناخوشی ۔ عیب ۔
شِرَاء ۔ (ض) خریدنا ۔ بیچنا ۔ ہنسی کرنا ۔ ذلیل و خوار کرنا ۔
شَرَاب ۔ پینے کی چیز ۔ (د) شربت ۔ ج : ۔ اَشْرِبَۃ ۔
شَرَّاب ۔ بہت پینے والا ۔
شَرَّابَۃ ۔ پھاہا ۔ (د)
شَرَّابِیّ ۔ سقا ۔
شَرَار ۔ آگ کی چنگاریاں ۔ و : ۔ شَرَارَۃ ۔
شَرَاسَۃ ۔ شَرَس ۔ (س) بد اخلاق ہونا ۔ (چوپایہ کا ، ہمیشہ کیٹلی کھانا ۔)
شَرَّاع ۔ کتان بیچنے والا ۔
شَرَاعَۃ ۔ دلیری ۔ دلاوری ۔ بہادری ۔
(د م) شُرَاعِیّ ۔ لمبا اور سیدھا نیزہ ۔ جوتی کا تسمہ ۔ گھاس میں سے راستہ ۔
ج : ۔ اَشْرُک ۔ شُرُک ۔
شَرْب ۔ پینے والے ۔ و : ۔ شَارِب ۔ مص (س) ، پانی وغیرہ پینا ۔ (ن) ، سمجھنا ۔
شَرَب ۔ (س) پیاسا ہونا ۔ کسی کے اونٹوں کا پیاسا ہونا ۔ سیراب ہونا (لغات اضداد سے ہے) (ب) تہمت لگانا ۔
شُرْب ۔ کھانے پینے کی چیز ۔
شِرْب ۔ پانی ۔ پانی کا حصہ ۔ گھاٹ ۔ پانی پینے کا وقت ۔
شَرَبَۃ ۔ پیاس ۔ گرمی کی سختی ۔ درخت کا تھالہ

جس میں پانی بھرا جاتا ہے۔ ج :۔
شَرَب۔ شَرَبَات معربت
پانی پینا۔
شُرْبَة ۔ اتنی مقدار جس سے سیرابی ہو جائے۔
سرخی۔
شُرَبَة ۔ بہت پانی پینے والا۔
شُرُبَات ۔ موزے۔ پاتابے۔ (د)
شَرَّة ۔ بدعورت۔
شِرَّة ۔ حرص۔ تیزی۔ غصہ۔ شر۔
شِرَّةُ الشَّبَاب۔ جوانی کی ترنگ اور امنگ۔
شَرْب ۔ تیز تلوار۔
شَرْبَقَة ۔ پھاڑنا۔ پارہ پارہ کرنا۔
شَرِث ۔ (س) ہاتھ پاؤں یا جوتی کا پھٹ جانا۔
شَرْثَة ۔ ٹوٹی ہوئی اور پرانی جوتی۔
شَرْج ۔ کہکشاں کا راستہ۔ عورت کی شرمگاہ دراڑ۔ ج :۔ اَشْرَاج ۔ مص۔
(س) چوپایہ کے خصیوں کا بڑا ہونا یا ایک خصیہ ہونا۔
شَرْج ۔ (ن) جھوٹ بولنا۔ جمع کرنا (ب) کسی چیز کو کسی چیز میں ملانا۔
شَرْح ۔ (ف) ظاہر اور نمایاں کرنا۔ کھولنا۔ ازالۂ بکارت کرنا۔ چت لٹا کر جماع کرنا۔ ڈھیلا کرنا۔ مشکل اور دقیق کلام کا مطلب واضح کرنا۔
شَرْخ ۔ نوجوان لوگ۔ وا۔ شَارِخ۔
جڑ۔ اصل۔ رنگ۔ عنفوان شباب۔
مثل و مانند۔ اونٹ کا ہر سال کا بچہ۔
ج :۔ شُرُوخ۔

شِرْذِمَة ۔ تھوڑے سے آدمی۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ قاش۔ ج :۔ شَرَاذِم۔ شَرَاذِيم۔
شَرَر ۔ آگ کی چنگاریاں۔ و :۔ شَرَرَة۔
شَرْس ۔ سختی۔ ہلاکت۔ مص (ض) کاٹنا۔
شَرِس ۔ بداخلاق آدمی۔
شَرَط ۔ نشان۔ چھوٹا نالہ۔ ہر چیز کا آغاز۔ چھوٹا چوپایہ۔ نکما۔ کمینہ۔ سفلا۔ چھچھورا۔ شریف زادہ۔ سردار۔
ج :۔ اَشْرَاط۔
شَرِط ۔ (س) دشوار و عظیم الشان کام میں پڑنا۔
شَرْط ۔ پیمان و عہد۔ اگریمنٹ۔ ج :۔
شُرُوط۔ رذیل۔ ناقص۔ کمینہ۔
نیچ۔ ج :۔ اَشْرَاط۔ مص (ن ض) کسی چیز کو اپنے لیے ضروری قرار دینا۔ کسی چیز کی تجارت اپنے لیے لازم ٹھیرانا۔
شُرْطَة ۔ مشروط۔ وہ شے جو کسی پر موقوف ہو۔ شرط۔ پیمان۔ کوتوال کا سپاہی۔
ج :۔ شُرَط۔
شُرَطِيّ ۔ کوتوال کا اردلی۔
شُرَّع ۔ پانی پر تیرنے والے۔ وا :۔ شَارِع۔
شَرْع ۔ مثل۔ مانند۔ چال چلن۔ روش طریقہ۔ دروازہ۔ سرراہ دروازہ۔
مص۔ (ف) اٹھانا۔ بلند کرنا۔ سیدھا ہونا۔ سیدھا کرنا۔ (ل) کسی کے لیے راستہ بنانا۔ (فی) گھسنا۔ شروع کرنا۔
شَرْعَبَة ۔ کسی چیز کو طول میں کاٹنا۔

شَرعِيّ ۔ ایک قسم کی چادر۔ لمبا اور جسیم آدمی۔
شِرعَۃ ۔ شریعت کا راستہ۔ روشن اور سیدھا راستہ۔ کمان کا چلّہ۔ مثل و مانند۔ ج:۔ شِرع۔ شِرَع۔ شِرَاع۔
شَرعِيّ ۔ جو چیز شریعت کے موافق ہو۔
شَرَف ۔ بلندی۔ بلند جگہ۔ بزرگی۔ نقدی۔ پرہیزگاری۔ اونٹ کا کوہان۔ گھوڑے کی دوڑ۔ ایک کوس کی مقدار تک۔
شَرَف ۔ شَرَافَۃ ۔ (ف) اونچا ہونا۔ بزرگ و بلند مرتبہ و عالی قدر ہونا۔
شَرف ۔ (ن) کسی پر بزرگی یا ذاتی کمالات میں فوقیت رکھنا۔ دیوار کا کنگرہ بنانا۔
شَرفَاء ۔ کنگرہ دار گھر۔ لمبا کان۔ شریف عورت۔ ج:۔ شُرُف۔
شُرفَۃ ۔ کنگرہ۔ بزرگی۔ زیادتی۔ بڑا پن (د) گیلری۔
شُرفَۃُ المَال ۔ منتخب مال۔ چوٹی کا مال۔ ج:۔ شُرَف۔
شَرق ۔ آفتاب۔ آفتاب کی روشنی۔ مشرق وہ روشنی کہ جو جھروکہ میں سے آئے۔ خوبصورت عورت۔ جھروکہ۔ روزن۔ ایک پرندہ۔ روکھا گوشت۔ مص (س) آفتاب کا نکلنا۔ کان چیرنا۔ پھل توڑنا۔ چننا۔
شَرَق ۔ (س) کن پھٹا ہونا۔ غمگین ہونا۔ سورج کا قریب بہ غروب ہونا۔

[ب ، پھولگنا۔
شَرقَاء ۔ کن پھٹی۔ ج:۔ شُرق۔
شَرقَۃ ۔ جاڑوں کے زمانہ میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔
شَرِقَۃ ۔ سورج جب طلوع ہو۔
شَرقِيّ ۔ مشرقی جانب۔ آفتاب نکلنے کی طرف۔ (م) شَرقِیَّۃ
شِرک ۔ ساجھا۔ کفر۔ ساجھی۔ نسب میں میل آدھے یا تہائی کے ساجھے پر زمین ٹھیکہ دینا۔ ریا۔ حصہ۔
شَرَک ۔ شکاری کا جال۔ سڑک۔ وہ گڑھے جو راستہ میں چوپایہ کے پاؤں سے ہو جاتے ہیں۔
شَرِک ۔ شَرِکَۃ ۔ (س) کسی کا شریک اور ساجھی ہو جانا۔
شِرکَۃ ۔ ساجھا (د) کمپنی۔ چند شرکاء کی مشترکہ دکان۔ ج:۔ شِرکَات۔
شِرکَۃُ الشَّیطَان ۔ شیطان کی خباثت۔
شَرَکَۃ ۔ شکاری کا جال۔ ج:۔ شُرُک۔
شُرَکِيّ ۔ دوڑ۔
شَرِم ۔ (س) نک کٹا ہونا۔
شَرم ۔ بھنور۔ ایک درخت کا نام۔ گھاس خوب بڑھی ہوئی۔ ج:۔ شُرُوم۔ مص (ض) چیرنا۔ کاٹنا۔ [ل] تھوڑا سا دینا۔
شَرنَفَۃ ۔ کھیتی وغیرہ کے بڑھے ہوئے پتے۔ کاٹنا۔
شَرو ۔ شِرو ۔ شہد۔
شِروَال ۔ پائجامہ۔

شَرُوْب ۔ پتلی چیز پینے کی۔ بہت پانی پینے والا۔ نرکی خواہش مند اونٹنی۔

شُرُوْخ ۔ (ن) (بچہ کا) جوان ہونا۔

شُرُوْد ۔ شِرَاد ۔ (ض) بھاگنا۔

شُرُوْق ۔ (ن) آفتاب کا طلوع ہونا۔ کھجور وغیرہ کا خوشہ نکل آنا۔

شَرِہ ۔ حریص۔

شَرَہ ۔ (س) [الیٰ ۔ علیٰ] حریص ہونا۔

شَرْھَان ۔ حریص۔

شُرّیٰ ۔ بدتر عورت۔

شَرِی ۔ اندرائن یا اندرائن کا درخت۔ کھجور کا درخت جو گٹھلی سے اُگا ہو۔

شَرَی ۔ (س) پھیل جانا۔ شائع ہوجانا (بجلی) چمکنا۔ جھگڑنا۔ پتی اچھلنا۔ غصہ ہونا۔

شَرْیٰ پتی۔ سرخ بادہ۔ نکما اونٹ۔ عمدہ اونٹ۔

شِرِّیْب ۔ بہت پینے والا۔ پینے کا بڑا شوقین۔

شَرِیْب ۔ پینے کے لائق پانی جو نہ میٹھا ہو، نہ کھاری۔ پانی میں شریک۔

شَرِیَّۃ ۔ طریقہ۔ روش۔ طبیعت۔ عورت جس کے ہمیشہ لڑکی پیدا ہو۔ ج: ۔ شَرَایَا۔

شَرِیْجَۃ ۔ ٹوکرا۔ کبوتروں کا ایک ٹکڑا۔ ج: ۔ شَرَائِج۔

شَرِیْد ۔ ہٹایا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔

شِرِّیْر ۔ بہت شرارت کرنے والا۔ شوخ۔ ج: ۔ شِرِّیْرُوْن۔

شَرِیْر ۔ بد۔ بُرا۔ ج: ۔ اَشْرَار ۔ اَشِرَّاء ۔ شِرَار۔

شَرِیْرَۃ ۔ سُوا (بڑی سوئی) ج: ۔ شَرَائِر۔

شَرِیْصَۃ ۔ رخسار۔ ج: ۔ شَرَائِص۔

شَرِیْط ۔ عطردان۔ گٹھری۔ پٹارا۔ کھجور کی رسی۔ (د) ڈوری۔ فیتہ۔ بتی۔ ج: ۔ شُرُط۔

شَرِیْطَۃ ۔ شرط۔ معاہدہ۔ پیمان۔ پھٹے ہوئے کان والا اونٹ۔ ج: ۔ شَرَائِط۔

شَرِیْع ۔ بہادر۔ دلیر۔ عمدہ کتان۔

شَرِیْعَۃ ۔ خدائی احکام۔ سیدھا اور کھلا ہوا راستہ دہلیز۔ آستانہ۔ گھاٹ۔ دین (د) قانون۔ ج: ۔ شَرَائِع۔

شَرِیْف ۔ بزرگ۔ بڑے رتبہ والا۔ ج: ۔ شُرَفَاء ۔ اَشْرَاف ۔ شُرَف۔

شَرِیْفَۃ ۔ کھیتی کے بڑھے ہوئے پتے کاٹنا۔

شَرِیْق ۔ آفتاب (نکلنے کے وقت) خوبصورت لڑکا۔ ج: ۔ شُرُق۔

شَرِیْک ۔ ساجھی۔ بُت ج: ۔ شُرَکَاء ۔ اَشْرَاک۔ (م) شَرِیْکَۃ ۔ ج: ۔ شَرَائِک۔

شَرِیْم ۔ شَرُوْم ۔ عورت جس کی مقعد اور فرج دونوں ایک ہوجائیں۔

ش ۔ ز

شَزَازَۃ ۔ (ض) بہت سوکھ جانا۔

شَزَب ۔ شُزُوْب ۔ (ن۔ ک) سخت ہونا۔ یا لاغر وخشک ہونا

شَزْر ۔ (ض) حالت غضب میں یا تکبر سے کن انکھیوں سے دیکھنا۔ نظر لگانا۔ نیزہ مارنا۔

شَزْرَاء ۔ سرخ آنکھ۔

شَتْرَة - آنکھ کی سرخی۔
شَزَن - (س) مست ہونا۔
شَزْو - (ن) بلند ہونا۔ مرتفع ہونا۔
شَزِيب - لکڑی درست کیے جانے سے پہلے کمان جو نئی ہو نہ پرانی۔ ج: - شُزُوب۔

ش - س

شَسّ - سخت زمین۔ ج: - شِسَاس۔ شُسُوس۔
شَسْب - شُسُوب۔ (س۔ ک) سوکھنا۔ لاغر ہونا۔
شَسْع - شُسُوع۔ (ف) دور ہونا۔ بعید ہونا
شُسُوس۔ (ض) سوکھنا۔
شُسُوف۔ (ن) سوکھنا۔ لاغر ہونا۔ کمزور ہونا۔ (س۔ ش)
شَسَمَة - پاخانہ (د)

ش - ص

شَصّ - (ن) روکنا۔ باز رکھنا۔
شِصّ - مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا اور ڈور۔ چالاک چور۔ ج: - شُصُوص۔
شِصْب - سختی۔ قحط۔ حصہ۔ ج: - أَشْصَاب
شَصَر - شَاصِر۔ ہرن کا بچہ۔ ج: - أَشْصَار۔
شُصُص - بکری جو دودھ دینے سے رک جائے۔
شُصُوّ - (ن) رکنا۔ بلند ہونا۔
شُصُوب۔ شَصَب - (ن۔س) سخت ہونا دشوار ہونا۔

ش - ط

شَطْءٌ کھیتی۔ کنارہ۔ خوشہ۔ ج: - شُطُوء۔
شِطّ - کنارہ۔ ج: - شُطُوط۔ شُطَّان۔
مص - (ض) دور ہونا۔ ظلم کرنا۔
خوشہ۔ بالی۔ ج: - أَشْطَاء۔
شَطَارَة - (ن - ک) شوخ و بےباک ہونا۔ ایک پستان کا دوسرے سے بڑھ جانا۔
شِطَاط - درازی۔ دوری۔ قد کی راستی اور موزونیت۔ روڑا۔
شَطَاطَة - دُوری۔ بُعد۔
شَطْبَة - سبز ٹہنی۔ دراز قامت لڑکی۔
شَطْر - آدھا۔ نصف۔ ٹکڑا۔ سمت۔ گوشہ قسم۔ ج: - أَشْطُر۔ شُطُور۔
مص (ن) دو تھنوں کو دوہنا۔ اور دو کو چھوڑ دینا۔
شُطُر - بعید۔ دور۔
شِطْرَة - آدھا آدھا دو قسموں کا۔
شِطْرَنْج - ایک مشہور کھیل۔
شَطَط - ظلم۔ زیادتی۔ حق سے دوری۔
مص (س) حد اور مرتبہ سے تجاوز کرنا۔ حق سے دور ہونا۔ چوپایہ کا چرنے میں دور چلا جانا۔
شُطْفَة - کپڑے کا ایک سبز ٹکڑا، جسے سادات عمامہ یا ٹوپی پر باندھتے ہیں (د)
شَطَن - رسی یا لمبی رسی۔ ج: - أَشْطَان۔

شَطْن۔ (ن) رسی سے باندھنا۔ ساتھی کا قصد و ارادہ میں مخالفت کرنا۔
شُطُوس۔ (ن) ایک پستان کا خشک ہونا یا دوسرے سے بڑھ جانا [عن] کسی کی غمی میں اس سے علیحدہ رہنا۔
شُطُون۔ [فی] دور ہونا۔ جانا۔
شَطِیب۔ ایک پہاڑ اور مقام کا نام۔
شَطِیط۔ (ض) [علیٰ] کسی پر حکم میں جور و ظلم کرنا۔ زیادتی کرنا۔

ش۔ظ

شَظَاف۔ تنگی۔ سختی۔
شَظَف۔ تنگی۔ سختی۔ ج:۔ شِظَاف۔ مص۔ (س) بری زندگی بسر کرنا۔
شَظًی۔ ایک چھوٹی سی ہڈی جو چوپایہ کے زانو یا بازو میں ہوتی ہے۔ مص۔ (س) لنگڑانا (چوپایہ کا) پھٹ جانا متفرق ہونا۔
شَظِیُّ الْقَوْم۔ وہ لوگ جو کسی دوسری قوم سے ملحق ہو جائیں۔

ش۔ع

شَعٌّ۔ متفرق۔ پراگندہ۔ آسمان۔ مص (ن) جلدی کرنا۔ متفرق و پراگندہ ہونا۔ پراگندہ کرنا۔
شُعٌّ۔ آفتاب کی روشنی اور اس کی شعاع مکڑی کا جالا۔
شَعَار۔ گنجان درخت۔ بہت سایہ والا درخت۔

شِعَار۔ وہ لفظ کہ شبخون مارنے کے وقت یا جنگ کے وقت بطور علامت کے کہتے ہیں۔ تاکہ اپنے پرائے میں تمیز کرسکیں۔ اور آپس میں نہ لڑ مریں۔ رسم۔ گرج۔ درخت موت۔ گھوڑے کی جھول۔ کپڑا جو بدن سے متصل ہو جیسے ہندوستان میں کرتہ (د) کسی قوم کا نشان امتیازی۔ ج:۔ اَشْعِرَۃ۔ شُعُر۔
شِعَارَۃ حج کا کوئی ضروری فعل جیسے وقوف طواف وغیرہ۔ ج:۔ شَعَائِر۔
شُعَاع۔ آفتاب کی روشنی۔ آفتاب کی کرنیں و:۔ شُعَاعَۃ۔ ج:۔ اَشِعَّۃ۔ شِعَاع۔
شَعَاع۔ متفرق۔ پراگندہ۔ منتشر۔
شُعَاف۔ جنون۔ دیوانگی۔ وارفتگی۔
شَعَائِر عبادتیں۔ نشانیاں۔ حج کی قربانیاں۔ و:۔ شَعِیرَۃ۔
شَعَائِرُالذَّھَب۔ چمپاکلی (ایک زیور)
شَعْب۔ بڑا خاندان۔ پہاڑ۔ سر کی ہڈیوں کے جوڑ۔ درز۔ پھٹن (د) قوم۔ پبلک ج:۔ شُعُوب۔ مص۔ (ن) درز کو بند کرنا۔ ملانا۔ جدا کرنا۔ اچھا کرنا۔ خراب کرنا۔
شِعْب۔ گھاٹی۔ کنارہ۔ پٹی ہوئی نالی۔ اونٹوں کا ایک داغ۔ ج:۔ شِعَاب۔
شَعَب۔ گائے کے سینگوں اور شانوں کے درمیان کے جوڑ۔ مص۔ (س) دونوں سینگوں اور دونوں شانوں کے درمیان کا کشادہ ہونا۔

شَعْبان ۔ آٹھواں قمری مہینہ ۔ ج :۔ شَعَابِیْن۔
شُعْبَة ۔ شاخ ۔ جماعت ۔ ٹکڑا ۔ پیالہ کا جوڑ۔ شاخ کا کنارہ ۔ دو ٹہنیوں یا گائے کے دو سینگوں کا درمیان نالی ۔ پہاڑ کا کھڈہ ۔ زمانہ کی سختی ۔ چھوٹا پشتہ ۔ ج :۔ شُعَب ۔ شِعَاب ۔
شَعْبَذَة ۔ جادو کرنا ۔ شعبدہ کرنا ۔
شَعْبِیّ ۔ قوم پرست ۔ نیشنلسٹ (د)
شَعَث ۔ کام کی پریشانی مص ۔ (س) اُلجھے ہوئے بالوں والا ہونا ۔
شَعْثَاء ۔ الجھے ہوئے بالوں والی ۔
شَعْثَانُ الرَّاس ۔ وہ شخص جس کے بال الجھے ہوئے اور غبار آلود ہوں ۔
شَعْر ۔ بال ۔ د :۔ شَعْرَة ۔ ج :۔ اَشْعَار ۔ شُعُور ۔ شِعَار ۔ زعفران ۔
شِعْر ۔ کلام منظوم ۔ بیت ۔ ج :۔ اَشْعَار ۔
شِعْر ۔ شَعَر ۔ شُعْرَة ۔ شِعْرٰی ۔ شُعُور ۔ شُعُوْرَة ۔ مَشْعُوْر ۔ مَشْعُوْرَة ۔ (ک ۔ ن) (ب) سمجھنا ۔ جاننا ۔
شَعْر ۔ شَعَر ۔ (ن) شعر کہنا ۔ شعر میں غالب آنا ۔ عورت کے ساتھ ایک کپڑے میں سونا ۔
شِعْرٌ ۔ شَاعِرٌ ۔ بہت اچھا شعر ۔
شَعَر ۔ (س) تمام جسم پر بہت بال ہونا ۔ غلاموں کا مالک ہونا ۔
شَعِر ۔ وہ شخص جس کے بدن پر بہت بال ہوں ۔

شَعْرَاء ۔ بدشکل ۔ بدہیئت ۔ بدمزاج ۔ (عورت وغیرہ) پوستین ۔ زمین جس میں درخت بکثرت ہوں ۔ سخت مصیبت ۔ ج :۔ شُعْر ۔
شَعْرَانِیّ ۔ مرد جس کے جسم پر بال کثرت سے اور لمبے ہوں ۔
شَعْرَة ۔ بال ۔ بڑھاپا ۔ بیٹی ۔
شِعْرَة ۔ عورت کی اندام نہانی کے بال
شُعْرُوْر ۔ بہت ضعیف شاعر ۔ چھوٹی ککڑی ۔ ج :۔ شَعَارِیْر ۔
شِعْرٰی ۔ ایک ستارہ کا نام جس کی جاہلیت میں پرستش ہوتی تھی ۔ ایک پہاڑ کا نام ۔
شَعْشَاع ۔ شَعْشَعَان ۔ لمبا اور اچھے جسم کا آدمی ۔
شَعْشَعَة ۔ [ب] کسی چیز کو کسی چیز میں ملانا ۔
شَعَف ۔ خوف اور عشق جس میں کہ دل پر اختیار نہ رہے اور دل ہاتھ سے جاتا رہے ۔
شَعْف ۔ (ف) کسی کی محبت کا دل کو فریفتہ کرنا ۔ مالش کرنا (مجہولاً) بیمارِ محبت ہونا ۔
شَعَفَة ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ ہر چیز کا سرا ۔ بالوں کی لٹ ۔ دل کا سرا ۔ پھوار ۔ ہلکی ہلکی بارش ۔ لڑکے کی زلف ۔ ج :۔ شُعُوف ۔ شِعَاف ۔
شَعْل ۔ تیز ذہن ۔ ذہین ۔ ہلکا آدمی ۔ مص کام کا انجام سمجھنا ۔ غور کرنا ۔ آگ بھڑکانا ۔

شَعَل ۔ گھوڑے وغیرہ کی دم اور پیشانی اور گدی کی سفیدی مص (س) گھوڑے وغیرہ کی دم میں سفیدی ہونا۔
شُعْلَۃ ۔ آگ کی لو اور لپیٹ جلتی ہوئی لکڑی۔ گھوڑے کی دم اور پیشانی و سر کے پیچھے کی سفیدی۔ ج:۔ شُعَل شُعُوْل۔
شُعْلُوْل۔ انگارہ۔ گروہ۔ ج:۔ شَعَالِیْل۔
شَعْم۔ (ف) صلح کرانا۔
شَعْنَبَۃ۔ چوپایہ کے سینگ کا سیدھا ہوکر کان کی طرف مڑجانا۔
شَعْو۔ (ن) بالوں کا جسم پر کھڑا ہونا۔
شَعُوْب۔ موت کا نام (اس پر الف لام داخل نہیں ہوتا)
شُعُوْبِیَّۃ۔ وہ فرقہ جو عرب کو عجم پر فضیلت نہیں دیتا۔
شَعْوَذَۃ۔ ہاتھ کی صفائی اور چالاکی۔ شعبدہ نظر بندی۔
شُعَیْب۔ ایک پیغمبر کا نام جو حضرت موسےٰ علیہ السلام کے خسر تھے۔
شَعِیْر۔ جو۔ شَعِیْرَۃ۔ ایک جو۔ یار۔ مصاحب۔
شَعِیْرَۃ۔ حج کی قربانی۔ حج میں قربانی کرنے کے لیے اونٹنی جس پر پہچان کے لیے علامت کردی گئی ہو۔ حج کے ضروری افعال میں سے کوئی فعل۔ جو کا ایک دانہ۔ ج:۔ شَعَائِر۔
شَعِیْلَۃ۔ جلنے والی بتی۔ آگ جو بتی میں لگ رہی ہو۔ ج:۔ شُعُل۔

ش۔ غ

شِغَار۔ اپنی بہن یا بیٹی دے کر دوسرے کی بہن یا بیٹی سے نکاح بغیر مہر کے کرنا۔
شَغَاف۔ دل کے اوپر کی جھلی۔ وہ پردہ جس میں دل رہتا ہے۔ سویداء قلب یعنی دل کا سیاہ نقطہ۔ دل کے اندر کا پردہ۔ ذات الجنب۔ ذات الصدر وغیرہ۔
شَغَب۔ شور و فریاد۔ چیخ پکار۔ تباہی۔ مص (س) لڑائی جھگڑا اٹھانا۔ [عن] اعراض کرنا۔
شَغْب۔ غل غپاڑا۔ فتنہ و فساد۔ تباہی۔ مص (ف) لڑائی جھگڑا اٹھانا۔ اعراض کرنا۔
شَغْز۔ مص۔ کسی کو اس کی جگہ سے نکال دینا شہر کا دور ہونا۔ روندنا۔ پامال کرنا۔ تیز چلنا۔
شَغْزَبِیَّۃ۔ کشتی کا ایک داؤ یعنی مقابل کی ٹانگ میں اپنی ٹانگ الجھا کر پچھاڑنا۔
شَغْف۔ (ف) کسی کی محبت کا دل میں جگہ کرنا۔ کسی کے عشق کی دل پر چوٹ لگنا۔
شَغِل۔ کاروباری آدمی۔ مصروف آدمی۔
شَغْل۔ (ف) کام میں لگانا۔ مشغول کرنا۔
شُغْل۔ کام۔ دھندا۔ ج:۔ اَشْغَال۔
شُغُوْل۔ بے پروائی۔
شُغُوْس۔ (ن) دور ہونا۔ کم ہونا۔ متفرق ہونا۔

٭ ٭ ٭

ش۔ف

شَفٌّ ۔ جھرجھرا کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ کمی۔ دن کا بقیہ۔ تھوڑی سی چیز۔ ج:۔ شُفُوف۔

شَفَّ ۔ شِفَّۃٌ۔ (ض) زیادہ ہونا۔ کم ہونا حرکت کرنا۔

شَفَّ ۔ (ت) لاغر ہونا۔ لاغر کرنا۔

شَفًا ۔ کنارہ۔ تھوڑا۔ ذرا سا۔ ج:۔ آشْفَاء۔ شُفِیٌّ۔

شِفَاء ۔ دوا۔ تندرستی۔ ج:۔ آشْفِیَۃ۔ جج:۔ آشَافِی۔ مص (ض) صحت دینا۔ کسی کے لیے صحت چاہنا۔ علاج کرنا۔ سورج کا غروب ہونا۔

شَفَارَۃ ۔ (س) کم ہونا۔ گھٹنا۔

شَفَاعَۃ ۔ (ف) سفارش کرنا۔ خواہش کرنا۔

شُفَافَۃ ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔

شَفَّان ۔ ٹھنڈی ہوا جو بارش کے ساتھ ہو۔

شُفَاھِی۔ آشْفَہ بڑے ہونٹ والا آدمی۔

شَفَۃ ۔ ہونٹ۔ تثنیہ۔ شَفَتَان۔ ج:۔ شِفَاہ۔ شَفَوَات۔ بات۔ سخن۔

شَفَۃٌ حَسَنَۃٌ۔ ذکر خیر۔

شَفَۃُ الرَّکِیَّۃ۔ کوئیں کی من۔

شُفْر ۔ پلکوں کے اگنے کی جگہ۔ ہر چیز کا کنارہ۔ عورت کی فرج کا کنارہ۔ ج:۔ آشْفَار

شُفْرُ السَّیْف۔ تلوار کی تیزی۔

شَفِرَ ۔ (س) کم ہونا۔ ناقص ہونا۔ گھٹ جانا۔

شَفِرَہ ۔ عورت جس کی شہوت کنارہ فرج میں ہوتی ہے۔ لہٰذا وہ جلد منزل ہو جاتی ہے۔

شَفْرَۃ ۔ بڑی چھری چھرا۔ ہر تیز اور دھار والا لوہا۔ تلوار کی باڑ۔ خدمت گار (د) درانتی۔ بلیڈ۔ ج:۔ شِفَار۔

شَفَنَ ۔ (ض) ٹھوکر مارنا۔

شَفْشَاف۔ ٹھنڈی ہوا۔ خراب بنا ہوا کپڑا۔

شَفْشَفَۃ۔ کانپنا۔ بداخلاق ہونا۔ کمزور کرنا۔ خشک کر دینا۔

شَفْع ۔ جوڑا جوڑا۔ جفت۔ بقرعید کا دن۔ مص۔ (ف) ایک کے ساتھ دوسرا ملا کر جوڑا کرنا۔ ایک چیز پر دوسری چیز کا اضافہ کرنا (مجہولاً) ایک کو دو دیکھنا۔ یعنی بھینگا ہونا۔ گھر کی بیع کے اندر پڑوسی کو غیر پڑوسی پر ترجیح دینا۔

شُفْعَۃ ۔ مکان وغیرہ جب فروخت ہو۔ بحق ہمسائیگی خریدنے کا حق دیوانگی۔

شَفَف ۔ تھوڑا۔ ہلکاپن۔ بدحالی۔

شَفَق ۔ آسمان کے کناروں پر غروب کے وقت کی سرخی۔ دن۔ ڈر۔ مہربانی گوشہ۔ خراب چیز۔ ج:۔ آشْفَاق۔

شَفَقَۃ ۔ مہربانی مص (ض) [علیٰ]۔ کسی پر مہربانی کرنا۔ [من] ڈرنا۔

شُفَن ۔ تیز نظر والا۔

شَفِن ۔ عقل مند۔ میراث کا منتظر۔ انتظار۔

شَفَنَ ۔ شُفُون۔ (ن) کن انکھیوں سے دیکھنا جانا۔

یا کراہت اور نفرت سے دیکھنا۔
شَفَنْتَرِی۔ شَفَنْتَرَی ۔ متفرق و پراگندہ۔
شُفُوف ۔ (ن) بدن کا لاغر ہو جانا۔
شُفُوف۔ شَفَف۔ شَفِیف ۔ (ض) کپڑے کا اتنا باریک پتلا اور چھدار ہونا کہ اس کے نیچے کی چیز جھلکے۔
شَفْه ۔ (ف) ہونٹ پر مارنا۔ کام میں لگانا۔ گڑگڑا کر مانگنا۔ مال کو کھا جانا۔ اور کم کر دینا۔
شَفِهِیَّة ۔ تین حرف جن کا مخرج ہونٹ ہیں۔ ب۔ ف۔ م۔
شَفْو ۔ (ن) چھپنے کے قریب ہونا۔ نکلنا۔ ظاہر ہونا۔ نظر آنے لگنا۔
شَفْیٌ ۔ (س) غروب ہونا۔ چھپنا۔
شَفِیر ۔ آنکھ کے پپوٹے کا کنارہ۔ پلکوں کے اگنے کی جگہ۔ ہر چیز کا کنارہ۔
شَفِیرَة ۔ وہ عورت جس کی فرج کے کناروں میں شہوت ہو۔ اور جلد منزل ہو جائے۔
شَفِیع ۔ دوسرے کے لیے سفارش کرنے والا۔ سفارشی۔ ج:۔ شُفَعَاء۔
شَفِیف ۔ خنکی۔ سردی۔ جاڑا۔ کھڑ۔ بارش۔ جس میں خنکی ہو۔ سرد ہوا۔ تیز دھوپ گرمی کی تیزی۔ تھوڑی سی چیز۔ جاڑے کی تھرتھری۔ ج:۔ شِفَاف۔
شَفِیق ۔ مہربان۔ نصیحت کرنے والا۔ سمجھانے والا۔

٭ ٭ ٭

ش۔ق

شَقّ ۔ پھٹن۔ درز۔ صبح۔ ج:۔ شُقُوق دشواری۔ تکلیف۔ مص (ن) چیرنا۔ پھاڑنا۔ متفرق کرنا۔ کھلا رہ جانا۔ صبح ہونا۔ بجلی کا سیدھا سیدھا نصف آسمان تک کوندنا۔ [علی] کسی پر کوئی چیز دشوار ہونا۔ مشقت میں ڈالنا۔
شَقُّ الْعَصَا ۔ جماعت سے علیحدہ ہونا۔ ٹولی سے باہر ہو جانا۔
شِقّ ۔ بھائی۔ دوست۔ جانب۔ ٹکڑا۔ کنارہ۔ آدھا۔ سختی۔
شِقُّ الشَّعِیرَة ۔ برابر۔ مساوی۔
شَقْء۔ شُقُوء ۔ (ف) نکلنا۔ کنگھی کرنا۔ سر کی مانگ پر مارنا۔
شَقَا ۔ سختی۔ تنگی۔ بدبختی۔ بدنصیبی۔ مص (س) بدبخت و بدنصیب ہونا۔
شَقًا۔ شَقَاء۔ شِقْوَة۔ شَقَاوَة ۔ (س) بدبخت ہونا۔ بدنصیب ہونا۔
شَقَاحَة ۔ (ک) بدصورت ہونا۔
شُقَاق ۔ پھٹن۔ چوپائے کے سم کی پھٹن۔
شِقَاق۔ مُشَاقَّة ۔ مخالفت اور دشمنی کرنا مشقت میں ڈالنا۔ ضرر پہنچانا۔ علیحدہ ہو جانا۔
شَقَاوَة۔ شَقْوَة۔ شِقْوَة ۔ بدبختی۔ بدنصیبی مص۔ (س) بدبخت و بدنصیب ہونا۔
شَقَائِقُ النُّعْمَان ۔ لالہ (سرخ رنگ کے پھول)

کا پودا (واحد وجمع)
شَقَب ۔ غار۔ پہاڑ کی کھوہ اور کھڈ۔
ج:۔ شِقَاب ۔ شُقُوب ۔
شِقَبَۃ ۔
شُقَّۃ ۔ دوری ۔ بُعد۔ مسافت۔ گوشہ
مسافر کے جانے کی سمت مسافت۔
بعیدہ۔ دور دراز سفر۔ سختی۔ وہ
کپڑا جو سامنے سے کھلا ہوا ہو مثلاً
اچکن۔ کوٹ۔ چوغہ وغیرہ۔ ج:۔
شُقَق ۔
شُقَّۃُ الْبَاب ۔ آدھا دروازہ۔ ایک کواڑ۔
شِقَّۃ ۔ لکڑی کا ٹکڑا۔ تختہ۔ چھڑی۔ کپڑے
کی لمبی دھجی۔ نصف ۔
شَقْع ۔ (ف) توڑنا۔
شُقْحِیّ ۔ سرخ ۔
شَقِذٌ ۔ جاگتے رہنے والا۔ بہت نظر
لگانے والا۔
شَقْذ ۔ (ض) جانا۔ دور ہونا۔
شَقَذ ۔ (س) بیدار رہنا۔ بہت نظر لگانے
والا ہونا۔ جانا۔ دور ہونا۔
شُقَذ ۔ (مثلثہ) گرگٹ کا بچہ۔ ج:۔
شُقْذَان ۔
شَقْر ۔ دلچسپ اور حسب منشا کام۔ ج:۔
شُقُور۔ (س۔ ك) سرخ و
سپید ہونا۔
شَقِر ۔ لالہ۔ یا ایک سرخ رنگ کی گھاس۔
وا:۔ شَقِرَۃ ۔
شُقْرَۃ ۔ سُرخی وسپیدی۔ مص (س۔ ك)
سُرخ وسفید ہونا ۔

شَقِرَۃ ۔ سنگرف ۔
شَقْشَقَۃ ۔ بولنا۔ آواز کرنا۔
شِقْص ۔ حصہ۔ نصیب ٹکڑا۔
شَقَف ۔ کوڑی۔ وا:۔ شَقَفَۃ ۔
شَقْل ۔ (ن) تولنا۔ وزن کرنا۔
شُقُونَۃ ۔ (ك) کم ہونا۔ تھوڑا ہونا۔
شَقِیّ ۔ بدبخت وبدنصیب۔ ج:۔ اَشْقِیَاء
شَقِیص ۔ شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔
شَقِیق ۔ بھائی۔ ہر چیز کا نصف دوسرے نصف
کا شقیق ہے۔ ج:۔ اَشِقَّاء
شَقِیقَۃ ۔ غار جس میں گھاس ہو۔ دو ٹیلوں کے
درمیان عمدہ زمین جس میں پیداوار
ہو۔ بڑی بڑی بوندوں کی کثیر بارش۔
ج:۔ شَقَائِق ۔

ش۔ك

شَكّ ۔ گمان۔ شک وشبہ۔ ج:۔ شُكُوك۔
ایک دوا جو چوہوں کے لیے قاتل ہے
مص (ن) اونٹ کے بازو کا پہلو
سے مل جانا اور لنگڑانا (فی) شک
کرنا۔ گمان کرنا۔ پہننا (ب) کسی کے
نیزہ مار کر اسے نیزہ میں پرو لینا۔
شَكْءٌ ۔ (ف) نکلنا۔ پھوٹ آنا۔
شَكَأ ۔ (س) پھٹ جانا۔
شَكَاءٌ ۔ بیماری۔ مرض۔ دُکھ۔
شَكَاۃ ۔ بیماری۔ ملامت۔ عیب۔
شِكَارَۃ ۔ آتشدان۔ (د)
شَكَاسَۃ ۔ (ك) بداخلاق ہونا۔
شُكَاعیٰ ۔ ایک باریک گھاس ہے۔

شِکَال ۔ رسی جو گھوڑے وغیرہ کے دو پاؤں میں چرنے کے وقت باندھی جاتی ہے۔ تاکہ بھاگ نہ سکے۔ ج:۔ شُکُل۔
شِکَاکَہ ۔ مُشَاکَھَۃ۔ مشابہ ہونا۔ نزدیک ہونا
شُکْبَان ۔ بھُس وغیرہ کے ڈھونے کی جالی۔
شِکَّۃ ۔ ہتھیار۔ دھانس جو کھاڑی وغیرہ کے دستہ میں مضبوط کرنے کے لیے لگاتے ہیں۔
شُکَّۃ ۔ جو کپڑے سامنے سے کھلے ہوتے ہوں۔ اچکن۔ کوٹ۔ صدری وغیرہ۔
شُکْد ۔ بخشش وعطا۔ شکر وسپاس۔
شَکَد ۔ (ن) عطا کرنا۔ دینا۔
شَکْر ۔ عورت کی فرج۔ فرج کا گوشت۔
شُکْر ۔ (ن) سپاس گذاری کرنا۔ محسن کی تعریف کرنا۔ خدا تعالیٰ کا بندہ کو نیک بدلا دینا۔ قبول کرنا۔
شَکْر ۔ شُکُوْر (ن۔ ض) درخت کی جڑ میں چھوٹی چھوٹی شاخیں پھوٹنا۔
شَکَر ۔ (س) موٹا ہونا۔ دودھیل ہونا۔ بخیل کا سخی ہو جانا۔ درخت کی جڑ میں شاخیں پھوٹ آنا۔
شُکْرَان ۔ احسان مندی۔ شکر گذاری۔
شَکْز ۔ (ن) پاؤں سے یا انگلیوں سے دبانا۔ نیزہ مارنا۔ زبان سے آزردہ کرنا۔ صحبت کرنا۔
شَکِز ۔ بدمزاج ۔ چڑچڑا۔
شَکِس ۔ بداخلاق ۔ کنجوس۔ ج:۔ شُکْس
شَکِص ۔ شَکِیْص ۔ بداخلاق آدمی۔

شَکَع ۔ (ف) اٹھانا۔
شَکَع ۔ (س) دردمند ہونا۔ شور و فریاد کرنا۔ غصہ کرنا۔
شَکْل ۔ مانند۔ موافق چیز۔ چند کام یکساں و باہم مشابہ۔ ج:۔ آشْکَال۔ صورت خواہ نظر آئے یا خیالی ہو۔ خصلت۔ مذہب۔ ج:۔ آشْکَال
شُکُوْل۔ کانوں کے پتے (زیور) ج:۔ آشْکَال۔
شِکْل ۔ (س) ناز و نخرہ۔ چوچلا۔
شَکَل ۔ (س) ناز و نخرہ کرنا۔ بکری کی کوکھ کا سپید ہونا۔ آنکھ کا گلابی ہونا۔
شَکْلَاء ۔ حاجت۔ بکری جس کی کوکھ سپید ہو۔ رسیلی آنکھ۔ گلابی آنکھ۔ ج:۔ شُکُل۔
شُکْلَۃ ۔ آنکھ کا گلابی پن۔ رسیلا پن۔ مشابہت
شَکِلَۃ ۔ ناز و نخرہ کرنے والی۔
شُکْم ۔ ثواب ۔ بدلہ۔ عطا۔
شَکَم ۔ (ن) بدلہ دینا۔ رشوت دینا۔
شَکْم ۔ شَکِیْم ۔ (ن) دانتوں سے کاٹنا۔
شِکَمْچِیَہ ۔ چرمی الماری۔ بڑا صندوق (د)
شَکْو ۔ شکایت۔ گلہ۔ بیماری۔ چھوٹا سا اونٹ۔
شَکْوَۃ ۔ چھوٹا سا مشکیزہ۔ ج:۔ شَکَات شِکَاء۔
شَکُوْر ۔ بڑا شکر گزار۔ بہت شکر کرنے والا۔ خدا تعالیٰ کا نام یعنی بڑا قدردان۔ تھوڑی سی نیکی پر بہت ثواب دینے والا۔
شُکُوْر ۔ نیک بدلہ دینا۔ جزا دینا۔

شَکُوْکٌ ۔ بہت بالوں والی اونٹنی، جس کی لاغری اور فربہی معلوم نہ ہو سکے ۔ ج:۔ شُکٌ ۔

شُکُوْلٌ ۔ شَکَلَ ۔ (ن) کام کا پوشیدہ اور مشتبہ ہونا ۔ مشکل ہونا ۔

شَکُوْلَاتُو ۔ چوکلٹ ۔ ایک قسم کی مٹھائی (د)

شَکْوٰی ۔ شکایت ۔ گلہ ۔ بیماری ۔ ج:۔ شِکَاوٰی ۔

شَکْوٰی ۔ شَکَاۃ ۔ شَکَاوَۃ ۔ شَکِیَّۃ ۔ شِکَایَۃ ۔ (ن ۔ ض) گلہ کرنا ۔ بیمار کرنا ۔ آزردہ کرنا ۔

شَکِیٌّ ۔ گلہ کیا ہوا ۔ دردناک ۔ تھوڑا سا بیمار ۔

شُکَیَّۃ ۔ چمڑے کا ایک برتن پانی یا دودھ کے لیے ۔

شَکِیَّۃ ۔ گلہ ۔ بیماری ۔ بچا بچایا ۔ ج:۔ شَکَایَا ۔

شَکِیْصَۃ ۔ وہ اونٹنی جو دودھ دے اور نہ اس کے پیٹ میں بچہ ہو ۔ ج:۔ شَکَائِص ۔

شَکِیْکَۃ ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ ٹولی ۔ مجمع ۔ راستہ ج:۔ شَکَائِک ۔

شَکِیْمَۃ ۔ غیرت ۔ انتقام ۔ عہد ۔ طبیعت ۔ لگام کا لوہا جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے ۔ ج:۔ شُکُم ۔ شَکَائِم ۔

ش ۔ ل

شَلٌّ ۔ شَلَلٌ ۔ (ن) ہانکنا ۔ دفع کرنا ۔ باریک سلائی سینا ۔ بہانا (س) ہاتھ پاؤں کا سُن ہوجانا ۔ شل ہوجانا ۔

شُلٌّ ۔ زین پوش (د)

شَلَّاءُ ۔ عورت جس کا ہاتھ سُن ہوگیا ہو ۔

شَلَّافَۃ ۔ حرامکار عورت ۔ چھنال ۔ قحبہ ۔

شَلَّاق ۔ فقیروں کی جھولی ۔

شِلَال ۔ پراگندہ و پریشان ۔ تتر بتر ۔

شَلَّال ۔ آبشار ۔ ج:۔ شَلَّالَات (د)

شُلَّۃ ۔ ارادہ یا سفر کا ارادہ ۔ بعید کام جس کی تمھیں خواہش ہو ۔

شَلْحَاء ۔ شَلْحِیْ ۔ تیز تلوار ۔ ج:۔ شُلُح ۔

شَلْخ ۔ جڑ ۔ رگ ۔ اولاد ۔ مص ۔ (ف) کاٹنا ۔

شَلْشَال ۔ چھڑکاؤ کرنا ۔

شَلْشَلَۃ ۔ بہانا ۔ ٹپکانا ۔ تتر بتر کرنا ۔ متفرق کرنا ۔

شِلْطَۃ ۔ لمبا اور باریک تیر ۔ ج:۔ شِلَط ۔

شَلْغ ۔ (ف) سر توڑنا ۔ بھجا کھول دینا ۔

شِلْف ۔ سلاخ (د)

شِلْفَۃ ۔ چھوٹی زنبیل ۔ (د)

شَلْق ۔ (ن) بہت مارنا ۔ جماع کرنا ۔ درازی میں چیرنا ۔

شَلَل ۔ کپڑے کا دھبہ جو دھونے سے زائل نہ ہو ۔ (س) ہاتھ کا سُن ہوجانا ۔ شل ہوجانا ۔

شَلَم ۔ بیت المقدس کا نام ۔ یروشلم ۔

شَلْمَق ۔ شیخ فانی ۔ پیر فرتوت ۔ ج:۔ شَلَامِق ۔

شِلِن ۔ شِلِنْک ۔ شلنگ ۔ ایک انگریزی سکہ ۔ مساوی تقریباً ۱۲ ؍ (د)

شَلْو ۔ (ن) چلنا ۔ جانا ۔ بلند کرنا ۔

شِلْو ۔ بدن ۔ عضو ۔ اس چیز کا ٹکڑا یا قاش

جس کو چھیل کر کھاتے ہیں۔ کسی خاندان کے بچے ہوئے آدمی۔ ج: آشْلَاء۔
شِلْوَۃ ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
شَلِیَّۃ ۔ گوشت کا ٹکڑا بچا ہوا۔ ج: شَلَایَا۔
شَلِیل ۔ وہ کپڑا جسے زرہ کے نیچے پہنتے ہیں۔ بڑی زرہ کے نیچے چھوٹی زرہ۔ وادی میں پانی جاری ہونے کی جگہ۔ ج: آشِلَّۃ۔

ش۔م

شَمّ ۔ (ن) سونگھنا۔ تکبر کرنا۔ تجربہ کار ہونا۔
شَمُّ النَّسِیم ۔ ایام بہار کی تعطیل۔ (د)
شَمُّ الْہَوَاء ۔ تفریح کرنا۔ (د)
شِمَات ۔ نامراد و ناکام لوگ۔ پھٹکارے ہوئے۔
شَمَات۔ شَمَاتَۃ ۔ (س) دشمن کے غم سے خوش ہونا۔
شِمَاذ ۔ (ض) اونٹنی کا حاملہ ہونا اور اوپر کو دم اٹھانا۔ اٹھانا۔
شَمَار ۔ سونف۔ بادیان۔
شِمَاس۔ شُمُوس ۔ (ن) انکار کرنا۔ سرکشی کرنا (ل) کسی کے ساتھ اظہار عداوت کرنا اور اس کے درپے ہونا۔
شَمَّاس ۔ پادری جو درجہ کے اعتبار سے قسیس سے کم ہوتا ہے۔ ج: شَمَامِسَۃ۔
شَمَاشِیر ۔ میلے کپڑے (د)
شِمَاع ۔ شِمَاعَۃ ۔ خوشی۔ ہنسی۔ دل لگی۔
شَمَاقَۃ ۔ جنون۔ دیوانگی۔ نشاط۔
شَمَاطَۃ ۔ ہنگامہ (د)
شِمَال ۔ بایاں۔ مندمیین۔ ج: آشْمُل۔
شَمَائِل ۔ شَمُول ۔ سرشت۔ طبیعت۔ خصلت۔ اتر کی سمت۔ ج: شَمَائِل۔
شَمَال ۔ وہ ہوا جو اتر کی طرف سے چلے۔ ج: شَمَالَات۔ شَمَائِل۔
شَمَّام ۔ سبز و زرد دھاریوں کے چھوٹے خربوزے
شَمَامَات ۔ خوشبوئیں۔ سونگھنے کی چیزیں۔
شُمَیْبِط ۔ باغبان۔ ج: شَمَابِیط۔ (د)
شَمْج ۔ (ن) مخلوط کرنا۔ دور دور ٹانکے بھرنا۔ (عن) کسی کو کسی چیز سے علیحدہ کرنا۔
شَمْجَرَۃ ۔ گھبرائے ہوؤں کی طرح دوڑنا۔
(نَاقَۃ) شَمَجِیّ ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
شَمْخ ۔ دور۔ بلند۔
شَمْخَرَۃ ۔ تکبر کرنا۔
شَمَنْدَر ۔ شِمْنْذَر۔ شِمْنْذَار ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
شَمْر ۔ ناز سے چلنا۔ اکڑ کر چلنا۔ مٹکنا۔ دوڑنا۔ جھپٹ کر چلنا۔ جمع کرنا۔ کھجور کو کاٹنا۔
شِمْر ۔ آزمودہ کار آدمی۔ جوانمرد۔ تجربہ کار رسا۔ جہاں دیدہ۔ قاتل حضرت حسین رضی اللہ عنہ کا نام۔
شُمْرُج ۔ باریک بنا ہوا کپڑا۔ ج: شَمَارِج۔
شِمْرَاج ۔ بات میں جھوٹ سچ ملانے والا۔ اناپ شناپ بکنے والا۔ گپی۔ ج: شَمَارِیج۔
شِمْرَاخ ۔ انگور کا گچھا۔ ج: شَمَارِیخ۔
شِمْرَاخِیَّۃ ۔ خارجیوں کا ایک گروہ جن کا سردار عبد اللہ بن شمراخ تھا۔
شِمْرَۃ ۔ لفنگے۔
شَمْرَجَۃ ۔ کپڑے کو خراب سینا۔ دور دور ٹانکے بھرنا۔
شَمَرْدَل ۔ خوبصورت اور تیز رفتار اونٹ وغیرہ۔

م:۔ شَمَرْدَلَۃ۔
شَمَسَ ۔ (ن) [من] نفرت کرنا۔
شَمْس ۔ آفتاب۔ سورج۔ ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا گلوبند۔ ج:۔ شُمُوس۔
شَمْسِیَّۃ ۔ چھتری۔ (د)
شَمَصَ ۔ (ن) مارنا تیز ہانکنا۔ چوپایہ کو ڈنڈے سے مارنا تاکہ جلد چلے۔
شَمِصَ ۔ (س) کلام کے اندر جلدی کرنا۔
شَمْط ۔ ہانڈی کا مصالحہ۔ ج:۔ اَشْمَاط۔
شِمَاط ۔ مص (ض) ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا۔ بھرنا۔ درخت کے پتے جھڑجانا۔
شَمِطَ ۔ (س) بالوں کا سپید و سیاہ ہونا۔ کھچڑی ہونا۔
شَمَطَات ۔ سر کے چند سفید بال۔
شِمْطَاط ۔ شُمْطُوط ۔ شِمْطِیط ۔ فرقہ۔ گروہ۔ ج:۔ شَمَاطِیط۔
شَمْطَاء ۔ ادھیڑ عمر کی عورت۔ سیاہ سفید بالوں والی۔
شَمَظَ (ن) روکنا۔ ملانا۔ کسی چیز کو تھوڑا تھوڑا لینا۔ آمادہ کرنا۔ ابھارنا۔ نرم گرم بات کرنا۔
شَمْع ۔ جو چیز کہ روشنی کے لیے جلادیں۔ شہد کا موم۔ وا:۔ شَمْعَۃ۔ ج:۔ شَمْعَات۔
شَمَعَ ۔ شُمُوع ۔ (ف) ہنسی کرنا۔ دل لگی کرنا۔ متفرق ہونا (ب) چھوڑنا۔
شَمْعَلَۃ ۔ متفرق ہونا۔ منتشر ہونا۔
شَمِقَ ۔ (س) پاگل کی طرح مست و بیخود ہونا۔

شَمْل ۔ گروہ۔ جماعت۔ انبوہ۔ ٹولی۔ متفرق و پریشان کام۔ اکٹھا کام۔ شمالی ہوا۔ مص۔ (ن) بکری کے تھنوں پر تھیلیاں چڑھانا۔
شَمَلَ ۔ شُمُول ۔ (ن) شامل ہونا۔ بائیں طرف جانا۔ بائیں طرف کرلینا۔
شِمْل ۔ کھجوروں کا گچھا۔ وہ گچھا جو کم پھلا ہو۔ شمالی ہوا کنگھی۔ پھوار۔ بوندا باندی۔ چند آدمی۔ تھوڑی سی کھجوریں۔ چند اونٹ۔ ج:۔ اَشْمَال مص (س) کسی کو شمالی ہوا لگنا۔ ایک چیز کا سب کو اپنے اندر لے لینا۔ بھلائی برائی کا پہنچنا۔
شِمْلَال ۔ بایاں۔
شَمْلَۃ ۔ وسیع چادر جس سے بدن لپیٹ لیتے ہیں۔ ج:۔ شَمَلَات۔
(امّ) شَمْلَۃ ۔ دنیا۔ شراب۔ سورج۔
شَمَلَۃ ۔ تھوڑی سی بارش۔ تھوڑی سی کھجوریں۔
شِمْلَۃ ۔ کپڑے میں لپیٹنے کی ہیئت۔
شَمْلَق ۔ بداخلاق عورت۔ ج:۔ شَمَالِق۔
شَمْلَلَۃ ۔ جلدی کرنا۔ درخت سے پھل توڑنا۔
شُمْلُول ۔ تھوڑا سا۔ ذرا سا۔ شاخ اوپر سے پھیلی ہوئی۔ ج:۔ شَمَالِیل۔
شَمَم ۔ نزدیکی۔ دوری۔ پہاڑ کی بلندی۔ ناک کی بلندی و خوبصورتی۔
شَمْهَذَۃ ۔ چھری وغیرہ تیز کرنا۔
شُمُوّ ۔ (ن) بلند ہونا۔
شُمُوخ ۔ (ن) بلند ہونا۔ اپنے کو بڑا سمجھنا۔ تکبر کرنا۔
شَمْخُود ۔ الماس۔ ہیرا۔

شَمُوس ۔ سرکش گھوڑا۔ بدمزاج۔ سخت۔
ج:۔ شُمُس۔ شُمْس۔

شَمُوع ۔ ٹھٹھے باز۔ شعبدہ باز۔ ہنسوڑ۔
(مذکر و مؤنث) عنبر آمیختہ مشک۔

شَمُول ۔ ہوا جو قطب کی طرف سے چلے۔
شراب شمالی ہوا میں ٹھنڈی کی ہوئی
شراب۔

شُمُول ۔ (ن) بائیں طرف سے پھر جانا۔ درخت
سے پھل توڑنا۔ شراب وغیرہ کو شمالی
ہوا میں ٹھنڈا کرنا۔ جماع کرنا۔

شَمْوِیل ۔ ایک نبی کا نام (علی نبینا و علیہ
الصلوٰۃ والسلام)

شَمِیْط ۔ ملی ہوئی چیز۔ صبح۔ اولاد جن میں آدھے
لڑکے اور آدھی لڑکیاں ہوں۔

شَمِیْم ۔ بلند۔ خوشبو۔

ش۔ن

شَنْء ۔ شَنَآن۔ شَنَاءَۃ۔ شَنْآن۔
(ف۔س) دشمنی رکھنا۔ دشمنی کرنا۔
(ب) اقرار کرنا۔ بیزار ہونا۔ (س)
نکال لانا۔ (ل) دینا۔ عطا کرنا۔

شَنّ ۔ پھٹی ہوئی اور پرانی مشک۔ ج:۔
شِنَان۔ مص (ن)۔ (علی) شراب
پر پانی چھڑکنا۔ غارت ڈالنا۔

شِنَاح ۔ مست۔ ج:۔ شُنُح۔

شَنَاح ۔ شَنَاحِیّ۔ لمبا آدمی۔ لمبا اونٹ۔

شَنَاعۃ ۔ عیب و عار۔ مشہور برا کام۔

شَنَاعَۃ ۔ برائی مص (ک) برا ہو جانا۔

شَنَاق ۔ لمبا۔ دراز۔

شِنَاق ۔ وہ تسمہ یا ڈورا جس سے مشک کا
منہ باندھا جاتا ہے۔ سر کی درازی۔
وہ رسی جس سے قیدی کے ہاتھ کو
گردن سے باندھا جاتا ہے۔ ج:۔
شُنُق۔ آشْنِقَۃ۔

شَنَآن ۔ دشمنی۔ خلاف۔ جھگڑا۔

شُمْنَان ۔ ٹھنڈا پانی۔ برسنے والا بادل متفرق
و منتشر۔

شِنَان ۔ سفوف۔ (د)

شَنْآن ۔ دشمنی کرنے والا۔ (م) شَنْآنَۃ۔

شُنَانَۃ ۔ پانی کہ مشک سے یا کسی درخت
سے ٹپکے۔

شَنَب ۔ دانتوں کی جلا اور آب داری۔ دن کی
خنکی۔ دانت کے دندانے اس طرح پر کہ ان
کا کنارہ آرے کے مشابہ ہو مص (س)
آبدار دانتوں والا ہونا۔ ٹھنڈا ہونا (د)
مونچھیں۔ ج:۔ آشْنَاب۔

شَنِب ۔ ٹھنڈا دن۔

شَنْبَاء ۔ آبدار دانتوں والی۔ انار بے دانہ
(بغیر بیج کا)

شَنَّۃ ۔ پرانی مشک۔ ج:۔ آشْنَان۔
شِنَان۔

شَنْتَرَۃ ۔ پھاڑ ڈالنا۔ پارہ پارہ کر دینا۔

شُنْتُرَۃ ۔ انگلی۔ دو انگلیوں کا مابین۔ ج:۔
شَنَاتِر۔

شَنَج ۔ اونٹ۔ جھریاں۔ سلوٹیں۔ مص۔
(س) جھریاں پڑ جانا۔

شِنْجَار ۔ شکار کا معرب ہے۔ رتن جوت اور
وہ ایک خار دار گھاس ہے۔ زمین

چڑھتی ہوئی۔
شَنْخَاب۔ شُنْخُوب۔ شُنْخُوبَة۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج:۔ شَنَاخِيب۔
شَنْو ۔ سیاہ ریشمین رومال جو سر پر باندھا جاتا ہے۔
شِنْشِنَة ۔ خصلت۔ عادت۔ ج:۔ شَنَاشِن۔
شَنْشَنَة ۔ کاغذ اور نئے کپڑے کی آواز۔
شُنُط ۔ بھنے ہوئے گوشت۔
شَنْظَرَة ۔ (ب) گالی دینا۔ بے آبروئی کرنا۔ ہتک کرنا۔
شَنْع ۔ (ف) کسی کو ہلکا سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔ برا کہنا۔ گالی دینا۔ بدنام اور رسوا کرنا۔
شُنْع ۔ (س) کسی کام کو برا سمجھنا۔
شَنْعَاء ۔ بہت بری۔ (مؤنث)
شُنْعُوف۔ شُنْعَاف ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا سست اور عاجز آدمی۔ ج:۔ شَنَاعِيف۔
شَنْف ۔ کان کے اوپر کے حصہ کی بالی۔ ج:۔ شُنُوف۔ مص (ن) [الی] کسی چیز کو نفرت کے ساتھ دیکھنا۔ تعجب سے یا نظر کراہت سے دیکھنا۔
شَنِف ۔ دشمنی رکھنے والا۔
شَنَف ۔ (س) دشمنی رکھنا۔ نفرت کرنا۔ نیچے کے ہونٹ کا لٹک جانا۔
شَنَق ۔ زخموں کی دیت۔ زکوٰۃ کے دو نصابوں کا مابین (مثلاً چالیس بکریوں اور ایک سو بیس بکریوں کے درمیان کی بکریاں۔ (س۔ ض) کسی چیز کو محبوب رکھنا۔ کسی چیز کا عشق رکھنا۔
شَنْق ۔ (ن۔ ض) اونٹ کی لگام کھینچنا مشک کا منہ تسمہ سے باندھنا۔ چوپایہ کی گردن میں رسی باندھ کر اسے درخت پر لٹکانا (د) پھانسی دینا۔
شَنِق ۔ مشتاق۔ عاشق۔ ج:۔ اَشْنَاق۔
شَنْگل ۔ یک مچھلی کے شکار کا کانٹا۔ (د)
شَنْم ۔ (ن) چھیلنا۔ خراش کرنا۔
شَنِم ۔ ٹھنڈا پانی۔
شَنُوءَة ۔ صاف ستھرا۔ ہر چیز سے نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا۔
شُنُوع ۔ برائی۔ قباحت۔
شَنُون ۔ بھوکا۔ فربہ۔ لاغر۔ اونٹ جو فربہ ہو نہ لاغر۔
شَنِيع ۔ برا۔ نکما۔ خراب۔
شَنِيق ۔ بے باک۔ ایک لکڑی جس پر شہد کی لکڑی رکھ کر مکھیوں کے چھتہ کے عرض میں رکھتے ہیں۔
شَنِين ۔ پانی کے یا آنسو کے قطرے۔ دودھ جس میں پانی ملا ہوا ہو۔ مص (ض) قطرہ قطرہ ٹپکنا۔

ش۔و

شِوَاء ۔ گوشت جو بھوننے کے لیے ہو۔
شَوَّاء ۔ گوشت بھوننے والا۔
شَوَائِب ۔ عیوب۔ خوفناکیاں۔ نجاستیں۔ وا:۔ شَائِبَة۔
شِوَاة ۔ بھنی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔
شُوَاظ ۔ آگ کی لو بغیر دھوئیں کی یا آگ کا دھواں۔

اور اس کی گرمی۔ پست۔ آفتاب کی گرمی۔ شہوت کا زور۔ جماع کی خواہش۔ گالی۔ شور و فریاد۔

شَوَّاف - تیز نظر آدمی۔

شَوَّافَة - جھانواں (د)

شَوَاكِل - بڑی بڑی گلیاں۔ کوچے۔ وا: شَاكِلَة۔

شُوَال - بڑا تھیلہ۔ بورا۔ ج۔ شُوَالَات۔ (د)

شَوَّال - عیدالفطر کے مہینہ کا نام۔ ج: شَوَّالَات۔ شَوَاوِيل۔

شَوَّالَة - چغل خور عورت۔ بچھو کا علم (اس معنی میں غیر منصرف ہے)

شَوَامِت - چوپایہ کے پاؤں۔ وا: شَامِتَة۔

شَوَّان - غلہ جمع کرنے والا۔

شُوَايَة - بھوننے کے لیے گوشت کا ٹکڑا۔ ڈھیر میں سے تھوڑا سا۔ آسان کام۔ قوم کا بقیہ۔ خراب خستہ۔ بچے کھچے اونٹ وغیرہ۔

شَوْب - شہد کسی چیز میں ملا ہوا۔ دودھ۔ ملاوٹ مص۔ (ن) ملانا (عن) آہستہ ہانکنا۔

شَوْبَة - فریب۔ مکر۔ دغابازی۔

شُوجِيَّة - کڑی۔ دھنی۔ ج: شَوَاجِي (د)

شَوْذَر - چادر، سینہ بند۔ عورتوں کی کرتی۔ ج: شَوَاذِر۔

شَوْذَق - کنگن۔ ج: شَوَاذِق۔

شَوْر۔ شِيَار۔ شِيَارَة۔ (ن) شہد کی مکھی کے چھتہ میں سے شہد نکالنا۔

(گھوڑے کی اصالت اور قدم دیکھنے کے لیے) دوڑانا۔ چوپایہ کا فربہ اور خوبصورت ہونا۔ ظاہر کرنا۔

شَوْرَان - کُسُم۔

شَوْرَة - شرمندگی۔ خجالت۔

شُوْرَة - اندر کا رخ۔ باہر کا رخ۔ شہد کی جگہ۔ خوبی نیکی۔ ہیئت۔ لباس۔ آراستگی۔

شَوْرَج - شورہ کا معرب

شَوْرَى - ایک دریائی گھاس۔

شُورَى - مشورہ۔ رائے اور صلاح۔

شُورَى الدَّوْلَة - کونسل آف اسٹیٹ (د)

شَوْز - (ن) (مجہولاً) فریفتہ ہونا۔ دل آجانا۔

شَوْزَب - نشان۔ علامت۔ ج: شَوَازِب۔

شَوَس - (س) تکبر سے یا غصہ میں کن انکھیوں سے دیکھنا۔ آنکھ کو بھینچ کر دیکھنا۔

شَوْس - (ن) مسواک کا چبانا۔ مسواک کرنا۔

شَوْص - (س۔ ن) مسواک چبانا۔ مسواک کرنا۔ دانت میں یا پیٹ میں درد ہونا۔ بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔ ہاتھ سے ملنا۔ دھونا۔ خوب صاف کرنا۔

شَوَص - (س) غرور یا غصہ میں آکر کن انکھیوں سے دیکھنا۔

شَوْصَاءُ الْعَيْن - کن انکھیوں سے دیکھنے والی۔

شَوْصَة - ایک ورم جو پسلیوں کے پردہ میں ہو جاتا ہے پیٹ کا ریاحی درد جو کبھی کسی جگہ اور کبھی کسی جگہ ہوتا ہے۔

شَوْط - قدم۔ ڈگ۔ پھیرا۔ چکر۔ وا: شَوْطَة۔ ج: أَشْوَاط۔

شَوْظ - (ن) (ب) گالی دینا۔

شُوْعٌ ۔ درخت بان۔ ایک گھاس جو پہاڑ اور نرم زمین میں اگتی ہے۔ وا:۔ شُوْعَۃٌ۔

شَوَعٌ ۔ پراگندہ۔ پریشان مص (س) سر کے بالوں کا کانٹے کی طرح سخت ہو جانا۔

شَوْعٌ ۔ شَیْعٌ۔ دوسرا بچہ۔

شَوْعَاءُ ۔ گھوڑی جس کا ایک رخسار سفید ہو۔ ج:۔ شُوْعٌ

شَوْفٌ ۔ (ن) صاف کرنا۔ جلا دینا۔ (مجہولاً) مزین و آراستہ ہونا۔

شَوْقٌ ۔ نفس کی حرص۔ خواہش۔ میلان خاطر۔ ج:۔ اَشْوَاقٌ۔ مص۔ (ن) آرزومند کرنا۔ باندھنا۔ لٹکانا۔ مضبوط کرنا۔ کسی چیز کو سہارا دے کر کھڑا کرنا۔

شَوْقَبٌ ۔ دراز قامت آدمی۔ چوڑا اسم۔ پالان کی لکڑی جس میں رسی لٹکائی جاتی ہے۔ ج:۔ شَوَاقِبُ۔

شَوْكٌ (جنس) کانٹے وا۔ شَوْکَۃٌ۔ ج:۔ اَشْوَاكٌ۔ مص (ن) کانٹا لگ جانا۔ کانٹا چبھونا۔ (س) قوت و تیزی جتلانا۔ ظاہر ہونا۔ نکلنا۔ کانٹوں میں پہنچانا۔

شُوْكٌ ۔ شُوْکَۃٌ۔ (س) قوت اور تیزی کا اظہار کرنا۔

شَوْکَاءُ ۔ سخت بنی ہوئی چادر۔ سخت کپڑا۔

شَوْکَۃٌ ۔ دھار۔ ہتھیار۔ لڑائی کی شدت و سختی۔ قوت۔ قدرت۔ زخم۔ پتی۔ چیچک سرخ بادا۔ جولاہے کا کورنج۔ (د) کھانا کھانے کا کانٹا۔

ذَاتُ الشَّوْکَۃ۔ دبدبہ والی فوج۔ مسلح لشکر۔

شَوْلٌ ۔ تھوڑا پانی۔ ظرف میں بچا ہوا پانی۔ ہلکا ج:۔ اَشْوَالٌ۔ مص۔ (ن) دم اٹھانا۔ دم اٹھنا۔

شُوْمٌ ۔ بدفال نحس۔ سبز قدم سیاہ اونٹ۔

شُوْمَلُ ۔ بایاں۔

شَوْنٌ ۔ (ن) دماغ کے کیڑے نکالنے کے لیے سر کا آپریشن کرنا۔

شَوْنَۃٌ بے وقوف عورت۔

شُوْنَۃٌ ۔ میگزین۔ گدام۔ ج:۔ شُوَنٌ۔ (د)

شَوْہٌ ۔ شَوْہَۃٌ۔ (ت) چہرہ کا بدصورت ہونا۔ ڈرانا۔ نظر لگانا۔ حسد کرنا۔ دیکھنا۔

شَوْہَاءُ ۔ بدصورت عورت۔ خوبصورت عورت ج:۔ شُوْہٌ۔

شَوْہَبٌ ۔ خارپشت (ایک جانور جس کی پشت پہ کانٹے ہوتے ہیں) ج:۔ شَوَاہِبُ

شَوٰی ۔ آسان کام۔ سر کی کھال۔ ہر عضو جو تلوار مارنے کی جگہ نہ ہو۔ جسم کے اطراف یعنی ہاتھ پاؤں وغیرہ۔

شَوِیٌّ ۔ بھوننے کے قابل۔

شَوِیَّۃٌ ۔ جو قوم ہلاک ہوگئی ہو۔ اس کے بچے ہوئے لوگ۔ ج:۔ شَوَایَا۔

شُوَیْعِرٌ ۔ کم درجے کا شاعر۔

ش ۔ ہ

شَہَّاءٌ ۔ بہت خواہش کرنے والا۔

شِہَابٌ ۔ آگ کی چمک۔ چنگاری۔ انگارہ۔ ہر

اس چیز کی چمک جو سفید ہو اور اوپر چڑھی ہوئی ہو۔ تجربہ کار اور رسا آدمی۔ ج:۔ شُہُب۔ شُہْبَان۔ آشْہُب۔

شِہَابُ ثَاقِب ۔ بھڑکا ہوا شعلہ۔

شُہَابَۃ ۔ دودھ جس میں دو تہائی پانی ہو۔

شَہَادَات۔ گواہیاں۔

شَہَادَۃ ۔ ٹھیک اور درست چیز۔ یقین۔ آگاہی۔ گواہی مص (س۔ ک)[ل] گواہی دینا۔ قسم کھانا۔ جاننا۔ کہنا (علی) کسی چیز پر مطلع ہونا۔

شَہَادَہ ۔ سارٹیفکٹ۔ سند (د)

شِہَار ۔ ماہانہ تنخواہ مقرر کرنا۔

شَہَام ۔ غول بیابانی۔ دیو۔

شَہَامَۃ ۔ (ک) تیز رو اور قوی ہونا۔ تیز طبع اور چالاک ہو جانا۔

شَہْب ۔ پہاڑ جس پر برف برسے۔ مص (ف) (گرمی اور سردی کا) رنگ کو متغیر کر دینا۔ مواشی کو بغیر چارے کے رکھنا اور ہلاک کر دینا۔

شَہَب ۔ سپیدی جو سیاہی پر غالب آگئی ہو۔ مص (ک۔ س) سپیدی کا سیاہی پر غالب آنا۔

شُہْب ۔ سپیدی جو سیاہی پر غالب آجائے۔

شُہُب ۔ روشن ستارے۔ وا:۔ شِہَاب۔

شَہْبَاء بھاری لشکر جو ہتھیاروں کی کثرت سے جگمگا رہا ہو۔ قحط کا سال جس میں گھاس کا پتہ نہ ہو۔ سرد ہوا والی رات۔

شَہْبَر ۔ بڑی عمر کا بوڑھا۔ (م) شَہْبَرَۃ۔

ج:۔ شَہَابِر۔

شَہْبَنْدَس ۔ سفیر۔ کونسل۔ (د)

شَہْتَرَج۔ شَاہْتَرَج ۔ ایک بوٹی جو خارش اور کھجلی کے لیے مفید ہے۔ معرب شاہترہ۔

شَہْد ۔ موم ملا ہوا شہد۔ ج:۔ شِہَاد۔

شَہْدَانَج۔ شَاہْدَانَج ۔ شاہ دانہ۔

شَہْس ۔ حسینہ۔ ج:۔ شُہُوس۔

شَہْر ۔ شُہْرَۃ ۔ (ف) ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔ تلوار سونتنا۔ تلوار کھینچنا۔ کسی شے کا برائی کے ساتھ مشہور ہونا۔

شَہْقَۃ ۔ چیخ۔ نعرہ۔

شَہَل ۔ (س) نشیلی و گلابی آنکھوں والا ہو جانا۔

شَہْلَاء ۔ رسیلی۔ نشیلی۔ گلابی آنکھوں والا۔ حاجت۔

شَہْم ۔ ہوشیار و تیز فہم آدمی۔ ج:۔ شِہَام۔ مست گھوڑا۔ ج:۔ شُہُوم۔

شَہْنِیز ۔ کلونجی۔

شَہْوَان ۔ خواہاں و آرزومند (م) شَہْوٰی۔ ج:۔ شَہَاوٰی۔

شَہْوَۃ ۔ خواہش۔ آرزو۔ آسرا۔ ج:۔ شُہًی۔ شَہَوَات۔ مص (س۔ ن) دوست رکھنا۔ چاہنا۔ آرزومند ہونا۔

شُہُود ۔ حاضر ہونے والے گواہ لوگ۔ وا:۔ شَاہِد۔ مص (س) حاضر ہونا۔

شُہُوق ۔ (ف۔ ض۔ س) بلند ہونا۔

شُہُوم شَہْم (ن۔ ف) ڈرانا۔ سہما دینا۔ ڈرنا۔

شَهِیّ ۔ خواہش مند۔ آرزومند۔ خواہش کردہ شے۔ پرشہوت۔ مرغوب۔
شَهِیْد ۔ حاضر۔ گواہ۔ پوری پوری اور سچی گواہی دینے والا۔ جس نے خدا کی راہ میں جان دی ہو۔ جو جہاد میں مارا گیا ہو۔ ج: شُهَدَاء۔
شَهِیْر ۔ نیک نام۔ جس کا چرچا ہو۔ مشہور و معروف۔
شَهِیْرَة ۔ چوڑی چکلی۔ (مؤنث)
شَهِیْق ۔ گدھے کی آواز۔ ریک مص۔ (ف ض۔س) روتے روتے ہچکی لگ جانا۔ نظر لگنا۔ گدھے کا آواز کرنا۔ ہیچنا۔

ش۔ی

شَیّ ۔ (ض) بھوننا۔
شَیْء ۔ چیز۔ ج: اَشْیَاء۔ اَشْیَاوَات۔ مص (ف) چاہنا۔ ارادہ کرنا۔
(یا) شَیْءُ ۔ کلمہ تعجب۔
شِیَاب ۔ پانی جو کسی چیز میں ملایا جائے۔
شِیَاة ۔ خواہش۔ ارادہ۔
شِیَاج ۔ کوشش۔ پرہیز۔ قحط۔
شِیَاط ۔ روئی اور اون کے جلنے کی چراند اور بدبو۔
شِیَاع ۔ لکڑی کی چھپٹی جس سے آگ سلگائیں۔ چرواہے کی بانسری مص (ض) کسی کے پیچھے ہونا۔ کسی کے ساتھ ہونا۔
شِیَاف ۔ آنکھ وغیرہ کی دوائیں۔
شِیَاق ۔ (ض) رسی باندھنا۔
شَیَّال ۔ بوجھ اٹھانے والا۔

شِیَالَہ ۔ بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَیَام ۔ نرم زمین۔ مٹی۔
شِیَام ۔ مٹی۔ چوہا۔ ج: شِیَم۔
شَیَّان ۔ خون۔ سیاؤشان (ایک دوا ہے) تیز نظر آدمی۔
شَیْب ۔ سفید بال۔ بالوں کی سپیدی۔ بڑھاپا۔ مص۔(ض) بالوں کا سپید ہونا۔
شِیْب ۔ پہاڑ جو برف سے سپید ہو جائیں بڑھاپا۔
(لَیْلَةُ) شَیْبَاء ۔ رات جس میں باکرہ عورت کی بکارت زائل کی جائے۔ شب زفاف۔ مہینہ کی آخر رات۔
شَیْبَان ۔ وَمَلْحَان۔ جاڑے کے دو مہینے جن میں سردی زیادہ ہوتی ہے۔
[یوم] شَیْبَان ۔ وہ دن جس میں سردی ہو اور ہلکی بدلی چھائی ہوئی ہو۔
شَیْبَة ۔ بڑھاپا۔ ایک بوٹی جسے افسنتین بھی کہتے ہیں۔
شِیْت ۔ چھینٹ (د)
شِیَة ۔ نشان۔ گھوڑے وغیرہ کے بدن پر دوسرے رنگ کا دھبّہ۔ ج: ۔
شِیَات مص (ض) کپڑے کو چھاپنا۔ اچھا کرنا۔ جھوٹ کہنا۔ گفتگو کو جھوٹی سچی باتوں سے آراستہ کرنا۔
شَیْح ۔ (ض) [علی] کوشش کرنا۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔
شِیْح ۔ کام میں کوشش کرنے والا۔ پرہیز کرنے والا۔ ج: ۔ شِیَاح۔

شَیْحَان ۔ رشک کرنے والا۔ بڑی غیرت والا آدمی۔ بے تکان دوڑنے والا۔ ہر لمبی چیز۔

شَیْخ ۔ بڑی عمر کا آدمی۔ بزرگ۔ سردار۔ سیدھی سمجھ والا۔ عقل مند۔ ج:۔ شُیُوخ۔ اَشْیَاخ۔ شِیْخَۃ۔ شِیْخَان۔ مَشَائِخ۔

شَیْخُ الْمَرْءَۃ۔ عورت کا خاوند۔

شَیَّخ ۔ شُیُوْخَۃ۔ شَیْخُوْخَۃ بڈھا ہو جانا خواجہ و سردار ہونا۔

شَیْخَان ۔ حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما امام اعظم و ابو یوسف رحمہما اللہ تعالٰے، حکیم ابن سیناء و ابو نصر فارابی۔

شَیْخَۃ ۔ بوڑھی عورت۔ بڑھیا۔

شَیْخُوْن ۔ بوڑھا۔ اسّی برس کا بوڑھا۔

شَیَّد ۔ (ض) استرکاری کرنا۔ بلند کرنا۔ اونچا کرنا۔ ہلاک ہونا۔

شِیْد ۔ چونا۔ گچ۔ مٹی وغیرہ جس سے استرکاری یا کہگل کریں۔

شَیْذُمَان ۔ بھیڑیا۔

شَیْذُمَانَۃ۔ تیز رفتار اونٹنی۔

شَیِّر ۔ مشورہ دینے والا۔ ج:۔ شُوَرَاء فربہ گھوڑا۔ ج:۔ شِیَار۔

شِیْرَاز ۔ طہمورث کے بیٹے کا نام جس نے فارس میں ایک شہر بسا کر اس کا نام شیراز رکھا۔ جما ہوا دودھ جس میں سے پانی نکال دیا جائے۔ ج:۔ شَوَارِیْز۔ شَرَارِیْز۔

شَیِّرَۃ ۔ عمدہ۔ اچھی۔

شِیْز ۔ شِیْزٰی۔ آبنوس یا ایک قسم کی کالی اور بہت سخت لکڑی۔

شِیْشَۃ ۔ سگرٹ کا پائپ۔ چلم۔ (د)

شِیْص ۔ ایک قسم کا ردی چھوارہ۔ ایک قسم کی مچھلی۔ وا:۔ شِیْصَۃ۔

شَیْط ۔ شَیُوْطَۃ۔ شُیُوْط۔ شِیَاطَۃ۔ (ض) جل جانا۔ ہلاک ہونا۔ تقسیم ہو کر کسی چیز کا ختم ہو جانا۔ ملانا۔ دوڑ دھوپ کرنا۔ رائیگاں جانا [فی] جلدی کرنا۔

شَیْطَان۔ دیو۔ سرکش۔ شریر اور فسادی آدمی چوپایہ وغیرہ۔ ج:۔ شَیَاطِیْن۔

شِیْطَرَج۔ ایک بوٹی کا نام ہے۔ چترک۔ چیتہ۔ (اس دوا کے یہ ہندی نام ہیں)

شَیْطَنَۃ۔ سرکشی کرنا۔ شرارت کرنا۔ نافرمان ہو جانا۔

شَیْع ۔ مثل۔ مانند شیر کا بچہ ج:۔ اَشْیَاع۔

شَیْع ۔ شُیُوْع۔ شُیُوْعَۃ۔ شَیْعُوْعَۃ۔ شَیَعَان۔ خبر کا ظاہر ہونا۔ پھیل جانا کھل جانا۔ پُر کرنا۔ بھرنا۔

شَیِّع ۔ تابع۔ پیرو۔ ج:۔ شِیْعَاء۔

شِیْعَۃ ۔ پیچھے چلنے والا اور مددگار۔ گروہ۔ مجمع۔ ٹولی۔ ایک فرقہ جو خود کو اہل بیت سے منسوب کرتا ہے ج:۔ اَشْیَاع شِیَع۔

شَیِّعَۃ۔ متبرک۔

شَیْق ۔ [الی] کسی چیز کو کھینچ کر لے جانا۔

شَیِّق ۔ مشتاق۔ آرزومند۔

شِیق ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ چوپایہ کی دم کے بال۔ ایک قسم کی مچھلی۔
شَیم ۔ (ض) تلوار کو میان میں کرنا۔ تلوار سونتنا۔ کسی کے دونوں ہاتھوں کو غبار آلود کرنا۔ بجلی کو نظر اٹھا کر دیکھنا کہ کدھر کوندتی ہے اور کہاں بارش ہوتی ہے۔
شَیْم ۔ شُیُوم ۔ (ض) لڑائی میں مضبوط اور ٹھیک ٹھیک حملہ کرنا۔ ایک چیز میں داخل ہونا۔ ایڑ لگانا۔ پوشیدہ کرنا۔ بجلی کو دیکھنا۔ بارش کی سمت معلوم کرنے کی خاطر۔
شَیَم ۔ زمین جو کھودی نہ گئی ہو۔ اور بہت سخت ہو۔
شِیمَۃ ۔ خصلت۔ طبیعت۔ عادت۔ ج:۔ شِیَم۔
شَیمَل ۔ شَمْل ۔ شَوْمَل ۔ شَمُول شَیْئَل ۔ شمالی ہوا۔
شَیْن ۔ عیب۔ برائی۔ مص (ض) کسی کی عیب گیری کرنا۔
شِین ۔ حرف شین۔ حروف تہجی میں سے ایک حرف ہے۔
شِینِیز ۔ کلونجی۔
شَیُوع ۔ چھپٹیاں وغیرہ۔ جس چیز سے آگ سلگائیں اور بھڑکائیں۔
شُیُوعِیَّۃ ۔ بالشوازم۔ روسی اشتراکیت (د)
شَیُوہ ۔ بہت نظر لگانے والا۔
شَیْہ ۔ (ض) کسی کا عیب بیان کرنا۔ نظر لگانا۔
شَیْہَم ۔ لمبے کانوں والا۔ نر خار پشت۔ ج:۔ شَیَاہِم۔

ص ۔ ا

صَاءَۃ ۔ وہ پانی جو ولادت کے بعد بچہ دانی سے نکلتا ہے۔
صُؤَابَۃ ۔ جوں اور پسو کا انڈا۔ ج:۔ صِئْبَان۔
صَاب ۔ مینہ۔ برستا ہوا مینہ۔ جھڑی۔
صَابَۃ ۔ آفت۔ مصیبت۔ ضعف۔ سستی۔ کم عقلی۔ ایک کڑوا درخت۔ ج:۔ صَاب۔
صَابِح ۔ ظاہر و آشکار (د) تازہ۔ جدید۔
صَابِر ۔ سہنے والا۔ صبر کرنے والا کسی کو قتل کے لیے روکنے والا۔ ج:۔ صَابِرُون م:۔ صَابِرَۃ ۔ ج:۔ صَابِرَات۔ صَوَابِر۔
صَابِئ ۔ ستارہ پرست۔ ایک خاص مذہب کا معتقد۔ ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں چلا جانے والا۔ ج:۔ صَابِئُون۔
صَابِیَۃ ۔ پورب اور شمال کے درمیان کی ہوا۔ ج:۔ صَوَابِی۔
صَات ۔ آوازہ۔ شہرت۔ سخت آواز والا۔
صَاج ۔ ابر سے کھلا ہوا دن۔
صَاحِب ۔ یار۔ دوست۔ ساتھی (د) مالک ج:۔ صِحَاب۔ صَحْب۔ صَحَابَۃ۔ جج:۔ اَصْحَاب۔ ججج:۔ اَصَاحِیب۔
صَاحِبُ الْبَرِیْد ۔ فاصلہ بھیجنے والا۔

صَاحِبُ الحُوْت۔ مچھلی والا۔ حضرت یونس علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب۔

صَاحِبَان۔ امام ابو یوسف ومحمد رحمہما اللہ تعالیٰ۔

صَاحِبَة۔ بیوی صاحب کا مؤنث۔ ج:۔ صَوَاحِب

صَاخَّة۔ سخت آواز کہ کانوں کے پردے پھاڑے قیامت۔ سختی ومصیبت۔ ج:۔ صَوَاخّ

صَاخِرَة۔ مٹی کا آب خوردہ۔

صَادٍ۔ پیاسا۔

صَاد۔ حرف ص۔ حروف تہجی میں سے ایک حرف۔ تانبا۔ ج:۔ اَصْیَاد

صَادِر۔ پھر آنے والا۔ لوٹ آنے والا۔ نکلنے والا۔ (د) برآمد۔ آمدنی۔ پیداوار۔

صَادِع۔ لمبا پہاڑ۔ پانی کا نالہ اور رَو جو دُور تک چلی گئی ہو۔ روشن صبح۔

صَادِق۔ سچ بولنے والا۔ سچا۔ سچ۔ ظاہر۔ روشن۔

(الصُّبْحُ) الصَّادِق۔ دوسری فجر جس کی روشنی اُفق پر پھیلتی ہے۔

صَادِيَة۔ پیاسی۔ ج:۔ صَوَادِی

صَارَّة۔ حاجت۔ پیاس۔ ج:۔ صَرَائِر صَوَارّ۔

صَارَة۔ نافۂ مشک

صَارَةُ الْجَبَل۔ پہاڑ کی چوٹی۔

صَارِخ۔ فریاد کو پہنچنے والا۔ فریاد چاہنے والا مرغ۔

صَارِخَة۔ فریاد چاہنے والے کی آواز۔ مص (ف) فریاد کو پہنچنا۔

صَارِد۔ نفوذ کر جانے والا۔

صَارِم۔ بہادر۔ شیر۔ شمشیر بران۔ ج:۔ صَوَارِم کاٹنے والا۔ ج:۔ صَارِمُوْن

صَارُوج۔ چونا جو راکھ وغیرہ میں ملا ہوا ہو۔

صَارِی۔ کشتیبان۔ ملاح۔ ناخدا۔ کشتی کا مستول۔ ج:۔ صُرَّاء

صَأْصَأَة۔ کُتے کے پلّے کا آنکھ کھلنے سے قبل دیکھنے کی کوشش کرنا۔ ڈرنا۔ ذلیل ہونا بزدل ہونا۔

صَاع۔ ایک پیمانہ ہے مساوی تقریباً ساڑھے تین سیر انگریزی۔ پست زمین۔ نشیب کی جگہ۔ ڈنڈا۔ بلّا۔ کھیلنے کے لئے صاف کیا ہوا میدان۔ کھیل کا میدان۔ ج:۔ اَصْوُع۔ اَصْوَاع۔

صَاعَة۔ پست زمین۔ روئی دُھننے کی غرض سے صاف کی ہوئی جگہ (د) ڈرائنگ روم۔

صَاعِد۔ اوپر چڑھنے والا۔

صَاعِقَة۔ موت۔ مہلک عذاب، ہولناک عذاب کی آواز۔ بجلی جو زمین پر گرتی ہے۔ ج:۔ صَوَاعِق مص (ف) آسمان سے آگ گرانا۔

صَاغ۔ پورا سکہ۔ خالص ترکی (د)۔

صَاغِر۔ ذلیل وخوار آدمی۔ وہ کہ جو ذلت پر خوش رہے اور گالی گلوچ سے خوش رہے ج:۔ صَغَرَة۔ صَاغِرُوْن

صَاغِيَة۔ جو اپنی حاجتوں میں دوسروں کے محتاج ہوں جو احتیاج کے سبب سے کسی کے ساتھ لپٹے رہیں۔

صَافِ ۔ بڑے بڑے بالوں والا مینڈھا۔ صاف ستھرا۔ خالص ۔ج:۔ صُفَاۃ
(یَوْمٌ) صاف ۔ ٹھنڈا دن بے ابر کا۔
صَافٌ ۔ صَائِف ۔ گرم۔
صَافٌ ۔ صف باندھنے والا۔ اکٹھا کرنے والا۔ ج:۔ صَافُوْن ۔ صُفُوْف
صَافَّۃ ۔ اونٹ جو قطار میں بندھیں ۔ج:۔ صَوَافّ
الصَّافَّاتِ صَفًّا ۔ برابر برابر صف باندھے ہوئے فرشتے۔
صَافِح ۔ اونٹنی جس کا دودھ خشک ہوگیا ہو۔ ج:۔ صَوَافِح ۔
صَافِد ۔ جس کے دونوں پاؤں میں بیڑیاں پڑی ہوئی ہوں ج:۔ صَفَدَۃ ۔
صَافِر ۔ چور۔ ایک ڈرپوک پرندہ جو رات کو جاگتا اور چیختا رہتا ہے کہ کہیں سوتے میں اُسے پکڑ نہ لیا جائے۔ ہر پرندہ جو شکاری نہ ہو۔
صَافِقَۃ ۔ گروہ ۔ مجمع ۔ ٹولی ۔ انبوہ ۔ سختی ۔ حادثہ ۔ج:۔ صَوَافِق
صَافِن ۔ گھوڑا جو تین پاؤں پر زور دیے ہوئے اور چوتھے سم کا سرا ٹکائے ہوئے کھڑا ہو۔ پنڈلی کی ایک رگ کا نام ۔ج:۔ صَافِنَات ۔ صَوَافِن ۔ صُفُوْن
وہ شخص جو دونوں پاؤں کو ملا کر کھڑا ہو۔
صَاق ۔ بمعنی ساق ۔ پنڈلی۔
صَاقِرَۃ ۔ مصیبت نازل ہونے والی۔ ج:۔ صَوَاقِر۔
صَاقِع ۔ سر پر مارنے والا ۔ چانٹا لگانے والا آواز والا۔
صَاقِل ۔ زنگ دور کرنے والا ۔ صیقل گر۔ ج:۔ صَقَلَۃ
صَاقُوْر ۔ کلہاڑی ۔ زبان ۔ کدال ۔ ج:۔ صَوَاقِیْر ۔
صَاقُوْرَۃ ۔ کھوپڑی کا اندرونی حصہ۔ تیسرے آسمان کا نام۔
صَاكَ ۔ پسینہ کی بدبو مص (س) جم جانا۔ (ب) چمٹ جانا۔
صَاكَۃ ۔ ترکڑی کی بُو۔
صَالِ ۔ آگ میں داخل ہونے والا ۔
صَالِب ۔ پیٹھ کی ہڈی ۔ گردن سے سرین تک پیٹھ کی ہڈی کے مہرے ۔ تپ لرزہ۔
صَالَۃ ۔ (ك) حملہ کرنا ۔ اونٹ وغیرہ کا آدمیوں پر دوڑنا۔
صَالَہ ۔ بڑا ہال (د)
صَالِح ۔ نیک ۔ قابل ۔ م: صَالِحَۃ ۔ج:۔ صَالِحَات ۔ صَوَالِح ۔ بہت ج:۔ صُلَّاح قوم ثمود کے نبی علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام۔
(جَرَبٌ) صَالِح ۔ کھجلی کہ جس میں کھال اڑ جائے یا کھجاتے کھجاتے چھل جائے۔
صَالُوْن ۔ برآمدہ (د)
صَامِت ۔ چُپ رہنے والا ۔ خاموش ہونے والا ۔ جما ہوا دودھ میں اونٹ ۔ سونا چاندی اور جواہرات ۔
صَامِغَان ۔ منہ کے ہر دو کنارے ۔ طبرستان کا ایک شہر۔
صَامِل خشک ۔ سوکھا

صَانِع ۔ پیشہ ور۔ کاری گر۔ کاریگری کرنے والے بنانے والا ج:۔ صُنَّاع

صَاوِی۔ سوکھا۔

(نَخْلَۃٌ) صَاوِیَۃ۔ چھوارے کا سوکھا ہوا درخت۔

صَاهِل۔ اونٹ جو ہاتھ پاؤں زمین پر دیدے مارے اور کاٹنے کو دوڑے گھوڑا ج:۔ صَوَاهِل۔

صَاهِلَۃ۔ آواز۔ مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔ ج:۔ ج:۔ صَوَاهِلُ۔

صَئِیّ۔ چوہے بلی وغیرہ کی آواز مص (ف ض) آواز کرنا۔

صَائِب۔ ٹھیک کام کرنے والا۔ خاطی کا ضد موسلا دھار مینہ۔ جھڑی، بارش کہ برابر برسے جائے۔

صَائِت۔ فریاد کرنے والا۔

صَائِحَۃ۔ گریہ وزاری۔ رونے پیٹنے کی آواز چیخنے والی۔ ج:۔ صَوَائِح

صَائِد۔ شکاری۔ شکار کھیلنے والا۔ شکار کرنے والا۔

صَائِرُ الْبَاب۔ کواڑ کی دراز۔

صَائِغ۔ سُنار۔ ج:۔ صَاغَۃ۔ صُوَّاغ صُيَّاغ۔

صَائِف۔ گرم دن

(لَیْلَۃٌ) صَائِفَۃ۔ گرم رات۔

صَائِق۔ چمٹنے والا۔

صَائِم۔ (مادہ صَأَم) پیاسا (مادہ صوم) روزہ دار۔ کھڑا ہونے والا۔ اُٹھا ہوا ج:۔ صُوَّام۔ صُوَّم۔ صِیَام۔

م۔ صَائِمَۃ ج:۔ صَوَائِم صَائِمَات

ص۔ب

صَبّ۔ کھانے وغیرہ میں سے جو گرا دیا جائے۔ جو گر کر بہہ جائے۔ عاشق مص (ن) بکھیرنا۔ بکھرنا [فی] اُترنا (مجہولاً) ناپید ہو جانا۔

صَبْءٌ۔ صُبُوْء۔ صُبُوْءَۃ۔ (ن) ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں جانا۔ کھانے میں ہاتھ ڈالنا۔ بچہ کے دانت نکل آنا۔ ثریا کا طلوع ہونا۔

صَبَا۔ پروا ہوا ضد دبور۔ اس کا تثنیہ۔ صَبَوَان۔ صَبَیَان۔ ج:۔ صَبَوَات۔ اَصْبَاء

صَبًا۔ صُبُوٌّ۔ (ن) بادصبا کا چلنا۔ پروا ہوا کا چلنا۔

صِبَا۔ لڑکپن۔

صَبَابَۃ } عشق و شوق۔ نرم دلی۔ رقت قلت عشق کی گرمی۔ اور سوزش عشق کی تنگ دلی اور اُلجھن مص (س) [الی] کسی پہ عاشق و فریفتہ ہونا۔

صُبَابَۃ۔ برتن میں بچا ہوا پانی یا دودھ۔

صُبَاح۔ تڑکا۔ فجر۔

صُبَاح۔ قندیل کا شعلہ اور روشنی حسین خوبصورت آدمی م۔ صُبَاحَۃ ج:۔ صِبَاح

صُبَّاح خوبصورت حسین آدمی۔

صَبَاحَۃ - خوبصورتی مص (ک) خوبصورت ہونا۔
صَبَاحِیَّۃ - خوبصورتی۔ حسن وجمال۔
صُبَاحِیَّۃ - چوڑی چوڑی بھالیں۔
صَبَار - ایک کڑوے درخت کا پھل۔ بوتل وغیرہ کی ڈاٹ۔ مرتبان وغیرہ کے منہ پر باندھنے کا کپڑا مص (مفاعلہ) ایک دوسرے کو صبر دینا۔ تسلی دینا۔ صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
صَبَّار - بہت صبر کرنے والا۔ بہت مستقل مزاج
صُبَار - املی۔ تمر ہندی۔ جنون۔ سودا دی
صَبَارَۃ - سخت وبلند زمین۔
صُبَّار - املی۔
صَبَارَۃ - لوہے کا یا پتھر کا ٹکڑا۔ بہت سے پتھر۔
صَبَارَّۃ - جاڑے کے موسم میں کڑاکے کی سردی۔
صَبَارَۃ - بلند وسخت زمین۔
صُبَاصِب - صَبْصَب - صَبْصَاب سخت۔ موٹا۔
صِبَاغ - رنگ۔ ج: - أَصْبِغَۃ
صَبَّاغ - رنگ ریز۔ نیلگر۔ جھوٹا کہ اپنی چرب زبانی سے بات کو رنگ دے۔
صَبَّان - صَابُونِیّ - صابون بنانے والا۔ صابون بیچنے والا۔
صَبَب - نیچی زمین۔ گڑھا جس میں برساتی پانی جمع ہو جائے۔ ندی کا بہاؤ۔ نشیبی زمین میں اترنے کا راستہ ج: - أَصْبَاب
عاشق عورت۔ کسی سے الجھی ہوئی۔ ج: - صَبَّات

صُبَّۃ - دسترخوان پر گرے ہوئے کھانے کے ریزے۔ دسترخوان۔ جانوروں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ مجمع۔ ٹولی رات کا حصہ۔ تھوڑی سی رات ہر چیز میں تھوڑی سی۔
صُبْح - تڑکا۔ فجر۔ دن کا شروع۔ ج: أَصْبَاح
صَبَح (ف) صبح کے وقت آنا [عن] ظاہر کرنا۔ تشریح کرنا۔
صَبَح - (س) لوہے کی چمک مص (س) بھورے بالوں والا ہونا۔
صَبْحَاء - بھورے بالوں والی عورت۔
صَبْحَان - خوب صورت۔ حسین۔ صبح کے وقت شراب پینے والا۔ م: - صَبْحَیٰ ج: - صُبَاحَیٰ۔
صَبْحَان - صبح کی شراب میں جلدی کرنے والا۔
صُبْحَۃ - صبح کی نیند۔ وہ کام جس میں علی الصباح مشغول ہوں۔ بھورا پن۔
صَبْخَۃ - بنجر زمین۔ ج۔ صِبَاخ۔
صَبْر - مزاج کا استقلال۔ جماؤ۔ گھبراہٹ کی ضد مص (ن) کسی کو کوئی چیز لازم ہونا [عن] کسی کو کسی چیز سے روکنا [علی] کسی کو کسی چیز پر مجبور کرنا۔ کسی کام میں مستقل رہنا۔ کسی کام کو جم کر کرنا۔
صَبْر - صَبَارَۃ - (ن) ذمہ دار ہونا۔ ضامن دینا۔ ڈھیر کرنا۔
صَبِر - ایلوا (یہ گھی کوار کا عصارہ ہے) ج: صُبُور

صُبُر ۔ پتھریلی زمین

صَبَد ۔ برف ۔ ج: اَصْبَاد

صِبْر ۔ کنارہ ۔ دل ۔ سپید ابر ۔ ہر چیز کا کل ج: ۔ اَصْبَار

صُبْرَة ۔ ڈھیر ۔ بے تپا تُلا ۔ جاڑے کے موسم میں کڑاکے کی سردی ۔

صَبْرَة الشِّتَاء ۔ چلّہ کا جاڑا ۔

صَبْصَبَة ۔ متفرق کرنا ۔ منتشر کرنا ۔

صَبْع ۔ (ف) [ب ۔ علیٰ] کسی پر اُنگلی اُٹھانا ۔ اُنگلی سے بتانا ۔ کسی کی طرف اُنگلی سے اشارہ کرنا ۔ بغیر صلہ برتن میں سے اُنگلی سے پانی گرانا کہ ٹونٹی کی طرح دھار بندھ جائے ۔

صَبْغ ۔ (ف ۔ ض ۔ ن) رنگنا ۔ ڈبونا ۔ غوطہ دینا ۔

صِبْغ ۔ رنگ ۔ ج: ۔ اَصْبَاغ ۔ سالن ۔ ج: ۔ صِبَاغ ۔

صَبْغَاء ۔ ایک گھاس ۔ سفید دُم والی بکری ۔ ج: ۔ صُبْغ ۔

صِبْغَة ۔ رنگ ۔ دین ۔ مذہب ۔ طریقہ (د) بپتسمہ عیسائیت کی رسم ۔ اِصْطِبَاغ ۔

صُبْغَة ۔ کچی کھجوریں جو پکنے لگی ہوں اور پینڈی کی طرف سے سُرخ ہو چکی ہوں ۔

صَبْن ۔ (ض) [عن] روکنا ۔ پھیرنا اور دوسری طرف گھما دینا ۔

صَبْنَاء ۔ جوئے باز کا ہاتھ جس سے وہ اپنے مقابل کو دھوکہ دینا چاہے ۔

صَبْنِیٰ ۔ سنا مکی کا عرق ۔

صَبْو ۔ صُبُوّ ۔ صِبِیّ ۔ صَبَاء ۔ (ن) [الیٰ] (کھیل کود اور لڑکپن کی بیوقوفیوں کی طرف) مائل ہونا ۔

صَبُوب ۔ پانی گراہوا ۔ پھینکا ہوا ۔

صَبْوَة ۔ لڑکپن کی نادانی ۔ کھیل کود ۔ تلوار کی دھار ۔ باڑ ۔

صَبْوَة ۔ صُبُوَّة ۔ صُبُوّ ۔ (ن) [الیٰ] (لڑکپن کی طرف) جھکنا ۔ میل کرنا ۔ مشتاق ہونا ۔ خواہش کرنا ۔ چاہنا ۔ پھرنا ۔

صَبُوح ۔ دودھ وغیرہ جو صبح کے وقت پئیں ۔ ناشتا ۔ اونٹنی وغیرہ جو صبح صبح دوہی جائے

صَبُوحَة ۔ اونٹنی جو صبح کے وقت دوہی جائے ۔

صَبُور ۔ صابر ۔ متحمل ۔ بردبار ۔ صبر کرنے والا ۔ درگزر کرنے والا کہ گناہ گاروں پر مواخذہ نہ کرے بلکہ ان کو بخش دے یا اُن کی گرفت میں جلدی نہ کرے ۔ ج: ۔ صُبُر ۔

صَبُورَة ۔ وہ آدمی جو قتل کے لئے روکا گیا ہو ۔

صَبُوع ۔ (ف ۔ ض ۔ ن) چھاتیوں یا تھنوں کا دودھ سے پُر ہوتا اور خوش رنگ ہوتا لمبا ہوتا [ب ۔ عند ۔ فی] اشارہ کرنا

صَبَهْبَذ ۔ افسر فوج (د)

صَبِیّ ۔ لڑکا ۔ دودھ پیتا لڑکا ۔ آنکھ کی پتلی کان کی لَو کی ہڈی ۔ تلوار وغیرہ کی دھار ۔ باڑ ۔ سردار ۔ رئیس قوم پاؤں کی پشت ۔ ٹھوڑی ۔ ج: ۔ اَصْبِیَة ۔ صِبْوَة ۔ صِبْیَان ۔

صَبِیَ ۔ صَبَاء ۔ (س) لڑکپن کی حرکات کرنا ۔ بچوں کے ساتھ کھیلنا ۔ [الیٰ] (لڑکپن کی طرف) مائل ہونا

صَبِيَّة - لڑکی - ج :- صَبَایَا
صَبِیْب - کسم - سرخ رنگ - پسینا - خون - مہندی کا عرق - سنا - تلوار کا کنارہ -
صَبِیْح - حسین - خوبصورت - م :- صَبِیْحَة -
ج :- صِبَاح -
صَبِیْر - صابر - ضامن - پہاڑ - سفید بادل -
ج :- صُبَرَاء -

ص - ت

صَتّ - (ن) زور سے دھکیلنا - دو ہتڑ مارنا
صَتّ - صِتّ - صُتَّة - گروہ - جماعت -
صِتَات - مُصَاتَّة - جھگڑا کرنا اور آپس میں لڑنا -
صَتَت - درپے (جیسے بِصَتَتِه - یعنی وہ اس کے درپے ہے) -
صَتْع - (ف) پچھاڑنا -
صَتْم - صَتَم - سخت - مضبوط - مستحکم
صَتْمَة - صَتِیْمَة - سخت - پتھر -
صَتِیْت - جماعت و گروہ - شور و فریاد -

ص - ج

صَجّ - (ن) لوہے کو لوہے پر مارنا کہ دونوں سے آواز نکلے -
صُجْج - صَجِیْج - لوہے کو لوہے پر مارنے سے پیدا ہونے والی آواز -

ص - ح

صُحّ - تندرستی - مص (ض) بیماری سے اچھا ہونا - درست ہونا - عیب سے پاک ہونا -

صَحَابَة - صُحْبَة - (س) ساتھ رہنا - دوستی کرنا - میل کرنا -
صَحَابَة - وہ مقدس حضرات جنھوں نے حالت اسلام میں آنحضورؐ کا فیض صحبت اٹھایا یا آپ کو دیکھا ہے - و ا :- صَاحِب
صَحَابِی - صحابہ کی طرف منسوب یعنی ان میں سے ایک
صَحَاح - تندرست - ہٹا کٹا - مشکل راستہ درست - ٹھیک -
صَحَاحُ الْاَدِیْم - جس کی کھال کٹی پھٹی نہ ہو -
صِحَاف - پانی جمع ہونے کا چھوٹا گڑھا -
ج :- صُحُف -
صَحَّاف - صحیفہ کے پڑھنے میں غلطی کرنے والا صحیفہ بیچنے والا -
صِحَافَة - اخبار نویسی - جرنلزم (د)
صِحَافِی - اخبار نویس - جرنلسٹ (د)
صَحْب - ذبح کئے ہوئے جانوروں کی کھال اُتارنا - اس کو تپانا اور صاف کرنا -
صِحَّة - تندرستی مص (ض) بیماری سے اچھا ہونا -
صَحَر - سرخی سپیدی باہم آمیختہ -
صَحْر - (ف) پکانا - (دودھ کا) صحیرہ بنانا (صحیرہ ایک قسم کا طعام -)
صَحْرَاء - چٹیل میدان - ہموار جنگل - میدان جس میں روئیدگی نہ ہو - ج :- صَحَارِی صَحْرَاوَات
صُحْرَة - پتھریلی زمینوں کے درمیان نرم ہموار زمین ج :- صُحَر سرخی و سپیدی ملی جلی -
صَحْصَاح - ہموار زمین ج :- صَحَاصِح -

صَحْفَة - بڑا پیالہ - ج: صِحَاف

صَحَفِيّ - وہ شخص جو اپنے ذاتی مطالعے سے استاد کی مدد کے بغیر علم حاصل کرے۔

صَحَل - آواز کا بھاری پن اور بھوجرا پن مص (س) گلے کا بیٹھ جانا۔ آواز کا بھرا جانا

صَحْمَاء - سیاہ زردی مائل (اَصْحَم کا مؤنث) ج: صُحْم ایک سبزی کا نام۔

صُحْمَة - سلیٹی رنگ - سیاہی زردی مائل۔

صَحْن - بڑا پیالہ - آنگن - ہموار زمین - ج: صُحُوْن مص (ف) کسی کو بڑے پیالہ میں کھلا دینا - مارنا - اچھا کرنا۔ [بین] صلح کرا دینا۔

صَحْنَاء - صَحْنَاة - صَحْنَى - ایک سالن جو چھوٹی مچھلی سے پکایا جاتا ہے۔

صُحْنَة - پیالہ یا جو برتن پیالہ کے مشابہ ہو۔

صَحْو - (ن - س) ہوشیاری صاف اور بے ابر دن - (یا آسمان) مص لڑکپن کی نادانی اور بیہودگی چھوڑ دینا - نشہ اُتر جانا - سردی کا جاتا رہنا - ابر کا کھل جانا۔

صَحِيْح - تندرست - بھلا چنگا - ہٹا کٹا - صحیح سالم - درست - ج: اَصِحَّاء صِحَاح

صَحِيْحُ الْاَدِيْم - جس کی کھال کٹی پھٹی نہ ہو۔

صَحِيْر - صُحَار - گدھے کی آواز مص (ف) گدھے کا بہت زور سے چنگھاڑنا۔

صَحِيْرَة - ایک قسم کا کھانا جو دودھ اور آٹے سے بنتا ہے۔

صَحِيْف - سطح زمین۔

صَحِيْفَة - خط - کتابت (د) اخبار - رسالہ ج: صَحَائِف - صُحُف آدمی وغیرہ کی کھال کا اوپر کا رُخ - ج: صَحِيْف۔

صُحَيْفَة - پیالہ۔

ص - خ

صَخّ - پتھر کی آواز مص (ن) سخت چیز کو نرم چیز پر مارنا - بہرا کر دینا - کوے کا اونٹ کی پشت کے زخم پر چونچ مارنا۔

صَخَّاب - شور و فریاد کرنے والا - چیخنے والا سخت آواز والا - بد زبان۔

صَخَب - آواز و فریاد - چیخ پکار مص (س) لڑائی جھگڑے میں آواز کا بھکنا کہ جلدی میں کچھ سے کچھ نکلے - شور کرنا۔

صَخِب - شور و فریاد کرنے والا۔

صَخْبَان - شور و فریاد کرنے والا - ج: صُخْبَان

صَخِبَة - چیخنے والی - شور و فریاد کرنیوالی - (عَيْنٌ) صَخِبَة پانی کا چشمہ جس میں بہت شور و شغب ہو۔

صَخَد - (ف) جھلس دینا - چڑیا اور چوہے کا آواز کرنا۔

صَخِد - (س) بہت گرم ہونا۔

صَخَر - پتھریلی زمین۔

صَخْرَة - سخت اور بڑا پتھر - چٹان - ج: صَخْر - صَخَر - صُخُوْر صَخَرَات

صَخَف - (ف) کھودنا۔

صَخَمَ - (ف) جھلس دینا -
صَخُوب - سخت آواز والا -
صَخُود - (ف) [الی] کسی کی طرف کان لگانا -

ص - د

صَد - پہاڑ - وادی کا کنارہ - گوشہ -
ج :- اَصْدَاد - صُدُوْد - مص
(ن) روک دینا - پھیر دینا [عن] کسی سے منہ پھیرنا - اعراض کرنا -
صَدِی - پیاسا -
صَدَءَ - لوہے وغیرہ کا زنگ مص (ف) زنگ صاف کرنا - جلا دینا -
صَدَاءَ - نازک بدن - چھریرا آدمی مص (س ک) زنگ لگ جانا تنکے کھڑا ہونا اور دیکھنا -
صَدِیء - زنگ خوردہ - زنگ لگا ہوا -
(کَتِیْبَۃ) صَدْاء - لشکر جو لوہے میں ڈوبا ہو یعنی کثرت سے ہتھیار لئے ہوئے ہو جس سے زنگ کی بو آئے
صُدْءَۃ - زنگ کا زنگ
صِدَاد - پردہ - ج :- اَصِدَّۃ
صُدَّاد - سانپ - جنگلی چوہا - پانی کی طرف کا راستہ - ج :- صَدَائِد -
صِدَار - بغیر آستین کا کرتا جو سینہ کو چھپالے اونٹ کے سینہ کا داغ -
صُدَاع - دردِ سر
صِدَاع - اونٹ کی کنپٹی کا داغ -
صَدَاغَۃ - (ک) ضعیف و کمزور ہو جانا -

صِدَاق - عورت کا مہر ج :- صُدُق - اَصْدِقَۃ -
صَدَاقَۃ - دوستی - محبت - سچائی -
صِدَام - اونٹ کے سر کی ایک بیماری -
صَدْح - صُدَاح - (ف) گانے کی آواز نکالنا -
صَدَح - جھنڈا - خالی جگہ - چھوٹا اور پتھریلا ٹیلہ - کالا - ج :- صِدْحَان
صَدَد - نزدیکی - روبرو - آمنے سامنے - درپے -
صَدْر - آدمی کا سینہ - چھاتی - ہر چیز کا آگا سامنے کا حصہ - سامنے کی چیز - ہر چیز کا ٹکڑا - ج :- صُدُوْر مص (ن) پھر آنا - لوٹ آنا - پھیر دینا سینہ پر مارنا - عروض میں الف فاعلن کو گرا دینا (مجہولاً) سینہ میں درد ہونا -
(طَوَاف) الصَّدْر - حج سے بازگشت کا طواف -
الصَّدْرُ الْاَعْظَم - وزیر اعظم -
صَدْرُ السَّہْم - آدھا تیر پیکان کی طرف کا -
صَدْرُ الْقَدَم - پیر کا پنجہ جہاں سے انگلیاں شروع ہوتی ہیں -
صُدْرَۃ - سینہ - سینہ کا بلند حصہ - انگیا - صدری
صَدْع - گھاس - شگاف - پھٹن - دراڑ - فرقہ - جماعت - ٹولی - گروہ - ج :- صُدُوْع مص (ف) چیرنا - دو ٹکڑے کرنا - ظاہر کرنا - ٹھیک ٹھیک فیصلہ

دینا۔ باطل میں تمیز کرنا [الی] مائل ہونا۔
[عن] پھیر دینا۔ روک دینا۔
(ذَاتُ) الصَّدْعِ۔ گھاس والی زمین۔
صَدَعٌ۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ قوی جوان زنگ۔
صِدْعٌ۔ آدمیوں کا گروہ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
صَدَعَات۔ اختلاف۔ تفرقہ۔ انتشار۔ پراگندگی
صِدْعَة۔ اونٹوں کا گلہ۔ بکریوں کا ریوڑ۔
ہر دو ٹکڑے کی ہوئی چیز کا نصف ج:۔
صِدَاع۔
صُدْغ۔ کن پٹی۔ بل کھائے ہوئے بال کنپٹی
پر لٹکے ہوئے۔ ج:۔ اَصْدَاغ۔
صَدَغَ۔ کسی کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر
چلنا۔ نشان لگانا۔ داغ دینا۔
مار ڈالنا [عن] لوٹانا۔ ہٹانا۔ ظلم
سے روکنا۔
صَدَف۔ (جنس) سیپ۔ صَدَفَة ایک
سیپ۔ نشانہ۔ ہدف۔ پہاڑ کا
کنارہ۔ جانب۔ گوشہ ج:۔ اَصْدَاف
مص (ت۔ ض) [عن] پھیرنا [الی]
مائل ہونا۔ کسی کی طرف خواہش کرنا
جھکنا۔
صَدْف۔ (ض) [عن] منہ پھیر لینا۔ پھیر دینا
صِدْق۔ راستی۔ سچائی۔ ضد کذب۔ سختی
مضبوطی۔ تعریف۔ نیک نامی
صَدْق۔ سیدھا اور سخت۔ ج:۔ صُدُق
صَدْق۔ ہر کامل چیز۔
صَدْقُ اللِّقَاءِ وَالنَّظَرِ۔ خوب ملنے والا۔ اور
تاڑنے والا۔ ملاقات کا اور نظر کا سچا
صَدَقَ۔ صُدُوق۔ کلام میں سچا ہونا۔ سچ کہنا
سچ کرنا۔
صَدُقَة۔ صُدْقَة۔ صُدُقَة۔ عورت کا
مہر ج:۔ اَصْدِقَة۔ صُدُق
صَدَقَة۔ جو کہ راہ خدا میں فقیر کو دیا جائے۔
ج:۔ صَدَقَات زکوٰۃ۔
صَدَمَ۔ (ض) کوٹنا۔ سخت چیز کو سخت
چیز پر مارنا۔ زور سے ہٹانا۔
صَدْمَة۔ مصیبت۔ تکلیف۔ اکھاڑ۔ ایک
مرتبہ دفع کرنا۔
صَدْمَتَان۔ پیشانی کے دونوں کنارے۔
صَدَى۔ (ن) ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ تالیاں بجانا
صَدُود۔ حیلہ گر۔ جعلساز۔ بات بنانے والا۔
عیب دار۔
صُدُود۔ (ن) [عن] منہ پھیرنا۔ اعراض کرنا۔
(بغیر صلہ) روک دینا۔ پھیر دینا۔
صُدُور۔ اخبار یا رسالہ کا نکلنا۔ (د)
صُدُورُ الْوَادِي۔ وادی کا شروع۔
صُدُوع۔ (راستہ) طے کرنا [الی] جھکنا۔ مسلمان
کرنا [عن] لوٹا دینا (مجہولاً) سر میں
درد ہونا۔
صَدُوف۔ عورت جو جھلکی دکھا کر منہ پھیر لے۔ گندہ دہن
صَدُوق۔ دوست ہمیشہ سچ بولنے والا ج: صُدُق
صَدَى۔ گونج۔ آواز۔ بازگشت۔ نازک بدن
ایک جانور جو مقتول کے سر سے نکلتا ہے
(عرب جاہلیت کے گمان کے مطابق)۔
مردہ کا جسم۔ سر کا بھیجا۔ انتظار۔ پیاس۔
ج:۔ اَصْدَاء (س) پیاسا ہونا۔
صَدْيَا۔ صَادِيَة۔ پیاسی ج:۔ صَوَادٍ
صَدْيَان۔ پیاسا۔

صَدِیْدٌ۔ (ص۔ن) پیپ۔ پسینہ۔ پیپ میں خون ملا ہوا کچ لہو۔ فریاد و نالہ مص (ض۔ن) چیخنا چلّاتا۔ رونا۔

صَدِیْع۔ ہر چیز کا آدھا جو بیچوں بیچ چیری گئی ہو اونٹوں کا گلہ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ پُرانے کپڑے میں نیا پیوند۔ صبح۔ جوان۔ پہاڑی بکری۔ ج: صُدُعٌ

صَدِیْغ۔ سات دن کا بچہ۔ کمزور آدمی۔

صَدِیْق۔ دوست۔ یار۔ ج: اَصْدِقَاءُ۔ صُدَقَاءُ۔ صُدْقَان جج: اَصَادِق

صِدِّیْق بہت سچ بولنے والا۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ م: صِدِّیْقَۃٌ۔

ص - ر

صَرٌّ۔ صَرِیْرٌ۔ (ض) فریاد کرنا۔ چیخنا چلّاتا شور مچانا۔ قلم کا آواز کرنا۔

صَرٌّ۔ (ن) جانور کے تھن باندھنا ہمیانی باندھنا۔ گدھے یا گھوڑے کا سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صِرٌّ۔ جاڑے کی شدت۔ چلنے کا جاڑہ آندھی۔ ٹھنڈی اور سنسناتی ہوئی ہوا۔ ایک زرد رنگ کا چھوٹا سا پرندہ۔

صَرَّاءُ۔ سخت

صِرَاح۔ مُصَارَحَۃٌ۔ کھلم کھلا کوئی کام کرنا۔ روبرو کوئی بات کہنا۔ ظاہر کرنا۔

صُرَاح۔ خالص چیز بے ملاوٹ کی۔ روبرو پاکیزہ۔ سچی سچی بات، خالص بے آمیزش۔

صَرَاحَۃٌ۔ صُرُوْحَۃٌ۔ (ك)، خالص ہونا۔ بے میل ہونا۔

صُرَاحِیَۃٌ۔ صُراحی۔ مینائے شراب۔

صُرَاحِیَۃٌ۔ خالص شراب۔ خالص اور سچی بات۔

صُرَاخ۔ فریاد۔ آواز۔ نعرہ۔ شور۔

صِرَار۔ ڈورا جس سے اونٹنی کے تھن باندھے جائیں، تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے، بلند جگہ جہاں پانی نہ چڑھے۔ ج: اَصِرَّۃٌ۔

صَرَارَۃٌ۔ صَرُوْرَۃٌ۔ جس نے حج نہ کیا ہو۔ یا جس نے شادی نہ کی ہو (واحد جمع ہر دو میں مستعمل ہے)۔

صَرَّارُ اللَّیْل۔ جھینگر۔ کالے ٹڈے جو رات کو بولتے ہیں۔

صَرَّامَۃٌ۔ ایک قسم کا باز جو سانپوں کو کھاتا ہے۔

صَرَارِیّ۔ ملاح۔ کشتیباں۔ ناخدا۔

صَرَاصِرَۃٌ۔ ملک شام میں ترکمان قوم کے لوگ۔

صِرَاط۔ راستہ۔ سڑک۔ پُل صراط۔ ج: صُرُط۔

صُرَاط۔ لمبی تلوار۔

صُرَّاعَۃٌ۔ پہلوان جو اپنے برابر والوں کو پچھاڑے۔

صَرَّاف۔ چاندی پرکھنے والا۔

صَرَام۔ چھواروں کے پکنے اور اُن کے توڑنے کا وقت صَرَام بروزن قطام، لڑائی کیوں کہ محبت و قرابت کو قطع کرتی ہے۔

صُرَّام۔ قوی آدمی، بڑا کاٹنے والا، لڑائی۔

مصیبت۔ تھنوں میں بچا ہوا دودھ
صَرَامَةٌ - (ك) دلیر و چالاک ہونا۔
صَرَايَةٌ - اندرائن - اندرائن کا پانی ج: صِرَاء
صَرَب - جما ہوا اور ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ جھاؤ کا گوند مص (ض) کاٹنا۔ حاصل کرنا روکنا۔ دودھ جمانا (مجهولاً) پیشاب و پاخانہ کا بند لگ جانا۔
صَرَب - (س) جمع ہونا۔ فراہم ہونا۔
صَرَّةٌ - غم کی تکلیف۔ لڑائی کی سختی و تکلیف گرمی کی شدت۔ درخت جس پر انگور کی شاخیں لٹکی ہوئی ہوں۔ آواز و فریاد، آدمی وغیرہ کا انبوہ۔ گروہ ترشروئی۔ بکری وغیرہ جس کو نہ دوہیں تاکہ اس کے تھنوں میں خوب دودھ نظر آئے۔ سخت حملہ۔
صِرَّةٌ - جاڑے کی شدت، چلّے کا جاڑا کہ کھیتی اور گھاس کو جلا دے۔ آواز و فریاد۔ سخت چیخ۔ نعرہ۔ شور وشغب
صُرَّةٌ - تھیلی۔ ہمیانی۔ ج: صُرَر۔
صَرْح - اونچا مکان۔ محل۔ بلند تعمیر ج: صُرُوح مص (ف) ظاہر کرنا۔
صَرَح - ہر چیز خالص بے ملاوٹ۔ کھری۔
صَرْحَةٌ - ہموار زمین۔
صَرْحَةُ الدَّار - گھر کا صحن۔
صَرْخ۔ صَرْخَةٌ - بڑی آواز۔ اذان مص (ف) شور و فریاد کرنا۔
صُرَد - ایک پرندہ جو چڑیا وغیرہ کا شکار کرتا ہے
صَرْد - خالص۔ بے میل۔ پہاڑ کی بلند جگہ۔ بھاری لشکر۔ ٹھنڈا سرد ج: صُرُود

صَرَد - (س) جاڑے کا مارا ہوا ہونا۔ زخمی پیٹھ والا ہونا۔ (تیر کا) نشانہ سے خطا کرنا [عن] باز رہنا۔
صَرْدَح - صِرْدَاح - ہموار جگہ۔
صَرَد - خوشہ جب کہ نکلنے لگے۔ یا وہ خوشہ جس میں دانہ پڑا ہو۔
صَرْصَرٌ - آندھی۔ ہوا کے جھکڑ۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج: صَرَاصِر۔
صَرْصَرَةٌ - بولنا۔ چیخنا۔ جمع کرنا۔
صَرْع - مرگی۔ مثل و مانند۔ قسم۔ مقابل۔ روبرو برابر۔ ج: اَصْرُع۔ صُرُوع۔ مص (ف) کسی کو زمین پر دے مارنا پچھاڑ دینا۔ دو دروازے بنانا۔ دو مصرعے کہنا
صِرْع - پہلوان۔ رسی کی ایک لٹ ج: صُرُوع
صِرْعَان - آپس میں دو شخص کشتی لڑنے والے
صَرْعَان - صبح و شام۔ شب و روز۔ دو گلے کہ ایک واپس ہو تو دوسرا جائے۔
صَرْعَةٌ - ایک بار پچھاڑنا۔
صِرْعَةٌ - پچھاڑ کھا کر گرنے کی ہیئت۔
صُرْعَةٌ - بہتوں سے پچھڑا ہوا۔
صُرَعَةٌ - پہلوان جو بہتوں کو پچھاڑتا ہو۔
صَرْف - توبہ۔ عمل۔ رشوت۔ حیلہ۔ مرتبہ کی زیادتی ج: صُرُوف۔ مص (ض) پھیر دینا
صَرْفُ الدَّهْر - زمانہ کے حوادث اور سختیاں انقلاب۔ ج: صُرُوف
صَرْفُ الْحَدِيث - کلام میں زیادتی حسن کلام کلام کا مذاق۔ لطف۔
صِرْف - خالص شراب۔ ہر چیز خالص۔ ایک سرخ رنگ جس سے چمڑا رنگتے ہیں۔

صَرَفَان ۔ شب و روز ۔
صَرَفَان ۔ موت ۔ تانبا ۔ قلعی ۔ ایک قسم کا سخت کھجور ۔
صَرْقَعَة ۔ انگلیاں چٹخانا ۔
صَرْم ۔ سنوارا ہوا چمڑہ ۔ بنایا ہوا چمڑہ ۔
مص (ن) کاٹنا پھل توڑنا ۔ کٹ جانا ۔
قِسم ۔ گروہ ۔ ج: اَصْرَام ۔ اَصَادم اَصَادِیْم ۔
صَرْمَاء ۔ جنگل جس میں پانی نہ ہو ۔ کم دودھ والی اونٹنی ۔ ج: ۔
صَرْد ۔ (ن) نظر کرنا ۔ دیکھنا ۔
صَرُوْع ۔ پہلوان ۔ بہت پچھاڑنے والا ۔ ج: ۔ صُرُع ۔
صُرُوْف ۔ صِرَاف ۔ (ض) جفتی کی خواہش کرنا ۔ خالص رکھنا ۔
(نَاقَة) صَرُوْف ۔ اونٹنی جس کے دانت بہت بجیں ۔
صَرُوْم ۔ تیز تلوار ۔ قوی آدمی ۔ خوب قتل کرنیوالا ۔ بہت کاٹنے والا ۔
صَرَی ۔ دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو بچی کھچی چیز ۔
صِرَی ۔ ٹھہرا ہوا پانی ۔
صُرَّی ۔ اونٹنی وغیرہ جس کا دودھ دوہا نہ ہو تاکہ تھن بڑے بڑے اور دودھ بھرے معلوم ہوں ۔
صِرَّی ۔ کام کا پختہ ارادہ ۔
صَرْی ۔ (ض) قطع کرنا ۔ منی کا بند رکھنا ۔ یعنی نکاح سے باز رہنا ۔ برائی وغیرہ دفع کرنا ۔ جمع کرنا ۔ روکنا ۔ حفاظت کرنا ۔ یاد کرنا ۔ پناہ دینا ۔ مہربانی کرنا ۔

ہلاکت سے بچاتا ۔ (بین) صلح کراتا ۔
صَرِیْب ۔ ترش دودھ ۔ ج: صُرُب ۔
صَرِیْح ۔ ہر چیز خالص ۔ خالی ۔ ج: صُرَحَاء چھاچھ ۔ مٹھا ۔
صَرِیْحَة ۔ خالص ۔ بے ملاؤ ۔ کھری ۔ ج: ۔ صَرَائِح ۔
فریاد کو پہنچنے والا فریاد رس ۔
صَرِیْخ ۔ فریاد چاہنے والا ج: صُرَخَاء فریاد خواہ کی آواز ۔
صَرِیْر ۔ قلم کی آواز ۔ دروازہ کی کھڑکھڑاہٹ ٹڈیوں کی بھنبھناہٹ ۔ کجاوے وغیرہ کی آواز ۔
صَرِیْرَة ۔ پرکھے ہوئے درم ۔ ہمیانی میں باندھے ہوئے درم ۔ ج: صَرَائِر ۔
صِرِّیْع ۔ بہت پچھاڑنے والا ۔
صَرِیْع ۔ پچھڑا ہوا ۔ گرا ہوا ج: ۔ صَرْعیٰ
صَرِیْف ۔ خالص چاندی ۔ دروازہ کھلنے اور بند ہونے کی آواز ۔ ڈول کے کھینچنے کے وقت چرخی کی آواز ۔ تازہ دودھ
مص (ض) چرخی یا گھڑی کا بولنا ۔ شراب پینا ۔
صَرِیْفَة ۔ چپاتی ۔ کھجور کی سوکھی ہوئی شاخ ۔ ج: صُرُف ۔ صِرَاف
صَرِیْقَة ۔ پتلی روٹی ۔ چپاتی ۔ ج: صَرَائِق صُرُق ۔
صَرِیْم ۔ کٹا ہوا ۔ ریت کا علحدہ بڑا ٹیلہ ۔ صبح تاریک رات ۔ جلی ہوئی زمین ۔ ناقابل کاشت ۔
صَرِیْمَة ۔ کسی کام کا پختہ ارادہ ۔ دل میں ٹھانی

بات ۔ ریت کے بڑے ڈھیروں میں چھوٹی ڈھیری ۔ کھیت جس کی کھیتی کٹ گئی ہو ۔ رات کا حصہ ۔ تھوڑی سی رات ۔ ج:۔ صَرَائِم

ص ۔ ص

صَصَصُ الصَّبِیّ ۔ بچہ کا پاخانہ اور اس کی ریح ۔

ص ۔ ط

صَطْر ۔ خط ۔ ج:۔ اَصْطُر ۔ صُطُوْر مص (ن) لکھنا ۔

صَطْس ۔ ایک سال کا بکری کا بچہ ۔

ص ۔ ع

صَعَّاد ۔ بہت چڑھنے والا ۔

صَعَّار ۔ متکبر اور مغرور آدمی ۔

صُعَاق ۔ رعد کی آواز ۔

صَعْب ۔ خیر ۔ دشوار ۔ سخت کام ۔ شریر ۔ سرکش اونٹ و آدمی وغیرہ ۔ ج:۔ صِعَاب

صَعْبَۃ ۔ تیز مزاج عورت ۔ سرکش ج:۔ صَعْبَات

صُعْبُوْب ۔ دشوار ۔ کٹھن ۔ سخت ۔ ج:۔ صَعَابِیْب ۔

صَعْتَر ۔ سعتر یہ پہاڑی پودینہ ہے ۔

صَعْتَرَۃ ۔ صعتر گھاس چرانا ۔ آراستہ کرنا ۔

صَعْتَرِیّ ۔ شریف ۔ چالاک ۔ بہادر ۔

صَعَد ۔ سخت ۔ کٹھن (عذاب)

صَعْدَاء ۔ مشقت و محنت ۔ دشواری ۔

صُعَدَاء ۔ آہ ۔ لمبا سانس ۔

صَعْدَۃ ۔ سیدھا نیزہ ۔ ج:۔ صِعَاد

صَعْدَات ۔ سیدھے قد کی عورت ج:۔ صَعْدَات

صَعَر ۔ (س) کبر و نخوت سے منہ پھلانا سر کا چھوٹا ہونا ۔ صَعَارِیْر (ایک قسم کا گوند ۔) کھانا ۔

صَعْصَعَۃ ۔ متفرق کرنا ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ جدا کرنا ۔ حرکت دینا ۔ سر میں تیل ڈالنا ۔

صَعْط ۔ (ف ۔ ن) ناک میں دوا ڈالنا ۔

صَعْف ۔ ایک چھوٹا سا پرندہ ۔ اہل یمن کی ایک خاص قسم کی شراب ۔ ج:۔ صِعَاف مص (ف) (مجہولاً) کانپنا ۔ لرزنا ۔

صَعْفُوْق ۔ صَعْفَقِیّ ۔ وہ شخص جو سرمایہ کے بغیر بازار میں خریدنے کے لئے جائے کر ۔ اور جو نہ بہادر ہو اور نہ مسلح ۔ ج:۔ صَعَافِقَۃ ۔ صَعَافِیْق ۔

صَعْق ۔ صدمہ ۔ سخت آواز ۔ دھماکا ۔

صَعْق ۔ صَعْقَۃ ۔ تَصْعَاق ۔ (س) بے ہوش ہو جانا ۔ مر جانا ۔

صَعِق ۔ جو سخت آواز سن کے بے ہوش ہو گیا ہو ۔ سخت آواز والا ۔

صَعْقَۃ ۔ بجلی جو آگ کی صورت میں زمین پر گرے بے ہوشی ۔ صور کی پہلی پھونک ۔

صَعْل ۔ ہر لمبی چیز ۔ گدھا جس کے بال گر گئے ہوں ۔ چھوٹے سر اور باریک گردن والا آدمی ۔ یا شتر مرغ یا کھجور ۔

صَعِل ۔ (س) پتلی گردن اور چھوٹے سر والا ہونا

صُعْلُوْک ۔ درویش ۔ فقیر ۔ ج:۔ صَعَالِیْک ۔

صَغُو ۔ (ن) باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔
صَعُوب ۔ سخت ۔ دشوار۔ کٹھن۔ ج:۔ صُعُب
صَعُوبَۃ (ك) دشوار ہونا مشکل ہونا۔
صَعْوَۃ ۔ ممولا۔ ج:۔ صِعَاء
صَعُود ۔ بلند جگہ۔ بلندی دشوار گزار گھاٹی۔ دشوار امر۔ مشقت ج:۔ صُعُد
صَعَائِد۔ دوزخ کے ایک پہاڑ کا نام۔
صُعُود۔ (س) [فی] چڑھنا۔
صَعُودَاء۔ دشوار گزار گھاٹی۔
صَعُوط ۔ ناک میں ڈالنے کی دوا۔
صَعِید ۔ خاک ۔ مٹی ۔ روئے زمین ۔ راستہ۔ قبر۔ ج:۔ صُعُد ۔ صُعُدَات
صَعِیدُ مِصْر ۔ مصر کا بالائی حصہ۔

ص ۔ غ

صَغّ ۔ (ن) بہت کھانا۔
صَغَار ۔ صُغْر۔ خواری ۔ ذلت۔
(س۔ ك) ذلیل و خوار ہونا۔
صُغَار ۔ چھوٹا۔
صَغَارَۃ ۔ چھوٹائی ۔ بڑائی کی ضد۔ قدر و منزلت کی چھوٹائی ۔ ذلت ۔
صَغَارَۃ ۔ صِغَر ۔ صُغْرَان ۔ (ك ۔س) چھوٹا ہونا۔
صُغَب ۔ جوؤں کے انڈے۔
صَغْبَلَۃ ۔ کھانے کو مرغن کرنا۔
صُغْر ۔ خواری ۔ ظلم۔
صِغَر ۔ صَغَار ۔ صَغَارَۃ ۔ صُغْرَان۔
صُغُو۔ (س ۔ ك) خوار ہونا۔ آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔
صُغْرَان ۔ چھوٹا۔
صِغْرَۃ ۔ بہت کوتاہ قامت ۔ بونا
صُغْرٰی ۔ چھوٹی عورت ۔ ٹھگنی ۔ بونی ج:۔ صُغَر
صَغْصَغَۃ ۔ (بالوں میں) تیل ڈالنا اور کنگھی کرنا (کھانے میں روغن ڈالنا۔
صَغْوَان ۔ صِغًی ۔ صُغِیّ ۔ (س) [الی] میلان کرنا۔ سننا (ستاروں کا) قریب بغروب ہونا۔
صَغْوَاء ۔ آفتاب جب کہ مائل بہ غروب ہو۔
صَغِیر ۔ چھوٹا ۔ ج:۔ صِغَار ۔ صُغَرَاء م:۔ صَغِیرَۃ ج:۔ صَغَائِر۔
صَغِیرَۃ ۔ چھوٹا گناہ ۔ ج:۔ صَغَائِر۔

ص ۔ ف

صَفّ ۔ قطار ۔ کوئی چیز برابر رکھی ہوئی۔ (د) کلاس ۔ ج:۔ صُفُوف ۔ مص (ن) صف میں کھڑا کرنا۔ صف میں کھڑا ہونا۔ گوشت کو سیخ میں پرونا۔ پرندہ کا دونوں بازوں کو پھیلانا۔
صَفَا ۔ مکہ کے ایک پہاڑ کا نام سخت پتھر۔ واحد:۔ صَفَاۃ
صَفَاء ۔ روشنی ۔
صَفَاۃ ۔ سخت پتھر ۔ چکدار کہ اس پر کچھ نہ اُگ سکے۔ ج:۔ صَفَوَات ۔ صَفًا۔
صِفَاح ۔ مُصَافَحَۃ ۔ ہاتھ سے ہاتھ ملانا۔ مصافحہ کرنا۔
صِفَاد ۔ تسمہ یا زنجیر جس سے قیدی کی مشکیں باندھیں ج:۔ اَصْفَاد

صَفَّار ۔ کسیرا ۔ ٹھٹھیرا

صَفَّارَۃ ۔ سیٹی جو بجائی جاتی ہے ۔ مقعد ۔

صَفَّافُ الْحُرُوْف ۔ کمپوزیٹر (د)

صَفَّاق ۔ بہت سفر کرنے والا سیاح ۔ کاروبار تجارت میں بہت ہوشیار ۔ لین دین کرنے والا ۔

صِفَاق ۔ آنتوں کے اوپر کی جھلی ۔ پیٹ کی کھال ۔ کھال کے اوپر کا پتلا پوست جس پر بال اُگتے ہیں ۔ ج:۔ صُفُق

صَفَاقَۃ ۔ بے شرمی ۔ بے باکی ۔ کپڑے کا کھردرا پن مص (ك) بے باک ہونا ۔ کپڑے کا دبیز اور کھردرا ہونا ۔

صَفَائِح ۔ سر کی چار ہڈیاں چاروں طرف کی ۔

صِفَۃ ۔ وَصْف ۔ تعریف ۔ بیان ۔ مص (ض) تعریف کرنا ۔ بیان کرنا ۔

صُفَّۃُ الدَّار ۔ دالان ۔ مکان کے آگے کا صحن ج:۔ صُفَف ۔ صِفَاف

صَفْح ۔ ہر چیز کا کنارہ ۔ آدمی کا پہلو ۔ رُخسار تلوار کا عرض ۔ عرض ج:۔ صِفَاح مص (ف) منہ پھیرنا ۔ ترک کرنا ۔ لوٹا دینا ۔ چوڑا کر دینا ۔ ورق گردانی کرنا ۔ ظاہر کرنا ۔ سوچنا (عن) درگزر کرنا ۔ معاف کرنا ۔

صَفْحُ الْجَبَل ۔ پہاڑ کی جڑ میں یا درمیان میں ہموار جگہ ۔ پہاڑ کا سامنا ۔

صَفَح ۔ چوڑائی ۔

صَفْحَۃ ۔ کنارہ ۔ ج: ۔ صِفَاح

صَفَد ۔ قید ۔ عطا ۔

صَفْد ۔ (ض) مضبوطی سے قید کرنا ۔

کانسی ۔ پیتل ۔ سونا ۔ ہر چیز خالی ۔ ج:۔ اَصْفَار

صَفِر ۔ خالی ۔ ج:۔ اَصْفَار

صَفْر ۔ صِفْر ۔ صُفْر ۔ خالی ۔

صَفَرُ الْوَابُوْر ۔ ریل گاڑی کا سیٹی دینا ۔ صَفِیْر سے ماخوذ (د)

صِفْرُ الْیَدَیْن ۔ خالی ہاتھ ۔ تہی دست ۔

صَفَر ۔ یرقان کی بیماری کہ آدمی کے چہرہ کو زرد کر دیتی ہے ۔ عقل ۔ محرم کے بعد کا مہینہ ۔

صَفْر ۔ صُفُوْر ۔ (س) برتن کا خالی ہونا ۔ (مجہولاً) پیٹ میں جمع ہونا ۔

صَفْرَاء ۔ سونا ۔ مشہور غلط ۔ یعنی پت ۔ زرد عورت (اَصْفَر کا مؤنث) ج:۔ صُفْر

صُفْرَۃ ۔ زردی ۔ سیاہی ۔

صَفْرَۃ ۔ ایک بار بھوکا ہونا ۔

صِفْرِد ۔ ایک پرندہ جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں ۔ ج:۔ صَفَارِد

صَفْصَاف ۔ بید کا درخت ۔ و ا:۔ صَفْصَافَۃ

صَفْصَف ۔ ہموار زمین ۔ پہاڑ کا کنارہ ج:۔ صَفَاصِف

صَفْصَفَۃ ۔ ہموار زمین میں چلنا ۔ آواز کرنا ۔

صَفْع ۔ (ف) چانٹا رسید کرنا یا گردن کے پیچھے آہستہ گھونسہ مارنا ۔

صَفْعَان ۔ جو بہت پیٹا جائے ۔

صَفَف ۔ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنیں ۔

صَفْق ۔ کنارہ ۔ جگہ ۔ پہاڑ کے نیچے کی زمین ۔ چمڑے کی دباغت کی بو ۔

صَفْق ۔ صَفْقَۃ (ض) بیع یا بیعت کرنے کے وقت ہاتھ پر ہاتھ مارنا (پرندہ کا بازو کو

پھڑپھڑانا۔ دروازہ کھولنا یا بند کرنا۔
آنکھ بند کرنا۔ بربط کے تاروں کو چھیڑنا
ہلانا۔ حرکت دینا۔ پُر کرنا۔ ایک برتن
سے دوسرے برتن میں ڈالنا۔
تالی بجانا۔ پھیر دینا۔

صَفَق ۔ دماغ کا آخری کنارہ۔ دباغت کی بُو
کچا چمڑہ۔ نئی مشک کا پانی جو ہلانے
سے زرد ہو جائے۔

صِفْق ۔ دروازے کا ایک پٹ۔

صَفْقَة ۔ بیع کا معاملہ۔ معاملہ کرنا۔ بیع میں ایک
بار ہاتھ مارنا۔

صَفْن ۔ آدمی کے فوطوں کی کھال۔ چمڑے
کا برتن جیسے مشکیزہ وغیرہ۔ دسترخوان
ج:۔ اَصْفَان ۔ صُفُن ۔ صُفْنَان

صُفْن ۔ چمڑے کا برتن جس میں پانی بھریں۔
چھاگل۔ مشکیزہ۔ توبرا۔ تھیلا۔

صَفْو ۔ روشنی۔ خالص اور منتخب چیز۔

صُفُوّ ۔ (ن) صاف ہونا۔ روشن ہونا۔

صَفْوَاء ۔ سخت پتھر۔ چمک دار۔

صَفْوَان ۔ بغیر ابر کے ٹھنڈا دن۔ سخت اور
چمک دار پتھر۔

صَفْوَة ۔ (مثلثہ) خالص۔ برگزیدہ۔ منتخب

صِفْوَة ۔ سچا اور مخلص دوست۔ پاکیزگی اور
صفائی کی نوعیت۔ کم۔ تھوڑا۔

صَفُوح ۔ جواں مرد۔ درگزر کرنے والا۔ منہ
پھیرنے والی۔ اعراض کرنے والی۔
رُکنے والی عورت۔

صُفُوح ۔ (ف) دودھ کے جانور کا دودھ خشک
ہونا۔

صَفُوف ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔

صَفُوق ۔ سرکش اونٹ۔ چکنا اور بلند پتھر۔ نرم
کمان۔ ج:۔ صُفُق

صُفُون (ض) گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑا
ہونا اور چوتھے پاؤں کے سم کی
نوک کو زمین پر ٹکانا۔ دونوں پاؤں
ملا کر کھڑا ہونا [ب] کسی کو زمین
پر دے مارنا۔

صَفِیّ ۔ خالص دوست۔ ج:۔ اَصْفِیَاء۔
غنیمت کی منتخب چیز کہ سردار تقسیم
سے پہلے اپنے لئے پسند کرے۔
ہر چیز خالص اور منتخب۔ بہت دودھ
والی اونٹنی۔ ج:۔ صَفَایَا

صَفِیَّة ۔ غنیمت کی عمدہ اور منتخب چیز۔ ج:۔
صَفَایَا

صَفِیح ۔ آسمان۔

صَفِیحَة ۔ چوڑی تلوار۔ چوڑا پتھر۔ ہر چیز کا چوڑا
رُخ۔ دروازے کا تختہ ج:۔ صَفَائِح

صَفِیر ۔ پرندوں کی چہچہاہٹ مص (ض)
آواز نکالنا۔

صَفِیف ۔ سیخ میں پرویا ہوا گوشت یا
جو گوشت دھوپ میں سکھانے
کے لئے رکھا جائے یا جو گوشت
کوئلوں پر بھوننے کے لئے رکھا
جائے۔

(ثوب) صَفِیق ۔ سخت بنا ہوا۔ کھرا (کپڑا)
صَفِیق ۔ شوخ۔ بے باک۔

صَفِیقَة ۔ حادثہ۔ ج:۔
صَفَائِق۔

ص ۔ ق

سَقّ ۔ میخ جو سخت جگہ میں زور سے ٹھونکی جائے مص (ض) گرگٹ وغیرہ کا آواز کرنا۔

صَقّاس ۔ بہت لعن طعن کرنے والا سخن چین۔ عیب جُو۔ کافر۔ دوشاب (انگور وغیرہ کا رس جس پر دُوْرات گزر گئی ہوں) فروخت کرنے والا۔

صِقَال ۔ زنگ چھڑانا۔ صیقل کرنا۔ جلا دینا۔ (اسم مصدر)

صَقَب ۔ (س) نزدیک ہونا۔

صَقْب ۔ دراز و فربہ۔ اونٹ کا بچہ ج: صِقَاب صُقْبَان گھر کے درمیان کا لمبا ستون ج: صُقُوب۔ مص (ن) گونسہ مارنا۔ جمع کرنا۔

صَقَح ۔ پیشانی کے بال اُڑ جانا۔

صَقْر ۔ ہر شکاری پرندہ۔ شکرا۔ ج: صُقُور ۔ اَصْقُر۔ مص (ن) مارنا۔ توڑنا۔ آگ بھڑکانا۔ سورج کا تیز ہونا۔

صَقْر ۔ صَاقِر ۔ تیز نظر۔

صَقَر ۔ کیکر۔ ببول۔ یا ہر کانٹے دار درخت کے گرے ہوئے پتے۔ جہنم۔ دوزخ

صَقِرَة ۔ تیز فہم۔ تیز نگاہ کی عورت۔

صَقَرَة ۔ حوض میں بچا ہوا پانی جس میں کتوں وغیرہ نے پیشاب کر دیا ہو۔

صَقْع ۔ (ف) سر پہ مارنا۔ مرغے کا آواز کرنا۔ چلانا۔ کج رو ہونا۔

صُقْع ۔ زمین کا کنارہ۔ گوشہ۔

صَقِع ۔ (س) بے ہوش ہو جانا۔ سر کا بیچ سفید ہو جانا۔

صَقْعَاء ۔ سورج۔ ایک قسم کا مادہ جانور جس کا آدھا سر سفید ہوتا ہے ج: صُقْع

صَقْعَب ۔ ہر دراز چیز۔ چرچر کرنے والا دروازہ آواز نکالنے والی اونٹنی ج: صَقَاعِب

صُقْعَة ۔ جانور کے سر کے درمیان کی سفیدی۔

صَقْل ۔ (ن) صاف کرنا۔ زنگ چھڑانا۔ قلعی کرنا۔ ڈبلا کرنا (ب) مارنا۔

صُقْل ۔ صُقْلَة ۔ پہلو۔ کوکھ۔ ہر وہ جانور جو ہلکے بدن کا ہو۔

صِقِلِّيَة ۔ سسلی (بحر روم کا ایک جزیرہ)

صَقُوس ۔ کُٹنی ۔ دلالہ۔

صَقِيل ۔ زنگ صاف کی ہوئی تلوار۔ جلا دی ہوئی تلوار۔

ص ۔ ك

صَكّ ۔ چک۔ دستاویز۔ بیع نامہ۔ تمسک ج: آصُكّ۔

صُكُوك ۔ صِكَاك ۔ مص (ن) کسی کو زور سے مارنا۔ کوٹنا۔ بیعنامہ۔ قبالہ دستاویز وغیرہ لکھنا۔

صَكَّة ۔ دوپہر کی گرمی کی شدت (یہ لفظ عُمَيّ کی طرف مضاف ہو کر مستعمل ہوتا ہے اور عُمَيّ عمالقہ میں سے ایک شخص تھا جو دوپہر کے وقت ایک قوم پر حملہ آور ہوا تھا۔

صَكَم ۔ (ن) مارنا۔ دفع کرنا۔

صَكْمَة ۔ پتھر وغیرہ سے ٹھوکنا (اسم ہے)
صَكْوٌ ۔ (ن) لازم پکڑنا ۔
صَكِيْكٌ ۔ ضعیف و ناتواں ۔ کمزور ۔

ص ۔ ل

صَلّ ۔ کافی بارش ۔ کم بارش ۔ منتشر بارش ۔ (لغات اضداد سے ہے) (ن) صاف کرنا
صَلَّ الْحَبَّ الْمُخْتَلِطَ بِالتُّرَابِ ۔ پانی ڈالکر غلہ کو مٹی سے جدا کیا ۔
صَلَّتْهُمُ الصَّالَّةُ ۔ تکلیف پہنچی انھیں ۔
صِلّ ۔ چھوٹا سانپ جس پر منتر نہیں چلتا ۔
صَلًا ۔ کمر کا بیچ ۔ ج: صَلَوَات ۔ اَصْلَاء
صِلَاء ۔ بھوننے کے لائق چیز ۔
صَلًاء ۔ صِلَاء بھوننے کی چیز ۔ مص آگ کو آگ سے بھڑکانا ۔
صَلَابَة ۔ (ك) سخت ہونا ۔
صَلوٰة ۔ نماز ۔ دعا ۔ استغفار ۔ درود ۔ رحمت تسبیح ۔ ج: صَلَوَات
صَلَاح ۔ نیکی ۔ بھلائی ۔ ضدِ فساد کہ معنی تباہی ہے ۔
صُلَّاع ۔ چوڑا پتھر ۔ وا: صُلَّاعَة
صَلَامَة (مثلثہ) آدمیوں کا گروہ
صَلَايَة ۔ پیشانی ۔ چوڑا چکلا پتھر ۔ خوشبو پیسنے کی سل ج: صُلِيّ
صُلْب ۔ پیٹھ کی ہڈی شانہ سے سرین تک ریڑھ ۔ پشتینی ۔ بزرگی ۔ طاقت و قوت ج: اَصْلُب ۔ اَصْلَاب سخت زمین ج: صِلَبَة ۔
صُلَّب ۔ سخت مضبوط ۔ سان کا پتھر ۔

صَلْب ۔ (ض) سولی پر کھینچنا ۔ بخار کا ہمیشہ آنا اور تیز ہونا ۔ گوشت کو بھوننا ۔ ہڈیوں کا گودا نکالنا ۔
صَلَّة ۔ کھال ۔ تھوڑی سی گھاس ۔ جوتی ۔ غیر بارش شدہ زمین جو دو بارش شدہ زمینوں کے درمیان ہو ۔ ج: صِلَال
صَلْت ۔ کشادہ ہموار ۔ میدان ۔ تلوار صیقل کی ہوئی ننگی ۔ تیز چھرا ۔ مرد جو اپنے امور و حوائج میں رسا اور چالاک ہو ۔ ج: اَصْلَات ۔ (ض) تلوار سے مارنا ۔ پیالے کی چیز گرا دینا ۔ گھوڑے کو دوڑانا
صِلَة ۔ انعام بخشش ۔ ج: صِلَات مص (ض) پیوست کرنا ۔ پیوستہ ہونا پہنچ جانا ۔ خالص دوستی کرنا ۔
صُلَّجَة ۔ ریشمیں کپڑا ۔
صُلْح میل ۔ ملاپ ۔ سلوک ۔
صِلْح ۔ نیک ۔
صَلَخ ۔ (س) بہرا ہونا
صَلْد ۔ سخت چمکدار ۔ چکنا سر جس پر بال نہ ہوں ۔ گھوڑا جو پسینہ نہ لاوے اور زمین
صَلْد ۔ صُلُوْد ۔ (ض) گھوڑے وغیرہ دوڑنے میں اگلی ٹاپیں مارنا (زمین کا) سخت ہونا (دانتوں کا) کڑکڑانا ۔ [فی] چڑھنا ۔
صِلْدَاء ۔ نہایت سخت زمین ۔
صَلْصَال ۔ اچھا گارا ۔ بارِیت کا ملا ہوا ۔ یا گارا جس کا اب تک کوئی برتن نہ بنا ہو خشک گارا کہ نئے برتن کی مانند بجے ۔ سڑا ہوا گارا
صُلْصُلَة ۔ کبوتر ۔ سر پر جمع شدہ بال ۔ حوض کی تہ میں

بچا ہوا پانی۔ ج: ۔ صَلَاصِل۔
صَلْصَلَة۔ آواز۔ گرج کی آواز صاف ہونی۔ چیخنا۔ فریاد کرنا۔ دھمکی دینا۔ سردار کو مار ڈالنا۔ شیخی مارنا۔
صَلَع۔ (س) سر کے آگے کے بالوں کا گر جانا سر کے اگلے حصہ کا بالوں سے خالی ہو جانا
صَلِع۔ وہ جگہ جہاں کچھ پیدا نہ ہو۔ اور سر۔
صَلْعَاء۔ عورت جس کے سر کے آگے کے بال گر گئے ہوں۔ درختوں سے خالی جنگل مصیبت ج: ۔ صُلْع
صَلَعَة۔ سر کی وہ جگہ جہاں بال نہ رہے ہوں
صَلَف۔ (س) کھانے کا بے مزہ اور بے برکت ہونا۔ عورت کا شوہر سے محروم ہونا۔ بری بات کہنا۔ لاف زنی کرنا۔
صَلِف۔ لاف زن آدمی۔ بے مزہ کھانا۔ (سحاب) صَلِف۔ بادل جو بہت گرجے۔ اور نہ برسے۔
صَلْفَاء۔ سخت زمین۔ ج: ۔ صَلَافِی
صَلْفَعَة۔ مارنا۔ مونڈنا۔ مفلس و قلاش ہونا
صَلْق۔ فریاد۔ سخت آواز مص (ن) چیخنا مارنا۔ لڑکی کو لٹا کر جماع کرنا [ق] کسی گروہ میں لڑائی کرا دینا۔
صَلْم۔ (ض) ناک یا کان کو جڑ سے کاٹنا یا اکھاڑنا۔
صَلْمَعَة۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ مونڈنا۔
صَلْو۔ (ن) کسی کی کمر پہ مارنا۔
صَلَوَات۔ یہودیوں کے عبادت خانے۔
صَلٰوة۔ دعا۔ مغفرت۔ رحمت۔ درود۔

صُلُوتَة۔ (ك) کشادہ پیشانی والا ہونا۔
صُلُوح۔ (ف ك) نیک ہونا۔
صُلُود۔ (ك) بخیل اور کنجوس ہونا۔
صُلُوع۔ (ن) بکری وغیرہ کا پانچویں یا چھٹے سال میں لگنا۔
صُلُول۔ (ض) بدبودار اور بدمزہ ہونا۔
صَلْی۔ (ض) بھوننا۔ تاپنا۔ آگ میں ڈالنا کسی کو ہلاکت میں ڈالنا۔ فریب دینا چاپلوسی کرنا۔
صَلْی۔ صُلِیّ۔ صَلَاء۔ (س) آگ میں جل جانا سختی جھیلنا۔
صِلِّیَان۔ ایک جنگلی گھاس۔ وا: ۔ صِلِّیَانَة
صَلِیب۔ سخت۔ مضبوط۔ سولی دیا ہوا ج: ۔ صُلُب نشان۔ نیزہ۔ وہ لکڑی جس پر عیسائیوں کے زعم کے مطابق (معاذ اللہ) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی دی گئی۔ ج: ۔ صُلْبَان
صَلِیح۔ نیک ج: ۔ صُلَحَاء
چپاتی، بھنے ہوئے گوشت کی بوٹی ج: ۔ صَلَائِق۔

ص ۔ م

صَمّ۔ صَمَم۔ بہرا پن مص (ن) بہرا ہونا
صَمّ۔ (ن) ڈاٹ لگانا (ب) پتھر وغیرہ سے مارنا۔ مرجانا۔
صِمّ۔ شیر۔ بلا۔ مصیبت
صُمّ۔ بہرے لوگ۔ وا: ۔ اَصَمّ بہری عورتیں۔ وا: ۔ صَمَّاء
صَمَّاء۔ سخت زمین۔ گابھن اونٹنی۔ موٹی اونٹنی

سخت آفت - ج: صُمَم - صَمَرَة
صَمَّاء - سخت پتھر قَنَاة صَمَّاء
ٹھوس نیزہ حَيَّة صَمَّاء سانپ جس
پر منتر نہ چلے مص اس طرح چادر
اوڑھنا کہ ہاتھ پاؤں سب ڈھک
جائیں -
صُمَات - خاموش کر دینے والی چیز
(ن) خاموش رہنا - جلدی جلدی
پیاس لگنا -
صِمَاخ - کان کا سوراخ - کان - تھوڑا سا پانی
ج: صُمُخ - اَصْمِخَة -
صِمَام - شیشی کی ڈاٹ ج: اَصِمَّة -
صَمَّان - کھردری اور پتھریلی زمین جو نرم اور
ریتلی زمین کے پاس ہو -
صَمْت - صُمُوت - خاموش مص (ن) چپ
رہنا - مریض کی زبان بند ہونا -
صِمَّة - شیر بہادر - شیشی کی ڈاٹ ج:
صِمَم -
صَمَاج - تندیلیں - وا: صَمَجَة -
صَمَاخ - (ن) کسی کے کان کے سوراخ پر مارنا
صَمْخَة - گداز جسم کی عورت -
صَمْد - بلند اور سخت جگہ (ن) قصد کرنا -
وقت کا منتظر رہنا - فرصت کا انتظار
کرنا - مارنا - قائم کرنا - بندھن باندھنا
صَمَد - وہ جس کی طرف مہتم بالشان کاموں میں
رجوع کریں - خدا تعالیٰ کے ناموں
میں سے ایک نام ہے - بلند مرتبہ
بے نیاز - ہمیشہ رہنے والا - وہ جو
بھوکا پیاسا نہ ہو -

صَمْر - بدبو - گوشت اور تازہ مچھلی کی بو -
صَمْصَام - صَمْصَامَة - آدمی کام میں گھسنے
والا - بات کی تہ کو پہنچنے والا - سخت
گھوڑا - اپنے ارادہ کو پورا کرنے والا
سخت مضبوط - تلوار جس کا وار خالی نہ جائے
صِمْصِم - مرد جو اپنے ارادہ اور کام کو بن کئے
نہ چھوڑے - چالاک رسا آدمی - دلاور
ٹھنگنا - قوی اونٹ - سخت زمین -
صَمْعَاء - چھوٹے کان والی (اَصْمَع کا مؤنث)
ج: صُمْع
صَمْغ - درخت کا گوند - ج: صُمُوغ
صَمْغ عَرَبِيّ - درخت سلم کا گوند - تھوڑا
سا گوند -
صَمَكُوك - صَمَكِيك - بدخو اور سخت آدمی -
گاڑھا دودھ وغیرہ -
صَمَل - صُمُول - (ن) سخت اور کھردرا ہونا
باز رہنا -
صِمْلَاخ - صُمْلُوخ - کان کا میل - ج:
صَمَالِيخ -
صَمُوتُ الْخَلْخَالَيْن - پازیبوں کی چپ کرنے
والی یعنی وہ لڑکی کہ اس کی پنڈلیوں
کے موٹاپے کے سبب پازیب
پھنسے رہیں -
صَمَيَان - دلاور اور حملہ کا سچا آدمی - ماہر آدمی
مص (ض) کودنا - جلدی کرنا - نازل
ہونا -
صِمِّيت - بہت چپ رہنے والا -
صَمِيم - چیز کی اصل ہڈی جس سے عضو قائم
رہتا ہے - چیز کا کھرا پن - خلاصہ -

چلہ کا جاڑا سخت گرمی ۔ انڈے کا چھلکا۔

ص ۔ ن

صِنّ ۔ بڑی زنبیل ۔ روٹی رکھنے کی ڈھکنے دار ٹوکری۔

صِناب ۔ لمبی پشت اور لمبے شکم والا ۔ ایک سالن جو رائی اور روغن زیتون سے بنایا جاتا ہے۔

صِنابِی ۔ سُرخ رنگ کا جو مائل بہ سفیدی ہو۔

صُنادِل ۔ قوی اونٹ اور گدھا۔

صَنادِید ۔ فوجی لوگ ۔ سردار اور بڑے آدمی واحد۔ صِندِید سختیاں ۔ مصائب۔

صِناعَۃ ۔ پیشہ

صُنان ۔ بغل کی بدبو۔

صِناق ۔ بغل کی بدبو ۔ ج۔ صُنُق۔

صِنِّیت ۔ سردار ۔ کریم ۔ شریف ج: صنانیت

صَنج ۔ جنگ کا معرب (ایک باجہ)

صَنجَۃ المِیزان ۔ ترازو کے باٹ۔

صَندَل ۔ ایک خوشبودار لکڑی ۔ چندن کا معرب مضبوط گدھا اور اونٹ۔

صَندَلانِی ۔ گندھی ۔ دوافروش ۔ عطار۔

صُندُوق ۔ بکس ۔ صندوق ۔ ج۔ صَنادِیق (د) فنڈ۔

صُندُوق البُوسطَۃ ۔ لیٹر بکس (د)

صُندُوق البَرِید ۔ پوسٹ بکس (د)

صُندُوق التَوفِیر ۔ سیونگ بنک (د)

صِندِید ۔ سردار بہادر ۔ تیز ہوا سخت جاڑا ۔ بڑی بوندوں کا مینہ ۔ غالب ج: صَنادِید۔

صِنع ۔ سیخ کباب سینکنے کی ۔ بنائی ہوئی چیز دستکار ۔ کاریگر ۔ کپڑا ۔ پگڑی ج: اَصْناع

صِنعُ الیَدَین ۔ کاریگر جس کا ہاتھ اپنے کام میں صاف ہو۔

صَنعُ اللِسان ۔ خوش تقریر ۔ شعر و سخن میں ماہر۔

صَنع ۔ کسی چیز کو تیار کرنا اور بنانا۔

صَنَعُ الیَدَین ۔ کاری گر ۔ ماہر فن۔

صَنع ۔ صَنعَۃ ۔ (ف) کام اور پیشہ کرنا۔ پرورش اور خوب خبرگیری کرنا۔

صُنع ۔ کام ۔ پیشہ ۔ کاریگری ۔ بناوٹ مص (ف) بنانا [الی] احسان کرنا [ب] کسی کے ساتھ بدی کرنا۔

صَنعانِیّ ۔ یمن کے مشہور شہر ۔ صَنعاء کی طرف منسوب۔

صَنعَۃ ۔ کار ۔ پیشہ۔

صِنف ۔ قسم ۔ نوع ۔ صفت ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ ج: اَصناف ۔ صُنُوف

صِنفُ الثَّوب ۔ کپڑے کا کنارہ۔

صَنَق ۔ بغل کی بدبو کی شدت مص (س) بغل کی بدبو کا سخت ہونا۔

صَنَم ۔ بدبو ۔ پلید ۔ بُت ج۔ اَصنام مص (س) بدبو کا زیادہ ہونا۔

صَنِم ۔ مضبوط و طاقت ور۔

صِنو ۔ حقیقی بھائی ۔ یعنی جو ماں اور باپ دونوں میں شریک ہو ۔ چچا ۔ مثل و مانند ایک درخت کی اُگی ہوئی شاخوں میں سے ہر ایک شاخ ۔ ج: اَصناء صِنوان

صَنو ۔ دو پہاڑوں کے درمیان ۔ پست زمین۔

جس میں تھوڑا پانی بھی بہہ پڑے۔ ج: صَنْوٌ۔
صِنْوَان ۔ وہ کنوئیں پاس پاس کہ دونوں کا سوت ایک ہو۔
صَنَوْبَر ۔ ایک درخت ہے۔
صِنَّوْر ۔ بخیل کمینہ ۔ بدخو۔
صَنِيْع ۔ کام ۔ گھوڑا جس کی بہت غور و پرداخت کی گئی ہو منجھی ہوئی اور آزمائی ہوئی تلوار ۔ تیر جس کا پیکان منجھا ہوا ہو۔ کھانا جو راہِ خدا میں دیا جائے ۔ بھلائی ۔ بنائی ہوئی چیز۔ نئی تجویز کی ہوئی ۔ ج: ۔ صَنَائِع ۔
صَنْعُ الْيَدَيْن ۔ دست کاری ۔
صَنِيْعَة ۔ بھلائی ۔ ہنر ۔ کام ۔ کاریگری ۔ دستکاری بنایا ہوا کام ۔ ج: ۔ صَنَائِع ۔

ص ۔ و

صَوٌّ ۔ فارغ ۔ خالی ۔
صَوَاب ۔ ٹھیک ۔ درست ۔ خطا کی ضد ۔
صُؤَابَة ۔ جوں کا انڈا ۔ لیکھ ۔ ج: ۔ صُؤَاب صِئْبَان ۔
صُوَّابَةُ الْقَوْم ۔ قوم کے منتخب لوگ ۔
صُوَاح ۔ چونا ۔ گھوڑے کا پسینہ ۔ دودھ جس میں پانی زیادہ ہو ۔ بلند ٹیلا ۔
صَوَادِف ۔ اونٹ جو گھاٹ پر رُکے ہوئے اپنے باری کے منتظر ہوں ۔ وا: ۔ صَادِفَة
صَوَادِي ۔ کھجور کے اونچے درخت جو بغیر پانی کے رہیں ۔ وا: ۔ صَادِي
صِوَار ۔ گایوں کا ریوڑ ۔ ج: ۔ صِيْرَان
خوشبو ۔ ج: ۔ أَصْوِرَة
صُوَار ۔ گایوں کا ریوڑ ۔ خوشبو ۔
صُوَّار ۔ گایوں کا ریوڑ ۔
صِوَاع ۔ صُوَاع ۔ بڑا پیالہ پانی پینے کا ۔ ایک پیمانہ ۔
صَوَّاغ ۔ زرگر ۔ سنار ۔ جھوٹا ۔ ج: ۔ صَوَّاغُوْن
صَوَافّ ۔ صف بستہ جانور ۔ وا: ۔ صَافَّة
(ارض) صَوَام ۔ خشک زمین ۔ بغیر پانی کی ۔
صَوَانُ الثَّوْب ۔ صِيَانُ الثَّوْب ۔ گٹھری ۔ صندوق ۔ ج: ۔ أَصْوِنَة ۔
صَوْب ۔ بارش ۔ درست ۔ ٹھیک ۔ قصد (ن) مینہ برسنا ۔ قصد کرنا ۔ اوپر سے اُترنا ۔ بہانا ۔ ابر کا مینہ برسانا ۔ تیر کا نشانہ پر پہنچنا ۔
صُوْبَة ۔ گیہوں کا ڈھیر
صُوَّة ۔ پتھر ۔ نشان ۔ یادگار ۔ چڑھائی ہوا ۔ ج: ۔ صُوًى جج: ۔ أَصْوَاء
صَوْت ۔ آواز ۔ شہرت ۔ فریاد ۔ ج: ۔ أَصْوَات (د) ووٹ ۔ رائے مص (ن) آواز دینا ۔
صَوْح ۔ پہاڑ ۔ وادی کا کنارہ ۔ پہاڑ کا نچلا حصہ مص (ن) چیرنا ۔
صَوْخ ۔ (ن) زمین میں دھنس جانا ۔
صُوْدَا ۔ سوڈا ۔
صَوْر ۔ (ن) آواز نکالنا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ توڑ ڈالنا (الی) کسی کو کسی چیز کی طرف مائل کرنا ۔ ہلانا ۔ مانوس کرنا ۔
صَوْر ۔ (س) ٹیڑھا ہو جانا ۔ کاٹنا ۔
صُوْر ۔ نرسنگھا ۔ وہ چیز کہ جس میں قیامت کے

دن حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے۔
صَوْرَةٌ۔ سر کی خارش۔
صُوْرَةٌ۔ صورت۔ تصویر۔ ج:۔ صُوَر۔ صِوَر
صُوْرَةٌ شَمْسِيَّةٌ۔ فوٹو۔ (د)
صُوْص۔ کنجوس مکھی چوس۔ نہایت بخیل و کمینہ کہ کسی کے سامنے کھانا نہ کھائے کہ کوئی شریک نہ ہوجائے۔
صَوْع۔ ایک پیمانہ ہے مص (ن) صاع سے ناپنا۔ جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔ ڈرانا۔
صَوْغ۔ بچہ کی پیٹھ پر کا بچہ۔ اوپر تلے کے بچے۔ مثل و مانند مص (ن) (پانی کا) زمین میں اُتر جانا۔ جذب ہوجانا۔ نمونہ کے موافق چیز ٹھیک ٹھیک تیار کرنا سانچے میں ڈھالنا (ل) خوش گوار ہونا پچنا اور آسانی سے گلے میں اُتر جانا۔
صَوْف۔ بڑے بڑے بالوں والا مینڈھا۔
صَوَف۔ (س) بڑے بڑے بالوں والا ہونا۔
صُوْف۔ بکری کے بال۔
صَوْف۔ صُوُوْف۔ (ن) بڑے بڑے بالوں والا ہونا (عن) (تیر کا نشانہ سے) اُچٹ جانا۔ اعراض کرنا۔
صُوْفَانِيٌّ۔ بہت اُون والا۔
صُوْفَانِيَّةٌ۔ بہت اُون والی۔
صُوْفَةٌ۔ بکری کے بال۔
صَوْق۔ (ن) ہانکنا
صُوْق۔ بازار۔
صَوْقَعَةٌ۔ سر کا بیچ۔ چندیا۔ لڑائی میں سخت مقام رومال کہ عورتیں دوپٹہ کے نیچے رکھتی ہیں تاکہ سر کے تیل سے محفوظ رہے۔ اور خراب نہ ہو۔ مص مارنا۔ سر پر مارنا۔
صَوْك۔ (ن) خوشبو کا لگ جانا۔ کپڑے بدن وغیرہ خوشبو میں لبنا۔
صَوْل۔ صِيَال۔ صُؤُوْل۔ صَوَلَان۔ صَال (ن) حملہ کرنا۔ زیادتی کرنا۔
صَوْل۔ صَوْلَةٌ (ن) (ل) اندازہ کیا جانا۔ (یہ مجازاً ہے)۔
صَوْلَجَان۔ چوگان۔ بَلّا۔ ج:۔ صَوَالِجَةٌ
صَوْم۔ (جنس) روزہ۔ وا:۔ صَوْمَةٌ شتر مرغ کی بیٹ۔ روزہ دار۔ رمضان
صَوْم۔ صِيَام۔ (ن) کھانے پینے اور بات چیت اور جماع سے رُک رہنا۔ دن کا دوپہر ہونے کو آنا۔ چپ رہنا۔ ہوا کا ٹھہرنا۔ بیکار ٹھیرنا۔
صَوْمَان۔ روزہ دار۔
صَوْمَر۔ ریحان۔ نازبو۔ تُلسی جنگلی۔
صَوْمَعَةٌ۔ گرجا۔ لمبی ٹوپی۔ ج:۔ صَوَامِع۔ مص جمع کرنا۔
صَوْن۔ صِيَان۔ صِيَانَةٌ۔ (ن) حفاظت کرنا۔
صَوْنَةٌ۔ خوشبو رکھنے کا ڈبہ۔
صُوِيّ۔ (ض) خشک ہوجانا۔
صَوًى۔ خشک ہونا۔ قوی اور مضبوط ہوتا۔
صَوِيب۔ راست و درست۔
صَوِيَّةٌ} خشک۔ سُوکھی۔
صَوِيق۔ ستو۔

ص - ہ

صَہْ - چُپ - خاموش رہ - مت بک - چُپ رہ - (واحد و جمع)
صُہَابِیَّۃ - ٹیڑھی -
طَفْوٌ ۔ طُفُوٌّ ۔ (ن) پانی کے اوپر آجانا ۔ اوپر چڑھنا ۔ بہت دوڑنا ۔ مرجانا [فی] داخل ہونا ۔
طُفُوءٌ ۔ (س) آگ کا بجھانا
طُفُوسٌ ۔ (ض) مرجانا
طُفُولٌ ۔ (ن) رات کے وقت آنا ۔ آفتاب کا نکلنا ۔ آفتاب کا چھپنے لگنا ۔ پرورش کرنا
طُفُولِيَّةٌ ۔ بچپنا ۔

طُفْيَةٌ ۔ گوگل کا پتا ۔ برگ مقل ۔ ایک خبیث سانپ ۔ ج: طُفًی
طَفِيفٌ ۔ تھوڑا ۔ ناقص ۔ ناتمام
طَفِيلٌ ۔ حوض میں بچا ہوا گدلا پانی ۔
طُفَيْلِيٌّ ۔ بن بلائے کھانے میں شامل ہونیوالا ۔ مہمان کے ساتھ بن بلائے آنے والا ۔

ط ۔ ل

طَلٌّ ۔ ہلکا مینہ ۔ پھوار ۔ نمی ۔ ج: طِلَالٌ
طِلٌّ ۔ اچھی اور خوشنما چیز ۔ دودھ اونٹنی کے دودھ کی کمی ۔
طَلَّ ۔ طُلُولٌ مص (ن) رائیگاں کرنا ۔ ہلکا مینہ برسنا ۔ باز رکھنا ۔ روک دینا ۔ کم کر دینا ۔ ٹال مٹول کرنا [ب] تیل وغیرہ لگانا (مجہولاً) رائیگا ہونا ۔ خون کا قصاص نہ لیا جانا ۔
طُلٌّ ۔ گردن ۔ دودھ کی ایک خوراک ۔ ج: طُلَلٌ دودھ ۔ خون ۔ چربی ۔
طَلًا ۔ منہ کا لعاب جو بیماری یا کسی اور وجہ سے سخت ہو جائے ۔ ہرن کا بچہ ۔ ہر چیز کا چھوٹا ٹکڑا ۔ ریزہ ج: اَطْلَاءٌ ۔ طِلَاءٌ طِلِيٌّ ۔ طُلْيَانٌ ۔ طِلْيَانٌ
طِلَاءٌ ۔ تیل وغیرہ جس کو کسی جگہ پر ملیں یا چپڑیں پکی ہوئی شراب کہ پکتے پکتے ایک تہائی رہ جائے ۔ گالی ۔ رسی جس سے بکری کے بچہ کا پاؤں باندھیں (د) وارنش
طُلَاءٌ ۔ خون
طَلَّابٌ ۔ بہت ڈھونڈھنے والا ۔ تلاش کرنے والا ۔ چاہنے والا ۔ ج: طَلَّابُونَ ۔

طَلَاحٌ - فساد - خرابی - تباہی

طَلَاعٌ - ہر وہ چیز جس پر کہ آفتاب چمکے - چیز کی پُری یعنی بھراؤ - ج: طُلُعٌ

طَلَاقٌ - عورت کا قید نکاح سے رہا ہونا (اس فعل کا استعمال مجہولاً ہوتا ہے)۔

طَلَاقٌ - تَطْلِيقٌ - طلاق دینا - عورت کو قید نکاح سے آزاد کرنا - چھوڑنا -

طَلَاقَةٌ - (ك) کشادہ رو اور خندہ پیشانی ہونا - ہنس مکھ ہونا - رات اور دن کا معتدل ہونا کہ نہ گرمی ہو نہ سردی -

طَلَالَةٌ - خوشی و خرمی - اچھی حالت - خوبی ہیئت ہر چیز کا جسم - ٹوٹے پھوٹے ہوئے - کھنڈروں کا نشانہ مص (س) تعجب کرنا - ہلکا مینہ برسنا - پھوار پڑنا (اس معنی میں مجہولاً مستعمل ہوتا ہے)

طَلَادَةٌ - (ن) انتظار کرنا - توقف کرنا -

طَلَاوَةٌ - خوبی و شادمانی - مرغوب - جادو کھانا جو منہ میں رہ گیا ہو -

طَلَبٌ - ڈھونڈھ - تلاش - جستجو (د) درخواست فرمائش مص (ن) تلاش کرنا (انی) خواہش کرنا (س) دور ہونا - دوری اختیار کرنا -

طِلْبٌ - ہر وہ چیز جو طلب کی جائے - مرد عورتوں کا چہیتا - عورت کسی کی معشوق - ج: اَطْلَابٌ - طِلَبَةٌ

طِلْبَةٌ - ڈھونڈھ تجسس - تلاش - معشوقہ

طَلِبَةٌ - مطلوب جس کی خواہش ہو -

طَلَّةٌ - مزیدار شراب - جو رد - اچھی ہوا مرغزار جس پر ہلکا ہلکا مینہ پڑا ہو - بڈھی عورت بدزبان - کھانے پینے کی اچھی حالت

طَلْحٌ - ببول کا درخت - کھجور کا پہلا مَول - کیلا - بھوکا آدمی حوض میں باقی ماندہ - گدلا پانی - ج: طِلَاحٌ

طَلْحٌ مَنْضُوْدٌ - کیلے کا درخت - تر بتر -

طَلْحٌ - طَلَاحَةٌ - (ف) تھک جانا - تھکا دینا -

طِلْحٌ - تھکا ہوا چوپایہ (مذکر و مؤنث) ج: اَطْلَاحٌ

طَلَحٌ - نعمت - تازگی - نزاکت مص (س) خالی شکم ہونا -

طَلِحَةٌ - زمین جس میں کیلے کے درخت کثرت سے ہوں -

طُلْحِيَةٌ - کاغذ کا ایک تختہ ج: طَلَاحِي

طَلْخٌ - تالے کی کیچڑ جس میں کیڑے پیدا ہوگئے ہوں اس لئے کوئی اس کا پانی نہ پئے مص (ن) کالی مٹی سے لیپنا -

طُلْخَاءُ - بھوڑا اور بے وقوف عورت - ج: طُلُخٌ

طِلْخَامٌ - منتہی - ج: طَلَاخِيمُ -

طُلْخُومٌ - پانی جس کا مزہ اور رنگ متغیر ہو گیا ہو -

طَلْسٌ - کالی چادر مص (ض) مٹانا - اندھا ہو جانا

طِلْسٌ - محو شدہ کتاب - میلا کچیلا کپڑا - ج: اَطْلَاسٌ

طَلْعٌ - اندازہ - مقدار (کھجور کی) کلی شگوفہ - پہلی کلی -

طَلْعُ النَّخْلِ - کھجور کے درخت کا مَول - یعنی پھل -

طَلْعُ الْوَادِي - میدان کا کنارہ -

طَلْعٌ - (س) پہاڑ پر چڑھنا -

طِلْعٌ - اطلاع - لمبا سانپ - بلند جگہ جس پر سے اطلاع (آگاہی) پائیں - کنارہ -

طُلَعَاء۔ قے۔
طَلْعَۃ - دیدار۔ درشن۔
طُلَعَۃ - ایک چیز کا بہت ڈھونڈھنے والا۔ مائل بہوا و ہوس۔ اپنے آپ کو بہت دکھانے والی عورت۔
طَلْعَان - تھکا ہوا آدمی جو رنجیدگی سے کام کرے
طُلَف - رائیگاں۔ باطل۔ عطا و بخشش۔
طَلْق - ہرن۔ درد زہ۔ شکاری کتا۔ ج۔ اَطْلَاق چھوٹی ہوئی اونٹنی۔ اچھی ہوا کا دن کہ نہ گرم ہو نہ سرد مص (ل ث) درد زہ میں عورت کا مبتلا ہو جانا (ض) کسی کو کوئی چیز دینا بخشش کرنا۔
طَلْقُ الْوَجْہِ۔ ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔
طَلْقُ الْیَدَیْنِ - سخی ؛ طَلْقُ اللِّسَان - تیز زبان
طِلْق - حلال و جائز [من] بیزار۔ خارج باہر۔
طَلِق - ہنس مکھ۔ خندہ پیشانی۔ زبان کہ تیز ہو
طُلُق - زبان جو تیز ہو۔ خوش تقریر۔
طَلَق - حصہ۔ نصیب۔ آنت۔ غلاف ذکر۔ گھوڑے کی ڈک ج۔ اَطْلَاق ایرک مص (س) دور ہونا۔ جانا۔
طَلْقَۃ - رات جو گرم ہو نہ سرد (د) بندوق یا توپ کا فیر۔
طُلَقَۃ - بہت طلاق دینے والا۔
طَلَل - عمارت اور ویران جگہ کا اثر و نشان ہر چیز کا بدن ج۔ اَطْلَال۔ طُلُول گھر میں بیٹھنے کا چبوترہ۔ تر و تازہ۔ سطح آب۔
طَلَم۔ طُلُوم۔ (ن) روٹی کا برابر اور درست کرنا

طَلَم - دانتوں کا میل جو صاف نہ کرنے کی وجہ سے جمع ہو جائے۔
طُلْم - روٹی رکھنے کا دستر خوان۔
طُلْمَۃ - نان کو ماج (ایک قسم کی روٹی)
طُلْمِیَۃ - آگ بجھانے کا انجن (د)
طَلَنْفَح - بھوکا۔ ماندہ۔ تھکا ہوا۔
طَلْو - ریزہ۔ مص (ن) چوپایہ کے بچوں کے پاؤں باندھنا۔
طِلْو - بھیڑیا۔
طَلُوب - طالب اور بہت چاہنے والا ج:۔ طُلُب۔
طِلْوَۃ - چوپایہ کا بچہ۔
طُلْوَۃ - گردن۔ صبح کی سپیدی۔
طُلُوت - (ن) جاری ہونا۔ بہنا۔
طُلُوع - (ف) چاند۔ سورج اور ستارہ نکلنا بچے کے دانت کے کنارے ظاہر ہونا۔ کسی کی زمین میں جا پہنچنا (کھجور کا) شگوفہ دار ہونا۔ قصد کرنا۔ چڑھنا [علی] آگاہ ہونا۔ متوجہ ہونا [عن] پوشیدہ ہونا۔
طُلُوفَۃ - (ل ث) رات دن کا معتدل ہونا کہ نہ گرم ہوں نہ سرد۔
طَلْہ - (ف) جانا۔ آہستگی سے جانا۔
طَلْی - (ض) مالش کرنا۔ ملنا۔ چوپایہ کے بچہ کا پاؤں باندھنا۔
طَلَی - تیل ملا ہوا۔ بہت بیمار آدمی خواہش نفس ج:۔ اَطْلَاء
طِلَی - لذت۔
طَلِیّ - بکری کا چھوٹا بچہ۔ پاؤں بندھا ہوا بچہ۔ دانتوں کا میل ج:۔ طُلْیَان

طِلْیَان ۔ اٹالین قوم ۔ باشندگان اٹلی (د)
طَلِیْب ۔ بہت ڈھونڈھنے والا ج: طُلَبَاء ۔
طُلَیْدَة ۔ گردن ۔ گردن کی جڑ ج: طُلَیٰ
طَلِیْح ۔ تھکا ہوا ۔ اونٹ ۔ چیچڑی ۔ ج: طَلَائِح
طُلَیْحَة ۔ ایک شخص کا نام ۔
طَلِیْحَة ۔ تھکی ہوئی اونٹنی ۔ ج: طَلَائِح
(د) کاغذ کا ریم
طِلِّیْس ۔ نابینا ۔ اندھا ۔
طَلِیْعَةُ الْجَیْش ۔ لشکر کا طلایہ ۔ مقدمۃ الجیش ۔
وہ گروہ جو انتظامات کے لئے لشکر سے
آگے آگے جاتا ہے ج: طَلَائِع
طَلِیْق ۔ ہنس مکھ خندہ پیشانی ۔ قید سے رہائی
پایا ہوا ۔
طَلِیْقُ اللِّسَان ۔ فصیح و خوش تقریر ۔
طَلِیْقُ الْاِلٰہ ۔ ہوا
طِلِّیْق ۔ بہت طلاق دینے والا ۔
طَلِیْل ۔ خون جو رائیگاں گیا ہو ۔ شیریں ۔
بوریا ۔ چٹائی ۔ ج: اَطِلَّة

ط ۔ م

طَمَّ ۔ طُمُوْم ۔ (ن) (پانی کا) بہت ہونا ۔ بھرنا
(ن ض ، حوض کو) اٹنا اور برابر کر دینا ۔
پانی وغیرہ کا لبریز ہو جانا ۔ کاٹ کھانا ۔
(بالوں کا) جوڑہ باندھنا چڑھ جانا ۔
طَمَّ ۔ طَمِیْم ۔ (ن ض) ہلکا ہونا ۔ آہستہ آہستہ
چلنا ۔ دبے دبے پاؤں سے چلنا ۔
دبے پاؤں دوڑنا ۔
طِمّ ۔ پانی کی رو کے اوپر کا کوڑا کرکٹ ۔ دریا
تعداد کثیر ۔ بہت سامال ۔ انوکھا آدمی

تعجب میں ڈال دینے والا ۔ خوبصورت
گھوڑا ۔
طِمَاح ۔ سرکشی ۔ خاوند کی نافرمانی ۔
طَمَّاح ۔ حریص ۔ لالچی
طُمَاحِر ۔ توندل ۔ بڑے پیٹ والا ۔
طُمَاحِر ۔ اونٹ ۔
طَمَارِ ۔ بلند مقام ۔ اونچی جگہ (یہ لفظ غیر منصرف ہے)
طَمَار ۔ برش (د)
طَمَاسَة ۔ (ض) حفاظت کرنا ۔ نگہداشت کرنا ۔
طُمَاطِم ۔ ولایتی بینگن ۔ (د)
طُمَانِیْنَة ۔ آرام و قرار ۔ اطمینان ۔
طَمْث ۔ (ن ض) لڑکی کا کنوارپن زائل کرنا ۔ عورت
کا حائضہ ہونا ۔ گھسینا ۔ میلا کچیلا ہونا ۔
طَمْح ۔ طُمُوْح ۔ (ف) عورت کا خاوند کے لئے
اجازت ۔ اپنے کنبہ میں چلا جانا ۔ خاوند کے
علاوہ عورت کا اور مردوں کو تیز نظر سے
دیکھنا اور گھورنا ۔ جانا (فی) دور جانا ۔
(الی) تیز نگاہ ہونا ۔ بلند نظر ہونا ۔
طَمَحَاتُ الدَّهْر ۔ زمانہ کی سختیاں ۔
طَمْخ ۔ (ن) تکبر کرنا ۔
طَمْر ۔ (ض) زمین میں چھپ جانا ۔ پوشیدہ کرنا
نشیب میں کودنا ۔ بلندی پر اچھلنا
(ن) کھتی کو گیہوں وغیرہ سے بھرنا ۔ زخم
کا سوج جانا ۔
طَمَر ۔ (س) ہاتھ کا سوج جانا (مجہولاً) درد ہونا
طِمْر ۔ پرانا کپڑا ۔ پرانی چادر کہ پشمینہ کی نہو
اَطْمَار ۔
طُمَرَةُ الشَّبَاب ۔ عنفوان شباب ۔ آغاز
جوانی ۔ نوجوانی ۔

طَمَسَ ۔ (ن ض) ناپید کرنا ۔ مٹانا ۔ مٹنا کم کرنا
گم ہونا ۔ جڑ سے اُکھاڑ ڈالنا ۔ دور
دیکھنا ۔ دُور ہونا [علیٰ] روشنی زائل کردینا
مٹا دینا ۔ ہلاک کردینا ۔
طِمْطِمٌ ۔ طُمْطُمَانِیٌّ ۔ غیر فصیح آدمی
طَمِعٌ ۔ حریص ۔ لالچی ۔ اُمید وار ج: طَمَعَاء
طَمَعٌ ۔ لشکر کی تنخواہ ۔ حرص ۔ لالچ ۔ امید ۔
آس ۔ ج: اَطْمَاع ۔
طَمَعَ ۔ طَمَاع ۔ طَمَاعِیَۃ (س) [ب ۔ فی]
حریص ہونا ۔ اُمید رکھنا ۔
طَمَغَ ۔ (س) آنکھ کی کیچڑ کا بہت ہونا ۔
طَمَلَ ۔ (س) تیز ہانکنا ۔ باریک بنتا ۔ گہرا
رنگ رنگنا (بیلن سے روٹی کو) چوڑا چکلا
کرنا ۔ آلودہ کرنا ۔
طِمْلٌ ۔ بدزبان آدمی ۔ دیدہ دلیر ۔ بے باک
گدلا پانی ۔ سبز کپڑا ۔ کالا کمبل ۔ گلو بند
کمینہ ۔ احمق ۔ چور ۔ نافرمان ۔ پرانا کپڑا
بدخو ۔ بدحال ۔ میلا کچیلا ۔ ننگا آدمی ۔
ج: طُمُوْل
طُمْلَۃ ۔ حوض کی تہ کی کیچڑ ۔ حوض کی تہ کا گدلا پانی ۔
نامناسب اور برا کام ۔
طَمْنٌ ۔ آرام پایا ہوا ج: طُمُوْن
طُمُوْ ۔ (ن) پُر ہونا ۔ بڑھنا ۔ بلند ہونا ۔
طُمُوْر ۔ (ض) جانا ۔ گذرنا ۔ کودنا ۔
طُمُوْس ۔ (ن ۔ ض) راستہ وغیرہ کا مٹ جانا ۔
طَمُوْل ۔ بدزبان مرد ۔ بے باک ۔
طُمُوْلَۃ ۔ بدزبانی ۔ بے باکی ۔
طَمَی ۔ (ض) پانی کا بہت ہونا ۔ گھاس کا بڑھنا
ہمت و قصد کا بلند ہونا ۔ دریا کا پُر
ہونا ۔ پانی کا چڑھنا ۔
طَمِیْس ۔ اندھا ۔ نابینا ۔
طَمِیْل ۔ پوشیدہ حال ۔ بکری کا بچہ ۔ بوریا ۔ چٹائی
گدلا پانی ۔ چوڑی چکلی ۔ روٹی ۔ خون آلود تیر
طَمِیْلَۃ ۔ بکری کا بچہ ج: طَمَائِل ۔

ط ۔ ن

طَنَّ ۔ (ن) ٹن ٹن کرنا ۔ تسلے وغیرہ کو بجانا ۔
ٹن ٹن ہونا (د) ٹن ۔ انگریزی وزن
مساوی ۲۸ من ۔
طُنٌّ ۔ بدن ۔ اندام ۔ ج: اَطْنَان ۔ طِنَان
اونٹ بیل وغیرہ پر دو گٹھے لاد کر جو تیسری
گٹھڑی ان دو پر رکھتے ہیں ۔ بوجھ ۔
طُنَّۃ ۔ ایک گٹھڑی ۔
طِنْءٌ ۔ بقیہ جان ۔ رہنے کی جگہ ۔ فرش ۔ خواہش
باغ ۔ سپید زمین ۔ بیماری ۔ بلند پشتہ
حوض میں بچا ہوا پانی ۔ راکھ ۔ نافرمانی ۔
ہمت ۔ قصد ۔
طَنَأَ ۔ (س) شرم سے دل کی بات کو ظاہر نہ کرنا
(ف) شرم کرنا ۔
طُنَاۃ ۔ زانی لوگ ۔ تماش بین ۔ وا: طانی
طَنَّانٌ ۔ بہت تمسخر کرنے والا ۔ دل لگی باز ۔
طَنَّانٌ ۔ غلغلہ انداز (د)
طُنُبٌ ۔ خیمے کی ڈوریاں یا میخیں ج: اَطْنَاب
طِنْبَۃ جڑ ۔ درخت کے رگ و ریشے
طرف ۔ کنارہ ۔
طَنَبٌ ۔ نیزہ کی کجی ۔ گھوڑے کے پاؤں کی لمبائی
نرمی و سستی کے ساتھ گھوڑے کی
پیٹھ کی لمبائی ۔

طُنْبَار - طنبور۔ ستار۔ ج: طَنَابِير۔
طَنْبَلَة - عقلمندی کے بعد بے وقوفی کرنا۔
طُنْبُور - ستار۔ ج: طَنَابِير۔
طَنِخَ - (س) موٹا ہو جانا۔ بد ہضمی ہو جانا۔
طَنَخَ - (س) بد ہضمی ہونا۔ موٹا اور پُر گوشت ہونا۔
طَنْز - ایک قسم کی مچھلی۔ مص (ن) تمسخر کرنا
طَنْطَنَة - آواز ٹن ٹن۔ شہرت کرنا۔ ٹن ٹن کرنا۔ تشت وغیرہ کو بجانا۔
طَنَف - پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ وغیرہ کا باہر نکلا ہوا حصہ۔ دروازہ کا پردہ۔ ج: أَطْنَاف۔ طُنُوف
طِنْفَسَة - غالیچہ۔ کپڑا۔ ایک گز کے عرض کا کھجور سے بنایا ہوا۔ بوریہ کے مشابہ فرش ج: طَنَافِس۔
طَنْفَسَة - بد اخلاق ہو جانا۔ خوش اخلاقی کے بعد بہت سے کپڑے پہننا۔
طِنْيٌ - نافرمانی۔
طَنِيَ - (س) بچھو کے کاٹے سے صحت یاب ہونا پیاس کی وجہ سے تلی کا بائیں پہلو میں چمٹ جانا (الی) زنا کرنا۔
طَنًى - تہمت۔ ٹھنڈی راکھ۔ بیماری۔ کائی۔ (ض) درخت خریدنا۔ درخت کا پھل خریدنا۔ درخت کا پھل فروخت کرنا۔
طَنٍ - وہ شخص جس کی تلی پیاس کی وجہ سے بائیں پہلو میں چمٹ گئی ہو۔
طَنِين - بھن بھن۔ ٹن ٹن۔ آواز۔ مص (ض) مر جانا۔
طَهْو - بھوکا۔ لاغر شکم آدمی۔

طَوْء - (ن)، (فی) جانا۔ دور جانا۔
طَوَاحِن - بڑے دانت۔ وا: طَاحُونَة یا طَاحِنَة پیسنے والیاں وا: طَاحِنَة
طَوَار - چیز کی حد اور انتہا۔ فراخی اور گنجائش۔
طُوَار - انتہا اور مقدار۔
طَوَاسِيم - قرآن شریف کی وہ سورتیں جن کے شروع میں طسم ہے۔
طُوَاط - بہادر و دلیر آدمی۔
طَوَاعِيَة - اطاعت۔ بندگی۔ فرمانبرداری۔
طَوَّاع - خادم جو خوشدلی سے خدمت کرے۔ بہت پانی۔
طَوَال - غایت و مدت۔ گھر کا لمبا صحن۔
طُوَال - لمبا۔
طُوَّال - خوب لمبا۔
طُوَالَة - ناند۔ جانوروں کے کھانے کا برتن۔
طَوَائِح - ہلاک کرنے والی سختیاں۔ وا: مُطِيحَة (من غیر لفظہ)
طُوب - توپ۔ ج: اطواب (د)
طُوبْچِی - توپچی۔ گولہ انداز (د)
طُوبَى - پاک و پاکیزہ۔ بہشت کا ایک درخت أَطْيَب کا مؤنث طیبۃ کی جمع۔ اچھا۔ پسندیدہ مقبول
طُوبَالَة - بھیڑ۔ ج: طُوبَالَات
طَوْح - (ن) ہلاک ہو جانا۔ ہلاکی کے نزدیک ہونا۔ سرگشتہ ہونا اور شہروں شہر پھرنا۔
طَوْخ - (ن) کسی کو قول یا فعل سے تہمت لگانا
طَوْد - پہاڑ یا بڑا پہاڑ۔ اونچا اٹھا ہوا۔ ریت کا ٹیلہ۔ مص (ن) دیر تک رہنا۔ قرار پکڑنا ج: أَطْوَاد۔ طِوَدَة
(ابْنُ) الطَّوْد۔ بڑا سا پتھر کہ پہاڑ سے لڑھک کر نیچے

اکرہے۔
طَوْس - ایک بار۔چیز کا مقابل و برابر۔حدو نہایت مقدار۔نوع وصنعت۔رنگ ڈھنگ۔
ج: ۔ اَطْوَار۔مص (ن) کسی چیز کے گرد پھرنا کسی چیز سے نزدیک ہونا
طُوْر - ایک مشہور پہاڑ۔ ملک شام میں جہاں حضرت موسیٰ نے حق تعالےٰ سے کلام فرمایا۔گھر کی چاردیواری۔
حدو نہایت۔
طَوَرَان - (ن) [حَوْل] کسی چیز کے گرد پھرنا۔
[ب] کسی چیز کے پاس ہونا۔
طِوَرَة - فال بد۔
طَوْس - (ت) بیماری سے اُٹھنے کے بعد چہرے پر رونق آجانا۔خوب صورت ہونا۔
روندنا۔
طَوْط طُوُوْط۔(ن - س) سانڈ اونٹ کا تیز شہوت ہونا اور بڑبڑانا۔
طُوْط - سانپ۔ روئی۔ بلند قامت آدمی۔
جھگڑالو۔بہت لڑنے والا آدمی شہوت سانڈ۔ج۔ اَطْوَاط
طَوْع - طَاعَة - (ن) [ل] فرمانبرداری کرنا مطیع ہونا (چراگاہ میں) گھاس افراط سے ہونا۔
طُوَعَة - ہر کسی کا فرمانبردار۔
طَوْف - پلیدی گھنٹی مص (ن) بیت الخلاء میں جانا اور پاخانہ پھرنا [علی] جماع کرنا
[ب] خواب میں کسی کی صورت دیکھنا
(حول - ب) گرد گھومنا۔
طَوْف - طَوَاف طَوَفَان - (ن) [حول - ب] گرد پھرنا۔طواف کرنا۔
طُوْفَان - زور کی بارش۔بہت پانی کہ زور شور سے پھیل جائے اور غرق کردے۔ پانی کی رَو۔بہت سی چیز۔کہ سب کو شامل ہوجائے۔
طَوْق - گلو بند۔جو چیز کہ ایک چیز کے گرد ہو۔(د) کالر ج : ۔اَطْوَاق کشادگی۔توانائی مص (ن) کرسکنا۔قدرت رکھنا۔
طَوْقَة - نرم زمین سخت زمین کے درمیان۔
طَوْل - زیادتی۔طاقت۔تونگری۔قدرت۔فراخی مص (ن) کسی پر زیادتی کرنا۔فخر کرنا۔درازی میں غالب آنا [علی] احسان رکھنا۔
طُوْل - عمر۔زندگی۔توقف۔طُوْلُ الدَّهْر بہت سا زمانہ مص (ث) دراز ہونا۔
طِوَل - چوپایہ کے پاؤں باندھنے کی رسی یعنی رسی جس سے چوپایہ کو باندھتے ہیں۔
طُوَّل - ایک لمبے پاؤں والا دریائی جانور۔
طُوَل - عمر۔دیر (طُوْلیٰ - افعل تفضیل مونث کی جمع)
(اَلسَّبْعُ الطُّوَل - قرآن کریم کی سات سورتیں۔ یعنی بقرہ - آل عمران - نساء - مائدہ انعام - اعراف - انفال و براءۃ یا سورۂ یٰسین۔
طَوَل - اونٹ کے اوپر کے ہونٹ کی لمبائی۔
طُوْلیٰ - بہت لمبی عورت۔اَطْوَل کی تانیث حالت۔بلند مرتبہ ج: ۔طُوَل
طُوْمَار - دفتر۔ج: ۔ طَوَامِیْر۔
طُوْمَة - موت۔بلا سختی۔مادہ کچھوا

طَوَی ۔ بھوک ۔ پرانی مشک
طَوِیَ ۔ (س) بے ارادہ کچھ نہ کھانا ۔
طُوًی ۔ طُوًی ۔ (منصرف و غیر منصرف) ملک شام کی ایک وادی ۔
طِوَیّ ۔ پختہ کنواں ۔ ہتھیار اور سامان کا گٹھا رات کی ایک ساعت ۔
طَوِیَّۃ ۔ بھید ۔ قصد ۔ پختہ کنواں ۔ ج : طَوَایَا
طَوِیْل ۔ لمبا ۔ ج طِوَال ۔ طِیَال
طَوِیْلَۃ ۔ لمبے قد کی عورت ، رسی جس سے چوپایہ کے پاؤں باندھتے ہیں ۔ ج : طَوَائِل ۔

ط ۔ ہ

طَہٗ ۔ آرام کر (اسم فعل بمعنی امر)
طَہَاءٌ ۔ اونچا اٹھا ہوا بادل ۔
طَہَاءَۃ ۔ ایک بادل کا ٹکڑا ۔ بدلی ۔
طَہَالِۃُ الْخَیْل ۔ گھوڑوں کی ہنہناہٹ ۔
طُہَافَۃ ۔ ملائی کی طرح پتلی کھال ۔
طَہْر ۔ (ف) دور کرنا ۔
طِہْر ۔ پاک ۔ ج : طِہْرُوْت ۔
طُہْر ۔ پاکی وہ زمانہ جس میں حیض نہ آئے ۔ ج : اَطْہَار
طُہْر ۔ طَہَارَۃ ۔ (ن ۔ ک) پاک ہونا حیض کا منقطع ہونا ۔ عورت کا بعد انقطاع خون کے غسل ۔
طُہْرَۃ ۔ پاکی و پاکیزگی ۔
طَہْس ۔ (ف) (فی) گھسنا ۔ آہستہ آہستہ جانا
طَہْش ۔ (ف) کام کو تباہ کرنا ۔ شروع کئے ہوئے کام کو درہم برہم کر دینا ۔
طَہْفَت ۔ ایک نرم گھاس جس کی یمن میں کاشت ہوتی ہے

طَہْفَۃ ۔ ایک گھاس جو موسم گرما میں پیدا ہوتی اور فارسی میں زبورہ کہلاتی ہے ۔
طَہَل ۔ (س ۔ ف) (پانی کا) رنگ و مزہ متغیر ہونا
طَہْمَل ۔ باریک جسم والی عورت ۔ بدصورت اور موٹا آدمی ۔ ج : طَہَامِل ۔
طَہْو ۔ (ن ۔ ف) کام کرنا ۔ زمین میں پھرنا اور سفر کرنا ۔ گوشت پکانا ۔
طَہْو ۔ طَہْیَانۃ ۔ طُہُوّ ۔ طُہِیّ ۔ (ن ۔ ف) گوشت پکانا ۔
طَہُوْر ۔ (پانی وغیرہ جس سے طہارت کریں ۔) طہارت کرنا ۔ آب دست لینا ۔ پاک ۔ پاک کرنے والا ۔
طَہْی ۔ (ف) گوشت پکانا ۔ کام کرنا ۔ زمین میں پھرنا اور سفر کرنا ۔
طَہِیْر ۔ پاک ۔ ج : طُہْرَات ۔ طَہَارٰی

ط ۔ ی

طَیّ ۔ (ض) لپیٹنا ۔ چھپانا ۔ پوشیدہ کرنا ۔ منہ پھیر لینا ۔ مفارقت کرنا ۔ خود کو بھوکا رکھنا (س) بھوکا ہونا ۔
طَیَّا ۔ بھوکی عورت ۔
طُیَّاب ۔ خوشبو ۔ خوب اچھی چیز ۔ پاکیزہ ۔ پاک
طَیَّار ۔ طائر کا اسم مبالغہ ۔
(فرس) طَیَّار ۔ تیز و چست و چالاک گھوڑا (د) ہوا باز ۔ طیارچی
طَیَّارَۃ ۔ تیز رفتار کشتی ۔ ہوائی جہاز ۔ پتنگ ۔ غبارہ (د)
طَیَّاش ۔ ہلکی طبیعت کا آدمی جو کہ مختلف ارادے رکھے اور سا ایک ارادے پر نہ چلے ۔

طِیَانَة - کہگل کرنا۔ لپائی کرنا۔
(مِن) طِیْبِ نَفْس۔ خوشی سے۔
طِیْب - خوشبو۔ حلال۔ سب سے بہتر چیز۔
ج:۔ اَطْیَاب
طَیِّب - پاک و حلال۔ خلافِ خبیث۔ م:۔
طَیِّبَة (د) بخیر و عافیت۔
طِیْبَة - حلال و جائز۔ صاف و خالص شراب۔
زمزم کا نام۔
طَیْبَة - طَیِّبَة - مدینہ منورہ کا نام
طِیَبَة - وہ کام جو دغا و فریب سے خالی ہو۔
طِیْبیٰ - بہشت۔
طَیَّہ - پاؤں میں باندھنے کی پٹی (د)
طِیَّة - لپیٹنے کی ہیئت۔ طرز۔ نیت۔ قصد
طَیْحَة - وہ مشکلات جو آپس میں تفرقہ کا باعث
بنیں۔
طَیْخ - (ض) بُرے کام میں آلودہ ہونا۔ فعل قبیح
میں آلودہ کرنا۔ تکبر کرنا۔ گناہ پر اصرار کرنا
اور اس میں منہمک رہنا۔
طِیْخَة - احمق۔ جو کسی مصرف کا نہ ہو۔ فتنہ۔ بلا۔
مصیبت۔
طَیْر - طَیَرَان - طَیْرُوْرَة - (ض) اڑنا۔ لمبا ہونا۔
طَیْرَة - سُبکی۔ خفت۔
طِیَرَة - فال بد۔
طَیْرُوْرَة - سُبکی۔
طَیْس - کثیر۔ بیشمار۔ کوڑا کرکٹ۔ ہر مخلوق کثیر النسل
جیسے چیونٹی۔ مکھی وغیرہ۔ ریت پانی وغیرہ
جو کثرت سے ہو مص (ض) بہت ہونا۔
طَیْسَل - ہوا۔ سخت ہوا۔ غبار۔ اندھیری رات جماعت
ہر چیز بہت سی کثرت ج:۔ طَیَاسِل

طَیْش - سبکی۔ مص (ض) سبک ہونا۔ عقل کا جاتا
رہنا۔ تیر کا نشانہ سے خطا ہونا۔
طَیْع - (ض) فرمانبرداری کرنا۔
طَیْف - غصہ۔ جنون۔ خیال۔ وسوسہ مص (ض)
خواب میں خیال کا آنا۔ کسی چیز کے گرد پھرنا
طَیِّف - خیال۔ وسوسہ۔
طِیْل - لمبائی۔
طِیْلَة - عمر۔ زندگی
طَیْلَس - طَیْلَسَان - چادر تالشان کا معرب
ج:۔ طَیَالِس - طَیَالِسَة
طَیْم - (ف) نیک ہونا۔ نیک سرشت بنانا۔
طِیْن - مٹی۔ گارا۔
طَیْن - (ض) کام کو اچھا کرنا۔ مٹی کی مہر لگانا۔ مٹی
سے لیپنا۔ نیک سرشت پیدا کرنا۔
طِیْنَة - سرشت۔ طبیعت۔ عادت۔ تھوڑی سی
مٹی۔
طَیُّوْس - بہت اڑنے والا۔ تیز رفتار۔
طَیْهُوْج - تیہو کہ ایک پرندہ کبک کے مشابہ
لیکن اُس سے چھوٹا ہے۔

ظ - ا

ظَاء - حروف ہجا میں عربی کا ایک مخصوص حرف
ظُؤَار - پایۂ دیگ دان۔
ظَأب - شور و غل۔ فریاد کی آواز۔
بکرے کی آواز۔ ظلم و ستم۔
ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج:۔
اَظْؤُب - ظُؤُوْب مص (ن)
آواز نکالنا۔ شادی کر لینا۔
ظَأت - (ف) گلا گھوٹنا۔

ظَأْد ۔ دشمن جو اپنے ساتھ اپنی مانند ایک شخص رکھتا ہو
ظِئْر ۔ دایہ ۔ انّا ۔ دودھ پلائی ۔ ج : أظْئُر
أظْئَار ۔ ظُؤَار ۔
ظَأْر ۔ ظِئَار ۔ (ف) کسی کو دایہ مقرر کرنا۔ انّا اور دایہ ہونا۔ مہربان کرنا۔ مائل کرنا۔ (علی) ظلم سے کام کرانا۔ مجبور کرنا۔
ظَارِی ۔ کاٹ کھانے والا ۔ ج : ظُرَاعَة
ظَأْظَأَة ۔ بکرے کا جفتی کے لئے آواز نکالنا۔
ظَأْف ۔ (ف) ہٹانا ۔ دفع کرنا دھتکارنا۔
ظَالِع ۔ لنگڑا چوپایہ ۔ گنہ گار ۔ تہمت زدہ۔ ج : ظُلَّع ۔
ظَالِم ۔ ستمگار ج : ظَلَمَة ۔ ظُلَّام ۔ (م) ظَالِمَة ج : ظَوَالِم عشبہ (ایک بوٹی مصفی خون)
ظَأْم ۔ کلام ۔ آواز ۔ شور ۔ ساڑھو معی (ف) جماع کرنا ۔ دو بہنوں کو دو شخصوں کا نکاح میں لانا ۔ ہم زلف ہونا۔
ظَانّ ۔ گمان کرنے والا ۔ سمجھنے والا ۔ خیال کرنے والا ۔
ظَاهِر ۔ کھلا ہوا ۔ غالب ۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام
ظَاهِرَة ۔ کھلی ہوئی دوپہر ۔ باہر نکلی ہوئی آنکھ آدمی کا کنبہ ۔ وہ گھاٹ جس پر دوپہر کے وقت اونٹ وغیرہ پانی پئیں (د) علامت خصوصیت ۔ منظر ج : ظَوَاهِر
(ناقة) ظَؤُور ۔ اونٹنی جو غیر کے بچہ پر مہربان ہو۔

ظ ۔ ب

ظَبْأَة ۔ لکڑبگڑ ۔
ظُبَة ۔ تلوار کی باڑ ۔ برچھی کی انّی ج : ظُبَات
ظُبُون ۔ ظُبِیّ
ظَبْظَاب ۔ بیماری ۔ رنج ۔ درد ۔ عیب ۔ فریاد کی آواز اور شور وغل ج : ظَبَاظِب
ظَبْظَبَة ۔ (مجہولاً) کسی کو بخار چڑھ آنا۔
ظَبْی ۔ ہرن ۔ ج : أظْبٍ ۔ ظِبَاء ۔ ظُبِیّ موٹا گھوڑا ۔ ظَبْیَان ایک شخص کا نام
ظَبْیَة ۔ ہرنی ۔ بکری ۔ گائے ۔ عورت کی فرج ۔ جھولی ۔ خریطہ ۔ چاہ زمزم کا نام : ۔ ج : ظَبَیَات ۔

ظ ۔ ج

ظَجّ ۔ (ن) جنگ میں فریاد خواہی کرنا۔

ظ ۔ ر

ظَرْءٌ ۔ جما ہوا پانی ۔ برف ۔
ظَرٌّ ۔ (ن) پتھر سے ذبح کرنا ۔
ظِرٌّ ۔ پتھر جس کے کنارے تیز ہوں ج : ظِرَار
ظُرَاف ۔ عقل مند ۔ ج : ظُرَفَاء ۔
ظُرَّاف ۔ عقل مند ۔ زیرک ج : ظُرَّافُون
ظَرَافَة ۔ (ك) عقل مند و ہوشیار ہونا۔
ظَرِب ۔ پھیلا ہوا اور نیچا پہاڑ ۔ پہاڑی چھوٹا سا پہاڑ ج ۔ ظِرَاب ۔
ظُرُب ۔ سخت اور فربہ جسم کا ٹھگنا آدمی ۔
ظَرَب ۔ (ب) چپکنا ۔
ظَرِبَان ۔ بلی کے مشابہ ایک چھوٹا سا بدبودار جانور ۔ ج : ظَرَابِین ۔ ظَرَابِی
ظُرَر ۔ ظُرَرَة ۔ گول اور تیز پتھر ج : ظُرَّان ۔
ظَرْف ۔ برتن ۔ وہ چیز کہ اس میں کچھ سمائے۔ زمانہ یا مکان ج : ظُرُوف اسم

مص عقلمندی (د) کارتوس ۔ خط کا لفافہ
ظَرْوَرِی ۔ ہوشیار و ماہر آدمی۔
ظَسَرِی ۔ (س) زیرک اور عقل مند ہونا۔
ظَرْی ۔ (ض) جاری ہونا۔ رواں ہونا۔ پیٹ چلنا۔ دست آنا۔
ظَرِیْر ۔ پتھریلی زمین۔ سخت زمین۔ منارہ جس سے راستہ معلوم ہو۔ ج : ظُرَّان اَظِرَّۃ ۔
ظَرِیْف ۔ عقل مند دانا۔ ج : ظُرَفَاء ۔ ظُرُف ظِرَاف ۔ ظُرُوْف ۔ (یہ الفاظ جوان مرد اور جوان عورتوں کے لئے مخصوص ہیں۔ بوڑھوں کے لئے نہیں بولے جاتے)۔

ظ ۔ ش

ظَشّ ۔ سخت اور کھردری جگہ۔

ظ ۔ ع

ظِعَام ۔ بوجھ باندھنے کی رسی۔ ہودج کے باندھنے کی رسی۔
ظِعَان ۔ رسی جس سے ہودج یا بوجھ باندھیں۔
ظَعْن ۔ (ف) جانا۔ کوچ کرنا۔
ظَعُوْن ۔ کھیتی کا اونٹ۔ وہ اونٹ جس پر شغدف باندھیں ج : ظُعُن
ظَعِیْنَۃ ۔ ہودج۔ شغدف۔ ہودج نشین عورت۔ ج : ظُعُن ۔ ظَعَائن ۔ اَظْعَان ۔

ظ ۔ ف

ظَفّ ۔ تلخ زندگی۔ ترخ کی گرانی مص (ن) چوپایہ کے چاروں پاؤں کو ایک جگہ باندھنا
ظَفَار ۔ ایک خوشبو۔ یعنی نکھ ۔
ظَفْر ۔ (ض) ناخن چبھونا۔
ظُفْر ۔ ظُفُر ۔ ظِفْر ۔ ناخن۔ ناخونہ چشم۔ کمان کے گوشے ج : اَظْفَار ۔ اَظَافِیْر ۔
ظَفَر ۔ ہموار و پست زمین۔ گھاس سے بھری ہوئی مص (س) آنکھ میں ناخونہ ہوجانا [علی۔ ب] مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا
ظَفِر ۔ مرد کہ جس کام کا ارادہ کرے اُسے حاصل کرے۔
ظَفَرَۃ ۔ ناخونہ چشم
ظُفْرَۃ ۔ ایک تیز گھاس جو مستوں کے لئے مفید ہے
ظَفِرَۃ ۔ آنکھ جس میں ناخونہ نکلا ہو۔ فتح مند و کامیاب مرد۔
ظَفَفٌ ۔ کثرت عیال۔ تنگ حالی۔
ظِفِیْر ۔ ظِفِّیْر ۔ وہ شخص کہ جس چیز کا ارادہ کرے اس کو حاصل کرے۔

ظ ۔ ل

ظِلّ ۔ سایہ ج : ظِلَال ۔ ظُلُوْل ۔ اَظْلَال جنت۔ راحت و نعمت۔ خیال جو دیو پری وغیرہ کا آئے۔ مضبوطی۔ کپڑے۔ کارواں۔ رات کا ٹکڑا۔ آغاز شباب پناہ۔ لباس۔ پہناوا۔
ظِلُّ الْقَیْظ ۔ گرمی کی سختی۔
ظِلُّ السَّحَاب ۔ ابر اور اس کی سیاہی جو آفتاب کو چھپا لے۔
ظِلُّ السَّیْف ۔ قرب سے کنایہ ہے یعنی اتنا قریب کہ تلوار اس کے سر پر ہو۔

ظِلُّ الْعَرْش۔ رحمت یا بہشت یا سایۂ رحمت یا سایۂ عرش۔

ظِلُّ النَّهَار۔ دن کا نکھار جب کہ آفتاب خوب روشن ہوجائے۔

ظِلُّ اللَّیْل۔ رات کی تاریکی۔

ظِلٌّ ظَلِیْل۔ سایۂ دائمی۔

ظُلَاع۔ چوپایہ کے پاؤں کی ایک بیماری جو نہ چلنے سے پیدا ہوتی ہے نہ مشقت سے

ظِلَال۔ سائبان بہشت۔ باغ۔ ابر کا سایہ۔ ج: اَظِلَّة۔

ظِلَالُ الْبَحْر۔ دریا کی لہریں۔

ظَلَال۔ جو چیز تم پر سایہ ڈالے۔

ظَلَالَة۔ جسم۔ ڈھانچہ۔

ظِلَالَة۔ ابر کہ اکیلا نظر آئے۔ یا وہ ابر کہ جس کا سایہ زمین پر نظر آئے۔

ظَلَالَةُ الظِّل۔ جس سے سایہ کیا جائے۔

ظَلَام۔ تاریکی

ظَلَّام۔ ظلم کرنے والا۔ ایک بوٹی۔ صاحب ظلم۔

ظِلَام۔ آسان۔ تھوڑی سی چیز۔ ایک بوٹی۔

ظِلَام۔ مُظَالَمَة۔ ظلم کرنا۔ ستم کرنا۔

ظُلَامَة۔ انصاف۔ دادخواہی۔

ظَلَّة۔ کسی جگہ پر اقامت صحت۔

ظُلَّة۔ سائبان۔ چھوٹا سائبان۔ سایہ دار درخت۔ اول ابر جو سایہ ڈالے۔ پٹا ہوا چبوترہ وغیرہ جس کے سایہ میں گرمی اور جاڑے میں بیٹھیں۔ ج: ظُلَل۔

ظِلَال۔ (د) چھتری۔

ظُلَّةُ الظِّلِّ۔ جس سے سایہ کریں۔

ظِلَّة۔ سائبان۔

ظَلَع۔ شان وحالت مص (ف) لنگڑانا۔ خم کھانا۔ رُک کے لئے خواہش مند ہونا (عن) اعراض کرنا۔

ظَلَع۔ (س) آدمیوں کی کثرت کے سبب جگہ کا تنگ ہونا۔

ظَلْف۔ ناچیز۔ رائیگاں۔ تنگی عیش مص (ض) پیروی کرنا۔ بکری وغیرہ کے سم پر مارنا (عن) باز رکھنا۔ روکنا۔

ظَلْف۔ ظُلُوف۔ (ض۔ ن) سخت زمین پر چلنا تاکہ اس زمین پر اثر نہ ہو۔ اور نشان قدم معلوم نہ ہوسکے۔

ظِلْف۔ چرا ہوا سم جیسے کہ گائے بکری وغیرہ کا ہوتا ہے۔ مراد۔ مقصد ج: اَظْلَاف ظُلُوف۔

ظَلَف۔ کامل۔ تمام۔ پورا۔ زندگی اور گذران کی سختی مص (س) سخت ہونا (عن) رُک رہنا۔

ظَلْفَاء۔ ہموار زمین سخت پتھر۔

ظَلِفَة۔ سخت زمین۔ پالان پر بندھنے والی چار لکڑیوں میں سے ایک لکڑی ج: ظِلَف

ظَلَل۔ درختوں کے نیچے کا پانی جس پر دھوپ نہ پڑے۔

ظَلْم۔ برف۔ دانت کی آبداری اور اس کی صفائی اور چمک۔ ج: ظُلُوم مص (ض) چیز کو بے موقعہ رکھنا۔ گھٹانا۔ بے کھدی زمین کو کھودنا (اچھے تندرست اونٹ کو) ذبح کرنا (وادی کا پانی) حد سے زیادہ ہونا۔ دودھ کر دہی کرنے سے پہلے کھانا۔ گدھے کا گابھن گدھی پر

چڑھ جانا ۔ قوم کو بے جما دہی کھلا دینا راستے سے الگ ہو جانا ۔

(مَا) ظَلَمَکَ اَنْ تَفْعَلَ ۔ کَذَا ۔ کس چیز نے تجھ کو اس کام کے کرنے سے روکا ۔

ظُلْم ۔ ستم ۔ شرک ۔ تاریکی ۔ ج: ظِلَام

ظَلْم ۔ جسم ۔ پہاڑ ج: ظُلُوم مص (س) تاریک ہونا ۔

ظِلْم ۔ ایک ندی کا نام ۔ ایک گھاس جس کی شاخ لمبی اور نرم اور تر ہوتی ہے ۔

ظُلَم ۔ تین راتیں ہر ماہ کی انیسویں بیسویں اکیسویں ۔

(لَیْلٌ) ظَلِمٌ ۔ سخت اندھیری رات ۔

ظَلْمَاء ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ عذاب ۔ شدت ۔ ج: ظُلَم ۔ ظُلُمَات

(لَیْلَۃٌ) ظَلِمَۃ ۔ اندھیری رات ۔

ظُلُوف ۔ ظَلَف سخت اور کھرے سُم ۔

ظَلُوم ۔ بڑا ظالم ۔ ستمگار ۔ جفاپیشہ ۔

ظَلِیف ۔ بدحال ۔ ذلیل وخوار ۔ سخت جگہ ۔ دشوار کام ۔ بلائے شدید ۔ سختی ۔ گردن کی جڑ ج: ظُلُف ۔ تمام وکامل ۔

ظَلِیل ۔ سایہ دار ۔ دائمی سایہ ٹھنڈا اور سرد ۔ ج: اَظِلَّۃ

ظَلِیلَۃ ۔ ندی کی گہرائی ۔ باغ جس میں درخت کثرت سے ہوں ج: ظَلَائِل

ظِلِّیم ۔ بہت ظلم کرنے والا ۔

ظَلِیم ۔ دودھ جو پوری طرح دہی ہونے سے پہلے کھا لیا جائے ۔ شتر مرغ نر ۔ ج: ظِلْمَان ۔

ظَلِیمَۃ ۔ دادخواہی ۔ دودھ جو دہی ہونے سے پہلے کھایا جائے ۔ ج: ظَلَائِم

ظ ۔ م

ظِمءٌ ۔ آرزومندی ۔ پیاس اونٹوں کو گھاٹ پر دوبارہ لاتے کے درمیان کی مدت ج: اَظْمَاء ۔

ظِمْءُ الْحَیَوٰۃ ۔ پیدائش کے وقت سے مرتے تک ۔

ظَمَأ ۔ ظَمَأ ۔ ظَمَاءَۃ ۔ (س) پیاسا ہونا ۔ سخت پیاسا ہونا (الی) کسی کی طرف آرزومند ہونا ۔

ظَمَاءَۃُ الرَّجُل ۔ مرد کی بے انصافی اور اس کی بدطینتی ۔

ظَمْآن ۔ پیاسا ۔ ج: ظِمَاء

ظَمْأی ۔ ظَمْآن ۔ کا مؤنث یعنی پیاسی تیز ہوا

ظَمِیءٌ ۔ پیاس لگانے والی ۔ پیاسا ۔

ظَمْخ ۔ چنار کے مشابہ ایک درخت انجیر کا درخت

ظَمِی ۔ (س) دانتوں کی جڑوں میں خون کم ہونا ۔ ہونٹوں کا سیاہ ہونا ۔

(شَفَۃٌ) ظَمْیَاء ۔ گندمی ہونٹ ۔ مرجھایا ہوا ۔

(نَاقَۃ) ظَمْیَاء ۔ سیاہ اونٹنی [عین]

ظَمْیَاء ۔ کم گوشت کی آنکھ ۔ کاغذی آنکھ جس کی پلکیں باریک ہوں (سَاقٌ) ظَمْیَاء دُبلی پنڈلی (لِثَۃ) ظَمْیَاء مسوڑھ جس میں خون کم ہو ۔

ظ ۔ ن

ظَنّ ۔ وہ گمان جو قریب یقین کے ہو ج: ظُنُون مص (ن) گمان کرنا ۔ جاننا ۔ یقین کرنا

ظَنَّان ۔ بدخلق آدمی
ظِنَانَۃ ۔ تہمت ۔ بہتان ۔
ظِنْب ۔ درخت کی جڑ ۔ ج: ۔ اَظْنَاب ۔
ظُنْبُوْب ۔ پنڈلی کی خشک ہڈی ج: ظَنَابِیْب
ظِنَّۃ ۔ تہمت ۔ تھوڑی چیز ج: ۔ ظِنَن ۔
ظَنْمَۃ ۔ دودھ ایک بار پینے کے لائق کہ اس میں سے مسکہ نہ نکالا ہو ۔
ظَنُوْن ۔ سست آدمی ۔ شریف عورت خاندانی عورت کہ اس کی شرافت کی وجہ سے اس سے شادی کی جائے ۔ بدگمان آدمی ۔ کنواں جس کے اندر کا حال نہ معلوم ہو کہ پانی ہے یا نہیں ۔
ظَنِیْن ۔ تہمت لگایا ہوا متہم ۔ تہمت زدہ ۔ ج: ۔ اَظِنَّاء

ظ ۔ و

ظَوْعَۃ ۔ بے وقوف و احمق آدمی ۔
ظَوَاھِر ۔ شریف لوگ ۔
ظَوَاھِرُ الْاَرْض ۔ زمین کی بلندیاں ۔ درخت وغیرہ ۔
ظُوْفُ الرَّقَبَۃ ۔ ظَافَ الرَّقَبَۃ ۔ گردن کی کھال

ظ ۔ ہ

ظَھَار ۔ سنگستان کی کھلی ہوئی زمین ۔
ظِھَار ۔ مرد کا عورت سے اَنْتِ عَلَیَّ کَظَھْرِ اُمِّی کہنا ۔ یعنی تو میرے لئے ماں کی طرح حرام ہے ۔
ظِھَار ۔ گروہ ۔ جماعت ۔
ظِھَارَۃ ۔ کپڑے کا ابرہ (د) زین پوش ۔
ظِھَارَۃ ۔ (ن) قوی پشت ہونا [عن] مٹ جانا [ب] فراموش کرنا ۔
ظُھَارِیَّۃ ۔ کشتی کا ایک داؤ یعنی ڈھینکلی سے پیٹھ کے بل حریف کو پچھاڑنا ۔ الٹا لٹا کر جماع کرنا (اسم مصدر)
ظَھْر ۔ پیٹھ ۔ ج: ۔ اَظْھُر ۔ ظُھُوْر ۔ ظُھْرَان بہت سامان ۔ فخر ۔ جنگل کا راستہ سخت و بلند زمین ۔ خبر ۔ غائب چیز ۔ پیٹھ کے پیچھے کی چیز ۔ مص (ف) پیٹھ پر مارنا ۔ پس پشت ڈال دینا ۔ کپڑے کا ابرا بنانا (ب) فخر کرنا ۔
ظُھْر ۔ زوال آفتاب کے بعد کا وقت ۔ سورج ڈھلنے کے بعد کا وقت ۔ ج: ۔ اَظْھَار
ظَھَر ۔ پیٹھ کا درد ۔ مص (س) پیٹھ کے درد کی شکایت ہونا ۔
ظَھِر ۔ جس کی پیٹھ میں درد ہو ۔
ظَھَرَۃ ۔ گھر کا اسباب ۔ آدمی کا کنبہ و قبیلہ ۔
ظِھَرَۃ ۔ یار ۔ مددگار ۔ کنبہ ۔ قبیلہ ۔
ظُھَرَۃ ۔ ظُھَرا ۔ مددگار ۔ آدمی کا کنبہ ۔
ظِھْرِیّ ۔ اونٹ جس کو وقت ضرورت کے لئے تیار کیا گیا ہو ۔ وہ چیز جسے پس پشت ڈال کر اس سے غافل ہو جائیں ۔ ج: ۔ ظَھَارِیّ ۔
ظُھُوْر ۔ (ف) ظاہر ہونا [علی] چڑھنا ۔ مدد کرنا [ب ۔ علی] غالب ہونا ۔
ظَھِیْر ۔ جس کی پیٹھ میں درد ہو ۔ قوی پشت چوپایہ جو زیادہ بوجھ اٹھا سکے ۔ مددگار ۔
ظَھِیْرَۃ ۔ گرمی کے موسم کا دوپہر ج: ۔ ظَھَائِر

غ - ا

عاب - عیب
عابد - ننگ و عار رکھنے والا - عبادت گذار
ج: عُبّاد - عبدۃ - م: عابدۃ
ج: عوابد -
عابر - گذرنے والا - آنسو بہانے والا -
(مذکر و مؤنث)
عابر السبیل - مسافر
عابرۃ - عابر کا مؤنث لغۃً عابرۃٌ
محاورے کی بول چال - گذرنے والی
ج: عوابر -
عابس - ترش رُو - شیر -
عابود - قدس کے نزدیک ایک شہر کا نام -
عابیۃ - خوبصورت و حسین عورت ج: عوابی
عاتٍ - متکبر - حد سے گذرنے والا ج: عُتِیّ
عاتر - فرج جس کا منہ شہوت کے سبب کھلا ہوا
ہو ج: عُتُر -
عاتق - آزاد - پرانی خراب - پرانی اور فراخ
مشک - کبوتر کا بچہ - کندھا کندھے
اور گردن کا مابین ج: عُتُق -
نوجوان لڑکی ج: عُتُق -
عاتقۃ - پرانی کمان - سرخ رنگ کی ج: عواتق
عاتک - جواں مرد - گرد گرد آنے والا - اصرار کرنیوالا
ایک حال سے دوسرے حال کی طرف
پھرنے والا - سرخ - پرانی کمان - صاف و
پاکیزہ نبیذ -
عاتکۃ - خوشبو میں لبی ہوئی عورت - سرخ پرانی
کمان ج: عواتک -

عاتم - رات کے وقت آنے والا - دیر کی
مہمانی -
عاتمات - ستارے جو گرد و غبار اور فضا کے
مکدر ہو جانے کی وجہ سے چھپ جائیں -
عاتن - قوی - مضبوط - طاقتور ج: -
عُتُن
عاتہ - آزردہ کرنے والا - کسی کی بات کی نقل
کرنے والا - ج: عُتّہاء
(ریح) عاتیۃ - بہت تیز اور حد سے گذری ہوئی
ہوا -
عاثور - ہلاکت کی جگہ - سختی اور مصیبت کی جگہ
کنواں - شکار کرنے کے لئے گڑھا -
ج: عواثیر -
عاثی - تباہ و خراب کرنے والا - مفسد -
ج: عُثاۃ عُثّی -
عاج عاج - اونٹنی کو ڈانٹنے کا کلمہ -
عاج - ہاتھی کے دانت کی ہڈی - ایک دریائی
جانور کی پیٹھ کی ہڈی - کچھوے کی پیٹھ کی
ہڈی -
(عجب) عاجبٌ - بڑی تعجب انگیز چیز
عاجز - کمزور و ناتواں - ج: عَجَزۃ
عاجل - بے مہلت - جلد - دینا - شتاب - فوراً
جلدی کرنے والا -
عاجلۃ - جلد - فوراً - جلدی کرنے والی - ج:
عواجل دنیا (د) اکسپریس گاڑی -
عاجن - بڈھا جو ضعف کے سبب ہاتھ زمین
پر ٹیک کر اٹھے - اونٹنی جس کے پیٹ
میں بچہ قرار نہ پکڑے - ج:
عُجّن -

عَاجِنَة - وسط - بیچ کا حصہ -
عَادٌ - آدمی - حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا نام
عَادٌّ - شمار کرنے والا - گننے والا -
عَادَة - خو - ج :- عاد - عِید عادات -
(د) ایام حیض -
عَادِر - بہت جھوٹا - کذاب
عَادِقُ الرَّای - جس کی تدبیر صائب نہ ہو -
عَادِل - منصف - حاکم جو خدا کے حکم کا تابع ہو - ج :- عُدُول
عَادِن - اونٹنی چراگاہ میں چارے پر ایک جگہ رہنے والی - اونٹ ہمیشہ شور گھاس چرنے والا - ج :- عَوَادِن -
عَادِی - ظالم - چور - سرکش - حد سے تجاوز کرنے والا - دوڑنے والا - دشمن - ج :- عِدَای - عُدَای - شیر -
عَادِیّ ــــــ نادر چیز - ہر پرانی چیز -
عَادِیَاءُ سَمَوْءَل - (جو وفا میں مشہور ہے) کے باپ کا نام
عَادِیَات - دوڑنے والے (گھوڑے یا اونٹ) وا :- عَادِیَة -
عَادِیَة - لڑنے والے ایک فوج کے لوگ حملہ کرنے والے - پیادے - بہت دوڑنے والے اونٹ وغیرہ - ظلم - دوری روکنے والا کام -
عَاذِب - چوپایہ جو پانی اور چارہ چھوڑ دے جو پیاس کی شدت کی وجہ سے نہ کھائے ج :- عُذُوب
عَاذِر - عذر خواہ مرد - پلیدی - زخم کا نشان

خون - استحاضہ کی رگ -
عَاذِرَة - نجاست - پلیدی - پاخانہ -
عَاذِق - کھجوروں کی اصلاح کرنے والا نخلستان کا مالی ج :- عُذَّاق
عَاذِل - ملامت کرنے والا ج :- عَذَلَة عُذَّال - عُذَّل - م :- عَاذِلَة ج :- عَوَاذِل
عَاذُور - بدی - فساد - داغ - نشان ج :- عَوَاذِیر -
عَار - عیب - ننگ - رسوائی - فضیحت - گالی - جو چیز کہ موجب عیب ہو -
عَارِب - عَارِبَة - بہت پانی کی نہر (عاربۃ میں تا مبالغہ کی ہے) -
(اَلعَرَبُ) اَلعَارِبَة - خالص عربی جو ہلاک ہو چکے ہیں -
عَارَة - مانگی ہوئی چیز - مستعار -
عَارِج - پوشیدہ و غائب -
عَارِد - نکلنے والا - ایک طرف ہونے والا - کنارہ کش -
عَارِض - بیمار اونٹنی - شکستہ و آفت رسیدہ آدمی کا رخسار - سامنے کا دانت - ابر جو آسمان کے کنارے کنارے ہو - پہاڑ پردہ وغیرہ جو تم کو آگے دکھائی دے گردن - چہرہ کی دونوں طرفیں - باچھیں ٹڈی دل
عَارِضُ الجُنْد - سالار لشکر - سپہ سالار - کمانڈر انچیف -
عَارِضَة - رخسار - حاجت - حادثہ - بیمار و آفت رسیدہ - اونٹنی جس کو ذبح کریں -

دانت جو منہ کے عرض میں یعنی سامنے ہو
جو چیز پیش آئے ۔ کنارہ ۔ دروازہ
کا پشتیبان ۔ تیز زبانی چستی ۔ دلیری
کلام وغیرہ پر قدرت ۔ ج :-
عَوَارِض

عَارِف ۔ پہچاننے والا ۔ شناسندہ ۔ مشہور
صابر آدمی ۔ بھلائی کا حکم دینے والا ۔

عَارِفَة پہچانا ہوا ۔ بھلائی ۔ احسان ۔ ج :-
عَوَارِف ۔

عَارِم ۔ سخت ۔ شدید ۔ یَوْمٌ عَارِمٌ نہایت
ٹھنڈا دن رَجُلٌ عَارِمٌ پلید آدمی ۔
صَبِیٌّ عَارِمٌ ۔ شوخ اور خوش وخرم
لڑکا ج :- عَرَمَة ۔ م :- عَارِمَة
ج :- عَوَارِم ۔

عَارِن ۔ شیر ۔ بیشہ ۔ دور ۔ بعید ۔

عَارِنَة ۔ دور ۔ بعید (مؤنث) ج :- عَوَارِن

عَارِی ۔ وہ شخص جسے بخار چڑھا آئے ۔ تپ زدہ

عَارِی ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔ ج :- عُرَاة (ناقص یائی)

عَارِیَة ۔ برہنہ عورت مستعار چیز ۔ مانگی ہوئی چیز
ج :- عَوَارِی

عَارِیَّة ۔ مانگی ہوئی چیز ۔ ج ۔ عَوَارِیّ ۔

عَازِب ۔ دور ۔ پوشیدہ ۔ غائب ۔ پانی اور گھاس
جو دور ہو ۔ اونٹ جو رات کو قبیلہ میں
نہ آئے ۔ ج :- عَزِیب

عَازِبَة بیوی ۔ جورو ۔ اونٹ ج :- عَوَازِب

عَازِف ۔ ایک قسم کا باجا بجانے والا ۔ گانے
بجانے والا ۔

عَازِم ۔ قصد کرنے والا ۔ آمادہ کرنے والا ۔
ج :- عَزَمَة

عَاسّ ۔ چوکیدار ۔ پاسبان ۔ ج :- عَسَس
عَسِیْس ۔

عَاسِر ۔ دم اٹھا کر دوڑنے والی اونٹنی ج :-
عَوَاسِر ۔

عَاسِف ۔ طاعون کی ماری ہوئی اونٹنی ۔ اونٹنی
جو مرنے کے قریب ہو اور اس وجہ سے
اس کا سانس پھولا ہوا ہو ۔ ج :-
عَوَاسِف

عَاسِل ۔ شہد توڑنے والا ۔ خوب لچکدار نیزہ ۔
نیک آدمی ۔ ج :- عُسَّل بھیڑیا ۔
ج ۔ عُسَّل ۔ عَوَاسِل ۔

عَاسِلَة ۔ عاسل کا مؤنث ۔ خَلِیَّةٌ عَاسِلَةٌ شہد کا
چھتہ ۔ شہد سے بھرا ہوا ۔ ج :-
عَوَاسِل ۔

عَاسِم ۔ حریص اور لالچی ۔ اہل وعیال پر رنج
اور سختی پہنچانے والا ج :- عُسَّم ۔
(مَکَانٌ) عَاسِنٌ ۔ تنگ جگہ ۔

عَاسِی ۔ کھجور کا درخت ۔ کھجور کی شاخ ۔ سخت
و درشت ۔

عَاشِی رات کے وقت کھانے والا ۔ رات
کے وقت قصد کرنے والا ج :- عُشَاة

عَاشِب ۔ سبزہ زار ۔ بَعِیْرٌ عَاشِبٌ تر گھاس
چرنے والا اونٹ ۔

(اَرْضٌ) عَاشِبَة ۔ زمین جس میں گھاس اور سبزہ
بہت ہو ۔ سرسبز زمین ۔

عَاشِر ۔ دسواں ۔ دسواں حصہ لینے والا ۔
ج :- عُشَّر ۔

عَاشِرَة ۔ قرآن شریف کی دس آیتوں میں
سے دسویں آیت ۔ ج :- عَوَاشِر ۔

بجو۔ ج:۔ عاشِرات جوئے کا حصّہ ج:۔ آعْشَاد۔
عاشِق۔ عشق کرنے والا (مذکر و مؤنث) ج:۔ عُشّاق۔
عاشِقَة۔ عشق کرنے والی۔ ج:۔ عَوَاشِق
عاشِم۔ مقام عالج میں ایک ریت کا تودہ۔ ایک درخت ج:۔ عُشّم
عاشُوراء۔ عاشُوری۔ عَشُوری۔ عَشُوراء محرم کی دسویں تاریخ۔
عاشِیَة۔ رات کے وقت چرنے والا اونٹ۔ ج:۔ عَوَاشِی۔
عاصَ۔ عَوَص۔ (س) [ب] کسی کو پیچیدگی میں ڈالنا۔
عاصِب۔ بہت بھوکا جس نے بھوک کی وجہ سے پتھر باندھ لیا ہو۔ غبار آلود افق سُرخ۔
عاصِر۔ نچوڑنے والا۔ روکنے والا بخیل۔ ممسک ج:۔ عَصَرَة م:۔ عاصِرَة ج:۔ عَوَاصِر۔
عاصِف۔ مائل اور خمیدہ جھکا ہوا۔ سَہْمٌ عاصِف تیر جو نشانہ سے ہٹ کر جائے (ریح) عاصِفٌ سخت ہوا۔ یَوْمٌ عاصِفٌ۔ تیز ہوا والا دن۔
عاصِفَة۔ سخت ہوا۔
عاصِم۔ بچا ہوا۔ محفوظ۔ بچانے والا۔
عاصِمَة۔ مدینہ منورہ کا لقب (د) دارالسلطنت راجدھانی ج:۔ عَوَاصِم
عاصِی۔ نافرمان۔ رگ جس کا خون نہ رُکے اونٹ کا بچہ جو ماں کا محتاج نہ ہو۔

ج:۔ عُصَاة۔
عاصٍ۔ خاردار درخت۔ چرنے والا اونٹ
عاضٍ۔ خوش حال آدمی جس کے لئے زمانہ کے حالات سازگار ہوں۔ ج:۔ عُضَاة
عاضِد۔ سواری کے جانور کی طرف جانے والا۔
عاضِدَة۔ کھجور کا وہ درخت جو نہر کے کنارہ پر اُگا ہوا ہو۔ ج:۔ عَوَاضِد۔
عاضِر۔ باز رکھنے والا
عاضِہ۔ جادوگر۔ فی الفور ہلاک کر دینے والا۔ سانپ ج:۔ عَوَاضِہ۔
عاضِھَة۔ جادوگرنی۔ کذب و بہتان۔ فی الفور ہلاک کر دینے والا سانپ۔ ج:۔ عَوَاضِہ۔
عاطِر۔ عطر کا شوقین۔ ج:۔ عُطُر
عاطِس۔ چھینکنے والا۔ صبح۔ ہرن جو سامنے سے آئے۔
عاطِش۔ پیاسا۔ ج۔ عِطَاش
عاطِف۔ چادر یعنی ازار۔ مہربانی کرنے والا۔ پھیر دینے والا ج:۔ عُطُف
عاطِفَة۔ رشتہ داری اور قرابت کی محبت۔ (د) جذبہ۔ ج:۔ عَوَاطِف۔
عاطِل بے زیور عورت۔ ج:۔ عَوَاطِل عُطَّل
عاطِم۔ ہلاک ہونے والا۔ ج:۔ عُطُم
عاطِن۔ وہ اونٹ جسے ایک مرتبہ پانی پلا کر آرام پہنچایا جائے تاکہ دوبارہ پانی پی سکے۔ ج:۔ عَطَنَة۔ عُطَّان
عاطِنَة۔ اونٹنی جسے ایک مرتبہ پانی پلا کر آرام پہنچایا جائے تاکہ دوبارہ پانی پیئے۔
عاطُوس۔ وہ چیز جس سے چھینکیں آئیں۔ ایک

جانور کا نام۔
عَاطُوف۔ وہ اونٹنی کہ جب مرے ہوئے بچہ کی کھال میں گھاس بھر کر اس کے سامنے کردیں تو وہ اس پر مہربان ہوجائے اور اس کا دودھ دوہ لیں۔
عَاطِی۔ لینے والا ج: عُطَاة
عَاطِب۔ جنگل اور خشک مقامات میں اترنے والا۔
عَاطِل۔ عَاطِلَة۔ ٹڈیوں کا اوپر تلے دل۔ زم وسہل۔
عَافِط۔ عَفط۔ گوز مارنے والا۔
عَافِق۔ ہر طرف آنے جانے والا۔ بہت آمدو رفت کرنے والا۔
عَافِل۔ جو کہ بڑے کپڑوں پر چھوٹا کپڑا پہنے۔
عَافُور۔ بدی۔ جائے ہلاکت۔ سختی۔
عَافِی۔ گھاس۔ پانی طلب کرنے والا۔ روزی چاہنے والا۔ بخشنے والا۔ معاف کرنیوالا مہمان آنے والا ج: عُفَاة نیست ونابود کرنے والا۔ ہانڈی میں بچا ہوا شوربا۔ ج: عُفِیّ
عَافِیَة۔ صحت۔ تندرستی۔ سلامتی۔ روزی چاہنے والا جانور۔ درندے ج: عَوَافِی۔
عَافِیَةُ اللَّحْم۔ بہت گوشت والی اونٹنی۔
عَافِیَةُ الْمَاء۔ پانی پر آنے والا۔
عَاقّ۔ ماں باپ کو ستانے والا اور ان کا کہنا نہ ماننے والا اور اُن کو ناخوش رکھنے والا۔ ج: عَقَقَة
عَاقِب۔ اونٹنی جو کبھی کبھی گھاس کھائے۔ وہ اونٹنی جو ایک بار پانی پی کر جا بیٹھے اور پھر پانی پر آئے۔ ج: عَوَاقِب سردار کا قائم مقام۔ نیک اعمال میں اسلاف کا متبع
عَاقِبَة۔ انجام۔ نتیجہ۔ اولاد۔ نتیجہ پر غور۔ دور اندیشی۔ انجام بینی ج: عَوَاقِب
عَاقِد۔ کنوئیں کا من۔ گرہ لگانے والا۔ ج: عَقَدَة
عَاقِدَة۔ گرہ لگانے والی۔ جادوگرنی ج: عَوَاقِد۔ عَاقِدَات
عَاقِر۔ بانجھ عورت۔ ریت کا اونچا ٹیلہ۔ مرد بے اولاد۔ ریت جس میں کچھ پیدا وار نہ ہو۔ بے مثل وبے نظیر عورت۔ ج: عُقّر۔
عَاق عَاق۔ کائیں کائیں کوّے کی آواز کی نقل
عقل مند۔ خردمند۔ دانش مند۔ دانا۔ ج: عُقَلَاء۔ عُقَّال۔ ہرن۔ مرد کے عصبہ کے لوگ جو اس کے وارث ہوں۔ جیسے باپ دادا اور پوتا پڑپوتا
عَاقِلَة۔ عقل مند عورت۔ مشاطہ کنگھی چوٹی کرنے کا پیشہ کرنے والی عورت۔
عَاقِلَةُ الرَّجُل۔ مرد کے وہ اقارب جن پر دیت یعنی خون بہا تقسیم کیا جاوے۔ وا: عَاقِل
عَاقُور۔ کنکھنا۔ سَرْجٌ عَاقُور۔ زین جس سے جانور کی پیٹھ زخمی ہو جائے۔
عَاقُول۔ دریا کی لہر۔ ٹیڑھا نالہ۔ ریت کا ٹیلہ۔ پوشیدہ اور خلط ملط کام ج: عَوَاقِیل۔

عَائِب انبوہ ۔ ڈھیر ۔ جمگھٹ ۔ ج: ۔ عُکُوْب ۔
عَائِف ۔ گوشہ نشین ۔ اپنے آپ کو روکنے والا ج: ۔ عُکُوف
عَائِل ۔ پست قد ۔ منحوس ۔ ج: ۔ عُکَّل
عَائِی ۔ ٹھہرنے والا ۔ مقیم ۔ ج: ۔ عُکَاۃ ۔
(مَالَہٗ) عَالٌ وَلَامَال ۔ اس کے پاس کچھ نہیں ہے ۔
عَالَۃ ۔ سایہ جس کے نیچے بارش سے بچیں ۔ شتر مرغ ۔ محتاج لوگ ۔ وا: ۔ عَائِل
عَالِج ۔ ثہ بتہ ریت ۔ خاردار درخت کھانے والا اونٹ ۔ ج: ۔ عَوَالِج
(شَاعِرٌ) عَالِط ۔ کلام کو آراستہ کرنے والا شاعر ۔
عَالِق ۔ خاردار ۔ چارہ کھانے والا اونٹ ۔ ج: ۔ عَوَالِق ۔
عَالِث چبانے والا ۔ طَعَامٌ عَالِثٌ کھانا جو چبانے میں سخت ہو ۔
عَالِم ۔ دانا ۔ ج: ۔ عُلَّام
عَالَم ۔ مخلوق ۔ آسمان کے نیچے کا جہان ۔ ج: ۔ عَالَمُوْن ۔ عَوَالِم ۔
عَالَمِی بین الاقوامی ۔ انٹرنیشنل (د)
عَالِن ۔ عَلِن ۔ عَلِیْن ۔ ظاہر ۔ واضح ۔ کھلا ہوا
عَالِہ ۔ دبلی پتلی عورت ۔ عورت جو مختلف ارادے کرے اور کسی کو پورا نہ کرے شتر مرغ ۔ ج: ۔ عَوَالِہ
عَالِي ۔ بلند ۔ سرکش و متکبر ۔ اونچا ۔ ج: ۔ عُلَاۃ ۔ عَالُوْن ۔
عَالِي اُلْکَعْب ۔ شریف آدمی ۔
عَالِیَۃ ۔ نیزہ کی نوک ۔ انی ۔ بھال کی طرف کا آدھا نیزہ ۔ بلند ۔ اونچی ۔ عال کا مؤنث ج: ۔ عَوَالِي ۔
عَالِیَۃُ الشَّیْءِ: ۔ چیز کا بالائی حصہ ۔ چوٹی کی چیز ۔
عَام ۔ برس ۔ ج: ۔ اَعْوَام
عَامٌ سَنَۃٍ ۔ قحط کا سال ۔
عَامَۃ ۔ سوار کا سر جو جنگل میں دور سے نظر آئے پگڑی سمیت سر جو دور سے نظر آئے ۔ چارے وغیرہ کا گٹھا ۔ ج: ۔ عَامٌ گھنٹی ۔
عَامَّۃ ۔ لکڑیوں کا بیڑہ جس پر بیٹھ کر دریا سے پار ہوں ۔ قیامت ۔ جماعت ۔ خلاف خاصہ ۔ پوری اور تمام چیز ج: ۔ عَوَامّ
عَامِد ۔ قصد کرنے والا ج: ۔ عَامِدُوْن ۔ م: ۔ عَامِدَۃ ج: ۔ عَوَامِد
(لَیْلَۃٌ) عَامِدَۃ ۔ لمبی رات
عَامِر ۔ آباد ۔ زیارت کرنے والا ۔ بجو کا بچہ ۔ ج: ۔ عُمَّار
عَامِرَۃ ۔ سانپ (کیونکہ اس کی عمر دراز ہوتی ہے) ج: ۔ عَوَامِر
عَامِق ۔ عِیْقِی ۔ (ایک مخصوص گھاس یا درخت) کھانے والا اونٹ
عَامِل ۔ ہاتھ سے کام کرنے والا ۔ ہاتھ کا کاریگر ۔ ج: ۔ عَامِلُوْن ۔ عُمَّال ۔ عَمَلَۃ م: ۔ عَامِلَۃ ج: ۔ عَوَامِل
عَامِلَۃ ۔ نیزہ کا سینہ جو بھال کے قریب ہے ج: ۔ عَوَامِل ۔

عَامِلِيَّة - کام - ڈیوٹی
عَامِہ - گمراہی میں بھٹکنے والا - راستہ سے بھٹکا ہوا ج: عُمَّہ
عَامِیٌّ یکسالہ نَبْتٌ عَامِی ایک سال کی خشک گھاس۔
عَامِیٌّ عام - رائج الوقت (د)
عَامِیَة - بہت رونے پیٹنے والی عورت - ج: عَوَامِی۔
عَان - لمبی رسی - پھیلا ہوا بادل۔
عَانِب - انگور والا۔
عَانِت لڑکی جو گھر میں دیر تک بے خاوند رہے ج: عَوَانِت۔
عَانَّة - عَانّ کا مؤنث - بدلی - ج: عَوَان
عَانَة - گدھی - گدھی کے بچوں کا ریوڑ - گورخر کا ریوڑ ج: عُون - موئے زہار یعنی موئے زیر ناف - پیڑو۔
عَانِد - راہ سے پھر جانے والا - ناحق جھگڑنے والا - حق کو رد کرنے والا - سرکش ج: عُنَّد۔
عَانِس - لڑکی جو عرصہ تک بے خاوند گھر میں بیٹھی رہے ج: عَوَانِس مرد جس نے عرصہ تک نکاح نہ کیا ہو - خوبصورت موٹا تازہ ج: عُنَّس - عُنُوس۔
عَانِسَة - خوبصورت - موٹی تازی عورت - ج: عَوَانِس۔
عَانِقَاء - جنگلی چوہے کا سوراخ۔
عَانِك - ریت کا ٹیلہ جو سخت ہو گیا ہو - موٹی اور سرخ عورت ج: عَوَانِك
عَانِي - مرد قیدی ج: عُنَاة (م) عَانِيَة ج: عَوَانِي

عَاهَة - آفت ج: عَاهَات
عَاهِر - زناکار - زانی ج: عُهَّار (م) عَاهِرَة - ج: عَوَاهِر
عَاهِل - بڑا بادشاہ ج: عُهَّال - عورت جس کا خاوند نہ ہو - ج: عَوَاهِل۔
عَاهِن - عاجز درویش - حاضر و مقیم - کاہل آدمی کے ہاتھ پاؤں ج: عَوَاهِن
عَائِب - جما ہوا دودھ جو گاڑھا ہو گیا ہو - عیب لگانے والا - عیبدار۔
عَائِث - شیر - بیشہ۔
عَائِد - واپس آنے والا - بیمار کے دیکھنے کو یا ملنے کو آنے والا ج: عَوْد - عُوَّاد عُوَّد۔
عَائِدَة - عائد کا مؤنث - نیکی - عطا - بخشش - مہربانی - فائدہ - نفع (د) محصول ج: عَوَائِد۔
عَائِذ - پناہ لینے والا - ج: عُوَّذ - بکری وغیرہ جس نے آجکل میں بچہ دیا ہو - ج: عُوذٌ - عُوذَان
عَائِر - کانا بنا دینے والا - تلف کر دینے والا - آنکھ کا درد - وہ چیز جس سے آنکھ میں درد ہو جائے - جو ریزہ آنکھ میں پڑ جائے - نیچے کے پپوٹے میں جو ایک چھوٹا سا آبلہ پیدا ہو جائے - تیر اور پتھر وغیرہ جو آ لگے اور اس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔
عَائِرَة - عَائِرَةُ عَيْنَيْنِ - جو چیز آنکھوں میں نہ سمائے - بہت سی چیز جس کو دیکھ کر آنکھیں خیرہ ہو جائیں۔

عائز۔ عوز۔ اَعْوَز۔ فقیر و محتاج آدمی۔
عائس۔ اونٹوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنیوالا
عائش۔ خوش حال آدمی (م) عائشۃ۔
عائص۔ بکری جو برسوں گابھن نہ ہو ج۔ عُوص
عائض۔ عوض دیا گیا (اسم فاعل بمعنی اسم مفعول) بدلہ۔ عوض
عائط۔ اونٹنی اور عورت کہ بانجھ بھی نہ ہو اور برسوں حاملہ بھی نہ ہو۔ ج۔ عُوط۔ عِیط عُیّط۔
عائف۔ فال لینے والا۔ کھانے پینے کی چیز کو ناپسند کرنے والا۔ تنگ رکھنے والا۔
عائق۔ جو دوسروں کو کام نہ کرنے دے اور کام میں روڑے اٹکائے۔ ٹال مٹول کرنے والا اور جلد کام کو انجام نہ دینے والا۔ باز رکھنے والا۔ ج۔ عُوّق۔
عائقۃ۔ عائق کا مؤنث۔ مشکل۔ مانع۔ ج۔ عوائق۔
عائث۔ کمانے والا۔ کسب کرنے والا۔ کماؤ۔
عائل۔ جھکا ہوا۔ ترازو۔ غالب۔ درویش و مفلس۔ نیاز مند۔ عاجز۔ محتاج۔ ج۔ عالۃ۔ عُیّل۔ عَیلیٰ۔
عائلۃ۔ دشوار خصلت۔ ج۔ عوائل۔ (د) بیوی۔ خاندان۔
عائم۔ تیرنے والا۔
عائن۔ نظر بد لگانے والا۔
عائنۃ۔ عائن کا مؤنث مال و دولت۔
عائھۃ۔ شور و فریاد۔

ع۔ ب

عَبّ۔ (ن) پانی پینا۔ ندی میں منہ لگا کر پانی پینا۔ ڈول کا کنویں میں پانی بھرتے وقت آواز کرنا۔
عَبُّ الشَّمْس۔ سورج کی روشنی
عَبْء۔ سورج کی روشنی مص (ف) اسباب درست کرنا۔ لشکر کا سامان تیار کرنا۔ خوشبو ملانا۔ پروا کرنا۔
عِبْء۔ بوجھ۔ بھاری پن۔ متاع۔ بوجھ کی بوری یا گون ج۔ اَعْبَاء۔
عُبُت۔ واسکٹ۔ صدری (د)
عَبَاء۔ دھاری دار کمبل۔ احمق آدمی۔ موٹا اور بھدا آدمی۔ ج۔ اَعْبِئَۃ۔
عَبَاءَۃ۔ دھاری دار کمبل ج۔ اَعْبِئَۃ
عِبَاب۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔ کثرت اور بیشی میں مقابلہ کرنا۔
عُبَاب۔ بڑا نالہ پانی سے بھرا ہوا۔ پانی کی کثرت ہر چیز کا بالائی حصہ۔
عَبَابِید۔ آدمیوں کی ٹولیاں۔ متفرق متفرق جماعتیں۔
عِبَاد۔ بندے و۔ عَبْد۔
عِبَادَۃ۔ پرستش۔ بندگی۔ پوجا مص (ن) پوجنا عبادت کرنا۔
عَبَادِلَۃ۔ حضرت عبداللہ بن عباس و عبداللہ بن عمر و عبداللہ بن زبیر و عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہم۔ (عبداللہ کی جمع)
(جَمَل) عَبَّار۔ مضبوط اونٹ۔ اونٹ کہ جو ہمیشہ سفر میں رہے

اور ہر زمین میں گذر سکتا ہو۔

عِبَارَة۔ (ن) تعبیر بیان کرنا۔ تشریح کرنا۔

عَبَّاس۔ شیر۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا اسم گرامی۔

عَبَاقِاء۔ ہم خواب۔ ساتھ سونے والا۔

عَبَاقِرِیّ۔ ایک قسم کا فرش۔

عَبَاقِیَة۔ بہت ہوشیار و چالاک آدمی۔ بڑا چور۔ فریبی۔ مکار۔

عَبَاقِیس۔ عَبَاقِیل۔ بچی ہوئی چیز۔ باقی ماندہ۔ بقیہ

عَبَال۔ ایک قسم کا پہاڑی گلاب کا درخت جس سے لاٹھیاں بنائی جاتی ہیں۔

عَبَالَة۔ (ك) ہٹا کٹا اور کامل الخلقت ہونا۔

عَبَالَة۔ ثقل و گرانی۔

عُبَام۔ بہت۔ کافی۔ زیادہ۔

عَبَام۔ عاجز و درماندہ اور بھاری جسم کا آدمی۔

عَبَامَاء۔ بے وقوف۔ احمق۔

عَبَایَة۔ سخت اور بھاری جسم کا آدمی۔ ایک قسم کا کمبل۔

عُبُب۔ اچھلتا۔ بہتا پانی۔

عَبَبَة۔ ایک درخت۔ ج: عُبَب

عَبْث۔ (ض) ملاتا خلط ملط کرنا۔

عَبَث۔ (س) ہنسی مذاق۔ کھیل کود کرنا۔

عَبَجَة۔ کمینہ آدمی جو اپنی بات کا لحاظ نہ رکھے۔

عَبْد۔ غلام۔ خلاف حُرّ۔ آدمی ج: عَبْدُون۔ عَبِید۔ اَعْبُد۔ عِبَاد۔ جج آعَابِد

عَبَد۔ غصہ۔ سخت کھجلی۔ عار۔ پشیمانی۔ ملامت حرص۔ انکار مص (س) غصہ کرنا۔ سخت کھجلی ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ننگ و عار رکھنا

عَبِد۔ بڑی غیرت والا۔ غیرت مند۔

عَبَدَة۔ پوجنے والے۔ وا: عَابِد۔ قوت۔ موٹاپا۔ زندگی۔ ننگ و عار۔ خوشبو پسینے کا پتھر۔

عَبْدَرِیّ۔ یعنی عبدالدار کی طرف منسوب۔

عَبْدَلِی۔ ایک قسم کا خربزہ (د)

عَبْدِیَّة۔ بندگی۔ غلامی۔

عَبْر۔ (ن) آنسو جاری ہونا (خواب کی) تعبیر بیان کرنا (کلام کی) تفسیر بیان کرنا۔ غم گین ہونا۔ گذرنا۔ پار اترنا۔

عَبْر۔ (ض۔ن) پرندہ کو چھوڑ کنا

عُبْر۔ بے اولاد عورت۔ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔ تیز چلنے والا بادل۔ عقاب۔ آنکھ کی گرمی۔ ہر چیز کی کثرت۔

عِبْرُ الْوَادِی۔ وادی کنارہ

عَبَر۔ اعتبار۔ آنکھ کی گرمی۔

(ابو) عَبْرَة۔ بیہودہ بکنے والا مسخرا

عَبِر۔ عَبْرَان۔ مرد جس کے آنسو جاری ہوں

عِبْرَانِیّ۔ یہودیوں کی زبان۔

عَبْرَة۔ بیان و تفسیر۔ آنکھ میں ڈبڈبایا ہوا آنسو۔ رونے کی ہچکی۔ غم۔ ج: عَبَرَات۔ عِبَر۔ مص (س) آنسو بہانا۔ غم گین ہونا

عُبْرَة۔ آنکھ کی گرمی۔ بہت چیز۔ گروہ۔

عِبْرَةُ الْوَادِی۔ وادی کا کنارہ۔

عِبْرَة۔ تعجب۔ نصیحت۔ ج: عِبَر

عَبِرَةٌ - آنسو بہانے والی عورت -
عُبْرُدٌ - نازک اندام - گوری لڑکی -
عُبْرُوْدٌ - نرم و نازک
عُبْرِیٌ - بیری کا درخت - کنار سے ساق یعنی جھڑ بیری -
عِبْرِیٌ - عِبْرَانِیٌّ - یہودیوں کی قدیم زبان -
عَبْرَیٌ - آنسو بہانے والی عورت - آنسو بھری آنکھ - ج: عُبَادیٰ
عَبَسٌ - گوبر وغیرہ جو چوپایہ کی دم پر خشک ہو جائے مص (س) چوپایہ کی دم پر گوبر وغیرہ کا خشک ہو جانا -
عَبْسٌ - عُبُوْسٌ - (ض) منہ بگاڑنا - ترش روئی کرنا -
عَبْسَرٌ - تیز رفتار اونٹنی - ج: - عَبَاسِرُ -
عَبْشٌ - اصلاح - درستی - حماقت - کند ذہنی
عُبْشَةٌ - سستی - غفلت -
عَبْطٌ - (ض) بے سبب مار ڈالنا - پوشیدہ ہونا خاک اڑانا - پھاڑ ڈالنا - کسی کو بغیر مرض وغیرہ کے جوانی میں مار ڈالنا -
(علیٰ) جھوٹ گھڑنا (فی) کسی کام میں بلا وجہ اور بے خوف گھس جانا -
(مَاتَ فُلَانٌ) عَبْطَةً - فلاں شخص جوانی اور تندرستی کی حالت میں مرگیا -
عُبْطَةٌ - تازگی و تری -
عَبُعَابٌ - کشادہ حلق کا توندیلا آدمی - لمبے قد کا سڈول ہاتھ پاؤں کا -
عَبْعَبٌ - جوانی کی نزاکت اور تازگی - پُرگوشت جوان - ڈھیلا ڈھالا کپڑا - بُت خانہ - لمبا آدمی - پہاڑی بکرا -

عَبْعَبَةٌ - شکست کھانا - بھاگ جانا -
عَبَقٌ - عَبَاقَةٌ (س) (ب) چمٹنا - مقیم ہونا - حریص ہونا -
عَبَقَةٌ - تیل وغیرہ کی چکنائی -
عَبْقَرٌ - ایک مقام اور ایک گاؤں اور ایک عورت کا نام
عَبْقَرَةٌ - گداز - نازک اندام - حسین عورت - مص سراب کا چمکنا -
عَبْقَرِیٌّ - سردار قوی اور سخت - ہر چیز - بہتر و کامل تر - جو چیز حسن و خوبی اور بھلائی میں فائق اور غالب ہو - منقش دیبا کا ایک قسم کا فرش (ظلم عَبْقَرِیٌّ) ظلم سخت و شدید -
عَبْقَسِیٌّ - عبد القیس (قبیلہ) کی طرف منسوب
عَبْكٌ - (ن) ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا
عَبَلٌ - کونپل - جھڑا ہوا پتہ - باریک پتہ - وا: - عَبَلَةٌ -
عَبْلٌ - ہر بڑی اور موٹی چیز - ج: - عِبَالٌ مص (ض) درخت کے پتے جھاڑنا - تیر میں چوڑا پیکان لگانا - رد کرنا (علیٰ) درخت کا پت جھڑ ہونا - کونپلیں نکالنا (علیٰ) کسی پر بوجھ ڈالنا -
عَبْلَاءُ - سفید پتھر وغیرہ جو کھردرا اور موٹا ہو (صَخْرَةٌ) عَبْلَاءُ - سفید پتھر (آكَمَةٌ عَبْلَاءُ) سخت ٹیلا (شَجَرَةٌ عَبْلَاءُ) خوب موٹا درخت -
عَبْلَةٌ - بڑے ڈیل ڈول کی عورت ج: عَبْلَاتٌ
عَبْنٌ - (ن) جسم کا پھیلا ہوا اور کھردرا ہونا -

عَبَنّ - فربہ گدھا۔ فربہ اونٹ (م) عَبَنَّۃ ج: عَبَنَّات
عَبَنْبَل - بڑا اور سخت
عَبَنْقَس - بد اخلاق آدمی۔ لمبے اور نازک جسم کا آدمی۔
عَبَنْقَسَاء - خوش وخرم۔ شاداں وفرحاں
عَبْو - (ن) چہرے کا روشن ہوتا۔ سامان کو آراستہ اور ٹھیک کرنا۔
عُبُودَۃ - عُبُودِیَّۃ - پرستش بندگی۔
عُبُور - (ن) پار اُترنا۔ گذر جانا۔
عَبُور - بکری کا بچہ۔ ج: عَبَائِر۔ ختنہ نہ کیا ہوا۔ ج: عُبُر۔
(الشِّعْرٰی) الْعَبُور - ایک ستارہ کا نام جو جوزا کے بعد طلوع ہوتا ہے۔
عَبُوس - شیر بیشہ۔ ترشرو۔
(یَوْمٌ) عَبُوسٌ - سخت دن۔ روز قیامت۔
عُبُول - موت
عَبْہَر - طویل القامت۔ بھرے ہوئے جسم کا آدمی۔ ہر چیز لمبی۔ خوش قامت اور سڈول۔ ج: عَبَاہِر۔
عَبْہَرَۃ - پتلی کھال کی گوری خوبصورت۔ تندرست اور بھرے ہوئے جسم کی اور سڈول ہاتھ پاؤں کی عورت۔ ج: عَبَاہِر۔
عَبْہَلَۃ - چوپایہ کو بیکار چھوڑنا۔ غصہ کرنا۔
عَبِیّ - عورت جس کی اولاد نہ مرے۔
عُبِیَّۃ - فخر۔ ناز۔ نخوت۔ تکبر۔
عَبِیْث - کھیل میں بہت انہماک رکھنے والا۔
عَبِیْثَۃ - ہر جنس کے ملے جلے آدمی۔ ج: عَبَائِث۔

(اُمُّ) عُبَیْد - خالی جنگل۔ ویران جنگل جس میں مینہ نہ برسا ہو۔
عُبَیْدَۃ - اوجھ کا ہر ا ر خانہ۔ (یعنی اوجھ کی خانہ دار تھیلی)۔
عَبِیْر - زعفران۔ ایک خوشبو زعفران ملی ہوئی بڑا اگروہ۔ بہت پروالا تیر۔
عَبِیْطَۃ - فربہ اونٹ۔ تازہ گوشت یا زعفران نیا قطع کیا ہوا کپڑا ج: عِبَاط۔
عَبِیْلَۃ - موٹی تازی عورت ج: عَبَائِل۔

ع - ت

عَتّ (ن) بات کا اعادہ کرنا (ب) سوال میں اصرار کرنا۔ سرزنش کرنا۔
عِتَاب - غصہ کرنا۔ ملامت کرنا۔ ایک دوسرے پر غصہ کرنا۔ ناز کرنا۔ غصہ پیدا کرنا۔ غصہ کو یاد کرنا۔
اُمُّ عَتَّاب - لکڑ بگڑ۔
عِتَاب - مُعَاتَبَۃ - کسی کے ساتھ لڑنا۔
عَتَاد - سامان سفر۔ جو چیز سفر کے لئے تیار کریں بڑا پیالہ۔ ج: اَعْتُد۔
عَتَادَۃ - عَتَاد - (ك) آمادہ ہونا۔
عَتَّار - دلاور وقوی گھوڑا۔ سخت وخالی مقام
عَتَّار - مرد کا آلہ تناسل۔
عُتَاق - پرانی اور اچھی شراب۔
عِتَاقُ الطَّیْر - شکاری پرندے۔
عِتَاقُ الْخَیْل - اصیل اور عمدہ گھوڑے
عَتَاقَۃ - (ك) پرانا ہونا۔ دیرینہ ہونا۔
عَتَّال - قلی۔ بیگار۔
عَتَاہَۃ - بے عقل۔ گمراہی۔ گمراہ۔ احمق۔

عَتَاهِيَہ۔ کم عقلی ۔گمراہی ۔گمراہ دیے عقل احمق آدمی۔
عَتَبَ ۔ غصہ ۔ملامت ۔لنگڑاپن مص (ن) (ض) غصہ کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ لنگڑا کر چلنا کسی کے دروازے پر قدم رکھنا۔
عَتَبَ ۔ برا کام ۔ ناپسند کام سختی ۔ تباہی خرابی۔
عِتَبَ ۔ غصہ ور ۔ مغلوب الغضب ۔
عَتَبَان ۔ (ن ۔ض) غصہ کرنا ۔ ملامت کرنا ۔ آدمی کا ایک پاؤں اٹھا کر کودنا ۔ چوپایہ کا تین ٹانگوں سے چلنا۔
(اُمّ) عِتْبَان ۔ لکڑ بگڑ۔
عَتَبَۃ چوکھٹ ۔ بیوی ۔ سختی نامناسب کام ناپسند کام ۔ سیڑھی کا ایک پایہ
ج:۔ عَتَب ۔ عَتَبَاب
عُتْبیٰ ۔ خوشنودی ۔ رضامندی۔
عَتَد ۔ قوی گھوڑا ۔ آمادۂ رفتار گھوڑا۔
عُتُلَاۃ ۔ سامان سفر ۔ توشہ ۔ بڑا پیالہ ۔
ج:۔ عُتُد ۔ آعْتُد ۔
عَتَر ۔ (ض) نیزہ وغیرہ کا مضبوط ہونا ۔ نیزہ کا ہلنا اور لچکنا ۔ ذکر استادہ کرنا۔
عِتْر ۔ اصل ذکر ۔ بکری جسے جاہلیت میں بتوں کے لئے رجب میں ذبح کرتے تھے بیہودہ بکنا۔
عَتَرَان ۔ (ض) نیزے وغیرہ کا مضبوط ہونا۔ نیزہ کا ہلنا اور لچکنا ۔
عِتْرَۃ ۔ آدمی کے بال بچے اور خاص رشتہ دار اور گھر کے لوگ ۔ رشتے ناتے والے دانتوں کی چمک صفائی اور آبداری۔

کھیرا ۔ککڑی ۔ تھوڑا سا مشک خالص مشک وعنبر کا گلوبند۔
عَتْرَسَۃ ۔ سخت پکڑ مص سخت پکڑنا ظلم کرنا سختی کرنا۔
عُتْرُفَان ۔ مرغا ۔ ایک گھاس جو گرمیوں میں پیدا ہوتی ہے ۔
عُتْرُوف ۔ پلید ۔ بدکار ۔ بے باک بدلا در ستمگار سخت ومضبوط جسم کا اونٹ ۔
ج:۔ عَتَارِیف
عِتْرِیس ۔ غصہ ور آدمی بھوت پریت ۔ بلا ۔ سختی سخت ۔ سرکش ۔ ج:۔ عَتَارِیس
عِتْرِیف ۔ پلید وبدکار ۔ بے باک دلاور وکارگذار ظالم وستمگار ۔ مضبوط اونٹ ۔ ج:۔ عَتَارِیف ۔
عَتْش ۔ (ض) خم دینا ۔ دہرا کرنا ۔
عُتْعُت ۔ بکری کا نر بچہ ۔ بہت مضبوط وقوی پورے بدن کا لمبا تڑنگا آدمی۔
ج:۔ عَتَاعِت ۔
عَتْق ۔ پرانی اور اچھی شراب مص (ن) کاٹ کھانا ۔ اچھا کرنا ۔ اچھا ہونا (ض ک) اچھا ہوجانا ۔ (قسم کا) واجب ہونا ۔ آگے نکل جانا ۔ چیز کا پرانا ہونا۔
عِتْق ۔ جوانمردی ۔ شرافت ۔ بزرگی ۔جمال آزادی۔
عِتْق ۔ عَتْق ۔ عَتَاق ۔ عَتَاقَۃ (ض) آزاد ہونا معزز ہونا ۔ جوان ہونا۔
عُتُق ۔ کاندھے ۔ وا:۔ عَاتِق ایک درخت جس سے کمان بناتے ہیں ۔ قدامت پرانا پن ۔ آزادی۔

عَتَك - زمانہ

عَتَك - عُتُوك - (ض) کھنگی سے (کمان کا) سُرخ ہونا (دودھ کا) خوب ترش ہونا۔ چھاتی پر ہاتھ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ معزز ہونا (الی) خواہش کرنا۔

عَتَك - (ض) لڑائی میں حملہ کرنا۔ منہ سے کاٹنے کا ارادہ کرنا۔ نافرمانی کرنا۔

عَتِل - بدی کی طرف جلدی کرنے والا آدمی۔

عُتُل - بہت کھانے والا۔ سرکش۔ بدخو۔ بھڑبھڑیا سخت تکلیف دینے والا

عَتْل - (ض۔ن) سختی سے کھینچنا۔

عَتَل - (س) [الی] سرعت کرنا۔ دوڑنا۔

عَتَلَہ - زمین سے اکھاڑا ہوا بڑا ڈھیلا۔ کدال۔ برما۔ سونٹا۔ ڈنڈا۔ ج: عَتَل۔

عُتُم - زیتون دشتی۔

عَتْم - (ض) دیر لگانا (تھوڑی سی رات کا) گذرنا۔ اکھاڑنا۔ اونٹنیوں وغیرہ کا عشاء کے وقت دوہا جانا [عن] کسی کام کا ارادہ کرکے پھر رک رہنا۔

عَتَمَۃ - شفق کے چھپ جانے کے بعد سے تہائی رات گئے تک۔ نماز عشاء کا وقت رات کا اندھیرا۔ وہ دودھ جو عشاء کے وقت دوہا جائے۔ شام کے وقت چراگاہ سے اونٹوں کی واپسی۔ بقیہ دودھ جو تھن میں اتر آئے۔

عَتْن - (ض۔ن) زور سے دھکیلنا۔

عِتْوَادَۃ - ٹھگنا آدمی۔

عَتُوب - جس پر غصہ کرنے کا اثر نہ ہو۔

عَتُوْد - بیری کا درخت۔ ایک بڑا ریگستانی درخت بھیڑ کا ایک برس کا بچہ۔ ج: اَعْتِدَۃ۔

عَتُوْر - عورت کی فرج کہ غلبہ شہوت سے کھلی ہوئی ہو۔ ج: عُتُر۔

عُتُوْر - (ض) ذکر کو استادہ کرنا۔

عُتُوْك - (ض) [فی] اکیلا پھرنا۔ سفر کرنا۔

عِتْوَل - وہ شخص جو عورتوں سے مستغنی نہ ہو سکے۔ ہرن۔

عَتُوْن - مضبوط۔ قوی۔ ج: عُتُن۔

عَتَہ - بے عقلی۔ دل کا ہاتھ سے جاتا رہنا۔

عَتْہ۔ عُتْہ۔ عُتَاہ - (ض) [فی] حرص کرنا۔ سبک عقل ہونا (مجہولاً) عقل کا جاتا رہنا مدہوش ہوجانا۔

عَتِیّ - متکبر۔ حد سے گذرنے والا۔ کمینہ۔ سرکش ج: اَعْتَاء

عَتْی - (ض) بڑائی جتانا۔ حد سے گذرنا۔ تکبر کرنا۔

عُتِیّ - (ن) بڑی عمر کا ہونا۔ کبڑا ہوجانا۔

عُتِیّ۔ عُتُوّ - (ن) تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔ حد سے گذر جانا۔

عَتِیب - ایک ہلاک شدہ قبیلہ کا نام۔

(کَرْیَۃٌ) عَتِیبَۃ - بے خیر و بے سود بستی۔

عَتِید - حاضر و آمادہ۔

عَتِیدَۃ - عطردان ج: عَتَائِد

عَتِیرَۃ - قربانی کی بکری جس کو جاہلیت میں بتوں کے نام پر ماہ رجب میں ذبح کرتے تھے ج: عَتَائِر۔

عَتِیق - آزاد۔ پانی چربی۔ شراب۔ دودھ وغیرہ

میں کا سب سے عمدہ حصّہ ۔ بزرگ
آزاد کیا ہوا ۔ چھٹا ہوا ۔ پسندیدہ ۔
پرانی شراب ۔ اصیل گھوڑا ۔ ج :۔
عُتُق ۔ عُتَقَاء ۔

(اَلْبَيْتُ) الْعَتِيْق ۔ پرانا گھر یعنی خانہ کعبہ ۔

عَتِيْقَة ۔ آزاد کی ہوئی لونڈی ۔ پرانی شراب ۔
ج :۔ عَتَائِق ۔

عَتِيْك ۔ سخت گرم دن ۔

عَتِيْل ۔ مزدور ۔ خادم ۔ ج :۔ عُتَلَاء

ع ۔ ث

عُثّ ۔ مفسد ۔ خراب و تباہ کرنے والا ۔

عَثّ ۔ (ن) اصرار کرنا ۔ کیڑے کا اون کو کھا
لینا ۔ سانپ وغیرہ کا کاٹ کھانا ۔

عَثَاد ۔ جائے ہلاکت ۔

عُثَان ۔ غبار ۔ دھواں ۔ ج :۔ عَوَاثِن ۔

عُثَّة ۔ اون کا کھانے والا کیڑا ج :۔ عُثَث
سانپ جو قحط میں بھوک کی وجہ سے
دوسرے سانپ کو کھا جائے ۔ ج :۔
عِثَاث ۔

عَثْجَل ۔ بڑے پیٹ والا ۔ بڑی مشک ۔ بڑا
برتن ج :۔ عَثَاجِل

عَثْجَلَة ۔ بڑھاپے یا بیماری کے سبب نشست و
برخاست مشکل ہونا ۔

عَثْر ۔ درخت یا کھیت جو بارش سے سیراب
ہو مص (ن) جھوٹ بولنا ۔ رگ کا
اُچھلنا ۔

عَثْر ۔ عُثُوْر ۔ (ن) [عَلٰی] مطلع ہونا ۔ خبردار ہونا

عَثْر ۔ عِثَار ۔ عَثِيْر ۔ (ن ۔ ض ۔ س ۔ ک) سر کے
بل گر پڑنا ۔ منہ کے بل گرنا ۔ ٹھوکر کھا کر
گرنا ۔

عُثُر ۔ عقاب ۔ جھوٹ بولنے والا ۔ جھوٹا ۔
پسپائی ۔

عَثْرَة ۔ ٹھوکر ۔ ج :۔ عَثَرَات

عَثَرِي ۔ درخت یا کھیت جس کو بارش سیراب
کرے ۔ بے پروا آدمی

عَثْك ۔ کھجور کے درخت کے ریشے ۔

عُثْكُول ۔ عِثْكَال ۔ کھجور کا گچھا ۔ بڑی شاخ ۔ چھوٹی
شاخ ج :۔ عَثَاكِل ۔ عَثَاكِيْل ۔

عَثْم ۔ غیر ہموار ۔ بندھی ہوئی ہڈی ۔ مص (س)
ٹوٹی ہڈی کا کھپچی سے غیر ہموار بندھا ہوا
ہونا ۔ ٹوٹی ہڈی پر غیر ہموار کھپچی باندھنا
توشہ دان کو خراب سینا ۔ زخم پر
بغیر اچھا ہوئے گوشت چڑھ جانا ۔

عُثْمَان ۔ اژدہے کا بچہ ۔ سانپ ۔ سانپ کا بچہ ۔
سرخاب کا چوزہ ۔ خوبصورت قلم (یہ لفظ
غیر منصرف ہے) خلیفہ سوم کا نام نامی ۔

عَثَمْثَم ۔ شیر ۔ لمبا اور مضبوط اونٹ (م)
عَثَمْثَمَة

عَثَن ۔ چھوٹا سا بت ۔ دھواں ۔ ج :۔
اَعْثَان

عَثِن ۔ کھانا جس میں دھوئیں کی بو ہو ۔

عَثْن ۔ عُثَان ۔ عُثُوْن ۔ (ن) آگ میں سے دھواں
نکلنا (فی) چڑھنا ۔

عُثْنُوْن ۔ ڈاڑھی ۔ بارش ۔ ابر ۔ ج :۔
عَثَانِيْن ۔

عَثْو ۔ (ن) تباہ کرنا ۔ فساد اٹھانا ۔

عَثْوَاء ۔ لکڑبگڑ ۔ بڑھیا عورت ۔

عَثْوَرَة - بالوں کی لٹ - زلف دراز ج:- عُثَی
عَثْوَثَل - کمینہ اور لٹکے ہوئے گوشت والا آدمی۔
عَثْوَل - احمق - کھجور کا درخت جس کا تنہ موٹا ہو ج:- عُثُل
عِثْوَل - کمینہ اور سست آدمی - وہ شخص جس کے سر اور جسم پر بہت بال ہوں۔

ع - ج

عَجّ - عَجِیْج - (ن ض - س) آواز بلند کرنا۔ سواری کے فن میں خوب ماہر ہونا (ہوا کا) تیز چلنا اور گرد و غبار اڑانا - گرجنا۔
عُجَاب - بڑا انوکھا کام۔
عُجَّاب - بہت ہی انوکھا کام - حد سے زیادہ انوکھا کام۔
عَجَاج - کمینے - وا:- عَجَاجَة غبار - دھواں بے وقوف آدمی۔
عَجَّاج - شور مچانے والا
عَجَاجَة - اونٹوں کا بڑا گلہ - گرد و غبار۔
عَجَارِف - عَجَارِیْف - سختیاں - بارش کی شدت چھوٹا سا تکیہ جس کو عورتیں مٹاپا دکھانے کے لئے سرین پر باندھتی ہیں۔
عُجَاف - کھجور کی ایک قسم۔
عِجَاف - اندرائن کا پھل - زمانہ - کمزور اور دُبلے پتلے (مذکر و مؤنث) وا:- اَعْجَف (مذکر) عَجْفَاء - (مؤنث)
عُجَالَة - ماحضر - جو چیز سردست میسر آئے - اور جھٹ پٹ حاضر کی جائے۔
عُجَالِد - عُجَلِد - جما ہوا دودھ - دودھ جو دہی بن جائے۔
عِجَّان - گردن - سرین - ٹھوڑی کا گڑھا خصیہ اور دُبر کا بیچ ج:- اَعْجِنَة عُجُن۔
عَجَّان - بے وقوف - احمق۔
عُجَاهِن - وہ شخص جس کا نسب خالص نہ ہو۔ نکاح کا وکیل - باورچی ج:- عَجَاهِنَة
عُجَاهِنَة - مشاطہ وہ عورت جو دلھن اور اس کے اہل کے درمیان کدخدائی کے معاملہ میں قاصد ہو۔
عَجْب - دم کی جڑ - ہر چیز کا پچھلا حصہ - ج:- عُجُوب۔
عُجْب - خود بینی - ناز - تکبر و غرور جو عورتوں کے ساتھ بات چیت کرنے کو پسند کرے ج:- اَعْجَاب
عَجَب - انوکھا کام - اچنبھا - رضامندی۔ عَجَبٌ - عَاجِبٌ - عَجِیْبٌ - عُجَاب بہت تعجب۔
عَجِب - (س) تعجب کرنا - آنے والی چیز کو نہ پہچاننا۔
عَجْبَاء - عورت جو اپنی خوبصورتی یا بدصورتی سے تعجب میں ڈالے - وا:- اَعْجَب - ج:- عُجْب۔
عَجْر - عَجَرَان - (ض) گردن موڑنا - خوف سے گذر جانا - کسی پر تلوار سونتنا - گدھے کا کودنا - قاضی کا کسی کو ایک کام سے روکنا - گڑگڑانا
عَجِر - (س) موٹا ہونا - توندیلا ہونا۔
عُجْرَة - رگ پٹھے اور لکڑی وغیرہ کی گرہ۔

عیب ۔ منقصت ۔ دشوار و مشکل کام
ج:۔ عُجَر ۔
عَجْرَم ۔ گٹھے ہوئے بدن کا مضبوط آدمی ۔
ج:۔ عَجَارِم
عَجْرَمَة ۔ سو یا دو سو یا پچاس سے سو تک
اونٹ ۔مص دوڑنا ۔ جلدی کرنا ۔
عُجْرُوف ۔ بڑھیا چست اور سبک رفتار اونٹنی
لمبے پاؤں والی تیز رو چیونٹی ۔
عَجْز ۔ تلوار کا قبضہ ۔ ایک بیماری ہے
کہ جانوروں کے سرین میں ہوتی
ہے ۔
عَجَز ۔ عَجَزَان ۔ عُجُوز ۔ (ض ۔ س) کمزور و ناتواں
ہو جانا ۔ ایک ایسی چیز کو ترک کر دینا
جس کا کرنا ضروری تھا ۔ سستی کرنا ۔
عَجَز ۔ عُجُز ۔ (س) کلاں سرین ہونا ۔
عُجْز ۔ سرین ۔ ہر چیز کی جڑ (مذکر و مؤنث)
ج:۔ اَعْجَاز ۔
عَجْزَاء ۔ بڑے سرین کی عورت ۔ ج:۔ عُجْز ۔
عِجْزَة ۔ پچھلا بچہ جس کے بعد کوئی بچہ نہ ہو ۔
(مذکر و مؤنث واحد و جمع)
عَجَس ۔ عُجْس ۔ عِجْس ۔ کمان کا قبضہ ۔ رات کا
ایک حصہ ۔
عَجْس ۔ (ض) پنجے سے پکڑنا [عن] روک دینا ۔
باز رکھنا ۔
عُجْسَة ۔ رات کا ایک حصہ ۔ وقت
عَجْسَمَة ۔ ہلکا پن ۔ جلدی مص سبک اور ہلکا ہونا
جلدی کرنا ۔
عَجْعَاج ۔ شور مچانے والا ۔ اصیل و عمر رسیدہ گھوڑا
عَجْعَجَة ۔ اونٹ کا بڑ بڑاتا ۔ شور مچاتا ۔ حرف

یٰ کو جیم سے بدل کر بولنا ۔
عَجَف ۔ (س ۔ ک) لاغر ہونا ۔ دُبلا ہونا ۔
عَجْف ۔ عُجُوف ۔ (ض) [عن] باز رکھنا ۔ روکنا
[علیٰ] تیمار داری استقلال کے
ساتھ کرنا ۔
عَجْف ۔ (ن ۔ ض) بردبار بنانا ۔ دبلا کرنا ۔
[عن] جدا ہونا اور دُور ہونا ۔
عَجْفَاء ۔ بہت دبلی ۔ ج:۔ عُجْف
(قَوْم) عَجْفیٰ ۔ دُبلے لوگ ۔
عِجْل ۔ بچھڑا ۔ گوسالہ ۔ ج:۔ عُجُول ۔
عِجَلَة ۔ عِجَال ۔
عُجْل ۔ ماحضر
عَجِل ۔ جلد ۔ فوراً شتاب و سریع ۔
عَجَل ۔ گارا ۔ کالی کیچڑ ۔ سڑی ہوئی ۔
عَجَل ۔ عَجَلَة ۔ (س) دوڑنا ۔ جلدی کرنا
عَجْلَان ۔ تیز رفتار ۔ ج:۔ عَجَالیٰ
عِجَال ۔
عَجَلَة ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔ کنوئیں کی گھرنی ۔
گارا ۔ کالا گارا ۔ (د) گاڑی کا پہیہ ۔
ج:۔ اَعْجَال ۔ عِجَال
عِجْلَة ۔ بچھیا ۔ تیل کی مشک ۔ کنوئیں کی گھرنی
توشہ دان ۔ ج:۔ عِجَل ۔ عِجَال
عِجْلِزَة ۔ مضبوط و قوی اونٹنی ج:۔ عَجَالِز ۔
عَجْلیٰ ۔ جلد باز عورت (قَوْسٌ عَجْلیٰ) جلد
تیر پھینکنے والی کمان ج:۔ عَجَالیٰ
عَجْم ۔ چھوٹے چھوٹے اونٹ (مذکر و مؤنث)
ج:۔ عُجُوم عقل مند
عَجْم ۔ عُجُوم ۔ (ن) کسی چیز میں دانت گھسانا
دانت سے چیز کی سختی و نرمی معلوم کرنا

آزمائش کرنا ۔ حرفوں پر نقطے لگانا ۔

عُجْم ۔ غیر عرب

عَجْم ۔ کھجور کی گٹھلی ۔ انگور وغیرہ کا بیج ۔ وا۔ عَجْمَۃ ۔ عرب کے علاوہ دوسرے ممالک کے باشندے ۔ وا۔ عَجَمِیّ ۔

عَجْمَاء ۔ چوپایہ ۔ گونگی عورت جو بات نہ کر سکے (اَعْجَم کا مؤنث) ریگستان بے درخت دن کی نماز ۔ ج:۔ عُجْم ۔

عَجْمَۃ ۔ سخت پتھر کی چٹان ۔ ایک گٹھلی یا ایک بیج ۔ پانچ برس تک کے اونٹ کے بچے ۔ ج:۔ عَجَمَات

عُجْمَۃ ۔ ریت کا ٹیلہ ۔ ریت کی کثرت ۔ عجمیت یعنی عربی نہ ہونا ۔

عَجَمِیّ ۔ جو صاف بات نہ کہہ سکے ۔ عجم کا رہنے والا ۔ اگرچہ فصیح ہو ۔ ج:۔ عَجَم ۔

عَجْن } (ض ۔ ن) گوندھنا ۔ خمیر کرنا ۔ اونٹنی
عَجِیْن } کا، چلتے ہوئے زمین پر ہاتھ مارنا ۔ خصیہ اور ڈبر کے مابین حصہ پر مارنا ۔

عَجَن ۔ (س) (اونٹ کا) فربہ ہونا (اونٹنی کے) فرج اور دبر کے مابین حصہ کا سوج جانا ۔

عَجِن ۔ موٹا اور فربہ اونٹ ۔

عَجْو ۔ (ن) اونٹ کا بڑبڑانا ۔ بدخو ہونا کھولنا ۔ سمیٹنا اور ٹیڑھا کرنا ۔

عَجْوَۃ ۔ ایک قسم کی مدینہ منورہ کی کھجور مص (ن) ماں کا بچہ کو دیر میں دودھ دینا ۔

عُجْوَۃ ۔ وہ دودھ جو یتیم بچہ کو پلایا جائے ۔

عَجْوَر ۔ چوڑی ہڈیوں والا آدمی ۔

عَجُوْز ۔ بہت بڑی عمر کی عورت ۔ بڑھیا بڑی بی ۔ بڈھا ۔ ج:۔ عُجُز ۔ عَجَائِز

عُجُوْز ۔ (ک ۔ ن) بہت بڑھیا ہونا ۔

عُجُوْس ۔ بھاری بادل ۔ لگاتار برسنے والی بارش ۔

عَجُوْف ۔ (ت) باوجود اشتہا کے کھانا چھوڑ دینا ۔

عَجُوْل ۔ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو ۔ اونٹنی جس کا بچہ گم ہوگیا ہو ۔ جلد باز ۔ خوب دوڑنے والا ۔ سرگرداں عورت یا اونٹنی ۔ ج:۔ عُجُل ۔ عَجَائِل موت ۔ صبح کا ناشتہ ۔

عِجَّوْل ۔ گوسالہ ۔ بچھڑا ۔ م عِجَّوْلَۃ ج:۔ عَجَاجِیْل ۔

عَجُوْمَۃ ۔ سفر کی طاقت رکھنے والی اونٹنی ۔

عُجِّی ۔ بچہ جسے دیر میں دودھ ملا ہو ۔ بچہ جس نے غیر کے دودھ سے تربیت پائی ہو ۔ ج:۔ عَجَایَا (م) عُجِّیَّۃ ۔

عَجِیْب ۔ انوکھی چیز ۔ انوکھا کام ۔ ج:۔ عَجَائِب

عَجِیْبَۃ ۔ انوکھا کام ۔ تعجب انگیز کام ۔ ج:۔ عَجَائِب ۔

عُجِیَّۃ ۔ خشک کھال جسے پکا کر کھاتے ہیں ۔ ج:۔ عُجِّیّ ۔

عَجِیْز ۔ نامرد جو عورت پر قادر نہ ہو ۔ سرین ۔ خاص عورت کے سرین ۔ ج: عَجَائِز

عَجِیْس ۔ نر جو جفتی نہ کر سکے ۔ کھجور کا درخت جو تلقیح قبول نہ کرے ۔

عَجِيْل - سرعت کرنے والا۔ ج: عَجَالیٰ - عِجَال -
عُجَيْل - صبح کا ناشتہ - ماحضر جو کسی کے لئے جھٹ پٹ تیار کیا جائے۔
عُجَيْلَة - دوڑ - جھپٹ۔
عُجَيْلیٰ - دوڑ - جھپٹ۔
عَجِيْن - گندھا ہوا آٹا - مخنث - ج: عُجُن -
عَجِيْنَة - مخنث - سست مرد یا عورت - احمق - گروہ۔

ع - د

عَدّ - (ن) شمار کرنا - گننا -
عِدّ - پانی جو منقطع نہ ہو جیسے چشمہ کا پانی - کثرت - پرانا کنواں - ہمسر - حریف ج: اَعْدَاد
عَدَا - سوا (فعل ہے اپنے مابعد کو زبر دیتا ہے - اور اس پر ما بھی داخل ہوتا ہے)۔
عَدَّاء - بہت تیز دوڑنے والا۔
عِدَاء - ایک ڈگ - لمبائی چوڑائی - (مفاعلہ) دو شکاروں کو ایک دوسرے کے بعد مار لینا۔
عَدَاء - دوری - ہر وہ چیز جو کسی چیز سے روک دے۔
عَدَائِم - مدینہ منورہ کی ایک قسم کی کھجوریں جو فصل کے آخر میں پھل لاتی ہیں۔
عَدَاب - باریک ریت (واحد جمع)
عَدَابَة - بچہ دانی - دیر ناف کی جڑ۔

عِدَاد - ہمسر - برابر کا - بخشش - دیوانگی - کا اثر - موت کا وقت - کمان کی آواز - مص آپس میں برابر بانٹ لینا - ایک ایک سال کے بعد سانپ کے کاٹے ہوئے کی تکلیف کا عود کرنا جنگ میں ایک کا دوسرے کے مقابلہ میں آنا۔
عَدَّار - ملاح۔
عُدَاف - تھوڑا۔
عِدَال - دو چیزوں میں سے ایک کے اختیار کرنے میں متردد ہونا - کسی کے ساتھ کجاوہ میں سوار ہونا۔
عَدَالَة - انصاف - راستی (ك) گواہی کے لائق ہونا۔
عَدَامَة - عُدْم (ك) احمق ہو جانا۔
عُدَامِس - بہت سی خشک گھاس جو ایک جگہ جمع ہو۔
عَدَان - دریا کا کنارہ - نہر اور ندی کا کنارہ - سات سال کا عرصہ۔
عَدَانُ الشَّیْءِ - چیز کا عہد و زمانہ - چیز کا بہتر و شروع۔
عَدَانَة - آدمیوں کا گروہ - ج: عَدَانَات
عَدَاوَة - دشمنی۔
عَدَبَّس - قوی - مضبوط - گٹھے ہوئے جسم والا - بد اخلاق - بد صورت ج: عَدَابِس -
عَدَبِیّ - اچھی عادت والا - خوش اخلاق آدمی بے عیب۔
عِدَّة - گروہ

عِدَّۃُ کُتُب ۔ کتابوں کا لپٹا۔
عِدَّۃُ المَرْءَۃ ۔ عورت کے حیض کے دن یا طُہر کے دن۔ خاوند کے مرنے کے بعد عورت کے سوگ کی مدت۔ طلاق کے بعد گھر میں بیٹھنے کی مدت۔
عُدَّۃٌ ۔ سازوسامان ۔ آمادگی۔ تیاری۔ ج: عُدَد۔
عِدَۃ ۔ (ض) وعدہ کرنا۔
عَدَث ۔ عادت کی نرمی
عَدَد ۔ شمار۔ شمار کیا ہوا۔ کسی کی عمر کے سال جو شمار کیے جائیں۔ ج: اَعْدَاد
عِدَد ۔ مدت کے بعد سانپ کے کاٹے ہوئے کی تکلیف کا عود کر آنا۔
عَدَس ۔ (س) بہت پانی والا ہونا۔
عَدَس ۔ دلیری۔ زور کی بارش۔
عَدَدج ۔ ہلکا اور تیز رو۔
عَدْس ۔ (ض) خدمت کرنا۔ چرانا۔ بہت پامال کرنا۔ کوشش کرنا۔ سونپنا۔ (مجہولاً) چیچک یا سرخ یادہ ہوجانا
عَدْس ۔ عَدَسَان ۔ عِدَاس ۔ عُدُوْس ۔ (ض) [فی] پھرنا۔ چلنا۔
عَدَس ۔ مسور۔ وا: عَدَسَۃٌ
عَدَسَۃ ۔ مسور کا ایک دانہ۔ سرخ دانہ جو بدن پر نکلتا ہے۔ ایک قسم کا وبائی آبلہ۔
عَدْعَدَۃ ۔ شتابی۔ جلدی مص چلنے میں جلدی کرنا۔
عَدْف ۔ تھوڑی بخشش۔ چوپایہ کی تھوڑی خوراک ہر چیز تھوڑی سی مص (ض) کھانا۔

عِذْف رات کا ایک حصّہ۔ آدمیوں کے گروہ ہر چیز کی اصل۔ دس سے پچاس تک آدمیوں کا گروہ۔
عَذَف ۔ خس وخاشاک۔ تھوڑا سا چارہ وغیرہ۔
عَذْفَۃ ۔ ہر چیز کی جڑ۔ اصل بنیاد۔ ج: عَذَف
عِذْفَۃ ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ انگیا۔ کپڑے کا پلو۔ ج: عِذَف دس سے پچاس تک کا گروہ۔
عَذَق ۔ (س) ایک کام کو اپنی غالب رائے پر کرنا۔ عدم تیقن کے ساتھ حوض کے کناروں میں ہاتھ ڈالنا جیسے کوئی کسی چیز کو تلاش کرتا ہے۔
عَذْق ۔ (ف) جمع کرنا۔ اپنی غالب رائے پر کام کرنا جس کا یقین نہ ہو۔
عَذَقَۃ ۔ لوہے کا کانٹا جس سے کنویں میں سے ڈول نکال لیتے ہیں۔ ج: عَذَق۔
عَذْك (ض) ہتھوڑے سے اون کو کوٹ کر دُھننا۔
عَذْل ۔ انصاف ضد جور۔ گواہی کے لائق کہ لوگوں کے نزدیک ٹھیک چال چلن رکھتا ہو۔ منصف (مذکر و مؤنث واحد و جمع) مساوی۔ برابر۔ مانند مثل۔ ہم جنس ہو یا غیر ہم جنس۔ ج: اَعْذَال پیمانہ۔ بدلہ۔ فریضہ۔
عَذْل ۔ عُذُوْل ۔ (ض) خم دار اور کج ہونا۔

رک جانا [ل] مانند ومشابہ کرنا ۔ برابر کرنا [ب] شرک کرنا [بین] دو چیزوں میں سے ایک کے اختیار کرنے میں متردد ہونا [عن] اعراض کرنا ۔ [الیٰ] کسی کی طرف پھرنا ۔

عَدَل ۔عَدُولَة ۔ (ض) انصاف کرنا ۔ ہم وزن کرنا ۔ سیدھا کرنا ۔ برابر کرنا ۔ کسی کے برابر آنا ۔ کسی کے ہمراہ سوار ہونا ۔ کسی کو کسی کے برابر اور مشابہ کرنا ۔

عِدْل ۔ مانند وہمسر ۔ وزن اور مقدار میں مانند ومثل ۔ ج:۔ اَعْدَال ۔ عُدُول

عَدِل ۔ دو گٹھریوں کی برابری ۔

عَدِلَة ۔ منصف عورت ۔

عَدَلَة ۔ گواہی کی لیاقت رکھنے والے منصف لوگ ۔ وا:۔ عَادِل

عُدَلَه ۔ گواہی کی لیاقت رکھنے والا ۔

عَدْلِيَّة ۔ محکمہ ۔ عدالت (د)

عَدَم ۔ نیستی ۔ درویشی ۔ مص (س) گم کرنا ۔

عُدْم ۔ درویشی ۔

عَدِم ۔ درویش ومحتاج ۔

عَدْمَاء ۔ زمین ویران ۔ بکری جس کے تمام جسم میں صرف سر سفید ہو ۔ ج:۔ عُدْم ۔

عُدْمُل ۔ دیرینہ ۔ پرانا ۔ نرگدھ ۔

عَدَامِي ۔ انار ۔ کسٹ (د)

عَدْن ۔ ہمیشگی ۔ مداومت (ض ۔ ن) اقامت کرنا ۔ ایک جگہ میں ہمیشہ رہنا ۔ لازم پکڑنا ۔ کھجور کے درخت کا دراز ہونا ۔

عَدْن ۔ (ض) کھاد ڈالنا ۔ کلہاڑی وغیرہ سے کاٹنا ۔ اکھاڑنا ۔

عَدُوّ ۔ دشمن (واحد وجمع مذکر ومؤنث) ۔ ج:۔ اَعْدَاء جج ۔ اَعَادِي

عَدْو ۔ عُدُوّ ۔ عَدَوَان ۔ عَدَاء (ن) دوڑنا ۔ دوڑنے کا ارادہ کرنا ۔

عَدْوٌ ۔ عُدْوَان ۔ سرکشی ۔ حد سے تجاوز ۔ مص (ن) ، حد سے تجاوز کرنا ۔

عُدُوّ ۔ عَدْو ۔ عَدَاء ۔ عُدْوَان ۔ عُدْوَى ۔ [علیٰ] (ن) کسی پر ظلم کرنا ۔ حد سے گذر جانا

عِدْوٌ ۔ چیز کی لمبائی اور چوڑائی ۔ چیز کی جسامت کی حدود ۔ چھوٹا پتھر ۔ جس سے کوئی چیز ڈھکی جائے ۔ ج:۔ عِدَاء ۔

عُدَوَاء ۔ سخت زمین خشک جگہ کی دوری وہ جگہ کہ بیٹھنے والا وہاں بے آرام رہے ۔

عُدَوَاءُ الشُّغْل ۔ شغل کے موانع ۔

عَدَوَان ۔ بے تحاشا دوڑ ۔ مص (ن) دوڑنا ۔

عُدْوَان ۔ صریح ظلم ۔ زیادتی ۔

عَدُوب ۔ بہت ریت ۔

عُدْوَة ۔ عِدْوَة ۔ بلند مقام ۔ وادی کا کنارہ ج:۔ عِدَاء ۔

عَدُوَّة ۔ دشمن عورت ۔

عَدُوس ۔ دلیر وبہادر عورت ۔

عَدُوس السُّرى ۔ جو رات میں سفر کرنے پر قوی ومضبوط ہو ۔

عَدُوف ۔ بہت چکھنے والا ۔ چوپایہ کا چارہ ۔

ج :۔ عُدُف
عَدُولِیّ ۔ کشتیبان ۔ ملاح
عَدُوم ۔ محتاج ۔ مفلس جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
عَدْوٰی ۔ بیماری جو ایک سے دوسرے کو لگ جائے
عُدْوٰی ۔ خرابی و فساد ۔
عَدِیّ ۔ آگے دوڑنے والے ۔ وہ پیدل فوج جو دھاوا کرتی ہے اور آگے بڑھ کر جنگ کرتی ہے ۔ لشکر جو حملہ کے لئے دوڑ رہا ہو۔
عِدَیٰ ۔ کنارہ ۔ ج :۔ اَعْدَاء دوڑنے والے ۔ مسافر لوگ ۔ دشمن لوگ ۔
عُدَیٰ ۔ دشمن (اسم جمع)
عُدَیٰ ۔ عُدْوَان ۔ [علی] چوری کرنا
عُدَیَّۃ ۔ قبیلہ ۔ پشتہ ۔ ٹیلا ۔
عَدِیْد ۔ شمار ۔ گنتی ۔ ہمسر ۔ کمان کی آواز ۔ مثل و مشابہ
عَدِیْدُ الْقَوْمِ ۔ قوم میں شمار کیا ہوا یعنی قوم میں کا ۔
عَدِیْدُ الشَّیْءِ ۔ شمار میں دوسری شے کے برابر ۔
عَدِیْدَۃ ۔ حِصّہ ۔ نصیبہ ۔ شمار کی ہوئی ۔ ج :۔ عَدَائِد ۔
عَدِیْل ۔ مانند ۔ ہم وزن ۔ ہمسر ۔ برابر کا ۔ ج :۔ عُدَلَاء ۔
عَدِیْم ۔ احمق و دیوانہ (اس لئے کہ عقل کو نہیں رکھتا) محتاج و مفلس ۔ ج :۔ عُدَمَاء
عَدِیْنَۃ ۔ ڈول کی جڑ کی کھال کا ٹکڑا ۔ ج :۔ ج ۔ عَدَائِن

ع ۔ ذ

عَذَاب ۔ شکنجہ ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔ درد ۔ ج :۔ اَعْذِبَۃ ۔
عَذَابَۃ ۔ عَلَابَۃ بچہ دانی ۔
عَذَاۃ ۔ اچھی زمین پانی سے دور جس کی آب و ہوا اچھی ہو اور اس میں شوریت نہ ہو ۔ ج :۔ عَذَوَات
عِذَار ۔ حیا ۔ شرم ۔ رخسار ۔ ڈاڑھی کا وہ حصہ جو کان کے مقابل ہے ۔ کسی تقریب کا کھانا ۔ چٹیل سخت میدان ج :۔ عُذُر ملک عرب کی زمین جو عراق سے متصل ہے ۔
(خَلِیْعُ الْعِذَار) ۔ خودسر ۔ چوپایہ جس کی ڈھاٹی ٹوٹ گئی ہو اور بے قابو ہو گیا ہو ۔
عِذَارَتَا النَّصْل ۔ پیکان کے دونوں کنارے پھل کے تیز پہلو ۔
(سَمٌّ) عُذَاف ۔ زہر قاتل ۔
عُذَافِر ۔ شیر ۔ مضبوط و قوی الجثہ اونٹ ۔ (م) عُذَافِرَۃ ۔
عَذَّال ۔ بہت ملامت کرنے والا ۔ نصیحت کرنے والا ۔
عَذَّالَۃ ۔ سرین ۔ مقعد ۔ بہت ۔ ملامت کرنیوالا (مذکر و مؤنث)
عَذَّام ۔ منہ سے بہت کاٹنے والا ۔ بہت ملامت کرنے والا ۔
عَذَاوَۃ ۔ (ل ث) (اگبر کا) پاکیزہ ہونا ۔ اچھی آب ہوا والا ہونا ۔
عَذَّاب ۔ تنکا ۔ ڈورا جس سے ترازو اٹھی

جاتی ہے ۔ درخت کی شاخیں۔
عمامہ کا شملہ ۔ واحد عَذَبَۃ
عَذْب ۔ میٹھا ۔ ہلکا اور خوشگوار پانی ۔ خوش گوار لذیذ و شیریں اور زود ہضم کھانا ۔
مص (ن) پیاس کی شدت سے کھانا نہ کھانا ۔ رکنا ۔ روکنا ۔ کسی چیز کو چھوڑ دینا ۔
عَذِب ۔ کائی دار پانی ۔
عَذْبَۃ ۔ کائی ۔ ایک درخت کہ جس کے کھانے سے اونٹ مر جاتا ہے ۔
عَذِبَۃ ۔ کائی ۔ خس و خاشاک ۔ بھس چھٹکن ۔
عَذَبَۃ ۔ کائی ۔ پگڑی کا شملہ ۔ درخت کی شاخ زبان کی تیزی ج : عَذَب
عَذِق ۔ کریم الاخلاق ۔ خوش خو آدمی ۔
عَذْج ۔ پینا ۔ (ت)
عَذْر ۔ (ن ۔ ض) بہت عیب دار اور گنہگار ہونا ۔ ختنہ کرنا ۔
عُذْر ۔ بہانہ ۔ ج : اَعْذَار ۔ فیجمندی غلبہ کنوارپن ۔ دوشیزگی
عُذْرَیٰ ۔ معذرت ۔ بہانہ ۔ دلیل جو عذر خواہی کے لئے پیش کی جائے مص (ض) بہانہ کرنا حیلہ کرنا ۔ معذور رکھنا ۔ ختنہ کرنا
عَذْرَاء ۔ کنواری ۔ لوہے کی سیخ وغیرہ جس سے کسی امر کا اقرار حاصل کرنے کے لئے تکلیف دیں ۔ بن بندھا موتی ۔ دُرِّ ناسفتہ ج : عَذَارَیٰ ۔
عُذْرَۃ ۔ بالوں کی لٹ ۔ گھوڑے کی پیشانی یا چوٹی یا ایال کے بال ۔ ختنہ کا غلاف جو کاٹ دیا جاتا ہے ۔ عورت کی فرج کے درمیان کا ابھار ۔ کنوارپن ۔ نشان ۔ گلے کی دکھن ۔ ج : عُذَر ۔ ازالۂ بکارت ۔
(ابو) عُذْرَۃ ۔ کنوارپن زائل کرنے والا مرد ۔
عِذْرَۃ ۔ عذر خواہی ۔
عَذِرَۃ ۔ پلیدی ۔ گھر کے سامنے کا صحن ۔ نشست گاہ ۔ چوپال ۔
عَذْف ۔ (ض) تھوڑا کھانا ۔
عَذْق ۔ کھجور کا درخت ۔ پھلا ہوا ۔ ج : اَعْذَاق ۔ عِذْق ۔ ایک قسم کی مدینہ منورہ کی کھجور مص (ض) کھجور کی شاخوں کو کاٹنا ۔
عِذْق ۔ کھجور کا خوشہ ۔ انگور کا خوشہ ۔ گچھا ۔ ج : اَعْذَاق ۔ عُذُوق ٹہنی جس میں اور بہت سی ٹہنیاں ہوں
عَذِق ۔ عقل مند آدمی ۔ ہوشیار ۔ تیز زبان طرار ۔ طَیِّبٌ عَذِقٌ تیز و تند ۔ بو ۔ خوشبو ۔
عَذْقَانَۃ ۔ زبان دراز عورت ۔
عَذْقَۃ ۔ اون وغیرہ کی ایک علامت جو بکری پر لگائی جاتی ہے اور اس کے رنگ کے مخالف ہوتی ہے ۔
عَذْل ۔ (ض) ملامت کرنا ۔
(اَیَّامٌ) عُذَّل ۔ خوب گرم دن ۔
عَذَل ۔ ملامت
عُذَلَۃ ۔ بہت ملامت کرنے والا ۔
عُذْلِجَۃ ۔ پُر کرنا ۔ بھرنا ۔ اچھی غذا دینا ۔

عُذْلُوْق - ہلکا پھلکا ۔ چالاک تیز فہم لڑکا ۔ ج:۔ عَذَالِیْق ۔
عَذْم ۔ (ض) دانت سے کاٹنا ۔ ملامت کرنا زور سے کھانا ۔ [عن] دفع کرنا ۔
عَذْو ۔ (ن) شہر کی آب و ہوا کا اچھا ہونا ۔
عُذُوْب ۔ بندھا ہوا ۔ چوپایہ جو پانی اور چارہ نہ کھائے ۔ جو شخص شدت تشنگی سے نہ کھائے ۔ وہ کہ اس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو ۔
عُذُوْبَۃ ۔ (ک) پانی کا پاکیزہ ہونا ۔
عَذَوَّر ۔ بڑے پیٹ والا گدھا ۔ بداخلاق و سنگ دل آدمی ۔
عَذُوْف ۔ خوب کھانے والا ۔ مزے چکھنے والا چوپایہ کا چارہ ۔
عَذُوْل ۔ بہت ملامت کرنے والا ۔
عَذُوْم ۔ بہت منہ سے کاٹنے والا ۔ بہت ملامت کرنے والا ۔ ج:۔ عُذُم ۔
عِذْی ۔ کھیت جو مینہ کے پانی سے سیراب ہو ۔ وہ مقام جہاں کی زمین شورنہ ہو ۔ ج:۔ اَعْذَاء
عَذَی ۔ (س) (جگہ کا) اچھی آب و ہوا والا اور پاکیزہ ہونا ۔
عَذِیَۃ ۔ خس و خاشاک ۔ اچھی مٹی والی زمین
عَذِیْر ۔ ولیمہ اور ختنہ وغیرہ کا کھانا ۔ عذر خواہ ۔ کیفیت و حالت جو عذر خواہی کے لیئے بنائی جائے ۔ مددگار ۔ ج:۔ عُذُر ۔
عَذِیْرَۃ ۔ زخم کا نشان ۔ ختنہ کی تقریب ج:۔ عَذَائِر ۔
عَذِیْمَۃ ۔ ملامت ۔ کھجور جس میں گٹھلی نہ ہو ۔ ج:۔ عَذَائِم ۔

ع ۔ ر

عَرّ ۔ خارش ۔ بچہ جو جلدی دودھ سے چھڑایا گیا ہو ۔ مص (ن) حاجتمند ہونا ۔ بے مانگے دینا ۔ بال اکھاڑنا
عَرَّ ۔ عُرُوْر ۔ (ن ض) اونٹوں کا خارشی ہونا ۔
عُرّ ۔ لڑکا ۔ پرندہ کی بیٹ مص (ن) کسی کو برائی میں آلودہ کردینا ۔ گناہ میں پھنسا دینا ۔ غمگین کرنا ۔
عَرَا ۔ کنارہ ۔ گھر کا صحن ۔ جاڑے کا کڑاکا
عَرَاء ۔ جگہ چٹیل میدان جس میں کوئی چیز مخفی نہ ہو سکے ۔ ج:۔ اَعْرِیَۃ
اَعْرَاء ۔ خالی جگہ ۔ روئے زمین
عَرَّاء ۔ کنواری لڑکی ۔ چھوٹے کوہان والی اونٹنی (اَعَرّ کا مؤنث)
عِرَاب ۔ قد آور عربی گھوڑے ۔ عربی اونٹ ۔
عَرَاب ۔ ایک درخت کا پھل جس کی چھال سے رسّی بناتے ہیں ۔
عَرَّاب ۔ بکری کے تھنوں کا غلاف بنانیوالا
عِرَابَۃ ۔ فحش گوئی ۔ بیہودہ بکواس ۔ بدکلامی
عَرَاۃ ۔ کنارہ ۔ گھر کا صحن ۔
عَرَّات ۔ لرزنے اور چمکنے والا ۔ (نیزہ وغیرہ)

عَرَاد ۔ لمبی اور سخت گھاس ۔ ایک خاص گھاس ۔
عَرَادَة ۔ منجنیق سے چھوٹا ۔ ایک حربی آلہ ۔
عَرَادَة ۔ مادہ ٹڈی ۔ جال ۔
عَرَادِیس ۔ ہڈیوں کے جوڑ ۔
عَرَار ۔ سختی ۔ بلندی ۔ سرداری ۔ چیز کی اصل ۔ عادت کی برائی ۔ خون کا بدلہ خون ۔ بچہ جو جلد دودھ چھوڑ دے ایک خوشبودار پھول ۔ نرگس صحرائی ۔
عَرَارَة ۔ لڑکی ۔ جو جلد دودھ چھوڑ دے ۔ بدخوئی ۔ سرداری ۔ سختی ۔ اصل ۔
عَرَازِم ۔ عِرَازِم ۔ عِرْزَام ۔ شیر ۔
عَرَازِیل ۔ وہ لوگ جو چوری میں متفق اور ہم مشرب ہوں ۔
عِرَاس ۔ رسّی جس سے اونٹ کی گردن اس کے بازو سے باندھتے ہیں ۔ ج : اَعْرِسَة ۔
عَرَّاص ۔ ابر جس میں گرج اور بجلی ہو ۔ لچکدار
عُرَاصِم ۔ شمشیر ۔ لچکدار ۔ نیزہ ۔ شیر ۔
عِرَاض ۔ کنارہ ۔ مص (مفاعلة) سامنے آنا پھر جانا ۔ ایک طرف ہو جانا ۔ کنارے کنارے چلنا
عُرَاضَة ۔ چوڑا ۔ تحفہ ۔
عُرَاضَة ۔ چوڑی ۔ غلہ وغیرہ جو باہر سے لایا جائے ۔
عَرَّاف ۔ کاہن ۔ طبیب ۔
عِرَافَة ۔ چودھرایت مص (ن) (علی) چودھری ہونا ۔
عَرَافِج ۔ عرب کے چند ریگستان جن میں راستہ نہیں ہے ۔
عَرَاق ۔ گوشت دار ہڈی ۔ صاف پانی ۔ کثیر بارش ۔
عِرَاق ۔ دریا کا کنارہ ۔ پانی کا کنارہ ۔ پہاڑ کی حد اور اس کا کنارہ ۔ کان کا گھیرا ۔ گھر کے آگے کا صحن ۔ ج : اَعْرِقَة ۔ عُرُق ۔ عرب کی وہ سرزمین جو طول میں عبادان سے موصل تک اور عرض میں قادسیہ سے حلوان تک ہے ۔
عِرَاقُ الْغَيْث ۔ گھاس جو بارش کے بعد اُگے
عِرَاقَان ۔ کوفہ اور بصرہ ۔
عُرَاقَة ۔ صاف پانی ۔ بہت بارش ۔
عَرَاقِیب ۔ پہاڑ کے ناکے اور دشوار گذار راستے ۔
(طَيْرُ) الْعَرَاقِيب ۔ ایک نقطہ دار پرندہ ۔
عَرَاقِيبُ الْاُمُوْر ۔ امور عظیمہ و دشوار ۔
(اِبِل) عَرَاقِيَّة ۔ اونٹ جو بچی ہوئی گھاس کھائیں ۔
عَرَاقِيل ۔ سختیاں ۔ دشواریاں ۔
عُرَام ۔ ہڈی جس پر سے گوشت چھڑا لیا گیا ہو ۔ درخت جس کی چھال اتر گئی ہو شوخی ۔ بدخوئی ۔ رنجش ۔ اذیت خوشی و سرور مص (ن ۔ ك ۔ س) سخت ہونا ۔ شوخ ہونا (علی) نازکرنا سرگشتہ ہونا ۔ تباہ ہونا ۔
عُرَامُ الْجَيْش ۔ لشکر کی کثرت اور تیزی و سختی ۔

عِرَان ۔ اونٹ کی نکیل ۔ چوپایہ کی ایک بیماری
سینگ ۔ میخ ۔ مص (ن) لڑائی
لڑتا ۔ نرم ہونا ۔
عُرَانِیَۃ ۔ پانی کی طغیانی ۔ پانی کی کثرت ۔
عُرَاھِل ۔ پورے بدن کا گھوڑا ۔
(جَمَل) عُرَاھِن ۔ عمدہ اونٹ ۔
عَرَاھِیل ۔ بن سری ۔ جماعت ۔
عَرَاھِیم ۔ موٹی اونٹنی ۔ شیر ۔
عَرْب ۔ خوشی ۔ شادمانی ۔
عِرْب ۔ سوکھی (بہی) گھاس
عُرْب ۔ عرب کا آدمی ۔ عرب کے شہروں کا رہنے
والا ۔
عَرِب ۔ صاف بہت سا پانی ۔ رَجُلٌ عَرِب
تباہ حال مرد ۔
عَرَب ۔ (س) خوش ہونا ۔ سوج جاتا ۔ زخمی
ہونا ۔ نشان باقی رہنا ۔ خراب ہوجاتا
بہت پانی والا ہوتا ۔
عَرَبٌ عَارِبَۃ ۔ خالص عرب ۔
عَرَبٌ عَرْبَاءُ عَرَبِیَّۃٌ عَرَبَات ۔ عرب
خالص ۔
عِرْبَاض ۔ سخت ۔ قوی ۔ مضبوط آدمی یا اونٹ
قدآور چوڑے سینہ کا ۔ شیر ببر ۔
ج: عَرَابِیض
عُرْبَان ۔ بیعانہ
عَرَبَۃ ۔ نہر جس کا پانی بہت تیز چلے ۔ سانس
(د) گاڑی ۔
عَرِبَۃ ۔ عرب خالص ۔ بہت ہنسنے والی عورت
معدہ جو خراب ہوگیا ہو بہت
پانی کا کنواں ۔

عُرْبُج ۔ موٹا تازہ کتا ۔ ج: عَرَابِج
عَرْبَجِی ۔ کوچ میں ۔ گاڑی بان (د)
عِرْبِد ۔ سانپ ۔ سخت زمین ۔ ج:
عَرَابِد ۔
عِرْبِدّ ۔ ہر چیز سخت ۔ عادت زسانپ ۔
عَرْبَدَۃ ۔ بدخلقی و جنگ جوئی مص بدخلقی کرنا
جنگ جوئی کرنا ۔
عِرْبِس ۔ آخر شب میں اترنے کے لئے نرم
زمین کا بلند و ہموار ٹیلا ۔ ج:
عَرَابِس ۔
عُرْبُون ۔ عَرَبُون ۔ عُرْبَان ۔ بیعانہ ۔
ج: عَرَابِین ۔
عَرَبِیّ ۔ سپید جو اور اس کا خوشہ ۔ عرب
کی طرف منسوب ۔ عرب کا باشندہ ۔
ج: عَرَب ۔
عَرَبٌ عَرَبِیّ ۔ جس کا عربی ہونا ظاہر ہو ۔
عَرَبِیَّۃٌ ۔ عرب کی بولی ۔ عَرَبِیّ ۔ کا مؤنث ۔
عَرَّۃ ۔ لڑائی کی سختی ۔ بری عادت ۔ لڑکی
جس کا دودھ جلد چھڑا دیا جائے ۔
عُرَّۃ ۔ بکری کی مینگن ۔ آدمی کی پلیدی ۔ گناہ
وہ شخص جو قوم کی برائی کا سبب
ہو ۔ نجس ۔ چھوٹی عمر کی
لڑکی ۔
عَرَت ۔ (ن) سخت ہونا ۔ لچکنا ۔ چمکنا ۔
(ناک) رگڑ دینا ۔
عَرْتَم ۔ عَرْتَمَۃ ۔ ناک کی جڑ ۔ ناک اور ہونٹ
کے بیچ کا حصہ ۔ ج:
عَرَاتِم
عَرْتَن ۔ ایک گھاس جس سے چمڑے کو دباغت

دی جاتی ہے۔
عَرَثَ - (ن) اکھاڑنا۔ ملنا۔ اُکھڑنا۔
عَرْج - اونٹوں کا گلہ۔ ج:۔ اَعْرَاج - عُرُوج۔
عَرِج - اونٹ جس کے پیشاب کی دھار ٹیڑھی پڑے
عَرَجَ - (س) آفتاب کا غروب ہونا۔
عُرْج - (غیر منصرف) لنگڑے بکرے کا اسم عَلَم
عَرَجَان - لنگڑے پن کی چال۔ رفتار لنگ۔
عُرْجَة - توقف۔ میلان۔
عُرْجَلَة - گھوڑوں کا گلہ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ پیادہ چلنے والوں کا گروہ۔
عَرْجَنَ - خون میں رنگ دینا۔ زعفران لتھیڑنا خضاب کرنا۔ کھجور کے پٹھے سے مارنا۔
عُرْجُود - کھجور کا ٹیڑھا پٹھا۔ انگور جو ابھی چنے کی برابر ہو۔ ج:۔ عَرَاجِید۔
عُرْجُوف - موٹی تازی مضبوط اونٹنی۔ ج:۔ عَرَاجِیف۔
عُرْجُوم - سخت اور مضبوط جسم کی اونٹنی۔ ج:۔ عَرَاجِیم۔
عُرْجُون - کھجور کا پٹھا یا سوکھا ہوا پٹھا کہ ٹیڑھا ہوگیا ہو یا پٹھے کی جڑ یا کھجور کے پٹھے کی لکڑی بغیر پتے کے ج:۔ عَرَاجِین۔
عَرَدَ - (س) بھاگنا۔ فرار ہونا۔
عَرْد - سخت اور ٹھوس۔ ٹھہرا ہوا۔ کھڑا ہوا۔ گدھا۔ گردن کی جڑ۔
عِرْدَام - شاخ جس میں گچھے ہوں۔

بڑی شاخ جس پر چھوٹی چھوٹی شاخیں ہوں۔ ج:۔ عَرَادِیم۔
عَرْدَم - گردن۔ ہر وہ چیز جو موٹی اور پُرگوشت ہو۔ ج:۔ عَرَادِم۔
عَرْدَمَة - کھردرا پن۔ سختی۔
عَرَزَ - کوہان کا چھوٹا پن۔ کوہان کی کمی مص (س) کوہان کا چھوٹا ہونا۔
عَرَزَ - (ن) منقبض اور زچ ہونا (عن) ملامت و سرزنش کرنا۔ سخت ہونا۔
عِرْزَال - آدمیوں کا گروہ۔ درخت کی شاخ مچان۔
عَرْزَب - درشت و سخت۔ قوی و توانا۔ ج عَرَازِب۔
عَرْزَم - سخت اور گول چیز۔
عِرْزِم - پرانا سانپ۔ ج: عَرَازِم
عَرِسَ - (ن) خوش و خرم رہنا (عن) پھر جانا
عِرْس - خاوند والی عورت۔ سہاگن۔ بیوی والا مرد۔ شیر۔ ج:۔ اَعْرَاس
(ابنُ) عِرْس - نیولا۔
عُرْس - (مؤنث) شادی کی تقریب۔ شادی کی دعوت۔ ج:۔ اَعْرَاس۔ عُرُسَات مص (ن) جماع کرنا۔
عَرَسَ - (س) تکبر کرنا۔ بیخود ہونا (من) دہشت کھانا (علیٰ) روک رکھنا۔ (ب) مانوس ہونا۔ لگ جانا۔
عَرِش - پریشان۔ شیر۔ ڈرنے والا۔
عَرْش - تخت۔ بادشاہ کا تخت۔ مرتبہ اور عزت۔ چھت۔ سائبان۔ خیمہ۔ حق سبحانہٗ و تعالیٰ کا تخت۔ ج:۔

عُرُوْش ۔ اَعْرَاش ۔ قوم کا سردار محل جنازہ پرند کا گھونسلہ ۔ کنویں کے اوپر کی لکڑی پاؤں کی پیٹھ ۔ مص (ض ۔ ن) چھپر بنانا ۔ ٹانڈ بنانا ۔ متحیر ہونا ۔ گھر بنانا ۔[ب] مقیم ہونا ۔

عَرَش ۔ (س) سرگشتہ و متحیر ہونا [عن] پھر جانا [علیٰ] قوی ہونا ۔

عُرُش کان ۔ گردن کی جانب میں یا گردن کی جڑ میں گوشت کا لمبا ٹکڑا یا بڑے سینہ کی موٹی اونٹنی ۔ مکہ معظمہ ۔

ج : ۔ عِرَشَۃ ۔ اَعْرَاش

عَرَص ۔ (ض) لگاتار بجلی کا چمکنا اور بادل کا گرجنا مضطرب ہونا ۔

عَرَص ۔ (س) بجلی کا چمکنا ۔ خوش اور بشاش ہونا ۔ گھاس اور گھر میں نمی آجانی ۔

عِرْصَاف ۔ پٹھے کا بنا ہوا کوڑا ۔ تسمہ ۔ کجاوہ کی میخ ۔ ج : ۔ عَرَاصِیف

عَرْصَۃ ۔ گھروں کے درمیان کا صحن ۔ آنگن ۔ لڑائی کا میدان ۔ ج : ۔ عِرَاص ۔

عَرَصَات ۔ اَعْرَاص ۔

عَرْصَم ۔ عِرْصَام ۔ شیر ۔

عِرْصُوْم ۔ کمینہ ۔ ناکارہ ۔ ناقابل ۔

عَرْض ۔ چوڑائی ۔ سامان ۔ سونے چاندی کے سوا ہر چیز ۔ ج : ۔ عُرُوْض ۔ فراخی ۔ وادی ۔ میدان ۔ بادل ۔ ہمت و ارادہ ۔ گاؤں ۔ ج : ۔ اَعْرَاض مص (ض) ظاہر ہونا ۔ ظاہر کرنا ۔ کنارہ پر پہنچنا ۔ مشک وغیرہ بھرنا ۔ بکری کا بیمار ہو کر مرجانا ۔ عرض کرنا ۔ عرضی گزارنا ۔ بچھانا ۔ بن بیمار ہوئے مر جانا (س) بکری کا گھاس کی افراط سے فربہ ہوجانا ۔ پیش آنا ۔

عُرْض ۔ پہاڑ کی جڑ ۔ کنارہ ۔ طرف ۔ ندی ۔ اور دریا کا وسط ۔ بزرگ و شریف آدمی ۔ قصد ۔ ہمت گردن کی دونوں جانبیں ۔ عوام الناس ۔ گوشۂ چشم ۔

ج : ۔ عِرَاض

عِرْض ۔ اندام ۔ ہر عضو جس سے پسینہ آئے آدمی کے بدن کی بدبو یا خوشبو ۔ آبرو و عزت جس کی حفاظت کی جاوے ۔ نسل و خاندان جو باعث فخر ہو ۔ طبیعت ۔ نیک عادت ۔ لشکر ۔ جھاؤ ۔ پہلو ۔ طرف ۔ گرد و نواح بڑا ابر ۔ ٹڈی دل ۔ ج : ۔ اَعْرَاض ۔

عَرَض ۔ بیماری ۔ نقصان ۔ لشکر ۔ مال غنیمت حرص ۔ عارضی چیز ۔ مص (س) بے خبری میں آپہنچنا ۔ کسی کے عشق میں بلا ارادہ پھنس جانا ۔ بہت موٹا اور پُر گوشت ہونا ۔ آفت زدہ ہونا [ل] نمودار ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

عُرُض ۔ گوشۂ چشم ۔ کنارہ ۔

عَرُض ۔ عَرَاضَۃ ۔ (ك) چوڑا ہونا ۔

عُرْضَۃ ۔ قصد ۔ قوت ۔ ہمت ۔ وہ شخص جس کو ہر کوئی برا کہہ دے ۔

عِرَضْنیٰ ۔ سرکشی ۔ کن انکھیوں کی نظر ۔

عُرُضِیّ ۔ وہ شخص جو زین پر نہ جم سکے ۔ سرکش اور چلنے میں شوخی کرنے والا اونٹ (م) عُرُضِیَّۃ

عَرْضِیّ - ایک قسم کا کپڑا گھر۔
عُرْضِیَّۃ - بیباکی سختی ۔ سرکشی ۔
عَرْطَ - (ن) پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔ غیبت کرنا
عَرْطَسَۃ - یکسو ہونا - کنارہ کش ہونا - مطیع و ذلیل ہونا۔
عَرْعَرْ - سرو کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہے ۔
عَرْف - خوشبو - بدبو مص (ض) (گھوڑے کی) ایال کے بال کاٹنا - بدلہ دینا -
[ل] صبر اختیار کرنا [ل - ب] اقرار کرنا۔
عِرْف - صبر - پہچاننے میں دیر - دیر میں پہچاننا -
عُرْف - پہچانا ہوا - نیکی - بھلائی - جوانمردی سخاوت - موج - پہچان - اقرار - گھوڑے کی ایال - مرغ کی سعی - بلند جگہ - ج: عُرَف - اَعْرَاف -
پے در پے - پیہم - لگاتار -
عَرَف - (س) بہت خوش بو مہکانا -
عَرْفَاء - لکڑبگڑ - پھنکار مارنے والا اونٹ ج: عُرُف
عَرَفَات - مکہ معظمہ سے بارہ کوس پر ایک مقام جہاں نہم ذی الحجہ کو حاجی ٹھہرتے ہیں۔
عِرْفَاص - کوڑا قمچی - بید - دُرّہ ج: عَرَافِیص
عِرْفَان - عِرْفَۃ - عِرِفَّان - (ض) پہچان لینا نادانی کے بعد جاننا -
عُرُفَّان - عِرِفَّان - بڑا ٹڈا - ایک چھوٹا سا کیڑا
عَرْفَۃ - ہوا - ہتھیلی کا زخم - سوال -
عِرْفَۃ - شناخت - پہچان -
عُرْفَۃ - بلند جگہ - دو چیزوں کے درمیان حد فاصل - ج: عُرَف
عَرَفَۃ - ذی الحجہ کے مہینہ کا نواں دن -
عَرْفَج - ایک درخت کا نام - وا: عَرْفَجَۃ ج: عَرَافِج -
عَرْفَبِیس - سخت اور موٹا اونٹ یا عورت -
عَرْق - چھوٹی ہوئی ہڈی - پرگوشت ہڈی - ج: عِرَاق پاؤں کو لگا ہوا راستہ مص (ن) ہڈی کے اوپر کا گوشت کھانا (ف) چلنا (مجہولاً) دُبلا ہو جانا - کم گوشت ہو جانا -
عِرْق - رگ - ریشے - جڑ کے ریشے - ج: عُرُوق - اَعْرَاق
عَرَق - پسینہ - خاک - دودھ - قطار - ردا منقی - انجیر - چٹائی - کھجور کے پتوں کی زنبیل - گھوڑوں کا ایک دوسرے کے پیچھے چلنا -
عَرَقُ الْجَبِیْن - ماتھے کا پسینہ - سکرات موت کی شدت اور طلب حلال کی مشقت سے کنایہ ہے مص (س) سست ہو جانا - پسینہ آنا -
عَرِق - دودھ جس کا مزہ متغیر ہو گیا ہو -
عُرَق - جس کو پسینہ بہت آئے -
عَرْقَات - صاف پانی - جڑ -
عِرْقَال - کج رو آدمی جو سیدھی راہ پر نہ آئے -
عَرْقَبَۃ - کونچیں کاٹنا - کونچیں پکڑ کر اٹھانا - حیلہ کرنا -
عَرْقَۃ - پہاڑی راستہ -
عِرْقَۃ - جڑ - بنیاد - اصل مال ج: عِرْقَات عِرَق -

عَرَقَۃ ۔ لکڑی جو دو ستونوں کے عرض میں رکھی ہوئی ہو ۔ چٹائی کا ایک ردا۔ قطار۔ دُرد ۔ ڈور ۔ رسی جس سے قیدیوں کو باندھتے ہیں ۔ پہاڑی راستہ پہاڑ کی چوٹی ۔ ج : ۔ عَرَق عَرَقَات

عُرَقَۃ ۔ جس کو پسینہ بہت آتا ہو۔

عَرْقَدَۃ ۔ سخت بٹنا ۔

عَرْقَصَہ ۔ سانپ کی ایک قسم کی چال مص دوڑنا ناچنا ۔

عُرْقُط ۔ ایک قسم کا درخت ۔ ج : ۔ عَرَاقِط

عَرْقَلَۃ ۔ سچ نہ کہنا ۔ استی سے منحرف ہونا [علیٰ] پیچیدہ بنانا ۔ مشکل بنانا ۔

عَرْقَلیٰ ۔ خرامِ ناز ۔ تکبر کی چال۔

عُرْقُوب ۔ آدمی کی ایڑی کا موٹا پٹھا ۔ نالہ کا ختم ۔ موڑ ۔ چوپایہ کے پاؤں کا پٹھا ج : عَرَاقِیب ایک شخص کا نام جو جھوٹ اور وعدہ شکنی میں ضرب المثل ہے ۔

عَرْقُوَۃ ۔ زمین کا معمولی ابھار ۔ آسان گذار عَرْقُوَۃُ الدَّلْو ۔ ڈول کی لکڑی۔

عَرَقِیَّۃ ۔ پسینہ سے بچاؤ کے لئے عمامہ کے نیچے جو ٹوپی استعمال کی جاتی ہے (د)

عِرْقِیل ۔ انڈے کی زردی۔

عَرِك ۔ اپنے حریفوں کو خوب پچھاڑنیوالا۔ تجربہ کار اور قوی و مضبوط ۔ ج : ۔ عَرِكُوْن ۔ جمع شدہ ریت کہ جم کر سخت ہو گیا ہو ۔ آواز ۔ دریا کی دھار ۔ منجدھار۔

عَرَك ۔ درندوں کی پلیدی مص (ن) زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا ۔ کھال کو رگڑنا اور ملنا ۔ ساری گھاس چرنا ۔

عَرَك ۔ عُرَاك ۔ عُرُوْك (ن) عورت کا حائض ہونا ۔

عَرَك (س) ہمسروں کا خوب پچھاڑنے والا ہونا ۔ لڑائی میں بُری طرح پچھڑ جانا ۔

عَرْكَۃ ۔ ایک بار ۔ ج : ۔ عَرَكَات ۔

عُرَكَۃ ۔ خبیث و پلید اور بیدار آدمی ۔

عَرَكْرَك ۔ قوی اور مضبوط اونٹ ۔

عَرَكْرَكَۃ ۔ فربہ اور موٹی تازی عورت ۔

عَرَكِیَّۃ ۔ زانیہ ۔ بدکار ۔ چھنال ۔ موٹی اور سخت عورت ۔

عَرْم ۔ گڑھا ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ ۔ ج : عُرْمَات چکنائی ۔ ہانڈی کا بقیہ ۔ مص (ن) ہڈی پر سے گوشت چھڑانا ۔ تکلیف دینا ۔ اپنی ماں کا دودھ پینا ۔

عَرْم ۔ عَرَامَۃ ۔ عُرَام ۔ (ن ۔ ك ۔ س) سخت ہونا شوخ ہونا [علیٰ] ناز کرنا ۔ ناز سے چلنا ۔ خوش ہونا [من] کھانے میں سے کچھ نوش کرنا ۔

عَرَم ۔ سیاہی و سپیدی ملی ہوئی ۔ کچا گوشت مص (س) ، نرم و سست ہوجانا ۔ سیاہی و سپیدی کے نقطے لگانا

عَرِم ۔ سخت چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو ۔ دریا وغیرہ کا بند ۔ جنگلی چوہا (گھوس) عَرِم جمع ہے بلا واحد کے

یا عَرِمَۃ کی جمع ہے)
سَيۡلُ الۡعَرِم ۔ یمن کا مشہور سیلاب جس نے سد مارب کو توڑ دیا تھا اور اہل یمن کو روم وایران کی سرحدوں پر بھاگنا پڑا تھا۔
عَرَمَۃ ۔ ریت کے جمع ہونے کی جگہ۔
عَرَمَۃُ الرَّجُل ۔ مرد کا کنبہ۔
عُرۡمَۃ ۔ سفیدی ملی ہوئی سیاہی بکری کے لبوں کی سفیدی ۔ کچا گوشت۔
عَرِمَۃ ۔ پانی کا بند ۔ دو چیزوں کے درمیان ایک روک ج: عَرِم ۔ جنگلی چوہا ۔ زور کی بارش۔
عَرَمَۃ ۔ آگ پر پکی ہوئی چیز کی بُو ۔ کھلیان جیسے برسایا نہ گیا ہو ۔ ریت کا تودہ۔
عَرَن ۔ بہت سا پانی ۔ آگ میں پکی ہوئی چیز کی بُو ۔ دھواں ۔ پکا ہوا گوشت۔
عَرَن ۔ (مجہولاً) اونٹ کی ناک نکیل سے دکھنے لگنا۔ (ن ض) اونٹ کے نکیل ڈالنا۔
عِرۡن ۔ آگ میں پکی ہوئی چیز کی بُو۔
عِرۡنَۃ ۔ ناک کی رگیں ۔ پلید و کمزور آدمی۔
عِرۡنِیۡن ۔ ناک ۔ ناک کی سخت ہڈی ۔ ناک کی جڑ ۔ ہر چیز کا اوّل ۔ سردار اور بزرگ قوم ۔ ج: عَرَانِیۡن۔
عَرۡو ۔ (ن) کسی کو دیا لینا ۔ احسان اور بھلائی چاہنے کے لئے آنا۔
کسی کا قصد کرنا (مجہولاً) کسی چیز کو فروخت کر کے رنجیدہ ہونا ۔ جاڑے سے بخار آنا۔
عِرۡو ۔ کنارہ ۔ وہ شخص کہ جو کوئی کام انتظام واہتمام کے ساتھ نہ کرے ج: أَعۡرَاء۔
عُرَوَاء ۔ بخار کی سردی اور کپکپاہٹ ۔ تیر کے چلنے کی آواز ۔ سورج کے زرد ہو جانے اور رات کے درمیان کا وقت ۔ جب کہ ٹھنڈی ہوا چل رہی ہو۔
عَرُوۡب ۔ حسین وجمیل اور خاوند کی عاشق عورت بہت ہنسنے والی ۔ ج: عُرُب۔
عَرُوۡبَۃ ۔ عَرُوبِیَّۃ ۔ (ل ث) عربی اللسان ہونا۔
عُرۡوَۃ ۔ چھاگل وغیرہ کا دستہ ۔ قبضہ ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ خاردار درخت شہر کا اردگرد ۔ تکمہ ۔ کاج ج: عُرًی۔
عُرُوۡج ۔ (ن) بلند ہونا ۔ چڑھنا ۔ پاؤں میں چوٹ لگنے کی وجہ سے لنگڑا ہو جانا۔
عُرُوۡد ۔ (ن) اُگنا ۔ بڑھنا ۔ دور پھینکنا۔
عُرُوۡس ۔ دولہا ج: عُرُس دولھن۔
ج: عَرَائِس (د) کسی افسانہ یا ڈرامہ کی ہیروین۔
عَرُوۡض ۔ کنارہ ۔ گوشہ ۔ پہاڑ میں کا راستہ حاجت ج: عُرُض ۔ شعر کے پہلے مصرعہ کا آخری جزو ۔ ج: أَعَارِيۡض شعر کے اوزان سے متعلق ایک خاص فن کا نام ۔ مکہ و مدینہ اور ان کے نواح۔
عُرُوۡط ۔ اونٹنی جس کے دانت درخت کھانے کی

وجہ سے جھڑ گئے ہوں ج: عُرُط۔
عُرُوف - بہت صبر کرنے والا آدمی - ج: -
عُرُف -
عَرُوفَة - عقل مند آدمی - واقف کار
عُرُوق - عَرْق - (ن) (ف) چلنا - جانا
اَلْعُرُوقُ الصُّفْر - ہلدی
عُرُوقُ الْكَافُور - زرنباد - نرکچور -
عَرُوكَة - اونٹنی کہ بغیر کوہان کے ملے ہوئے
اس کی فربہی نہ معلوم ہو -
عَرْوِی - ٹیلا - ایک مقام اور ایک شخص کا
نام -
عُرْهَم - عِرْهَم - شیر - ج: - عَرَاهِم -
عُرْهُوم - بارش ہر نرم و نازک چیز - انگور کا
درخت جس کا سر ظاہر ہو گیا ہو -
ج: - عَرَاهِيم -
عُرْهُون - ایک گھاس - ج: - عَرَاهِين -
عَرِیّ - سرد ہوا -
عَرْی - (ض) پوشیدہ کر کسی کے پاس آنا
عُرْی - عیب دار عورت -
عُرْی - برہنگی - عریانی فَرَس عُرْی
بے زین کا یعنی ننگی پیٹھ کا گھوڑا
ج: - اَعْرَاء -
عُرْی - عُرْیَة - (س) ننگا ہو جانا -
سرد ہوا کھجور کا درخت جو نہ پھلے -
کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا ہو
جو مقدار کھجور کے درخت کو فروخت
کرنے کے وقت مستثنیٰ کریں - ج: -
عَرَایا -
عُرْیَة - وہ اعضاء جو کھلے رہتے ہیں جیسے
ہاتھ - پاؤں - چہرہ -
عَرِیج - نا استوار - کمزور -
عَرِید - دور - عادت - ج: - عُرَدَاء
عَرِیر - مسافر - اجنبی - بیگانہ ج: - اَعِرَّة
اَعِرَّاء -
عِرْيَس - عِرِّیسَة - اونٹ کی خواب گاہ -
عَرِیش - کجاوہ - ٹٹی جس پر انگور کی بیل پھیلتی
ہے - چھپر - سائبان - کھیت والوں کا
ٹانڈ - شکار کی ٹٹی ج: - عُرُش -
عَرِیض - چوڑا چکلا بھیڑ کا ایک سال کا بچہ جو جفتی کا ارادہ
کرے خصی بکرا ج: - عِرْضَان - عُرْضَان
عَرِیضُ الْبِطَان - فارغ البال - دولتمند آدمی
(دُعَاءٌ) عَرِیض - لمبی چوڑی دعا -
عِرِّیض - شر اور فساد پھیلانے والا - بیفائدہ
کام کرنے والا -
عَرِیضَة - درخواست - عرضی (د)
عَرِیط - اُمّ عَرِیط - بچھو -
عَرِیف - کارگذار - واقف کار - دانا - رئیس
قوم ج: - عُرَفَاء -
عُرَیقِطَة - ایک چوڑے جسم کا جانور جو حرکت
کرتا رہتا ہے -
عَرِیك - گٹھیلے بدن کا آدمی
عَرِیكَة - کوہان - نفس - طبیعت - عادت
و خصلت ج: - عَرَائِك -
عَرِیم - مصیبت و سختی -
عَرِین - جنگل - بن - گوشت - فاختہ کی
آواز - کانٹا - گوہ کا بل - درختوں
کا جھنڈ - ج: -
عُرُن -

عُرَیْنَۃ ۔ ایک قبیلہ کا نام۔
عَرِیْنَۃ ۔ جنگل ۔ بن ۔ درختوں کا جھنڈ ۔ کہ درندوں کا مسکن ہو۔ ج: ۔ عَرَائِن ۔

ع ۔ ز

عِزّ ۔ عزت ۔ مدد ۔ ارجمندی ۔
عِزّ ۔ عِزَّۃ ۔ عَزَازَۃ ۔ (ض) آبرودار ہونا لائق ہونا ۔ ذلت وخواری کے بعد معزز ہونا ۔ کم یاب ہونا ۔ جاری ہونا [علیٰ] دشوار ہونا ۔
عَزّ ۔ (ن) عزت وارجمندی میں کسی پر غالب آنا ۔
عَزِیز ۔ صابر ۔
عَزَّاء ۔ سال جس میں سختی ہو ۔ قحط کا سال ۔
عَزَاء ۔ نسب کا دعویٰ ۔ صبر ۔ اچھا صبر ۔ مص (ن) ، کسی کی طرف منسوب کرنا ۔ منسوب ہونا (س) ، صبر کرنا ۔
عَزَاز ۔ سخت زمین ۔
عَزَازَۃ ۔ کثرت ۔ قوت ۔ آبرو ۔
عَزَّاف ۔ ابر جس میں کڑک ہو ۔
عَزَاقَۃ ۔ سرین ۔ حلقۂ دبر ۔
عَزَّام ۔ شیر بیشہ ۔
عَزَائِم ۔ منتر ۔ آیات قرآنی جو دفع آفت کے لیے پڑھی جائیں ۔ و ا: ۔ عَزِیْمَۃ ۔
عَزَائِم اللہ ۔ خداتعالیٰ کے فرائض جو بندوں پر لازم ہیں ۔
عَزَائِمُ الْمَغْفِرَۃ ۔ وہ اعمال اور خصلتیں جن سے مغفرت لازم ہو جاتے ۔

عَزَب ۔ مجرد آدمی ۔ عورت بے شوہر ۔ ج: ۔ اَعْزَاب ۔ عُزَّاب ۔
عُزْبَۃ ۔ (ن) مرد کا بے عورت کے یا عورت کا بے خاوند کے ہونا ۔
عَزَبَۃ ۔ عورت بے خاوند ۔ ج: ۔ عُزَّاب ۔
عِزْبَۃ ۔ پردہ ۔ چھوٹا گاؤں ۔ ج: ۔ عِزَاب ۔ (د)
عِزَۃ ۔ آدمیوں کا جھرمٹ ۔ ج: ۔ عِزُوْن ۔ عِزًی ۔
عِزَّۃ ۔ عزت ۔ آبرو ۔ غلبہ ۔ قوت ۔ شدت زور کی بارش ۔
عَزَّۃ ۔ ہرن کا مادہ بچہ ۔
عِزَّتْلُو ۔ آزبیل (د)
عَزْج (ن) دور کرنا ۔ جماع کرنا ۔ بیلچے سے کھودنا ۔
عَزْد ۔ (ن) ، جماع کرنا ۔
عَزْر ۔ (ض) ، ملامت کرنا ۔ مدد کرنا ۔ روکنا ۔ جماع کرنا ۔ کسی کو زبردستی کسی کام پر متعین کرنا ۔ فرائض واحکام پر آگاہ ہونا ۔
عَزْط ۔ نکاح مص (ن) ، جماع کرنا ۔
عَزْعَزَۃ ۔ عزت میں غالب آنا ۔ ڈانٹنا ۔ سرزنش کرنا ۔
عَزْف ۔ (ض) ، کھاتے پیتے رہنا ۔ موت کے وقت نرخرہ کا پھڑکنا ۔
عَزْق ۔ عُزُوْق ۔ (ض) ، دوڑنے میں جلدی کرنا ۔ بھلائی کو کسی سے روکنا ۔
عَزْق ۔ (ض) ، زمین کھودنا (ن) ، تیز دوڑنا روکنا ۔ خون ریزی کرنا ۔
عَزَق ۔ (س) ، [ب] کسی کو چمٹ جانا ۔ اور

لازم پکڑنا۔

عُزُق ۔ گیہوں کو ہوا سے صاف کرنے والے بدخو اونٹ یا آدمی۔

عَزِق ۔ بدخو۔ کم ہمت۔ کمینہ۔

عَزَل ۔ بیکاری ۔ بے سامانی۔ نہتاپن۔

عَزْل ۔ (ض) یکسو کرنا۔ جدا کرنا۔ عورت سے صحبت کرنے کے وقت ذکر باہر نکال کر منزل ہونا تاکہ نطفہ نہ ٹھیرے۔

عُزُل ۔ نہتا۔ بے ہتھیار۔ ج:۔ اَعْزَال۔

عَزْلَاء ۔ سرین۔ دبر۔ منہ۔ مشک وغیرہ میں سے پانی گرنے کی جگہ۔ مشک کا دھانہ۔ توشہ دان کا منہ۔ ج:۔ عَزَالِی۔

عَزْلَبَۃ ۔ نکاح کرنا۔ جماع کرنا۔

عُزْلَۃ ۔ دوری۔ گوشہ نشینی۔

عَزَلَۃ ۔ چوتڑ کی ہڈی جو زمین کو لگتی ہے۔

عَزْم ۔ قصد۔ ہمت۔ ارادہ مص (ض) منتر پڑھنا۔ سخت دوڑنا [علی] ارادہ کرنا۔ کوشش کرنا۔ قسم کھلانا۔

اُولُوالْعَزْم ۔ وہ پیغمبر جنہوں نے صبر آزما کوشش کرکے تبلیغی خدمات انجام دیں۔ حضرات نوح۔ ابراہیم۔ موسیٰ، محمد۔ علیہم الصلوٰۃ والسلام۔

عَزْم ۔ عُزْمَان۔ عَزِیْم۔ عَزِیْمَۃ (ض) منتر پڑھنا۔ واجب کرنا [علی] کسی چیز کا قصد کرنا اور اس پر دل رکھنا اور اس کے لیے کوشش کرنا۔ قسم دینا۔

عُزْمَۃ ۔ خویش واقارب۔ کنبہ اور قبیلہ کے آدمی۔ ج:۔ عُزَم۔

عَزْمَۃ ۔ واجب وثابت۔ ضروری۔ حق۔ ج:۔ عَزَمَات۔

عَزْمَۃ ۔ اُمُّ الْعِزْم۔ اُمُّ الْعِزْمَۃ۔ کون۔ مقعد۔ دُبر۔

عَزْمِیّ ۔ وعدے کا سچا۔

عُزُوْب ۔ (ن۔ض) [عن] کسی سے پوشیدہ ہونا۔ دور ہونا [فی] دور جانا۔

عَزُوْبَۃ ۔ زمین جس سے چراگاہ دور ہو۔

عُزُوْز ۔ (ن) اونٹنی وغیرہ کے تھنوں کے سوراخ کا تنگ ہونا۔

عَزُوْز ۔ وہ اونٹنی یا بکری وغیرہ جس کے تھنوں کے سوراخ تنگ ہوں۔ ج:۔ عُزُز۔

عَزُوْف ۔ دل تنگ کسی چیز سے منہ موڑے ہوئے۔

عُزُوْف ۔ (ض۔ن) [عن] کسی چیز کو ناپسند کرنا اور اس سے ملول ہونا۔ باز رکھنا۔

عَزُوْم ۔ بڑھیا۔ عمر رسیدہ اونٹ جس میں تھوڑی سی قوت ہو۔ ج:۔ عُزُم۔

عِزُوْن ۔ متفرق جماعتیں۔ مختلف گروہ۔ وا:۔ عِزَۃ۔

عِزْہ ۔ مرد جو جماع سے رغبت رکھے۔ ج:۔ عِزَاۃ۔

عِزْھَاۃ ۔ عِزْھَاءَۃ۔ جماع اور عیاشی کی رغبت نہ رکھنے والا۔ ج:۔ عَزَاہ۔

عِزْھِل ۔ غیر مستقل۔ تیز چلنے والا۔ آگے بڑھنے والا نر کبوتر۔ ج:۔ عَزَاھِل۔

عُزْھُوْل ۔ گزرنے والا۔ تیز چلنے والا۔ چھوڑا ہوا اونٹ۔ ج:۔ عَزَاھِیْل۔

عَزْی ۔ (ض) کسی کو کسی کے نام سے پکارنا۔ [الی] منسوب کرنا۔

عُزّٰی - آبرودار عورت۔ لائق عورت۔ کمیاب اور پسندیدہ عورت (اَعَزُّ کا مؤنث)، ایک بت کا نام۔

عَزِیْب - مجرد آدمی۔ مرد جو اپنے اہل وعیال اور مال سے دور ہو۔

عِزْیَة - نسبت و دعویٰ۔

عَزِیْر - کٹی ہوئی گھاس کی قیمت۔ ج:۔ عَزَائِر۔

عُزَیْر - ایک پیغمبر کا نام علیٰ نبینا وعلیہ السلام

عَزِیْز - بزرگ۔ گرامی۔ ارجمند لائق۔ صفات باری تعالیٰ میں سے ایک صفت۔ کمیاب۔ غالب۔ بادشاہ مصر کا لقب ج:۔ اَعِزَّة۔ اَعِزَّاء۔ عِزَازٌ۔ عِزَازَة۔

عَزِیْزَة - عقاب۔ شاہین۔ باز۔ ج:۔ عَزَائِز۔

عُزَیْزَی - گھوڑے کا سرین۔

عَزِیْف - فضا میں ہوا کی سرسراہٹ۔ مص۔ (ض) آواز نکالنا۔

عَزِیْم - سخت اور قوی دشمن۔ ج:۔ عُزَمَاء۔

عَزِیْمَة - قصد۔ ارادہ۔ نیت۔ منتر۔ ج:۔ عَزَائِم۔

ع۔س

عَسّ - عَسَس۔ (ن) رات کو پھر کر چوکیداری کرنا۔ پاسبانی کرنا۔ ظاہر کرنا۔ تھوڑی چیز کھلانا۔

عُسّ - بڑا پیالہ۔ ج:۔ عِسَاس۔ عِسَسَة۔ اَعْسَاس۔ عُسُس۔

(جَاءُوْا) عُسَارٰی - ایک دوسرے کے پیچھے آئے۔

(جَاءُوْا) عُسَارِیَات - ایک دوسرے کے پیچھے آئے۔

(ذَهَبُوْا) عُسَارِیَات - متفرق و پراگندہ ہوکر چلے گئے۔

عَسَّاس - بھیڑیا۔

عُسَاف - طاعون کی ماری ہوئی اونٹنی۔

عَسَاقِیل - ایک قسم کی گھاس۔ سراب۔

عَسَّال - شہد توڑنے والا۔ بہت لچکدار نیزہ۔

عَسَّالَة - شہد کی مکھی۔ شہد کا چھتہ۔

عَسْب - نر کا نطفہ۔ نسل۔ اولاد مص۔ (ن) نر کا مادہ پر چڑھنا۔ نر کو جفتی کے لیے کرایہ پر دینا۔

(رَأْسٌ) عَسِب - سر جس میں مدت سے کنگھی نہ ہوئی ہو۔

عِسْبَار - بھیڑیے کا بچہ۔ لکڑ بگڑ کا بچہ جو بھیڑیے سے پیدا ہو۔

عُسْبُر - تیندوا۔ (م) عُسْبُرَة۔ ج:۔ عَسَابِر۔

عُسْبُوْر - کتے کا پلا۔ جو بھیڑیے کی مادہ کے پیٹ سے پیدا ہو۔

عَسْج - (ن) گردن اونچی کرکے چلنا۔

عَسْجَد - موتی۔ یاقوت وغیرہ جواہرات سونا۔ مضبوط وجسیم اونٹ۔ ج:۔ عَسَاجِد۔

عَسْجَدِیَّة - اونٹ۔ بادشاہوں کی سواری کے سانڈ۔ اونٹ جس پر سونا لدا ہوا ہو۔

اونٹ کے بڑے بڑے بچے۔
عَسْجَس۔ ایک مقام کا نام۔ نمک۔
عَسْجَرَۃ۔ بدی۔ پلیدی۔ نجاست۔ مص۔ غور سے دیکھنا۔ اونٹ کا ہمیشہ سفر میں رہنا۔ گوشت وغیرہ میں نمک ڈالنا۔
عَسْجَمَۃ۔ خفت سبکی۔ شتابی۔ جلدی۔
عَسَد۔ (ض) سیر کے لیے جانا۔ جماع کرنا۔ سخت پٹنا۔
عَسِر۔ دشوار۔ پیچیدہ۔
(یَوْمٌ) عَسِر۔ سخت اور مصیبت کا دن۔ بُرا دن۔
(حَاجَۃٌ) عَسِر۔ سخت حاجت۔
عَسِرُبَیِّنُ الْعَسَر۔ بڑا بدخو اور بدمزاج آدمی۔
عَسَر۔ دشواری۔ بخل۔ کنجوسی۔ بدخوئی و بدمزاجی مص۔ (س) مشکل اور دشوار ہونا۔
عُسْر۔ دشواری۔ آسانی کی ضد۔
عُسْر۔ عُسُر۔ عَسَارَۃ (ک) دشوار ہونا سخت ہونا (علیٰ) خلاف کرنا۔
عَسَرَان۔ عَسْر (ض) بائیں طرف سے آنا۔ دم اٹھا کر دوڑنا۔
عَسْرَاء۔ عورت جو بائیں ہاتھ سے کام کرے۔ (اَعْسَر کا مؤنث) ج: عُسْر۔
عَسْرَب۔ شیر۔ ج: عَسَارِب۔
عُسْرَۃٌ۔ تنگی و دشواری۔
عُسْرَیٰ۔ تنگی۔ دشواری۔ عذاب۔ دشوار چیز۔
عَسْطَلَۃ۔ اچھی طرح بات نہ بنانا۔
عَسْعَاس۔ بھیڑیا۔ سراب۔

عَسْعَس۔ بھیڑیا۔ سیّ۔ خارپشت۔ ج: عَسَاعِس۔
عَسْعَسَۃ۔ رات کا تاریک ہوجانا۔ رات کا آخر ہونا۔ بھیڑیے کا رات کو پھرنا۔ (ابر کا) نیچا ہونا۔ کام کو مشتبہ اور گول مول اور خلط ملط کرنا۔ حرکت دینا۔
عَسْف۔ دم مرگ۔ نزع۔ بڑا پیالہ۔ مص (ض) ظلم وستم کرنا۔ خدمت کا طالب ہونا۔ حفاظت کرنا۔ کسی چیز کی طلب میں راتوں کو گھومنا۔ (من۔ عن) ہٹ جانا۔ منحرف ہونا۔ (فی) کسی کام کو بلا سوچے سمجھے کر گذرنا۔
عَسَق۔ دشواری۔ بدخوئی۔ شام کی تاریکی۔ ٹہنی سوکھی ہوئی مص (س) (ب) حریص ہونا۔ کسی چیز کا ہوکا ہونا۔ کسی کو چمٹنا۔ اصرار کے ساتھ طلب کرنا۔
عُسُق۔ قرضدار پر سختی کرنے والے۔
عَیسق۔ بدخو۔ سخت مزاج۔
عَسْقَلَان۔ شام کے ایک شہر کا نام۔
عَسْقَلَانُ الرَّاس۔ سر کی چندیا۔ سر کا اوپر کا حصہ۔
عِسْقِبَۃ۔ انگور کا چھوٹا خوشہ جو بڑے خوشہ کی جڑ میں ملا ہوا ہو۔ ج: عَسَاقِب۔
عُسْقُل۔ لمبا۔ بے وقوف۔ موٹا اور سخت بدن کا آدمی۔ ج: عَسَاقِل۔

عَسْقَفَۃ ۔ رونے کے وقت آنکھوں سے آنسو نہ نکلنا۔ رونا چاہنا۔ مگر نہ روسکنا۔
عَسْقَلَۃ ۔ وہ جگہ جہاں سفید پتھر ہوں۔ مص سراب کا چمکنا۔
عَسْك ۔ (س) چمٹنا۔ لازم ہونا۔
عَسْکَر ۔ لشکر۔ فوج۔ گروہ۔ ہر چیز بہت سی۔ رات کی تاریکی۔ ج: عَسَاکِر۔
عَسْکَرَان ۔ عرفہ ومنیٰ۔
عَسْکَرَۃ ۔ سختی۔ خشک سالی۔ مص۔ رات کی تاریکی کا زیادہ ہونا۔ لوگوں کا جمع ہونا۔ سختی میں پڑنا۔ لشکر کو بھرتی کرنا۔ لشکر میں بھرتی ہونا۔
عَسْکَرِیّ ۔ سپاہی۔
عَسَل ۔ شہد۔ تیز رو اونٹنی۔ جاری پانی کا بہاؤ۔ دھار۔ شبنم۔ ترنجبین شیرخشت۔ ج: اَعْسَال۔ عُسُل۔ عُسُوْل۔ عُسْلَان۔ تعریف۔ ثناء۔ سرعت رفتار۔
عَسْل ۔ (ض۔ن) شہد دینا۔ کھانے وغیرہ میں شہد ڈالنا۔
عَسَل ۔ عَسَلَان۔ (ض) نیزہ وغیرہ کا بہت ہلنا اور حرکت کرنا۔ دوڑنا۔ پریشان ہوکر دوڑنا۔
عَسِیل ۔ سخت مار لگانے والا۔ تیز دست۔
عَسَلَۃ ۔ تھوڑا سا شہد۔ جڑ۔
عُسْلُج ۔ جھکی ہوئی نرم و سبز ٹہنی۔ کونپل۔
عَسْلَجَۃ ۔ درخت میں نرم و سبز شاخیں نکلنا۔

عَسْلَق ۔ سراب۔ بھیڑیا۔ شترمرغ۔ شکاری درندہ۔ ج: عَسَالِق۔
(جَارِیَۃ) عُسْلُوْجَۃُ الْبَنَات ۔ نرم و نازک کنواری لڑکی۔
عَسْم ۔ (ض) (فی) حرص کرنا۔ لالچ کرنا۔
عَسْم عُسُوْم ۔ (ض) اختیار کرنا۔ آنسو ٹپکانا۔ [فی] کوشش کرنا [وسط] بیباکانہ گھس جانا۔
عَسَم ۔ (س) ہاتھ پاؤں کا خشک ہوکر ٹیڑھا ہوجانا۔
عَسْمَاء ۔ عورت جس کا ہاتھ پاؤں خشک ہو کر ٹیڑھا ہوگیا ہو۔ (اَعْسَم کا مؤنث) ج: عُسْم۔
عَسْمَۃ ۔ سوکھی روٹی کا ٹکڑا۔
عَسَن ۔ بالوں کی لمبائی اور خوبصورتی۔
عُسُن ۔ مٹاپا۔ پرانی چربی۔
عَسِن ۔ تھوڑے چارے پر قناعت کرنے والا چوپایہ۔
عِسْن ۔ مانند۔ ہمتا۔ مشابہ۔ بوڑھا۔ ج: اَعْسَان
عُسُن ۔ عَسَن ۔ (س) پانی اور چارہ کا ہضم ہوجانا۔
عُسُن عِسْن ۔ مٹاپا۔ فربہی۔ پرانی چربی۔
عَسْو ۔ عُسُوّ۔ عُسِیّ۔ عَسَاء ۔ (ن) بڑی عمر کا ہونا۔ (گھاس کا) سخت ہو جانا۔ اور سوکھ جانا (گھاس کا) خوب بڑھنا۔ (رات کا) خوب تاریک ہونا۔
عُسُوّ ۔ (ن) ہاتھ کا کام سے سخت ہونا۔
عَسُوْب ۔ بڑا سردار۔
عَسُوْس ۔ تنہا چرنے والی اونٹنی۔ کم دودھ

والی اونٹنی۔ دودھ دوہنے کے وقت شرارت کرنے والی اونٹنی۔ بیباک اور نڈر عورت۔

عَسُوف۔ بڑا ظالم۔ بے راہ۔

عُسُوفَة۔ عُسَاف۔ (ص) اونٹ کا طاعون کی وجہ سے قریب بہ مرگ ہوکر گلا کانپنے لگنا۔

عَسُول۔ ہلتا ہوا نیزہ۔ نیک آدمی۔ اچھا آدمی۔ ج:۔ عُسُل۔

عَسٰی۔ کھجور کی شاخ۔ قریب ہے (افعال مقاربت میں سے ہے)

عَسِیب۔ دم کی ہڈی۔ کھجور کا پٹھا کہ جس پر پتی نہ ہو۔ ج:۔ عُسُب۔ عُسْبَان۔

عَسِیر۔ دشوار۔ ج:۔ عُسُر۔

(یَوْمٌ) عَسِیرٌ۔ سخت دن یعنی روز قیامت۔

عَسِیف۔ مزدور۔ غلام۔ پیر فانی۔ ج:۔ عُسَفَاء۔

عَسِیقَة۔ خراب وبیکار شراب جس میں بہت پانی پڑا ہوا ہو۔ ج:۔ عَسَائِق۔

عَسِیل۔ بہت سخت مارنے والا۔ تیز دست ج:۔ عُسُل۔

عُسَیْلَة۔ نطفہ۔ منی۔ جماع کی لذت۔

ع۔ش

عَشّ۔ تھوڑی سی بخشش۔ تھوڑا سا۔ دبلا پتلا آدمی۔ لمبے قد کا مص (ن) دبلا پتلا ہونا۔ ڈھونڈنا۔ جمع کرنا۔ مارنا۔ پیوند لگانا۔ سخاوت کو کم کرنا۔ پرند جانور کا اپنے گھونسلے کو نہ چھوڑنا۔ کمانا۔

عُشّ۔ جانور کا گھونسلہ جو درخت پر ہو نشیمن۔ (وَکْن اور وَکْر جو دیوار اور پہاڑ میں ہو) ج:۔ عِشَاش۔ عَشَشَة۔

عَشّ۔ جس کی بینائی کمزور ہو۔ نابینا۔ رتوندوالا۔

عَشًا۔ نگاہ کی کمزوری۔ رتوند مص (س، ن) رتوند آنا۔

عِشَاء۔ شام کی تاریکی۔ زوال آفتاب سے طلوع فجر تک کا وقت۔

(صَلاتَا) العِشَاء۔ نماز مغرب اور نماز عشاء۔

عَشَاء۔ شام کا کھانا۔ ج:۔ اَعْشِیَة۔

عَشَابَة۔ (ك) جگہ کا گھاس والا ہونا۔

عَشَّار۔ دسواں حصہ لینے والا۔

عُشَار۔ دس دس۔ دس۔

عُشَارَة۔ ہر چیز کا دسواں حصہ۔

عُشَارِم۔ عَشَرَّم۔ شہر۔

عُشَارِیّ۔ دس ہاتھ کا لمبا۔

عُشَارِیَّات۔ پراگندہ ومتفرق۔ تتر بتر۔

عُشَانَة۔ پھل جو درخت سے گر پڑا ہو۔ اور رائیگاں گیا ہو۔ درخت کا تنہ۔

عَشَاوَة۔ رتوند۔ اندھاپن۔ مص (س۔ن) رتوند آنا۔ اندھا ہونا۔

عُشْب۔ ہری گھاس۔ ج:۔ اَعْشَاب۔

عَشَب۔ (س) خشک ہونا کسی مقام کا گھاس والا ہونا۔

عَشِبَة۔ زمین جس میں بہت سی گھاس ہو کبرا۔ بوڑھا۔ بوڑھی اونٹنی۔ ٹھنگنا

آدمی یا عورت۔
عَشَّۃ ۔ دبلی پتلی لمبے قد کی عورت۔ سخت و خشک زمین۔
عُشَّۃ ۔ جھونپڑا۔ (د)
عَشْجَب ۔ سکڑے ہوئے جسم والا آدمی۔ ج: ۔ عَشَاجِب۔
عَشْجَدَۃ ۔ ہلکا مینہ پڑنا۔
عَشْر ۔ دس (مؤنث)، مص (ض) دس میں سے ایک لینا۔ نو پر ایک زیادہ کر دینا دسواں ہونا۔
عِشْر ۔ اونٹ کے دو مرتبہ پانی پینے کی بیچ کی مدت کہ وہ آٹھ دن ہیں۔ دسواں ٹکڑا۔
عُشْر ۔ دسواں حصہ۔ ج: ۔ عُشُوْر۔ اَعْشَار۔
عُشْر ۔ عُشُوْر۔ (ض)، مال میں سے دسواں حصہ لینا۔
عُشَرَاء ۔ دس یا آٹھ ماہ کی گابھن اونٹنی۔ ج: ۔ عِشَار۔ عُشَرَاوَات۔
عَشْرَۃ ۔ دس۔ (مذکر)
عِشْرَۃ ۔ میل ملاپ۔ خلط ملط۔ خوش دلی۔
عَشَرَۃ ۔ دس (مذکر)
عُشَرَۃ ۔ درخت یا درخت کا گوند۔ ج: ۔ عُشَر۔ عُشَرَات۔
عَشْرَقَۃ ۔ سبز اور تر ہونا۔
عَشْرَم ۔ بہت کھردرا۔ ج: ۔ عَشَارِم۔
عِشْرُوْن ۔ بیس۔
عَشْزَان ۔ (ض)، کٹے ہوئے پاؤں والوں کی طرح چلنا۔ (علی) ٹیک لگانا۔
عَشْزَنَۃ ۔ مخالفت کرنا۔

عِشْق ۔ (حاصل مصدر) فریفتگی۔ درستی اور محبت میں حد سے تجاوز مص (س) کسی پر دل آ جانا۔ فریفتہ ہونا (ب) کسی سے چمٹ جانا۔
عَشْم ۔ امید۔ حرص۔ سوکھی ہوئی خراب روٹی۔ (س)، خشک ہونا۔ حریص ہونا۔
عَشَمَۃ ۔ ترش۔ بڑھاپا۔ بوڑھا۔ بوڑھی۔
عَشَنَّج ۔ ترشرو اور بد خلق آدمی۔
عَشَنَّق ۔ دراز قامت اور چھریرے جسم کا آدمی۔ (م) عَشَنَّقَۃ ۔ ج: ۔ عَشَانِقَۃ۔
عِشْو ۔ اس دودھ سے بھرا ہوا پیالہ کہ جو شام کو چراگاہ سے واپسی کے بعد پئیں۔
عُشُوبَۃ ۔ عَشَابَۃ۔ (ک)، ٹھنگنا اور بد صورت ہونا۔
عَشْوَۃ ۔ تاریکی یا سرِ شام سے چوتھائی رات تک کا وقت۔
عُشْوَۃ ۔ آگ جو رات کو دور سے نظر آئے۔ آگ کا شعلہ۔
عَشُوْس ۔ سوشل۔ ہر قسم کی سوسائٹی میں رَل مِل جانے والا۔ (د)
عَشُوْرَاء ۔ محرم کی نویں یا دسویں تاریخ۔
عُشُوْم ۔ (س)، خشک ہونا۔ حریص ہونا۔
عَشِیّ ۔ آخر روز۔ ابر۔ اونٹ جو رات کو دیر تک چرے۔ (م) عَشِیَّۃ۔ ج: ۔ عَشَایَا۔
(صلاتا) العَشِیّ ۔ نماز ظہر و عصر۔
عَشِیَ ۔ (س)، رات کو چرنا (علی) ظلم و ستم کرنا۔

عَشِیٰ ۔ (ن) رات کا کھانا کھلانا۔ رات کو چرانا۔ اندھوں کی طرح کام کرنا۔
عَشْیَان۔ رات کا کھانا کھانے والا۔
عَشِیْب۔ ٹھنگنا آدمی۔ بہت گھاس والی جگہ۔
عَشِیَّۃ ۔ عَشِیٌّ۔ دن کا آخری حصہ۔ شام۔ ابر ج:۔ عَشَایَا۔ عَشِیَّات۔
عَشِیْر ۔ دسواں حصہ۔ ج:۔ اَعْشِرَاء۔ عُشُوْر۔ اَعْشَار۔ رشتہ دار۔ کنبہ۔ دوست خاوند۔ شوہر۔ ج:۔ عُشَرَاء۔
عَشِیْرَۃ۔ باپ کی طرف سے رشتہ دار۔ دودھیال۔ ج:۔ عَشَائِر۔
عَشِیْق ۔ ایک دوسرے کو چاہنے والا۔ ج:۔ عُشَقَاء۔
عِشِّیْق ۔ بڑا عشق کرنے والا۔ عشق باز۔

ع۔ص

عَصّ ۔ ہر چیز کی اصل۔ جڑ۔ پیدائش۔ مص (ض) سخت ہونا۔
عَصَا ۔ لکڑی۔ لاٹھی (مؤنث ہے) (تثنیہ) عَصَوَان۔ زبان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ عورتوں کا سربند (سر پر باندھنے کا رومال) گروہ۔ جماعت۔ ج:۔ عِصِیّ۔ اَعْصَاء۔
(اَلْقٰی) عَصَاہ ۔ مقیم ہوا۔ خیمہ کھڑا کیا۔
(شَقَّ) اَلْعَصَا ۔ اختلاف پیدا کیا۔ جماعت میں تفرقہ ڈالا۔
(اِنْشَقَّ) اَلْعَصَا ۔ اختلاف پیدا ہوا۔
عَصَا ۔ (س) عصا بنانا۔ تلوار سے لاٹھی کی طرح مارنا۔

عَصَّاب ۔ کاٹنے والا۔
عِصَاب ۔ سربند۔ رسی جس سے اونٹنی کی رانیں دودہنے کے لیے باندھی جاتی ہیں۔
عِصَابَۃ ۔ پٹی۔ سربند۔ پگڑی۔ ایک قسم کا سرخ بادل جو قحط سالی میں دکھائی دیتا ہے۔ دس سے چالیس تک آدمیوں، گھوڑوں اور پرندوں میں سے کسی کا گروہ۔ ج:۔ عَصَائِب۔
عِصَار ۔ بہت گرد و غبار۔ وقت۔
عَصَّار ۔ نچوڑنے والا۔
عُصَار ۔ پانی وغیرہ جو نچوڑنے سے نکلے۔
عُصَارَۃ ۔ نچوڑنے سے جو چیز نکلے۔ عرق۔
(کَرِیْمُ) الْعُصَارَۃ ۔ جو سوال کے وقت سخی ثابت ہو۔
عُصَافَۃ ۔ جو چیز خوشہ میں سے پتی وغیرہ کی قسم کی جھڑ کر گر جائے۔
عَصَافِیْر۔ چڑیاں۔ واحد:۔ عُصْفُوْر۔ ایک درخت کا نام جو فارس میں بکثرت ہوتا ہے۔ اس کا دوسرا نام بَمَنْ دَای مِثْلِی۔ ہے۔
عَصَافِیْرُ الْقَتَب۔ پالان کی میخیں۔
عَصَافِیْرُ الْمُنْذِر۔ عمدہ اور اصیل اونٹ جو نعمان بن منذر بادشاہ کے پاس تھے۔
عَصَاقِیْۃ۔ عَصَاقِیَاء۔ شور و غل۔ غل غپاڑا
عَصَاقِیْل۔ بگولے۔
عِصَال ۔ ٹیڑھا۔ ٹیڑھا تیر۔ ایک مقام کا نام۔
عِصَام ۔ کتے کی گردن کا پٹہ۔ ج:۔ اَعْصِمَۃ

عِصَام۔ بند مشک۔ تسمہ۔ بندھن۔ دم کی باریک جانب۔ ج:۔ اَعْصِمَۃ۔ برتن کا دستہ جس کو ہاتھ میں پکڑتے ہیں۔ ج:۔ اَعْصِمَۃ۔ عُصُم۔

عَصْب۔ عشق پیچاں جو ایک قسم کی روئیدگی ہے کہ درخت پر لپٹ جاتی ہے۔ آکاش بیل۔ ایک قسم کا سرخ ابر جو قحط سالی میں ظاہر ہوتا ہے۔ ایک قسم کی چادر مص (ض) لپیٹنا۔ بٹنا۔ باندھنا۔ ملانا۔ افق کا سرخ ہوجانا۔ شفق پھوٹنا۔ دانتوں کا میلا ہونا۔ سر پر پٹی باندھنا۔ کاتنا۔ پیاس کی جہ سے تھوک خشک ہو جانا۔ ب ۲ احاطہ کرنا۔

عَصَب۔ ن کے پٹھے۔ عشق پیچاں۔ قوم منتخب لوگ وا:۔ عَصَبَۃ۔ ج:۔ اَعْصَاب۔ مص (س) گت میں پٹھے زیادہ ہونا۔ جمع ہو۔

عُصْبَۃ۔ آدمی۔ گھوڑوں۔ پرندوں میں سے ایک کا دس سے چالیس تک گروہ۔

عُصْبَۃُ الْاُمَم۔ لیگ آف نیشنز۔ جمعیۃ اقوام (د)

عِصْبَۃ۔ عمامہ رہنے کی ہیئت۔

عَصَبَۃ۔ بیٹے۔ دھیال کے مرد۔ باپ کی طرف سے رشتہ دار مرد۔ آدمی کی قوم کے لوگ کہ جن کی وہ حمایت کرے۔ دوسرے رشتہ دار جو وارث نہیں۔

(یَوْمٌ) عَصَبْصَبٌ۔ سخت گرمی کا دن سخت دن۔

عَصْد۔ مرد کی منی۔ مص۔ (ض) لپیٹنا۔ جماع کرنا۔ کسی کو کسی کام پر زبردستی متعین کرنا۔

عَصْر۔ زمانہ۔ رات دن۔ دن کا اخیر۔ آفتاب کے سرخ ہونے اور شفق پھولنے تک شام۔ نماز عصر۔ قیدخانہ۔ گروہ۔ قبیلہ۔ بارش بخشش۔ ج:۔ اَعْصُر۔ عُصُوْر۔ مص (ض) نچوڑنا۔ روکنا۔ پناہ لینا۔ نجات پانا۔ دوہنا۔

عُصْر۔ جائے پناہ۔ جائے رہائی۔ زمانہ۔

عُصُر۔ وقت۔ زمانہ۔ ج:۔ عُصُوْر۔ اَعْصَار۔ اَعْصُر۔ عُصُر۔ نماز عصر۔

عَصَر۔ جائے پناہ۔ جائے رہائی۔ گرد و غبار۔

عَصْرَان۔ رات دن۔ صبح و شام۔

عَصَرَۃ۔ بہت سا غبار۔

عُصْرَۃ۔ پناہ۔ چھٹکارے کی جگہ۔ اقربا۔

عَصْرُوْنَۃ۔ تیسرا پہر۔ شام کا ناشتہ (د)

عَصْرِیّ۔ زمانہ حال کی چیز۔ (د)

عُصْعُص۔ بکرے کے چوتڑ کا گوشت۔ دم کی جڑ۔ دم کی ہڈی۔ ج:۔ عَصَاعِص۔

عَصْف۔ ہری کھیتی کی پتی۔ بھس۔ مص (ن۔ ض) بے پکے ہوئے کھیت کو کاٹنا۔ (ض) ہوا کا سخت چلنا۔ محنت مزدوری کرنا۔ دوڑنا۔ [ب]

ہلاک کرنا۔
عَصْفَة - شراب کی بُو۔
عُصْفُر - کسم۔
عَصْفَرَة - کپڑے کو کسم سے رنگنا۔
عُصْفُور - چڑا۔ کبوتر سے چھوٹا ہر پرندہ۔
پیشانی کے بالوں کے اگنے کی جگہ۔
گھوڑے کی پیشانی کی ابھری ہوئی
ہڈی۔ بادشاہ۔ سردار۔ کتاب۔
ج:۔ عَصَافِیر۔
عُصْفُورَة - چڑیا۔ ج:۔ عَصَافِیر۔
عُصْفُورَان - گھوڑے کے دونوں جبڑوں کی
ہڈیاں۔
عُصْقُول - ٹڈا۔
عَصَل - انتڑی۔ ج:۔ آعْصَال گھوڑے
کی دم کی ایک کجی۔ دانتوں کی کجی مص
(س)، سخت ہونا۔ کج ہونا۔
عَصِل - ٹیڑھی اور سخت چیز۔
عَصْل - (ن)، ٹیڑھا کرنا۔
عَصْلَج - جس کی پنڈلیاں ٹیڑھی ہوں۔
عَصْلَد - عُصْلُود - سخت و درشت۔
عُصْم - عُصُم - مہندی وغیرہ کا رنگ، جو
ہاتھ پاؤں پر باقی ہو۔ ہرن وغیرہ کے
بازو کی سفیدی ج:۔ آعْصَام۔
عَصَم - (س)، ہرن وغیرہ کے بازو کا سفید
اور تمام جسم کا سیاہ ہونا۔
عَصِم - (ض)، کسب کرنا۔ کمانا۔
عِصَم - عزت، ناموس۔
عُصْمَة - ہرن وغیرہ کے بازو کی سفیدی۔ کتے
کی گردن میں پڑا ہوا حلقہ۔

عِصْمَة - ناموس و عزت۔ دست بند۔ ج:۔
عِصَم۔ مص (ض) گناہ وغیرہ سے
باز رکھنا اور حفاظت کرنا۔ مشک
کے لیے عصام بنانا۔ جس کو کندھے
میں ڈال کر اٹھاتے ہیں۔ کسی کو گناہ اور
خوف سے باز رکھنا (الی) کسی کو مضبوطی
سے تھامنا۔ پناہ پکڑنا۔
عَصُوب - دانتوں کا میلا پن۔ اونٹنی جو پاؤں
باندھے بغیر دودھ نہ دے۔ بدصورت
یا ہلکے سرینوں والی عورت۔
عِصْوَاد - بہت بداخلاق (مذکر و مؤنث) بڑا
اور سخت کام۔ ج:۔ عَصَاوِید۔
عِصْوَد - نازک بدن عورت۔
عُصُود - (س۔ ن)، مرنا۔ ہلاک ہونا۔
عَصُوم - بہت کھانے والا۔
عَصِیّ - نافرمان۔ گنہگار۔ ج:۔ عُصِیَاء
عَصْی - مَعْصِیَة - (ض) فرمانی کرنا۔
عِصْیَان - نافرمانی مص (ض) نافرمانی کرنا۔
عدول حکمی کرنا۔
عَصِیب - بھیپھڑا جو انتڑیوں کے ساتھ بھونا
جائے۔ ج:۔ عُصُب۔ آعْصِبَة۔
(یَوْمٌ) عَصِیب - بہت گرم دن۔ سخت دن۔
عَصِید - تہمت زدہ۔ مم: اغلام کرانے کا
عادی۔
عَصِیدَة - ایک قسم کا حلوا جسے بتابہ کہتے
ہیں۔
عَصِیر - نچوڑا ہوا، وغیرہ جو نچوڑنے سے
نکلے۔
عَصِیفَة - پتے جن کے بیان خوشہ ہو۔ ج:۔ عَصَائِف۔

عَصِیم۔ میل کچیل جو اونٹ کے ران پر خشک ہو گیا ہو۔ پسینہ۔ بچی ہوئی چیز۔ مہندی وغیرہ کا ہاتھ پر بچا ہوا رنگ۔

ع۔ض

عَضّ۔ عَضِیض۔ (س۔ن) دانت سے کاٹنا۔ زور سے کاٹ کھانا [ب علی] دانت سے کاٹنا۔ لازم پکڑنا۔

عَضُّ الزَّمَان۔ زمانہ کی سختی۔ عَضُّ الحَرب لڑائی کی سختی۔

عُضّ۔ آٹا جو اونٹ کو کھلاتے ہیں۔ جَو خالص گیہوں۔ درخت کی موٹی جڑ۔ آٹا۔ سوکھی ہوئی گھاس۔ کھجور کی گٹھلیوں وغیرہ کی سانی

عِضّ۔ بدمزاج۔ بدخو۔ خوش بیان۔ بخیل۔ سخت آدمی۔ عقل مند و رسا۔ مصیبت۔ ج: عُضُوض۔ خار دار درخت کا چھوٹا پتہ۔ ج: آعْضَاض۔

عَضَّاب۔ بہت گالیاں بکنے والا۔

عُضَاد۔ پست قد۔ بدصورت اور سخت بازوؤں کی عورت۔

عَضَاد۔ ٹھنگنا مرد اور عورت، جس کے سخت اور موٹے بازو ہوں۔

عِضَاد۔ بازوبند۔ ایک ٹیڑھے سر کا لوہا جس سے ٹہنیاں اونٹ کی طرف جھکا دیتے ہیں ج:۔ آعْضِدَة۔

عِضَادَة۔ جانب۔ کنارہ۔ طرف۔

عِضَادَتَا اُلبَاب۔ دروازے کے دونوں بازو۔

عُضَادِیّ۔ بڑے اور موٹے بازو والا۔

عُضَارِس۔ گورخر۔ سرد و شیریں پانی۔ ج:۔ عَضَارِس۔

عَضَاض۔ جو چیز منہ سے کاٹی اور کھائی جائے۔ کھانے کی چیز۔ موٹا درخت۔

عُضَاض۔ عُضَّاض۔ ناک کی جڑ ابرو کے پاس۔

عِضَاض۔ آپس میں ایک دوسرے کو کاٹ کھانا۔ گھوڑے کا کاٹ کھانا۔

عُضَاضِیّ۔ نرم و نازک آدمی۔ فربہ اور شکم سیر اونٹ۔

عُضَافِج۔ سخت و درشت۔ فربہ و پُر گوشت۔

عُضَال۔ سخت۔ دشوار۔ عاجز کر دینے والی چیز۔

عِضَام۔ اونٹ اور گھوڑے کی دم کی جڑ۔

عِضَاهَة۔ خاردار بڑا لمبا چکلا درخت۔ کیکر وغیرہ کا درخت۔ ج:۔ عِضَاہ۔

عِضَاهِیّ۔ عضاہ کھانے والا اونٹ۔

عَضْب۔ تلوار۔ شمشیر براں۔ تیز زبان آدمی۔ چرب زبان۔ چھوٹے سے سر کا لڑکا۔ بچھڑا مص (ض) کاٹنا۔ گالی دینا۔ پکڑنا مارنا۔ طعنے دینا۔ ضعیف کرنا۔ پھر جانا۔ پرانا ہو جانا۔ بکری وغیرہ کا کان چیر دینا۔ (عضباء کر دینا)

عَضَب۔ (س) ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔ کان چرا ہونا۔

عَضْبَاء۔ چرے ہوئے کان والی۔

عَضْبَل ۔ سخت ودرشت۔ ج:۔ عَضَابِل۔
(مَا بِہٖ) غَفِيرَةٌ۔ وہ کسی کا گناہ نہیں بخشتا۔ اور اس میں درگزر کرنے کا وصف نہیں۔

غَفِيفَة۔ سبز اور تازہ گھاس۔ ج:۔ غَفَائِف۔

غ۔ق

غَقّ۔ غَقِيق۔ (ض) جوش میں آنا اور آواز نکالنا۔ پرندہ کا بولنا۔

غَقُّ المَاء۔ پانی کی آواز جبکہ فراخ جگہ سے تنگ جگہ میں آئے۔

غَقُوق۔ غَقَّاق۔ عورت جس کی شرمگاہ سے جماع کے وقت آواز نکلے۔

غَقِيق۔ پانی کی آواز جبکہ تنگ جگہ میں داخل ہو

غ۔ل

غُل۔ پیاس۔ پیاس کی سوزش۔ گلے کا طوق۔ شئے محیط۔ ج:۔ اَغْلَال۔

غُل۔ غُلَّة۔ (س) (مجهولاً) پیاسا ہونا۔

غَل۔ (ن) گردن میں طوق ڈالنا۔ داخل ہونا۔

خیانت کرنا۔ پوشیدہ طریقہ سے کوئی چیز اٹھا کر اپنے سامان میں رکھ لینا۔

غِلّ ۔ کینہ مص (س) (ض) کینہ رکھنا۔ کینہ ور ہونا۔

غَلَّاء ۔ تیر کو دور پھینکنے والا۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔ ج: اَغْلِیَة۔ مص (ن) مہنگا ہونا۔ بھاؤ کا تیز ہونا۔

غِلَاء ۔ مص تیر پھینکنے میں ہاتھ کو اونچا اٹھانا۔ اور تیر کو نہایت قوت سے پھینکنا۔

غَلَّاب ۔ بہت زبردست۔ غلبہ حاصل کرنے والا۔

غِلَاب ۔ مُغَالَبَة ۔ ایک دوسرے پر غلبہ چاہنا۔ غالب آنا۔

غِلَاظ ۔ بے رحم اور سخت و مضبوط۔ وا: غَلِیْظ۔

غِلَاط ۔ غلطی میں ڈالنا۔ ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔

غُلَاظ ۔ موٹا اور سخت۔

غِلَاظَة ۔ غِلَظ۔ سختی اور موٹاپا۔ کھردراپن۔ گاڑھاپن مص۔ (ك۔ ض) سخت ہونا۔ موٹا ہونا۔

غِلَاف ۔ ڈھکنے کی چیز جس میں تلوار وغیرہ رہے ج: غُلُف۔ غُلَف۔

غَلَالَة ۔ بکریوں کی ایک بیماری۔

غِلَالَة ۔ چھوٹا سا تکیہ جسے عورتیں اپنے سرین میں بڑا دکھانے کے لیے باندھتی ہیں۔ انگیا وغیرہ جو کپڑوں کے نیچے پہنی جائے۔ ج: غَلَائِل۔

غُلَام ۔ لڑکا۔ ادھیڑ آدمی (لغات اضداد سے ہے)، ج: اَغْلِمَة۔ غِلْمَة۔

غِلْمَان ۔ (م) غُلَامَة (تصغیر) غُلَیِّم۔

غَلَّایَة ۔ کیتلی۔ سماور (د)

غَلَّان ۔ بہت پیاسا۔

غَلْب ۔ غَلَبَة ۔ (ض) غالب ہونا۔

غَلَب ۔ غلبہ۔ فتح مندی مص (س) موٹی گردن والا ہونا۔

غَلْبَاء ۔ بڑا ٹیلہ جس میں درخت بہت گنجان ہوں۔ ج: غُلْب

غُلُبَّة ۔ غلبہ رَجُلٌ غُلُبَّة جس کی ناک پر غصہ دھرا رہے۔ غصیارا۔ جلد غالب آنے والا۔

غَلَت ۔ (س) غلطی کرنا۔ حساب میں غلطی کرنا۔

غَلَّة ۔ اناج وغیرہ کی آمدنی۔ مکان کے کرایہ کی آمدنی۔ غلام کی مزدوری۔ زمین کی پیداوار۔ ج: غَلَّات

غَلْت ۔ (ن)، بیع کا معاملہ فسخ کردینا۔

غُلَّة ۔ پیاس۔ پیاس کی شدت اور سوزش۔ پیٹ کی گرمی اور سوزش۔ انگیا، جو زرہ کے نیچے پہنی جاتی ہے۔

غَلْتَة ۔ اول شب۔

غُلْتَة ۔ غلطی۔ حساب کی غلطی۔

غَلْث ۔ (ض) خلط ملط کرنا۔

غَلِث ۔ بڑا جنگ کرنے والا جس کو کھانے پینے سے نشہ ہو جائے۔ جو نیند کے غلبہ سے سُست ہو اور جھونٹے کھائے۔

غَلَث ۔ لڑائی کی سختی (س) سخت لڑائی لڑنا۔ چقماق کا آگ نہ دینا (ب) کسی کے پیچھے پڑ جانا۔ کسی کا ہو رہنا۔

غَلْثیٰ ۔ ایک کڑوا درخت ۔
غُلْج ۔ اچھی جوانی ۔
غَلْج ۔ (ض) گھوڑے کا یکساں چلنا ۔
غَلَس ۔ اخیرات کی تاریکی ۔ ج:۔ اَغْلَاس
غَلْص ۔ (ن) گلا کاٹنا ۔
غَلْصَمَۃ ۔ سردار لوگ ۔ انبوہ ۔ سر اور گردن کے درمیان کا گوشت مص ۔ گلا پکڑنا گلا گھونٹنا ۔
غَلْط ۔ (س) [فی] غلطی کرنا ۔
غَلْط ۔ سخت زمین ۔
غِلَظ ۔ (ك) خوشہ میں دانہ پڑ جانا ۔ سخت اور دلدار ہو جانا ۔ موٹا ہو جانا ۔
غِلْظَۃ ۔ سختی ۔ کھردرا پن ۔ مٹاپا ۔ گاڑھا پن ۔ کینہ ۔ دشمنی ۔
غَلْغَلَۃ ۔ جلد جانا [فی] داخل کرنا ۔
(قُلُوبٌ) غُلْف ۔ پردہ پڑے ہوئے دل جو کسی بات کو نہ سمجھ سکیں ۔ و ا:۔ اَغْلَف
غَلَف ۔ (س) مرد کا بے ختنہ رہ جانا ۔
غَلْف ۔ (ن) کسی چیز کو غلاف میں رکھنا ۔ بالوں کو غالیہ (ایک قسم کی خوشبو) ملنا ۔
غَلْفَاء ۔ اَغْلَف کی تانیث قَوْسٌ غَلْفَاء ۔ کمان غلاف میں کی ہوئی ۔ سَنَۃ غَلْفَاء ارزانی اور فراخی کا سال ۔
غِلْفَاق ۔ لمبے قد کی عورت ۔ ج:۔ غَلَافِیق ۔
(اِمْرَأَۃ) غُلْفَاقُ الْمَشْیِ ۔ تیز چلنے والی عورت ۔
غُلْفَۃ ۔ سر ذکر کا غلاف ۔ ج:۔ غُلَف
غَلْفَق ۔ کائی ۔ آسودگی کے ساتھ زندگی ۔ نرم کمان ۔ کھجور کے درخت کی چھال ۔ انگور کا پتہ ۔ انگور کی بیل پر لگا ہوا ۔ احمق ۔ بدزبان اور بداطوار عورت ۔ ج:۔ غَلَافِق ۔
غَلْفَقَۃ ۔ غریب ہو جانا ۔ بری بات کہنا ۔
غَلَق ۔ بڑی عمر کا دبلا پتلا آدمی ۔ دروازہ کی بستگی مص (ن) دروازہ بند کرنا [فی] دور چلا جانا ۔
(کَلَامٌ) غَلِق ۔ مشکل کلام ۔
غُلُق ۔ بند کیا ہوا دروازہ ۔
غَلَق ۔ دروازہ کا قفل یا بلی (د) لوکرا ۔ مص (س) کھجور وغیرہ کی جڑ میں کیڑا لگ جانے کے سبب پھل نہ آنا ۔ زخم اچھا نہ ہونا ۔ ہلاک ہو جانا ۔ رہن کا مرتہن کی ملکیت بن جانا ۔ غصہ ہونا ۔ بدخلق ہونا ۔
غَلْقَۃ ۔ غَلْقیٰ ۔ ایک چھوٹا سا کڑوا زہریلا حجازی درخت جو چمڑے کی دباغت میں کام آتا ہے ۔
غَلَل ۔ پیاس کی سوزش اور شدت ۔ پیاس پیٹ کی جلن ۔ بکریوں کی ایک بیماری درختوں کے اندر بہتا ہوا پانی ۔ ج:۔ اَغْلَال مص (ن) سیراب ہو کر پانی نہ پینا (مجہولاً) پیاسا ہونا ۔
غَلِم ۔ تیز شہوت مرد ۔ (م) غَلِمَۃ ۔
غِلْمَان ۔ لڑکے ۔ و ا:۔ غُلَام ۔
غُلْمَۃ ۔ جماع کی خواہش کی تیزی ۔
غُلْمَۃ ۔ غَلَم (س) تیز شہوت ہو جانا ۔
غَلْن ۔ (ض) جوانی کا ڈھل جانا ۔ جلدی

کرنا۔
غُلُو ۔ درازوگنجان ہونا (فی) حد سے گزرنا۔ (ب) تیر پھینکنے میں ہاتھ کو بہت اونچا کرنا۔ پوری قوت سے تیر کو دور پھینکنا۔
غُلَوَاء ۔ سرکشی۔ شروع جوانی۔ حد سے تجاوز۔ جوانی کا گزر جانا۔ (اسم)
غُلُوَان ۔ سرکشی۔ آغاز شباب۔ سرعت۔ حد سے تجاوز۔ جوانی کا ختم ہو جانا۔ (اسم)
غَلْوَة ۔ اتنی مسافت جتنی دور تیر جا گرے۔ نشانہ۔ ج:۔ غَلَوَات۔ غِلَاء
غُلُوطَة غلط بات۔ وہ کلام جس سے کسی کو غلطی میں ڈال دیا جائے۔
غَلُول ۔ نرم غذا۔ خیانت کرنے والا۔
غُلُول ۔ (ن) خیانت کرنا۔ مال غنیمت میں سے چرا کر رکھ لینا۔ کسی کے ہاتھ پاؤں میں بیڑی اور گلے میں طوق ڈالنا عورت پر چڑھ بیٹھنا۔
غُلُومَة ۔ غُلُومِیَّة ۔ غُلَامِیَة ۔ لڑکپن
غَلِیّ ۔ گراں۔ مہنگا۔
غَلْیٌ ۔ غَلَیَان ۔ (ض) ہانڈی کا جوش مارنا۔
غَلِیظ ۔ دلدار۔ موٹا۔ سخت اور کھردرا۔ ج:۔ غِلَاظ۔
غَلِیل ۔ پیاس پیٹ کی سوزش۔ پیاسا۔ کینہ۔ دشمنی۔ رنج وملال میں دل کی سوزش اور بے کلی۔ ج:۔ غُلَال۔
غَلِیلَة ۔ زرہ۔ زرہ کے نیچے کی پوشش۔ ج:۔ غَلَائِل۔
غُلَیْم ۔ نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام۔
غِلِّیم ۔ جس کو جماع کی بہت خواہش ہو (مذکر ومؤنث) (م) غِلِّیمَة ۔
غَلْیُون ۔ حقہ یا سگریٹ کا پائپ (د)

غ ۔ م

غَمّ ۔ رنج۔ اندوہ۔ ملال۔ ج:۔ غُمُوم یَوْمٌ غَمٌّ) دن جس میں گرمی کی شدت سے سانس پھولے مص (ن) غمگین کرنا گدھے وغیرہ کی تھوتھڑی مچھینکے سے باندھنا۔ ڈھک دینا (دن کا) سخت گرم ہونا۔ کہ گرمی کی وجہ سے سانس پھولے (مجہولاً) ہلکے ابر میں پہلی تاریخ کے چاند کا چھپ جانا اور نظر نہ آنا۔
غِمَاء ۔ خوگیر جس سے گھوڑے کو پسینہ لانے کے لیے ڈھک دیا جاتا ہے۔ ج:۔ اَغْمِیَة ۔
غَمَّاء ۔ رنج وغم۔ مصیبت۔ سختی۔
غُمَارُ النَّاس ۔ مختلف لوگوں کا انبوہ۔ آدمیوں کا گروہ۔
غَمَارَة ۔ غُمُورَة ۔ (س) بہت ہو جانا۔
غَمَارَة ۔ (ك) احمق و بیوقوف ہونا۔
غَمَّازَة ۔ خوبصورت اور خوشنما اعضاء کی لڑکی۔ نازو انداز دکھانے والی۔
غَمَّاسَة ۔ آبی جانوروں میں سے ایک پرند جانور۔ ج:۔ غَمَامِس ۔
غَمَّاض ۔ نیند۔ آنکھ لگ جانا۔

غُمام ۔ زکام۔
غَمامَة ۔ ابر سفید ابر۔ ج: غَمام۔ غَمائِم۔
غِمامَة ۔ چوپایہ کا چھینکا جسے اس کے منہ پر باندھ دیتے ہیں کہ کچھ کھا نہ سکے۔ ایک چیتھڑا جس سے اونٹنی کی آنکھیں باندھتے ہیں۔ بچہ کے سر کا غلاف۔ ج: ۔ غَمائِم۔
غُماهِج ۔ سخت و فربہ آدمی وغیرہ۔
غَمَتَ ۔ (ض) کھانے کا کھانے والے کو بیہوش کر دینا۔ پانی میں غوطہ دینا کسی چیز کو دبا لینا۔
غَمِتَ ۔ (س) کھانے کا نشہ چڑھ جانا۔
غُمَّة ۔ رنج و غم۔ دریا وغیرہ کی تھاہ۔ مشتبہ کام جو فکر کا باعث ہو۔ ج: ۔ غُمَم
(صُمْنَا لِ) غُمَّة ۔ شک ہو جانے کی وجہ سے ہم نے روزہ رکھا۔
(لَیْلَةٌ) غَمَّة ۔ نہایت گرم رات۔
غَمِیج ۔ پانی جو شیریں نہ ہو۔ اونٹ کا بچہ جو ماں کی رانوں میں گھس کر دودھ پیے۔
غَمْج ۔ (ن) پانی کو حلق سے اتارنا۔ گھونٹ پر گھونٹ پینا۔
غِمْجار ۔ سریش جو کمان پہ لگایا جاتا ہے۔
غَمْجَة ۔ پانی اور شراب کا ایک گھونٹ۔ پس خوردہ۔ ج: ۔ غُمَج ۔
غَمْجَرَة ۔ کمان پر سریش چپکانا۔ بارش کا مرغزار کو بھر دینا۔ پے در پے پانی پینا۔
غِمْد ۔ تلوار اور چھری کا میان۔ ج: ۔ آغْماد۔ غُمُود۔

غَمْد ۔ (ن) تلوار وغیرہ کو میان میں کرنا۔
غَمَد ۔ (س) کنوئیں کا پانی زیادہ ہو جانا۔ کنوئیں کا پانی کم ہو جانا۔ (لغات اضداد سے ہے) رات چھا جانا۔
غُمْدان ۔ تلوار کا میان۔
غَمْدَرَة ۔ زیادہ تاپنا۔
غَمْر ۔ بہت پانی۔ جوانمرد۔ وسیع الاخلاق۔ بہت پانی والا دریا۔ دریا اور سمندر کا بڑا حصہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ فراخ اور لمبا کپڑا۔ مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت۔ ناتجربہ کار۔ ج: ۔ غِمار۔
غُمُور ۔ مص (ن) پانی کا کسی چیز پر اپنی کثرت کی وجہ سے چڑھ جانا۔ بلند ہونا۔
غِمْر ۔ پیاس۔ کینہ۔ ج: ۔ آغْمار۔
غُمْر ۔ زعفران۔ احمق آدمی (د) گٹھا۔ پولہ ج: ۔ آغْمار۔
غُمَر ۔ چھوٹا پیالہ۔ ج: ۔ غِمار۔
غَمَر ۔ متفرق لوگوں کا گروہ۔ گوشت کی چکنائی جو ہاتھوں میں لگ جاتی ہے۔ (س) کینہ رکھنا۔ گوشت کا مزہ اور بو بدل جانا۔ ہاتھ چکنا ہو جانا۔
غَمْرَة ۔ سختی۔ کسی چیز کے اکٹھے ہونے کی جگہ ج: ۔ غَمَرات۔
غِمار ۔ غُمار ۔ لوگوں کا ہجوم۔ مختلف قسم کے لوگوں کا گروہ۔ پانی کی کثرت۔ ج: ۔ غِمار۔
غَمَرَة ۔ چکنائی لگا ہوا ہاتھ۔ غلاموں اور خادموں کا سیاہ لباس۔
غُمْرَة ۔ احمق عورت۔ ایک قسم کا غازہ جو

عورتیں چہرہ پر ملتی ہیں۔ زعفران۔

غَمَش ۔ کمزور آدمی۔ حقیر چیز۔ دبلے جانور ج:۔ أَغْمَاش۔

غَمَش ۔ (ض) ظاہر و آشکارا ہو جانا۔ لنگڑانا زمین میں بٹھانا۔ [ب] کسی کی چغلی کرنا۔ [ب۔ ید] کسی چیز کو ہاتھ سے دبانا [ب۔ عین جفن حاجب] آنکھ یا پلک یا ابرو سے اشارہ کرنا۔

غَمْس ۔ (ض) غروب ہونا [فی] ڈبو دینا۔

غَمْس ۔ غُمُوس۔ (ن) ہاتھ کو بے نقش و نگار رنگنا۔

غَمَش ۔ (س) بھوک یا پیاس کے سبب آنکھوں میں اندھیرا آجانا۔

غَمَص ۔ آنکھ کا چیپڑا۔ (س) آنکھ کے چیپڑے بہنا۔

غَمْص۔ (ض۔ س) ناشکری کرنا۔ حقیر سمجھنا عیب نکالنا [علیٰ] جھوٹ بولنا تہمت لگانا۔

غَمْض ۔ پست زمین۔ نرم زمین۔ گڑھوں والی زمین۔ ج:۔ غُمُوض اَغْمَاض۔

غُمْض ۔ نیند۔

غَمْط ۔ پست و نرم زمین مص (س۔ ض) حقیر سمجھنا۔ شکر ادا نہ کرنا۔ کسی چیز کو گلے سے دشواری کے ساتھ اتارنا۔ ذبح کرنا۔ ناز سے چلنا۔ اترانا۔

(سَمَاءٌ) غَمَطَیٰ مسلسل برسنے والا بادل۔

غَمْغَمَة ۔ ڈر کے وقت گایوں کی آواز۔ لڑائی کا شور۔ وہ بات جس کا مطلب صاف طور پہ سمجھ میں نہ آئے۔ مص ڈر کے وقت آواز نکالنا۔ جنگ میں شور و غوغا کرنا۔ واضح بات نہ کہنا۔

(نَبَاتٌ) غَمِق ۔ بہت رطوبت کی وجہ سے بدبودار گھاس۔

غَمَق ۔ (س۔ ض۔ ك) زمین میں سے تری کا نکل آنا۔

غَمَقَة ۔ ایک بیماری جو پشت میں ہوتی ہے۔

(اَرْضٌ) غَمِقَة ۔ (نمناک) زمین۔ (لَيْلَةٌ غَمِقَة) ٹھنڈی رات۔

غَمْل ۔ (ن) گدرائے ہوئے یا کچے میوہ کی پال دبانا۔ کسی چیز کی اصلاح کرنا۔ پسینہ لانے کے لیے کپڑا وغیرہ اوڑھا دینا۔ کسی چیز کا بکثرت اور گنجان اگنا۔

غُمْلَج ۔ جو ایک روش اور ایک حالت پر نہ رہے کبھی کچھ اور کبھی کچھ۔ ج:۔ غَمَالِج

غُمْلُول ۔ اکٹھی چیز۔ ابر۔ تاریکی۔ بلند ٹیلہ ج:۔ غَمَالِيل۔

غَمَم ۔ (س) بالوں کا (پیشانی اور گدی پر) چھا جانا۔

غَمْن ۔ (ن) کپڑا ڈالنا تاکہ پسینہ آجائے (مجھولاً) زمین میں داخل کیا جانا۔

غُمْنَة ۔ ایک قسم کا اُبٹن جس سے عورتیں منہ دھوتی ہیں۔

غَمْوٌ ۔ (ن) گھر کی چھت پاٹنا۔

غُمُود ۔ (ن) کنوئیں کا خشک ہو جانا۔

غُمُورَة ۔ جوانمردی۔ خوش خلقی۔ مص۔ (س) بہت ہونا۔

غَمُوسٌ۔ اونٹنی کہ جب تک اس کی کوہان نہ ملیں لاغری وفربہی معلوم نہ ہو۔
غَمُوسٌ۔ سخت کام مشکل میں پھنسا دینے والا۔ آرپار زخم۔ جھوٹی قسم جو جان بوجھ کر کھائی جائے۔
غَمُوصٌ۔ جھوٹی قسم جو دیدہ و دانستہ کسی کی حق تلفی کے لیے کھائی جائے۔
غَمُوصُ الْحَنْجَرَةِ۔ سخت جھوٹا۔ کذاب۔
غُمُوصٌ۔ (ن) پست اور نا ہموار ہونا [فی] چلنا (ض) [عن] آسانی کرنا۔ [فی] پیوست ہو جانا۔ گھسنا۔ جانا۔ چلنا۔
غُمُوضَةٌ۔ غَمَاضَةٌ۔ (ك) پست اور ناہموار ہونا۔
غُمُوضَةٌ۔ غُمُوضٌ۔ (ك۔ ن) دشوار فہم اور دقیق ہونا۔
غُمُومٌ۔ چھوٹے چھوٹے پوشیدہ ستارے۔
(لَيْلَةٌ) غُمِّيٌّ۔ بہت گرم رات۔ غم کی رات رات جس میں فضا مکدر ہو اور چاند نظر نہ آئے۔
غَمًّى۔ دھندلاپن۔ تاریکی۔ سختی۔ جو قوم کو جنگ میں طول کردے۔
غَمًى۔ بے ہوش (مذکر و مؤنث واحد تثنیہ و جمع) بالاخانہ (تثنیہ) غَمَيَان۔ ج:۔ آغْمَاء۔
غُمًّى۔ بلا۔ سختی۔ دشوار کام۔
غُمِيَ۔ (ض) گھر کی چھت پاٹنا (مجہولاً) [علیٰ] بے ہوش ہو جانا۔
غَمَيْذَرٌ۔ احمق اور ناسمجھ آدمی۔

نرم و نازک اور شباب میں بھرا ہوا جوان۔
غَمِيزٌ۔ سبز گھاس جو خشک گھاس کے نیچے اگی ہو۔ بہت پانی۔ ج:۔ آغْمِزَاء
غَمِيزَةٌ۔ عیب۔ کم عقلی۔ حرص ولالچ کرنے کا موقع۔ عیب گیری کا موقع۔ ج:۔ غَمَائِزُ
غَمِيسٌ۔ تاریک رات۔ نادر شے۔ بے نظیر چیز گنجان درخت۔ ایسی گنجان اور پرپیچ چیز جس میں چھپ جانا آسان ہو۔ کھیت میں پانی کی نالی۔
غَمِيضَةٌ۔ عیب۔ گمنامی۔ ذلت و تواری۔ گمنامی۔ ج:۔ غَمَائِضُ۔
غُمَيْضَةٌ۔ آنکھ مچولی۔ بچوں کا ایک کھیل۔ (د)
غَمِيمٌ۔ جوش دیا ہوا گاڑھا دودھ۔
غَمِينٌ۔ کھجور کا خوشہ جو پکا نہ ہو۔ تر کھال جو کسی چیز کے نیچے رکھی ہوئی ہو تاکہ اس کے بال صاف ہو جائیں۔

غ۔ ن

غَنَاءٌ۔ فائدہ۔ نفع۔ کفایت۔ اصلاح۔
(قَرْيَةٌ) غَنَّاءُ۔ بستی جس میں آبادی اور مکان بکثرت ہوں۔ رَوْضَةٌ غَنَّاءُ۔ باغ جس میں درخت بکثرت اور بہت گنجان ہوں کہ ہوا گزرے تو آواز غنہ کے مشابہ پیدا ہو۔
غِنَاءٌ۔ راگ اچھی آواز جو خوشی پیدا کرے۔
غُنَّاثٌ۔ لوگوں کے ساتھ بیٹھنے اٹھنے میں ادب کا اچھی طرح لحاظ رکھنے والا۔

غُنَاج ۔ نازوادا ۔ کرشمہ ۔
غُنَافِر ۔ بے وقوف اور کند ذہن آدمی ۔
لڑ لگڑ بگڑ ۔ جس کے جسم پر بکثرت بال ہوں ۔
غَنَائِم ۔ غنیمت کے اموال ۔
غَنْب ۔ بہت سا لوٹ کا مال ۔
غُنْبَۃ ۔ خوبصورت اور ملیح لڑکے کی باچھ کا دائرہ ۔ ج: ۔ غُنَب ۔
غُنَّۃ ۔ (س) ناک میں بولنا ۔ گنگنانا ۔ پتھر کا آواز کرنا ۔ کھجوروں کا پک جانا ۔
غَنْتَل ۔ بے عزت اور گمنام آدمی ۔
(اُمُّ) غَنْتَل ۔ لگڑ بگڑ ۔ کفتار ۔
غَنَث ۔ (س) پانی کو پھونک مار کر پینا ۔ جی کا متلانا ۔
غَنْثَر ۔ غُنْثُر ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ کمینہ ج: ۔ غَنَاثِر ۔
غَنْثَرَۃ ۔ سر کی صفائی اور بالوں کی کثرت ۔
غُنْج ۔ غُنُج ۔ نازوادا ۔ کرشمہ ۔
غُنُج ۔ تیل کا دھواں ۔
غَنَج ۔ (س) نازو انداز کرنا ۔ کرشمہ سنجی کرنا ۔
غَنِجَہ ۔ شیریں ادا عورت ۔ نازو انداز دکھانے والی عورت ۔
غُنْجُل ۔ سیاہ گوش (ایک جانور کا نام) ج: ۔ غَنَاجِل ۔
غُنْدُبَۃ ۔ گلے کے اردگرد سخت گوشت کا ٹکڑا ج: ۔ غَنَادِب ۔
غُنْدَر ۔ نوجوان ۔ موٹا تازہ ۔ نازو نعمت میں پلا ہوا ۔ غَنْدَق ۔ بندوق (د)

غُنْدُلَانِیّ ۔ بڑے سر والا آدمی ۔
غَنْظ ۔ سخت اور جدانہ ہونے والا رنج ۔ مص (س) رنج دینا ۔ اندوہگین کرنا ۔
غُنْم ۔ غنیمت ۔ جو چیز بلا محنت و مشقت حاصل ہو ۔ ج: ۔ غُنُوْم ۔
غُنْم ۔ غَنِیْمَۃ ۔ (س) لوٹ کا مال حاصل کرنا ۔ غنیمت کے مال پر پہنچ جانا ۔
غَنَم ۔ (اسم جمع) بکریاں ۔ بکرے ۔ ج: ۔ اَغْنَام ۔ غُنُوْم ۔ اَغَانِم ۔
غَنَمٌ ۔ مُغَنَّمَۃٌ ۔ بہت سی بکریاں ۔
غُنُوَۃ ۔ بے نیازی ۔ کسی سے بے پروائی ۔
غَنِیّ ۔ مالدار ۔ دولت مند ۔ سرمایہ دار ۔ تو انگر ۔ ج: ۔ اَغْنِیَاء ۔
غِنیً ۔ کفایت ۔ چارہ یعنی تدبیر ۔ مص (س) مالدار ہونا ۔ شادی شدہ ہونا ۔ عورت کا غانیہ ہونا ۔ زندگی بسر کرنا ۔ دیدار کرنا ۔ قائم رہنا ۔
غُنْیَان ۔ غُنْیَۃ ۔ بے نیازی ۔ دسترس ۔ قدرت ۔ کفایت ۔ چارہ و تدبیر ۔
غَنِیْم ۔ لوٹ کا مال ۔ بلا محنت و مشقت کسی چیز کا حصول ۔
غَنِیْمَۃ ۔ مال جو لڑائی میں کفار سے حاصل ہو بلا محنت کسی مال کا حصول ۔

غ ۔ و

غَو ۔ گمراہ ۔ ناامید ۔ اونٹ کا بچہ جسے بد ہضمی ہو گئی ہو
غُوَاث ۔ فریاد ۔ فریادرس ۔
(یَوْمُ) غَوَاسٌ ۔ دن جس میں شکست اور

کشت و خون واقع ہو۔
غَوَاشِی ۔ ڈھانپنے والیاں۔ بے ہوشیاں۔
وا:۔ غَاشِیَة ۔
غَوَّاص ۔ دریا میں موتیوں کے لیے غوطہ لگانے والا۔ (م) غَوَّاصَة ۔
غَوَّاصَة ۔ تارپیڈو۔ ایک بحری جنگی کشتی (د)
غَوَائِل ۔ سختیاں۔ مصیبتیں۔ وا:۔ غَائِلَة ۔
غَوْث ۔ فریاد۔ فریادرس مص (ن) مدد کرنا۔ اعانت کرنا۔
غَوْج چوڑے سینہ والا گھوڑا (ن) دوہرا ہونا۔ مڑ جانا۔
غَوْر ۔ گہرائی۔ پست زمین۔ پانی جو زمین میں جذب ہو گیا ہو۔ مص (ن) (دن کا) نہایت گرم ہونا۔ پانی کو حلق سے اتارنا۔ پست ہونا۔ کسی چیز کی گہرائی تک پہنچنا۔ داخل ہونا۔ پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔
غُؤُوْر ۔ غِیَار (ن) آفتاب کا ڈوب جانا۔
غِیَر ۔ خون بہا۔ دیت۔
غَوْرَة ۔ آفتاب۔ قیلولہ۔
غَوْرِی ۔ ہر چیز کی تھاہ۔
غَوْز ۔ (ت) کسی کا قصد کرنا۔
غَوْص ۔ غِیَاص ۔ غِیَاصَة (ن) [فی] پانی میں غوطہ مارنا [علیٰ] اچانک آجانا۔ معنیٰ کی حقیقت تک پہنچنا۔
غَوْط ۔ مص (ن) کھودنا۔ ایک چیز کا کسی چیز میں داخل ہونا۔ ڈوب جانا۔
غَوْط ۔ غَاط ۔ پست و ہموار زمین۔ ج:۔ اَغْوَاط ۔ غِیَاط ۔

غُوطَة ۔ شام میں ایک نہایت سرسبز و شاداب مقام۔
غُوطِی ۔ گاتھ قوم۔
غَوْغَاء ۔ چھوٹی مکھی۔ مڈی۔ ٹڈی دل۔ آدمیوں کا ہجوم۔ (د) شور و شغب۔
غَوْل ۔ سختی و دشواری۔ نشیبی زمین۔ دردِ سر مستی و خمار مص (ن) ہلاک کر دینا۔ اچانک پکڑ لینا اور مار ڈالنا۔ دفعۃً اچک لینا۔
غَوْلُ غَائِلَة ۔ دشوار معاملہ۔
غُوْل ۔ ہلاکت مصیبت۔ بھوت۔ دیو۔ جن جو چیز اچانک آکر دبا لے اور مار ڈالے ج:۔ اَغْوَال ۔ غِیلَان ۔ سانپ۔
ج:۔ اَغْوَال ۔ جادو کرنے والا۔ فریب دینے والا۔ موت۔ ایک مردم خور جن۔ جو چیز عقل کو کھو دے۔
غُوْلُ الْحَلِیْم ۔ غصہ۔
(عیش) غَوَّل ۔ خوشحال زندگی۔
غَوْلَان ۔ اشنان کے مشابہ ایک کڑوی گھاس۔
غَوًی ۔ مص (س) بچہ کا ماں کے دودھ سے سیر نہ ہونا۔ لاغر ہونا۔ قریب مرگ ہونا۔
غَوِیّ ۔ گمراہ۔ ج:۔ اَغْوِیَاء ۔
غَوِیْث ۔ جس چیز سے کسی کی مدد کی جائے۔
غَوِیْطَة ۔ بہت گہرا کنواں۔

غ - ی

غَیّ ۔ غَوَایَة ۔ (ض) گمراہ ہو جانا۔ ناامید

ہونا۔ گمراہ کرنا۔

غَیَاب - قبر۔ غَیَابُ الشجر۔ غَیَابُ الشجر - درخت کی زمین میں پھیلی ہوئی جڑیں۔

غَیَابَۃ - سائبان۔ جس چیز سے سر پر سایہ ہو جائے۔ قبر۔ کنویں وغیرہ کی تھاہ۔

غِیَاث - فریادرسی۔ فریاد خواہی۔

غَیَادِیق - بارش۔ مینہ (صیغہ جمع بمعنی مفرد)

غِیَار - (ن) آفتاب کا غروب ہونا (ض) (علیٰ) غیرت و رشک کرنا (مفاعلہ) معاوضہ اور مبادلہ کے ساتھ۔ خرید و فروخت کرنا۔ مخالفت کرنا۔ غیر ہونا۔

غِیَاص۔ غِیَاصَۃ۔ (ن) (فی) غوطہ لگانا۔ (علیٰ) حملہ کرنا۔

غِیَاظ - محنت و مشقت۔ رنج و غم۔

غَیَّاف - دراز قد۔ لمبی ڈاڑھی والا۔

غَیَّال - شیر۔

غَیَّان - گمراہ۔

غَیْب - گمان۔ پوشیدگی۔ پوشیدہ چیز۔ ج:۔ غِیَاب۔ غُیُوب۔ بکری بھیڑ کے اوجھ کی چربی۔

غَیْب - غَیْبَۃ۔ غِیَاب۔ غَیْبُوبَۃ۔ غُیُوب غُیُوبَۃ (ض) چھپ جانا۔ آفتاب کا غروب ہونا۔

غَیْبَۃ - پست زمین مص (ض) پیٹھ پیچھے برائی کرنا۔

غِیْبَۃ - پس پشت عیب جوئی

غَیَّۃ - گمراہی۔ زنا۔

(وَلَدٌ) غَیَّۃ - زنا سے پیدا ہونے والا۔

غَیْث - بارش۔ بارش، جو دور دور تک برسے گھاس جو بارش کے پانی سے اُگے۔ ج:۔ اَغْیَاث۔ غُیُوث مص (ض)، بارش برسانا۔ مینہ برسنا۔ روشن اور منور ہونا۔ زمین کا بارش سے سیراب ہونا۔

(سَحَابٌ) غَیِّث - بہت بارش والا بادل۔

غَیْثَمَۃ - لڑنا۔ بھڑنا۔

غَیَد - نزاکت مص (س) کج گردن ہونا۔

غِیْدِ غِیْدِ - جلدی کر (اسم فعل)

غَیْدَاء - نرمی اور نزاکت کے سبب بل کھانے والی۔ مذ:۔ اَغْیَد۔ ج:۔ غِیْد۔

غَیْدَاق - سرسبز و شاداب۔ سخی و شریف آدمی۔

غَیْدَق۔ غَیْدَقَان - نرم و نازک

غَیْدَان - عنفوان شباب۔ نوجوانی

غَیْدَقَۃ - بارش کا بہت ہونا۔

غَیْذَار - گدھا۔ ج:۔ غَیَاذِیر

غَیْذَرَۃ - بدی۔ گفتگو کی زیادتی۔ مص۔ بات کو خلط ملط کر دینا۔

غَیْر - سوا نہیں۔ مگر (نیز اسم ہے بمعنی) تبدیلی سوا۔ ج:۔ اَغْیَار۔ مص (ض) دیت دینا۔ خون بہا دینا۔ کسی کو مار ڈالنا۔

غِیَرُ الدَّھْر - زمانہ کے حوادث

غَیْر۔ غَیْرَۃ۔ غَار۔ غِیَار (ض) (علیٰ) غیرت کرنا۔ رشک کرنا۔ (د) جوش۔ حمیت۔

غَیْرَان - غیرت مند آدمی (م) غَیْرَیٰ۔

ج:۔ غَیَادٰی۔
غِیْرَۃ۔ غلہ جو کہیں سے اپنے لیے لایا جائے۔ ہلاکت۔ خون بہا۔ ج:۔ غِیَر۔
غِیْسٌ۔ خوشنما اور گھنے بال۔
غَیْسَان۔ جوانی۔ نوجوانی۔ قسم و صنف۔
غَیْسَانِیٌّ۔ خوبصورت و خوش قامت۔
غَیْصٌ۔ ناتمام بچہ جو حمل سے ساقط ہوجائے بہت میں سے تھوڑا سا۔ مص۔ (ض) (پانی کا) کم ہوجانا۔ زمین میں جذب ہوجانا۔ (پانی کو) کم کردینا اور زمین میں جذب کردینا۔ ناقص کر دینا۔
غَیْضَۃ۔ جنگل۔ نیچی زمین میں پانی کے ٹھہرنے کی جگہ۔ درختوں کا جھنڈ۔ ج:۔ غِیَاض۔ اَغْیَاض
غَیْط۔ باغ مص (ض) [فی] کسی چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا۔ چھپ جانا۔ گھس جانا۔
غَیْطَلَۃ۔ شور و غوغا۔ تاریکی۔ دنیا کی دولت۔ گنجان درختوں کا جھنڈ۔ ج:۔ غَیْطَل جھاؤ کے درخت۔ بہت سے آدمیوں کا گروہ۔ دودھ کی گائے اور ہرنی۔ ج:۔ غَیَاطِل۔ نیند کا غلبہ۔ ہجوم کھانا پینا۔ گنجان ہونا۔
غَیْظ۔ غصہ۔ تیز غصہ مص (ض) کسی کو غصہ دلانا۔
غَیْف۔ پرندوں کا جھنڈ۔
غَیْفَاء۔ درخت جس کی ٹہنیاں دائیں بائیں جھکی ہوں۔

غَیْفَان۔ (ض) درخت کا لہلہانا۔
غَیْفَان۔ غَیَّفَان۔ مٹک (چال میں)
غَیْل۔ بھرے ہوئے مضبوط بازو۔ موٹا اور جسیم لڑکا۔ کپڑے کا نقش۔ جو چیز دور ہو اور نزدیک معلوم ہو۔ حاملہ کا دودھ۔ دودھ جو جماع کی ہوئی عورت بچہ کو پلائے مص (ض) دودھ پلانے والی عورت سے جماع کرنا۔
غِیْل۔ گنجان درخت۔ بن جس میں شیر رہے۔ پانی والا جنگل ج:۔ اَغْیَال۔ غُیُوْل۔
غَیْلَۃ۔ موٹی تازی عورت۔
غِیْلَۃ۔ ناگہانی ہلاکت۔ فریب دھوکہ کے ساتھ قتل۔ جماع کے ساتھ دودھ پلانا۔ حمل ہوتے ہوئے جماع کرنا (اسم)
غَیْلَم۔ خوبصورت لڑکی جو شہوت کی حد کو پہنچ گئی ہو۔ مینڈک نر۔ کچھوا۔ ج:۔ غَیَالِم۔
غَیْم۔ ابر (۱) غَیْمَۃ۔ ج:۔ غُیُوْم۔ پیاس دل اور سینہ وغیرہ کی گرمی۔ مص (ض) پیاسا ہونا۔ جوف کا بھڑکنا۔ (آسمان کا) بادلوں والا ہونا۔
غَیْمَان۔ پیاسا۔ جس پر خشکی غالب ہو۔ (م) غَیْمَاء۔ ج:۔ غَیَامٰی۔
غَیْن۔ پیاس۔ ابر۔ حروف ہجا میں سے ایک حرف۔ مص۔ (ض) پیاسا ہونا جی متلانا (مجہولاً) [علی قلب] مرض سے دل کا پریشان ہوجانا۔ بے ہوش ہونا۔
غَیْنَاء۔ بہت پتوں والا بھرا ہوا درخت۔

سرسبز درخت۔ ج: غین

غَیُوْر ۔ بڑا غیرت مند (مذکر مؤنث) ج: غُیُر۔
غَیْہَب ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ ج: غَیَاہِب
غَیْہَبَۃ ۔ جنگ کے اندر شور و فریاد کرنا۔
غَیْہَم ۔ تاریکی ۔ اندھیرا ۔ ج: غَیَاہِم۔

ف ۔ ا

فُؤَاد ۔ دل ۔ نفس ۔ رُوح ۔ ج: أَفْئِدَۃ
فِئَال ۔ بچوں کا ایک کھیل کہ کسی چیز کو مٹی وغیرہ میں چھپا دیتے ہیں اور اس مٹی کو آپس میں تقسیم کر کے پوچھتے ہیں کہ کس کے حصّہ میں وہ چیز آئی ہے۔
فِئَام ۔ گروہ ۔ ٹولی ۔ کمبل جو ہودج میں ڈالا جاتا ہے ۔ ج: فُئُم
فِئَۃ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ ٹولی ج: فِئَات
فَاتِح ۔ کھولنے والا ۔ فیصلہ کرنے والا ۔ فتح کرنے والا ج: فَوَاتِح ۔
فَاتِحَۃ ۔ چیز کا اوّل اور شروع ۔ سورۂ الحمد کا نام ۔
فَاتِر ۔ پانی جس کا جوش ٹھنڈا ہو گیا ہو۔ طَرْفٌ فَاتِرٌ کمزور نگاہ ۔ چشم بیمار۔
فَاتِك ۔ دلیر ۔ اچانک قتل کرنے والا ج: فُتَّاك
فَاتِن ۔ دیو ۔ گمراہ کرنے والا ۔ جیسے کسی عورت نے فریفتہ کر لیا ہو۔
فَاتُوْر ۔ پانی جس کو جوش دے دیا گیا ہو۔
فَارِج ۔ جوان حاملہ اونٹنی فربہ اور غیر حاملہ اونٹنی بڑے کوہان کی اونٹنی ۔ ج: فَوَاتِج ۔
فَاثُوْر ۔ تشت ۔ خوان ۔ سورج کی ٹکیا ۔ جاسوس

خوشی ۔ پیالہ ۔ آدمی کا سینہ۔
فَاجِر ۔ نافرمان ۔ زناکار ۔ جادوگر ۔ ج: فُجَّار ۔ فَجَرَۃ م: فَاجِرَۃ ج: فَوَاجِر
(یَمِیْنٌ) فَاجِرَۃ ۔ جھوٹی قسم
فَاجِع ۔ جنگلی کوا ۔ اِمْرَأَۃ فَاجِع مصیبت زدہ عورت ۔
فَاجِعَۃ ۔ سختی ۔ غم ۔ مصیبت ۔ دردمند کر دینے والی ۔ ج: فَوَاجِع ۔
فَاجِل ۔ جو جوئے میں غالب آئے ۔ جواری۔
فَاجُوْر ۔ گناہ کا مرتکب ۔ زناکار۔
فَاحِش ۔ بڑا بخیل ۔ بدی جو حد سے گزر جائے۔ فحش بکنے والا ۔ بہت غالب ۔ م: فَاحِشَۃ ۔
فَاحِشَۃ ۔ بدگوئی کرنے والی ۔ زنا جس چیز سے اللہ عزوجل نے منع فرمایا ۔ ہر بُرائی جو حد سے گزر جائے ۔ ج: فَوَاحِش۔
فَاحِم ۔ خوب سیاہ ۔ سیاہ بادل ۔ ٹھہرا ہوا پانی ۔
فَاخِتَہ ۔ ایک مشہور پرندہ ۔ فاختہ ۔ ج: فَوَاخِت۔
فَاخِر ۔ فخر کرنے والا ۔ ہر عمدہ چیز ۔ بیش قیمت بغیر گٹھلی کی کھجور۔
فَاخُوْر ۔ ایک قسم کی پھلواری ۔ ج: فَیَاخِیْر۔
فَأَدَ ۔ بھوبھل میں (روٹی کو) سینکنا (گوشت) بھوننا ۔ دل پر مارنا ۔ بزدل کر دینا۔ (مجہولاً) دل میں درد ہونا ۔
فَئِدَ ۔ (س) بیماری دل میں مبتلا ہونا ۔
فَادِح ۔ دشوار و مشکل ۔

فَادِحَۃ - مصیبت - بلا - حادثہ - ج: فَوَادِح

فَادِر - پکاہوا ٹھنڈا گوشت - پہاڑی بکرا - اکیلی اونٹنی - ج: فُدْر - فُدُوْر

فَارّ - بھاگنے والا - اسم جمع فِرَّۃ -

فَأْر - چوہا - ج: فِئْرَان - فِئَرَۃ - فُئُور -

فَأْر - چوہا (اسم جنس) مص (ف) زمین کھودنا خاک میں پوشیدہ کرنا -

فَأْرَۃ - چوہا - چوہیا - نافہ مشک - ایک درخت خوشبو - ج: فِئْرَان - فِئَرَۃ - فُئَر -

فَارِح - فِرِح - خوش وخرم -

فَارِد - اکیلا - ہرنی جو گلے سے الگ ہوگئی ہو - سُکَّرٌ فَارِدٌ - عمدہ شکر -

فَارِدَۃ - اکیلی چرنے والی اونٹنی - ج: فَوَارِد -

(لِسَانٌ) فَارِز - زبان روشن بیان -

کَلَامٌ فَارِزٌ - بیان روشن -

فَارِس - گھوڑے کا سوار بہادر ج: فُرْسَان فَوَارِس - ایران کے رہنے والے -

وا، فَارِسِی - ملک ایران (پارس کا معرب) شیر -

فَارِسُ النَّظَر - جو آدمی نظر سے اور صرف قرائن سے پتہ چلائے -

فَارِسِیّ - ملک فارس کی طرف منسوب - ایران کا باشندہ - ج: فَارِس -

فَارِض - بوڑھا - علم فرائض کا واقف -

فَارِط - جو دوسروں سے پہلے پہنچ کر پانی وغیرہ کا انتظام کرے - ج: فُرَّاط -

فَارِع - بلند - خوبصورت آدمی چڑھنے والا - اترنے والا - بادشاہ کا مددگار - ج: فَرَعَۃ

فَارِعَۃُ الْجَبَل - پہاڑ کا بالائی حصہ فَارِعَۃُ الْوَادِی وادی کا سرا - ج: فَوَارِع -

فَارِغ - کام سے فرصت پانے والا - نمٹنے والا -

فَارِق - جو چوپایہ درد زہ کی وجہ سے بھاگے ابر کا ٹکڑا جو بادلوں سے جدا ہوگیا ہو حق و باطل میں امتیاز کرنے والا - ج: فَوَارِق

فَارِقَات - فرشتے جو حق و باطل میں فیصلہ کرنے کے لئے نازل ہوں -

فَارُوْق - بہت خوفزدہ آدمی - حق و باطل میں بڑا امتیاز کرنے والا - حضرت عمر رض کا لقب -

(تِرْیَاقٌ) فَارُوْق - ایک عمدہ تریاق جو بیماری اور تندرستی کو الگ الگ کردیتا ہے -

فَارُوْقَۃ - بہت ڈرنے والا (مذکر ومؤنث)

فَارِک - شوہر سے بغض رکھنے والی ج: فَوَارِک -

فَارِنَۃ - فُرْن (ایک قسم کا چولھا) پر روٹی پکانے والی - ج: فَوَارِن -

فَارِہ - ہوشیار - عقلمند - تیز رو خچر یا گدھا - ج: فُرُہ - فُرَّۃ - فَرَہَۃ

فَارِہَۃ - ملیح - خوبصورت لڑکی - گانے والی لونڈی بہت کھانے والی - ج: فَوَارِہ

فَازَة ۔ سائبان جو ستونوں پر قائم ہو۔
فَازِر ۔ سیاہ رنگ کی سرخی مائل چیونٹی۔ لمبا چوڑا راستہ (سڑک) م:۔ فَازِرَة۔
فَازِع ۔ ڈرنے والا۔ مدد چاہنے والا۔ ج:۔ فَزَعَة
فَأْس ۔ کلہاڑی (مؤنث) ج:۔ اَفْؤُس فُؤُوس مص (ف) چیرنا۔ تیر سے مارنا۔ کسی کے سر کے پیچھے ابھار پر مارنا۔ کھانا کھانا۔
فَأْسُ الرَّاس ۔ سر کے پیچھے کا اُبھار۔
فَأْسٌ فَصِيْلٌ ۔ بڑی اور بھاری کلہاڑی
فَاسِج ۔ تیز رفتار جوان اونٹنی۔ جوان و حاملہ اونٹنی۔ فربہ وغیرہ۔ حاملہ اونٹنی ج:۔ فَوَاسِج۔
فَاسِد ۔ تباہ و برباد۔ خراب۔ ج:۔ فَسَدَیٰ
فَاسِق ۔ بدکار۔ زناکار۔ ج:۔ فُسَّاق م:۔ فَاسِقَة ج:۔ فَوَاسِق۔
فَاسِقِيَّة ۔ پگڑی باندھنے کا ایک خاص طریقہ۔
فَاسِيَاء ۔ فَاسِيَة ۔ گبریلا۔
فَاشِغ ۔ کسی پر کوڑا اُٹھانے والا۔ م:۔ فَاشِغَة۔
فَاشُوش ۔ کمزور رائے اور ضعیف ارادہ والا
فَاشِی ۔ منتشر۔ مشہور۔ ظاہر۔ م:۔ فَاشِیَة ج:۔ فَوَاشِی۔
فَاصِل ۔ جدا کرنے والا (حُکْمٌ فَاصِل) اٹل حکم۔
فَاصِلَة ۔ کوڑی جو ہار میں دو موتیوں کے درمیان پرو دی جائے۔ قرآن مجید کی پوری آیت۔ ج:۔ فَوَاصِل
فَاضَّة ۔ سختی۔ مصیبت۔ ج:۔ فَوَاضّ
فَاضِح ۔ رسوا کرنے والا۔ صبح۔ بھور۔
فَاضِل ۔ فضل والا۔ فضیلت والا۔ ج:۔ فُضَلَاء م:۔ فَاضِلَة ج:۔ فَوَاضِل
فَاضِلَة ۔ فضیلت و احسان کا بلند درجہ ج:۔ فَوَاضِل۔
فَاضِی ۔ چوڑا۔ خالی۔ ظاہر
فَاطِر ۔ پیدا کرنے والا۔ پھاڑنے والا۔ وہ شخص جس کے عقل داڑھ نکل آئے
فَاطِس ۔ مرنے والا۔ ہلاک ہونے والا۔
فَاطِم ۔ دودھ سے چھڑایا ہوا بچہ۔
(نَاقَةٌ) فَاطِم ۔ اونٹنی جس کا بچہ سال بھر کا ہو جائے۔ اور اس سے جدا کر لیا جائے۔ وہ اونٹنی جس کا بچہ دودھ چھڑانے کے وقت کو پہنچ جائے۔ ج:۔ فَوَاطِم۔
فَاطِمَة ۔ دودھ سے چھڑائی ہوئی بچی۔ ج:۔ فَوَاطِم۔
فَاطِق ۔ ذہین و عقل مند۔ ہوشیار ج:۔ فُطُن
فَاعِل ۔ کرنے والا ج:۔ فَعَلَة م:۔ فَاعِلَة ج:۔ فَوَاعِل
فَاعُوس ۔ سانپ۔ ذکر کا سر۔ مصیبت۔ پہاڑی بکری۔
فَاعِی ۔ غضب ناک جس کے منہ سے جھاگ نکل رہے ہوں۔
فَاعِیَة ۔ چغل خور عورت۔ مہندی کے پھول ج:۔ فَوَاعِی۔

فَاغِر - ایک چھوٹے سے جانور کا نام -
فَاغِمَة - نیلوفر کی جڑ - ج: - فَوَاغِم
فَاغِيَة - مہندی کا پھول - مہندی کی شاخ جس کو الٹا لگایا جاتا ہے اور اس سے بہترین پھول حاصل ہوتے ہیں -
فَاق - کھانے سے بھرا ہوا پیالہ - ہموار جنگل -
فَاقِيَاء - ذراسی پتلی سی کھال جو بچہ کے سریا ناک سے ولادت کے وقت علحدہ ہوتی ہے -
فَاقَة - محتاجی - غریبی -
فَاقِد - عورت جس کا خاوند یا بیٹا مر گیا ہو گائے جس کے بچہ کو درندے نے کھا لیا ہو - ج: - فَوَاقِد -
فَاقِرَة - مصیبت و سختی - ج: - فَوَاقِر -
فَاقِع - نہایت زرد - ہر رنگ جو خالص ہو اور اس میں دوسرے رنگ کی ملاوٹ نہ ہو - گہرا رنگ -
فَاقِعَة - سختی - ج: - فَوَاقِع
بڑی عمر کا نہایت احمق - ج: -
فَكَكَة - فِكَاك
فَاكِه - میوہ رکھنے والا - خوش مزاج آدمی -
فَاكِهَانِي - میوہ فروش -
فَاكِهَة - ہر ایک میوہ تعجب میں ڈالنے والا - کھجور کا درخت ایک قسم کا حلوہ - ج فَوَاكِه - ہنس مکھ - خوش مزاج - دوستوں سے ہنس کر بات کہنے والا -
فَالُ الرَّاي - کم عقل - ناقص الرائے -
فَال - شگون (نیک و بد دونوں میں استعمال ہوتا ہے - ج: - فُؤُل - اَفْؤُل
فَالِج - موٹا اونٹ دو کوہان والا - ایک مشہور بیماری - تیر بہدف رسیدہ -
فَالِعَة - مصیبت سختی -
فَالِق - پہاڑ کا شگاف - دو بلندیوں کے بیچ میں پست زمین -
فَالِقُ الْحَبِّ - دانوں کا پیدا کرنے والا - یا ان کو چیر کر پتے باہر نکالنے والا (خداوند قدوس) -
فَالِك - گول پستانوں والی لڑکی - ج: - فَوَالِك -
فَالُوذ - فولاد (ایک حلوہ جو آٹے اور دودھ اور شہد کا بناتے ہیں -
فَأَم - (ف) ترگھاس سے اونٹ کا منہ پھیرنا (مِنَ الْمَاءِ) سیراب ہونا -
فَامِي - لہسن بیچنے والا -
فَانِق - نازک آدمی - آرام و آسائش کے ساتھ رہنے والا -
فَانُوس - سخن چین - چغل خور - مشعل جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائی جاسکے -
فَانُوسُ الشَّمْع - کانچ کا وہ خول جس میں موم بتی رہتی ہے - ج: - فَوَانِيس -
فَانِي - بڑی عمر کا بڈھا - فنا ہونے والا - ج: - فُنَاة
فَانِيذ - (پانیذ کا معرب) قند سفید - شکر مصری -
فَاعُو - دو پہاڑوں کے درمیان راستہ

دو سنگ لاخ زمینوں کے بیچ میں نرم زمین۔ رات۔ آفتاب کے غروب ہونے کی جگہ۔ گرھیلی زمین۔ مص (ن) مارنا۔ چیرنا۔ تلوار سے سر چیرنا

فَأَمَّی (ض) مارنا۔ چیرنا۔ تلوار سے سر چیرنا۔

فَنِیدُ۔ آگ۔ بزدل آدمی

فَاوَانِیَا۔ عود صلیب۔

فَاذِی۔ سرذکر۔

فَاهِقَةٌ۔ زخم جس میں سے خون جاری ہو۔ تیر کا زخم۔ ج:۔ فَوَاهِق۔

فَائِجَةٌ۔ دو زمینوں کے درمیان کی وسعت۔ ریت کا تودہ۔ گروہ۔ ج:۔ فَوَائِج

فَائِدَہ۔ علم اور مال وغیرہ میں سے جو چیز لی یا دی جائے۔ ج:۔ فَوَائِد

فَائِرٌ۔ کینہ۔ غضب۔ ج:۔ فُوُور۔

فَائِزٌ۔ کامیاب و بامراد۔

فَائِغَةٌ۔ خوشبو مست کر دینے والی ج:۔ فَوَائِغ۔

فَائِقٌ۔ ہر چیز میں سے عمدہ اور بہتر حصہ۔ سر کا گردن کے ساتھ جوڑ۔

فَائِلُ الرَّاي۔ کمزور عقل کا آدمی۔

ف۔ ت

فَتٌّ۔ متفرق۔ منتشر۔ پراگندہ مص کوٹنا ریزہ ریزہ کرنا۔ پتھر کو توڑنا۔ کمزور کر دینا۔

(مَا) فَتِیَّ۔ ہمیشہ رہا جیسے مَا فَتِیَٔ یَذْکُرُہٗ یعنی ہمیشہ اسے یاد کرتا رہا۔

فَتَاءُ۔ (ت) توڑنا۔ بجھانا [عن] ساکن کر دینا (س) [عن] بھول جانا۔ باز رہنا۔

فُتَاءُ۔ جواں مردی۔ کرم۔ سخاوت۔

فُتَات۔ ریزہ۔ ٹکڑا

فَتَّاح۔ حاکم۔ دو جھگڑنے والوں میں فیصلہ کرنے والا۔ ایک پرندہ۔ ج:۔ ؟

فِتَاحَة۔ فُتَاحَة۔ دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔

فُتُحَات۔ جھگڑے۔ خصومتیں۔

فَتَاحَة۔ فتح۔ مدد۔

فُتَار۔ مستی کی ابتدا۔

فَتَافِت۔ پوشیدہ باتیں۔

فِتَاق۔ سورج کی شعاع۔ سورج کی وجہ سے ابر کا کھل جانا (اسم) معجون مرکب۔

فَتَّال۔ بہت بٹنے والا۔ بلبل

فِتَان۔ چمڑے کا غلاف جیسے پالان پر کسا جاتا ہے۔

فَتَّان۔ سنار۔ چور۔ جن۔ بہت فتنہ میں ڈالنے والا۔ م:۔ فَتَّانَة

فَتَّانَان۔ روپیہ اور اشرفی۔ درہم و دینار قبر کے دو فرشتوں کے نام منکر و نکیر۔

فَتَّانَة۔ کسوٹی کا پتھر۔

فِتَّة۔ پانی کا گھڑا۔ ج:۔ فِتُون۔

فَتَّة۔ کھجور کا ٹکڑا۔ چیتھڑا وغیرہ جس سے آگ سلگائیں۔

فتخ پانی چشمہ وغیرہ سے نکلا ہوا موسم بہار کی پہلی بارش۔ جھگڑے کا فیصلہ ج: فتوح مص (ف) کھولنا [بین] فیصلہ کرنا۔ یوم الفتح قیامت کا دن۔

فُتُح فراخ اور کشادہ دروازہ۔ بڑے منہ کی شیشی کھلی ہوئی شیشی۔

فتحۃ۔ ایک مرتبہ کھولنا۔ فتح کی علامت یعنی زبر۔

فُتُحۃ۔ علم وہنر وغیرہ میں پوری طرح سے دسترس ہونے پر نازاور طبیعت کی امنگ۔

فتحی۔ ہوا۔

فتخ۔ جانور کے گلے میں لٹکانے کا چھوٹا گھنٹہ جس میں آواز نہ ہو مص (س) بدن کے جوڑوں کا سست ہونا۔ بدن کا ڈھیلا ہونا۔

فتخ۔ (ف) [الاصابع] انگلیوں کا موڑنا۔ نرم کرنا۔

فتخۃ۔ بغیر نگینہ کی انگوٹھی چھلا۔ ج: فتخ۔ فتوخ۔

فتخۃ۔ بازو اور کلائی کا اندرونی حصہ۔

فتر۔ انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کا درمیان۔

فتر۔ ضعف۔ کمزوری۔ خرابی۔ فتور۔

فُتُر۔ کھجور کے پتوں کی چٹائی جس پہ آٹا چھانیں۔

فترۃ۔ دو پیغمبروں کے درمیان کا خالی زمانہ سستی۔

فترصة۔ کاٹنا۔ قطع کرنا۔

فتش۔ (ض) کھودنا۔ کاوش کرنا۔

فتغ۔ (ف) کسی چیز کو روندنا۔ یہاں تک کہ وہ ٹوٹ جائے۔

فتفتہ۔ راز کہنا۔ پوشیدہ بات کہنا

فتق۔ تڑکا۔ فراخ زمین۔ فوتوں کی ایک بیماری مص (ن) چیرنا۔ نافہ مشک کو کھولنا۔ مشک کی خوشبو کسی چیز میں پہنچانا۔ جماعت کے خلاف کرنا۔ اور اس سے الگ ہوجانا۔

فتق۔ صبح ہونے کی پہلی روشنی فراخی و ارزانی مص (س) عورت کی فرج کا فراخ ہونا۔

فُتُق۔ چرب زبان اور روشن بیان عورت۔

فتقاء۔ عورت جس کی فرج فراخ اور بڑی ہو۔

فتک (مثلثہ) فتوک (ض) (ن) بیباک ہوجانا۔ نفس کی خواہش پر چلنا۔ اچانک قتل کردینا۔ دلیری کرنا

فتل۔ اونٹ کے پہلو اور کہنی کے درمیان کا بعد۔

فتل۔ بلبل کی آواز گھاس جس کے پتے آپس میں پھنسے ہوئے ہوں مص (ض) بٹنا (عن) روگردانی کرنا۔ کسی کو کسی سے برگشتہ کردینا۔ فریب کے لئے کسی کے پیچھے پیچھے پھرنا۔

فتلۃ۔ ایک مرتبہ بٹنا۔ کلائی کے پٹھے کی

سختی۔
فَتْن۔ حال۔ رنگ۔
فَتَن۔ فُتُوْن۔ (ض) آزمانا کسی کو تعجب میں ڈالنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فتنہ میں پڑ جانا۔ فتح مندی (زانی) عورت سے زنا کی خواہش کرنا۔ آگ میں جلانا۔
فَتْنَان۔ صبح و شام۔
فِتْنَۃ۔ گناہ۔ عذاب۔ مال۔ اولاد۔ آزمائش محنت تعجب۔ گمراہی۔ ناشکری۔ رسوائی دیوانگی۔ خلاف مص (ن) گناہ کرنا۔ گردیدہ نہ ہونا۔ امتحان کے لئے سونے چاندی کو آگ میں ڈالنا اور گلانا۔ اختلاف کرنا۔ گمراہ کرنا۔
فَتْو۔ (ن) مردانگی میں غالب آنا۔
فَتُوْت۔ کوٹا ہوا۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا۔
فُتُوَّت۔ جواں مردی۔ مردانگی۔
فُتُوْح۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔ ج۔ فُتُح
فُتُوحَات۔ وہ مقامات جو جنگ میں فتح کئے جائیں
فُتُوْر۔ فِتَار (ض۔ ن) جوش ٹھنڈا ہو جانا۔ سختی کے بعد نرم ہو جانا۔ (پانی کا) ٹھہر جانا اور اس کا جوش و خروش دب جانا۔
فَتُوْق۔ تھوڑی سی بارش۔ آفات۔ قرض مفلسی اور بیماری وغیرہ۔
فُتُوْك۔ (ن۔ ض) [ف] کسی چیز میں ماہر ہونا
فَتْوٰی۔ فُتْوٰی۔ عالم و مفتی کا حکم مذہبی حکم۔ ج۔ فَتَاوٰی۔
فَتٰی جوان۔ جواں مرد۔ نیک خصلت۔ (تثنیہ) فَتَوَان فَتَیَان ج۔ فِتْیَان

فِتْوَۃ۔ فُتُوْ۔ فُتِیّ (م) فَتَاۃ ج۔ فَتَیَات مص (س) جوان ہونا۔ جواں مرد ہونا۔
فَتِیّ۔ ہر جوان چیز۔ ج۔ فِتَاء۔ اَفْتَاء
فُتْیَا۔ عالم اور مفتی کا حکم۔ فَتْوٰی۔
فَتِیَّۃ۔ جوان عورت۔ ج۔ فَتِیَّات۔
فَتَیَان۔ رات اور دن۔
فَتِیْت۔ کوٹا ہوا۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا۔ روٹی کا ٹکڑا۔ ریزہ۔
فَتِیْتَہ۔ توڑی ہوئی چیز کا ٹکڑا۔ ج۔ فَتَائِت۔
فَتِیْق۔ صبح روشن۔ اونٹ جو مٹاپے کے سبب پھٹا پڑے۔
فَتِیْقُ اللِّسَان۔ تیز زبان۔
فَتِیْل۔ بٹا ہوا کھجور کی ستلی اور ڈوری۔ کھجور کی گٹھلی کا ڈورا۔ میل کی بتیاں
فَتِیْلَۃ۔ بتی۔ فتیلہ۔ ج۔ فَتَائِل
فَتِیْن۔ کالی اور جھلسی ہوئی پتھریلی زمین۔ ج۔ فُتُن (وَرَق) فَتِیْن۔ جلی ہوئی چاندی۔

ف۔ ث

فَثْء۔ فُثُوْء۔ (ف) پانی کا چھینٹا دے کر (ہانڈی کا جوش) ٹھنڈا کرنا۔ مقابل کو گفتگو میں ہرا دینا۔ گرم کر کے کسی چیز کی سردی دور کر دینا۔ کسی سے ایک چیز کو روک رکھنا۔ کسی کے غصہ کو ٹھنڈا کر دینا
فَثَافِیْد۔ فَثَاثِیْد۔ تو بر تو سفید بدلیاں۔ کپڑے

کے استر۔
فَتّ ۔ (ن) منتشر اور پراگندہ کر دینا۔
فَتْج ۔ (ف) کم ہونا۔ بھاری کرنا۔
فَتْخ ۔ (ف) توڑنا۔

ف ۔ ج

فَجّ ۔ دو پہاڑوں کے بیچ میں کشادہ راستہ راستہ ج: فِجَاج (ن) (کمان کے چلّہ کو) بلند کرنا۔
فِجّ ۔ کچا میوہ۔ تربوز۔
فَجَا ۔ دونوں ٹانگوں کے درمیان کا بُعد۔ (س) اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
فَجْءٌ ۔ (ف) جماع کرنا۔ اچانک آجانا۔ یکا یک پکڑ لینا۔
فُجَاءٌ ۔ کسی کو اچانک پکڑ لینا۔ یکایک آجانا
فَجَاءٌ ۔ کمان جس کا چلّہ قبضہ سے دور اور جدا ہو۔
فَجَاءٌ (س) اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
فُجَاءَة فُجَاءَة ۔ (س۔ف) اچانک پکڑ لینا یکایک آجانا۔
فُجَاءَة ۔ اچانک۔ یکایک
فُجَاج ۔ فراخ راستہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان
فُجُاجَة ۔ کچا میوہ۔
فُجَّار ۔ بدکار لوگ۔ وا: فَاجِر
فِجَاج ۔ راستے۔
(اَیَّامُ) الفِجَار ۔ عرب کی مشہور لڑائیاں جن میں آنحضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی شریک ہوئے تھے۔

فَجَارِ ۔ زناکاری (فُجُوْر کا اسم ہے) زناکار عورت (فَاجِرَة سے معدول)
فُجْوَة ۔ شگاف۔ پھٹن۔
فُجَج ۔ وہ لوگ جن کے پاس اٹھنا بیٹھنا اچھا نہ سمجھا جائے (اسم جمع)
فَجْر ۔ اخیر رات کی سپیدی۔ صبح کی روشنی
فَجْر۔ فُجُوْر۔ فُجْرَة (ن) گناہ پر آمادہ ہونا۔ زنا کرنا۔ جاری کرنا (عن) حق سے منہ پھیرنا (عن) (بیماری سے) صحت یاب ہونا۔
فَجَر ۔ بخشش۔ جوانمردی۔ مردانگی احسان مال۔ مال کی کثرت
فَجَارِ ۔ جھوٹ (علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے) بدکار لوگ (متفرق) وا: فاجر۔
فُجْرَةُ الوَادِی ۔ پہاڑی میدان کا راستہ جس کی طرف پانی بہہ کر جائے۔
فُجْرَة ۔ پانی رسنے کی جگہ۔
فُجُز ۔ (ن) بڑائی جتلانا۔ پھولنا۔ غرور کرنا
فَجْس ۔ (ن) بڑائی جتلانا۔ غالب ہونا۔ کسی خراب کام کی ایجاد کرنا۔
فَجْش ۔ (ن) سر توڑنا۔ کسی چیز کو فراخ کر دینا
فَجْع ۔ (ف) کسی کو تکلیف پہنچانا۔ مصیبت زدہ کرنا (مجہولاً) کسی قابل قدر اور بے بہا چیز کے جاتے رہنے سے ملول ہونا۔
فَجْفَاج۔ فَجْفَج۔ فُجَفِج ۔ بہت بولنے والا آدمی۔ جو اپنے آپ کو اپنی حیثیت سے زیادہ نمایاں کرے۔

فَجَل ۔ (ن) نرم اور ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فُجْل ۔ مولی ۔ وا:۔ فُجْلَۃ
فَجْو ۔ (ن) کھولنا (کمان کا چلّہ) کھینچنا۔
فَجْوَاء ۔ فراخ و کشادہ زمین ۔بہت کھنچی ہوئی کمان جس کا چلّہ اس سے دور ہو۔
فَجْوَۃ ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا شگاف ۔ فراخ و وسیع زمین ۔گھر کا صحن ۔ ج:۔ فَجَوَات ۔ فِجَاء۔
فَجُور ۔ مرتکب گناہ ۔زناکار ۔ج:۔ فُجُر
فُجُور ۔ (ن) جھوٹ بولنا ۔نافرمانی کرنا مخالفت اختیار کرنا۔ تباہی پھیلانا ۔جھک جانا۔ کام خراب ہو جانا ۔بینائی کمزور ہو جانا۔
(مَوْت) فَجُوع ۔ موت اور ہلاکت جو اپنی شدت کی وجہ سے لوگوں کو مصیبت زدہ کردے۔
فَجِیعَۃ ۔ سختی ۔غم ۔ج:۔ فَجَائِع

ف ۔ ح

فَحّ ۔ سانپ کی پھنکار مص (ن) سانپ کا پھنکار مارنا ۔نیند میں خراٹے لینا۔
فَحَا ۔ ہانڈی کا مصالحہ ۔ج:۔ اَفْحَاء
فَحَّاش ۔ بے حیائی کی باتیں بکنے والا۔
فُحَّال ۔ کھجور کا نر درخت ج:۔ فَحَاحِیل۔
فُحَّۃ ۔ مرچ کی سوزش اور گرمی۔
فَحْج ۔ (ف) بزرگ منشی کرنا ۔تکبر کرنا۔
فَحْث ۔ (ف) کسی چیز کی تفتیش کرنا ۔کھود کرید کرنا۔
فَحْس ۔ (ف) چلو سے پانی پینا ۔جو کوا تھا اتنا ملنا کہ اس کے کانٹے دور ہو جائیں۔
فُحْش ۔ (ک) بدی کا حد سے گزر جانا ۔جواب میں حد سے گزر جانا ۔خوب بخیل ہونا۔
فَحْشَاء ۔ ادائے زکوٰۃ میں بخل ۔زنا ۔بدکاری بے حیائی۔
فَحْص ۔ (ف) (بارش کا مٹی کو) الٹ دینا۔ دوڑنا ۔جلدی کرنا (عن) تلاش کرنا۔
فَحْض ۔ (ف) لکڑی وغیرہ (کوئی تر چیز) توڑنا۔
فَحْفَاح ۔ وہ شخص جس کی آواز میں کوئی رکاوٹ ہو۔
فَحْفَحَۃ ۔ سچی دوستی کرنا ۔گلا بیٹھ جانا ۔نیند میں خراٹے لینا۔
فَحْل ۔ نر ہر قسم کے چوپایہ کا ۔ج:۔ فُحُول ۔فُحُولَۃ اَفْحُل ۔فِحَال ۔فِحَالَۃ ۔نر کھجور ۔گھوڑوں کا محافظ ۔بہت دانشمند ۔کھجور کی چٹائی ج:۔ فُحُول مص (ف) (اونٹنیوں میں) سانڈ چھوڑ دینا ۔اپنی اونٹنیوں کے لئے اصیل اور عمدہ اونٹ انتخاب کرنا۔
فَحْلَۃ ۔ زبان دراز عورت۔
فَحْلَۃ ۔ فِحَالَۃ ۔ فُحُولَۃ ۔ (ف) جفتی کرنا۔
فَحْم ۔ کوئلہ ۔ و:۔ فَحْمَۃ۔
فَحْم ۔ فُحَام ۔ فُحُوم ۔ (ن ۔س) اتنا رونا کہ تھک کر خاموش ہو جائے۔
فَحِیم ۔ آواز نکالنے والا بکرا۔
فَحْمَۃُ اللَّیْل ۔ اول شب اور اس کی تاریکی موسم گرما کی شام ۔نہایت تاریک رات

ج:۔ فِحَام ۔ فُحُوم
فَحمَةُ السَّحَر ۔ صبح کا دھندلکا ۔
فَحوَاء ۔ ہانڈی کا مصالحہ ۔ معنی ۔
فَحوَة ۔ خالص شہد
فُحُوم ۔ (ل) کالا ہونا ۔
فُحُومَة ۔ سیاہ رنگ مص (س) سیاہ ہونا ۔
فَحِيحُ الاَفعِي ۔ سانپ کی پھنکار ۔
فَحِيص ۔ کسی چیز کی تفتیش کرنے والا ۔
فَحِيل ۔ بہت دانش مند آدمی اصیل بہت جماع کرنے والا ۔
فَحِيم ۔ نہایت سیاہ ۔ کوئلہ ۔

ف ۔ خ

فَخّ ۔ شکاری کا جال ۔ ج: فِخَاخ ۔ فُخُوخ مص (ض) دونوں پاؤں کا ڈھیلا ہو جانا اور لٹک جانا ۔ خراٹے لینا ۔ مہکنا ۔
فَخٌّ ۔ فَخِيخ ۔ (ض) خراٹے لینا ۔ بُو کا پھیلنا ۔
فَخَّار ۔ مٹی کا گھڑا ۔ ٹھیکرا ۔ واحد: فَخَّارَة بہت بڑائی جتانے والا ۔
فَخَامَة ۔ (ل) موٹا اور جسیم ہونا ۔ بڑھنا ۔
فَخت ۔ (ف) کاٹنا ۔ کھول دینا ۔ فاختہ کا بولنا (ب) تلوار وغیرہ سے مارنا اور کاٹ دینا ۔
فَخَة ۔ پیروں کی کمزوری اور ڈھیلا پن ۔ نیند جو جماع کے بعد آئے ۔ صبح کے وقت کی نیند ۔ نرم کمان ۔ موٹی تازی عورت میلی کچیلی عورت ۔
فَخج ۔ (ف) تکبر کرنا ۔ بڑائی جتلانا ۔

فَخذ ۔ ران (مؤنث) چھوٹا قبیلہ اور کنبہ (مذکر) ج:۔ اَفخَاذ مص (ض ف) ران پر مارنا ۔ ران توڑ ڈالنا (مجہولاً) ران پر چوٹ کھانا ۔
فَخِذ ۔ ران (مؤنث ہے) قبیلہ اور کنبہ (مذکر ہے) ج:۔ اَفخَاذ
فَخذَاء ۔ عورت جو مرد کو رانوں میں لے کر بھینچ لے ۔
فَخر ۔ (ن) بڑائی جتانے میں دوسرے پر غالب آنا ۔
فَخر ۔ فَخَار ۔ فُخُور ۔ (ف) ناز کرنا ۔ اچھی خصلت پر ناز کرنا کسی کو دوسرے پر بڑائی مارنے میں فضیلت دینا ۔
فَخَص ۔ (س) تنگ دعار کہنا ۔
فَخرَة ۔ فخر ۔ ناز ۔ غرور ۔
فَخز (ف) تکبر کرنا ۔ بڑائی جتلانا (ن) غالب ہونا ۔
فَخش ۔ (ف) کسی کو حقیر کر دینا اور بے یار و مددگار چھوڑ دینا
فَخفَخَة ۔ باطل اور بیہودہ چیز پر فخر کرنا ۔
فَخم ۔ بڑے مرتبہ والا ۔ صحیح اور پختہ بات
فُخمِيَّة ۔ بڑائی ۔ بلندی ۔ تکبر ۔
فُخُوس ۔ بہت اترانے والا ۔ کھجور کا بڑا درخت بڑے ذکر کا گھوڑا ۔
فَخِيخُ الاَفعِي ۔ سانپ کی پھنکار ۔
فَخِير ۔ فَخِيرَة ۔ بہت ناز کرنے والا ۔ اترانے والا ۔
فَخِيم ۔ بڑا بزرگ ۔ فربہ ۔ ج:۔ فِخَام
فُخَيمَة ۔ بزرگی و بلندی ۔

ف ۔ د

فَدَاء ۔ ایک چیز کا حجم اور جسامت ۔ غلہ کا ڈھیر ج: اَفْدِیَة ۔

فِدَاء ۔ نچھاور ۔ نثار مص (مفاعلہ) فدیہ دینا کسی کو۔

فِدَاء ۔ فِدًی ۔ فَدًی ۔ (ض) فدیہ دے کر چھوٹ جانا [بالنفس] اپنے آپ کو فدیہ میں دے دینا ۔

فَدَّاد ۔ بلند آواز والا سخت آوارہ آدمی ۔ پامال کرنے والا اونٹوں کا گلے کا مالک نہایت متکبر آدمی ۔ ج: فَدَّادُوْن ۔

فَدَّادُوْن ۔ شتربان لوگ ۔ چرواہے ۔ کسان لوگ ۔ جو لوگ اپنے اونٹوں وغیرہ میں رہیں اور ان کو ہانکتے اور شور مچاتے پھریں ۔ و: فَدَّاد

فِدَام ۔ چھاگل وغیرہ کا ڈھکنا ۔ مجوسیوں کا وہ رومال جس کو منہ لگا کر پانی پیتے ہیں ۔ ج: فُدُم

فَدَام ۔ فَدَّام ۔ پگڑی ۔ بیلوں کے منہ پر باندھنے کی جالی ۔

فَدَامَة ۔ فُدُوْمَة (ك) توتلا ہو جانا ۔ گفتگو نہ کر سکنا ۔ بے وقوف اور بداطوار ہونا ۔

فَدَان ۔ بیلوں کی جوڑی ۔ کھیت ۔ ج: فَدَادِیْن ۔

فَدْح ۔ (ف) کسی کو گراں بار کر دینا ۔

فَدْخ ۔ (ف) پتھر سے نرم چیز کا سر توڑنا ۔

فَدَر ۔ بڑی عمر کا پہاڑی بکرا ج: فُدُوْر

فُدُر ۔ چاندی ۔ فربہ لڑکا ۔

فِلْد ۔ احمق جلد ٹوٹ جانے والی لکڑی ۔

فَدَر ۔ فُدُوْر ۔ (ن) پکے ہوئے گوشت کا سرد ہو جانا (جفتی کے بعد سانڈ کا) جوش ٹھنڈا ہو جانا اور اس کا رک جانا ۔

فِدْرَة ۔ پختہ گوشت کا ٹھنڈا ٹکڑا ۔ رات کا ایک حصہ ۔ پہاڑ کا ایک گوشہ ۔

فُدْرَة ۔ اکیلا اور تنہا جانے والا ۔

فُدُس ۔ مکڑی ۔ ج: فِدَسَة

فَدْش ۔ (ن) توڑنا (ض) دھکیلنا ۔ دفع کرنا

فَدِش ۔ نادان ۔ ناتجربہ کار ۔

فَدَع ۔ (س) کسی کے ہاتھ یا پاؤں کے پہنچے کا ٹیڑھا ہونا ۔

فَدْعَاء ۔ عورت جس کے ہاتھ یا پاؤں کا پہنچا ٹیڑھا ہو ۔ مذ: اَفْدَع ۔ فُدْع ۔

فَدْغ ۔ (ف) توڑنا ۔ گھی کو کھانے کے اوپر رکھنا ۔

فَدْغَم ۔ بڑے ڈیل ڈول کا خوبصورت آدمی ۔ خوبصورت اور بھرا ہوا چہرہ ۔

فَدْغَمَة ۔ (مجہولا) پُر گوشت چہرہ والا ہو جانا ۔

فَدْفَد ۔ ہموار زمین ۔ ج: فَدَافِد

فُدْفُد ۔ بلند اور سخت آواز والا ۔

فَدْفَدَة ۔ دشمن سے بھاگ کر دوڑنا آواز بلند کرنا

فَدَك ۔ خیبر میں ایک مقام کا نام

فَدْم ۔ توتلا ۔ سست ۔ کم فہم ۔ احمق ۔ بدخو ۔ م فَدْمَة ج: فِدَام ۔

فَدْم ۔ (ض) جانور کے منہ پر چھیکا (دہان بند) باندھنا۔
فَدَن ۔ استرکاری کیا ہوا محل ج:۔ اَفْدَان
فَدُوم ۔ پہاڑی بکرا۔ ج:۔ فُدُم۔
فَدَوْکَس ۔ شیر۔ مضبوط و سخت آدمی۔
فَدُّوم ۔ مجوسیوں کا رومال جسے منہ پر باندھتے ہیں۔
فِدٰی ۔ فدیہ۔ جان کی رہائی کا بدلہ۔ نچھاور
فِدْیَۃ ۔ وہ مال جس کو دے کر رہائی حاصل کی جائے۔
فِدْیَۃُ الْفِطْر ۔ گیہوں کا تقریباً پونے دو سیر اور موٹا اناج اس سے دُگنا جس کو عید الفطر کے دن فقراء و مساکین پر تقسیم کیا جاتا ہے۔
فَدِیْد ۔ آواز۔ سخت آواز مص (ض) آواز کرنا۔ چلّانا۔ دوڑنا

ف - ذ

فَذّ ۔ اکیلا۔ ج:۔ اَفْذَاذ۔ فُذُوْذ مص (ن) زور سے ہٹانا۔ دُور کرنا۔
فُذَاد۔ فُذَاذ۔ فَذَاذٰی ۔ فُذَاذٰی الگ الگ۔ ایک ایک
فَذْفَذَہ ۔ فریب سے کودنے کے لیے سمٹنا
فَذْلَکَۃ ۔ حساب کا جوڑ۔ خلاصہ مص حساب کو مکمل کر دینا۔ حساب کا خلاصہ نکالنا۔

ف - ر

فَرّ ۔ بھاگنے والا (مذکر و مؤنث۔ واحد تثنیہ و جمع)۔
فَرّ - فِرَار ۔ (ض) بھاگنا۔ عمر معلوم کرنے کے لیے جانور کے دانت دیکھنا
فُرّ ۔ قوم میں برگزیدہ اور بہترین آدمی۔
(فُرَاعَۃٌ) فَرَّاء ۔ خوشنما عورت
فَرَاء ۔ گورخر۔ جوان گورخر۔ گورخر کا بچہ۔ ج:۔ اَفْرَاء۔ فِرَاء۔
(کُلُّ الصَّیْدِ فِیْ جَوْفِ الْفَرَاء) ۔ سب شکار گورخر کے شکار سے کم ہیں۔
فُرَات ۔ نفیس و شیریں پانی (واحد و جمع) عراق کی ایک نہر۔
فُرَاتَان ۔ نہر دجلہ و نہر فرات۔
فُرَاثَۃ ۔ فضلہ جو جگر اور اوجھ میں ہو۔
فَرَّاد ۔ موتی بیچنے والا
فُرَادِس ۔ چوڑی چکلی ہڈیوں والا۔
فُرَادٰی۔ فُرَادًا فَرْدٰی۔ فِرَادًا۔ فُرَاد تنہا تنہا۔ ایک ایک
(جَاؤُا) فُرَادًا۔ فُرَادٰی۔ فُرَاد وہ ایک ایک کرکے آئے۔ وہ سب تنہا تنہا آئے۔
فُرَار ۔ بھیڑوں کا گلہ۔ بکریوں کا گلہ۔ نیل گایوں کا گلہ۔
فَرَّار ۔ بہت بھاگنے والا۔
فَرَّاس ۔ شیر۔
فِرَاسَۃ ۔ دانائی۔ زیرکی۔ بصیرت۔
فَرَاسَۃ۔ فُرُوْسَۃ۔ فُرُوْسِیَّۃ (ک) سواری میں خوب ماہر ہونا۔ گھوڑے کی شناخت میں خوب ماہر ہونا۔ سوار ہونا۔
فُرَاسِن ۔ شیر۔

فَرَاسِیُوْن ۔ پہاڑی گندنا (ایک دوا)
فَرَاشٌ ۔ کیچڑ جو زمین پر خشک ہوگئی ہو ۔ شراب کے بُلبلے ۔ پسینہ کے قطرے ۔ زبان کے نیچے دو سبز رنگ کی رگیں ۔ لوہے کے دو ٹکڑے جن کے ذریعہ سے باگیں لگام سے باندھتے ہیں ۔
فِرَاشٌ ۔ بچھانے کی چیز ۔ فرش ۔ ج ۔ فُرُشٌ مرد کی بیوی ۔ پرند کا گھونسلا ۔ منہ میں زبان کی جگہ ۔
فَرَاشَةٌ ۔ چراغ ۔ پروانہ ج ۔ فَرَاشٌ ۔ تالے کی جھڑ ۔ چپٹی ہڈی ۔ ہلکا پھلکا چالاک آدمی ۔ تھوڑا پانی ۔
فِرَاصٌ ۔ سخت ۔ نہایت سرخ رنگ کپڑا ۔
فَرَاضَةٌ ۔ علم فرائض سے واقف ہونا ۔
فِرَاضٌ ۔ جامہ ۔ کپڑا ۔ لباس ۔
فَرَاضَةٌ ۔ فُرُوضٌ ۔ (ك ۔ ض) گائے وغیرہ کا بڑی عمر کا ہونا ۔
فِرَاطٌ ۔ پانی جس کو سب سے پہلے پہنچنے والا حاصل کرلے ۔
فُرَّاطُ الْقَطَا ۔ وادی یا پانی وغیرہ کی طرف آگے جانے والے ۔ سنگ خوار نامی پرندے ۔
فَرَاعَةٌ ۔ قلم صاف کرنے والا چیتھڑا ۔ چہرہ صاف کرنے کا رومال ۔
فِرَاغٌ ۔ بڑا پیالہ ۔ خوش رفتار گھوڑا ۔ کمان جس کی پیکان فراخ زخم لگائے ۔ ج ۔ أَفْرِغَةٌ ۔ مص (مفاعلہ) بکھیرنا ۔ خونریزی کرنا ۔
فَرَاغَةٌ ۔ بے صبری ۔ بے چینی ۔ اضطراب ۔ قلق ۔
فُرَاغَةٌ ۔ مرد کی منی ۔ نطفہ
فَرَافِبُ ۔ ایک درخت جس سے پالان بناتے ہیں ۔
فُرَافِرٌ ۔ بکری کا بچہ ۔ جوان لڑکا ۔ بیوقوف اور ناتجربہ کار آدمی ۔
فُرَافِضٌ ۔ سخت اور پھاڑنے والا شیر ۔ سخت گیر آدمی ۔
فِرَاقٌ ۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا (مصدر مفاعلہ)
فِرَامٌ ۔ کپڑا جسے عورتیں ایام حیض میں رکھتی ہیں یعنی گدی ۔ ایک دوا مضیق قبل ۔ (اسم جنس) ج ۔ فُرُمٌ
فِرَامَةٌ ۔ حیض کا چیتھڑا ۔ گدی ۔ ج ۔ فَرَائِمُ
فُرَانِسٌ ۔ موٹی گردن کا شیر ۔
فُرَانِقٌ ۔ شیر ۔ ایک جانور جو شیر کے آگے چیختا ہوا چلتا ہے ۔ لشکر کا پیش رو ۔ ڈاک کا رہبر ۔
فَرَاهَةٌ ۔ فَرَاهِيَةٌ ۔ (ك) عقل مند ہوجانا ۔ ماہر ہونا ۔ حاذق ہونا ۔ سبک عقل ہونا ۔
فَرَائِدُ اللآلی ۔ بڑے بڑے موتی ۔ دُرہائے یتیم ۔ واحد ۔ فَرِيدَةٌ
فُرَّةٌ ۔ آمیزش ۔ سختی ۔
فُرَّةُ الْحَرِّ ۔ گرمی کی سختی ۔ گرمی کا آغاز ۔
فِرْتٌ ۔ انگوٹھے اور شہد کی انگلی کا درمیانی حصہ ۔
فَرْتٌ ۔ فُرُوتٌ ۔ (ن) بدکار و فاجر ہونا ۔
فَرَتٌ ۔ (س) عقل مندی کے بعد کم عقل ہو جانا ۔

(مِیاہٌ) فُرْتان ۔ شیریں اور عمدہ پانی۔

فَرْتَکَۃ ۔ خراب کرنا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ۔ نزدیک نزدیک قدم رکھنا۔

فَرْتَنَۃ ۔ قریب قریب پاؤں رکھ کر چلنا۔

فَرْتَنیٰ ۔ بدکار عورت ۔ مکڑ بگڑ کا بچہ۔

فَرْث ۔ گوبر جو اوجھ میں ہو ۔ ج: فُرُوث
مص (ن) حاملہ عورت کا جی متلانا۔

(مَکانٌ) فِرْث ۔ وہ مقام جو پہاڑی ہو نہ ریگستانی۔

فَرَث ۔ (س) سیر ہوجانا ۔ پراگندہ و متفرق ہوجانا۔

فَرْثَدَۃ (الوجہ) چہرہ کا پُرگوشت ہوجانا ۔ موٹا ہوجانا۔

فَرْثَطَۃ ۔ زمین پر جسم ڈھیلا کر کے گر پڑنا۔

فَرْج ۔ شرم گاہ ۔ دو چیزوں کے درمیان کی کشادگی ۔ خوفناک جگہ ۔ دشمن کے ملک کی سرحد ۔ گھوڑے کی دونوں ٹانگوں کا مابین ۔ ج: فُرُوج

فُرْج ۔ جو بھید نہ چھپائے ۔ کمان جس کا چلہ بوجہ زیادہ کھنچی ہوئی ہونے کے دور ہو ۔ عورت جو صرف ایک کپڑا پہنے ہوئے ہو۔

فَرَج ۔ (س) ہمیشہ شرم گاہ کا کھلا رہنا ۔ کلاں اور ضخیم ہونے کی وجہ سے دونوں سرین کا آپس میں نہ ملنا (ض) الغم کو دور کرنا ۔ کشائش کرنا۔

فَرِج ۔ جس کی شرم گاہ ہمیشہ کھلی رہے۔

فَرْجَاء ۔ عورت جس کی شرم گاہ ہمیشہ کھلی رہے عورت جس کے سرین بڑے اور موٹے ہونے کے سبب آپس میں نہ ملیں ۔ مذ: اَفْرَج ۔ ج: فُرْج

فِرْجَار ۔ پرکار۔

فُرْجَارَۃ ۔ پرکالہ ۔ بیٹھی۔

فَرْجَۃ ۔ (مثلثہ) رنج و غم سے رہائی تنگی و دشواری سے نجات۔

فُرْجَۃ ۔ شگاف ۔ رخنہ ۔ درز ۔ ج: فُرَج

فَرْجَلَۃ ۔ ٹانگیں چیر کر دوڑنا۔

فَرْجَنَۃ ۔ جانور پر کھریرا پھیرنا۔

فِرْجَوْل ۔ فِرْجَوْن ۔ چوپایہ کا کھریرا۔

فَرَح ۔ خوشی (س) خوش ہونا ۔ اترانا۔

فَرِح ۔ خوش ۔ شاداں ۔ اترانے والا ۔ م: فَرِحَۃ۔

فَرْحَان ۔ اترانے والا ۔ خوش ہونے والا ۔ شاداں ۔ ج: فَرَاحیٰ ۔ فُرْحیٰ
م: فَرْحیٰ ۔ فَرْحَانَۃ۔

فُرْحَۃ ۔ فَرْحَۃ ۔ خوشی ۔ خوش خبری دینے کا انعام۔

فَرْجَجَۃ ۔ لمبی لمبی ڈگ رکھ کر چلنا۔

فَرْحَجیٰ ۔ کود کود کر چلنا (اسم مصدر)

فَرْخ ۔ چوزہ ۔ شاخ ۔ درخت کی جڑ کی ۔ ج: اَفْرُخ ۔ اَفْرَاخ ۔ فِرَاخ
فُرُوخ ۔ ذلیل و خوار اور بھٹکارا ہوا آدمی ۔ کھیت جس میں خوشہ نکلنے والا ہو ۔ سر کے بھیجے کا اگلا حصہ۔

فَرَخ ۔ (س) دل سے خوف کا نکل جانا اور چین و آرام حاصل کرنا [الی] چمٹنا۔

فَرْخَة ۔ چوزا بہالا ۔ مادہ چوزہ ۔ ج: ۔ فِرَاخ
فَرْد ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ جوڑے میں سے ہر ایک ج: ۔ فُرَاد بے مثل خدا تعالیٰ بے مثل جو ہر دار تلوار ج: ۔ اَفْرَاد ۔ مص (ض ۔ س ۔ ک) اکیلا ہونا ۔ (ب ا) کسی کام کو تنہا انجام دینا ۔
فَرَد ۔ فَرِد ۔ فَرُد ۔ بے مثل ۔ بے نظیر سَیْفٌ فَرْد ۔ بے نظیر جوہر دار تلوار ۔
فُرْدَان ۔ یکتا ۔ یگانہ ۔ بے مثل ۔
فُرْدَة ۔ اکیلا چلنے والا ۔
فُرْدَسَة ۔ فراخی وکشادگی ۔ مص (برتن کو خوب بھرنا ۔ زمین پر دے مارنا پچھاڑ دینا ۔
فُرْدُوْد ۔ ستارے جو ثریا کے پیچھے صف بستہ نظر آتے ہیں ۔
فُرْدُوْس ۔ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے ۔
فِرْدَوْس ۔ (عربی یا رومی یا سریانی) باغ جس میں ہر قسم کے میوے اور پھول ہوں ۔ وادی جس میں ہر قسم کی گھاس اُگے ۔ جنت کا اعلیٰ طبقہ ۔ ج: ۔ فَرَادِیْس ۔
فُرَرَة ۔ بہت بھاگنے والا ۔
فَرْز ۔ ہموار وپست زمین مص (ض) ایک چیز سے دوسری چیز کو جدا کرنا
فِرْزٌ ۔ راستہ جو ٹیلہ کے اوپر سے گزرتا ہو تندرست غلام ۔
فِرْزَان ۔ (فرزین کا معرب) شطرنج کا ایک مہرہ ج: ۔ فَرَازِنَة ۔
فُرْزَة ۔ کسی چیز میں سے ایک ٹکڑا علحدہ کیا ہوا ۔ ج: ۔ فُرَز ۔
فَرَزْدَق ۔ روٹی جو تنور میں گر کر بد نما اور خراب ہو جائے ۔ ایک مشہور شاعر کا نام وا: ۔ فَرَزْدَقَة ج: ۔ فَرَازِق ۔
فُرْزُع ۔ بنولہ ۔ وا: فُرْزُعَة ج: ۔ فَرَازِع ۔
فُرْزُعَة ۔ گھاس کا ایک ٹکڑا ۔ ج: ۔ فَرَازِع ۔
فِرْزِل ۔ باغبان کی قینچی ۔ لوہاروں کی قینچی قید ۔ ج: ۔ فَرَازِل
فُرْزُل ۔ موٹا آدمی ۔
فَرْزَلَة ۔ قید کرنا
فَرْس ۔ (ض) شیر کا شکار کو پچھاڑنا اور مار ڈالنا ۔
فَرَس ۔ گھوڑا ۔ گھوڑی ۔ م: ۔ فَرَسَة ۔ ج: ۔ اَفْرَاس ۔ فُرُوْس ۔ (تصغیر) فُرَيْس ۔
فَرْس ۔ فَرِيْسَة ۔ (ض) شکار کی گردن کی ہڈی کو توڑنا ۔
فَرْسَخ ۔ آرام وآسائش ۔ تین میل ہاشمی کی مسافت ۔ بارہ ہزار قدم کی مسافت شگاف ۔ رخنہ ۔ درز ۔ مدت دراز بہت ہی چیز کہ ختم نہ ہو ۔ ج: ۔ فَرَاسِخ ۔
فَرْسَخَة ۔ سردی کا دب جانا ۔
فِرْسِك (شفتالو)
فِرْسِن ۔ اونٹ کا سم ۔ بکری کا کھر ۔ ج: ۔ فَرَاسِن ۔
فَرْش ۔ چٹائی دری وغیرہ زمین پر بچھی ہوئی فراخ وکشادہ جنگل ۔ وہ مقام جہاں گھاس خوب بھری ہوئی ہو ۔ چھوٹے

چھوٹے اونٹ ۔ گائے ۔ بکری جو
صرف ذبح کے کام آئے ۔ جھوٹ
ج:۔ فُرُوْش ۔ مص (ن)
بچھانا
فِرْشَاح ۔ بادل جس میں بارش نہ ہو خشک بادل
سن رسیدہ عورت ۔
فِرْشَة ۔ فرش کی ہیئت وصورت ۔
فَرْشَحَة ۔ کودنا ۔ بدن کو ڈھیلا کر کے بیٹھنا ۔
ران کو زمین سے چمٹانا ۔
فَرْشَخ ۔ آرام و آسائش ۔ سکون ۔
فَرْشَخَة ۔ فراخ و کشادہ ہونا ۔
فَرْشَطَة ۔ اکڑوں بیٹھنا ۔ سواری پر دونوں
پاؤں ایک طرف لٹکانا ۔ چیرنا گوشت
کی بوٹیاں کرنا ۔
فَرْص ۔ (ض ۔ ن) کسی کی گردن کی رگ پر مارنا
کاٹنا ۔ پھاڑنا ۔ چیرنا ۔
فُرْصَة ۔ حصہ ۔ پانی کی نوبت ۔ فرصت ۔
فِرْصَة ۔ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا جس سے حائضہ
عورت اپنے جسم کو صاف کرتی ہے
ج:۔ فِرَاص ۔
فَرْض ۔ چقماق ۔ ندی کا دہانہ ۔ ج:۔ فِرَاض
خدا کا بندوں کے لئے حکم ۔ قرارت ۔
سنت ۔ تنخواہ دار لشکر ۔ ڈھال ۔
ج:۔ فُرُوْض بمعنی مص (ن) واجب کرنا
ضروری اور لازم کر دینا ۔ دقت
ظاہر کرنا ۔ کاٹنا ۔ مقرر کرنا بخشش
کرنا ۔
فِرْضَاخ ۔ لمبا تڑنگا آدمی ۔ م:۔ فِرْضَاخَة
فِرْضَاخَة ۔ فِرْضَخِيَّة بڑے بڑے پستانوں
والی عورت ۔
فُرْضَة ۔ ندی کا گھاٹ ۔ دریا کا کنارہ جہاں
سے کشتی میں سوار ہوں ۔ دوات کا
منہ ۔ کواڑ کی چول کا سوراخ ۔ ج:۔
فُرَض ۔
فِرْضِخ ۔ بچھو ۔ کژدم ۔ ج:۔ فَرَاضِخ
فِرْضِم ۔ پرانی بکری ۔ یا وہ جس کے سینگ
ٹوٹ گئے ہوں ۔ لمبے دانت والی
بکری ۔ ج:۔ فَرَاضِم ۔
فَرَضِيّ ۔ علم فرائض کا جاننے والا ۔
فَرْط ۔ زیادتی ۔ غلبہ ۔ چھوٹا پہاڑ ۔ راستہ کا
نشان ۔ ج:۔ اَفْرُط دقت مص
(ن) کسی کا نابالغ بچہ مر جانا سستی
کرنا ۔ فوت کرنا ۔ ہاتھ سے کھو دینا
بے غم خوار چھوڑ دینا ۔ حد سے
بڑھ جانا ۔ [علی] زیادتی کرنا جلدی
کرنا [الی] کسی کے پاس بھیجنا ۔
فَرْط ۔ فَرَاطَة (ص) پانی کے گھاٹ پر قوم
سے پہلے جانا ۔ تاکہ ضروری انتظام
کرے ۔
فَرَط ۔ جو قوم کے آگے آگے جائے تاکہ گھاٹ پر ان
کے ٹھہرنے کا بندوبست کرے (واحد
وجمع) اجر وعمل اور نابالغ اولاد ۔
فُرُط ۔ تیز رفتار گھوڑا ۔ بلندی ۔ ٹیلہ ۔ ج:۔
اَفْرَاط ۔ جو کام چھوڑ دیا گیا ہو ظلم و
ستم ۔ حد سے تجاوز ۔
فِرْطَاس ۔ چوڑی چیز ۔ ج:۔ فَرَاطِيس
فَرْطَة ۔ ایک مرتبہ حد سے تجاوز کرنا ۔
فُرْطَة ۔ برآمدگی ۔ پیشی ۔ (خروج وتقدم کا

اسم ہے)
فُرْطُوسَۃ - سُور یا سور کی ناک -
فُرْطُوم - موزہ کی نوک -
فُرَطِیّ - بہت سرکش اونٹ یا آدمی -
فَرْع - نفع بخش مال - درخت کی شاخ - عورت کی چوٹی - سارے سر کے بال - کان کے اوپر کی جانب - مسئلہ جزئیہ جو کسی اصل سے مستنبط ہو ج: - فُرُوع -
سیلاب کے بہنے کا راستہ ج: فِرَاع - مص (ف) پہاڑ پر چڑھنا - پہاڑ سے اُترنا - کنواری لڑکی کی بکارت زائل کرنا کسی کے سر پہ مارنا -
فَرَع - فُرُوع - (ف) بزرگی یا حسن وجمال میں فائق ہونا - (گھوڑے کی) باگ کھینچنا [بیت] لوگوں میں باہم مصالحت کرا دینا -
فَرْعُ الشَّیْٔ - چیز کا اوپر کا حصہ - چوٹی -
فَرْعُ الْقَوْم - شریف وسردار قوم -
فَرَع - اونٹنی یا بکری کا پہلا بچہ جسے برکت کے لئے بتوں کے سامنے ذبح کرتے تھے - ج: فُرُع زنگ - جوئیں (جو بالوں اور کپڑوں میں ہوجاتی ہیں -
د: - فَرَعَۃ مص (س) تمام سر پہ بال ہونا -
فَرْعَاء - عورت جس کے سارے سر پہ بال ہوں - ج: - فُرْع -
فَرْعَۃ - بلند جگہ - کمان جو بن چیری شاخ سے بنائی گئی ہو - ج: - فِرَاع
فُرْعُل - لکڑ بگڑ - لکڑ بگڑ کا بچہ م: - فُرْعُلَۃ

ج: - فَرَاعِل - فَرَاعِلَۃ
فَرْعَنَۃ - چالاکی مص چالاکی کرنا - تکبر کرنا -
فِرْعَوْن - مگرمچھ - مصر کے بادشاہ کا لقب - (زمانہ قدیم میں) سرکش - ج: - فَرَاعِنَۃ -
فُرْعُوْن - ظالم - سرکش -
فَرْغ - ڈول کا بالائی حصہ جس سے پانی نکلتا ہے -
فَرِغ - کسی کام کو پورا کر کے فرصت پانیوالا نمٹ جانے والا -
فِرْغ - رائیگاں - بے کار (یقال - ذَهَبَ دَمُهُ فِرْغًا -
فَرْفَار - غیر مستقل مزاج بیہودہ بکواسی مقابلہ میں غالب - ایک درخت کا نام - عورتوں کی ایک سواری -
فُرْفُر - بھیڑوں کا ایک گلہ - شیر جو شکار کو چیر پھاڑ ڈالے - ج: - فَرَافِر -
فَرْفَرَۃ - شور و فریاد کرنا - بیان میں مبالغہ کرنا - کسی چیز کو توڑ دینا - کاٹنا - حرکت دینا - بے عزتی کرنا - اونٹ کا اپنے کو جھاڑنا اور دوڑنا - قدم پاس پاس رکھنا - ہلکا ہونا - چست وچالاک ہونا - خوش ہونا -
فُرْفُوْر - ایک پرندہ - جوان لڑکا - فربہ اونٹ اونٹ جو کھاتے اور جگالی کرے -
فَرْفِیُوْن - ایک دوا کا نام -
فَرْق - سر کی مانگ - السی - ایک پیمانہ آٹھ سیر کا ج: - فُرْقَان ایک پرندہ -

فَرْق - فُرْقَان - (ن) جدا کرنا۔ پھاڑ دینا۔ چیرنا۔ فیصلہ کرنا۔
فِرْق - بکریوں وغیرہ کا گلہ۔ بچوں کا گروہ ٹکڑا۔ پہاڑ۔ پشتہ۔ موج۔
فُرْق - قرآن مجید۔ وہ چیز جس کے ذریعہ حق اور باطل میں تمیز کی جائے۔
فَرَق - ترڑ کا۔ خوف۔ گھبراہٹ ج:۔ اَفْرَاق
اَفْرَق - (س) ڈرنا۔ دریا کی لہر میں آکر ڈوب جانا۔ فرق نامی پیمانہ سے پانی پینا۔
فَرِق - خوفزدہ۔ نَبْت فَرِق چھوٹی چھوٹی گھاس۔
فَرُق - ڈرپوک۔
فَرْقَاء - بکری جس کے تھنوں کے سرے دور دور ہوں۔
فُرْقَان - قرآن مجید جس کے ذریعہ حق اور باطل میں تمیز کی جائے۔
(اَرْضٌ) فَرِقَة - زمین جس میں گھاس دور دور ہو۔
فُرْقَة - جدائی۔
فِرْقَة - آدمیوں کا گروہ۔ ٹکڑا جتھا۔ ج:۔ فِرَق۔ اَفْرَاق جج۔ اَفَارِیق۔
فَرْقَد - بچھڑا۔ قطب کے پاس ایک ستارہ اور دوسرا اس کے قریب اور ہے دونوں کو فرقدان کہتے ہیں۔
فُرْقُعَة - مقعد۔ کون۔ دبر۔
فَرْقَعَة - بہت دوڑنا۔ کسی کی گردن مروڑنا انگلیاں چٹخانا۔ ریح شکم کا خارج کرنا۔

فِرْك - سخت دشمنی۔ میاں بیوی کی دشمنی
فَرِك - وہ چیز جسے رگڑ کر اس کا چھلکا دور کر دیا جائے۔
فِرْك - فُرُوك - (ن) بیوی کا شوہر کے ساتھ یا شوہر کا بیوی کے ساتھ دشمنی کرنا
فَرَك - (س) کان کی جڑ کا سست اور لٹکا ہوا ہونا۔
فَرْك - (ن) کسی چیز کو ہاتھ سے ملنا
فُرْن - مٹی کا توا۔ چولہا۔ ج:۔ اَفْرَان
فُرْنِيّ - روٹی جو فرن پر پکائی جائے۔
فَرْنَاة - کچلنا۔ توڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
فِرْنَاس - گاؤں کا چودھری۔ موٹی گردن کا شیر بہادر دلیر۔ ج:۔ فَرَانِسَة
فِرْنِب چوہا۔ ج:۔ فَرَانِب
فَرْنَتَى - نافرمان اور بدکار عورت۔
فَرَنْجَمُشْك - ایک دوا۔ بستانی لونگ۔
فَرْنَخَة - سختی کے بعد نرم ہونا۔ بھاگنے کے بعد آرام لینا۔
فِرِنْد - تلوار کا جوہر۔ جوہر دار تلوار۔ تلوار کے نقش۔ ج:۔ فَرَانِد۔
فِرِنْد - ہنڈی کا مصالحہ۔ ج:۔ فَرَانِد۔
قَتِیْل ۔ مقتول (مذکر ومونث) ج: قَتْلٰی

قَتِیْن ۔ جوش دیا ہوا ریشم ۔ خوبصورت عورت خوار و ذلیل آدمی۔

ق ۔ ث

قَثّ ۔ (ن) کھینچنا۔ اکھاڑنا۔ دفع کرنا۔ ہانکنا

قَثَّاء ۔ ککڑی کھیرے والا۔

قِثَّاء ۔ ککڑی ۔ کھیرا (جنس) وا: قِثَّاءَۃ

قَثَّ ۔ (س) کرکرا کر کھانا ۔ ایسی چیز کھانا کہ چبانے کے وقت اس کی آواز ہو۔

قُثَاث ۔ ساز وسامان ۔ اسباب۔

قَثَّاث ۔ چغل خور ۔ عیب گیری کرنے والا۔

قَثْد ۔ (ن) کھیرا کھانا۔

قَثْرَد ۔ گھر کا اسباب ۔ بہت بکریوں والا آدمی ۔ بہت اسباب والا آدمی ۔ ج: قَثَارِد ۔

قَثْقَثَۃ ۔ پیمانہ کو پوری طرح بھرنا ۔ اکھاڑنے کے لئے میخ کو ہلانا۔

قَثَم ۔ (ض) کسی کو اچھی قسم کا اور نیا مال ایک ہی دفعہ میں دے دینا۔ بہت سا مال جمع کرنا۔

قُثَم ۔ بہت انعام واکرام کرنے والا بہت فیاض۔ بھلائی جمع کرنے والا۔ ایک صحابی کا نام۔

قَثِمَہ ۔ قَثَم ۔ (س۔ک) پلیدی سے آلودہ ہونا

قِثْوَل ۔ عاجز و سست اور لٹکے ہوئے گوشت والا آدمی۔ اپاہج۔ گوشت یا ہڈی کا بڑا ٹکڑا۔

قَثُوْم ۔ نیکی کا جمع کرنے والا۔ عیال جمع کرنیوالا بہت فیاض۔

قَثْوٰی ۔ اجتماع۔

قَثَیٰ ۔ (ض) مال وغیرہ کا جمع کرنا۔ ککڑی کھانا۔

ق ۔ ح

قُحّ ۔ خالص، سادہ ۔ بے میل ۔ ج: اَقْحَاح م: قُحَّۃ

قُحَاب ۔ گھوڑے اونٹ اور آدمی کی کھانسی۔

قُحَاف ۔ سیلاب جو سب چیزوں کو بہا کر لے جائے

قُحَافَۃ ۔ جس چیز کو لے کر چلے جائیں۔

قُحَال ۔ بکریوں کی ایک بیماری جس سے اُن کی کھال سوکھ جاتی ہے۔

قَحَامَۃ ۔ بہت بڑھاپا۔

قَحَبَ ۔ قُحَاب (ن) کھانسی کا مریض ہوجانا دمہ ہوجانا۔ بات کرنا۔

قَحْبَۃ ۔ کھانسی ۔ نہایت بوڑھی ۔ کھانسی کی ماری ۔ زناکار۔ بدکار۔

قِحَۃ ۔ شریر و شوخ ہونا ۔ بے شرم ہونا۔

قَحَدَۃ ۔ کوہان کی جڑ۔ کوہان۔ ج: قِحَاد۔ قُحُد

قَحْر ۔ پیر فرتوت۔ بہت بڈھا شیخ فانی۔ پرانا اونٹ ج: اَقْحُر۔
خشک سال سخت چوٹ۔ کال۔

قَحْط ۔ قُحُوْط ۔ (ف ۔ س) بارش کا رُک رہنا۔ خشک سال ہونا۔

قَحِط ۔ (س) قحط زدہ ہوجانا۔

قَحِیط ۔ سخت سال۔ سخت چوٹ۔

قَحَز ۔ (ف) کودنا۔ بے چین ہونا۔ مارنا (ب) پچھاڑنا۔

قَحْزَنَۃ ۔ لاٹھی ۔ ج: قَحَازِن مص مار کر زمین پر ڈال دینا۔

قَحْطَبَۃ ۔ زمین پر ڈالنا۔ اوپر سے مارنا۔

قَحَف ۔ (ف) کھوپڑی توڑنا۔ کھوپڑی پر مارنا چوٹ لگنا۔ پیالہ کی چیز کو کھانا۔ برتن میں جو چیز ہو اس کو باہر نکالنا۔ گیہوں وغیرہ کو برسانا۔ کوئی چیز لے جانا۔

قِحْف ۔ سر کی کھوپڑی۔ کھوپڑی کا ٹکڑا جبکہ سر سے جدا ہوجائے ج: اَقْحَاف۔
قُحُوف ۔ قِحْفَۃ پیالہ مص (ف) خوب پینا۔

(عجاجۃ) قَحْفَاء ۔ زوردار بگولا۔ جو ہر چیز کو اڑا لے جائے۔

قِحْل ۔ قَحِل ۔ سوکھے ہوئے جسم کا بڈھا۔ وہ بڈھا جس کی کھال ہڈیوں پر سوکھ گئی ہو۔

قَحَم ۔ (ف) طے کرنا (الی) کسی کے قریب ہونا
قُحَمُ الطَّرِیْق ۔ راستہ کی سختیاں
(شیخ) قَحْم ۔ پیر فرتوت ۔ م: قَحْمَۃ
قُحْمَۃ ۔ جائے ہلاکت ۔ تنگ سال۔ سخت کام

قَحْو - (ف) سب سے لینا۔
قُحْوَان - بابونہ۔
قُحُوحَة - قُحَاحَة (ن) خالص ہونا پُرمغز ہونا۔
قُحُوْن - (ف) آدمی کا مُردہ کی طرح گر پڑنا۔
قُحُوْل - ہڈی پر کسی کی کھال کا سوکھ جانا۔
قُحُوْم - (ن) خود کو بلا تردد کسی کام میں ڈال دینا
قَحِيْط - سخت وخشک سال سخت ضرب بُری مار۔

ق - د

قَدْ - (حرف) تحقیق، البتہ۔ بیشک۔ اُمید ہے کہ بہت۔ بہت کم (اسم فعل) کافی ہے۔ (اسم) کافی۔
قِدّ - ایک چمڑے کا برتن۔ کوڑا بغیر دباغت دیے ہوئے چمڑے کا تسمہ ج: اَقُدّ
قَدّ - قامت۔ چیز کی لمبائی۔ کوڑا ج: اَقُدّ
قَدٌّ وقُدُوْد (ن) کسی چیز کو لمبائی میں جڑ سے کاٹنا کسی چیز کو طول میں چیرنا۔ مسافت طے کرنا۔ بات کاٹنا۔
قَدَاة - ہانڈی کی خوشبو۔
قَدَّاح - پیالے بنانے والا چقماق کا لوہا۔
قِدَاحَة - پیالے بنانے کا پیشہ۔
قَدَّاحَة - لکڑی وغیرہ جس میں سے آگ نکلے۔
قَدَّاد - جنگلی چوہا۔ سیہی۔ خارپشت۔
قُدَاد - پیٹ کا درد۔
قُدَار - باورچی۔ ہانڈی پکانے والا۔ بڑا سانپ اُس شخص کا نام جس نے صالح علیہ السلام کی اونٹنی کی کونچیں کاٹی تھیں۔
قَدَّار - پتھر جو پانی کے بہاؤ پر نصب کیا جاتا ہے

قَدَارَة - (ض) وقت متعین کرنا۔ آمادہ کرنا۔
قَدَاسَة - پاکیزگی۔ طہارت۔
قَدَاف - بڑا پیالہ۔ مٹی کا گھڑا۔
قُدَام - پرانا۔ دیرینہ۔
قُدَّام - آگے۔ سامنے۔ سردار۔ سانڈ۔ اونٹ
قَدَامَة - قِدَم - (ك) پُرانا ہوجانا۔
قُدَامَى الْجَيْش - وہ گروہ جو لشکر کے آگے آگے چلتا ہے۔ مقدمۃ الجیش۔
قِدَة - وَقْد - (ض) آگ کا روشن ہونا۔
قِدَّة - چمڑے کا تسمہ کسی چیز کا ٹکڑا۔ فرقہ۔ جماعت ج: قِدَد - اَقِدَّة
قَدَح - پیالہ۔ بڑا پیالہ جس سے دو آدمی شکم سیر ہوجائیں۔ ج: اَقْدَاح
قِدْح - بغیر پَر اور پیکان لگا ہوا تیر۔ جوئے کا تیر۔ ج: اَقْدَاح - قِدَاح -
قَدْح - (شوربہ کو چمچے سے) اُٹھانا چشمہ اور آنکھ کا پانی سوکھ جانا (ف) کسی کے اندر عیب لگانا (ب) چقماق سے آگ نکالنا۔
قَدْحَة - ایک دفعہ پتھر پر چقماق مارنا۔
قُدْحَة - چمچہ بھر شوربا وغیرہ۔
قِدْحَة - کسی کام کے لیے غور وفکر چقماق کے ذریعہ آگ پیدا کرنا (اسم ہے)
طَرَائِقُ قِدَد - مختلف خواہشوں والے فرقے۔ وا: قِدَّة -
قَدْر - اندازہ۔ زین اور پالان کا درمیانی حصہ۔ طاقت۔ مالداری۔ فراخی۔
قَدَر - قَدْر - (ن - ض) خدا تعالیٰ کا اندازہ کرنا خدا تعالیٰ کا حکم دینا۔ اندازہ کرنا (گوشت) کو پکانا۔ ننگ وعار کرنا۔ کسی چیز کو دوسری

چیز پر قیاس کرنا۔ بڑا اور بزرگ جاننا۔ تعظیم کرنا۔
قَدْی۔ (ض) انجام دیکھنا نتیجہ اور مآل پر غور کرنا۔
قَدْر۔ قُدْرَة۔ قُدُور۔ (ض س ن) کسی کام کو کرسکنا۔ طاقت رکھنا۔ قادر ہونا۔
قِدْر۔ (مؤنث) ہانڈی (کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے) ج: قُدُور
قَدَر۔ حکم۔ فرمان۔ اندازہ۔ خدا تعالیٰ کا جانچا ہوا حکم۔
قَارُورَة۔ چھوٹی شیشی
قَدَرِیَّة۔ ایک فرقہ باطلہ۔ تقدیر کے منکر جو بندگان خدا کو بالکل خود مختار سمجھتے ہیں۔
قُدْس۔ پاکی۔ بیت المقدس۔ نجد کا ایک بڑا پہاڑ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا نام مص (ن) پاک ہونا۔
قُدْسُ الْاَسْوَد۔ قُدْسُ الْاَبْیَض۔ دو پہاڑوں کے نام۔
رُوْحُ الْقُدُس۔ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا نام۔
قَدَس۔ دستہ دار طشت یعنی کشتی۔
قُدْس۔ قُدَاس۔ ایک قسم کا چھوٹا پیالہ۔
قَدْع۔ (ف) روک دینا۔ گھوڑے کی لگام کھینچنا گھوڑے کے باگ مارنا۔ تھوڑا تھوڑا پینا
قَدِع۔ بہت رونے والا۔
(مَاءٌ) قَدِع۔ پانی جو کھاری ہونے کی وجہ سے نہ پیا جاسکے۔
قَدَع۔ (س) آنکھ کی روشنی کا کم ہونا۔ عورت کا کم سخن اور شرمیلا ہونا۔ گھوڑے کی آنکھوں کا ڈراونا اور خوفناک ہونا۔
قِدْعَة۔ چھوٹا سینہ بند۔

قَدِعَة۔ شرمیلی اور کم سخن عورت۔
قَدْف۔ اس کھجور کے درخت کی جڑ جس کی شاخوں کے اطراف کاٹ لیے گئے ہوں مص (ن) پانی کا گرانا حوض میں سے پانی چلوؤں میں اٹھانا
قَدْم۔ ایک سرخ کپڑا۔ مص (ن س) بہت بڑھنا
قِدَم۔ پرانا پن۔ زمانہ گذشتہ۔
قُدُم۔ دلیر۔ بہادر۔ شجاع۔
قَدَم۔ کام میں سبقت اور جرأت وہ آدمی جس کا خبر رسانی میں پہلا نمبر ہو (مؤنث) قَدَمَة پاؤں کا اگلا حصہ۔ ج: اَقْدَام نشان اثر۔ دلیر (واحد و جمع مذکر و مؤنث)
قَدَمُ صِدْق۔ سابقہ فضیلت
قُدَام۔ قُدُوم۔ (ن) سامنے آنا۔ پیش آنا۔
قُدُم۔ آگے آگے چلنا۔
قَدِم۔ بہت بہادر و دلیر۔ لڑائی میں سامنے آنے والا۔ بہت سخت سنگستان۔
قِدَم۔ کام میں سبقت پرانا پن (حدوث کی ضد
قُدْمَة۔ کام میں سبقت و جرأت۔ اثر۔ خرام ناز۔
قُدْمُوس۔ پرانی چیز۔ بڑا بادشاہ۔ بڑا اونٹ ج: قَدَامِیس۔
قِدْو۔ جڑ جس سے شاخیں نکلیں۔ ج: اَقْدَام
قَدْو۔ کھانے کا خوشبودار اور بامزہ ہونا۔ نزدیک ہونا۔ سفر سے آنا۔
قُدْوَة۔ (مثلثہ) پیشوا۔ وہ شخص جس کی پیروی کی جائے۔ نمونہ عمل۔
قَدُوس۔ سامنے آنے والا۔ پیش قدمی کرنے والا۔
قُدُّوس۔ پاک و مبارک۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔
قَدُوح۔ اَقْدَاح۔ مکھی۔
قَدُوع۔ شرمیلی اور کم سخن عورت۔ ذلیل و خوار

آدمی۔
قَدُوْم - (مذکر) بہت دلیر و بہادر سامنا کرنے والا (مذکر و مؤنث) یکساں ج: قَدَائِم - قُدُم
قُدُوْم - قِدْمَان - (س) لوٹ آنا - واپس آنا
قَدُوْدِی - استقامت - پائداری۔
قَدِیّ - لذیذ و خوشبودار۔
- لذیذ و خوشبودار کھانا۔
قِدَیٰ - اندازہ و مقدار۔
قَدْی - (ض) قحط زدہ قوم کا جنگل میں سے آنا۔ گوشت وغیرہ کا لذیذ اور خوشبودار ہونا
قَدَیٰ - قَدَاوَۃ - (س) گوشت وغیرہ کا خوشبودار اور لذیذ ہونا۔
قَدَیَان - (ض) دوڑنا۔
قَدِیح - شوربا جو ہانڈی کی تلی میں باقی رہ جائے اور دقت سے نکالا جائے۔
قَدِیْد - سوکھے ہوئے گوشت کا پارچہ۔ پرانا کپڑا
قُدَیْد - دھاری دار چھوٹا کمبل۔ حجاز کا ایک چشمہ ایک وادی کا نام۔
قَدِیْدِیُّوْن - پیشہ ور۔ وہ لوگ جو لشکر کی خدمت کے لئے ہوتے ہیں جیسے نائی وغیرہ۔
قَدِیْر - طاقتور۔ توانا۔ قابو رکھنے والا۔ ہانڈی کا پکا ہوا۔
قِدِّیْس - سینٹ۔ عیسائی۔ ولی ج: قِدِّیْسُوْن (د)
قَدِیْم - پرانا۔ ج: قُدَمَاء - قُدَامیٰ۔
قِدِّیْم - بادشاہ۔ سردار۔ بہت شریف آدمی

ق - ذ

قَذّ - پتھر وغیرہ پھینکنا۔ تیر کو چھیل کر درست کرنا۔ گدی پر مارنا۔ تیر پر پر لگانا۔
قُذَاذَات - کبوتروں وغیرہ کے پر جو کترنے کے بعد گر جائیں۔ وا: قُذَاذَۃ
قِذَاف - سونے اور چاندی وغیرہ کا تراشہ جو چیز اُٹھا کر پھینکی جائے۔ رفتار کی تیزی۔ ج: قَذَائِف
قَذَّاف - (جنس) ترازو۔ سواری۔ گوپھن وا: قَذَّافَۃ۔
قَذَال - گدی۔ ج: اَقْذِلَۃ - قُذُل
قُذَّۃ - تیر کا پر ج: قُذَذ۔ پِسّو۔ ج:
قِذَّان - عورت کی فرج کا کنارہ آدمی کا کان۔ گھوڑے کا کان۔
قَذِر - قَذِر - ناپاک۔ پلید۔ نجس۔
قَذُر - قَذَر - (ن) کسی کو پلید سمجھنا۔ نفرت کرنا۔
قَذَر - ناپاکی۔ پلیدی (خلاف نظافت)
قَذَر - قَذَارَۃ - (س) ناپاک ہونا۔ نجس ہونا پلید ہونا۔
قُذَرَۃ - پاک۔ سرزنش اور ملامت سے دور
قُذْرُوْف - عیب۔ ج: قَذَارِیْف
قَذَع - فحش کلامی۔ نجاست۔ پلیدی۔
قَذْع - (ف) گالی دینا [ب] چھڑی سے مارنا
قُذْعُل - کمینہ اور ذلیل و خوار آدمی۔ ج: قَذَاعِل۔
قُذَعْمِل - موٹا تازہ اور اچھے جسم کا اونٹ۔
قَذْف - ندی وغیرہ کا کنارہ۔ ج: قُذُفَات (ض) پاک دامن عورت کو زنا کی تہمت لگانا۔ اس کو فحش گالی دینا۔ قے کرنا [ب] پھینکنا۔
قَذَف - دور۔ کنارہ۔ دور کرنے والا۔

پھسلواں جگہ۔
قُذَفَة۔ کنگرہ۔ کنارہ۔ جانب۔ ج:۔ قُذَف
قَذْل۔ (ن) گدی پر مارنا۔ لوٹ جانا۔ ظلم کرنا۔ کسی کے پیچھے جانا۔ عیب لگانا (ق) کوشش کرنا۔
قَذْم۔ (ن) (لہ) ایک مرتبہ ہی دے ڈالنا۔
قَذْم۔ قُذُمَة۔ (س) پینا۔
قَذُوْر۔ عورت جو مردوں سے کنارہ کش رہے۔ وہ شخص جو اپنی بدمزاجی کے سبب لوگوں سے خلط ملط نہ رکھے۔ اونٹنی جو اونٹوں سے علٰحدہ سوئے۔
قَذُوْم۔ بہت پانی والا کنواں۔ ج:۔ قُذُم
قَذًى۔ کوڑا کرکٹ۔ آنکھ کا تنکا۔ تنکا جو شراب یا پانی وغیرہ میں گر جائے ج:۔ اَقْذَاء
قَذًى۔ قُذِيَان (ض) آنکھ وغیرہ میں تنکا پڑ جانا۔
قَذِی الْعَیْن۔ جس کی آنکھ میں تنکا پڑ گیا ہو۔
قَذْی۔ قَذَیَان۔ (س) آنکھ کے تنکے وغیرہ کو صاف کر دینا۔
قَذِیَة۔ قَذِیَّة۔ تنکا پڑی ہوئی آنکھ۔
قَذِیْف۔ جو بادل پیش نظر ہو۔ دور بعید۔
قَذِیْفَة۔ ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ وہ بات جس کی تہمت لگائی جائے۔

ق ۔ ر

قَرّ۔ ہودہ۔ مرغی کا بچہ۔ ٹھنڈا ہونا (ن) (دیگ میں) سرد پانی ڈال دینا۔ تاکہ جوش دب جائے۔ (مجہولاً) سردی کا مارا ہوا ہونا (ض) کسی پر ٹھنڈا پانی ڈال دینا (ق)

(اذن) بھید کہہ دینا۔ کان میں بات ڈال دینا۔ (یوم) قرّ۔ سرد دن۔
(یَوْمُ) اَلْقَرّ۔ ذی الحجہ کی گیارہ تاریخ (اس لئے کہ اس دن حاجی منیٰ میں ٹھہرتے ہیں)
قُرّ۔ سردی۔ جائے قرار۔
قَرْء۔ حیض۔ حیض سے پاکی طہر دو حیضوں کا درمیان (لغات اضداد میں سے ہے) حیض کا وقت حیض کا اختتام۔ پاکی کا زمانہ۔ وقت۔ شعر کا قافیہ ج:۔ اَقْرَاء قُرُوْء
قَرْء۔ قِرَاءَة۔ قُرْآن (ن۔ ف) قرآن مجید کی تلاوت کرنا۔ کسی کو سلام پہنچانا۔ جمع کرنا۔ حاملہ ہونا۔ بچہ ہونا۔
قَرَّاء۔ قرآن مجید اچھا پڑھنے والا ج:۔ قَرَّاؤُوْن
قُرْآن۔ مقدس آسمانی کتاب جو حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔
قِرْءَة۔ وبا۔
قُرَاب۔ دانائی۔ دریافت جس کا مرتبہ دوسرے کے قریب ہو۔
قِرَاب۔ تلوار کی نیام۔ وہ غلاف جس میں تلوار نیام سمیت رہے۔ قریب المرتبہ۔ ہم رتبہ ج:۔ قُرُب۔ اَقْرِبَة۔
قُرَابَة۔ رشتہ دار۔ قریب۔ طبیعت کی رسائی اور دریافت۔ ہم مرتبہ۔
قِرَابَة۔ اتنا پانی کہ برتن کو بھر دے مص رات کو اس لئے سفر کرنا کہ صبح ہوتے ہی پانی پر پہنچ جائیں۔
قَرَابَة۔ رشتہ داری۔ نزدیکی ج:۔ قَرَابَات مص (ک) نزدیک ہونا۔

قُرَابی - نزدیک نزدیک - پاس پاس۔
قَرابِینَۃ - بندوق۔
قَرَاح - خالص - آبِ شیریں - زمین جس میں پانی ہو نہ گھاس۔
قُراد - پستان کی بھٹنی چیچڑی ج۔ قِرْدَان
قَرَّاد - بندر پالنے والا۔
قَرَار - قُرُوْر - (ض - س) ثابت و برقرار ہونا
قَرَار - آرام گاہ - ہموار، نیچی زمین یعنی جو پہاڑی نہ ہو - بھیڑ - چھوٹی عمر کی بکری یمن کا ایک قبیلہ (د) رزولیشن - تجویز۔
قَرَار - قُرُوْر - قَرّ - (ض - س) ٹھہرنا۔
قَرَارَۃ - آرام گاہ - ہموار اور نیچی زمین جو پہاڑی نہیں ہے۔
قَرَارِیط - املی کا بیج۔
قِرَاض - مُقَارَضَۃ - دوسرے کے مال سے شرکت پر تجارت کرنا - بدلہ دینا۔
قُرَاضَۃ - سونے چاندی کے ریزے جو زیور بنانے کے وقت گر جائیں۔
قِرَاط - چراغ - چراغ کا شعلہ۔
قِرَاف - آپس میں مل جانا - خلط ملط ہونا - عورت سے ہمبستری کرنا - گناہ کا مرتکب ہونا۔
قُرَافَۃ - درخت کی چھال۔
قَرَاقُول - سنتری تھانہ۔
قِرَام - اونٹ کی ناک میں وہ جگہ جہاں نکیل ڈالی جاتی ہے - سرخ پردہ - باریک کپڑا۔
قُرَامَۃ جلی ہوئی روٹی کا وہ حصہ جو تنور میں لگا رہ جائے - عیب۔
قَرَامِطَۃ - ایک فرقہ باطلہ - و: - قَرْمَطِیّ -
قِرَان - (مفاعلہ) حج اور عمرہ کو ایک احرام کے ساتھ ادا کرنا - دو کھجوریں ایک دفعہ کھانا - دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہو جانا - آپس میں رفیق اور دوست ہو جانا۔
قُرَانی - نزدیک۔
قَرَب - صبح ہوتے پانی پر پہنچ جانے کی خاطر رات کا سفر - کنواں جس کا پانی نزدیک ہو - رات میں پانی کی تلاش - ج: - اَقْرَاب۔
قُرْب - کوکھ - ج: - اَقْرَاب - نزدیکی (خلاف بعد)
قُرْب - قُرْبَان - (ک - س) نزدیک ہونا۔ (س) کوکھ میں درد ہونا
قَرْب - (ن) تلوار کو نیام میں کرنا - تلوار کے لئے نیام تیار کرنا۔
قَرْبَان - برتن جو بھرنے کے قریب ہو (م) قَرْبیٰ ج: - قِرَاب۔
قُرْبَان - جس چیز سے خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہو بادشاہ کا خاص مصاحب ج: - قَرَابِین۔
قُرْبَان بَیْرَام - عیدالاضحیٰ (ترکی)
قُرْبَان - جماع - نزدیکی۔
قِرْبَۃ - مشک - ج قِرَب - قِرَبات
قُرْبَۃ - رشتہ داری - نزدیکی - ج: - قُرُبات
قَرْبَۃ - پانی وغیرہ جس سے برتن بھر جائے۔
قَرَبُوس - کوہہ زین (زین کا آگے پیچھے کا وہ حصہ جو بلند ہوتا ہے)
قُرْبیٰ - نزدیکی - رشتہ داری۔
قُرَّۃ - مینڈک قُرَّۃُ العَیْن جس چیز سے آنکھیں

میں ٹھنڈک حاصل ہو۔

قَرَّة - ٹھنڈی رات۔ ٹھنڈک۔

قَرَّة - قُرُوۡرٌ - (س) سرد ہونا۔ ٹھنڈا ہونا۔ گریہ وزاری کا ختم ہونا۔ اس چیز کو دیکھنا جس کی آرزو تھی۔

قِرَّة - جاڑا۔ موسم سرما کی ٹھر۔ ٹھنڈک۔

قِرَہ - بکریوں کا گلہ۔ بیماری کا وقت۔ بردباری مص۔ برباد ہونا۔

قَرِحَ - (س) زخمی ہونا۔ زخم سے محفوظ ہونا۔

قَرْح۔ قُرْح۔ زخم۔ د: قُرْحَة ج: قُرُوۡح

قُرْح - چیز جہاں سے شروع ہو۔ پہلا پانی جو کنوئیں میں سے نکلے۔

قَرِح - زخمی۔ زخموں سے چور۔ مجروح۔

قُرْحَان - جس کے چیچک وغیرہ نکلی ہو (واحد تثنیہ وجمع) جو میدان جنگ میں کبھی نہ گیا ہو اور کبھی زخم نہ کھایا ہو۔

قُرْحَة - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو غرّہ سے کم ہو۔ مہینہ کا یا موسم سرما کا شروع)۔

قَرْد - گردن۔ ٹھگنا۔ مص (ض) جمع کرنا۔ کھانا۔

قِرْد - بندر ج: اَقْرَاد۔ قُرُوۡد۔ قِرَدَ قِرَدَة م: قِرْدَة ج: قِرَد۔

قُرَاد - چیچڑی۔ وا: قُرَادَة ج: قِرْدَان

قَرَد - گنجان اور گھونگریالے بال مص (س) بالوں کا گنجان اور گھونگروالا ہونا۔

قَرَارَة - پانی جو ہانڈی میں پکنے کے وقت ڈالا جائے تاکہ جلے نہیں۔

قَرَز - ٹیلہ۔ سخت اور ابھری ہوئی زمین مص (ض) انگلیوں کے سرے سے اٹھانا۔ چٹکی بھرنا۔

قُرْز - تیل رکھنے کا برتن۔ تیل کی شیشی۔

قُرْزَة - مٹھی بھر چیز۔

قَرْزُدُہ - موچیوں کا تختہ۔ ج: قَرَازِیم۔

قَرْس - سخت سردی۔ پالا۔ ٹھر مص (ض۔ س) پانی کا ٹھہر جانا۔ سردی کا شدید ہو جانا۔

قِرْش - پیاسٹر۔ ایک مصری و ترکی سکہ مساوی ۰۲/ تقریبًا (د)

قَرَش - (ض) کاٹنا۔ قطع کرنا۔ چیز سمیٹ کر اکٹھی کرنا۔ (ب) (نیزہ) سے لڑنا۔

قُرْشُوم - بڑی چیچڑی۔ ایک درخت جس میں چیچڑیاں ہوتی ہیں۔ ج: قَرَاشِیم۔

قَرَص - (ن) دو انگلیوں سے چٹکی بھرنا۔ پسّو کا کاٹنا۔ انگلیوں کے سرے سے آٹے کا پیڑا توڑنا۔ اٹھانا۔ کاٹنا۔ خمیر کو پھیلانا

قُرْص - قُرْصَة - ٹکیہ۔ سورج کا گول جسم ج: قِرَصَة - اَقْرَاص - قُرَص

قِرْصَافَة - گول بدن کی عورت۔ پھرکی۔

قَرْصَعَة - عورت کا اپنے گھر میں زیادہ دنوں بیٹھا رہنا۔ سکڑ جانا۔ چھپ جانا۔ بخل کی وجہ سے تنہا کھانا۔ کتاب لکھنا۔

قُرْصُوۡف - کاٹنے والا۔ ج: قَرَاصِیف

قَرْض - ادھار۔ عمل جو آخرت کے لئے ہو مص (ض) کاٹنا۔ مرجانا۔ مرنے کے قریب ہو جانا۔ سزا دینا۔ بدلہ دینا۔ شعر کہنا۔ کترا کر چلنا۔ الگ تھلگ ہو جانا۔

قَرِض - (س) مرجانا۔ ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہونا۔

قُرْط - کان کی بالی۔ پستان۔ آگ کا شعلہ۔ بچے کا عضو تناسل ج: اَقْرَاط

قُرُوْط۔
قَرْطَاجِنَہ۔ کارتھیج قوم۔
قِرْطَاس۔ کاغذ۔ کشیدہ قامت اور گوری لڑکی جوان اونٹنی۔ ج:۔ قَرَاطِیْس
قِرْطَاسِیَّۃ خالص سفید۔
قُرْطَاط۔ اونٹ کی جھول جس کے نیچے پالان رکھا جاتا ہے۔ ج:۔ قَرَاطِط۔
قِرْطَال۔ گدھے کی بوجھ کی تنگ وا:۔ قِرْطَالَۃ۔
قَرْطَبَان۔ بے غیرت مرد۔ جو اپنی بیوی کی بے حیائی گوارا کرے۔ بھڑوا۔
قَرْطَبَۃ۔ کسی کو گردن کے بل گرا دینا۔ بہت تیز دوڑنا۔ غصہ کرنا۔
قِرْطَعْب۔ بادل۔ تھوڑی سی چیز۔
قُرْطُق۔ کرتہ کا معرب۔
قَرْطَقَۃ۔ کرتہ پہنانا۔
قَرَظ۔ ایک درخت کے پتے جن سے چمڑے کی دباغت کرتے ہیں۔
قَرْع۔ کدو۔ وا:۔ قَرْعَۃ مص (ت) قرعہ اندازی کرنے میں غالب ہوجانا (ت)، دروازہ کھٹکھٹانا (ب) لاٹھی وغیرہ سے مارنا۔
قَرْع۔ قِرَاع۔ (ت) (نرکا مادہ پر چڑھنا) السن نادم ہو کر دانت پیسنا۔
قَرَع۔ دوڑمیں جیت۔ وہ چیز جو دوڑ میں بطور حد کے ہو۔ ڈھال جھولی۔ تھیلا سفید دانے جو اونٹ کے بچوں کے نکل آتے ہیں۔
قَرَع۔ قَرْع۔ (س)، تیر اندازی میں ہار جانا۔ بیماری کی وجہ سے سر کے بال اُڑجانا۔ مشورہ قبول کرنا۔ دربار کا خادموں سے خالی ہونا۔ لوگوں پر سے حج کے دنوں کا گزر جانا۔

قَرِیْع۔ مشورہ قبول کرنے والا۔ بیدار رہنے والا ناخن جو خراب ہوگیا ہو۔
قَرْعَاء۔ چراگاہ جس کی گھاس کو چوپاؤں نے چر لیا ہو۔ سختی مصیبت۔ گھر کا صحن راستہ کی اوپر کی جانب۔
قُرْعَۃ۔ جس چیز کو قرعہ اندازی کے لیے استعمال کریں۔
(اَلْقَائِمُ الْقُرْعَۃ۔ قرعہ اندازی۔
قَرْعَۃ۔ قرعہ اندازی کر کے فال لینا۔
قَرَعَۃ۔ گنجاپن۔ سر کا وہ حصہ جہاں بال نہ ہوں۔
قَرْف۔ نہایت سرخ۔ لائق وسزاوار۔ ایک درخت ج:۔ قِرَاف مص (ض) ظلم و ستم کرنا حد سے گزر جانا۔ بغاوت وسرکشی اختیار کرنا۔ عیب کرنا۔ تہمت لگانا۔ کمائی کرنا۔ ملنا۔ جھوٹ بولنا۔
قِرْف۔ چھال۔ روٹی جو جل کر تنور میں لگی رہ جائے ناک کے چوہے وا:۔ قِرْفَۃ ج:۔ قُرُوف
قَرَف۔ ملاوٹ۔ وبا۔ وہ مقام جہاں بخار پھیلا رہے۔ لائق وسزاوار مص (س) بیمار ہونے کے قریب ہو جانا۔ بیماری کا لوٹ آنا۔
قَرِف۔ سزاوار ولائق۔
قِرْفَۃ۔ ناک کا چوہا۔ بدنام۔ انار کے چھلکے چھال کا ٹکڑا۔ ایک قسم کی دارچینی۔ تہمت کمینہ پن۔ ورزش۔
قُرْفُصَی۔ قُرْفُصَاء ایک قسم کی نشست جسے اکڑوں بیٹھنا کہتے ہیں۔ نیز اس طرح جھک کر بیٹھنا کہ پیٹ زانو سے لگ جائے اور ہاتھ بغل میں رہیں۔

قَرْق ۔ مُرغی کی آواز۔
قِرْق ۔ ہموار مقام۔
قَرَق ۔ ہموار زمین مص (س) ہموار زمین میں چلنا بیابان میں سفر کرنا۔
قَرْقَار۔ کبوتر کی آواز۔ اونٹ کی آواز۔
قَرْقَرَۃ۔ پیٹ کی آواز۔ قراقر۔ کبوتر کی آواز۔ اونٹ کی آواز نرم اور پست زمین۔
قَرْقَرِیر۔ کبوتر کی آواز۔
قَرْقَف ۔ شراب۔
قَرْقَفَۃ۔ ڈرانا۔ لرزہ براندام کردینا۔ سردی کی شدت سے دانت بجانا۔ لرزہ۔
قَرْقَل ۔ عورتوں کا لباس بغیر آستین کا کرتہ ج: قَرَاقِل۔
قِرْقِم ۔ ذکر کا سر مقام ختنہ تک۔
قَرْم ۔ قابل قدر اونٹ جس پر بوجھ نہ لادا جائے اور جو صرف جفتی یا ذبح کے لئے مخصوص ہو۔ سردار قوم ج: قُرُوم
قَرَم ۔ (ن) کھال اُتارنا۔ گالی دینا۔ کھانا۔
قَرْم ۔ قُرُوم۔ قَرَمَان (ت) کسی کو بند کرنا اور روک لینا۔
قَرْمَدَۃ۔ باریک لکھنا (فِی الْمَشْیِ) چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر چلنا۔
قِرْمِز ۔ سُرخ رنگ۔ ابریشم سُرخ۔
قِرْمِزِی ۔ سُرخ۔ سُرخ رنگ والی۔
قَرْمَشَۃ ۔ تباہ و برباد کرنا۔ جمع کرنا۔
قِرْمِص۔ قِرْمَاص۔ قُرْمُوص۔ کبوتر کے انڈا رکھنے کی جگہ۔ ج: قَرَامِص۔
قَرْمَطَۃ۔ باریک لکھنا۔ پاس پاس قدم رکھنا۔
قَرْمَطِی ۔ فرقہ قرامطہ کی طرف منسوب جو غالی شیعوں کا گروہ ہے۔
قُرْمُوط۔ انار کے مشابہ ایک سُرخ رنگ کا پھل جس سے لڑکی کے پستانوں کو تشبیہ دیتے ہیں
قِرْمِید۔ پکی اینٹ۔ ج: قَرَامِید
قَرْن ۔ سینگ۔ آدمی کے سر کی بلندی جہاں حیوان کے سینگ ہوتے ہیں۔ سر کی ایک جانب ج: قُرُون۔ عورتوں کے گیسو۔ چوٹی بٹے ہوئے بال۔ بالوں کی لٹ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج: قِرَان ہودہ کی ایک طرف۔ آفتاب کا کنارہ جو پہلے پہل ظاہر ہو۔ سردار قوم۔ آدمی کا ہمسر اور ہم عمر۔ ایک زمانہ اور ایک وقت کے آدمی۔ سو برس کا زمانہ۔ زمانہ کا ایک حصہ۔ فرج زن میں ایک زائد گوشت جو وہاں پیدا ہو کر نمودار ہو جاتا ہے اور لذت جماع میں حارج ہوتا ہے چھوٹا پہاڑ۔ پہاڑی۔ پہاڑ کی ایک چٹان۔ ج: قُرُون۔
قَرَان ۔ تلوار کی باڑھ۔ تیر پیکان سمیت۔ سرمہ کی ایک سلائی۔ اکیلی عورت۔ چمکدار پتھر۔ مص (ن) دو چیزوں کو باہم باندھ دینا۔ دو جانوروں کو ایک رسی میں باندھ دینا۔
قِرْن ۔ بہادری اور کشتی وغیرہ میں مدمقابل حریف اور ہمسر۔
قَرَن ۔ چمڑے کا ترکش۔ تلوار۔ تیر۔ وہ شخص جو مسلح ہو وہ رسی جس سے دو جانور باندھے جائیں۔ وہ جانور جو دوسرے کے ساتھ بندھا ہوا ہو۔ ایک قبیلہ کے باپ کا نام

مص (س) بھوؤں کا ملا ہوا ہونا۔

قرناء ۔ سورت جو نماز کی ہر رکعت میں پڑھی جائے۔

قرنان ۔ دیوث آدمی جس نے دوسرے کو اپنی بیوی میں شریک کر لیا ہو۔

قرنب ۔ جنگلی چوہا ۔ ج: قرانب ۔

قرنب ۔ کوکھ ۔

قرنة ۔ تلوار کی دھار ۔ پیکان والا تیر ۔ اونچی طرف ۔ کسی چیز کا ابھرا ہوا حصہ ۔ گومڑا ۔

قرنصة ۔ مرغ کا لڑائی سے بھاگ جانا ۔

قرنفل ۔ قرنفول ۔ لونگ ۔

قرنوص ۔ موزے کے پیچھے کی درز ۔ موزے کی نوک ج: قرانیص ۔

قرو ۔ حوض ۔ بڑی اور طویل ندی ۔ زمین جو یکساں حالت کے ساتھ دور تک چلی گئی ہو ج: قرو ۔ لکڑی کا پیالہ ۔ طشت ج: اقرا ۔ روش مص (ن) قصد کرنا ۔ تلاش کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ نیزہ مارنا خصیوں کی تھیلی کا بڑھ جانا آنت وغیرہ کی وجہ سے ۔

قرواء ۔ عادت و خصلت لمبے کوہان اور سخت پیٹھ والی اونٹنی ۔

قرواح ۔ کھجور کا لمبا درخت ج: قراویح کشادہ میدان ۔ زمین قابل زراعت

قرواش ۔ بن بلائے مہمان بن جانے والا ۔ بڑے سرکار ۔ ج: قراویش ۔

قروان ۔ پیٹھ ۔

قروانی ۔ جس کے خصیوں کی تھیلی بڑھ گئی ہو ۔

قروت ۔ (ن ۔ س ۔ ض) خون کا جم کر خشک ہوجانا چوٹ کے اثر سے نیل پڑ جانا ۔ زخم میں خون کا مردہ ہوجانا ۔

قروة نوطوں کا بڑھ جانا (پانی وغیرہ کے اتر آنے سے) ۔

قروة الراس ۔ سر کی جانب ۔

قروح ۔ قرح ۔ (س ۔ ن) گھوڑے کا پورے دانتوں والا ہوجانا ۔ یعنی پانچ سال کا ہوجانا ۔

قروح ۔ (ن ۔ ف) اونٹنی وغیرہ کا حمل ظاہر ہونا

قروس ۔ ٹھنڈا پانی ۔

قرودة ۔ ذلیل و خوار آدمی ۔

قرونة ۔ کروز جہاز (د)

قروع ۔ وہ کنواں جس میں پانی کم ہو ۔

قرون ۔ جو دو کھجوریں ایک ساتھ کھائے ۔ نفس جو سواری کا جانور جلد پسینہ میں تربتر ہوجائے ۔

قرة ۔ دانتوں کا میل اور زردی مص (س) میلا کچیلا ہوجانا ۔ چوٹ کے اثر سے کھال اتر جانا

قرى مصیبت جو باوجود کامل احتیاط کے نازل ہوجائے ۔

قرى ۔ پیٹھ ۔ کدو ۔

قرهب ۔ سن رسیدہ گائے ۔ سردار ۔ بوڑھا ۔ ج: قراهب ۔

قرهد ۔ نرم و نازک اور خوش نما جسم کا ۔ نازپروردہ آدمی ۔ ج: قراهد

قرى پانی کی نالی ۔ بلندی سے نشیب کی طرف ج: اقرية ۔ اقراء ۔ قرى ۔

قرى ۔ حوض میں جمع شدہ پانی ۔ ضیافت ۔ دعوت ۔

قَرْیٌ ۔ قَرَیٰ ۔ (ض) (حوض میں پانی) جمع کرنا (اونٹ کا کلّے میں جگالی کو) جمع کرنا۔
قِرًی ۔ قَرَاءٌ ۔ (ض) مہمانی کرنا۔ دعوت کرنا گھومنا پھرنا۔ پڑھنا۔
قَرِیْب ۔ (واحد جمع مذکر مؤنث) نزدیک باعتبار مسافت کے (مذکر) رشتہ دار۔ م:۔ قَرِیْبَۃٌ جن سے رشتہ باپ کی وجہ سے ہو ج:۔ اَقْرِبَاء نمک چھڑکی ہوئی مچھلی جس میں تری موجود ہو۔
قَرْیَۃٌ ۔ بستی۔ گاؤں۔ شہر ج:۔ قُرًی
قَرْیَتَان ۔ مکہ و طائف۔
قَرَوِیٌّ ۔ قَرَیِیٌّ ۔ بستی کا رہنے والا۔
قَرْیَۃُ الْاَنْصَار ۔ مدینہ منورہ۔
قَرِیَّۃٌ ۔ ہاتھ کی چھڑی۔ بادبان کی لکڑی جو اس کے اوپر عرض میں ہوتی ہے ج:۔ قَرَایَا۔
قَرِیْت ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
قَرِیْثَاء ۔ قَرِیْثَا ۔ ایک قسم کی خوش مزہ اور شیریں کھجور۔
قَرِیْح ۔ زخمی ج:۔ قَرْحیٰ خالص چیز جس میں ملاوٹ نہ ہو۔ پہلا بادل۔
قَرِیْحَۃٌ ۔ پانی جو کنویں میں سے نکلے۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ آدمی کی طبیعت ج:۔ قَرَائِح۔
قَرِیْرُ الْعَیْن ۔ جس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور وہ مسرور ہو۔
قُرَیْش ۔ ایک ممتاز و مشہور قبیلہ کا نام۔
قُرَیْص ۔ کشتی اور جہاز کا لنگر۔
قَرِیْض ۔ اونٹ (وغیرہ) جو چیز جگالی میں اگل کر منہ میں لاتا ہے۔ شعر۔
قَرِیْع ۔ سردار۔ حریف۔ مدمقابل۔ اونٹ کا بچہ۔ ج:۔ قَرْعیٰ
قَرِیْع ۔ سردار
قَرِیْعَۃٌ ۔ پسندیدہ اور منتخب مال گھر کی چھت گھر میں سب سے بہتر جگہ ج:۔ قَرَائِع
قَرِیْن ۔ ہم عمر۔ ہمسر۔ دوست۔ وہ جانور جس کو دوسرے کے ساتھ ملا کر باندھ دیا جائے نزدیک ہمنشین ساتھی۔ دمساز۔ ج:۔ قُرَنَاء
قَرِیْنَاء ۔ لوبیا۔
قَرِیْنَۃٌ ۔ بیوی۔ نفس۔ دلالت کرنے والی چیز۔ ج:۔ قَرَائِن۔

ق ۔ ز

قَزَاز ۔ بڑا سانپ۔
قَزّ ۔ ریشم کے کیڑے کے تنے ہوئے ریشم کا کپڑا اصلی ریشم مص (ن س) کودنا۔ سکڑنا۔ سمٹنا۔ انکار کرنا۔
قُزّ ۔ صاف ستھرا آدمی۔ م:۔ قُزَّۃٌ
قُزَاح ۔ بکریوں کی ایک بیماری۔
قَزَّاح ۔ پیاز وغیرہ بیچنے والا۔ مصالحہ بیچنے والا
قَزَّاز ۔ ریشم بیچنے والا۔
قُزَّاز ۔ وہ آدمی جو گناہوں کی گندگی سے پاک ہو
قِزَاع ۔ چیتھڑا۔
قُزَادر ۔ غالب چیرہ دست آدمی۔ جلد ہلاک کر دینے والی موت۔
قَزَب ۔ سختی مص (س) سخت ہو جانا۔
قَزْب (ن) بہت جماع کرنا۔
قَزْح ۔ کتے کا پیشاب (ف) (ہانڈی میں) مصالحہ ڈالنا (درخت کی جڑ میں) پیشاب کرنا۔

قُصَالَہ ۔ گیہوں کا خراب دانہ جسے صاف کرتے وقت دُور کر دیا جاتا ہے۔

قُصْب ۔ آنت ۔ پیٹھ ۔ ج : ۔ اَقْصَاب

قَصَب ۔ قلم ۔ زمین سے اُگنے والی ہر وہ چیز جس کے تنہ میں پوریاں ہوں اور گرہ دار ہو۔ بانسری اُنگلی کی ہڈی ۔ وہ تمام ہڈیاں جو گول لمبی اور اندر سے خالی ہیں ۔

قَصَبُ السُّکَّر ۔ گنّا ۔ پونڈا (د)

قَصْب ۔ (ض) بانس کاٹنا ۔ بکری کے اعضاء الگ الگ کرنا ۔

قَصْب ۔ قُصُوب ۔ (ض) سیراب ہونے سے پہلے پانی سے روک دینا ۔ عیب بیان کرنا ۔ گالی دینا ۔

قَصَبَۃ ۔ نیا کھدا ہوا کنواں محل ۔ خم دار بالوں کی لٹ ۔ ہڈی جس میں مغز ہو ۔ شہر ۔

قَصَبَۃُ الْاَنْف ۔ بانسا ۔

قَصِبَۃ ۔ وہ زمین جہاں نے جس کے قلم ہوتے ہیں کثرت سے ہو ۔ جہاں بانس کثرت سے ہوں ۔

قِصَّۃ ۔ چونا ج : ۔ قِصَاص حال ۔ خبر ۔ کام ۔ بات جو چیز لکھی جائے ۔ افسانہ ج : ۔ قِصَص

قُصَّۃ ۔ پیشانی کے بال ج : ۔ قُصَص ۔ قِصَاص

(ما مح) قَصِد ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ ۔

قَصْد ۔ وہ آدمی جو نہ موٹا ہو نہ دُبلا بلکہ درمیانی جسم کا ہو مص (ض) اعتماد کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ لکڑی وغیرہ توڑنا ۔ نیکی کرنا (فِی الْمَشْی) درمیانی چال چلنا ۔

قَصَد ۔ بھوک ۔ درخت ۔ عوسج کہ ایک خاردار درخت ہے ۔

قَصْر ۔ محل ۔ ج : ۔ قُصُور چھوٹاپن ۔ فروگذاشت سستی و کوتاہی ۔

قَصَر ۔ چھان ۔ بھوسی ۔ درخت کی جڑ ۔ آدمی کی گردن سستی مص (س) خشک گردن والا ہونا ۔ گردن کی جڑیں ۔ درد ہو جانا

قِصَر ۔ قَصَارَۃ ۔ کوتاہی مص (ك) کوتاہ ہونا ۔ چھوٹا ہونا ۔

قَصِر ۔ خشک گردن والا ۔

قُصْرَۃ ۔ فروگذاشت ۔ کوتاہی ۔

قَصَرَۃ ۔ ہتھوڑا ۔ لکڑی کا ٹکڑا ۔ گردن کی جڑ کا درد ۔

قَصْرَیٰ ۔ چھان ۔ بھوسی ۔

قُصْرَیٰ ۔ پسلی کی سب سے چھوٹی ہڈی ۔

(سُوْرَۃُ النِّسَاءِ) اَلْقُصْرَیٰ ۔ سورۂ طلاق ۔

قِصَصِی ۔ ناولسٹ ۔ افسانہ نگار (د)

قُصْطَاس ۔ ترازو ۔

قَصْع (ف) پانی کا گھونٹ گلے سے اُتارنا ۔ پیاس بجھانا ۔ زخم کا خون سے پُر ہونا ۔ جوں کو دو ناخنوں کے درمیان رکھ کر مار ڈالنا ۔ ذلیل و خوار سمجھنا ۔

قَصِیع ۔ چھوٹا لڑکا ۔ م : ۔ قَصِیعَۃ ۔

قَصْعَۃ ۔ پیالہ ج : ۔ قَصَعَات ۔ قِصَع ۔ قِصَاع

قُصْعُل ۔ کمینہ آدمی بچھو یا بچھو کا بچہ ۔ ج : ۔ قَصَاعِل ۔

قَصِیف ۔ بیچ میں سے ٹوٹا ہوا ۔ جلد توڑنے والا ۔

قَصْف ۔ (ض) توڑ ڈالنا ۔ کھیل کرنا ۔ کھیل میں ٹھہرنا (د) کھیل کود ۔ عیش ۔

قَصَف (س) لکڑی اور درخت کا نرم اور جلد ٹوٹنے والا ہونا ۔ کھیتی وغیرہ کا اتنا بڑھنا کہ

نامبارک منحوس ۔

قَشْع ۔ پُرانی ۔ پوستین ۔ بے وقوف ۔ چمڑے کا خیمہ ۔ ج :۔ قُشُوع مص (ف) منتشر کرنا ۔

قَشْعَۃ ۔ بادل کا ٹکڑا ۔ جو بادل کھل جانے کے بعد آسمان پر رہ گیا ہو ۔

قُشَعْرِیْرَۃ ۔ جھرجھری ۔ کپکپی ۔

قَشْعَم ۔ بڑی عمر کا آدمی یا گِدھ ۔ شیر ج : قَشَاعِم

(اُمّ) قَشْعَم ۔ موت ۔ بلا ۔ مصیبت ۔ جنگ ۔ سختی ۔ مکڑ بگڑ ۔

قَشَف ۔ بدحالی ۔ آلودگی مص (س ۔ ک) مفلس ہونا دھوپ کی وجہ سے مُنہ کا جھلس جانا مفلسی کی وجہ سے چہرہ کا بے رونق ہوجانا ۔

قَشِف ۔ جس کا چہرہ دھوپ کی وجہ سے جھلس گیا ہو جس کا چہرہ مفلسی کی وجہ سے بے رونق ہوگیا ہو ۔

قِشْلَاق ۔ اسپتال ۔ بارک (د)

قَشْم ۔ نالہ ۔ (ض) کھانا ۔ بہت کھانا ۔ چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ مرجانا ۔

قِشْم ۔ انسان کی طبیعت و سرشت ۔ نالہ ۔ بدن گوشت جو پک کر سرخ ہوگیا ہو ۔ چربی ۔ پیکر ۔ ج :۔ قُشُوم ۔

قَشْو ۔ (ن) سانپ کا کینچلی اُتارنا ۔ درخت وغیرہ کی چھال اُتارنا ۔ ہاتھ پھیرنا ۔

قُشُوش ۔ (ن) لاغری کے بعد فربہ ہوجانا ۔ اونٹنی کو جلد دوہنا ۔

ق ۔ ص

قَصّ ۔ قَصَص ۔ (ن) قدموں کے نشانوں پر کسی کے پیچھے جانا [علیٰ] کسی سے قصہ بیان کرنا (موت کا) قریب آجانا ۔ [علی الموت] کسی کو قریب مرگ کردینا

قَصًا ۔ دوری ۔ کنارہ ۔ دور گھر کے سامنے کشادہ زمین ۔ ج :۔ اَقْصَاء ۔

قَصَّاب ۔ بانسری بجانے والا ۔ ذبح کرنے والا ۔ گوشت کے ٹکڑے کرنے والا ۔

قِصَاب ۔ مکان کے پشتے پانی سے بچاؤ کے لئے ۔ بہت سے گھر ۔ و :۔ قَصَبَۃ

قُصَّابَۃ ۔ بالوں کی لٹ ۔ بانسری ۔ بانس کی جڑ ۔ ج :۔ قُصَّاب ۔

قِصَابَۃ ۔ بانسری بجانا (اسم ہے)

قَصَّابَۃ ۔ بانس یا نرکل کے دو گروہوں کا درمیانی حصّہ ۔ آدمیوں کا عیب ڈھونڈھنے والا (د) نلکی ۔ نمبا ۔

قَصَّار ۔ دھوبی ۔

قِصَار ۔ بالوں کی بریدگی اور کوتاہی ۔ دھوبی پن دھوبی کا پیشہ ۔

قُصَارَۃ ۔ محل ۔ جو قلعہ کے اندر ہو ۔ بھوسی وغیرہ جو چھاننے کے بعد چھلنی میں رہ جائے ۔

قُصَارٰی ۔ انتہا ۔ غایت ۔

قُصَاص ۔ قَصَاص ۔ قِصَاص ۔ سر کے آگے اور پیچھے وہ جگہ جہاں بال ختم ہوتے ہیں ۔ پیشانی کے بال ۔

قُصَاصَۃ ۔ تراشہ ۔ اخبارات کی کٹنگ ۔ (د)

قِصَاص ۔ (مفاعلہ) قاتل کو مار ڈالنا ۔ زخم کے بدلے زخم لگانا ۔ کسی چیز کے بدلے میں کوئی چیز لینا ۔

قَصَاعَۃ ۔ (ف ۔ س) بچّہ کا ٹھگنا رہ جانا ۔

قَصَّال ۔ شیر ۔ تیزی سے کاٹنے والی تلوار ۔

قُسْطَان ۔ قوس قزح ۔ دھنک ۔ غبار ۔
قَسْطَل ۔ گرد و غبار (د) قوارہ ج: قَسَاطِل
قُسْطَلَانِیَّۃ ۔ شفق کی سرخی ۔ دھنک ۔ سرخ کپڑا ۔ شہر قسطلم کا بنایا ہوا ۔
قَسْطَلَۃ ۔ اُندلس کا ایک شہر ۔
قُسْطَنْطِیْنَۃ ۔ قُسْطَنْطِیَّۃ ۔ مشہور شہر استنبول اس کے بانی کا نام قسطنطین تھا اسی کی طرف منسوب ہے ۔
قَسْقَاس ۔ رہبر ۔ رہنما ۔ بھوک کی سختی ۔ جاڑے کی سختی ۔ شیر ۔
قَسَم ۔ سوگند ۔ حلف ۔ قسم ۔
قَسْم ۔ بخشش ۔ داد و دہش ۔ رائے ۔ شک ۔ تردد ۔ بارش ۔ پانی ۔ اندازہ ۔ عادت ۔ مص (ض) بانٹنا ۔ حصہ حصہ کرنا ۔ اندازہ کرنا (بین) بیویوں میں نوبت کا لحاظ کرنا ۔
قِسْم ۔ حصہ (د) سیکشن ج: اَقْسَام ۔ جج اَقَاسِیْم ۔
قِسْمَۃ ۔ بانٹ ۔ حصہ ۔ نصیبہ ۔
قَسِمَۃ ۔ حسن و جمال ۔ چہرہ ۔ عطردان ۔
قَسْو ۔ قَسْوَۃ ۔ قَسَاوَۃ ۔ قَسَاء (ن) دل کا سخت ہو جانا ۔ درہم وغیرہ کا کھوٹا ہونا ۔
قَسْوَۃ ۔ سختی ۔
قَسْوَر ۔ شیر ۔ شکاری ۔
قَسْوَرَۃ ۔ شیر ۔ غالب ۔ مبارک ۔ عزت دار ۔ آدھی رات کا وقت جوان و قوی لڑکا ۔ بہت سے تیرانداز شکاری ۔
قَسُوس ۔ اونٹنی جو اکیلی چرے بدخو اونٹنی ۔
قُسُوسَۃ ۔ قِسِّیْسَۃ نصاریٰ کا سردار ہونا ۔ پادری ہونا ۔

(دِرْهَم) قَسِیّ ۔ کھوٹا درہم ۔ ج: قِسْیَان قَسِیَّۃ ۔ قَسِیَّات ۔
(عَام) قَسِیّ ۔ شدت کی گرمی ۔ یا سردی وغیرہ کا سال ۔
قِسِّیّ ۔ ایک قسم کا مصری کپڑا ۔
قَسِیْب ۔ پانی کی روانی جس میں آواز ہو ۔
قِسِّیْس ۔ پادری ۔ نصاریٰ کا سردار ج: قِسِّیْسُوْن ،
قَسِیْم ۔ حصہ تقسیم کرنیوالا ۔ ج: اَقْسِمَاء ۔ قُسَمَاء آدھا ۔ نصف ۔ خوبصورت آدمی ۔ ج: قُسُم
قَسِیْمَۃ ۔ خوبصورت عورت ۔ عطر فروش کی صندوقچی (د) رسید کا مثنیٰ ۔ ج: قَسَائِم ۔

ق ۔ ش

قُشَامَۃ ۔ دسترخوان پر بچا ہوا کھانا ۔
قَشْب ۔ (ض) تکلیف دینا ۔ ایک چیز میں دوسری چیز کا مل جانا ۔ زہر دینا ۔ رنج پہنچانا ۔ جھوٹ گڑھنا ۔ تباہ و خراب کر دینا ۔ آلودہ ہونا ۔ ملامت کرنا ۔ زائل کرنا ۔ تلوار کو زنگ سے صاف کرنا ۔
قِشْب ۔ زہر ۔ نفس ج: اَقْشَاب
قِشْدَۃ ۔ مسکے کی تلچھٹ ۔ بالائی ۔
قَشْر ۔ مص (ن) نقصان پہنچانا ۔ پوست اتارنا ۔ چھلکا اتارنا ۔
قِشْر ۔ چھلکا ۔ اوپر کا خول ۔ پردہ ۔ پوستین ج: قُشُور
(حَیَّۃ) قَشْرَاء ۔ سانپ جس نے کینچلی اتار دی ہو
(شَجَرَۃ) قَشْرَاء ۔ درخت جس کی چھال اتر گئی ہو ۔
قِشْرَۃ ۔ درخت کی چھال ۔ ایک قسم کا گیہوں جو چھوٹا اور گول ہوتا ہے ۔
قُشَرَۃ ۔ بارش جو زمین کو صاف کر دے ۔

بلند ہو جانا۔

قزخ۔ قزحان۔ (ف۔س) ہانڈی کے جھاگ جو منہ پر آگئے ہوں صاف کرنا۔

قزح۔ ہانڈی کا مصالحہ تخم پیاز۔ سانپ کی بیٹ

قزح۔ قزوح۔ (ف۔س) کتے کا پیشاب کرنا

قزحة۔ رنگ برنگ کی دھاریاں۔

قزع۔ بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بکھرے ہوئے وا۔ قزعة

قزعة۔ زنا سے پیدا ہونے والا حرامی چیتھڑا

قزل۔ لنگڑاپن مص (س) نازسے مٹک مٹک کرچلنا۔ کٹے ہوئے پاؤں والے کی طرح چلنا۔

قزلی۔ (ض) کودنا۔ لنگڑا کر چلنا۔

قزم۔ (واحد جمع مذکر ومؤنث) ذلیل طبیعت رکھنے والا۔ کمینہ۔ بونا۔ م: قزمة ج: اقزام مص (س) ذلیل طبیعت رکھنا۔ بدمزاج ہونا۔

قزم۔ قزم۔ قزم۔ ذلیل طبیعت والا۔ پنج ذات م: قزمة حقیر جسم کا ذلیل طبیعت کا جاہل آدمی۔ ج: قزم۔ اقزام

قزم۔ (ن) عیب لگانا۔

قزم۔ (س) رذیل ہونا۔ بدخلق ہونا۔

قزو۔ (ن) آلودگی سے دور رہنا۔ گناہ سے پاک اور محتاط رہنا۔ زمین کریدنا۔

قزوع۔ (ف) ہرن کا دوڑنا۔ چست وچالاک ہونا۔ جلدی کرنا۔ دیر کرنا۔

ق ۔ س

قس۔ پالا جو جاڑے کے موسم میں گرتا ہے۔

اونٹوں کا نگران جو ان کے ساتھ رہے اور خبرگیری کرے۔ نصاریٰ کا سردار اور ان کا عالم ج: قسوس مص (ن) برا کہہ کر کسی کو رنجیدہ کرنا۔ اونٹوں کو اچھی طرح چرانا۔ چغلی کھانا۔ جستجو کرنا۔

قساح۔ خشک سخت۔

قساحة۔ قسوح۔ (ف) سخت ہو جانا۔ ذکر کی خیزش کا بہت زیادہ ہونا (رتی) ٹنا۔

قسام۔ خوبصورتی۔ گرمی کی تیزی۔ دن چڑھے سے دوپہر تک کا وقت

قسامة۔ فریقین کی آپس میں صلح ج: قسامات جو اشخاص قسم کھاکر کسی چیز کو حاصل کریں مص (ك) خوبصورت ہونا۔

قسامة۔ خیرات وصدقہ بانٹنے والا جو چیز اپنے لئے الگ رکھ لے۔

قسب۔ ہر بدنما اور سخت چیز۔ (ض) (پانی کا) جاری ہونا۔ سورج کا قریب بہ غروب ہونا

قسر۔ (ن) کسی کو زبردستی کسی کام کی ذمہ داری سونپنا۔ مغلوب کرنا۔

قسط۔ قسوط۔ (ض) ظلم کرنا۔ حق سے منہ پھیرنا۔ کسی چیز کو بکھیرنا۔

قسط۔ قسوط۔ (س) چوپایہ کی پنڈلی کی ہڈیوں کا سیدھا ہونا (یہ عیب ہے)۔

قسط۔ انصاف۔ عدل (واحد وجمع) حصہ۔ آدھے صاع کا ایک پیمانہ مقدار رزق ترازو۔ کوزہ۔

قسط۔ ایک دوا کا نام۔ جو دو قسم کی ہوتی ہے شیریں و تلخ۔ اگر۔

قسطاس۔ ترازو۔ صحیح وزن دینے والی ترازو

درازی کے سبب خمیدہ ہوجائے۔ آدھا
دانت ٹوٹ جائے۔
قَصْفَة ۔ سیڑھی کا ڈنڈا ج :۔ قَصَف ۔ قُصْفَان
قَصْل ۔ (ض) کاٹ ڈالنا۔ گردن پر مارنا۔ خرمن
گندم کو پامال کرنا۔
قِصْل ۔ کمینہ۔ ہیچ۔ ذلیل۔ ج :۔ اَقْصَال
قَصَل ۔ بھوسا وغیرہ جو گیہوں کو صاف کرنے کے
وقت دور کیا جائے۔
قَصْم ۔ علٰحدہ کیا ہوا اور ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔ چراگاہ۔
ج :۔ اَقْصَام مص (ض) توڑ ڈالنا۔ جدا کرنا
واپس لوٹ آنا۔
قَصَم ۔ اگلے دانتوں کی شکستگی۔ بڈھی کا انڈا۔
مص (س) کسی کے اگلے دانتوں کا ٹوٹ جانا
قِصِم ۔ جلد توڑ دینے والا۔
قُصَم ۔ وہ کہ جو چیز اس کو نظر پڑے توڑ ڈالے
قَصْمَاء ۔ ٹوٹے ہوئے سینگ کی بھیڑ یا بکری ج :۔
قُصْم ۔
قَصْمَة ۔ سیڑھی کا ڈنڈا۔
قِصْمَة ۔ (مثلثہ) جدا کیا ہوا اور ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
قَصْو ۔ قُصُوّ ۔ (ن) غالب ہونا۔ اونٹنی وغیرہ کا
کان تھوڑا سا کاٹ دینا [عن] دور ہونا
قَصْوَاء ۔ اونٹنی یا بکری جس کا کان کٹا ہوا ہو۔ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کا نام مگر اس
کا کان کٹا ہوا نہ تھا۔
قَصُوب ۔ جس بکری کے بال کاٹے جائیں۔
قُصُور ۔ (ن) کسی کام سے رک رہنا اور اس کو
نہ کرسکنا۔ درد کا یا غصہ کا دب جانا۔
قَصُورَة ۔ وہ کوٹھری یا کمرہ جو دلھن کے لئے آراستہ
کیا جائے۔ پردہ نشین عورت۔

قُصُوف ۔ (ض) کھانے پینے کی فراخی اور آسودگی میں
ہونا۔
قُصْوَی ۔ قُصْیَا ۔ بہت دور۔ میدان کا آخری کنارہ
قَصًی کنارہ۔ گوشہ ج :۔ اَقْصَاء ۔
قَصًی ۔ قَصَاء ۔ (س) دور ہوجانا۔ کنارہ پر ہوجانا۔
قَصِیّ ۔ دور ہونے والا۔ بعید۔ دور ج :۔ اَقْصَاء
قُصَیّ ۔ حضور کے سلسلۂ نسب میں ایک شخص کا لقب
جس کا اصل نام زید بن کلاب ہے۔
قَصِیب ۔ (مذکر و مونث) اونٹ یا اونٹنی جو پانی پوری
طرح نہ پئے اور رک جائے۔
قَصِیبَة ۔ گندھے ہوئے بالوں کی لٹ۔ بٹے ہوئے
بالوں کا مٹھا۔ نرکل کے دو گرہوں کا درمیانی
حصہ۔ ج :۔ قَصَائِب ۔
(رُمْحٌ) قَصِید ۔ ٹوٹا ہوا نیزہ (لحم) قَصِید
خشک گوشت (شعر) قَصِید عمدہ
اور نفیس شعر۔
قَصِیدَة ۔ وہ نظم جس میں مطلع ہو اور اس کے اشعار
کی تعداد سولہ سے اوپر ہو۔ ج :۔ قَصَائِد
قَصِیر ۔ کوتاہ۔ چھوٹا۔ ج :۔ قِصَرَاء ۔ قِصَار
قَصِیرُ النَّسَب ۔ جس کا باپ مشہور ہو کہ اس کے
ذکر کے بعد دادا کے ذکر کی ضرورت نہ پڑے
م :۔ قَصِیرَةُ النَّسَب
قَصِیرُ الشِّبْر ۔ جس کے اعضاء پیدائشی طور پر
چھوٹے چھوٹے ہوں۔
قَصِیرَة ۔ پست قامت عورت۔ بھگنی جس عورت کو
گھر سے باہر نہ جانے دیں ج :۔ قِصَار
قِصَارَة ۔
قَصِیصَة ۔ وہ اونٹ جس پر خانہ داری اور کھانے پینے
کا سامان ہو ج :۔ قَصَائِص ایک

گھاس کا نام ج ۔ قصیص

قَصِیع وُہ لڑکا جو دیر میں جوان ہو۔

قَصِیف ۔ درخت سے گری ہوئی چیز پتے وغیرہ۔ اونٹ کی آواز ۔ بیچ سے ٹوٹا ہوا۔

قَصِیل ۔ سبز چارہ وغیرہ جو کھیت میں سے کاٹا جائے ۔گروہ۔ ٹولی۔

قِصِیلَۃ ۔ آدمی یا اونٹ جو ٹھنگنا اور چھریرا چکلا اور پر گوشت ہو۔

ق ۔ ض

قَضّ ۔ کنکر یلا مقام چھوٹی کنکری (ت) (موتی میں) سوراخ کرنا ۔ اور دوشیزہ کی بکارت ذائل کرنا ۔ کوٹنا ۔ کاٹنا (علی) کسی پر گھوڑا دوڑانا (س) کھانے وغیرہ میں کنکریاں کثرت سے ہونا ۔

قَضَضٌ ۔ (س) کھانا خراب اور بدبودار ہونا ۔ بوسیدہ اور پرانا ہونا۔

قَضَّاء ۔ سخت قسم کی زرہ جس میں میخیں لگی ہوئی ہوں ۔ اونٹوں کا گلہ تیس سے چالیس تک بوڑھا آدمی ۔

قَضَاء ۔ حکم ۔ فرمان ۔ کسی چیز کا اندازہ (د) تحصیل سب ڈویژن ۔ ج : ۔ اقضیۃ ۔

قَضَاءَۃ ۔ قَضُوءٌ ۔ (س) کسی کے حسب کا خراب ہونا اس کے اندر ذاتی خوبیاں معدوم ہونا ۔

قَضَاء ۔ (ض) کسی چیز کو مضبوطی کے ساتھ بنانا پورا کرنا ۔ ادا کرنا ۔ نافذ کرنا (علی) مار ڈالنا (مجہولاً) (علی) مرجانا ۔

قَضَّاب ۔ بہت کاٹنے والی تلوار ۔

قَضَّابَۃ ۔ معاملات کو خوب فیصل کرنے والا ۔

شمشیر بُرّاں

قُضَابَۃ ۔ وُہ ٹکڑا جو کسی چیز میں سے کاٹا جائے لکڑی کے ٹکڑے اور ریزے جو لکڑی کاٹنے کے وقت گریں ۔

قَضْأَۃ ۔ عیب ۔ ننگ و عار ۔ تباہی و خرابی ۔

قُضَاۃ ۔ فیصلہ کرنے والے وا ۔ قَاضِی ایک جھلی جو ولادت کے وقت بچے کے منہ پر تنی ہوتی ہے ۔

قُضَاع ۔ باریک گرد و غبار ۔ پیٹ کا درد اور مروڑ۔

قُضَاعَۃ ۔ تیندوا ۔ پانی کا کتا ۔ باریک گرد و غبار یمن کے ایک قبیلہ کا باپ جس کی طرف وہ قبیلہ منسوب ہے ۔ اور بنی قضاعہ کہلاتا ہے ۔

قَضْب ۔ اونچا اور پھیلا ہوا درخت ۔ شاخ جو کمان کے لئے کاٹی گئی ہو (ض) کاٹنا کوڑے مارنا ۔ اونٹنی پر اس کے تابعدار ہونے سے پہلے سوار ہو جانا ۔

قِضَۃ ۔ ایک گھاس ج :۔ قِضِیٌّ ۔

قِضَّۃ ۔ کنوار پن مص کنوار پن دور کرنا ۔

قَضْقَض ۔ کنکری جو دانت کے نیچے ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو جائے ۔ چھوٹی کنکری ۔ خاک جو فرش پر جم جائے ۔

(مکان) قَضِنض ۔ کنکریلی زمین طعام قَضِض کھانا جس میں کنکریاں ہوں ۔

قَضْع ۔ پیٹ کا درد اور مروڑ (ف) ظلم کرنا مغلوب کرنا ۔

قَضْعَم ۔ سن رسیدہ اور بڈھا آدمی ۔ ج :۔ قَضَاعِم ۔

قَضَفَ ۔ قِضَف ۔ قَضَافَۃ ۔ باریکی ۔ دبلا یا پتلے پتلے پتھر۔
قَضَم ۔ دانتوں کی پھٹن اور ان کے کناروں کی شکستگی ۔ دانتوں کی کمی اور ان کا چھوٹاپن ۔ تلوار (س) دانتوں کا پھٹ جانا ۔ یا ان کا سیاہ ہوجانا ۔
قَضِم ۔ تلوار جس کی دھار ٹوٹ گئی ہو ۔
قَضَم ۔ (س) چنے وغیرہ چبانا ۔ خشک چیز کرام کرام چبانا ۔ چوپایہ کا چارہ کو کھانا ۔
قَضْمَاء ۔ وہ عورت جس کے دانت تیز نہ ہوں ۔
قَضْمَۃ ۔ وہ چیز جو چبا کر کرام کرام کھائی جائے چبینا ۔
قَضِیّ ۔ موت ۔ جو قرض جلد ادا کردے جو انصاف اور حکومت کے معاملہ میں خوب ہوشیار ہو ۔
قَضیٰ ۔ قَضَاء ۔ قَضِیَّۃ ۔ (ض) حکم دینا مرجانا کسی کا کام نکال دینا ۔ نصیحت کرنا ۔ روکنا قرض ادا کرنا ۔ واجب کرنا ۔ قوت بیانیہ کا کسی میں ہونا ۔ بیان کرنا ۔ بنانا ۔ فرصت پانا ۔ گزرنا [الیٰ] آگاہ کرنا [علیٰ] مار ڈالنا ۔ خلاف فیصلہ کرنا [ل] حق میں فیصلہ کرنا ۔
قَضِیب ۔ کٹی ہوئی شاخ ج :۔ قُضْبَان ذکر ۔ گدھے کا ذکر ۔ کوڑا ۔ اونٹنی جو ابھی قابو میں نہ آئی ہو ۔ تیز تلوار (د) ریل کی پٹری ج :۔ قُضُب ۔
قَضِیَّۃ حکم ۔ ج :۔ قَضَایَا
قَضِیض ۔ بڑی کنکری ۔ اونٹ کے تنگ کے ٹوٹنے کی آواز (مص) اونٹ کے تنگ کا اس طرح آواز کرنا کہ گویا ٹوٹنے والا ہے ۔

ستوؤں میں کوئی خشک چیز شکر وغیرہ ملانا ۔
قَضِیف ۔ باریک اور پتلا ۔ دُبلا ۔ ج :۔ قُضْفَان قِضَاف ۔
قَضِیم ۔ لکھنے کے لئے سفید چمڑا ۔ ج :۔ قَضَم جس کے دانت چیخ گئے ہوں ۔ پرانی تلوار جس کی دھار گرگئی ہو چمڑے کی تھیلی ۔ چمڑے کا فرش ۔ چاندی ۔ جانور کا چارہ اور اس کا دانہ ۔
قَضِیمَۃ ۔ چمڑے کا فرش ج :۔ قَضَائِم ۔

ق ۔ ط

قَطِّ ۔ قَطّ ۔ (ظرف زمان) کبھی (یہ ہمیشہ نفی کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔
قَطْ (اسم فعل) بس (اس صورت میں طاء ساکن کے ساتھ آتا ہے اس پر اکثر فا داخل کی جاتی ہے) ۔
قَطّ ۔ گھونگریالے بال ۔ خمیدہ بالوں والا ۔ مص (ن) کاٹنا چوڑائی میں کاٹنا ۔ حصہ ۔ تمسک ۔ قبالہ ۔ حساب کا رجسٹر ج :۔ قُطُوط بلا ۔ ج :۔ قِطَاط ۔ قِطَط رات کی ایک ساعت ۔
قَطَاۃ ۔ سرین ۔ بھٹ تیتر ج :۔ قَطًا قَطَوَات ۔ قَطَیَات
قِطَار ۔ اونٹوں کی ایک لین (د) ریل ۔ ٹرین ۔ ج :۔ قُطُر ۔ قُطُرَات
قِطَارُ الْبَضَائِع ۔ مال گاڑی (د)
قِطَارُ الرُّکَّاب ۔ مسافر گاڑی (د)
قُطَار ۔ بڑی بڑی بوندوں کی بارش ۔

قُطَارَة ۔ جو چیز ٹپک ٹپک کر گرے ۔ چوئی ہوئی
قِطَاط ۔ بالوں کا بہت گھونگریالا پن ۔ غار پہاڑ اور پتھر کا کنارہ ج : اَقِطَّة ۔
قَطَّاط ۔ ڈبیاں بنانے والا ۔
قِطَاع قینچی ۔ درم ۔ انگوروں وغیرہ کے پکنے کا اور ان کے کاٹنے کا وقت ۔
قُطَاعَة ۔ ٹکڑا جو کسی چیز سے کاٹ کر علٰحدہ کیا جائے کٹن ۔ کترن ۔ لقمہ ۔
قَطَاعَة ۔ بات نہ کر سکنا ۔ کم سخن ہونا ۔
قِطَاف ۔ انگور کاٹنے کا وقت چھوٹا قدم ۔
قِطَاف ۔ قُطُوف (ن ۔ ض) چوپایہ کا سست رفتار ہو جانا ۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا خراش لگانا ۔
قَطَافِ (بروزن قَطَام) لونڈی ۔
قُطَافَة ۔ انگور وغیرہ جو خوشے میں سے توڑتے کے وقت گر جائے ۔
قَطَام ۔ قُطَامِیّ ۔ شکرا یا اس کا گوشت ۔
قِطَان ۔ دروازہ کی بتی کی لکڑی ۔ شکنجہ ۔ ہودہ کی لکڑی ج : قُطُن
قُطْب ۔ قُطُب ۔ جانب شمال ایک ساکن ستارہ ہے جس سے قبلہ کی تعیین کی جاتی ہے ۔ قوم کا سردار جس پر معاملات کا دار و مدار ہو پیر و مرشد ۔ وہ چیز جس پر کسی چیز کا دار و مدار ہو ج : اَقْطَاب ۔ قُطُوب
قِطْبَة ۔ چکی کی کیلی ۔ آسمان کی کیلی (ض) کاٹنا جمع کرنا ۔ شربت ملانا ۔ غصہ دلانا ۔ برتن بھرنا ۔
قَطْب ۔ قُطُوب ۔ (ض) چیں بر جبیں ہونا ۔ ترش رو ہونا اور پیشانی پر بل ڈالنا

چکی کی کیلی ۔ ستون وغیرہ جس پر نشانہ رکھا جائے ۔ ج : قُطَب
قَطْر ۔ بارش ۔ ٹپکی ہوئی چیز ۔ قَطْرَة ایک بوند ج : قِطَار ۔
قَطْر ۔ قُطُور ۔ قَطَرَان (ن) ٹپکنا ٹپکانا ۔ اونٹوں کو ایک قطار میں کرنا ۔ پکڑ رکھنا ۔
قِطْر ۔ تانبا ۔ پگھلا ہوا تانبا ۔ مال ۔
قُطْر ۔ کنارہ ۔ طرف (د) ملک ج : اَقْطَار اگر جس کا دھواں خوشبودار ہوتا ہے ۔
قَطَر ۔ ایک شہر کا نام مص کچھ مال تول سے خریدنا ۔ اور باقی اسی حساب سے بغیر تولے اٹکل سے لینا ۔
قَطِرَان ۔ ایک سیال مادہ ہے جو بعض درختوں سے نکالا جاتا ہے ۔
قُطْرُب ۔ چور ۔ چوہا بغیر بالوں کا بھیڑیا ۔ دیو بیابانی ۔ بے وقوف آدمی ۔ بزدل و ذلیل ایک کیڑا جو ہر وقت ادھر ادھر ناچتا ہی رہتا ہے ۔
قُطْرَة ۔ تھوڑا سا بیکار ۔
قَطْرَمِيز ۔ مرتبان (د)
(جَعْد) قَطَط ۔ بہت زیادہ گھونگریالے بال
قَطَطُ الشَّعْر ۔ گھونگریالے بالوں والا ۔
قَطْع ۔ جدائی ۔ کٹا ہوا (د) کتاب کی تقطیع ۔ سائز (ف) کاٹنا ۔ جدا کرنا ۔ ظاہر کرنا راستہ روک دینا ۔ نماز توڑ دینا (عن) حق نہ دینا ۔
قَطْع ۔ قُطُوع ۔ (ف) نہر وغیرہ عبور کر لینا ۔ کوڑے لگانا ۔ بحث میں غالب آنا ۔ احسان

کر کے زبان بند کر دینا۔

قطع۔ قطیعۃ۔ (ف) رشتہ داری توڑ دینا۔ رسی سے گلا گھونٹ دینا۔ پھانسی دے لینا۔ آدھا حوض بھر کے چھوڑ دینا کسی وجہ سے قافلہ سے رہ جانا (مجہولاً آخری معنی میں)

قطع۔ قطعۃ۔ قطع۔ مص ہاتھ کٹ جانا۔

قطع ۔ درخت کا کٹا ہوا ٹکڑا۔ تیر کا ایک قسم کا چوڑا اور چھوٹا پھل ج:۔ اقطع۔ اقطاع قطاع

قطع ۔ رات کا ایک حصہ۔

قطع دمہ۔ چارہ کی خشک شدگی۔

قطع رشتہ داروں کو ستانے والا۔

قطعاء۔ ہاتھ کٹی ہوئی عورت۔

قطعۃ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ ج:۔ قطع

قطعۃ ۔ کٹنے کے بعد باقی ہاتھ ج:۔ قطع ٹکڑا سفید گیہوں اور اس کی بھوسی۔ ج:۔ قطع کاٹنے کی جگہ مص کنویں کا خشک ہو جانا۔

قطعۃ ۔ کاٹنے کی جگہ۔

قطف خراش ج:۔ قطوف مص (ض) انگور وغیرہ کے خوشے توڑنا۔

قطف انگور کا خوشہ ج:۔ قطوف۔

قطف ۔ اثر۔ نشان۔

قطل ۔ (ض، ن) کاٹنا۔ گردن پر مارنا۔

قطم۔ خواہش رکھنے والا۔

قطم ۔ (ض) دانت سے کاٹنا۔ دانتوں سے پکڑنا اور چکھنا۔

قطم ۔ خواہش (س)، نر اونٹ کا مادہ کی خواہش کرنا۔

قطمیر۔ قطماس۔ کھجور کی گٹھلی کا شگاف کھجور کی گٹھلی کا چھلکا۔ کھجور کی پشت پر ذرا سی مدور گہرائی۔ جہاں سے وہ پھوٹتی ہے۔

قطن ۔ روئی۔

قطن ۔ (ن) کسی جگہ رہ پڑنا اور اس جگہ کو وطن بنا لینا۔ خدمت کرنا۔

قطنۃ ۔ روئی کا پھاہا۔

قطنۃ۔ قطنۃ۔ جو چیز بہت والی ہو۔

قطنیۃ۔ گیہوں جو انگور اور کھجور کے علاوہ ہر غلہ اور گھاس۔

قطو۔ (ن) سست رفتار ہونا خوشی میں قدم پاس پاس رکھ کر چلنا۔

قطوان ۔ جو قدم چھوٹے چھوٹے رکھ کر چلے۔

قطوب۔ ترش رو اور چیں بر جبیں۔ شیر۔

قطوس۔ ابر جو ٹپا ٹپ برسے چلا جائے۔

قطوس ۔ (ت) دوڑ کر جانا۔ سختی کے ساتھ پچھاڑ دینا۔ ٹیک دینا۔ کپڑا سینا۔ اونٹ پر روغن قطران ملنا۔ پتلی چیز کا بہنا۔

قطوع۔ قطاع۔ (ف) کنویں کا پانی ختم ہو جانا پرندوں کا سرد مقام سے گرم مقام میں منتقل ہونا یا اس کے برعکس۔

قطوع ۔ اونٹنی جس کا دودھ جلد سوکھ جائے۔

قطوف۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر آہستہ آہستہ چلنے والا چوپایہ۔

قطون ۔ (ن) کہیں مقیم ہو جانا اور رہ پڑنا خدمت کرنا۔

قطیع ۔ بکریوں وغیرہ کا ریوڑ ج:۔ اقطاع کوڑا تازیانہ ج:۔ قطعاء شاخ جس کا

تیر نبے ج:۔ قُطْعَان و اَقْطِعَة
قَطِيْعُ الْقِيَام ۔ جو ضعف یا موٹاپے کے سبب اُٹھ نہ سکے ۔
(اِمْرَأَةٌ) قَطِيْعُ الْكَلَام ۔ کم سخن عورت
قُطَيْعَاء ۔ ایک قسم کا کھجور ۔ آپس کا تفرقہ ۔
قَطِيْعَة ۔ جدائی تفرقہ ۔ جائداد ۔ جاگیر ج: قَطَائِع
قَطِيْفَة ۔ روئیں دار کپڑا ج:۔ قَطَائِف ۔ قُطُف ۔
قَطِيْل ۔ کٹا ہوا (کھجور کا درخت)
قَطِيْلَة ۔ کمبل وغیرہ کا ٹکڑا جو بدن سکھانے کے کام آئے ۔ تولیہ ۔
قَطِيْن ۔ (واحد و جمع) خدمت گار ۔ لونڈیاں ۔ نوکر چاکر ۔ گھر والے ج:۔ قُطُن ۔
قَطِيْنَة ۔ گھر والے ۔

ق ۔ ع

قَعَاد ۔ ایک مرض جس سے آدمی یا جانور اُٹھ نہیں سکتا ۔
قَعَادَة ۔ پلنگ (د)
قَعَارَة ۔ بہت گہرا ہو جانا ۔
قُعَاص ۔ بکریوں کی ایک مہلک بیماری ۔
(مَاء) قُعَاع ۔ بہت گاڑھا پانی ۔
قُعَات ۔ تیر رو (سیل) جو ہر چیز کو بہا لے جائے ۔
قَعْب ۔ گہرا اور بڑا پیالہ ۔ ج:۔ اَقْعُب ۔ قِعَاب
قَعْبَة بات کی گہرائی اور اس کی تہ ۔
قَعْبَة ۔ عورتوں کا خوشبو وغیرہ رکھنے کا ڈبہ ستو رکھنے کا ایک ڈھکن والا برتن ۔
قُعْبَة ۔ پہاڑ کی کھوہ اور اس کا شگاف ۔
قِعْدَة ۔ (مذکر و مؤنث واحد و جمع) آخری اولاد ایک قسم کی نشست ۔ ایک آدمی کے بیٹھنے کی جگہ ۔
قُعْدَة ۔ اونٹ جو چرواہے کے کام میں ہو ۔ گدھا ج:۔ قُعْدَات زین ۔ پالان ۔
قُعَدَة ۔ بہت بیٹھنے والا ۔ نکھٹو ۔
قَعَدَة ۔ ہودہ ۔ عورتوں کی ایک مخصوص سواری فرش ۔
قَعْدَة ۔ ایک بار بیٹھنا
قُعْدُد ۔ ذلیل و حقیر اور گمنام
قُعْدِيّ ۔ قُعْدِيَّة ۔ بہت بیٹھنے والا ۔ عہدی نکما ۔
قَعْر ۔ گہرائی تل ج:۔ قُعُور بڑا پیالہ ۔ گڑھا ہموار زمین میں شہر ۔ (ف) کنوئیں کی تھاہ میں پہنچ جاتا ۔ کنوئیں کو بہت گہرا کرنا ۔ پی کر برتن خالی کر دینا ۔ کھجور کا درخت جڑ سے اُکھاڑ دینا ۔ کسی کو پچھاڑ دینا ۔
قَعْر ۔ عقل و دانش ۔
قَعْرَان ۔ گہرا برتن ۔ برتن جس کے پیندے میں تھوڑی سی چیز باقی ہو ۔
قُعَرَة ۔ جو چیز برتن کے تلے میں رہ گئی ہو ۔
قَعِرَة ۔ برتن جس کے تلے میں صرف اتنی چیز ہو جس سے اس کا تلا چھپا ہوا ہو ۔ وہ عورت جس کی شہوت فرج کی گہرائی میں ہو ۔
قَعْرَى ۔ پیالہ جس میں کوئی چیز اتنی ہو کہ اس کا پیندا مخفی ہو ۔
قَعْز ۔ شربت وغیرہ سے برتن بھرنا سب چڑھا جانا ۔ اور گلاس خالی کر دینا ۔
قَعْس ۔ بدبودار مٹی ۔
قَعَس ۔ (س) سینہ کا باہر نکل آنا ۔ اور پیٹھ اندر گھس جانا ۔
قَعِس ۔ جس کا سینہ باہر کو اور پیٹھ اندر کو ہو گئی ہو ۔

قَعْط ۔ بہت سی بکریاں مص (ف) مقروض پر سخت تقاضا کرنا ۔ ذلیل و خوار ہونا ۔
قَعْف ۔ (ف) کھودنا جڑسے اکھاڑنا ۔
قَعْفَاع ۔ جس کے پاؤں کے جوڑ چلنے میں چٹخیں ۔ چھوارا ۔ جاڑا ۔ ایک کٹھن راستہ چند صحابہؓ کا نام ۔
قُعْقُع ۔ ایک پرندہ جس کی چونچ اور پاؤں لمبے ہوتے ہیں ۔
قَعْقَعَة ۔ ہتھیاروں کی جھنکار چبانے میں کڑم کڑم کی آواز ۔ بادل کی گرج ۔ کڑک مص سیر کرنا چلنا ۔
قَعْم ۔ ناک کا ٹیڑھا پن مص (س) بیمار ہونا
قَعْو ۔ قُعُوّ ۔ (ن) اونٹنی پر سانڈ کا چڑھنا ۔ نر پرندہ کا مادہ پر چڑھنا ۔
قَعُود ۔ اونٹ جسے چرواہا اپنی ضرورت کے لئے مخصوص کرے ج: اَقْعِدَة
قُعُود ۔ بیٹھنے والا ۔ وا: قَاعِد مص (ن) عورت کا جننے اور حیض کے بکھیڑوں سے نجات پا جانا ۔ بیٹھنا ۔ کھڑے بیٹھنا ۔ اٹھنا (لغات اضداد میں سے ہے) عورت کا بغیر نکاح کے رہنا
قَعُور ۔ بہت گہرا ۔
قَعُور ۔ بہت گہرا کنواں ۔
قَعْوَس ۔ سن رسیدہ بڈھا ۔
قَعِيث ہر تھوڑی نرم اور آسان چیز ۔ بہت بارش بہت داد و دہش ۔
قَعِيد ۔ ہمنشیں ۔ باپ ۔ چیونٹی جس کے پر سیدھے نہ ہوئے ہوں ۔
قَعِيدَةُ الرَّجُل ۔ مرد کی بیوی ج: قَعِيدَات

قَعِير ۔ بہت گہرا ۔
قَعِيل ۔ نر خرگوش ۔

ق ۔ ف

قَفّ ۔ خشک سبزی (ن) سوکھ کر سکڑ جانا ۔
قُفّ ۔ ٹھنگنا اونچی اور ابھری ہوئی زمین کسی چیز کی پشت ۔ ہر قسم کے لوگوں کا ملا جلا مجمع ۔ اوباش اور غنڈے لوگ ۔ کالی گھٹا ۔ پہاڑ کے مشابہ ۔ پہاڑی زمین ۔ ج: قِفَاف ۔ اَقْفَاف
قَفَا ۔ سر کا پچھلا حصہ ۔ گدی ج: اَقْفِيَة اَقْفَاء ۔ کسی چیز کا طول ۔
قَفَاء ۔ (ف) بارش ہونے سے گھاس کا خراب ہوجانا اور خاک آلود ہوجانا کہ جانور اس کو نہ چریں ۔
قِفَاح ۔ سر پر یا کسی کھوکھلی چیز پر مارنا
(سَوِيق) قِفَار ۔ جو ستو گھولے نہ گئے ہوں (خُبْز) قَفَار روکھی روٹی ۔
قُفَّاز دستانہ ۔ ایک قسم کا عورتوں کا زیور ہاتھوں اور پیروں کا ج: قَفَافِيز ۔
قَفَّال ۔ تالے بنانے والا ۔ ایک عالم کا نام
قَفَّان ۔ وقت ہر کام کا اختتام ۔ ہر چیز کا مجموعہ امانت دار ۔ ایک قسم کی ترازو ۔
قُفَّة ۔ ایک برتن جو کدو کے خول یا برگ خرما سے بنتا ہے ۔ چوہا ۔ ابھری ہوئی زمین ٹھنگنا آدمی ۔ خشک بوسیدہ درخت ۔ بخار کی کپکپی ۔ خرگوش ۔
قَفْد ۔ (ن) کسی کی گردن پر دھول رسید کرنا کام کرنا (س) موٹے موٹے ہاتھ پاؤں

اور چھوٹی چھوٹی انگلیاں ہونا بغیر شملہ چھوڑے پگڑی باندھنا۔

قَفْدَانَة ۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا چمڑہ کا تھیلہ۔

قَفْر ۔ چٹیل میدان ۔ ج ۔ قِفَار ۔ قُفُوْر روکھی روٹی (ن) کسی کے پیچھے چلنا ۔ مال کم کرنا روکھی روٹی ہونا۔

قَفْرُ الْيَهُوْد ۔ ترہ تیزک۔

قَفِز ۔ کم بالوں والا ۔ بیابانی بھیڑیا۔

قَفْز ۔ قَفَزَان ۔ قُفُوْز ۔ (ض) کودنا ۔ مرجانا

قَفَزَى ۔ اچھل کود ۔ کود پھاند۔

قَفَس ۔ (س) ناک کی نوک کا بڑا اور موٹا ہونا

قَفْس ۔ قُفُوْس ۔ (ض) مرجانا ۔ پکڑ کر غصہ سے گھسیٹنا ۔ بال پکڑ کر گھسیٹنا۔

قَفْسَاء ۔ پیٹ ۔ کمینی عورت۔

قَفْش ۔ کفش کا معرب جوتی مص (ن) بہت سختی سے کھانا ۔ بہت جماع کرنا ۔ تلوار وغیرہ سے مارنا ۔ خوشی منانی۔

قَفَش ۔ ڈاکو ۔ خوفناک چور۔

قَفْشَلِيل ۔ (کفچہ گیر کا معرب) کفگیر۔

قَفَص ۔ پنجرہ ۔ ٹوکری کے مشابہ ایک ظرف ۔ چستی خوشی مص (س) سردی کی وجہ سے جھریاں پڑجانا اور اکڑجانا۔

قَفِص ۔ سمٹا ہوا اور سکڑا ہوا گھوڑا جو چلنا نہ چاہے

قَفْص ۔ (ض) ہرن کی ٹانگوں کو اکٹھا کرکے باندھ دینا ۔ اکٹھا کرنا ۔ [illegible] ندہ کو پنجرہ میں بند کرنا تکلیف دینا ۔ [illegible] ھنا اونچا ہونا۔

قَفْط ۔ (ض) جفتی کرنا ۔ جماع کرنا۔

قَفْع ۔ لکڑی کی ایک بڑی ڈھال کہ جنگ کے وقت اس کی آڑ میں ہو کر قلعہ پر چڑھائی

کرتے ہیں ۔ مص (س) ہاتھ پاؤں کے اعصاب کا کھنچ جانا ۔ تشنج ہونا۔

قَفْعَة ۔ ٹوکری کی طرح کا ایک ظرف ۔ تیل نکالنے کا کولھو ج ۔ قِفَاع

قَفْقَاز ۔ کوہ قاف ۔ کاکیشا۔

قَفْقَفَة ۔ جاڑے کے سبب کانپنا۔

قُفْل ۔ تالا ۔ ج ۔ قُفُوْل ۔ اَقْفَال

قَفْل ۔ سوکھا ہوا درخت۔

قَفْلَة ۔ گردن کا پچھا ۔ خشک درخت ۔ کسی چیز کا ایک بار بخشنا۔

قُفْلَة ۔ جو شخص ایسا ہو کہ جو بات سن لے اسے یاد رہے۔

قَفْن ۔ (ن) بکری وغیرہ کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا ۔ لڑنا۔

قَفْو ۔ قُفُوّ ۔ (ن) پیروی کرنا ۔ پیچھے جانا ۔ پیچھے چلنا ۔ کسی برے فعل میں کسی کو مبتلا کردینا گدی پر مارنا ۔ زنا کی تہمت لگانا ۔ فحش گالی دینا۔

قِفْوَة ۔ گناہ ۔ بدی ۔ بدکاری ۔ تہمت ۔ الزام افترا ۔ گالی۔

قُفُوْف ۔ (ض) خشک ہونا ۔ سوکھ جانا۔

قُفُوْل ۔ سفر سے لوٹ آنا ۔ چیز کا اندازہ کرنا کہ کتنی ہے ۔ گرانی کے وقت فروخت کے لئے گیہوں جمع کرکے رکھ چھوڑنا (ن ۔ س) درخت کا سوکھ جانا۔

قُفُوْن ۔ (ض) مرجانا۔

قَفْي ۔ کسی کی گردن کے پیچھے مارنا ۔ بکری کو گدی کی طرف سے ذبح کرنا ۔ ذبح کرنا۔

قَفِيَّة ۔ قَفَادَة ۔ جس چیز سے مہمان کی خاطر مدارات

کریں - نائب - فضیلت - گدی کی طرف
سے ذبح کی ہوئی بکری -
قَفِیْز - ایک پیمانہ ہے پندرہ من انگریزی کے برابر
ایک سو چالیس گز زمین ج:- اَقْفِزَة
قُفْزَان -
قَفِیْف - سوکھی ہوئی گھاس وغیرہ -
قَفِیْل - سوکھا ہوا درخت - کوڑا - پہاڑ کا تنگ
راستہ جس میں دوڑ نہ سکیں -

ق - ل

قَل - نیچی دیوار -
قُل - کمی - کسی چیز میں سے بہت تھوڑا سا -
غیر معروف اور بے کس کس مپرس آدمی -
کہ کوئی اس کو جانے نہ اس کے ماں باپ کو
قِلاً - قَلاءً (ض س) کسی سے دشمنی رکھنا اور
نفرت کرکے اسے چھوڑ دینا -
قَلاَّء - قلیہ پکانے والا - قلیہ پکانے والے کی
کڑھائی یا دیگچی -
قَلاَّءَة - کڑھائی اور تیلی بنانے کی جگہ -
قُلاَب - دل کی بیماری
قِلاَدَة - گردن کا زیور - گلوبند - کتے وغیرہ کا پٹا
تلوار وغیرہ کا پرتلا - ج:- قَلاَئِد
قَلاَّس - ٹوپیاں بنانے والا - دریا جس میں پانی
کثرت سے ہو - اور روانی کی شدت سے
جھاگ اٹھیں -
قَلاَش بونا - ٹھگنا - پستہ قد -
قَلاَّص بلندی پر چڑھنے والا -
قُلاَع - منہ کی ایک بیماری - یعنی منہ آنا - مٹی
کی پپڑی -

قَلاَّع - چغل خور - جھوٹا - کفن چور - سپاہی -
قِلاَعَة - کشتی کا بادبان -
قُلاَعَة - زمین سے اکھڑا ہوا پتھر جو پھینک کر
مارنے کے لائق
قَلاَل - قُلاَل - تھوڑا -
قُلاَل - جو لکڑی انگور کی ٹٹی کے لئے استادہ کی جائے
قُلاَمَة - قلم اور ناخن وغیرہ کا تراشہ
قَلاَئِدُ الشِّعْر - جو اشعار اپنی عمدگی کی وجہ سے
زمانہ کی دستبرد سے محفوظ رہیں -
قَلاَّیَة - خانقاہ عیسائیوں کی ج:- قَلاَلِی (د)
قَلْب - دل - عقل - سمجھ بوجھ - ہر خالص چیز - لشکر
وسط - وہ آدمی جس کا نسب خالص ہو
ج:- قُلُوْب مصدر (ض) کسی کے دل
پر مارنا - الٹ دینا - پلٹ دینا پھیر
دینا - قتل کرا دینا -
قَلَب - (س) ہونٹ کا الٹ جانا -
قُلْب - عورتوں کے ہاتھ کا کنگن ج:- اَقْلاَب
قُلُوْب - قِلَبَة -
قُلَّب - معاملات کے لوٹ پوٹ کرنے میں بڑا ماہر
وچالاک -
قَلْبَةُ الثَّوْب - کپڑے کی تہ (د)
قَلْبَة - بیماری -
قَلَت - ہلاکت مص (س) ہلاک ہونا -
قُلَّة - پہاڑ کی چوٹی - آدمی کے سر کی کھوپڑی
ہر چیز کا بلند ترین حصہ - مٹکا ج:-
قُلَل - قِلاَل -
قَلَّة - بیماری سے مفلسی سے رہائی پانا -
قِلَّة - کمی - کپکپی - لرزہ مص کم ہونا - کسی
چیز کو اونچا اٹھانا -

قَلْد ۔ (ض) پانی وغیرہ کسی ظرف میں جمع کرنا۔ کسی چیز کو دوسری چیز پر لپیٹنا ۔رسی بٹنا ہر روز بخار آنا ۔کھیت کو پانی دینا۔

قُلْزُم ۔ مصر اور حجاز کے درمیان ایک شہر ہے۔ بحر قلزم اس کی طرف اس لئے منسوب ہے کہ یہ دریا اس شہر کے کنارے شمال کی جانب ہے۔

قَلْز ۔ (ن ۔ض) مارنا ۔تیر پھینکنا ۔خوشی منانا۔ چھلانگ مارنا ۔لنگڑانا ۔چھڑی سے زمین کریدنا۔

قَلْس ۔ بادبانی جہاز کا موٹا رسہ ۔معدہ سے اوچھل کر جو چیز منہ میں پہلی بار آئے مص (ض) راگ کے ساتھ ناچنا ۔متلی ہونا۔

قَلْسَاة ۔ ٹوپی اُڑھانا۔

قَلْشِيْن ۔ پنڈلیوں پر لپیٹنے کی پٹی (د)

قَلْطَبَان ۔ بے غیرت مرد جو بیوی سے بدکاری کرائے اور اُس کی کمائی کھائے۔

قَلَطِيّ ۔ بہت چھوٹی بلی ۔یا کتا یا آدمی ۔ پلید و سرکش آدمی۔

قَلْع چرواہے کا توشہ دان ج:۔ قُلُوع ۔ اَقْلُع ۔قِلَاع ۔معمار کی بسولی ۔بخار کے اُتر جانے کا دن مص (ف) کسی چیز کو جڑ سے اُکھاڑ ڈالنا ۔کسی کو اس کے عہدہ سے معزول کر دینا ۔معزول ہو جانا (مجہولاً)

قِلْع جو زین پر جم کر نہ بیٹھ سکے ۔کند ذہن جو بات نہ سمجھے ۔جہاز کا بادبان ج:۔ قُلَاع

قُلْع جو چلنے میں قدم قوت سے رکھے گویا بلندی سے اُتر رہا ہے۔

قَلَع ۔ بخار کے اُترنے کا وقت۔

قَلَم ۔ خامہ ۔کلک ۔قلم (د) رسم الخط ۔محکمہ ج:۔ اَقْلَام۔

قَلَمُ الرَّدَّاز ۔ سلیٹ کی پنسل (د)

قَلَمُ الحَجَر ۔ سلیٹ کی پنسل (د)

قَلَمُ الرَّصَاص ۔ پنسل (د)

قَلِيْل ۔ تھوڑا ج:۔ اَقِلَّاء ۔قُلُل

قَلِيْلَة ۔ تھوڑی ج:۔ قَلَائِل۔

قَمَّاش ۔ بزاز (د)

قُمَاش ۔ ترکی کپڑا (د)

قُمْبَاز ۔ گون ۔بڑا جبہ ۔(د)

قُمْبُلَة ۔ بم ۔گولہ (د)

قَمَر ۔ چاند ۔ج:۔ اَقْمَار۔

قَمَرَة ۔ کیبن ۔جہاز کا کمرہ (د)

قَمْطَرِير ۔ بہت سخت ۔بہت کڑا۔

قِمَع قیف یعنی وہ آلہ جسے بوتل وغیرہ کے منہ پر رکھ کر رقیق چیز بھرتے ہیں ج:۔ اَقْمَاع۔

قَمَع ۔ پلکوں کی جڑوں میں ایک قسم کا ورم اور زخم ۔آنسو بہتے بہتے بینائی کی کمی مص (س) (دوا کا) سفوف بنانا (آنکھ میں) تنکا وغیرہ پڑ جانا۔

(ظ ۔ف) قَمِع ۔ وہ آنکھ جس میں پھنسیاں پیدا ہو گئی ہوں

قَمَعَة ۔ اونٹ کے کوہان کا سرا۔

قَمْقَام ۔ سردار ۔امر عظیم ۔دریا ۔کثیر تعداد ۔چھوٹی چیچڑی ۔ایک قسم کی جوں و:۔ قَمْقَامَة۔

قُمْقُم ۔ گھڑا ج:۔ قَمَاقِم۔

قُمْقُمَة - ایک قسم کا برتن۔
قَمْل - جوں - و: قَمْلَة
قُمَّل - چیچڑی - چیونٹی بے پر کی ٹڈی - وا: قُمَّلَة
قَمِل (س) سر کا جوؤں سے بھر جانا - قوم کا بہت ہو جانا - لاغری کے بعد موٹا ہو جانا - پیٹ بڑھ جانا۔
قَمْلَة - قُمَّلَة - بہت چھوٹے قد کی عورت - بونی
قَمَلِی - بونا - بہت ٹھنگنا - ذلیل و حقیر جنگل کا آدمی جو شہر میں رہنے لگے۔
قَمَن - لائق - سزاوار - مستحق (اس کا تثنیہ و جمع اور مؤنث نہیں ہوتا)۔
قَمِنَة - بدبو۔
قُمُوء - قُمُوءَة - قَمَاء - قَمَاءَة (ف ك) چوپایہ کا فربہ ہونا۔
قَمُوس - وہ کنواں جس میں پانی خوب ہو کر ڈول ڈوب جائے۔
قَمُوص - سواری کا جانور جو سوار کو جنبش دے اور ہلاتا ہوا لے چلے - شیر - جو شخص ایک جگہ قرار نہ پکڑے - خیبر کی ایک پہاڑی
قَمَه - بھوک کی کمی - کھانے کی رغبت نہ ہونا۔
قَمِيّ - ذلیل و خوار - ج: قِمَاء - قُمَاء
قَمِيحَة - جوارش - ستو وغیرہ - ج: قَمَائِح
قَمِير - کنواری - دو شیرہ جواری ج: اَقْمَار
قَمِيس - دریا - ج: قَمَامِيس۔
قَمِيص - کرتا - وہ جھلی جس میں بچہ رحم کے اندر رہتا ہے - دل کا غلاف ج: قُمْصَان اَقْمِصَة - قُمُص۔
قَمِيم - خشک ساگ۔

ق - ن

کَوْکَب ۔ بڑا ستارہ۔ آنکھ کے اندر کا سفید داغ۔ قوم کا سردار۔ تلوار۔ قیدخانہ۔ برگ گھاس پر پڑی ہوئی شبنم دہے کی چمک لمبی گھاس۔ ج: کَوَاکِب

کَوْکَبَۃ ۔ بڑا ستارہ آدمیوں کا گروہ۔ زہرہ۔

کَوْم ۔ (ن) صحبت کرنا۔ جفتی کرنا۔

کَوِم ۔ (س) (اونٹنی کا) بڑے کوہان والا ہونا

کُوْم ۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج: اَکْوَام ٹیلے کی طرح بلند مقام۔ ج: کِیْمَان

کُوْمَاء ۔ بڑے کوہان کی اونٹنی۔ مذ: اَکْوَم ج: کُوْم

کَوْن ۔ نئی پیدا ہوئی چیز۔ وجود ہستی۔ دنیا۔ حرکت و سکون ج: اَکْوَان مص (ن) ہونا۔ (علی) کسی چیز کا ضامن ہونا۔ کاتنا۔

ک ۔ ہ

کَہَاۃ ۔ بڑے ڈیل ڈول کی اونٹنی۔

کَہَام ۔ کند (تلوار) آہستہ چلنے والا (گھوڑا) (زبان) جو جلدی گفتگو نہ کرسکتی ہو۔ بڈھا آدمی۔

کَہَانَۃ ۔ (ن۔ ض۔ ف۔ ک) پیش گوئی کرنا۔ کشف الہام و وحی کے علاوہ کسی اور طریقہ پر فال نکالنا۔

کَھبَۃ ۔ سُرخ سیاہی مائل رنگ

کَھدَ ۔ کَھدَان ۔ (ف) گدھے کا دوڑنا ۔ دوڑانا تھک جانا ۔ جھگڑے کا قصد کرنا ۔

کَھر ۔ (ف) ہنسنا ۔ غالب ہونا ۔ چیخ مارنا ۔ دن چڑھنا ۔ دھوپ کا سخت ہونا ۔ آپس میں ایک دوسرے کا داماد اور خسر ہونا ۔

کَھرُبَائِیَۃ ۔ قوت برقی ۔ الکٹرا سیسٹی (د)

کَھرَمَان ۔ کہربا (د)

کَھف ۔ پہاڑ کی کھوہ ۔ غار ۔ ج : کُھُوف

کَھکَم ۔ بینگن ۔ بڈھا ۔ ڈرپوک آدمی ۔ ج : کَھَاکِم

کَھل ۔ ادھیڑ عمر کا آدمی ۔ درمیانی عمر کا جس کی تیس چونتیس برس سے زیادہ عمر ہو ۔ ج : کُھُول ۔ کِہَال ۔ کَھلَان ۔

کَھم ۔ (ف) کسی شخص کو ایک کام سے باز رکھنا بزدل بنادینا ۔

کَھوَل ۔ مکڑی ۔

ک ۔ ی

کَیَّ ۔ (ض) لوہے وغیرہ سے داغ لگانا (بالعین) کسی کی طرف تیز نگاہوں سے دیکھنا ۔ بچھو وغیرہ کا کاٹ لینا ۔

کَیْ ۔ تاکہ (حرف تعلیل) کس طرح (کیف کا مخفف)

کَیَا ۔ (ض ۔ ن) گھوڑے کا دُم اٹھا کر دوڑنا

کِیَاسَۃ ۔ (ض) عقلمند ہونا ۔ ہوشیار ہونا ۔

کِیَان ۔ (ن) (علی) ضامن ہونا ۔

کَیِّت ۔ عقل مند ۔ ہوشیار ۔ ج : اَکیَات ۔

کَیتَ وَ کَیتَ ۔ کَیتِ وَکَیتِ ۔ ایسا اور ایسا ۔

کَیتُولِک ۔ کیتھولک ۔ ایک عیسائی فرقہ ۔

کَیْد ۔ حیلہ ۔ مکر ۔ جنگ ج : کِیَاد ۔ مص (ض) مکر کرنا ۔ مکر سکھلانا ۔ چقماق سے آگ نکالنا قے کرنا ۔ عورت کا حیض لے آنا ۔ قصد کرنا ۔ کام کا قریب ہونا ۔ سختی کرنا ۔ (بالنفس) لڑنا ۔ جان دے دینا ۔

کَیِّس ۔ عقل مند ۔ ہوشیار ۔ ج : کَیِّسُون ۔ اَکیَاس م : کَیِّسَۃ ج : کَیَّاس ۔

کَیس ۔ عقل ۔ بہادری ۔ ہوشیاری مص (ض) عقل مند ہونا ۔ جماع کرنا ۔

کِیس ۔ سونے چاندی کی تھیلی ۔ ج : اَکیَاس کِیَسَۃ ۔

کَیسُوم ۔ خشک چارہ ۔ تر و تازہ ۔ باغ ۔ ج : اَکَاسِیم

کَیص ۔ کُیُوص ۔ کَیَصَان (ض) بزدل اور سست ہونا ۔ اکیلے کھانا (من الطعام) بہت کھانا

کَیف ۔ کس طرح ۔ کیسا (حالت دریافت کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے) کبھی شرط وجزا کے لئے آتا ہے اور اس صورت میں یہ دو فعلوں پر داخل ہوتا ہے جو لفظ اور معنی کے اعتبار سے یکساں ہوتے ہیں کیف تَصنَعُ اَصنَعُ جس طرح تو کرے گا میں بھی کروں گا مص (ض) کاٹنا ۔ قطع کرنا ۔

کَیل ۔ پیمانہ ۔ چقماق کی چنگاری ج : اَکیَال مص (ض) اناج وغیرہ کو ناپنا (چقماق کا) آگ نہ دینا ۔ کسی چیز کے ساتھ کسی چیز کا اندازہ کرنا ۔

کَیلَجَۃ ۔ غلہ ۔ آٹے وغیرہ کا پیمانہ ۔ ج : کَیَالِج ۔

کِیلُومِتر ۔ کیلو میٹر (مساوی ۱۰۸۳ گز)

کَیَن ۔ عورت کی شرم گاہ کے اندر گوشت کا ٹکڑا مص (ض) عاجزی کرنا ۔

كِيْتَة - ذلت کی سختی - بدحالی -
كِيْمِيَا - تانبے وغیرہ سے سونا بنانے کی اکسیر فن کیمسٹری جس میں تحلیل وترکیب اجزا اجسم سے بحث کی جاتی ہے -
كَيْنُوْنَة - (ن) وجود میں آنا - ہونا -
كَيِّسٌ - وہ آدمی جس کا مکر لوگوں کو معلوم ہوگیا ہو اور لوگ اس کے دھوکے میں نہ آئیں -
كَيُّوْل - بزدل - جنگ میں پچھلی قطار - بلند زمین ہر بدتر چیز -

ل - ۳

لَا - نہ - نہیں (حرف نفی ہے)
لَاْيِث - دیر کرنے والا - ٹھہرنے والا -
لَابِنَة - پستان (چھاتی) ج: لَوَابِن
لَات - ایک بت کا نام جو بنی ثقیف کا معبود تھا
لَابِث - چمٹنے والا - اپنی جگہ قائم رہنے والا -
لَاحُوْس - نامبارک - منحوس آدمی -
لَادِم - کپڑے کا پیوند لگانے والا طمانچہ مارنے والا - ج: لَدَّام -
لَازِب - لازم - چپکنے والا -
لَازُوْق - لَزُوْق - ایک مرہم ہے جو زخم کے اچھا ہونے تک زخم پر چپکا رہتا ہے -
لَاسِلْكِي - وائرلیس - بے تار برقی (د)
لَاصِف - سرمہ کا پتھر -
لَاْغِط - (ت) ایک کام کا حکم کرنا اور اس میں اصرار کرنا - توجہ کرنا - جاتے ہوئے آدمی کو تاحد نظر دیکھتے رہنا -
لَاع - بے صبر آدمی - بیمار محبت - مریض عشق - ج: اَلْوَاع -

لَاعِب - کھیلنے والا - بے سود کام کرنے والا -
لَاعَة - عشق باز عورت - وہ عورت جو آدمی کو اپنے اوپر قابو نہ پانے دے - چالاک اور ہوشیار عورت -
لَاعِج - جلانے والا - تکلیف دینے والا -
لَاعِن - لعنت کرنے والا -
(كَلِمَة) لَاغِيَة - لغو اور بے فائدہ بات - بیہودہ بات
لَاقِح - لڑائی - حمل والی اونٹنی - ج: لَوَاقِح
لَاقِس - لوگوں کے عیب نکالنے والا - بہرا -
لَاقِط - رفو کرنے والا - آزاد کیا ہوا غلام - چننے والا
لٰكِن - لیکن - مگر - نون کی تشدید کے ساتھ حرف استدراک ہے - اور سکون کے ساتھ حرف عطف
لَاقِي - ملنے والا - ملاقات کرنے والا
لَاكِي - آدمیوں کا عیب ڈھونڈھنے والا - ج: لُكَاة -
لَألَأَة - روشن ہونا - جفتی کا خواہش مند ہونا - [بالعین] تیز نظر سے دیکھنا -
لَأْمَة - زرہ ج: لَأْمٌ لُؤَم
لَامَّة - برائی - فساد [عَيْنٌ لَامَّة] نظر بد -
لَامِح - چمکنے والا -
لَامَرْكَزِيَّة - فیڈریشن (د)
لَامِعَة - بچے کے سر کا تالو چمکنے والی ج: لَوَامِع
لَامِق - آنکھ ملنے والا - ج: لُمُق -
لَأْوَاء - سختی -
لَاوَنْدَر - لونڈر (د)
لَائِح - سختی - مصیبت مص (ت) ٹھہر جانا رکنا
لَأْي - ڈھال جنگلی بیل یا گائیں - ج: اَلْآء -
لَاهِيَة - سانپ -

لَاهِيَة ۔ غافل کھیلنے والی
لَائِب ۔ پیاسا ج : ۔ لُئُب ۔ لَوَائِب ۔
لَائِحَة ۔ پروگرام ۔ اسکیم ۔ فہرست (د)
لَائِم ۔ ملامت کرنے والا ج : ۔ لُوَّام ۔ لُوَّم
لُيَّمٌ ۔
لَائِمَة ۔ ملامت ۔ ملامت کرنے والی ج : ۔ لَوَائِم

ل ۔ ب

لَبّ ۔ ایک جگہ رہنے والا ۔ کسی کام کو لازم پکڑنے والا مص (ن) سامنے آنا ۔ سینہ پر مارنا ۔
چوپایہ پر پالان باندھنا (ب) قیام کرنا ۔
لُبّ ۔ زہر ۔ عقل ۔ چربی ۔ ہر خالص چیز ۔ مینگ ج : ۔ اَلْبَاب ۔ اَلُبّ ۔ اَلْبُب ۔
بادام ۔ اخروٹ وغیرہ کی مینگ ۔ ج : ۔ لُبُوب ۔
لِبَأ ۔ نئے جننے والے جانور کا پہلا دودھ ۔
لُبَاب ۔ ہر خالص چیز ۔ کسی چیز کا خلاصہ ۔
لُبَابَة ۔ شیرنی ۔ ج : ۔ لَبَوَات ۔ لَبَاة
لَبَّاد ۔ نمدہ بنانے والا ۔
لَبَّادَہ ۔ ٹاٹ کی برساتی
لِبَاس ۔ پہننے کا کپڑا ۔ پوشاک ۔ لِبَاسُ الرَّجُل مرد کی بیوی ۔ لِبَاسُ الْمَرْءَۃ عورت کا شوہر لِبَاسُ التَّقْوٰی شرم و حیا ۔
ایمان ۔
لَبَّاس ۔ دھوکہ دینے والا ۔ مکر و حیلہ کو اچھی طرح چھپانے والا ۔ بہت پہننے والا ۔
لَبَان ۔ سینہ یا سینے کا درمیانی حصہ ۔
لِبَان ۔ دودھ دینا ۔

لُبَان ۔ ایک قسم کا گوند ۔ صنوبر ۔
لَبَّة ۔ سینہ کا وہ حصہ جہاں ہار پہنا جائے
پاک دامن عورت ۔ شوہر کو دوست رکھنے والی (د) نکلیس ۔
لَبُث ۔ لَبَاث ۔ لَبَاثَة ۔ (س) دیر کرنا
لَبَج ۔ (ف) گالیاں دینا ۔ دھوکہ دینا ۔ مارنا قتل کرنا ۔
لِبْد ۔ نمدہ (ٹاٹ) زین کا فوی گیر ج : ۔
اَلْبَاد ۔ لُبُود ۔
لُبَد ۔ گھر میں پڑا رہنے والا ۔ نکھٹو ۔
(مال) لُبَد ۔ بہت سامال ۔
(مال) لُبَّد ۔ بہت سامال
لِبْدَة ۔ نمدہ کی ٹوپی (د)
لَبْز ۔ (ض) خوب کھانا ۔ نگل جانا ۔ اونٹ کا لات مارنا ۔ برا لقب دینا ۔
لَبْز ۔ (ض) زخم پر لیپ کرنا ۔
لَبْس ۔ (ض) کسی کو شبہ میں ڈال دینا ملمع کرنا حقیقت کو چھپانا ۔
لُبْس ۔ (س) پہننا ۔ ایک زمانہ تک فائدہ حاصل کرنا ۔
لِبْس ۔ جو کچھ پہنا جائے ۔ پوشاک ۔ پردہ ۔
لُبْسَة ۔ شک و شبہ ۔
لَبْط ۔ (ض) (ب) کسی کو زمین پر پٹخنا (مجہولاً) زکام ہونا ۔
لَبْطَة ۔ زکام ۔
لَبِق ۔ ماہر ۔ ہوشیار آدمی ۔ زیادہ بکنے والا ۔ کپڑا جو بدن پر چپٹ جائے ۔
لَبْق ۔ (س ۔ ک) عقلمند ہونا ۔ کپڑے کا جسم پر ٹھیک اور درست آنا ۔ اس طرح کہ

جسم سے چپک جائے۔
لَبَكَ ۔ (ن) گڈمڈ کرنا۔ ملانا ستوؤں کو شہد وغیرہ میں ملانا (س) مِل جاتا۔ گڈمڈ ہونا۔
لَبِيكَة ۔ ثرید کا ٹکڑا (ثرید ایک قسم کا کھانا ہے جو چھوارے گھی اور پنیر وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔
لَبَن ۔ دودھ ج : اَلْبَان مص (س) تکیہ لگانے کے سبب گردن کا درد کرنا۔ بکری وغیرہ کا دودھ والا ہونا۔
لَبِن لِبْن ۔ لِبْن ۔ کچی اینٹ وا: لَبِنَة
لَبَن ۔ (ض) سینہ پر لاٹھی مارنا۔ دودھ پلانا (ن) بہت کھانا۔ اینٹ تھاپنا۔
لُبْنَة ۔ بڑا لوالہ۔
لَبِنَة ۔ زیادہ دودھ کی اونٹنی یا گائے کی کلی
لُبْنَى ۔ ایک درخت جس کا دودھ شہد کی طرح ہوتا ہے۔
لَبَنِيَّة ۔ کھیر (د)
لَبُوَة ۔ لَبَاة ۔ لَبُوءَة ۔ شیرنی۔
لَبُود ۔ چیچڑی۔
لُبُود ۔ لَبَد ۔ (ن ۔ س) ایک جگہ کا لازم پکڑنا (ب) چمٹنا۔
لَبُوس ۔ لباس ۔ پوشش ۔ زرہ۔
لَبُون ۔ لَبُونَة ۔ دودھ والی جس کے پستانوں میں دودھ اُتر آیا ہو ۔ ج : لُبْن ۔ لِبَان لَبَائِن ۔
(ابن) لَبُون ۔ اونٹ کا بچہ جو دو سال کا ہو کر تیسرے میں لگے
لَبِيب ۔ عقل مند ۔ احرام باندھنے والا ۔ ایک کام کو برابر کرنے والا ج : اَلِبَّاء ۔
لَبِيد ۔ چارہ کی ٹوکری تھیلی ۔ توبڑہ۔

لَبِيس ۔ گلا ہوا پرانا کپڑا ۔ مثل ۔ مانند۔

ل ۔ ت

لَتّ ۔ (ن) کوٹنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ گھوٹنا ۔ باندھنا ۔ چپکانا چمٹانا ۔ قریب کرنا۔
لَتَب ۔ لُتُوب ۔ (ن) پہننا (ب) مضبوط رہنا (ف) اپنی جگہ چھوڑنا (ق) نیزہ مارنا (علی) گھوڑے پر جھول کسنا۔
لَتَح ۔ (ف) ڈھیلا پھینک کر جسم کو متاثر کر دینا کسی کا سب کچھ چھین لینا۔
لَتِح ۔ (س) بھوکا ہونا۔
لَتَد ۔ (ض) (بالید) مُکا مارنا۔
لَتَز ۔ (ن ۔ ض) سینہ پر لات مارنا گھونسہ مارنا دور کرنا۔
لَتَغ ۔ (ف) منہ سے کاٹ کھانا (بالید) گھونسہ مارنا۔
لَتَم ۔ (ن ۔ ض) ناک کا سوراخ پر مارنا ۔ تیر پھینکنا ۔ مارنا۔
لَتَم ۔ زخم ۔ گھاؤ۔

ل ۔ ث

لَثّ ۔ (ف) برتن وغیرہ میں سے کتے کا پانی پینا
لِثَة ۔ دانتوں کی جڑ مسوڑھا ج : لِثَات لِثًى ۔
لَثَط ۔ (ض) آہستہ آہستہ طمانچہ مارنا منہ میں بڑبڑانا چپکے چپکے بُرا بھلا کہنا۔
لُثْغَة ۔ زبان کا صاف نہ ہونا اور لفظوں کا صحیح ادا نہ کرنا سین کی جگہ ث بولنا (اسم مصدر)
لَثْغَة ۔ منہ۔

لَثَقَ - (س) تر ہونا۔ ہوا کا تر ہونا۔ ہوا کا ٹھہر جانا
لَثْم - (س ض) بوسہ لینا۔
لَثّیٰ - (ض) تھوڑا تھوڑا پانی پینا۔ کپڑے کو میلا کرنا۔ ہانڈی کو خوب چاٹنا۔

ل - ج

لَجَاء - پناہ پکڑنے کی جگہ۔ جائے پناہ۔ ایک قسم کا کچھوا جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے وارث۔ زوجہ۔ واہ۔ لَجَادَۃ
لَجَاجَۃ - بھوک کی تڑپ مص (ض۔ س) جھگڑا کرنا
لُجَام - فضا یعنی زمین و آسمان کا درمیان۔ وہ چیز جس سے بد فال لی جائے
لِجَام - لگام۔ وہ کپڑا جو عورتیں حیض کے وقت باندھتی ہیں ج: لُجُم - اَلْجِمَۃ -
لَجَب - شور و فریاد مص (س) شور کرنا۔ دریا کا موجیں مارنا۔
لَجَبَۃ - لِجَبَۃ - لَجِبَۃ - کم دودھ والی بکری۔ بہت دودھ والی بکری۔ ج: لِجَاب - لَجَبَات
لَجَبَۃ - آواز۔ فریاد و شور۔
لُجَّۃ - دریا کے پانی کا بیچ حصہ۔ منجدھار۔ آئینہ چاندی۔ بڑی جماعت ج: لُجَج - لِجَاج
لُجَجَۃ - جھگڑالو۔
لَجْن - (ن۔ س) کوئی چیز ایک دفعہ لینے کے بعد پھر مانگنا اور اس کی بہت خواہش کرنا۔ کھانا۔ کتے کا برتن کو چاٹنا۔ برانگیختہ کرنا
لَجَف - کنواں۔ کنوئیں کے چاروں طرف بیٹھی ہوئی زمین ج: اَلْجَاف
لَجْلَجَۃ - بڑبڑانا۔ ہتھلانا۔ ہموار زمین۔
لَجَم - لُجَم - مینڈک۔ چھپکلی۔ ہموار زمین۔

لَجْم - (ت) کپڑا سینا۔
لَجْمَۃ - لگام باندھنے کی جگہ۔
لَجِن - لَجِین - سانی (جانوروں کا کھانا)
لُجْنَۃ - کمیٹی۔ مجلس۔ ج: لِجَان (د)
لُجُوج - لُجُوجَۃ - جھگڑا کرنے والا۔
لَجُون - سرکش اونٹ۔ آہستہ چلنے والا۔ (مذکر و مؤنث)
لُجِّیّ ، لِجِّیّ - گہرا سمندر۔ گرداب والا سمندر۔
لُجَیْن - چاندی۔

ل - ح

لِحَاظ - کسی چیز پر نگاہ رکھنا۔ خیال رکھنا ایک دوسرے کو دیکھنا۔
لِحَاظ - لَحَاظ - کنپٹی کی طرف آنکھ کا حصہ۔ نیچے کا ایک داغ ج: لُحُظ
لَحْب - چوڑا راستہ۔
لَحَب - (س) ضعیف و کمزور ہو جانا۔
لَحْب - (ن) چوڑے اور صاف راستہ پر چلنا سیدھے راستہ پر چلنا۔ نشان کرنا۔ لمبائی میں کاٹنا۔ جماع کرنا۔
لَحْت - (ف) عصا کو چھیلنا (ب) لکڑی سے مارنا۔
لَحَج - (س) تلوار وغیرہ کا میان میں اڑ جانا۔
لَحْج - (ف) مارنا (الی) پناہ لینا۔
لُحْج - گھر کا کونہ۔ وادی۔ آنکھ کا گڑھا ج: اَلْحَاج۔
لَحْد - قبر۔ بغلی قبر۔ ج: اَلْحَاد - لُحُود
لَحْد - (الی) (ف) (قبر کی) ایک جانب کو چیرنا (مردہ کو) لحد میں اتارنا۔ کسی طرف جھکنا۔

میلان کرنا۔ آنکھ کے کنارے سے دیکھنا [فی دین اللہ] خدائے قدوس کے دین سے پھر جانا۔

لِحْز۔ لَحْز۔ کنجوس۔ بُری عادت والا۔

لَحَس۔ (ف) کیڑے کا کپڑے کو کھانا۔ ٹڈی کا کھیتی کو کھانا (س) زبان سے چاٹنا۔

لَحَص۔ (ف) تھوڑا تھوڑا ظاہر کرنا [فی الامر] کسی کام میں پھنس جانا۔

لَحَط۔ (ف) پانی چھڑکنا۔ چھینٹا۔ دفع کرنا دور کرنا

لَحْظ۔ لَحَظَان (ف) آنکھ کے کنارہ سے دیکھنا کنکھیوں سے دیکھنا۔

لَحَف۔ (ف) لحاف اوڑھانا۔ زبان سے چاٹنا

لَحْفَة۔ (ف) (مجہولاً) کسی کے مال میں سے تھوڑا سا کم ہو جانا۔

لَحَق۔ لَحَاق۔ (س) جا ملنا۔ لاحق ہونا۔

لَحَك۔ (ف) منہ میں دوا ڈالنا۔ آپس میں چمٹنا۔ کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا۔

لَحِك۔ (س) چاٹنا۔

لُحَكَة۔ انگلی کی برابر ایک جانور جو ریت میں چلتا اور اُسی میں غائب ہو جاتا ہے۔

لَحْم۔ گوشت م ص (ن) گوشت کو ہڈی سے علٰحدہ کرنا اور کھانا۔ سنار کا چاندی کو صاف کرنا (ف) گوشت کھلانا (س) [ب] قیام کرنا۔

لَحِم۔ (س) پُر گوشت ہونا۔ گوشت کا شوقین ہونا ج:۔ لُحُوم۔ لِحام۔ لُحْمَان

لُحْمَة۔ رشتہ داری۔ بانہ کا شکار کردہ۔

لَحْن۔ اچھی اور مناسب آواز ج:۔ اَلْحَان لُحُون م ص (ف) [ل] کسی سے گفتگو کرنا۔

اس طریقہ پر کہ صرف وہ ہی سمجھے [الی] کسی کی طرف توجہ کرنا [فی] اعراب وقراءۃ میں غلطی کرنا۔

لَحَنَة۔ اعراب اور پڑھنے میں بہت غلطی کرنیوالا

لَحِن۔ (ف س) سمجھ لینا۔ چالاک ہونا

لَحْو۔ (ن) گالی دینا۔ درخت کی چھال اتارنا

لَحُوس۔ لالچی۔

لُحُوق۔ (س) پتلی کمر والا ہونا۔ کسی کے ذمہ قیمت واجب ہونا

لَحْي۔ ڈاڑھی نکلنے کی جگہ (جبڑا) ج:۔ اَلْحٍ۔ لُحِیّ م ص (ف) درخت کی چھال اُتارنا۔ بددعا دینا۔

لِحْيَة۔ ڈاڑھی ج:۔ لِحًی لُحًی

لِحْيَانِی۔ لمبی ڈاڑھی والا آدمی۔

لَحِيم۔ موٹا آدمی۔ گوشت والا قتیل قتل کیا ہوا

ل ۔ خ

لَخ۔ (ن) آنکھ کا آنسو والا ہونا طمانچہ مارنا۔ خبر کا تحقیق کرنا [بالطیب] خوشبو ملنا۔ پہاڑ پر پڑھنا۔ پہیلی کہنا۔

لِخَاء۔ تردد م ص (مفاعلہ) دوستی کرنا۔ ہیئر کا کلام کو جھوٹ سے سنوارنا [ب] چغلخوری کرنا

لَخَاه۔ ہڈیاں۔

لَخِز۔ تیز چھری۔

لَخِص۔ (س) آنکھ کے پپوٹوں کا سوج جانا۔

رضرع لَخِص۔ موٹا تھن جس کا دودھ مشکل سے نکلے۔

لَخَع۔ جسم کا ڈھیلا پن۔

لَخْف۔ پتلا مسکہ م ص (ف) زور سے مارنا۔ نشان کو بڑا کرنا۔

لَخْلَخَانِيَّة ۔ توتلاپن ۔
لَخْلَخَة ۔ ایک خوشبو ۔
لَخْم ۔ یمن کا ایک قبیلہ مص (س) کاٹنا طمانچہ مارنا ۔
لُخْم ۔ ایک قسم کی مچھلی جسے کوسج کہتے ہیں ۔
لَخْمَة لُخْمَة افسردہ دل ۔ کند ذہن اور کمینہ آدمی ۔
لَخَن ۔ ران کی جڑ کی گندگی ۔ عورت کی شرمگاہ کی گندگی مص (س) مشک وغیرہ کا بدبودار ہوجانا ۔ گندہ بغل ہونا ۔ فحش بکنا ۔
لَخْو ۔ (ن) ناک میں دوا ڈالنا کسی کو اپنا مال دینا
لَخْوَاء ۔ بہت بیہودہ بکنے والی عورت ۔
لَخْي ۔ (ض) کسی کو اپنا مال دے دینا ۔ ناک یا منہ میں دوا ٹپکانا ۔
لَخًى ۔ ناک یا کان میں دوا ڈالنے کی پچکاری مص (س) بیکار اور بیفائدہ گفتگو کرنا بیہودہ بکنا
لَخِيفَة ۔ پانی کی آواز ۔ ج: لَخَائِف

ل ۔ د

لَدّ ۔ لُدُود ۔ (ن) کسی کے منہ کے کنارہ میں دوا ڈالنا ۔ دشمنی کرنا ۔
لَدّ ۔ (ن) سخت دشمنی کرنا (عن) روک دینا
لُدّ ۔ جھگڑا کرنے والے جھگڑالو لوگ و: اَلَدّ
لُدَاغ ۔ کانٹا ۔ کانٹے کی نوک
لُدَاغَة ۔ ستانے اور تکلیف دینے والا آدمی
لَدَانَة ۔ لُدُونَة (ك) نرم ہونا ۔
لِدَة ۔ ہم عمر ۔ ہمجولی ج: لِدَات ۔ لِدُون
لَدَد ۔ (س) بہت زیادہ لڑنے جھگڑنے والا ۔ ہوجانا
لَدْس ۔ (ن) پھینکنا ۔ زبان سے چاٹنا ۔ مارنا ۔

لَدْغ ۔ (ف) سانپ یا بچھو کا کاٹنا (بالکلام) کسی پر طعن کرنا ۔
لَدْم ۔ زمین پر گرتے وقت پتھر کی آواز مص (ض) منہ پیٹنا ۔ کپڑے میں پیوند لگانا ۔
لَدَام ۔ اپنے رشتہ داروں اور عزیزوں کی عزت و حرمت ۔
لَدُن ۔ لَدَن ۔ لِدَن ۔ لُدْن پاس ۔ قریب (زمان اور مکان دونوں کے لئے استعمال ہوتا ہے) ۔
لَدِيد ۔ سخت دشمن ۔ دوا جو منہ کے ایک کنارے میں ڈالی جائے ج: اَلِدَّة ۔
لَدِيدَان ۔ دو کنارے ۔ جنگل کے دو کنارے کانوں کے پیچھے گردن کے دو حصے ۔
لَدَى ۔ ساتھ ۔ پاس ۔ نزدیک (ظرف مکان)
لَدِيدَة ۔ عمدہ چمن ۔
لَدِيغ ۔ سانپ کا کاٹا ہوا ۔ ج: لَدْغَى

ل ۔ ذ

لَذّ ۔ نیند ۔ اچھا مزہ دار ۔
لَذَاذ ۔ لَذَاذَة (ض ۔ س) کسی چیز کو مزہ دار پانا ۔ مزہ دار ہوجانا ۔
لَذْع ۔ (ف) آگ کا جلا دینا ۔ نامناسب بات کہہ کر کسی کا دل جلانا ۔
لَذْلَاذ ۔ چالاک بھیڑیا ۔
لَذْلَذَة ۔ چالاک اور پھرتیلا ہونا ۔
لَذْم ۔ (س) تعجب میں ڈالنا ۔ بوسہ لینا (بالمکان) جگہ کو لازم پکڑنا ۔
لَذِيذ ۔ پسندیدہ چیز ۔ مزہ دار شراب ج: لُذّ ۔ لِذَاذ ۔

ل ـ ز

لَـزَّ ـ (ن) مجتمع ہونا (ب) کسی چیز سے باندھنا۔ بندھ جانا (بالرمح) نیزہ سے مارنا۔
لَـزْء ـ (ف) بھرنا پُر کرنا۔ اونٹ وغیرہ کو خوب چرانا عطا کرنا۔
لِزَاز ـ دروازہ کا پشتیبان۔ سرکش۔ بہت چپکنے والی چیز۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھوڑے کا نام۔
لِزَاق ـ جماع۔ وہ چیز جو چپکانے کے کام میں لائی جائے۔
لِزَام ـ موت گنتی۔ کسی چیز کو لازم کرنے والا الزام مص (مفاعلہ) کسی چیز کے ساتھ لگا رہنا کسی چیز کو لازم قرار دے لینا۔
لَزَب ـ (س) لُزُوب۔ (ك) چمٹ کر سخت ہو جانا۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَـزْب (ن) بچھو وغیرہ کا کاٹ کھانا۔
لَزْبَة ـ سختی۔ قحط۔ ج: لِزَب۔ لَزَبَات
لَزَج ـ (س) لیسدار ہونا (ب) چمٹنا۔ لالچی ہونا
لَزْقَة ـ پلاسٹر (د)
لَزَم ـ (س) جدا کرنا۔ ممتاز کرنا۔
لِزَم ـ فیصلہ کرنے والا الحکم۔
لُزْم ـ لُزُوم ـ لَزَامَة ـ لُزْمَة (س) کسی کے ساتھ ہمیشہ رہنا۔ اور اس کو لازم ہو جانا۔ کسی چیز کو نہ چھوڑنا۔
لَـزْن ـ (ن) لَـزَن ـ (س) جمع ہونا جمگھٹ کرنا۔
(مَكَانٌ) لَزْن ـ گھاٹ یا ہر وہ جگہ جہاں آدمی جمع ہوں (عَيْشٌ) لَزْن ـ تنگ حالی (مَاءٌ) لَزْن پانی جو مشقت سے حاصل ہو
لَزْنَة ـ زندگی کی سختی۔ سخت سال۔ سردی کی رات ج: لِزَن
لُزُوب ـ (ن) مٹی کا جسم پر خشک ہونا۔ قحط پڑنا (ب) چمٹنا۔
لُزُوجَة ـ چپک۔
لَزُوق ـ ایک مرہم جو زخم کے اچھا ہونے تک چمٹا رہتا ہے۔
لُزُوق ـ (س) (ب) چمٹنا۔
لَهَيْز ـ سینہ کی ہڈی ج: لَزَائِز۔

ل ـ س

لَسّ ـ (ن) کھانا۔ چاٹنا۔ چوپایہ کا منہ کے کناروں سے گھاس توڑنا۔
لِسَام ـ تھوڑی چیز۔
لِسَان ـ زبان۔ بولی۔ ذکر۔ ایک زبان کا دوسری زبان میں ترجمہ کرنے والا۔ آگ کی لو ترازو کی چوٹی ج: اَلْسِنَة ـ لُسُن ـ اَلْسُن
لِسَانُ الثَّوْر ـ گاؤ زبان۔
لِسَان حال ـ ترجمان ـ آرگن (د)
لِسَانُ الصِّدْق ـ اچھا ذکر
لِسَانُ الحمل ـ لِسَانُ الْكَلْب ـ لِسَانُ السَّبُع لِسَانُ الْإِبِل ـ مختلف نباتات کے نام ہیں۔
لَسْب ـ (ض) سانپ وغیرہ کا ڈس لینا (س) (ب) چمٹنا۔
لَسْتِيك ـ الاسٹک۔ ربڑ۔ ربر کا جوتا (د)
لَسْد ـ (ض۔س) بچہ کا ماں کے تمام دودھ کو پی جانا۔ زبان سے چاٹنا۔

لَسْع - (ف) سانپ یا بچھو وغیرہ کا ڈسنا۔ ڈنگ مارنا۔ کاٹ کھانا (بِاللِّسَانِ) زبان سے کسی کو تکلیف دینا۔
لَسَق - (س) پیاس کی وجہ سے کوکھ پر پھیپھڑے کا چمٹ جانا۔
لَسَم - (س) بولنے کی طاقت نہ رکھنے کی وجہ سے چپ رہنا (ن) چکھنا۔
لَسَن - فصاحت۔ قدرت بیان۔
لَسْن - (ن) زبان چوسنا۔ کوئی چیز زبان سے لینا۔ گالیاں دینا۔ کسی چیز کی نوک نکالنا
لَسْو - (ن) بہت کھانا۔ آہستہ کھانا۔
لَسُوع - مرد سے بغض رکھنے والی بیوی۔
لُسُوق - (س) (ب) چمٹنا۔

ل - ش

لَشّ - (ن) ہانکنا۔
لَشْو - (ن) عزت و آبرو کے بعد ذلیل ہو جانا

ل - ص

لَصّ - (ن) چرانا۔ بند کرنا۔
لَصَّاء - تنگ پیشانی۔ بکری جس کا ایک سینگ آگے کو اور ایک پیچھے کو ہو ج: لُصّ۔
لِصْب - نالے یا پہاڑ میں تنگ جگہ ج: لِصَاب لُصُوب۔
لَصَب - (ص) تلوار کا میان میں پھنس کر آنا۔ دبلے پن کی وجہ سے کھال کا ہڈیوں سے جا لگنا انگوٹھی کا انگلی میں پھنس کر آنا۔
لَصّص - لَصَاص - لُصُوصَة - لُصُوصِيَّة (س) چور بن جانا۔
لَصْف - (ن-ض) پتھروں کو اوپر تلے رکھنا
لَصْف - لُصُوف - لَصِيف - (ن) چمکنا
لَصْلَصَة - حرکت دینا۔ ہلانا۔
لَصْو - (ن) کسی پر تہمت لگانا۔ شبہ کرنا
لُصُوق - (س) (ب) چمٹنا۔
لَصِيف - چمک۔ درخشندگی۔
لَصِيق - پہلو میں بیٹھنے والا۔ برابر بیٹھنے والا

ل - ض

لَضْلَضَة - راہ بتلانے والے کا دائیں بائیں (ادھر ادھر) دیکھتے ہوئے چلنا۔
لَضْو - (ن) رہنمائی کی وجہ سے ہوشیار ہو جانا

ل - ط

لَسْط - اندرائن کے رنگے ہوئے دانوں کا ہار۔
ج لِطَاط - مص (ض) (دروازہ) بند کرنا (پردہ) لٹکانا (عن) انکار کرنا (علیٰ عن) کسی سے کوئی بات چھپانا (ب) چمٹنا۔ لازم ہونا۔
لَطْأ - لُطُوء (ف س) (لاٹھی سے) مارنا چمٹا رہنا
لَطَاة - جگہ۔ زمین۔ ماتھے کا بیچ۔
لَطَّاع - کھانا کھاتے وقت انگلیوں کو چاٹنے والا
لِطَام - مُلَاطَمَة - ایک دوسرے کے منہ پر طمانچہ مارنا۔
لَطْث - تباہی۔ بربادی مص (ن) کسی پر بوجھ کا بھاری ہونا۔ کوٹنا۔ جمع کرنا (پتھر) پھینکنا
لَطْح - (ف) کسی کی پیٹھ پر ہلکے ہلکے ہتھیلی مارنا
لَطْخ - تھوڑا مص (ف) سانا۔ تھیڑنا۔ الزام لگانا۔

لُطْخَة ۔ بے وقوف ۔ سادہ لوح ۔ ج:۔ لُطْخَات
لَطْس ۔ (ن) کوٹنا ۔ پھینکنا ۔ کسی چوڑی چیز سے مارنا ۔ پتھر کو پتھر پر مارنا ۔
لَطَط ۔ دانت گر کر جڑوں کا باقی رہ جانا ۔ کسی کے حق کا انکار مص (ض) دانتوں کا گر جانا
لَطْع ۔ منہ کا تالو ۔ آدمی کے جبڑے کا نچلا حصّہ ج:۔ اَلْطَاع مص (ف) تیر کا نشانہ پر لگانا ۔ طمانچہ مارنا ۔ کنویں کا خشک ہو جانا (کسی کے نام کو) مٹانا قینچی سے مارنا ۔ چاٹنا ۔
لَطَعٌ ۔ ہونٹوں کے اندر کی سپیدی، جو اکثر حبشیوں میں پائی جاتی ہے، مص (س) دانتوں کا جھڑ جانا اور جڑوں کا باقی رہ جانا ۔
لَطْعَاء ۔ وہ عورت جس کی شرم گاہ پر گوشت کم ہو یا وہ خشک یا چھوٹی ہو ۔ عورت جس کے دانت گر کر جڑیں باقی رہ گئی ہوں مذ:۔ اَلْطَع ج:۔ لُطْع
لُطْف ۔ نرمی ۔ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ۔ رحمت و عظمت مص (ت) نرمی کرنا قریب ہونا (ل) کسی کی مراد کو پورا کر دینا ۔
لَطْفَات ۔ بھلائی اور نیکی کرنے والا ۔
لَطَفَة ۔ تحفہ ۔ ہدیہ ۔ سوغات ۔
لَطْو ۔ (ن) غار میں پناہ لینا ۔
لِطِّیْخ ۔ بے وقوف ۔ احمق ۔
لَطِیْف ۔ مہربان ۔ باریک ۔ چھوٹا ۔ رقیق ۔ گہری بات جو غور کرنے کے بعد سمجھ میں آئے ۔ ج لِطَاف ۔ لُطَفَاء اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ایک نام ۔

لَطِیْم ۔ سفید چہرہ کا گھوڑا ۔ مشک ۔ یتیم ۔ ج:۔ لُطُم ۔
لَطِیْمَة ۔ مشک کا ڈبہ یا عطاروں کا بازار ۔ چوپایہ جس پر عطر اور بزازی کا سامان لدا ہوا ہو ۔ ج:۔ لَطَائِم

ل ۔ ظ

لَظّ ۔ کھڑتل ۔ سخت مزاج مص (ن) اصرار کرنا ۔ ضد کرنا ۔ دور کرنا (پ) لازم ہونا
لَظْلَظَة ۔ غصّہ کی شدت کے باعث سانپ کا پھن کو ہلانا ۔
لَظًی ۔ آگ ۔ آگ کی لپٹ ۔ دوزخ مص (س) آگ کا بھڑکنا ۔

ل ۔ ع

لُعَاب ۔ تھوک ۔ رال
لُعَابُ النَّحْل ۔ شہد ۔
لُعَاع ۔ نرم گھاس ۔ وا:۔ لُعَاعَة ۔
لَعَاعَة ۔ تکلف کے ساتھ گانے والا جو گانا نہ جانتا ہو ۔
لُعَاعَة ۔ نرم گھاس ۔ کاسنی (نیا شراب کا ایک گھونٹ ۔ تھوڑی بچی کھچی چیز ۔
لِعَان ۔ لعنت مص (مفاعلہ) میاں بیوی کا ایک دوسرے پر لعنت کرنا ۔ فیصلہ کرنا ۔
لَعِب ۔ کھیل مص (س) کھیلنا ۔ تفریح کرنا غرق کرنا ۔ بیکارانہ کام کرنا ۔
لَعِبُ الْبُورْصَة ۔ سٹہ بازی (د)
لَعْب ۔ (س) (ف) منہ سے رال بہنا ۔
لَعِب ۔ کھیل کود ۔ کھیل کود کرنے والا ۔

لِعَب ۔ لُعَبَۃ کھیل دکھلانے والا ۔ بازی گر۔
لُعْبَۃ ۔ مورتی ۔ گڑیا ۔ کٹ پتلی ۔ بے وقوف جسے لوگ اُلّو بنائیں ۔ بازی گر۔
لَعَبَۃ ۔ خوبصورت اور نیک عورت ۔
لَعْثَمَۃ ۔ توقف کرنا ۔ دیکھ بھال کرنا ۔ غور کرنا ۔
لَعْج ۔ (ف) کسی بات کا دل میں کھٹکنا خطرہ کرنا ۔ محبت کی آگ (دل میں) بھڑکنا ۔
لَعْس ۔ دانت سے کاٹنا ۔
لَعَس ۔ ہونٹوں کی گہری سیاہی مائل سُرخی مص (س) ہونٹوں کا سیاہی مائل گہرا سرخ ہونا ۔
لَعْط ۔ ایک خط (لکیر) جو حبشی اپنے چہرہ پر کھینچ لیتے ہیں ج : اَلْعَاط مص (ف) گردن پر داغ کرنا (ب) اپنا حق پورا مانگنا ۔ تیر مارنا ۔
لُعْطَۃ ۔ بکری کی گردن کی سیاہی ۔ سیاہ یا زرد لکیر جسے عورتیں رخسار پر کھینچتی ہیں ۔
لَعْق ۔ لَعْقَۃ ۔ (ف) چاٹنا ۔
لُعْقَۃ ۔ تھوڑی چیز جسے چاٹا جائے ۔
لَعَلّ ۔ شاید ۔ کاش (امید اور شک کے معنیٰ ادا کرتا ہے) ۔
لَعْلَع ۔ سراب ایک پہاڑ ۔ بھیڑیا ۔
لَعْلَعَۃ ۔ ہڈی کو توڑنا ۔ سراب کا چمکنا ۔ بھوک سے تڑپنا ۔
لَعْمَظَۃ ۔ دانتوں سے ہڈی کے اوپر کا گوشت علٰحدہ کرنا ۔
لَعْن ۔ (ف) رحمت اور مہربانی سے دور کرنا گالی دینا ۔ رسوا کرنا ۔
لُعْنَۃ ۔ جس پر بڑی لعنت کی جائے ۔
لَعْنَۃ ۔ رحمت سے دُوری ۔ پھٹکار ج : لِعَان ۔ لَعَنَات

لَعْو ۔ کمینہ بے مروت حریص ۔ تیز شہوت والا م : لَعْوَۃ ج : لِعَاء
لَعُوب ۔ ناز و ادا والی عورت یا مرد
لَعْوَۃ ۔ حرص والی کتیا ۔ بھٹی کے ارد گرد کی سیاہی ۔ بھوک کی تیزی ۔
لَعْوَس ۔ بھیڑیا ۔ بہت کھانے والا آدمی ۔ لالچی ۔
لَعْوَص ۔ گیدڑ ۔
لَعُوق ۔ چٹنی ۔ چاٹنے کی چیز ۔
لَعْوَق ۔ کم کھانے والا ۔
لَعِیْن ۔ مردود ۔ دھتکارا ہوا ۔ نکالا ہوا ۔ بھیڑیا ۔ سرکش ۔ دیو کھیتی یا درخت پر آدمی کی شکل کا ڈھانچہ ۔

ل ۔ غ

لَغَا ۔ (س) (ب) بہت زیادہ چاٹنا خواہش کرنا (بالماء) بہت زیادہ پانی پینے کے باوجود سیر نہ ہونا (بالصوت) آواز نکالنا ۔
لُغَاب ۔ خراب ۔ تیر ۔ پرندے کے پچھے کے چھوٹے چھوٹے زرد پر ۔
لُغَابَۃ ۔ لُغُوبَۃ ۔ بے وقوفی ۔ سستی ۔
لُغَام ۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ ۔
لَغَب ۔ گردن کے بال ۔
لَغْب ۔ لُغُوب ۔ (ف ۔ س ۔ ک) بہت تھکنا
لَغْب ۔ اگلے دو دانتوں کے بیچ پتلا گوشت کا ٹکڑا ۔ سست آدمی ۔ خراب گفتگو ۔ مص (ن) جھوٹی خبر لانا (علی) پھوٹ ڈالنا (ق) کتے کا برتن میں منہ ڈالنا ۔

لُغَۃ ۔ بولی ۔ زبان ۔ کلام جس سے کوئی قوم اپنا مافی الضمیر ادا کرے ۔ ج: لُغَات لُغُوْن ۔ لُغِیٌّ ۔

لُغْنُوْن ۔ ناک کا اندرونی حصہ ۔ ناک کی جڑ ۔ ج: لَغَانِیْن

لُغْد ۔ گردن کے کنارے کا گوشت ج: اَلْغَاد

لَغَد ۔ (ف) پھرنا [عن] کسی کو کسی چیز سے روکنا

لُغْز ۔ پہیلی ۔ گول مول بات ۔ چوہے کا سوراخ (گوہ) کا سوراخ ۔ ج: اَلْغَاز

لَغْط ۔ (ف) شور کرنا ۔ چیخنا ۔ چلانا ۔

لَغَط ۔ ملی جلی آواز جو سمجھ میں نہ آئے غل ۔ غپاڑہ شور و غوغا ۔ دروازہ کے سامنے کا صحن (میدان) ج: اَلْغَاط

لَغَف ۔ (س) لقمہ نبانا ۔ نگلنا ۔ چاٹنا ۔

لُغْفَۃ ۔ لقمہ ۔

لَغَم ۔ تھوڑی خوشبو ۔ بے قراری ۔ بے آرامی زبان کی رگیں (د) بارودی سرنگ ۔

لَغَم ۔ (ف) چوپائے کی جگالی کرنا ۔ جس چیز کا یقین نہ ہو اس کی خبر دینا (د) سرنگ میں بارود بھر کر عمارتوں کو اڑانا ۔

لَغْن ۔ خوشی ۔ جوانی کی تازگی اور آرام ۔

لُغْن ۔ کان کے پاس کی چپٹی ہڈی ۔ کان کے اور گردن کے کنارے کا گوشت جھونٹ ۔

لُغْنُوْن ۔ گردن کے کنارہ کا گوشت ۔ ناک کا اندرونی حصہ ۔ ناک کی جڑ ج: لَغَانِیْن ۔

لَغْو ۔ فضول بکواس ۔ ہر وہ چیز جو شمار میں نہ لائی جائے (ن) فضول بکنا ۔ بولنے میں غلطی کرنا چوک جانا ۔ نا امید ہو جانا ۔ ناکامیاب ہونا کتے کا بھونکنا ۔

لَغْوٌ ۔ لَغًا ۔ لَاغِیَۃ ۔ (ف ن س) فضول بکنا ۔ بولنے میں غلطی کرنا ۔ چوک جانا ۔

لُغُوْبَۃ ۔ بے وقوفی ۔ سستی ۔ حماقت ۔

لَغْوَس ۔ ہلکی اور نرم گھاس اور پودا جو ہوا سے لہلہائے ۔ بھیڑیا ۔ پھرتیلا ۔ لالچی ۔ بہت دھوکہ دینے والا چور ۔

لَغْوٰی ۔ بیکار چیز ۔ بیہودہ کلام ۔ خطا ۔

لَغِیْث ۔ زہریلی ہوئی چیز جو گدھ کے شکار کرنے کے لئے پھیلا دی جائے ۔ جھلے ہوئے گیہوں

لَغِیْف ۔ چوروں کا ساتھی جو چوری میں شریک نہ ہو آدمی کی خاصیت اور بھید ج: لُغَفَاء

ل ۔ ف

لَفّ ۔ (ن) لپیٹنا ۔ سمیٹنا ۔ لفافے میں بند کرنا (درخت کا) گنجان ہونا (دو لشکروں کو) جنگ کے لئے آپس میں بھڑا دینا ۔ (ب) کسی چیز کو کسی چیز میں ملانا ۔ (فی الاکل) مختلف کھانے ملا کر کھانا ۔

لِفّ ۔ آدمیوں کا گروہ جو جگہ جگہ سے آکر جمع ہوئے ہوں ۔ گھنا باغ ۔ ج: لُفُوف ۔ اَلْفَاف

لَفْءٌ ۔ لَفَاءٌ ۔ (ف) چمڑہ اُکھاڑنا ۔ چھلکا اُتارنا ننگا کرنا ۔ ہڈی سے گوشت الگ کرنا ہوا کا آسمان سے ابر کو صاف کر دینا ۔ غیبت کرنا ۔

لَفَاءٌ ۔ خاک ۔ تھوڑی چیز ۔ کم قیمت چیز ۔

لَفَّاءُ ۔ موٹی اور گوشت سے بھری ہوئی عورت گنجان باغ ۔ ج: لُفّ ۔

لُفَات ۔ احمق ۔ بری عادت والا ۔

لُفَاظَۃ پان کی پیک ۔ اُگلی ہوئی چیز ۔ بچا کھچا ۔

منہ سے نکلی ہوئی بات ج: لُفَاظَات

لِفَاع - چادر۔ کمبل۔ دوپٹہ۔ غلاف۔ برقع۔ پردہ ہر وہ کپڑا جو عورت اوڑھ سکتی ہو۔ چمڑے کا فرش۔ اونٹنی کا اگلا تھن۔

لِفَاعَة - قمیص پر اضافہ شدہ کپڑے کا ٹکڑا۔

لِفَافَة - کپڑا جس میں مردہ کو لپیٹا جاتا ہے کاغذ کی تھیلی۔ دل کے اوپر کی چربی جس میں کچھ رکھ کر بند کیا جائے (د) سگار۔ ج:

لِفَام - چہرے کے اوپر کے حصے کا نقاب جو ناک پر پڑا رہے۔

لِفْت - شلغم۔ آدھا حصہ۔ کنارہ۔ پارہ۔ دوست گائے۔

لَفْت - (ض) لپیٹنا۔ پھیرنا۔ چوپایہ کو اندھادھند مارنا (د) توجہ مبذول کرانا۔

لِفَّة - گھنا باغ۔ ہلکی پتلی ملیح عورت۔

لَفَّة - چھوٹا عمامہ۔ ایک دھجی جسے علماء مصر ٹوپی پر لپیٹتے ہیں۔ ج: لَفَّات (د)

لَفْتَاء - بھیڑ جس کے دونوں سینگ ٹیڑھے ہوں بھینگی عورت (احمق عورت۔ مذ: اَلْفَت ج: لُفْت

لَفْح - (ف) آگ یا گرمی یا لُو کا چہرہ کو جھلس دینا

لَفْظ - بول۔ بات ج: اَلْفَاظ۔ مص (ض) پھینکنا (پ) بات کہنا۔

لَفْظَة - ایک بات۔ ایک بول۔ ج: لَفَظَات

لَفْق - (ض) کپڑے کے دونوں پرتوں یا دو سروں کو ملا کر سینا۔ کوئی چیز طلب کرنا اور نہ پانا۔

لَفُوْت - چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دودھ دوہتے کے وقت مضمحل ہو جائے۔ بری عادت کا

بے وقوف آدمی۔

لَفِيْظ - پھینکا ہوا۔

لَفِيْف - گھنے درخت مختلف جگہ کے آدمیوں کا گروہ۔ لپٹا ہوا (کسی دوسری چیز کے ساتھ ملا ہوا)

لَفِيْفَة - سگار (د)

ل - ق

لَقّ - بلند زمین۔ زمین کی پھٹن مص (ن) آنکھ پر پنجہ مارنا۔

لِقَاء - (مفاعلہ) (س) کسی سے ملاقات کرنا کسی کی زیارت کرنا لِقَاء۔ لِقْيَان۔

لَقَاح - باغی آدمیوں کا گروہ۔ وہ چیز جس سے کھجور کی تلقیح (جفتی) کی جائے۔

لُقَاطَة - ہر گری ہوئی چیز رائیگاں۔ چُنا ہوا خوشہ زمین سے اٹھائی ہوئی چیز۔ ج: اَلْقَاط

لِقَاع - موٹا کمبل۔

لَقَّاع - لُقَّاع - سبز مکھی جو کاٹ کھاتی ہے۔ واحد: لَقَّاعَة۔ لُقَّاعَة۔

لُقَّاعَة - حاضر جواب مسخرا۔ باتونی۔ ہوشیار آدمی احمق۔

لَقَب - اصلی نام کے علاوہ وہ نام جس میں کچھ برائی یا تعریف کا پہلو نکلے ج: اَلْقَاب

لَقْث - (س) اچکنا۔ گھیر لینا۔ ملانا۔

لَقْح۔ لَقَاح - (س) حاملہ ہونا۔

لِقْحَة - کوّا۔ باز۔ دودھ پلانے والی عورت ج: لُقُوْح۔ لِقَح۔

لَقْز - (ن) سینہ پر گھونسا مارنا۔ لات مارنا

لَقْس - کھجلی مص (ض) کسی کا عیب ظاہر کرنا

(س)(دانی) مائل ہونا (ص) بد دل ہونا
لَقِس ۔ لوگوں کے لقب رکھنے والا مسخرا حریص غیر مستقل مزاج ۔
لَقِص ۔ باتونی ۔فسادی۔
لَقَص ۔ (س) تنگ ہونا ۔بد دل ہونا (ت) جلا ڈالنا۔
لَقَط ۔ اٹھایا ہوا چنا ہوا ۔سونے کے ٹکڑے جو کان میں پائے جاویں ۔ایک قسم کا ساگ ۔ وا۔ لقطۃ ۔
لَقْط ۔ (ن) بلا مشقت کوئی چیز زمین سے اٹھا لینا ۔کپڑے میں پیوند لگانا ۔ رفو کرنا ۔
لُقْطَۃ ۔ زمین میں پڑی ہوئی چیز جو اٹھائی جائے یا چنی جائے ۔
لَقْع ۔ (ف) دیکھنا ۔چپ لگانا ۔مکھی کا ناک کے سرے سے کچھ اٹھانا (بالعین) نظر لگانا
لَقَعَان ۔ (ف) تیز گذر جانا ۔
لَقَف ۔ حوض اور کنوئیں کے کنارے ج: الْقَاف مص (س) حوض کی بنیاد کا پھٹ جانا ۔ دیوار کا گر پڑنا ۔
لَقِف ۔ ہلکا ۔پھرتیلا ۔ہوشیار آدمی ۔حوض جو نیچے سے کٹ گیا ہو ۔کنواں جس کی بنیاد مضبوط نہ ہو ۔
لَقْف ۔ لَقَفَان ۔ (س) تیزی سے لے لینا ۔
لَقْلَق ۔ زبان ۔سارس (ایک پانی کا پرندہ) ج:۔ لَقَالِق ۔
لَقْلَقَۃ ۔ سخت آواز ۔لق لق کی آواز ۔بھرائی ہوئی آواز مص ( ) سانپ کا پھنکارنا اور زبان نکالنا ۔
لَقَم ۔ لُقَم ۔راستہ کا بیچ ۔

لَقْم ۔ (ن) راستہ کا بند کرنا (س) جلدی کوئی چیز نگل جانا ۔ ہڑپ کرجانا ۔
لُقْمَان ۔ ایک مشہور حکیم یا پیغمبر ۔
لُقْمَۃ ۔ نوالہ ۔ج:۔ لُقَم ۔
لَقَن ۔ لَقَنَۃ ۔ لَقَانَۃ ۔لَقَانِیَۃ ۔عقل اور سمجھ کی تیزی ۔
لَقَن ۔ (س) حفظ کرلینا ۔بات کو سمجھ لینا ذہین ہوجانا ۔
لِقْن ۔ عقل مند لڑکا ۔کنارہ ۔ستون ۔
لَقِن ۔ ذہین ۔جلد یاد کرلینے والا ۔
لَقْو ۔ (ن) (مجہولاً) لقوہ زدہ ہوجانا ۔
لَقْوَۃ ۔ لقوہ ۔ایک مرض جس میں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے ۔جلد حمل قبول کرنے والی عورت
لَقِیٌّ ڈالنے والا ۔پھینکا ہوا ۔ج:۔ اَلْقَاء
لَقِیط ۔ زمین پر پڑی ہوئی چیز جو اٹھائی جائے نیا جنا ہوا بچہ جو زمین پر پڑا ہو اور اسے اٹھا لیا جائے ۔پرانا کنواں جو اچانک گر پڑے ۔
لَقِیم ۔ نگلا ہوا نوالہ ۔

ل ۔ ک

لَکّ ۔ گوشت ملا دٹ ۔لاکھ ۔ایک قسم کا رنگ جس سے بکری کی کھال رنگتے ہیں ۔ایک لاکھ یعنی سو ہزار ۔ج:۔ اَلْکَاک
لُکُوک مص (ن) کوٹنا ۔گھونسا مارنا ۔ ہانکنا ۔ہڈی پر سے گوشت جدا کرنا ۔
لَکَاءٌ ۔ (ف) مارنا ۔کسی کو اس کا پورا پورا حق دینا ۔پچھاڑنا ۔
لُکَات ۔ ایک چمکدار چکنا پتھر ۔اونٹوں کا ایک

مرض جس سے اُن کے منہ میں پھنسیاں ہو جاتی ہیں۔

نَکَاعُ ۔ کمینہ عورت۔ لونڈی (اس لفظ کا استعمال ندا کے ساتھ آتا ہے)۔

نِکَاف ۔ موٹا کپڑا جو پالان کے نیچے گدھے کی پیٹھ پر ڈال دیا جاتا ہے۔

نِکَاكٌ ۔ موٹی تازی اونٹنی ج:۔ نِکَاكٌ ۔ نُکُك (خُفٌّ) نَکَّاهُ ۔ اونٹ کا سم جو ایسا سخت ہو کر پتھر بھی توڑ دے۔

نَکْثٌ ۔ مارنا۔ تھکنا۔ تھکا دینا۔ طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

نَکَثٌ ۔ اونٹ کی ایک بیماری جس سے اس کے منہ میں پھنسیاں نکل آتی ہیں مص (س) اونٹ کو نکث کی بیماری ہو جانا۔ میل کچیل کا چمٹ جانا۔

نَکِدٌ ۔ کنجوس۔ بخیل۔

نَکَدٌ ۔ (س) میل کچیل کا چمٹ جانا۔

نَکِزٌ ۔ کنجوس بخیل۔

نَکَزٌ ۔ (ن) سینہ پر لات مارنا۔ گردن پر گھونسہ مارنا، گلے پر چھری وغیرہ مارنا۔

نِکْعٌ ۔ ٹھنگنے قد کا۔

نَکْعٌ ۔ (ف) سانپ یا بچھو کا کاٹنا۔ بکری کے بچہ کا دودھ پیتے وقت تھنوں میں سر مارنا۔ کھانا۔ پینا۔

نُکَعُ ۔ ذلیل۔ کمینہ آدمی۔ بے دقعت غلام گھوڑا گھوڑے یا گدھے کا بچہ۔ چھوٹا لڑکا۔ میل کچیل۔

نَکْعٌ ۔ نَکَاعَۃٌ ۔ (س) کمینہ ہو جانا۔ احمق ہونا۔

نَکَعٌ ۔ (س) میل کچیل کا جسم پر چمٹ جانا۔

لَکْمٌ ۔ (ن) مکا مارنا۔ سینہ پر لات مارنا۔ ہانکنا سیلاب کا پہاڑ کو کاٹ دینا۔

لٰکِنَّ ۔ لیکن۔ یہ حرف استدراک ہے یعنی اپنے مابعد کے لئے ماقبل کے حکم کے خلاف ثابت کرنا ہے اسی لئے اس کے مابعد کا ماقبل کی ضد ہونا ضروری ہے یا مخالف ہونا۔ جیسے مَاھٰذَا سَاکِنٌ لٰکِنَّہٗ مُتَحَرِّكٌ۔

لَکَنٌ ۔ طشت۔ لگن۔

لَکَنٌ ۔ لُکْنَۃٌ لُکُوْنَۃٌ (س) اچھی طرح بات نہ کر سکنا۔ توتلا ہونا۔ ہکلا ہونا۔

لَکُوْعٌ ۔ کمینہ۔

لَکِیٌّ ۔ (س) (ب) لالچی ہونا۔

لَکِیْعٌ ۔ کمینہ۔

لَکِیْكٌ ۔ گوشت سے بھرا ہوا۔ گوشت۔ ج:۔ لِکَاكٌ۔

ل ۔ م

لَمْ حرف نفی ہے مضارع کو ماضی منفی کے معنیٰ میں کر دیتا ہے۔

لِمَ ۔ کس لئے۔ کس واسطے (حرف استفہام ہے اس کی اصل لِمَا ہے الف کو دور کر دیا گیا ہے)۔

لَمٌّ ۔ (ن) جمع کرنا۔ درست کرنا۔ اصلاح کرنا، پیچھے آنا لَمَّا (۱) حرف نفی بمعنی نہیں۔ مضارع پر داخل ہو کر اسے ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے اور اسے جزم بھی دیتا ہے (۲) ظرف بمعنی "جب" ماضی پر داخل ہوتا ہے (۳) حرف استثناء

بمعنی مگر جملہ امیہ پر داخل ہوتا ہے۔

لَمَأَ ۔ (ف) کھلم کھلا اور پوشیدہ ہاتھ مارنا۔سب کی سب چیز لے لینا۔دیکھنا۔

لَمَّاح ۔ چمکنے والا۔

لُمَّاح ۔ شکاری پرندے۔

لِمَاخ ۔ (مفاعلہ) ایک دوسرے کے طمانچہ مارنا۔

لِمَاس ۔ درد کی جگہ

لُمَاسَة ۔ ضرورت۔حاجت۔

لُمَاظَة ۔ کھانے کا وہ حصہ جو دانتوں میں لگا رہ جائے

لِمَاعَة ۔ چمکتے ہوئے ریت کا جنگل۔بچہ کا نرم تالو

لَمَاق ۔ عقاب۔

لَمَاق ۔ کھانے پینے کی تھوڑی چیز۔

لُمَاك ۔لِمَاك ۔سرمہ۔

لَمَّا۔لَمْبَة۔ لیمپ (د)

لِمَّة ۔ پراگندہ بال۔وہ بال جو کان کی لَو کے نیچے تک لٹکے ہوئے ہوں ج: لِمَم۔لِمَام

لَمَّة ۔ دیوانگی۔تھوڑی چیز۔زمانہ کی سختی۔

لُمَّة ۔ رفیق سفر۔مونس (واحد وجمع)

لُمَه ۔ یار۔دوست۔مانند۔پیشوا۔

لَمَجَ ۔ (ف) منہ کے کناروں سے کھانا۔عورت سے صحبت کرنا۔

لُمْجَة ۔ تھوڑا سا کھانا جو صبح سویرے کھایا جاوے (ناشتہ)

لَمَحَ ۔ (ف) (الی) کسی کو اس طرح دیکھنا کہ اسے معلوم نہ ہو۔دزدیدہ نظر سے دیکھنا

لَمَحَ۔لَمَحَان (ف) چمکنا۔

لَمْحَة ۔ دزدیدہ نگاہی۔چمک دمک۔چہرے کی خوبصورتی ج: مَلَامِح

لَمَدَ ۔ (ن) ذلت کے ساتھ عاجزی کرنا طمانچہ مارنا

لَمَزَ ۔ (ن۔ض) آنکھ سے اشارہ کرنا۔بڑھاپے کے آثار کا ظاہر ہونا۔دھکیلنا۔چھونا

لُمَزَة ۔ لوگوں کی پیٹھ پیچھے ان کے عیب بیان کرنے والا۔

لَمَسَ ۔ (ن) چھونا۔کسی چیز پر ہاتھ پھیرنا۔صحبت کرنا۔

لَمَشَ ۔ (ن) کھیل کود کرنا۔بے فائدہ کام کرنا

لَمَط ۔ ٹولی۔گروہ مص (ن) پریشان ہونا تڑپنا

لَمَظَ ۔ (ن) کھانے کے بعد منہ میں زبان پھیر کر چٹخارے لینا۔حق ادا کرنا۔

لُمْظَة ۔ ہونٹوں کی سفیدی۔سفید دھبہ۔دل کا کالا نقطہ۔ج: لُمَظ

لَمَعَ۔لَمَعَان (ف) چمکنا۔روشن ہونا [ب] لیجانا (بیدہ) اشارہ کرنا۔

لُمْعَة ۔ تر گھاس کے بیچ میں سوکھی ہوئی گھاس خشک پودہ۔جسم کا وہ حصہ جو غسل یا وضو میں خشک رہ جائے۔تھوڑی سی چیز جسم کا چمکتا ہوا حصہ۔آدمیوں کا گروہ۔ج: لِمَاع۔

لَمَقَ ۔ (ن) لکھنا مٹانا۔آنکھیں ملنا۔دیکھنا بڑی فوج۔بڑا گروہ۔ج: لَمَادِم

لَمْلَمَة ۔ اکٹھا کرنا۔گول کرنا۔

لَمَم ۔ ایک قسم کا پاگل پن۔چھوٹا گناہ۔گناہ سے نزدیکی۔

لَمُوح ۔ چمکنے والا۔

لَمُوس ۔ اونٹنی جس کی فربہی میں شک ہو۔منہ بولا بیٹا۔وہ آدمی جس کے نسب میں خرابی ہو ج: لُمُس۔

لَمُوص ۔ بہت جھوٹ بولنے والا۔مکار۔

لَمَّی ہونٹوں کا گندمی رنگ۔ ہلکی سی سیاہی نمکینی لیے ہوئے مص (س) گندمی یا سیاہ لبوں والا ہونا۔

لَمِیْحٌ - بہت کھانے والا۔ بہت جماع کرنے والا

لَمِیْسٌ - نرم و نازک عورت۔

لَمِیْكٌ - سرمہ لگا ہوا آدمی۔

ل - ن

لَنْ - ہرگز نہیں (حرف نفی ہے مضارع پر آکر مستقبل منفی موکد کے معنی پیدا کرتا ہے۔ لَنْ یَضْرِبَنِیْ وہ مجھ کو ہرگز نہیں مارے گا۔

لُنْدْرَا - لندن۔ دار السلطنت برطانیہ (د)

ل - و

لَوْ - کاش اگر (حرف شرط و تمنی)

لِوَا - فوج بریگیڈ (د)

لِوَاءٌ - سانپ کی کنڈلی۔ فوج کا جھنڈا جو سردار کے ہاتھ میں ہوتا ہے (د) ضلع۔ ج:۔ اَلْوِیَةٌ۔

لُوَاثٌ - سوکھا آٹا جو گیلے آٹے کے نیچے بچھا دیا جاتا ہے۔

لَوَّاحَةٌ - جھلس دینے والی۔

لِوَاذٌ - (ن) آڑ لینا۔ پناہ لینا (مفاعلہ) باہم کشتی لڑنا۔ دھوکا دینا۔

لَوَاقٌ - چکھنے کے لائق تھوڑی سی چیز۔

لَوَاقِحُ - ہوائیں جو درختوں کو بار دار اور بادلوں کو پُر آب کر دیتی ہیں۔

لَوَّامٌ - بہت ملامت کرنے والا۔ م:۔ لَوَّامَةٌ (النَّفْس) اَللَّوَّامَةُ۔ وہ نفس جو انسان کو ارتکاب معاصی پر ملامت کرتا ہے اس کا درجہ نفس مطمئنہ کے بعد ہے اور یا یہ وہ نفس مطمئنہ ہے کہ خود بھی فضائل کے ساتھ متصف ہو۔ اور دوسروں کو بھی برائیوں سے رد کے یعنی امر بالمعروف اور نا ہی عن المنکر ہو اس معنی کے لحاظ سے نفس مطمئنہ سے افضل ہوگا۔

لَوْبٌ - لُوُوْبٌ - لُوَابٌ - لُوْبٌ۔ پیاس مص (ن) پانی کے آس پاس چکر کاٹنا مگر اس تک نہ پہنچنا۔

لُوْبٌ - شہد کی مکھی۔ پیاسے اونٹ۔

لُوْبَاءٌ - لوبیا۔ لوبیا کی پھلی۔

لُوْبَةٌ - جھلستی ہوئی پتھریلی زمین۔

لُوَّةٌ - ایک لکڑی جس کی دھونی دیتے ہیں۔

لَوْتٌ - (ن) بغیر دریافت کی ہوئی خبر تبلانا۔ خبر کو چھپانا۔

لُوْتَارِیَةٌ - لاٹری (د)

لَوْثٌ - طاقت۔ قوت۔ زخم برائی۔ شک مص (ن) باندھنا۔ لپیٹنا۔ لتھیڑنا۔ چبانا۔ چھپنا۔ بیٹھنا (ض) دیر کرنا (ب) جمع ہونا

لَوَثٌ - سستی۔

لُوْثَةٌ - سستی۔ آہستگی۔ تاخیر۔ مہلت۔ بیوقوفی جنون۔ گنگ۔

لَوْجٌ - نشست ج:۔ اَلْوَاجٌ۔ (د)

لَوْحٌ - پیاسا ہونا۔ جگمگانا۔ چمکنا (الی) دیکھنا

لَوْحٌ - تختی۔ تختہ۔ پتھر۔ ہڈی (کوئی چوڑی چیز جو لکھنے کے کام آئے) زمین و آسمان کا بیچ۔ لوح محفوظ۔ آسمان میں ایک قدرتی تختی ہے اور بعض کے نزدیک لوح محفوظ سے مراد حفظ الٰہی ہے۔ ج:۔ اَلْوَاحٌ۔ جج:۔ اَلَاوِیْحُ

لَوَذ ۔ (س) سرکش و نافرمان ہونا۔
لَوْذ ۔ پہاڑ کا کنارہ۔ وادی کا موڑ (ن) (پ) پناہ پکڑنا۔
لَوْذَع ۔ لَوْذَعِی ۔ عقل مند۔ ہوشیار۔ تیز۔ گفتار فصیح
لُوْرَاد ۔ لارڈ (د)
لَوْز ۔ بادام۔ ج: لَوْزَة ۔ مص (ن) (من) چھٹکارا پانا (الی) پناہ پکڑنا۔
لَوْس ۔ (ن) چکھنا، مٹھائی تلاش کر کے کھانا۔
لَوْص ۔ کان کا درد۔ پسلی کا درد مص (ن) دروازہ یا سوراخ وغیرہ میں سے جھانکنا۔ لوٹ جانا
لَوْصَة ۔ پیٹھ کا درد۔
لُوْط ۔ ایک پیغمبر کا نام مبارک جو حضرت ابراہیم علیہما السلام کے بھتیجے تھے۔
لَوْط ۔ چادر۔ تجربہ کار۔ چالاک آدمی۔ چمٹنے والی چیز۔ سود۔
لَوْط ۔ لِوَاطَة ۔ (ن) لڑکوں سے بدفعلی کرنا۔ کسی بات کا دل میں کھپ جانا (تیر) پھینکنا۔ نظر بد لگنا۔ نظر بد لگانا۔ کسی کو کسی کے ساتھ ملا دینا
لَوْع ۔ لَوْعَة ۔ (ن) عشق کا دل کو جلانا۔ بیمار کرنا۔
لَوْع ۔ لُوُوع ۔ (ن) ڈرپوک ہونا۔ جھلس دینا۔ لالچی اور بری عادت والا ہو جانا۔
لَوْف ۔ ناپسند کھانا یا چارہ مص (ن) کھانے کو چبانا۔ اونٹ کا خشک گھاس کو کھانا۔
لُوْفَر ۔ پستول۔ ریوالور (د)
لَوْق ۔ (ن) (الطعام) کھانے کو گھی سے نرم کرنا (الدواة) روشنائی اور دوات درست کرنا
لَوَق ۔ (س) احمق اور بے وقوف ہو جانا۔
لَوْقَة ۔ ساخت۔ بناوٹ۔
لُوْقَة ۔ مسکہ ملے ہوئے ترچھوارے۔

لَوْک ۔ (ن) آہستہ آہستہ چبانا۔ گھوڑے کا لگام کو چبانا۔ دوسروں کی عیب جوئی کرنا۔
لُوْکَنْدَه ۔ ہوٹل۔ سرائے (د)
لَوْلَاء ۔ سختی۔ نقصان۔
لَوْلَب ۔ چکردار زینہ۔ ٹونٹی۔ کمانی۔ پیچ (د)
لُوْلُؤ ۔ موتی۔ ج: لآلی۔
لَوْم ۔ خوف۔ ڈر۔ ملامت۔
لَوَم ۔ ملامت کی زیادتی۔
لَوْمٌ ۔ مَلَام ۔ مَلَامَة ۔ (ن) ملامت کرنا۔
لُوْم ۔ کمینہ پن۔ کنجوسی۔
لُؤْم ۔ لَآمَة ۔ (ك) کنجوس ہونا۔ کمینہ ہونا۔
لَوْمَاء ۔ لَوْمَى ۔ ملامت۔
لَوْمَة ۔ خالص شہد۔ وہ کام جس پر ملامت کی جائے
لُوْمَة ۔ ملامت کیا ہوا آدمی۔ مہلت۔ انتظار۔
لُوَمَة ۔ بہت ملامت کرنے والا آدمی۔
لَوْمَی ۔ لَوْمَاء ۔ ملامت۔
لَوْن ۔ رنگ۔ قسم۔ ہیئات۔ شکل۔ ج:۔
لَوْه ۔ لَوَهَان ۔ (ن) چمکنا (سراب کا)
لَوَی ۔ پیچش۔ پیٹ کا درد۔ کجی۔
لُوَی ۔ بیکار اور باطل چیزیں۔
لَوِی ۔ سوکھی یا مرجھائی ہوئی گھاس۔
لَوِیَّة ۔ وہ کھانا جو احتیاط کے ساتھ اٹھا کر دوسرے کے واسطے رکھ دیا جائے۔ ج:
لَوَایَا۔

ل ۔ ہ

لَہ ۔ (ن) نازک کر دینا۔ شعر اور کلام کو سلیس اور سادہ کرنا۔
لُہَاب ۔ پیاس۔

لَہَاۃ ۔ گلے کا کوا ۔ ج : لَھَوَات ۔ لَھَیَات
لُھَاث ۔ پیاس کی شدت ۔ موت کی سختی ۔
لَھَاث ۔ پیاسا ہونا ۔
لُھَاد ۔ ہچکی ۔
لُھَاس ۔ لُھَاسَۃ ۔ کھانے کی تھوڑی مقدار ۔
لَھَاعَۃ ۔ بھول چوک ، بے خبری ، غفلت ۔
اَلھَاق ۔ لِھَاق ۔ بہت زیادہ سفید ۔
لُھَام ۔ بڑا لشکر ۔ بڑی فوج ۔
لَھْب ۔ آگ کی لپٹ جس میں دھواں نہ ہو ۔
لَھْب ۔ لَھَبَان ۔ لُھَاب ۔ (ف) آگ کا بغیر دھوئیں کے لپٹ دینا ۔
لِھْب ۔ گھاٹی ۔ درّہ ۔ ج : اَلْھَاب ۔ لُھُوْب لِھَاب ۔ لِھَابَۃ ۔
لَھَب ۔ آگ کی لو یا انگارہ ۔ اونچی چڑھی ہوئی گرد مص (س) پیاسا ہونا ۔
لَھْبَان ۔ پیاسا ۔ ج : لِھَاب ۔
لَھَبَان ۔ گرمی کی تیزی ۔ آگ کا شعلہ گرم دن ۔ پیاس
لُھْبَۃ ۔ پیاس ۔ خالص سفیدی ۔
لَھَث ۔ پیاسا ہونا ۔
لَھْث ۔ (ف) کتے یا کسی تھکے ہوئے جانور کا پیاس اور تھکن کے سبب زبان باہر نکال دینا بے دم ہوجانا ۔ سانس بھر آنا ۔
لَھْثَان پیاسا آدمی ۔
لَھَثَان پیاسا ہونا ۔
لُھْثَۃ ۔ تکان ۔ پیاس ۔
لَھَج ۔ (س) (پ) حرص کرنا کسی بات پر جم جانا
لَھْجَۃ ۔ زبان ۔ بولی ۔ آواز ۔ ادائیگی کا طرز ۔
لَھْد ۔ جاہل ۔ کمینہ ۔ کند ذہن ۔ غبی غمگین ۔ آسیب کے اثر سے سینہ کی گھٹن اور درد

معروف) جانور پر حد سے زیادہ بوجھ لادنا کھانا یا چاٹنا ۔ ذلت سے دھکے دینا ۔
لَھْز ۔ (ف) ل چاٹنا چھونا ۔ گردن پر گھونسے مارنا
لِھْزِمَۃ ۔ وہ ہڈی جو کان کے نیچے جبڑے میں ہوتی ہے
لَھْس ۔ (ف) چاٹنا ۔ بچہ کا بغیر دودھ پینے کے چھاتی کو چوسنا ۔
لُھْسَۃ تھوڑی سی چیز ۔
لَھْط ۔ (ف) طمانچہ مارنا (کپڑے کو) سینا (بچہ) جننا ۔
لَہِع ۔ محبت کرنے والا ۔ بے ادب ۔
لَھَع ۔ (س) ہر کسی سے اُنس و محبت کرنے لگنا بے ادب ہوجانا ۔ بات کرتے ہوئے ہونٹ مروڑنا ۔
لَھْف ۔ افسوس ایک کلمہ جس سے گذری ہوئی بات پر افسوس ظاہر کرتے ہیں) رنج ، غمگین ۔
لَھْفَان پریشان حال والا ۔ ستایا ہوا ۔ رنج اور تکلیف پہنچا ہوا ۔ افسوس کرنے والا ۔
لَھَق ۔ سفید بیل یا سفید چیز ۔ ج : لِھَاق لَھَقَات
لَھْق ۔ (س ۔ ف) بہت سفید ہونا
لَھْلَھَۃ ۔ کپڑے کو ٹھوس اور ٹھکا ہوا بُننا ۔
لِہَم ۔ سخی ۔ بہت خیرات کرنے والا ۔
لِھْم ۔ ہر ایک پرانی چیز ۔ ج : لُھُوْم
لَھْم ۔ (س) یکبارگی نکل جانا ۔
لُھْنَۃ ۔ سوغات جو مسافر سفر سے لوٹتے وقت ساتھ لائے ۔
لَھْو ۔ (ن) کھیلنا کودنا ۔
لَھُوّ ۔ غفلت کرنے والا ۔ توجہ نہ کرنے والا ۔

لُهْوَة ۔ ایک مٹھی دانہ جو چکی میں ڈالا جاتا ہے ۔
ج: لُهًی ۔
لَهْوَجَة ۔ کسی کام کا ادھورا ۔ ناتمام اور کچا چھوڑنا
لَهْوَق ۔ ایسی خوبیوں پر فخر کرنے والا جو اس کے اندر نہ ہوں ۔ بناوٹی آدمی ۔ شیخی مارنے والا
لَهْوَقَة ۔ ظاہر کرنا کسی ایسی صفت کو کہ اس میں وہ نہ ہو ۔ بناوٹ کرنا ۔
لَهُوْم ۔ بہت کھانے والا ۔
لَهِیَ ۔ (س) [ب] دوست رکھنا [عن] بھول جانا ۔ تسلی پانا ۔
لُهْیَة ۔ عطیہ بڑا انعام ۔
لَهِیْد ۔ تھکا ہوا ۔
لَهِیْفَة ۔ بے خبری ۔ بھول چوک ، بیچنے اور خریدنے میں اس قدر کاہلی اور سستی کہ گھاٹا اور نقصان اٹھانا پڑے ۔
لَهِیْف ۔ پریشان ۔ بے وسیلہ ، تکلیف اٹھانے والا ۔ افسوس کرنے والا ۔ لانبے قد کا آدمی
لُهَیْم ۔ سختی ۔ بلا ۔ موت ۔ بڑی دیگ ۔

ل ۔ ی

لَیَّ ۔ لُوِیَّ ۔ (ض) رسی بٹنا ۔ رسی کو دُھرا کرنا ۔ بیس سال کی عمر کا ہو جانا ۔
لَیَّ ۔ لَیَّان ۔ (ض) موڑنا ۔ گھمانا کسی کے مقابلہ میں دوسرے کو بڑا بنانا اور چن لینا ۔
لَیَّ ۔ لِیَّان ۔ (ن) [ب] قرض کے ادا کرنے میں دیر لگانا ۔ کسی کے حق کا انکار کرنا ۔
لَیَاءُ ۔ وہ زمین جہاں سے پانی دور ہو ۔
لِیَاءُ ۔ ایک سفید دانہ ہے چنے کی طرح صبح کا وقت ۔ جنگلی بیل ۔ ہر سفید چیز ۔

لِیَاط ۔ گچ ۔ چونہ ۔ گوبر ۔
رِیحٌ لِیَاغ ۔ آندھی ، تیز و تند ہوا ۔
لِیَاق ۔ آگ کا شعلہ ، لو لپٹ ۔
لِیَان ۔ (مفاعلہ) آپس میں نرمی کرنا ۔
لَیْتَ ۔ کاش ! (یہ حرف تمنا ہے کسی چیز کی تمنا کے ظاہر کرنے اور اکثر ناممکن چیزوں کی آرزو کرنے کے لئے آتا ہے ۔)
لِیْت ۔ گردن کی ایک جانب ۔ کنپٹی
لَیْث ۔ شیر ۔ ایک قسم کی مکڑی ، خوب بولنے اور تقریر کرنے والا ۔ ج: لُیُوْث
لَیْثَة ۔ سیاہ سفید ڈاڑھی (کھچڑی ڈاڑھی)
لِیْرَة ۔ ترکی پونڈ (د)
لَیْسَ ۔ نہیں ہے (یہ کلمہ نفی ہے اور فعل ماضی ہے اس کی اصل یا تو لَیِسَ تھی ی کو ساکن کر دیا گیا تاکہ پڑھنا آسان ہو جائے اور یا لَا اَیْسَ نفی اَیْسَ کے معنی موجود کے ہیں ہمزہ کو گرا کر لام کو یَ میں ملا دیا لَیْسَ ۔ ہو گیا ۔
لَیِسَ ۔ (س) بہادری [عن] بے خبری ۔ بھول چوک ۔
لَیْص ۔ (ض) ٹیڑھا ہونا ۔ ٹیڑھا کرنا ۔ کھونٹی وغیرہ کو اکھاڑنے کے لئے ہلانا ۔
لَیْط ۔ کسی چیز کا رنگ (ض) ، دل میں کسی چیز کا بیٹھ جانا ۔ لعنت کرنا (یا العین) نظر لگانا ۔
لِیْط ۔ عادت ۔ طور ۔ طریقہ ۔ ج: اَلْیَاط
لِیْطَة ۔ کمان ۔ نیزہ ۔ ج: لِیَط ۔ اَلْیَاط
لَیْعَان ۔ (ض) رنج و تکلیف سے رونا ۔ تڑپنا تلملانا ۔

لَیَغ - انتہائی بے وقوفی۔
لَیْغ - (ض) مانگنا۔ طلب کرنا۔
لِیْف - کھجور کے درخت کی چھال (ریشہ)
لَیْف - (ض) کھانا کھانا۔
لَیْق - لَیْقَۃ - (ض) دوات میں صوف ڈالنا دوات کی سیاہی۔ درست کرنا۔ سیاہی کا صوف میں چمٹ جانا۔ کپڑے کا جسم پر چُست آنا۔ لائق ہونا۔
لِیْقَۃ - دوات کا صوف۔ گارے کی کیچڑ یا چکنے والی مٹی کا لوندا۔
لَیْل - رات (۱) لَیْلَۃ ج:۔ لَیَالِی۔ لَیَائِل لَیْلَات۔
لَیْلٌ - لَائِلٌ - لَیْلٌ - اَلْیَل - بہت اندھیری رات
لَیْلَۃُ الوَصْل - مہینہ کی پچھلی رات۔
لَیْلَۃُ القَدْر - وہ رات جو فصل امور کے لئے اللہ تعالیٰ نے معین کر لی ہے۔
لَیْلَۃُ السَّوَاء - مہینہ کی تیرھویں یا چودھویں رات
لَیْلیٰ - ایک عورت کا نام۔
لَیْلَی الخَمْر - شراب کی مستی۔ نشے کی ترنگ۔
لَیْلِی - بورڈر۔ طالب علم جو دار الاقامہ میں مقیم ہو (د)
لِیْم - صلح۔ مشابہت۔
لِیْمَان - بندرگاہ (د)
لَیْمُوْن - مشہور پھل (لیمو)
لَیِّن - نرم و نازک۔ پلپلا۔ ج:۔ لَیِّنُوْن اَلْیِنَا۔
لِیْن - لَیَان (ض) نرم ہونا۔
لَیْن - نرم و نازک۔
لِیْنَۃ - کمزوری۔ نرمی۔ مکہ کے راستہ میں حضرت سلیمان کا کھودا ہوا ایک کنواں۔ کھجور کا نرم درخت۔
لِیُوتِنَان - لفٹینٹ (د)
لَیَّہ - (ض) اونچا ہونا۔ چھپنا۔
لَئِیْم - کنجوس۔ بخیل۔ ج:۔ لِئَام۔ لُؤَمَاء

م - ا

مَا - نہیں (حرف نفی) کیا (حرف استفہام) وہ چیز (اسم موصوف) جو کچھ۔ جس کو (اسم موصول)
مِاْئَۃ - سَو (اسم عدد) ج:۔ مِئُوْن۔ مِئَات (فی المأۃ فی صدی)
مَآب - لوٹ کر آنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ ج:۔ مَآوِب
مَأبُوْت - تیز مزاج آدمی۔ غصہ ور۔
مَأتَۃ - عزت۔ قرابت۔ ج:۔ مَوَات
مَاتِح - پانی کھینچنے والا۔
مَاتِع - ہر اچھی چیز۔ مضبوط رسی۔ لمبی چیز۔
مَأتَم - کسی کی موت پر رنج اور افسوس رونا۔ پیٹنا۔ اصل لغت میں عام ہے۔ شادی یا غم میں مردوں یا عورتوں کا مجمع (جمع ہونے کی جگہ۔ ج:۔ مَآتِم
مَأتِی - آنے والا۔ اسم مفعول بمعنی فاعل۔
مَآثِرُ العَرَب - عرب کے سردار۔ بڑے آدمی۔ (عرب کے)
مَأثَرَۃ - خاندانی بزرگی جو لوگوں میں مشہور ہو۔ ج:۔ مَآثِر۔
مَاثِل - مٹا ہوا نشان۔ قدم۔
مَاثِلَۃ - ڈیوٹ (جس پر چراغ رکھتے ہیں)۔ ج:۔ مَوَاثِل۔
مَأثَم - گناہ مص (س) گناہ کرنا (ص) گناہ کا

بدلہ دینا۔

مَأثُور ۔ منقول ۔ روایت کیا ہوا۔

مَاثِیَۃ ۔مَاثَاۃ ۔چغل خوری۔

مَأج ۔ کڑوا ۔کھاری پانی ۔ لڑائی ۔ بے چینی

مَاجّ ۔ بوڑھا آدمی جس کی رال بڑھاپے کی وجہ سے ٹپکتی رہتی ہے۔

مَاجِد ۔ بزرگ آدمی ۔عزت والا ۔سخی ۔ اچھی عادت والا۔

مَاجِنَۃ ۔ بے شرم و بے حیا عورت۔

مَأجَل ۔مُؤَجَّل تالاب ۔ج: ۔ مَآجِل ۔

مَاجِن ۔ مسخرہ ۔گستاخ ۔منہ پھٹ ۔بے شرم ج: ۔ مُجّان ۔

مَاجُوج ۔ ایک فسادی اور سرکش قوم ۔

مَاجُور ۔ میجر ۔ (د)

مَاح ۔ انڈے کی سفیدی ۔

مَاحِش ۔ کھاؤ ۔جس کی زیادہ کھانے کی وجہ سے توند نکل آئے ۔چلانے والا۔

مَاحِل ۔ لڑاکو دشمن ۔متغیر رنگ والا ۔ اَرضٌ مَاحِلٌ ۔ وہ سرزمین جس میں قحط پڑا ہو

دیَوْمٌ ، مَاحِقٌ ۔ گرم دن ۔

مَاحِی ۔ مٹانے والا ۔ج: ۔مُحَاۃ ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے کہ اللہ تعالے نے ان کے سبب سے کفر کو ملیا میٹ کردیا ۔مکہ معظمہ کا نام ۔

مَاخِرَۃ ۔ اسٹیمر ۔ج: ۔ مَوَاخِر (د)

مَاخِض ۔ جس کو جننے کا درد ہو ۔ج: مَوَاخِض مُخّض ۔

مَاخُور ۔ بدکاروں کی مجلس ۔بدکاری کا گھر ۔ج:

مَأد ۔ ہر نرم و ملائم چیز ۔رسا ہوا پانی جو اکٹھا ہوگیا ہو ۔نازو ادا اور آرام میں پلا ہوا آدمی ۔ مص (ف) ، ٹہنی کا جھومنا۔

مَأدُبَۃ ۔ مہمانی ۔شادی بیاہ کا کھانا ۔ج: مَآدِب

مَأدَۃ ۔ نازک عورت ۔آرام و راحت میں پلی ہوئی

مَأدُور ۔ جس کے بائیں فوطہ میں آنتیں اتر آئی ہوں ۔ج: ۔مَآدِیر ۔

مَادَّۃ ۔ وہ چیز جس سے دوسری چیزیں بنائی جائیں ۔ہر چیز کی اصل ۔ہیولا (د) قانون کی دفعہ ۔بیڑیاں (مَادّ کا مؤنث) ج: ۔مَوَادّ ۔ مَادَّات ۔

مَادِہ ۔ تعریف کرنے والا ۔ج: ۔مُدَّاۃ

مَاذِی ۔ سفید شہد ۔لوہے کا ہتھیار۔

مَاذِیَانَات ۔کاریزیں ۔نہر وغیرہ کے کناروں پر اگ آنے والی گھانس ۔

مَاذِیَۃ ۔ آسانی سے حلق سے نیچے اتر جانیوالی شراب ۔

مَأر ۔ (ف) بھڑنا (بین) ، دشمنی اور پھوٹ ڈالنا ۔دشمنی کرنا ۔

مَأر ۔ (س) زخم کا سڑ جانا (علی) کسی سے دشمنی کا قصد کرنا ۔

مَأرَبَۃ ۔ ضرورت ۔غرض ۔حاجت ج: مَآرِب

مَارِجٌ مِّنَ النَّار ۔بغیر دھوئیں کے آگ ۔انگارا۔

مَارِد ۔ حد سے گزر جانیوالا ۔سرکش ۔ ج: ۔ مَرَدَۃ ۔

مَارِس ۔ مارچ کا مہینہ ۔کھیت ۔

مَارِسْتَان ۔ہسپتال ۔ شفاخانہ (د)

مَارِض ۔ بیمار ۔

مَارِقَۃ ۔ خارجیوں کا گروہ ۔دین سے خارج ہونے والی جماعت ۔

مَارِکَہ - تجارتی نشان - ٹریڈ مارک (د)
مَارِن - ناک یا ناک کا اگلا نرم حصّہ۔
مَارُوت - ایک فرشتہ کا نام -
مَاری - سینٹ عیسائی ولی (د)
مَارِیَۃ - گورے رنگ کی عورت - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ مطہرہ رضی اللہ عنہا کا نام -
مَارِقَہ - پرندوں کی بیٹ - ج: مَوَارِق -
مَأزِم - تنگ جگہ - لڑائی کا میدان - تنگی - ج:
مَآزِم -
مَأس - اونٹنی کے تھنوں میں دودھ کا جمع ہو جانا - گھاؤ کا بڑھ جانا (علی) کسی پر غصہ کرنا (بین) لڑائی جھگڑا کرنا -
(رَجُلٌ) مَاس - وہ آدمی جو لوگوں کی نصیحت و فضیحت کی پروا نہ کرتا ہو -
مَاسَاۃ - ٹریجیڈی - افسانۂ غم (د)
مَاسِح - بہت زیادہ قتال کرنے والا - بہت جھوٹ بولنے والا -
مَاسِخِی - کمان بنانے والا -
مَاسُوس - قیدی جس کا پیشاب رُک گیا ہو -
مَاسُورَۃ - نالی - پائپ (د)
مَاش - (ف) دور کرنا - مینہ کا زمین کو صاف کر دینا اور کوڑے کرکٹ کو بہا لے جانا -
مَاشِیَۃ - چوپایہ - اونٹ بکری وغیرہ - زیادہ بال بچوں والی عورت ج: مَوَاشِی
مَاشَّۃ - چھوٹے بچوں کی ایک بیماری -
مَأصِرٌ - قید خانہ - جیل - ج: مَآصِر -
مَاصِر - کم اور بد رنگ دودھ کی اونٹنی - دو چیزوں کے بیچ کا پردہ (روک) ج:
مِصَار -
مَاصِع - کھاری اور گدلا پانی - صاف پانی چھکنے والی چیز -
مَاضِح - کسی کی عزت و آبرو پر حملہ کرنے والا
مَاضِغَۃ - بے وقوف - احمق -
مَاضِی - گذرنے والا - کاٹنے والا - شیر - تلوار ہوشیار آدمی - گذرا ہوا زمانہ ج:
مُضَاۃ
(یَومٌ) مَاطِر بارش کا دن -
(حِمَارٌ) مَاعِج - تیز دوڑنے والا گدھا -
مَاعِز - ایک بکرا - ج: معز م: مَاعِزَۃ ج: مَوَاعِظ -
مَاعُون - برتنے کی چھوٹی موٹی چیز (جو آپس میں ایک دوسرے کو فائدہ پہنچانے کے لئے دیدی جاتی ہے) بھلائی، احسان - مینہ - پانی (د) کاغذ کا رم -
مَاعِی - ملائم اور نرم کھانا -
مَافُوک - کسی چیز سے رد کا ہوا - بے عقل - کم سمجھ
مَأَق - مَأَقَۃ - (س) روتے روتے بچہ کی ہچکی بندھ جانا ؛ مَأَقَۃ - رونے کی ہچکی -
مَاقِط - کنکری پھینک کر فال لینے والا - دُبلا اُونٹ، آزاد کئے ہوئے (غلام) کا آزاد کیا ہوا (غلام) لڑائی کے میدان کی تنگ جگہ - ڈول کی رسی - ج: مُقَّط
مَاکِث - ٹھہرنے والا - دیر کرنے والا -
مَاکِس - دھوکہ دینے والا - اونٹوں کا وہ قافلہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ غلّے لے جاتا ہو تدبیر کرنے والا -
مَأکَل - کھانے کی چیز - کمائی - ج: مَآکِل -

مَأکَمٌ - مَأکَمَۃ - چوتڑ کے اوپر کے حصّہ پر ایک
گوشت کا ٹکڑا۔ ج: مَآکِم۔
مَاکِنَۃ - مَاکِیْنَۃ - مشین گن (د)
مَأکُول - رعیت - کھایا ہوا۔
مَال - سامان روپیہ، دولت وغیرہ جو کسی کی
ملک میں ہو۔ ج: اَمْوَال
مَئَال - (ت) [الی] کسی کی طرف رجوع کرنا۔
[عن] کسی سے اعراض کرنا۔ کم ہو جانا۔
چھوٹنا۔
مَالِیٌٔ - بھرنے والا۔ پُر کرنے والا۔
مَأْلَۃ - مرغزار۔ چکی۔ ج: مِئَال۔
مَالَۃ - مالدار (مذکر و مؤنث) ج: مَالَات
مَالِطَہ - مالٹا۔
مَالَق - پٹیلہ (جس سے کھیت کی مٹی باریک اور
ہموار کی جاتی ہے)۔
مَالِكٌ - آقا۔ بادشاہ۔ ج: مُلَّاك۔ مُلَّك
دوزخ کے داروغہ کا نام۔
مَأْلَكَۃ - مَأْلُكٌ - پیام۔
مَالُ مِیْدِی - ٹیکس۔ (د)
مَالُولَۃ - تنگ آیا ہوا آدمی۔
مَالِی - مہاجن (د)
مَالِیَّۃ - صیغہ مال۔ فنانس (د)
مَأْمَاۃ - بکری یا ہرن کا میں میں کرنا۔
(اَجَلٌ) مَأمُوت - معین و مقرر وقت۔
مَأمَن - امن کی جگہ۔
مَأمُور - محکوم۔ مقرر (د) سرکاری عہدہ دار۔
مَأمُوس - آگ۔ آگ کی بھٹی۔ تنور۔
مَأمُوم - جس کے دماغ پر چوٹ آئی ہو۔ وہ اونٹ
جس کی پیٹھ کے بال چوٹ یا زخم یا پالان کی
وجہ سے گر گئے ہوں۔
مَأمُون - امانت دار۔
مَأن - ہل۔ کدالی۔ وغیرہ (زمین گاہنے کا اوزار)
ج: مُؤُن مص (ف) پرواہ کرنا۔
ڈرنا۔ پچانا۔ بھانپنا۔ کسی کا بوجھ اٹھانا۔
کوئی چیز ڈھونڈنا اور اس کے لئے دیر
تک تکلیف اٹھانا۔
مَأنَۃ - ناف۔ کوکھ۔ ج: مَأنَات۔ مُؤُون
مَانِع - روکنے والا۔ ج: مَنَعَۃ م: مَانِعَۃ
ج: مَوَانِع۔
مَأْنُوسَۃ - آگ۔
مَأنُوس - انس پکڑا ہوا۔
مَاوَرَدَہ - مکان کا اگلا حصہ۔ (د)
مَأوَی - مَأوَاۃ - پناہ پکڑنے کی جگہ۔ منزل۔ ٹھکانا
مَاوِیَّۃ - آئینہ۔ ج: مَاوِی۔
مَاہ - شہر کا قصبہ۔
مَاھَۃ - چیچک۔ بہت پانی والا کنواں۔
مَاھِج - پتلی چربی۔ پتلا دودھ۔
مَاھِد - بچھانے والا۔
مَاھِر - کسی ہنر یا فن کا خوب جاننے والا۔
ہوشیار۔ عقلمند۔ خوب تیرنے والا۔
ج: مَھَرَۃ۔
مَاھِن - خدمتگار۔ غلام۔
مَاھِیَّۃ - تنخواہ۔ مشاہرہ (د)۔
مَأی - کسی کام میں زیادتی کرنا۔ انتہا کو پہنچانا
غور سے دیکھنا۔ درخت میں کلیاں آجانا
کونپلیں نکل آنا۔ نکالنا [بین] فساد کرانا
مَائِدَۃ - کھانے سے چنا ہوا دسترخوان۔ زمین کا
ایک دائرہ ج: مَوَائِد۔

مَائِر ۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں اناج لانے والا ۔ ج ۔ مَیَّارَة ۔ و مُیَّاد

مَائِعَه ۔ بہنے والی چیز ۔ ایک قسم کا گوند یا خوشبودار عطر ۔ گھوڑے کی پیشانی کے بال ج : ۔ مَوَائِع ۔

مَائِق ۔ احمق ۔ ج ۔ مَوْقیٰ

مَائِل ۔ پھر جانے والا خم کھانیوالا ج : مَالَة مُیَّل

مَائِلَات ۔ وہ عورتیں جو نازو ادا کیساتھ جھومتی ہوئی چلیں ۔ یا وہ عورتیں جو اللہ تعالے کی اطاعت سے منہ موڑے ہوئے ہوں

مَایُو ۔ مئی کا مہینہ (د)

م ۔ ب

مُبَاتَحَة ۔ لڑائی کرنا ۔ جنگ کرنا ۔

مُبَاح ۔ جائز ۔ روا ۔

مُبَاحَتَة ۔ سادہ پانی پینا ۔ سچی اور خالص دوستی کرنا

مُبَاحَثَة ۔ آپس میں بحث کرنا ۔ اختلافی گفتگو کرنا ۔

مُبَادَرَة ۔ آگے بڑھ جانا ۔ کسی کی طرف دوڑنا ۔

مُبَادَلَة ۔ آپس میں ادلا بدلا کرنا ۔

مُبَاذَاة ۔ آپس میں گالم گلوچ کرنا ۔

مُبَاذَرَة ۔ فضول خرچی کرنا ۔

مُبَارَاة ۔ برابری کرنا ۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا (د) میچ ۔

مُبَارَزَة ۔ لڑائی کے لیے صف میں سے باہر آنا ۔

مُبَارَك ۔ برکت والا ۔ مقدس ۔ م : مُبَارَكَة

مُبَاسَلَة ۔ لڑائی یا باہم حملہ کرنا ۔

مُبَاشَرَة ۔ عورت سے صحبت کرنا ۔ عورت مرد کا آپس میں ننگے بدن لپٹنا ۔ یا ایک کپڑے میں سونا

مُبَاشَرَة ۔ براہِ راست ۔ ڈائرکٹ (د)

مُبَاصَرَة ۔ اونچے ہو کر یا ایڑیاں اٹھا کر دور سے دیکھنا ۔ کوئی چیز دیکھنے میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا ۔

مُبَاطَنَة ۔ مشورہ کرنا ۔ رائے لینا ۔

مُبَاعَلَة ۔ آپس میں سمدھی بننا ۔ ایک دوسرے کے پاس اٹھنا بیٹھنا ۔

مُبَاغَاة ۔ زنا کرنا ۔

مُبَاغَمَة نرم آواز کے ساتھ بات چیت کرنا ۔

مُبَاكَرَة ۔ صبح کے وقت آنا ۔

مُبَالَاة ۔ پروا کرنا ۔ ڈرنا خوف رکھنا ۔ توجہ کرنا

مُبَالَدَة ۔ چھری یا تلوار سے ایک دوسرے کو مارنا

مُبَالَطَة ۔ عیب نکالنا ۔ لڑائی کے لیے میدان میں اترنا ۔

مُبَالَغَة ۔ انتہا کو پہنچانا ۔ کوشش میں کمی نہ کرنا ۔

مُبَاهَاة ۔ فخر کرنا خوبی اور اچھائی میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا ۔

مُبَاهَجَة ۔ خوبی اور نیکی میں مقابلہ کرنا ۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا ۔

مُبَاهَلَة ۔ کسی امر متنازعہ فیہ میں فریقین کا یہ کہنا کہ ہم سے جو غلطی پر ہو اس پر خدا کی مار اور لعنت ہو ۔

مُبَايَعَة ۔ آپس میں خریدنا بیچنا ۔ کسی کے ہاتھ پہ بیعت کرنا ۔

مُبْتَدَاء ۔ کسی چیز کا شروع (نحویوں کی اصطلاح میں جملہ اسمیہ کا مسند الیہ) ۔

مُبْتَدِع بدعتی ۔ دین میں نئی بات نکالنے والا ۔

مُبْتَذِل ۔ پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا ۔ کاٹنے والی تیز تلوار ۔

مُبتَلِی آزمانے والا۔
مَبتُوتَۃ۔ طلاق بائن دی ہوئی عورت
مَبثُوث۔ پراگندہ۔ منتشر۔ م:۔ مَبثُوثَۃ
مَبثُور۔ بہت مالدار جس پر حسد کیا جاتا ہو۔
مَبحَث ۔ بحث۔ بحث کرنے کی جگہ ج:۔ مَبَاحِث
مَبدَاء۔ مُبتَدَءَۃ ۔ مُبتَدَاء ۔ شروع اول۔ ابتدا۔
مُبدِع ۔ موجد۔ نیا۔ پیدا کرنے والا (خدائے تعالیٰ کی صفت) نئے طرز سے نئے طریقے پر شعر کہنے والا۔
مُبَدِّل۔ بدل دینے والا۔ تبدیل کرنے والا۔
مِبدَہ ۔ اچانک آجانے والا۔
مُبدِی ۔ نیا اور انوکھا کام کرنے والا۔ خدائے تعالےٰ کے ناموں میں سے ایک نام۔
مُبَذِّر۔ فضول خرچ۔ مسرف
مِبذَل۔ مِبذَلَۃ۔ پھٹا پرانا کپڑا۔ وہ کپڑا جو روزمرہ پہنا جائے ج:۔ مَبَاذِل
مَبذُوع۔ ڈرایا ہوا۔ ڈرنے والا۔
مِبرَاۃ ۔ قلم تراش (د)
مُبَرَّء ۔ بری۔ بیزار۔ پاک
مَبَرَّۃ ۔ ماں باپ کی اطاعت۔ فرمانبرداری
مِبرَۃ ۔ ریتی (لوہا گھسنے کا اوزار)
مَبرَز۔ پاخانہ کی جگہ۔ ج:۔ مَبَارِز۔
مِبرَشَۃ۔ برش (د)
مُبرِق ۔ اونٹنی جو دم اٹھائے اور اپنے آپ کو حاملہ ظاہر کرے۔ حالانکہ حاملہ نہ ہو۔
مَبرَک اونٹوں کے سونے اور رہنے کی جگہ ج مَبَارِک مدینہ منورہ میں وہ جگہ جہاں بعد ہجرت پہلی بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی بیٹھی۔
مِبرَم ۔ رسی بٹنے کا تکلا ج:۔ مَبَارِم
مُبرِم ۔ بے مزہ بات کہنے والا۔ لالچی۔ ہانڈی بنانے والا۔ رسی بٹنے والا۔ مضبوط کرنے والا۔
مَدِیّ۔ حوض کی نالی میں سے گرنے والا۔ ناپاک اور استعمال کیا ہوا پانی۔ کنویں کے سوت۔ ج: أَمْدِیَۃ۔
مِدْیَان۔ جسے قرض لینے اور قرض دینے کی عادت ہو۔

مُدْیَہ۔ چھری۔ کٹاری۔ کمان کا قبضہ۔ کسی چیز کی حد۔ نہایت۔ ج: مُدًی مُدْیَات
مَدِیح۔ تعریف۔ اشعار قصیدہ وغیرہ جن میں تعریف ہو۔ ج: مَدَائِح۔
مَدِید۔ کھینچا ہوا۔ لمبا۔ گھاس۔ چارہ۔ عروض کی ایک بحر۔ پانی جس میں آٹا، سوکھی روٹی۔ تل۔ کھل، جو وغیرہ ملا کر اونٹ کو کھلائیں (سانی) ج: مُدُد۔
مُدِیر۔ حاکم ضلع۔ مینجر۔ مہتم۔ (د)
مُدِیرُ البَرِیدُ العَام۔ پوسٹ ماسٹر جنرل (د)
مُدِیرُ البُوسْطَہ۔ پوسٹ ماسٹر۔ (د)
مُدِیرُ المَال۔ کلکٹر (د)
مُدِیرُ المدرسہ۔ پرنسپل۔ (د)
مُدِیرُ المَدَارِس۔ ڈائرکٹر۔ (د)
مُدِیم۔ مزاج کے گرم ہونے کی وجہ سے جس کی نکسیر چھوٹے۔
مَدِین۔ قرض دار (جس پر قرض ہو) بدلہ پایا ہوا غلام۔ شہر۔
مَدْیَن۔ حضرت شعیب علیہ السلام کی بستی کا نام۔
مَدِینَۃ۔ شہر۔ مدینہ منورہ جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرما کر تشریف لائے۔ لونڈی۔ قلعہ۔
مَدْیُون۔ قرض دار۔

م-ذ

مَذَّاء۔ وہ آدمی جس کی مذی بہت زیادہ خارج ہوتی ہو

مَذَارِع۔ شہر کے آس پاس کے گاؤں، جن میں کھیت اور باغ ہوں۔ چوپایہ کے ہاتھ پاؤں کھیتی اور جنگل کی زمین کے درمیانی گاؤں۔ وا: مِذْرَاع
مُذَارَعَة۔ آپس میں مل جانا۔ ناپ کر بیچنا۔
مَذَّاع۔ جھوٹ بولنے والا۔ بے وفا آدمی جو لوگوں کے راز کھول دیتا ہے۔ ایک جگہ نہ رکنے والا۔ ظِلٌّ مَذَّاع۔ چلتی پھرتی چھاؤں۔ وہ آدمی جس کی منی یا پیشاب قبل از وقت خارج ہو جائے۔
مَذَاق۔ مَذَاقَة۔ (ن) چکھنا۔
مَذَّاق۔ لالچی دوست۔ خود غرض۔
مَذْءُوم۔ مذمت کیا ہوا۔ مردود۔
مُذَائِر۔ شوہر سے نفرت کرنے والی عورت۔ اونٹنی جو اپنے بچے سے محبت نہ کرتی ہو۔
مُذَبِّب۔ جلد باز۔ دور کی پیاس جو پانی کی طرف آدمی کو دوڑائے۔
مِذَبَّة۔ چوری (جس سے مکھیاں اڑائی جاتی ہیں) ج: مَذَابّ۔
مِذْبَح۔ ذبح کرنے کا آلہ۔ ج: مَذَابِح۔
مَذْبَح۔ قربانی کرنے کی جگہ۔ ایک بالشت کے برابر زمین کا شگاف۔ محراب۔ چھتا نصاریٰ کا عبادت خانہ۔
مُذَبْذَب۔ جس کا دل کسی ایک بات پر نہ جمتا ہو۔
مَذْبُوب۔ دیوانہ۔ پاگل۔ مکھی کا کاٹا ہوا اونٹ۔
مَذْبُوح۔ ذبح کیا ہوا۔
مَذَح۔ جنگلی گل انار کا شہد مص (س) چلتے ہوئے دونوں رانوں کا آپس میں لگنا۔
مَذَر۔ (س) انڈے کا گندا ہو جانا۔ جی متلانا۔
معدہ کا خراب ہونا۔ اخروٹ کا خراب ہو جانا
(سَیْف) مُذَرَّب۔ تیز دھار والی تلوار۔ زہر میں بجھی ہوئی تلوار۔
(لَبَن) مُذَرَّق۔ پانی ملا ہوا دودھ۔
(دَمْع) مَذْرُوف۔ بہتا ہوا آنسو۔
مِذْرَی۔ چھاج۔ ج: مَذَارِی
مَذْع۔ (ف) قسم کھانا۔ پہاڑ پر چشمہ پھوٹنا۔
مَذْعٌ۔ مَذَعَانٌ۔ خبر کا کچھ حصہ بتلانا کچھ چھپا لینا۔ پیشاب کرنا۔
(مَوْتٌ) مُذْعِفٌ۔ جھٹ پٹ مار ڈالنے والی موت
مُذْعِن۔ یقین کرنے والا۔ باور کرنے والا۔
مِذْکَار۔ وہ عورت جس کے ہر دفعہ لڑکا ہی پیدا ہوتا ہو۔ فَلَاةٌ مِذْکَار۔ خوف اور دہشت والا جنگل۔
مُذْکِر۔ ہمیشہ لڑکا جننے والی عورت۔ سخت دن سخت مصیبت۔ بلا۔ خوفناک راستہ
مُذَکِّر۔ نصیحت کرنے والا۔ یاد دلانے والا۔
مُذَکَّرَة۔ بڑی مصیبت۔ سخت بلا۔ عورت یا اونٹنی جو عادت اور خلقت کے اعتبار سے اونٹ کی طرح ہو۔
مُذَکِّرَة۔ یادداشت یا میموریل (د)
مُذَکِّرَة اِحْصَاء۔ سمن۔ (د)
مَذْکُور۔ ذکر کیا ہوا۔
مُذْکِیَة۔ وہ بادل جو بار بار برسے۔
مَذَل۔ (س) عاجز آنا۔ بے آرام ہونا۔
مُذِلّ۔ ذلیل کرنے والا۔ باری تعالیٰ کا نام پاک۔
مَذْل۔ (ن) پاؤں کا سن ہو جانا۔ کسی سے بھید کو بیان کر دینا۔ کسی کے راز کی حفاظت سے عاجز آنا۔

(رِجَال) مِذْلی ۔ بے آرام اور دل جلے لوگ۔
مِذَمّ ۔ مُذِمّ ۔ وہ شخص جو الگ تھلگ رہے مل جُل نہ سکے۔
مُذْمَاۃ ۔ تیر سے مارا ہوا شکار۔
مَذَمَّۃ ۔ حق ۔ واجب ۔ عزت ۔ آبرو ۔ کنجوسی ۔ مہربانی مص (ن) برائی کرنا۔
مَذْمُوم ۔ مذمت کیا ہوا ۔ بُرا۔
مُذْنِب ۔ گناہ گار۔
مِذْنَب ۔ کفگیر ۔ پانی کے بہنے کا راستہ ۔ زمین یا نیچائی کی طرف ۔ ج: ۔ مَذَانِب ۔
مِذْوَد ۔ زبان ۔ چوپائے کے چارہ کی جگہ ۔ گائے کا سینگ ۔ ج: ۔ مَذَاوِد ۔
مَذْهَب ۔ وضو کی جگہ ۔ طریقہ ۔ راستہ ۔ دین ۔ عقیدہ ۔ اصل ۔ ج: ۔ مَذَاهِب ۔ مصدر میمی (ف) جانا ۔ گزرنا ۔
مُذْهَب ۔ کعبہ ، تسمہ ۔
مَذِیّ ۔ مَذِی ۔ مَذْیٌ ۔ وہ پانی جو شدت شہوت کے وقت منی سے پہلے نکلتا ہے ۔
مَذِیَّۃ ۔ عورت ۔ ج: ۔ مَذِیَّات ۔ مِذَاء ۔
مِذْیَاع ۔ ریڈیو ۔ (د)
مُذَیَّل ۔ جو میلے کچیلے کپڑے پہن کر اپنا کام کرے ۔ لمبے دامن کی چادر ۔
مَذِیل ۔ بیقرار ۔ بیمار جسے چین نہ آتا ہو ۔ بھید کا ظاہر کرنے والا ۔ نرم لوہا ۔

م ۔ ر

مَرّ ۔ رسی ۔ کدال ۔ بیلچہ یا بیلچہ کا دستہ ۔
مَرّ ۔ مُرُور ۔ (ن) گزرنا ۔ کسی کام پر ہمیشگی کرنا ۔
مُرّ ۔ کڑوا ۔ ایک درخت کا جما ہوا پانی ج: ۔
اَمْرَار ۔
مَرْء ۔ مُرْءُ ۔ مِرْءُ ۔ مرد ۔ ایک آدمی (اسکا تثنیہ مَرْءَان آتا ہے) م: ۔ مَرْءَۃ ۔
مَرْءٌ ۔ (ن) کھانا ۔ عورت سے صحبت کرنا ۔
مِرَاء ۔ (مفاعلہ) شک کرنا ۔ جھگڑا کرنا ۔
مَرَاءَۃ ۔ (ك) زمین کی آب و ہوا کا عمدہ ہو جانا ۔ کھانے کا زود ہضم ہونا ۔
مُرَاءَۃ ۔ عقیدہ کے خلاف ظاہر کرنا ۔ ریاکاری کرنا
مَرْءَاۃ ۔ زیارت ۔ دیدار ۔
مُرَایَاۃ ۔ نرم برتاؤ کرنا ۔
مُرَابَحَۃ ۔ کسی کو اس کے سامان پر نفع دینا ۔ خریدی ہوئی چیز کو کچھ نفع سے بیچنا ۔
مُرَابَعَۃ ۔ ربیع کے ربیع تنخواہ یا اجرت دینا ۔ دو شخصوں کا کسی کے بوجھ کو اٹھوا کر اس کی پیٹھ یا سر پر رکھنا ۔ یا گون کو ہاتھوں سے پکڑ کر اونٹ وغیرہ پر لادنا ۔
مُرَابِع ۔ کاشتکار (د)
مِرْآۃ ۔ آئینہ ۔ ج: ۔ مَرَاءٍ ۔ مَرَایَا ۔
مُرَاجِع ۔ لوٹنے والا ۔ واپس آنے والا ۔ وہ عورت جو شوہر کے مرنے کے بعد اپنے ماں باپ کے گھر آجائے ۔
مُرَاجَعَۃ ۔ کسی کی بات کو پھیر دینا ۔ ناقہ کا ایک طرح کی چال کے بعد دوسری طرح کی چال چلنے لگنا ۔ بیوی کو اپنے گھر میں لانا طلاق کے بعد رجعت کرنا ۔
مُرَاجَمَۃ ۔ لڑائی کے میدان میں اپنی تعریف اور بہادری بیان کرنے میں مبالغہ کرنا ۔ کسی چیز میں مقابلہ کرنا ۔
مُرَاح ۔ وہ مکان جس میں چوپائے رات کو باندھے

جائیں۔

مِرَاح - خوشی۔ عیش۔ آرام۔ ناز۔ اتراؤ۔ نازکی چال۔

مَرَاد - اونٹ کے آنے جانے کی جگہ۔ ہوا کے گزرنے کی جگہ۔ گردن۔

مَرَاد - گردن۔ ج: مَرَادِیْن۔

مُرَادَاة - طلب کرنا۔ تواضع کرنا۔ پتھر پھینکنا۔

مُرَادَسَة - ایک دوسرے پر پتھر پھینکنا۔

مَرَادَة - (س۔ن) کڑوا ہو جانا۔

مُرَازَعَة - کشتی لڑنا۔ ایک دوسرے پر طعن کرنا۔

مُرَازَمَة - ایک کھانے پر ہمیشگی نہ کرنا۔ لقمہ نگلنے کے ساتھ شکر اور حمد کرتے جانا۔ ملائم اور سوکھی روٹی کھانا۔ دو چیزوں کو ملا کر کھانا۔ گھر میں زیادہ دن ٹھہرنا۔

مِرَاس - سختی۔ شدت۔ تنگی **مص** (مفاعلہ) مصیبت میں پڑنا۔ خلوت اور تنہائی کرنا۔

مُرَاسِل - وہ عورت جس کو اس کے شوہر نے جدا کر دیا ہو۔ بڑی عمر کی عورت۔ رانڈ عورت (د) اخبار کا نامہ نگار۔

مُرَاسَلَة - آپس میں خط و کتابت کرنا۔

مُرَاضَاة - ایک دوسرے سے خوش ہونا۔ آپس میں رضامند ہونا۔

مَرَاضِع - دودھ پلانے والیاں۔ وا۔ مُرْضِعَة۔

مُرَاضَعَة - بچہ کو دایہ کے حوالہ کرنا۔ حاملہ عورت کا بچہ کو دودھ پلانا۔ بچہ کا دوسرے بچہ کو دودھ دینا۔

مُرَاطَة - گرا ہوا۔ جھڑا ہوا بال۔

مُرَاعَاة - خوب غور سے دیکھنا۔ انجام کو سوچنا۔ مہربانی کرنا۔ کسی کے حق کی حفاظت کرنا۔ آپس میں چرنا۔ کسی کی طرف کان لگانا۔

مَرَاعَة - (ک۔س) کسی جگہ کا بہت گھاس اور سبزہ والا ہونا۔

مَرَاغ - **مَرَاغَة** - چوپایہ کے لوٹنے کی جگہ۔

مُرَاغَم - جانے کی جگہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ قلعہ پریشان۔

مُرَاغَمَة - کھلم کھلا لڑنا۔ جدائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ آپس میں غصہ کرنا۔

مُرَافَاة - خاطر مدارات کرنا۔ نرم برتاؤ کرنا۔

مَرَافِضُ الْوَادِی - نالہ میں پانی کے بہنے کے مقامات۔

مُرَافَعَة - کسی کو باقی رکھنا اور اس پر مہربانی کرنا۔ کسی کو تکلیف اور دھوکہ میں ڈالنا۔ مدعیٰ علیہ کو حاکم کے پاس لے جانا۔

مُرَاقَبَة - حفاظت کرنا۔ گردن جھکانا۔ ایک دوسرے کی دیکھ بھال کرنا۔ انتظار کرنا۔

مُرَاقَة - کھال سے اکھاڑے ہوئے بال۔ چوپایہ کے لیے تھوڑی سی اکھاڑی ہوئی گھاس۔

مُرَامِر - نرم نازک۔ ہلتا ہوا۔ ناچیز۔ بے کار۔ کمزور۔

مُرَامِق - وہ آدمی کہ جس کے دل میں تمہاری تھوڑی تھوڑی محبت ہو۔

مُرَامَقَة - کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔ گھور کر دیکھنا۔ دشمنی سے دیکھنا۔

مُرَّانَة - مُرَّان۔ پھلا پھولا ہوا درخت۔ لچکدار نیزہ۔

مُرُوْن - (ن) نرم ہونا یا نرم ہو جانا۔

مُراوحہ۔ کبھی یہ کام کبھی وہ کام کرنا۔ کبھی اِس پاؤں پر کبھی اُس پاؤں پر کھڑا ہونا۔
مُراوضۃ۔ کسی کام میں ایک دوسرے کے ساتھ نرمی برتنا۔ خاطر کرنا۔
مُراوغۃ۔ کُشتی لڑنا۔
مُراھِق۔ لڑکا جو بالغ ہونے کے قریب ہوگیا ہو۔
مُراھقۃ۔ لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ مکہ میں حج کے آخر وقت پہنچنا۔
مَرأیٰ۔ خواب۔ دیدار۔ زیارت منظر۔
مَربَض۔ بکریوں کے رہنے کی جگہ۔ ج: مَرابِض۔
مِربَط۔ چوپایہ کے باندھنے کی رسی۔ ج: مَرابِط۔
مَربَع۔ بہار کے دنوں میں رہنے سہنے کی جگہ۔ ج: مَرابِع۔
مُربِع۔ وہ اونٹنی جس نے بہار کے دنوں میں بچہ جنا ہو۔ بوجھ سے بھری ہوئی کشتی کا کھیلنے والا۔ بہار کے موسم کی بارش۔ ج: مَرابِیع۔
مُرتَع۔ پوکھونٹی چیز۔
مَرَّۃ۔ ایک بار۔ ج: مَرّات۔ مِرار۔ مِرَر۔
مِرَّۃ۔ پتہ۔ صفرا۔ بدن کی طاقت اور مضبوطی عقل۔ عقل کی تیزی۔ رسی کا بل۔ ج: مِرَر۔ اَمرار۔
مَرت۔ بغیر گھاس چارہ کا جنگل۔ وہ آدمی جس کی بھوؤں پر بال نہ ہوں۔ ج: اَمرات۔ مُرُوت۔ مص (ن) نرم اور چمک دار کر دینا۔ ایک طرف کر دینا۔

مُرتاب۔ شک کرنے والا۔ متردّد۔
مِرتاج۔ تنگ راستہ کنجی ج: مَراتِیج
مُرتَّب۔ تنخواہ (د)۔ ج: مُرتّبات۔
مُرتَجِز۔ رجز خوانی کرنے والا۔
مُرتَدِع۔ تیر جو نشانہ پر جا لگے اور اسے پھاڑ ڈالے۔ پوری عمر کا اونٹ۔
مُرتَفِق۔ ثابت اور برقرار رہنے والا۔ اپنی کہنی پر تکیہ لگانے والا۔
مُرتَفَق۔ منزل۔ سہارا لگانے کی چیز۔ (د) بیت الخلاء۔
مُرتَقِب۔ انتظار کرنے والا۔
مُرتَقِی۔ نگہبان۔ محافظ۔ چوکیدار۔ تیر پھینکنے والا۔
مِرتَنَۃ۔ روغنی (روٹی) ج: مَراتِن۔
(قوس) مُرتَہِشَۃ۔ نرم۔ لچکدار۔ کمان جس کے سرے آپس میں کھینچنے سے مل جائیں
مُرتَہَن۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔
مَرَث۔ (س) ضبط سے کام لینا۔ برداشت کرنا
مَرِث۔ صبر و ضبط کرنے والا آدمی (اسم فاعل)
مَرْث۔ (ن۔ ض) چھواروں کو پانی وغیرہ میں بھگونا۔ کسی چیز کو پانی میں ملنا اور گھسنا تاکہ گھل جائے۔ انگلیاں چبانا۔ مارنا۔ اونٹنی کا اپنے بچہ پر مہربان نہ ہونا۔
مَرثِیَۃ۔ مَرثاۃ۔ مردہ کی تعریف۔ ج: مَراثِی مردہ کی تعریف بیان کرکے رونا۔
مِرثَم۔ مَرثِم۔ ناک۔ ج: مَراثِم۔
(ارض) مَرثُوثۃ۔ مُرتَثّۃ۔ وہ زمین جس پر برابر مینہ برسا ہو۔
مَرثُوم۔ ناک ٹوٹا ہوا۔ خون میں لتھڑا ہوا۔

سر ٹوٹی ہوئی، خون میں لتھڑی ہوئی چیز۔

مَرْجِ ۔ چراگاہ۔ ج:۔ مُرُوْج۔ مص (ن) چوپایہ کو اجرت سے کر چرنے کے لیے چھوڑنا۔

مَرَج ۔ اونٹ جو چرنے کے لیے آزاد چھوڑ دیے گئے ہوں۔ تباہی۔ بے آرامی مص (س) خراب ہونا۔ انگلی میں انگوٹھی کو ہلانا۔ حرکت کرنا۔ ہل جانا۔ پریشان ہونا۔ اس لفظ کو جب ہرج کے ساتھ لاتے ہیں تو ہا آء کو ساکن کر دیتے ہیں اور هَرْج مَرْج پڑھتے ہیں۔

مِرْجَاس ۔ وہ پتھر جسے کنوئیں میں پھینکیں تاکہ اسکی گہرائی یا پانی کا ہونا نہ ہونا معلوم ہو جائے۔ ج:۔ مَرَاجِیْس۔

مَرْجَان ۔ ایک قسم کی سُرخ بوت۔ مونگا۔ چھوٹا موتی۔ بہار کے موسم کا ایک ساگ۔ وا:۔ مَرْجَانَۃ۔

مَرْجِع ۔ لوٹنے کی جگہ۔ جائے بازگشت۔ ج:۔ مَرَاجِع۔

مَرْجِع ۔ کاندھے کا نچلا حصہ۔ ج:۔ مَرَاجِع۔ مص (ض) الٹا پھر جانا۔

مُرْجِف ۔ فساد پھیلانے والا۔ گڑبڑ ڈالنے والا۔

مِرْجَل ۔ پیتل کی دیگچی۔ پتھر کی ہانڈی۔ کنگھی۔ یمنی چادر۔ ج:۔ مَرَاجِیْل۔

مِرْجَم ۔ قوی۔ سخت اور بہادر آدمی۔ وہ گھوڑا جو اپنے سُم اور ٹاپوں سے زمین کو ادھیڑتا چلا جائے۔

مَرْجُوّ ۔ امید رکھا ہوا۔

مَرْجُوْم ۔ سنگسار کیا ہوا۔

مَرْجُوْنَۃ ۔ خشک کدو جس کا گودا نکال لیا ہو۔

مُرْجِی۔ مُرْجِ۔ مُرْجِئَۃ ۔ فرقہ کیطرف نسبت کیا ہوا

مُرْجِئَۃ ۔ ایک فرقہ ہے جو یہ کہتا ہے کہ ایمان کے ہوتے ہوئے گناہ کچھ نقصان نہیں دیتا۔ جیسا کہ کفر کے ساتھ عبادت۔ اطاعت فرمانبرداری کوئی فائدہ نہیں پہنچاتی۔

مَرِح ۔ خوش اور اترانے والا۔ ناز کے ساتھ چلنے والا۔ ج:۔ مَرْحیٰ۔ مُرَاحیٰ۔

مَرِح ۔ (س) حریص اور لالچی ہونا۔ خوب خوش ہونا اترانا۔ ناز کے ساتھ اٹھلا کر یا اکڑ کر چلنا آنکھ کا خراب ہونا اور سُوج جانا۔

مِرْحَاض ۔ مونگری کپڑا کوٹنے پیٹنے کی۔ ہاتھ منہ دھونے کی جگہ۔ بیت الخلا۔ ج:۔ مَرَاحِیْض۔

مَرَحَان ۔ خوشی۔ سُستی۔ سختی مص (س) آنکھ سے پانی بہنا۔

مَرْحَبًا وَّ اَهْلًا ۔ (تیرے لیے گھر فراخ ہو گیا اور تو اپنے گھر والوں میں آگیا) مسافر سے سفر کی واپسی کے وقت بولا جاتا ہے۔ جیسے خوش آمدید

مُرْحِل ۔ وہ آدمی جس کے پاس کثرت سے اونٹ ہوں۔

مَرْحَلَۃ ۔ اترنے کی جگہ۔ ج:۔ مَرَاحِل

مَرْحَمَۃ ۔ مہربانی۔ رحم۔

مَرْحُوْض ۔ دُھلا ہوا کپڑا۔ وہ آدمی جسے پسینہ آ رہا ہو۔

مَرْحُوْم ۔ رحم کیا ہوا۔

مَرْخ ۔ ایک قسم کا درخت جس سے آگ نکلتی ہے۔ مص (ف) مسخرا پن کرنا اپنے جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخ ۔ نرم و نازک درخت۔ کثرت سے تیل ملنے والا آدمی۔

مُرخَمَة ۔ مرغی جو بچہ نکالنے کے لیے انڈوں پر بٹھائی گئی ہو۔

مَرَدّ ۔ (مصدر میمی) پھیر دینا۔ لوٹا دینا (ظرف) لوٹانے کی جگہ یا وقت۔

مَرْد ۔ درخت اراک کا تر و تازہ اور پکا ہوا میوہ مص (ن) روٹی کو نرم کرنے کے لیے بھگونا۔ زور سے ہانکنا۔ کشتی کو ملاحوں کی لکڑی سے ہانکنا۔ کاٹنا۔ کسی کی عزت پر طعن کرنا۔ بچہ کا ماں کی چھاتی کو ہاتھ سے ملنا۔

مُرِدّ ۔ جماع کی خواہش کرنے والا آدمی۔ بہت موجیں مارنے والا دریا۔ غصیلا آدمی۔ وہ بکری جس کے تھن نکل آئے ہوں۔ اونٹ جو زیادہ پانی پینے سے بھاری ہو گیا ہو۔ ج:۔ مَرَادّ۔

مَرْدَاء ۔ چمکدار۔ چکنے گالوں والی لڑکی۔ عورت کہ جس کے زانو اور شرمگاہ پر بال نہ ہوں۔ وہ درخت جس پر پتے نہ ہوں ج:۔ مَرَادٍ۔

مِرْدَاس ۔ وہ پتھر جسے کنویں میں پھینک کر یہ معلوم کریں کہ پانی ہے یا نہیں۔ ج:۔ مَرَادِیس۔

مُرَدَّد ۔ غیر مستقل رائے کا آدمی۔ وہ آدمی جو کام کرنے کا ڈھنگ نہ جانتا ہو وہ شخص جو کسی جگہ سے بغیر مطلب پورا ہوئے واپس آئے۔ ٹھنگنا آدمی۔ وہ آدمی کہ جس کے جسم یا کپڑوں پر خوشبو کا اثر باقی ہو۔

مُرْدِف ۔ پیچھے سے آنے والا۔ لاحق۔

مَرْدَقُوش ۔ مرزنگوش۔ ایک دوا (مردہ گوش کا معرب) زعفران۔ ایک خوشبو۔ نازبو۔ تلسی۔

مِرْدَن ۔ تکلا۔ ج:۔ مَرَادِن۔

مُرْدِن ۔ تاریک۔ گندا و بدبودار پسینہ۔

مَرْدُود ۔ جس کے سفر کی مدت دراز ہو گئی ہو۔ پھیر دیا ہوا۔

مَرْدُودَة ۔ استرہ۔ طلاق دی ہوئی عورت جو اپنے ماں باپ کے یہاں لوٹ آئے۔

مَرْدُوع ۔ جس کے جسم وغیرہ پر خوشبو کا اثر باقی ہو۔ جس کا بیماری نے رنگ و روپ بدل دیا ہو۔ زعفران سے رنگا ہوا کپڑا۔

مُرْدِيّ ۔ وہ لکڑی جس سے کشتی چلائی جاتی ہے۔

مَرْز ۔ عیب۔ بھونڈا پن مص (ن) انگلیوں سے آہستہ آہستہ چٹکی لینا اس طرح کہ تکلیف نہ ہو۔ نوچ لینا۔

مِرْزَاب ۔ پرنالہ۔ کشتی۔ ج:۔ مَرَازِيب۔

مِرْزَبَان ۔ فارسیوں کا سردار ج:۔ مَرَازِبَة۔

مِرْزَبَّة ۔ ڈھیلے کوٹنے کی لکڑی۔ لوہاروں کا ہتھوڑا۔

مَرْس ۔ وہ آدمی جو کسی کام میں تکلیف اٹھا چکا ہو مص (ن) گھرنی کی رسی کا ایک طرف کو گر پڑنا۔ بچہ کا اپنی انگلی کو چبانا۔ ہاتھ کو کپڑے سے صاف کرنا۔

مِرْسَال ۔ چھوٹا تیر۔ نرم اور آہستہ چال والی اونٹنی۔ ج:۔ مَرَاسِيل۔

مِرْسَب ۔ سمجھ دار۔ ضبط کرنے والا۔ بردبار آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلوار مبارک کا نام۔ ان سات تلواروں میں سے ایک تلوار جنھیں بلقیس نے بطور ہدیہ

حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس بھیجا تھا۔

مَرْسَنَۃ ۔ رسی ۔ ج: مَرَس ۔ اَمْرَاس ۔

مَرْسَح ۔ تھیٹر کا اسٹیج ۔ (د)

مُرْسَل ۔ بھیجا ہوا پیغمبر ۔ رسول ۔ فرستادہ ۔ وہ حدیث جسے تابعی بلا واسطہ صحابی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام سے روایت کرے ۔

مُرْسِل ۔ بھیجنے والا ۔ روانہ کرنے والا ۔

مُرْسَلَات ۔ ہوائیں ۔ فرشتے ۔ گھوڑے ۔ بھیجی ہوئیں ۔ وا: مُرْسَلَۃ ۔

مُرْسَلَۃ ۔ لمبا ہار جو سینہ تک لٹکے ۔ بھیجی ہوئی ۔

مُرْسِلَۃ ۔ بھیجنے والی ۔

مُرْسیٰ ۔ واقع ہونے اور موجود ہونے کا وقت اور جگہ ۔ ٹھہرنے اور قائم ہونے کا وقت اور جگہ ۔

مَرْش ۔ وہ زمین جو سیلنہ سے صاف شفاف اور چکنی ہوگئی ہو یا وہ (سیلی ہوئی اور نرم) زمین جس میں تھوڑا سا پانی بھی بہہ نکلے ۔ ج: اَمْرَاش ۔ مص (ن) چھیلنا انگلی کے سرے سے گھسنا ۔ کوئی بات کہہ کر کسی کو رنج پہنچانا ۔

مِرْشَح ۔ بنیان ۔ بنڈی ۔ ج: مَرَاشِح ۔

مُرْشِد ۔ پیر ۔ رہنما ۔ راستہ دکھلانے والا ۔

مِرْصَاد ۔ راستہ ۔ گھات کی جگہ جہاں دشمن کا انتظار کریں ۔ ج: مَرَاصِید ۔

مَرْصَد ۔ گھات کی جگہ ۔ ج: مَرَاصِد ۔

مُرَصَّص ۔ قلعی کیا ہوا ۔ سیسہ لگا ہوا ۔

مُرَصَّع ۔ وہ تاج یا تلوار جس میں جواہر جڑے ہوئے ہوں ۔

مَرْصُوص ۔ مضبوط ۔ سیسہ پگھلایا ہوا ۔

مَرَض ۔ جسم یا دل کی بیماری ۔ شک ۔ نفاق ۔ تاریکی ۔ نقصان مص (س) بیمار ہونا ۔ بے چین ہونا ۔

مَرْضَاۃ ۔ خوشنودی ۔ رضامندی ۔

مُرْضِعَۃ ۔ دودھ پلاتی ۔ دائی ۔ وہ عورت جو غیر بچے کو دودھ پلائے ۔ ج: مَرَاضِع ۔

مَرْضُود ۔ اوپر تلے رکھا ہوا سامان

مَرْضِیّ ۔ پسندیدہ ۔ م: مَرْضِیَّۃ ۔

مَرْضُوف ۔ جلتے ہوئے پتھر پر بھنا ہوا کباب ۔ ہر وہ کھانا جو گرم پتھر پر پکایا جائے ۔

مِرْط ۔ اونی یا ریشمی کمبل ۔ ج: مُرُوط ۔

مَرْط ۔ (ن) پتلا پاخانہ (دست) پھرنا ۔ بال اکھاڑنا ۔ جلدی کرنا ۔ بچہ گرا دینا ۔

مُرُط ۔ بے پر کا تیر ۔ ج: اَمْرَاط ۔ مِرَاط

مَرَط ۔ (س) ہلکے جسم کا ہونا ۔ ہلکی بھوں اور ہلکی ڈاڑھی کا ہونا ۔

مَرْغ ۔ (ف) سر پر تیل کی مالش کرنا ۔ بالوں میں کنگھی کرنا ۔

مُرَعَۃ ۔ ایک پرندہ ۔ ج: مُرَع ۔ مُرْعَان ۔

مَرْعیٰ ۔ چراگاہ ۔ ج: مَرَاعِی ۔

مَرْغ ۔ تھوک ۔ رال وغیرہ جو کچھ بھی منہ سے جاری ہو ۔ بکریوں کی مینگنیاں اکٹھا ہونے کی جگہ ۔ زیادہ گھاس والا جنگل ۔ مص (ف) گھاس میں لوٹنا ۔ اونٹ کا جھاگ پھینکنا ۔

مَرِغ ۔ وہ بال جن میں تیل بہت زیادہ جذب ہو اور جلد خشک ہو جائے ۔

مَرَغ ۔ (س) کسی کی عزت اور آبرو پر بٹہ لگنا ۔

مَرْغُوب ۔ جس کی طرف رغبت اور خواہش کی گئی ہو ۔ پسندیدہ

مَرْفَاء ۔ کشتی یا جہاز کے کنارہ پر آنے کی جگہ۔ بندرگاہ۔ ج:۔ مَرَافِیْٔ۔
مِرْفَد ۔ بڑا پیالہ۔ گدی جسے عورتیں سرین یا چھاتیوں پر باندھ لیتی ہیں تا کہ بڑے معلوم ہوں۔ ج:۔ مَرَافِد۔
مِرْفَق ۔ کہنی۔ نفع بخش کام۔ ج:۔ مَرَافِق۔
مَرْفُوْد ۔ عطا کیا ہوا۔ دیا ہوا۔
مَرْفُوْع ۔ اونچا۔ بلند کیا ہوا۔ م:۔ مَرْفُوْعَة۔
مَرَق ۔ شوربا مص۔ (س) کھجور کا پھل کثرت کے سبب سے گر پڑنا۔ انڈے کا گندا ہو جانا۔
مَرْق ۔ ڈومنیوں اور لونڈیوں کا گانا۔ بدبودار کھال۔ گوشت جو اتاری ہوئی کھال میں لگا رہ گیا ہو۔ ج:۔ اَمْرَاق مص (ن) پھرتی کے ساتھ نیزہ چلانا ہانڈی میں شوربا بڑھا دینا۔
مِرْقَاة ۔ سیڑھی کا ڈنڈا۔ ج:۔ مَرَاقِی۔
مِرْقَب ۔ دوربین (د)
مَرْقَبَة ۔ اونچائی پر چوکیدار کے بیٹھنے کی جگہ۔
مَرْقَد ۔ سونے کی جگہ۔ قبر۔ خواب گاہ۔ ج:۔ مَرَاقِد۔
مِرْقَم ۔ قلم۔ ج:۔ مَرَاقِم۔
مَرْقُوْم ۔ لکھا ہوا۔ مکتوب۔
مَرْقُوْمَة ۔ لکھی ہوئی۔ کم اگانے والی زمین۔ دھاری دار۔ چوپایہ جس کے پاؤں پر داغ کے خطوط ہوں۔
مَرْكَب ۔ سواری کا جانور۔ کشتی۔ ج:۔ مَرَاكِب۔ مص (س) سوار ہونا۔
مَرْكَبَة ۔ گاڑی (د)۔ ج:۔ مَرَاكِب۔

اَلْمَرْكَبُ الْهَوَائِی ۔ ہوائی جہاز (د)
مَرْكَز ۔ دائرہ کا بیچ۔ لوگوں کے رہنے کی جگہ۔ چھاؤنی۔ ج:۔ مَرَاكِز۔ (د) ہیڈ کوارٹر
مِرْكَض ۔ دھونکنی۔ پھونکنی۔
مِرْكَضَة ۔ کمان کا بازو۔ وہ گھوڑا جو اپنی ٹاپوں سے زمین کھودے۔
مَرْكَل ۔ راستہ۔ چوپایہ کا پہلو۔ جہاں ایڑ چبھو کر ہانکا جاتا ہے۔ ج:۔ مَرَاكِل۔
(اَرض) مُرَكَّلَة ۔ گھوڑوں کے سموں سے روندی ہوئی زمین۔
مِرْكَن ۔ لگن۔ بڑا تشت یا تغار جس میں دھوبی کپڑے دھوتے ہیں۔ ج:۔ مَرَاكِن۔
مَرْكُوْم ۔ تہ بہ تہ رکھا ہوا نیچے اوپر لٹکایا ہوا۔
مِرْمَاة ۔ چھوٹا تیر۔ چوپائے کا ہاتھ۔ وہ سُم جو بیچ میں سے پھٹا ہوا ہو۔
مُرِمَّات ۔ بلائیں۔ مصیبتیں۔
مِرَمَّة ۔ اس جانور کا ہونٹ جس کا سُم پھٹا ہوا ہو۔
مَرَمَّة ۔ (ن) بگڑی ہوئی چیز کو درست کرنا۔
مُرَمَّد ۔ گرم راکھ میں بھنا ہوا۔ راکھ میں بھرا ہوا۔ آنکھ کا دُکھیا آدمی۔
مَرْمَر ۔ ایک قسم کا سفید پتھر۔ وہ انار جس میں بہت سا رس نکلے۔ عورتوں کی ایک قسم کی چادر۔ ہر نرم اور نازک لچکتی ہوئی چیز۔ ج:۔ مَرَامِر۔
مَرْمَرَة ۔ زیادہ بارش۔ غصہ کرنا۔ پانی کو زمین پر بہانا۔
مَرْمَرِیْس ۔ بلا۔ سختی۔ ہر پھسلواں اور چمکدار چیز لمبی گردن۔ بنجر زمین جس میں پیداوار نہ ہو۔
مُرْمِعَة ۔ بیابان۔ جنگل۔

مُرَمَّعَاتُ الْاَخْبَار۔ جھوٹی اور غلط خبریں۔
مَرْمُوْرَۃ۔ نرم اور نازک لڑکی۔ خوشی اور عیش و آرام کی وجہ سے جھومتی ہوئی۔
مَرْمًى۔ مقصد۔ ارادہ۔ مطلب۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔
مِرْمِیْس۔ گینڈا۔ ج:۔ مَرَامِیْس
مَرَن۔ درخت کی شاخوں پر لکڑیاں باندھ کر بنایا ہوا مچان۔ مَرِن حال۔ عادت۔ آواز
مَرْن۔ لڑائی (ن) گھس جانے کے سبب اونٹ کے سم کو چکنا کرنا۔ زمین پر ٹپخنا دشمن کے مقابلہ سے بھاگ جانا۔
مُرِنَّۃ۔ کمان۔ آواز والی کمان۔
مُرَنَّح۔ بے ہوش۔ بد حواس۔ سر پھرا جو کسی کی نہ سنتا ہو۔ ہڈیوں کے کمزور ہونے کی وجہ سے ہلتا ہوا اور لہرا کر چلنے والا۔
(مَاءٌ) مُرْوٍ۔ سیراب کرنے والا پانی۔
مُرُوْأَۃ۔ (ك) آدمی کا مروت والا ہونا۔
مَرْوَۃ۔ مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔
مُرَوَّج۔ رواج پایا ہوا۔
مِرْوَح۔ مِرْوَحَۃ۔ پنکھا۔ ج:۔ مَرَاوِح۔
مَرُوْح۔ خوش و خرم آدمی۔ صحیح نشانہ لگانے والا۔ خوبصورت اور اچھی تیر چھوڑنے والی کمان۔
مَرْوَحَۃ۔ جنگل ہوا کے گذرنے کی جگہ۔ ج:۔ مَرَاوِیح
مُرُوْد۔ مَرَادَۃ۔ (ك۔ ن) جھگڑالو سرکش اور بہادر ہو جانا۔ اپنے ساتھیوں سے آگے نکل جانا [علی] کسی چیز کا عادی ہونا۔
مِرْوَد۔ سرمہ کی سلائی۔ حلقہ۔ لگام کا گول لوہا۔ لوہے کے ڈول کی چرخی۔ ج:۔

مَرَاوِد۔
مُرُوْس۔ (ن) گزرنا۔
مُرُوْق۔ (ن) تیر کا خطا کرنا۔
مُرُوْن۔ مَرَانَۃ (ن) کچھ سخت اور نرم ہونا [علی] کسی چیز کی عادت ڈالنا۔
مَرَہٌ۔ (س) آنکھ کا سرمہ سے خالی ہونا۔ سرمہ نہ لگنے کی وجہ سے خراب ہونا۔ سرمہ کا خط کھینچنے کی جگہ، یعنی آنکھ کے گرداگرد سفیدی کا ہونا۔
مِرْہَاء۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج:۔ مَرَاھِی
مُرْھَۃ۔ خالص سفیدی۔ وہ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو جائے۔
مُرْھَف۔ پتلی تلوار۔ باریک پیٹ کا گھوڑا۔
مُرْھِق۔ جو بالغ ہو گیا ہو۔
مُرْھَق۔ کم عقل اور جاہل۔ فاسد۔ کریم سخی۔
مَرْھَم۔ وہ دوا کہ جو زخم کے اچھا ہونے کے لیے لگاتے ہیں۔ ج:۔ مَرَاھِم۔
مَرْھَمَۃ۔ زخم پر مرہم رکھنا۔
مَرْھُوْن۔ گروی رکھا ہوا۔
مَرْی۔ (ن) اونٹنی کی چھاتی کے اوپری حصہ کو ملنا۔ نکالنا۔ کسی کے حق کا انکار کرنا۔ کوڑے سے مارنا۔ گھوڑے کا پاؤں کی چوٹ کی وجہ سے پاؤں گھسیٹتے ہوئے چلنا۔ ہوا کا ابر سے پانی نچوڑنا۔
مَرِیّ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ بغیر بچے کی اونٹنی کہ ہاتھ سے مل مل کر اس کو دوہیں۔ ج:۔ مَرَایَا۔
مَرِیْءٌ۔ پچنے والا۔ ہضم ہونے والا۔ خوشگوار
مِرْیَاع۔ اونٹنی جلد دودھ دینے والی یا جلد

موٹی ہونے والی یا بغیر چرانے والے کے چراگاہ میں جانے والی اور واپس آجانے والی۔
مُرِیب - تہمت و شک والا۔ شک و شبہ میں ڈالنے والا۔
مِرْیَہ - تردد۔ شک۔ جھگڑا۔ دشمنی۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
مَرِیج - سینگ کے اندر چھوٹی سی ہڈی۔ شبہ میں ڈالنے والا کام۔ ٹہنیوں میں گھسی ہوئی ٹہنی۔ ج: - اَمْرِجَۃ۔
مِرِّیح - خوش خوش۔ اترا کر ناز سے چلنے والا۔
مِرِّیخ - مردار سنگ۔ بیوقوف اور سست آدمی۔ لمبا تیر چار پر کا۔ پانچویں آسمان کا ستارہ (اسے بہرام بھی کہتے ہیں۔ اور یہ منحوس مانا جاتا ہے) نرم اور نازک درخت۔
مَرِید - حد سے گزر جانے والا۔ سرکش۔ چھوارہ دودھ یا پانی میں ترکیا ہوا۔ ج: - مُرَدَاء۔ مَرَدَۃ۔
مَرِیر - قصد۔ ارادہ۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ پہاڑ۔ قوی اور مضبوط پتہ والا آدمی۔
مَرِیرَۃ - ارادہ۔ قصد۔ سخت بٹی ہوئی رسی۔ باریک رسی کا بٹ۔ نفس کی بزرگی۔ ج: - مَرَائِر۔
مَرِیض - بیمار۔ ج: - مِرَاض۔ مَرْضیٰ مَرَاضیٰ۔
مَرِیضَۃ - سست حال۔ رِیحٌ مَرِیضَۃ - آہستہ چلنے والی ہوا۔ شَمْسٌ مَرِیضَۃ سورج کہ ابر چھا جانیکی وجہ سے اسکی روشنی اور گرمی کم ہوگئی ہو۔ اَرْضٌ مَرِیضَۃ۔ خراب حال زمین۔ عَیْنٌ مَرِیضَۃ نشہ اور خمار والی آنکھ۔
مُرَیطاء - ناف اور زہار یا سینہ اور زہار کے درمیان کی دو رگیں جو زور سے بولنے کے وقت پھول جاتی ہیں۔ ہونٹ کے نیچے خالی جگہ۔ بغل۔
مَرِبْع - وہ جنگل جہاں گھاس۔ چارہ۔ پانی کثرت سے ہو۔ بڑی چراگاہ۔ ج: - اَمْرُع۔ اَمْرَاع۔
مَرْیَم - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کا نام۔ ہر پارسا پرہیزگار عورت۔ جو مردوں کی باتوں کو دوست نہ رکھے۔
مَرِیٔ - آدمی۔ بکری وغیرہ کے اوجھ اور معدہ کا سرا جو حلق سے چسپاں ہوتا ہے۔ ج: - اَمْرِئَۃ۔ مُرُوْءٌ۔ خوش ہضم کھانا۔ عمدہ گھاس۔

م - ز

مِزّ - اندازہ۔ زیادتی۔
مَزّ - (ن) چوسنا۔
مُزّ - خوش مزہ شراب۔ کھٹ مٹھی شراب یا انار
مِزَاج - ملانے کی چیز۔
مَزَاجِرَنہ - اسکول میں دوپہر کی چھٹی۔ (د)
مُزَاحَمَۃ - بڑھ جانا۔ زیادہ ہوجانا۔ قریب ہونا آپس میں جمع ہونا۔
مُزَاد - نیلام (د)
مَزَار - مَزَارَۃ۔ بزرگوں کی قبر۔ مزار۔

مَزَارَة - سخت دل ہو جانا۔
مُزَارَعَة - آپس میں کھیتی کرنا۔ بٹائی پر زمین دینا۔
مِزَاق - تیز چلنے والی اونٹنی۔
مُزَاكَنَة - آپس میں قریب ہونا۔ اٹکل اور گمان سے ایک بات کہنا۔
مَزَالِف - مرتبے۔ وا۔ مِزْلَفَة۔
مُزَامَلَة - اونٹنی سوار کے پیچھے بیٹھنا۔
مُزَاوَلَة - کوئی کام خوب کرنا اور اس میں پختہ ہو جانا۔ کسی کام کا ارادہ کرنا۔ رنج اور تکلیف اٹھانا۔
مُزَاهَمَة - آپس میں دشمنی کرنا۔ جدا ہوا۔ دوستی کرنا قریب ہونا (لغات اضداد میں سے)
مَزْبُور - لکھا ہوا۔ پتھر کا بنا ہوا کنواں۔
مَزَّة - ایک بار چوسنا۔ مزہ دار شراب۔
مَزْج - (ن) خلط ملط کرنا۔ ملانا۔ کتوں یا آدمیوں کو ایک دوسرے پر بھڑکانا۔
مُزْجیً - تھوڑی سی چیز۔ م: مُزْجَاة۔
مُزْجیٌّ - وہ شخص جو کسی قوم یا گروہ میں رہنے سے لگا ہوا اور پہلے سے اس میں داخل نہ ہو۔
مَزْح - مُزَاحَة۔ مُزَاحٌ۔ (ف) مذاق کرنا
مُزَحْزِح - دور کرنے والا۔ دفع کرنے والا۔
مُزْحِف - تھکا ہوا اونٹ تھکے ہوئے اونٹ والا۔
مِزْحَم - بھیڑ۔ جمگھٹ۔ ج: مَزَاحِم۔
مِزْدَهٰی - چالاک آدمی۔ کسی کام کو جلد سمجھ لینے والا۔
مُزْدَجَر - ڈانٹ ڈپٹ۔ ڈانٹا ہوا۔
مَزْر - اچھی عادت والا۔ ذہین اور ہوشیار آدمی مص (ن) مشک کو اچھی طرح بھرنا کہ اس میں اونچائی نیچائی نہ رہے۔

ذائقہ اور مزہ کے لیے پینا۔ انگلی سے نرم چٹکی لینا۔ کسی پر غصہ کرنا۔ تھوڑا پینا۔
مِزْرَاب - پرنالہ۔ ج: مَزَارِيب۔
مِزْر - بے وقوف۔ عادت۔ طبیعت۔ کسی چیز کی اصل۔
مِزْرَد - وہ ڈورا جو اونٹ کے گلے میں اس لیے باندھ دیا جاتا ہے کہ جگالی نہ کرے ج: مَزَارِد۔
مَزْرَعَة - کھیت۔ کھیتی۔ ج: مَزَارِع۔
مَزْرُوع - بویا ہوا کھیت۔
مَزْن - زمانہ۔ زیادتی۔ آہستگی مص (س) زیادہ ہونا۔ بڑھنا۔
مَزْعٌ - مَزْعَة۔ گھوڑے کی دوڑ کا شروع یا آخر۔ روئی مص۔ (ف) تیز جانا۔ آہستہ دوڑنا۔
مِزْعَة - تھوڑے سے پر۔ تھوڑی سی روئی۔ ج: مِزَع۔
مُزْعَة - گوشت کا ٹکڑا۔ ایک گھونٹ پانی۔ کسی چیز کا کچھ حصہ۔
مُزْعِف - جھٹ پٹ ختم کر دینے والی موت۔ تلوار جو اپنے زخمی کو زندہ نہ چھوڑے۔
مِزْعَق - کدال۔ پھاوڑا (زمین کھودنے کا اوزار) ج: مَزَاعِق۔ تیز چال
مَزْعُوق - ڈرنے والا۔ وہ کھانا جس میں نمک زیادہ ہو۔
مِزَقَّة - دلہن کا ڈولہ۔ فینس۔
مِزَق - کپڑے کے ٹکڑے۔ چیتھڑے۔ وا: مِزْقَة۔
مَزْق - (ن) کپڑے کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

بھاڑ ڈالنا کسی کی آبرو پر حملہ کرنا۔ عیب لگانا۔ پرندے کا بیٹ کرنا۔

مِزْلَاج۔ وہ تالا جو بغیر کنجی کے کھل جائے۔ ہلکے اور دبلے سرین کی عورت۔ ج: مَزَالِیج۔

مَزَلَّۃ۔ پھسلنے کی جگہ۔ پھسلن۔ ج: مَزَال۔ مص (ض) پاؤں کا پھسلنا۔

مَزْلَفَۃ۔ ہر گاؤں جو جنگل اور کھیت کے درمیان میں ہو۔ ج: مَزَالِف۔

مَزْلَق۔ مَزْلَقَۃ۔ پھسلواں جگہ۔ کیچڑ اور پھسلنے کی جگہ۔ ج: مَزَالِق۔

مُزَلِّل۔ بہت خیر و احسان کرنے والا آدمی۔

مُزَلَّم۔ ہلکے بدن کا چالاک آدمی۔ ہنس مکھ اور اچھی عادت کا آدمی۔ گول بدن کا مضبوط گھوڑا۔ اچھا تراشا ہوا تیر۔ چھوٹے جسم کی پہاڑی بکری۔

مُزْلَئِمّ۔ ہلکا پھلکا گذرنے والا۔ دوڑ وغیرہ میں آگے نکل جانے والا۔ سفر کرنے والا۔ موجود اور قائم رہنے والا۔

مِزْمَار۔ بانسری۔ ج: مَزَامِیر۔

مَزَامِیر۔ بہت سے دف راگ گانے بلاجے۔ اچھی آواز۔ وا: مِزْمَار۔

مَزْمَزَۃ۔ حرکت دینا۔ ہلانا۔

مُزْمِع۔ وہ آدمی جو کسی کام کا پکا ارادہ کر چکا ہو۔

مُزَمِّل۔ کپڑے میں لپٹنے والا۔

مُزْمَهِل۔ سیدھا۔ پاؤں پر کھڑا ہونے والا۔ صاف پانی۔

مَزْن۔ دشمن سے بھاگ جانے کا دن یَوْمُ مَزْن بولتے ہیں۔

مُزْن۔ ابر۔ سفید ابر۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ وا: مُزْنَۃ۔

مَزَن۔ عادت۔ طریقہ۔ طور۔ حال۔ حالت۔

مَزْن۔ (ن) اپنے ارادہ پر باقی رہنا اور اسی کے مطابق عمل کرنا۔ چہرے کا چمکنا۔ مشک کو بھرنا۔ تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔

مُزْنَۃ۔ مینہ۔ سفید ابر۔

مُزَنَّد۔ بخیل۔ بری عادت والا۔ منہ بولا بیٹا۔ کپڑا جس کا عرض کم ہو۔

مُزَنَّم۔ ناکارہ۔ کم قیمت۔ اونٹ۔ وہ اونٹ جس کے کان کا کنارہ کاٹ کر لٹکا دیا گیا ہو۔ منہ بولا بیٹا۔ وہ آدمی جو کسی قوم یا گروہ میں جا ملا ہو حالانکہ ان میں سے نہ ہو۔

(ثَوْبٌ) مَزْوَدٌ۔ پھوڑے نکلا ہوا کپڑا۔

مِزْوَد۔ توشہ دان۔ ج: مَزَاوِد۔

مَزَح۔ (ف) خوش طبعی اور ہنسی مذاق کرنا۔

مَزِحّ۔ ہنس مکھ آدمی۔ چالاک۔ ہوشیار

مَزِیَّۃ۔ فضیلت۔ زیادتی۔ ج: مَزَایَا۔

مَزِید۔ زیادتی۔ زیادہ چیز۔ زیادہ کیا ہوا

مُزْئِر۔ دھاڑنے والا شیر۔

مُزَیِّن۔ زینت دینے والا۔ سجانے والا۔ (د) نائی۔

مُزَیَّن۔ زینت دیا ہوا۔ سجایا ہوا۔

م س

مَسّ۔ مَسِیس۔ مِسِّیسیٰ (س۔ن) چھونا۔ مجھولاً پاگل ہو جانا۔

مَسّ۔ پاگل پن۔ دیوانگی۔ مالش۔

مَسْءٌ۔ مُسُوءٌ۔ (ف) نڈر ہو جانا۔ بیچ راستہ میں چلنا۔

کسی کے درمیان فساد کرانا۔ تباہی ڈالنا۔ کسی چیز پر ہمیشگی کرنا

مَساء ۔ شام ۔ ضد صبح ۔

مُسابّۃ۔ آپس میں گالم گلوچ کرنا فحش بکنا۔

مُسابعۃ۔ جماع مص (مفاعلہ) جماع کی کثرت پر فخر کرنا فحش بکنا۔

مُسابقۃ ۔ دوڑنے میں سبقت لے جانا۔ بھاگنے میں مقابلہ کرنا۔

مُساجاۃ۔ چھونا۔ کوشش کرنا۔ علاج کرنا۔

مَساجِد ۔ ساتوں اعضاء جو سجدہ کی حالت میں زمین پر ٹیکے جاتے ہیں۔ مسجدیں۔ و ا:۔ مَسْجِد۔

مُساجلۃ۔ شعرگوئی یا گھوڑدوڑ میں آپس میں مقابلہ کرنا

مَساحِن۔ زرد پتھر۔ چاندی۔ پتلی پتھری جس پر چاقو وغیرہ تیز کیا جائے ۔

مُساحنۃ۔ ملاقات۔ آپس کا اچھا برتاؤ۔ آپس میں رہنے کا اچھا طریقہ مص۔ (مفاعلہ) کسی کی حالت کو غور وخوض سے دیکھنا اور اچھا پانا۔

مُساخفۃ۔ ایک دوسرے کی بیوقوفی میں مدد کرنا ۔

مِساد ۔ مِسْاد۔ گھی یا شہد کی مشک۔

مُسارّۃ ۔ کسی سے راز کی بات کہنا۔

مِساس ۔ مالش۔ چھونا۔ (اسم)

مُساعاۃ۔ لونڈی سے زنا کرنا۔ کوشش کرنے میں کسی سے مقابلہ کرنا۔

مُساعِد۔ اسسٹنٹ (د)

مُساعدۃ۔ مدد کرنا ۔

مُساعفۃ ۔ قدرت وطاقت دینا ۔ مدد کرنا۔ قریب ہونا ۔

مُسافاۃ ۔ گالیاں دینا۔ دوا دارو کرنا۔

مُسافِح ۔ زناکار۔ م:۔ مُسافِحۃ۔

مُسافحۃ ۔ زنا کرنا۔ حرام کرنا۔

مُسافرۃ ۔ سفر کرنا۔ مرجانا۔

مُسافِع ۔ زنا کرنے والا۔ حملہ کرنے والا۔ ایک دوسرے کی گردن میں ہاتھ ڈالنے والا۔ مضاربت کا لین دین کرنے والا۔

مُسافھۃ۔ گالیاں بکنا۔ شراب پینے میں فضول خرچی کرنا۔ بیوقوفی کرنا۔

مَساق ۔ مَسُوق۔ (ن) ہانکنا۔

مُساقطۃ ۔ گھوڑے کا دوسرے گھوڑوں سے گھوڑ دوڑ میں آگے نکل جانا۔ باری باری بات کرنا۔

مَساك ۔ کنجوسی۔ پانی کے ٹھہرنے کی جگہ ۔

مَساکہ ۔ مِساك ۔ مِساکۃ۔ کنجوسی۔ پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ گڑھا وغیرہ یا نیچی زمین ۔

مَساکۃ ۔ مشک میں پانی کا بہت آنا۔

مَسالۃ ۔ چہرہ کی بیضاویت۔ چہرہ کی اس قدر لمبائی جو بھلی معلوم ہو۔

مَسامُ الجَسَد۔ بالوں کی جڑوں کے سوراخ

مُسامحۃ۔ کسی کے ساتھ آسانی برتنا۔ سستی کرنا (د) بے تعصبی۔ چھٹی۔

مُسامرۃ۔ باہم قصہ کہانی کہنا۔

مُساناۃ ۔ کسی کو خوش کرنا اور اس کی خاطر کرنا۔ کوئی چیز ایک عرصہ تک ہر سال دینا۔

مُساندۃ ۔ مختلف الردفین شعر کہنا۔

کسی کو قوت اور مدد پہنچانا [علیٰ]
کسی کام پر بدلہ دینا۔
مُسَاوَدَۃ۔ کسی سے مکر و فریب کرنا شیر کو بھگانا۔
کسی سے راز کی بات کہنا۔
مُسَاوَقَۃ۔ کسی سے بڑائی میں مقابلہ کرنا یا تکنا
دور کرنا۔
مَسْئُول۔ سوال کیا ہوا۔ جوابدہ۔
مُسَاهَلَۃ۔ کسی کے ساتھ آسانی اور نرمی کرنا۔
مُسَاهَمَۃ۔ آپس میں قرعہ ڈالنا۔
مُسَايَرَۃ۔ کسی کے ساتھ برابر چلنا چلنے میں
کسی کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
مَسْبَأ۔ گھاٹی۔ پہاڑ کا راستہ۔ ج: مَسَابِی
مِسْبَار۔ زخم کی سلائی (جس سے زخم کا گہراؤ معلوم
کیا جاتا ہے۔) ج: مَسَابِیر۔
مُسْبِت۔ جو اپنی جگہ سے نہ ہلے۔ ہفتہ (سنیچر)
کے دن میں داخل ہونے والا۔
(رِدَاء) مُسْبَغ۔ بہت زیادہ موٹی چادر۔
مُسَبِّح۔ تسبیح کرنے والا۔
مُسَبِّحَۃ۔ شہادت کی انگلی جو انگوٹھے کے قریب
ہوتی ہے۔ تسبیح کرنے والی۔
مُسْبَع۔ منہ بولا بیٹا۔ حرامی۔ وہ بچہ جس نے
ماں مرجانے کی وجہ سے غیر عورت کا
دودھ پیا ہو۔ حمل کے بعد ساتویں
مہینہ میں پیدا ہونے والا بچہ۔
مُسْبِل۔ پائجامہ کو لٹکانے والا۔ غرور اور
تکبر کی وجہ سے جوئے کا پانچواں یا
چھٹا تیر۔ ذکر۔
مُسَبَّل۔ لمبی مونچھوں والا۔ بدصورت بڈھا۔
مَسْبُوس۔ مُردہ۔ بیہوش۔ کروٹ پر لیٹا ہوا۔ بیمار
جس کی آنکھیں چڑھی ہوئی ہوں۔
مَسْبُوق۔ سبقت کیا ہوا۔ عاجز و درماندہ۔
مُسْتَبَه۔ وہ بوڑھا جو بڑھاپے کی وجہ سے سٹھ
گیا ہو۔ تیز بولنے والا آدمی۔
مُسْتَاخِذ۔ بیماری کی وجہ سے عاجزی کرنے والا۔
درد کی وجہ سے گردن جھکانے والا۔
مُسْتَاخِر۔ پیچھے ہٹنے والا۔
مُسْتَاصَل۔ جڑ سے اکھڑا ہوا۔
مُسْتَاف۔ ایک دوسرے کو تلوار سے مارنے والا۔
مُسْتَانِس۔ انس پکڑنے والا۔
(اَمْر) مُسْتَانَف۔ نیا کام جو پہلے نہ کیا گیا ہو۔
مُسْتَبْشِرَۃ۔ خوش ہونے والی۔
مُسْتَبْصِر۔ بصیرت طلب کرنے والا۔
مُسْتَبِین۔ واضح۔ روشن۔
مُسْتَحَاضَۃ۔ عورت جس کو حیض و نفاس کے علاوہ
استحاضہ کا خون آرہا ہو۔
(حَبْل) مُسْتَحْصَب۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔
مُسْتَحْفِظ۔ محفوظ (د)
مُسْتَحْفِظُ الْقِطَار۔ ریلوے گارڈ۔ (د)
مُسْتَحْکَم۔ مضبوط۔ پائیدار۔
مُسْتَحَم۔ حمام۔ غسل خانہ۔ نہانے کی جگہ۔
مُسْتَحِیل۔ بھرا ہوا۔ لبالب۔ وہ بات جس کا سر پیر
نہ ہو۔ بے نیازہ۔ محال کام۔ دشوار۔
مُسْتَخْدَم۔ نوکر۔ چاکر۔ (د)
مُسْتَخْفِی۔ چھپنے والا۔ پوشیدہ۔
مُسْتَخْلِف۔ جانشین بنانے والا۔
مُسْتَدْمِی۔ اپنی ناک میں سے سر جھکائے ہوئے
خون نکالنے والا۔
مُسْتَذْنِب۔ اونٹوں وغیرہ کے پیچھے پیچھے چلنے والا

مُسْتَرَاخ۔ پاخانہ (د)

مِسْتَر۔ غلاف۔ پوشش۔ وہ کپڑا جو کسی چیز پر ڈھانپا جائے ج: مَسَاتِر۔ (د) مسطر۔

مُسْتَرْبِع۔ ہمت والا اور صابر آدمی۔ بہادر جو کسی کام کے لیے کمر باندھ لے۔

(شَعر) مُسْتَرْسِل۔ لٹکے ہوئے بال۔

مُسْتَرِق۔ دبلا۔ پتلا۔ ضعیف۔ پیدائشی کمزور چھپ کر کسی کی بات سننے والا۔

مُسْتَسْقِی۔ پانی طلب کرنے والا۔ استسقاء (ایک بیماری جس میں پیٹ پھول جاتا ہے) کا بیمار۔

مُسْتَسْلِم۔ سونپنے والا۔ سلامت چاہنے والا۔

مُسْتَسَن۔ روندا ہوا راستہ جس میں آدمی کثرت سے چلتے ہوں۔

مُسْتَشَار۔ مشیر سلطنت (د)

مُسْتَشْفٰی۔ شفاخانہ (د) ج: مُسْتَشْفَیات

مُسْتَشِیر۔ ساتڈ۔ اونٹ جو حاملہ اور غیر حاملہ اونٹنی میں فرق کر سکے۔ مشورہ طلب کرنے والا۔

مُسْتَشِیط۔ خوب ہنسنے والا۔ موٹا اونٹ۔ کبوتر جو اڑتا ہوا اچھا معلوم ہو۔

مُسْتَصْرِخ۔ چیخنے والا۔ فریاد کرنے والا۔

مُسْتَضْعَف۔ کمزور سمجھا ہوا۔

مُسْتَضِیف۔ فریاد کرنے والا۔ انصاف چاہنے والا۔ مہمانی چاہنے والا۔

مُسْتَطَر۔ لکھا ہوا۔ درج کیا ہوا۔

مُسْتَطِیر۔ پھیل پڑنے والا۔

مُسْتَطِیل۔ لمبا۔ طویل۔ پہلی فجر۔ صبح کاذب۔

مُسْتَعَان۔ وہ شخص جس سے مدد چاہی جاوے۔ باری تعالیٰ کا اسم صفت۔

مُسْتَعْجِم۔ وہ شخص جو صاف بات نہ کر سکے گونگا۔

مُسْتَعْرِبَة۔ غیر عرب لوگ جو عربوں میں شامل ہو گئے ہوں۔ عربوں جیسی وضع قطع بنانے والے۔ غیر خالص عربی وا: مُسْتَعْرِب۔

مُسْتَعْمَرَة۔ نوآبادی (د)

مُسْتَعْمَل۔ پرانا۔ کام میں لایا ہوا۔

مُسْتَغْفِر۔ مغفرت طلب کرنے والا۔ معافی چاہنے والا۔

مُسْتَفِیض۔ فائدہ چاہنے والا۔ فائدہ حاصل کرنے والا۔

مُسْتَقْبِل۔ آگے آنے والا۔ سامنے آنے والا۔

مُسْتَقَلَة۔ لمبی آستین کا لباس۔ ایک آلہ جس سے چنگ (ایک باجہ) وغیرہ بجاتے ہیں۔ ج: مَسَاتِق۔

مُسْتَقْدِم۔ مقدم ہونے والا۔

مُسْتَقِر۔ ٹھہرنے والا۔

مُسْتَقَر۔ ٹھہرایا ہوا۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھہرنا۔

مُسْتَقِیم۔ سیدھا۔ درمیانی۔ متوسط۔

مُسْتَکْبِر۔ بڑائی چاہنے والا۔ اپنے آپ کو بڑا سمجھنے والا۔ مغرور۔

مُسْتَکِین۔ ذلیل و خوار آدمی۔

مُسْتَلِب۔ چھین کر لے جانے والا۔

مُسْتَمِر۔ جاری ہونے والا۔ گذرنے والا۔

سِحْرٌ مُسْتَمِر۔ سخت جادو۔

(یَومُ نَحْسٍ) مُسْتَمِر۔ بہت ہی منحوس دن۔

مُسْتَمْسِک ۔ پکڑنے والا۔ چنگل مارنے والا۔
مُسْتَمْطِر ۔ بارش کا طلب کرنے والا۔ خاموش۔ نیکی اور خیر کا چاہنے والا۔
مُسْتَمِع ۔ کان لگا کر سننے والا۔
مُسْتَمِیْت ۔ بہادر۔ دلیر۔ موت کو پیارا سمجھنے والا۔ لڑائی اور جنگوں میں کود پڑنے والا۔
مُسْتَمِیْث ۔ انڈے کے پوست میں باریک جھلی جو سفیدی کے ساتھ ملی ہوتی ہے۔
مُسْتَنْفِرَہ ۔ بدکنے والی۔ بھاگنے والی۔
مُسْتَنْقَع ۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب میں نہانے کی جگہ۔
مُسْتَوْدَع ۔ امن کی جگہ۔ امانت گاہ۔ جائے پناہ
مَسْتُوْر ۔ چھپایا ہوا۔ چھپانے والا۔ پرہیزگار آدمی۔
مُسْتَوْصَف ۔ مطب۔ (د)
مُسْتَوْصِلَہ ۔ وہ عورت جس کے بالوں میں دوسرے بالوں کا جوڑا لگایا جائے تاکہ بڑے معلوم ہوں۔
مُسْتَهْزِئ ۔ ہنسی کرنے والا۔ مذاق کرنے والا۔
مُسْتَیْقِن ۔ یقینی طور پر جاننے والا۔
مَسْجَد ۔ ماتھا۔ ہر وہ عضو جو سجدے کی حالت میں زمین پر ٹیکا جاتا ہے۔ نماز ج: مَسَاجِد۔
مَسْجِد ۔ مسلمانوں کے عبادت کرنے کی جگہ۔ ج: مَسَاجِد۔
مَسْجِدُ جَامِع ۔ جامع مسجد۔
مُسَجَّل ۔ رجسٹری شدہ (د)
مَسْجُوْر ۔ دریا جس میں حد سے زیادہ پانی ہو۔ بھرا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ تاگے میں پرویا ہوا موتی۔ دودھ جس میں پانی کا حصہ دودھ سے زیادہ ہو۔
مَسْجُوْم ۔ بہتا ہوا آنسو۔ وہ اونٹنی جو دوہے جانے کے وقت ٹانگوں کو پھیلائے اور سر کو اونچا رکھے۔ ج: مَسَاجِیْم۔
مَسْجُوْن ۔ قیدی۔ گرفتار۔
مَسْح ۔ (ف) تلوار سے کاٹنا۔ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ مسح کرنا۔ کنگھا کرنا۔ جھوٹ بولنا۔ زمین کو ناپنا۔ اونٹ کا تمام دن چلانا۔ اونٹ کی پیٹھ کو زخمی کرنا جماع کرنا۔ مارنا۔
مِسْح ۔ ٹاٹ۔ راستہ۔ ج: مُسُوْح آمْسَاح۔
مَسْحَاء ۔ ہموار زمین جو کنکریوں والی نہ ہو۔ دبلے سرین اور چھوٹے پستان والی عورت۔ کانی عورت۔ بہت سیر کرنے والی عورت۔ بہت جھوٹی عورت ج: مُسْح۔
مُسَحَّر ۔ کھوکلا۔ کھانے اور شراب وغیرہ کا محتاج۔ دھوکہ دیا ہوا۔ جادو کیا ہوا کام میں لگا ہوا۔
مَسْحَبُ الْحَیَّۃ ۔ زمین پر سانپ کا نشان۔
مِسْحَل ۔ کلہاڑی۔ تیشہ۔ تیز زبان عمدہ تقریر کرنے والا۔ بہادر (آدمی کا) بخیل آدمی۔ جلاد۔ چھلنی قرآن پاک کو اچھی طرح سمجھنے سمجھانے والا۔ سوتی کپڑا۔ بڑا دہانہ جس میں سے

پانی زور کے ساتھ بہے۔ پکا ارادہ۔ گراہی۔ بہت مینہ۔ ایک بٹ کی رسی۔ رخسار کا کنارہ۔ ج: مَسَاحِل۔

مِسْحَنَة۔ وہ پتھر جس پر خوشبو یا دوا گھستے ہیں پتھر توڑ ڈالنے والا تیشہ۔ ج: مَسَاحِن۔

مَسْحُور۔ جادو کیا ہوا خراب کھانا جو سڑ گیا ہو۔ ویران اجڑی ہوئی جگہ۔ حق سے پھرا ہوا۔

مَسْحُول۔ حقیر۔ ذلیل۔ چھوٹا۔ ہموار اور کھلی ہوئی جگہ۔

مَسْخ۔ بھونڈا مص (ف) صورت کو خراب کر دینا۔ اونٹ کو دبلا کر دینا۔ اونٹ کی پیٹھ کو زخمی کرنا۔

مِسْخَاة۔ چمٹا وغیرہ جو آگ کریدنے کے کام آئے۔ ج: مَسَاخِي۔

مَسْخَر۔ (س) [ب۔ مِن] ٹھٹھہ بازی کرنا۔

مُسَخَّر۔ فرمانبردار۔ م: مُسَخَّرَة۔

مَسْخَط۔ (س) [علیٰ۔ الی] غصہ کرنا۔ ناخوش ہونا۔

(مَاء) مُسَخَّن۔ گرم پانی۔

مِسْخَنَة۔ پانی گرم کرنے کا تنہڑا۔ ج:

مُسَدَّد۔ سچ بولنے والا۔ معاملہ کا صاف۔

مَسَد۔ کھجور کے درخت کی چھال کی رسی۔ لوہے کی سلاخ یا کیلی۔ ج: اَمْسَاد۔ مِسَاد۔

مَسْد۔ مص (ن) رسی بٹنا۔ رفتار کا چوپایہ کو تھکا دینا اور کمزور کر دینا۔

مُسَدَّس۔ پستول۔ (د)

مَسْر۔ (ض) کھینچ لینا .... تنگی سے نکال لانا۔ لوگوں کی برائیاں کرنا۔ اور ان کی باتوں پر اعتراض کرنا۔ بھڑکانا۔

مَسْرُبَة۔ چھوٹے بالوں کی دھاری سینہ سے ناف تک۔ ج: مَسَارِب۔

مَسَرَّة۔ سُرُور۔ مص (ن) خوش کرنا۔

مِسَرَّة۔ ٹیلیفون۔ (د)

مَسْرَح۔ چراگاہ۔ ج: مَسَارِح

مُسَرَّد۔ مَسْرُود۔ زرہ۔

مُسَرَّس۔ جزوبندی کی ہوئی اور شیرازہ بندھی ہوئی کتاب۔

مِسْرَط۔ حلق میں کھانے کا راستہ۔ ج: مَسَارِط

مُسْرِف۔ فضول خرچی کرنے والا۔

مَسْرُور۔ خوش کیا ہوا۔

مَسْرُوق۔ چرایا ہوا۔ ایک تابعی کا نام۔ ایک محدث کا نام۔

مُسَرْوَل۔ وہ گھوڑا جس کے پاؤں کی سفیدی رانوں سے اوپر چڑھ گئی ہو۔

مَسْط۔ (ن) اونٹنی کی فرج میں ہاتھ ڈال کر نر کا نطفہ۔ بچہ دان میں سے نکالنا کسی کو کوڑے سے مارنا۔

مَسْطَبَة۔ لوہار کا ہتھوڑا۔ اونچی بیٹھک چبوترہ ج: مَسَاطِب۔

مِسْطَح۔ چھوارے خشک کرنے کی جگہ۔ روٹی پھیلانے کا بیلن۔ گوکل کے پتوں سے بنی ہوئی چٹائی (بوریا) ج: مَسَاطِح۔

مَسْطُور۔ لکھا ہوا۔ مکتوب۔

مِسْع۔ شمالی ہوا کا علم۔

مَسْعَاة۔ بزرگی اور عزت کے کاموں میں آدمی کی کوشش۔ ج: مَسَاعِي

مِسْعَار۔ دھونکنی۔ لڑائی کو بھڑکانیوالا۔ ج: مَسَاعِير

مِسْعَر - لمبا۔ لمبی گردن والا۔ سخت گھوڑا جو سیدھی چال نہ چلتا ہو۔ دھونکنی لڑائی کو بھڑکانے والا۔ ج:۔ مَسَاعِیر۔

مِسْعَط - مُسْعُط - ناک میں دوا ڈالنے کا آلہ۔ پچکاری۔ ج:۔ مَسَاعِط۔

مُسْعَن - چمڑے کا بڑا ڈول۔ چرٹ۔

مَسْعُوْر - کھانے کا حریص۔ حالانکہ پیٹ بھرا ہوا ہو۔ دیوانہ آدمی۔ گرمی کا مارا۔ پیاسا۔

مُسْغَب - جائز۔ درست۔ باموقع۔

مَسْغَبَۃ - بھوک مص (ن) بھوکا ہونا۔

مُسْفِرَۃ - روشن ہونے والی۔

مُسْفِف - بھلائی اور احسان کرنے والا۔ بخیل آدمی۔

مُسْفِیفَہ - ہلکی ہوا جو نیچے ہی نیچے چلے اور باریک ریت خاک وغیرہ کو اڑا لے جائے۔

مَسْفُوح - بکھیرا ہوا۔ گرایا ہوا۔

مَسْفُوْعُ الْعَیْن - وہ آدمی جس کی آنکھیں اندر کو گھسی ہوئی ہوں۔

مِسْقَاط - جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو

مُسْقِط - جس عورت کا حمل گر جائے۔

مُسَقَّف - دو یا تین منزل کا مکان۔

مَسْقِوِی - سینچا ہوا کھیت۔

مَسْك - کچھوے کی کھال۔ مچھلی کی ہڈی جس سے کنگھی وغیرہ بنائی جاتی ہے۔ دستانہ۔ ہاتھی دانت وغیرہ کا زیور وا۔ مَسَكَتْہ۔ مص (ض) [ب] چنگل مارنا۔

مَسْك - بھیڑ کے بچہ کی کھال مَسْکَۃ کھال کا ٹکڑا۔ ج:۔ مُسُوْك

مِسْك - مشک مِسْکَۃ - مشک کا ایک حصہ۔ ج:۔ مِسَك۔

مُسْکَۃ - خیر نیکی۔ اس قدر خوراک جو زندگی کو باقی رکھے، کسی چیز کا بچا ہوا حصہ۔ کامل عقل والے۔ سخت مٹی کا کنواں جس کا گولا بنانے کی ضرورت نہ ہو

مَسْکَۃُ الْقَلَم - ہولڈر (د)

مَسْکَن - ٹھکانا۔ گھر۔ ج:۔ مَسَاکِن۔

مَسْکَنَۃ - فقیری۔ محتاجی۔

مُسْکُوب - بہایا ہوا۔

مَسْکُوْنَۃ - بسی ہوئی۔

مِسْکِیْن - محتاج۔ فقیر جس کے پاس کچھ نہ ہو یا ضرورت کے لائق نہ ہو۔ وہ شخص جس کو غریبی نے قوت و حرکت سے روک دیا ہو۔ ذلیل و حقیر۔ ج:۔ مَسَاکِیْن

مِسْکِیْنَہ - مدینہ منورہ کا نام نامی۔ فقیر عورت۔ ج:۔ مِسْکِیْنَات

مَسْل - (ن) پانی وغیرہ کا رواں ہونا۔ بہنا پرنالہ۔ پانی کا راستہ۔ ج:۔ اَمْسِلَۃ مُسُل۔ مُسْلَان۔

مِسْلَاط - کنجی کا دندانہ۔ ج:۔ مَسَالِیط

مِسَلَّۃ - سُوا۔ بڑی سوئی۔ ج:۔ مَسَالّ۔

مَسْلَحَۃ - وہ جگہ جہاں خوف کی وجہ سے ہتھیار پہنے جائیں۔ مسلح فوج۔ چوکیدار کی جگہ۔ ج:۔ مَسَالِح۔

مُسَلْسَل - دھاری دار کپڑا۔ چھپا ہوا کپڑا۔

مُسْلِم - مطیع فرمانبردار۔ مسلمان۔ چھوڑنیوالا۔

م۔ مُسْلِمَة۔
مُسْلَمَة۔ سونپی ہوئی۔ سپرد کی ہوئی۔
مَسْلُوب۔ چھینا ہوا۔ بے عقل۔
مَسْلُوس۔ بیہوش۔ دیوانہ۔
مِسْمَار۔ لوہے کی کیل (میخ)۔ لوہے کی بیڑی۔ اونٹوں کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنے والا۔ ج: مَسَامِیر۔
مِسْمَاك۔ دو شاخوں کی لکڑی جو خیمہ کو اونچا کرنے کے لیے ستون کی طرح لگا دی جاتی ہے۔ ج: مَسَامِیك۔
مُسَمَّط۔ وہ شعر جس کا ایک قافیہ قصیدہ کے بیتوں کے قافیہ کے خلاف ہو۔ وہ حکم جو لوٹایا نہ جا سکے بھیجا ہوا آدمی کہ واپس نہ آئے۔
مِسْمَع۔ کان۔ ج: مَسَامِع۔ کان کا سوراخ۔ ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔ ج: مَسَامِعَة۔
مُسَمَّع۔ زنجیروں میں جکڑا ہوا قیدی۔
مُسْمِع۔ سنانے والا۔
مُسْمَع۔ سنایا ہوا۔
مُسْمِعَة۔ گانا سنانے والی۔
مَسْمُوط۔ بھوننے کے لیے بکری یا بھیڑ کا بچہ جس کے بال صاف کر دیے گئے ہوں۔
مُسَمًّى۔ نام رکھا ہوا۔ معیّن۔ مقرر۔
مُسْنَد۔ زمانہ۔ منہ بولا بیٹا۔ حدیث جس کو اس کے روایت کرنے والے کی طرف پہنچا دیا ہو۔ ج: مَسَانِید۔ مَسَانِد۔
مُسَنَّدَة۔ ٹیک لگائی ہوئی۔
مُسَنْطَل۔ کمزور۔ ناطاقت۔ سست چلنے والا۔

وہ آدمی جس کا بدن ہلا ارادہ ہلتا ہو۔
مُسْنِفَة۔ آگے نکل جانے والا گھوڑا۔ وہ جگہ جہاں قحط پڑا ہوا ہو۔ دبلی اونٹنی۔ جوان اونٹنی جس کے حمل کو دس مہینہ گذر گئے ہوں اور تھن لٹک گئے ہوں۔
مَسْنُون۔ تیز کی ہوئی چھری۔ بنائی ہوئی صورت۔ چکنا کیا ہوا۔ بدبودار کیچڑ۔ سنت کیا ہوا۔
مُسْوَد۔ بہت سیاہ۔ کالا بھجنگا۔ م: مُسْوَدَّة۔
مُسْوَدَّة۔ پہلی نقل۔ چھاپے کا پہلا چھپا ہوا۔ تاکہ اس کا مقابلہ کیا جائے۔
مِسْوَر۔ چمڑے کا تکیہ۔ ج: مَسَاوِر۔
مَسُوس۔ پانی جو نہ میٹھا ہو نہ کھاری۔ وہ دوا جو زہر کے اثر کو دور کر سکے۔
مِسْوَق۔ چوپایہ کے ہانکنے کی لکڑی۔ ج: مَسَاوِق۔
مُسَوِّم۔ نشان لگانے والا۔
مُسَوَّم۔ نشان و علامت لگایا ہوا۔ م: مُسَوَّمَة
مُسَوَّمَة۔ علامت و نشان لگایا ہوا گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو چرانے کے لیے چھوڑ دیا ہو۔
مَسْئَلَة۔ وہ بات جو دریافت کی جائے مص (ف) دریافت کرنا۔ مانگنا۔ چاہنا۔
مَسْئُولِیَّة۔ ذمہ داری (د)
(المدیر) المَسْئُول۔ ذمہ دار ایڈیٹر۔ (د)
مُسَهَّد۔ مُسَهَّد۔ بے خواب جسے نیند نہ آئے
مَسْی۔ (ض) اونٹنی یا گھوڑی کے رحم میں ہاتھ ڈال کر نطفہ کو نکالنا۔ کسی چیز کو پاک اور صاف کرنا۔ کوئی چیز کھینچنا۔
مُسِیْئ۔ بدکار۔ گنہگار۔
مَسِیْح۔ سونے یا چاندی کا گھسا ہوا ٹکڑا۔

بہت زیادہ سفر کرنے والا۔ آدھے چہرے کا جس کے صرف ایک آنکھ اور ایک بھوں ہو پیدایش کے اعتبار سے برکت والا۔ (پیدائشی) منحوس۔ نام مبارک (حضرت مسیح علیہ السلام کا۔ یہ نام آپکی برکت کے سبب ہوا۔ اور دجال کذاب کا یہ نام اس کی شومی اور بدبختی کے سبب یا اس لیے کہ اس کے صرف ایک آنکھ اور ایک بھوں ہے) جھوٹ بولنے والا۔ عرق (پسینہ۔

مَسِیحَۃ۔ زلف۔ کمان۔ گیسو۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج: مَسَائِح۔

مَسِیخ۔ بدصورت۔ جس کی صورت مسخ کر دی گئی ہو۔ بے وقوف۔ بے مزہ یا بے نمک کھانا۔ میوہ۔

مَسِیط۔ مٹی۔ گدلا۔ بدبودار پانی جو حوض یا تالاب کی تہہ میں رہ جائے۔ تھوڑی سی نمی۔ کیچڑ۔

مُسَیطِر۔ محافظ۔ نگہبان۔ چوکیدار۔ داروغہ۔

مِسیَعَۃ۔ ایک لکڑی یا لوہا جس سے زمین لیپتے ہیں۔

مَسِیک۔ بہت زیادہ عقل۔ کھانا اور پانی جو زندگی گذارنے کے لیے کافی ہو۔ کنجوس آدمی۔ بھلائی۔ پانی رکنے کی جگہ۔

مَسِیل۔ کھجور کی ہری ٹہنی سیلاب کی جگہ۔ ج: مُسُل۔ اَمْسِلَۃ۔ مَسَایِل۔

مَسِیُو۔ موسیو (فرانسیسی زبان کا تعظیمی لفظ) (د)

م۔ش

مَشّ۔ (ن)، کسی چیز کو اتنا گھسنا کہ نرم پڑ جائے۔ ہاتھ کو کسی چیز سے رگڑنا۔ تاکہ چکنائی صاف ہو جائے۔ جھگڑا کرنا۔ کسی کے مال کو تھوڑا تھوڑا لینا۔ اونٹنی کا تھوڑا سا دودھ دوہنا۔

مَشَّاء۔ بہت چلنے والا۔

مَشَّاءٌ بِنَمِیمٍ۔ چغل خور۔

مَشَابِر۔ گز کی گرہیں۔ یعنی وہ نشانات جو ناپنے کے لیے لگائے جاتے ہیں۔ نیچی نہریں جن میں ہر طرف سے پانی آئے۔ (و) ا۔

مُشَابَہَۃ۔ کسی کے مثل اور مانند ہونا۔

مِشَاۃ۔ جھولی۔ ٹوکرہ۔ ٹوکری وغیرہ۔ ج: مَشَاءِی۔

مُشَاتَمَۃ۔ آپس میں گالم گلوچ کرنا۔

مُشَاجَرَۃ۔ اونٹ کو (درخت کے پتے) کھلانا۔ دشمنی کرنا۔

مَشَار۔ مَشَارَۃ۔ شَوْر (ن) شہد کی مکھیوں کا چھتہ توڑ کر شہد نکالنا۔

مَشَاس۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

مُشَارَاۃ۔ خریدنا۔ بیچنا۔ خرید و فروخت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

مَشَارِب۔ گھاٹ۔ (و) ا:۔ مَشْرَب۔

مُشَارِجَات۔ ہم عمر لڑکیاں۔ (و) ا:۔ مُشَارِجَۃ۔

مُشَارِس۔ بری عادت والا۔ دھاردار سخت لوہا کہ جس چیز پر گرے کاٹ ڈالے۔

مُشَارَفَۃ۔ آپس میں شرافت، اور بزرگی پر فخر کرنا۔ چڑھنا۔ کسی بات پر مطلع ہو جانا۔ کسی بات سے خبردار ہو جانا۔ قریب ہونا۔

مُشَاش - نرم زمین نفس سرشت اصل. عادت طبیعت چالاک اور پھرتیلا آدمی. خوش مزاج آدمی. گھر پر اور سفر میں خوب خدمت کرنے والا.

مُشَاشَة - ہڈی کا نرم حصہ جسے چبا سکیں یا ستہ جس میں خاک اور نرم کنکریاں ہوں وہ پہاڑ جس میں ابلتے ہوئے چشمے ہوں. ج؛ - مُشَاش.

مُشَاطَاة - دو آدمیوں کا ندی کے کنارہ کنارہ چلنا.

مُشَاطَة - وہ بال جو کنگھا کرتے ہوئے ٹوٹ جائیں.

مُشَاطَرَة - گھروں کو آپس میں قریب قریب بنانا کسی چیز کو آدھا آدھا بانٹنا.

مُشَاعَرَة - آپس میں جمع ہو کر اپنے اپنے اشعار سنانا شعروں میں مقابلہ کرنا.

مُشَافَهَة - رُو در رُو بات کہنا. ہونٹوں کو ملانا. کسی چیز کو قریب کرنا.

مُشَاقَّة - مخالفت اور دشمنی کرنا. تفرقہ ڈالنا. آدمیوں کو تکلیف دینا. نقصان پہنچانا. کسی سے مخالفت کرتے ہوئے علیحدہ ہو جانا.

مُشَاكَرَة - کسی کے ساتھ بات چیت کا سلسلہ شروع کرنا. کسی کا شکریہ ادا کرنا. کسی کے اوصاف بیان کرنا.

مُشَاكَلَة - ایک ہی صورت کا ہونا. موافقت کرنا.

مُشَاكَهَة - مثل اور مانند ہونا. آپس میں ہمشکل ہونا. قریب ہونا

مَشْئَمَة - نحوست. کم بختی. بائیں جانب.

مِشَان - ایک قسم کا بہترین چھوارہ. پرانا بھیڑیا. زبان دراز عورت.

مُشَامَّة - ایک دوسرے کو سونگھنا. ڈھونڈنا. نظر کرنا. اِدھر اُدھر دیکھنا. قریب ہونا.

مُشَاوَرَة - باہم مشورہ کرنا. رائے لینا.

مُشَاوَلَة - پتھر وغیرہ کو اٹھانا. لڑائی میں ایک دوسرے پر نیزہ کا وار کرنا.

مُشَاهَرَة - مہینہ کی تنخواہ مص مہینہ کی تنخواہ مقرر کرنا.

مُشَاهَلَة - باہم گالم گلوچ کرنا. ایک دوسرے کو بُرا کہنا.

مُشَايَحَة - کسی کام میں کوشش کرنا. پرہیز کرنا. باہم جنگ کرنا.

مَشَّايَة - بچوں کی گاڑی. (د)

مُشَايَعَة - مہمان وغیرہ کو رخصت کرنے کے لیے پیچھے پیچھے چلنا (استقبال کی ضد) دوستی کرنا. چرواہے کا پیچھے رہتے ہوئے بکریوں کے ریوڑ کو پکارنا.

مَشَايِن - بہت سے عیب. برائیاں. وا؛ - مَشَان.

مُشَبَّك - جلیبی.

مُشْبِل - بچہ والی شیرنی.

مَشْبُوبَة - بھڑکی ہوئی آگ جس سے شعلے نکل رہے ہوں.

مُشْتَبِهَة - مثل. مانند. مشکل کام. مذ؛ - مُشْتَبِه.

مُشْتَرِك - شریک ہونے والا.

مُشْتَرِي - خریدنے والا. ایک جانور. مشہور ستارہ.

مُشْتَغِل - کاروباری آدمی. کاموں میں مشغول رہنے والا.

مَشَج - ملا ہوا.

مِشْجَب - کھونٹی جس پر کپڑے ٹانگ دیے جاتے ہیں. ج؛ ...

مِشْجَر - تپائی. میز. اونچی چوکی وغیرہ کھادہ. ج؛ - مَشَاجِر

مُشَجَّر - وہ کپڑا جس پر پھول پتیاں بنائی گئی ہوں.

مُشَخِّص - ایکٹر (د)

مُشَذَّب - چھانٹا ہوا درخت، کھجور کا لمبا درخت. لمبے قد اور اچھی عادت کا آدمی.

مِشْذَب - درخت کی ٹہنیوں کو چھانٹنے کا آلہ.

مِشْر - بہت سُرخ آدمی.

مِشْرَاط - نشتر. ج؛ - مَشَارِيط.

مَشْرَب - گھاٹ. پینے کی جگہ. ج؛ - مَشَارِب.

مَشْرَبَة - نرم زمین جس میں ہمیشہ گھاس رہے. کھڑکی بالاخانہ. دالان کے آگے کی جگہ. ایک چلو پانی

ندی کا گھاٹ۔ ج: مَشَارِب۔
مِشْرَبَۃ۔ کٹورہ۔ پانی پینے کا پیالہ۔ ج: مَشَارِب۔
مَشْرَۃ۔ شاخ سبز و تازہ جو نئی نئی نکلے۔ کپڑا۔ لباس ایک پرندہ۔ مَشْرَۃُ الْاَرْض۔ زمین کی سطح اور اس کی روئیدگی۔ مَشْرَطُ الْاَعْضَاء۔ بھرے ہوئے بدن کی عورت۔
مِشْرَط۔ نشتر۔ فصد کھولنے کا آلہ۔ ج: مَشَارِط۔
مَشْرَف۔ اونچی جگہ۔ زمین کی اونچائی۔ ج: مَشَارِف۔
مُشْرِف۔ ابھرا ہوا۔ بلند۔
مُشَرَّق۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ مسجد خیف۔ سرخ رنگ کا کپڑا۔ قلعہ۔ قلعی پھری ہوئی۔
مَشْرِق۔ سورج کے نکلنے کی جگہ۔ ج: مَشَارِق۔
الْمَشْرِق الادنیٰ۔ مشرق قریب۔ (د)
الْمَشْرِق الاقصیٰ۔ مشرق بعید (د)
مُشْرِق۔ چمکنے والا۔ روشن۔ طلوع ہونے والا۔
مُشْرِک۔ کافر۔ خدا کی عبادت میں کسی دوسرے کو شریک کرنے والا۔
مَشْرُوطِیَّۃ۔ پارلیمنٹی حکومت (د)
مَشْرُوع۔ تجویز بل۔ ج: مَشَارِع۔
مَشْرُوعَۃ۔ کسی کی طرف سیدھا کیا ہوا نیزہ۔
مِشْرِیق۔ جاڑوں میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔
مُشْط۔ کپڑا بننے کا آلہ جو کنگھی کے مشابہ ہوتا ہے۔ پشت کی پتلی ہڈیاں جو بچھی ہوئی ہیں یا اونٹوں کا داغ جو کنگھی کے مشابہ ہو۔ ایک قسم کی مچھلی۔
مُشْط۔ مَشْط۔ مِشْط۔ مَشَط۔ مُشُط۔ مُشُطّ۔ کنگھی۔ ج: اَمْشَاط۔ مِشَاط۔
مَشْط۔ (ن۔ض) کنگھی کرنا۔ آمیزش کرنا۔ ملانا۔
مَشَط۔ (س) ہاتھ پھیرنے کی وجہ سے کانٹے یا لکڑی کا ہاتھ میں چبھ جانا۔
مَشِظ۔ وہ کانٹا یا پھانس جو ہاتھ وغیرہ میں لگ جائے۔
مَشْظَۃ۔ پوشیدہ خبر جس کے متعلق یہ نہ معلوم ہو کہ صحیح ہے یا نہیں۔
مَشْع۔ (ف) اچک لے جانا۔ آہستہ چلنا۔ روئی اونٹنا۔ بکری دوہنا [ب] پھینکنا۔
مُشَعْبِذ۔ شعبدہ دکھلانے والا بازیگر۔ وہ آدمی جس پر جادو کیا گیا ہو۔
مِشْعَۃ۔ ذراسی روئی۔ روئی کا پھویا۔
مَشْعَر۔ نرم زمین کا سایہ دار درخت جس اور ادراک کی قوت۔ وہ جگہ جہاں قربانی کی جائے۔ المشعر الحرام۔ مزدلفہ۔ ج: مَشَاعِر۔
مَشْعَل۔ مَشْعَلَۃ۔ قندیل چراغ۔ شمع موم بتی۔ ج: مَشَاعِل۔
مِشْعَل۔ مِشْعَال۔ صافی۔ وہ چیز جو پانی وغیرہ کو صاف کرنے کے لیے برتن کے منہ پر رکھتے ہیں۔ ج: مَشَاعِل۔ مَشَاعِیل۔
مَشْعُون۔ الجھے ہوئے بالوں والا۔ پریشان حال۔ اس کا استعمال لفظ مجنون کے ساتھ ہوتا ہے۔ کہتے ہیں۔ مَجْنُونٌ مَشْعُون۔
مَشْغَلَۃ۔ کوئی کام جو وقت خالی نہ رہنے دے۔ ج: مَشَاغِل۔
مِشْفَر۔ اونٹ کا ہونٹ۔ قوت۔ سختی۔ زمین کا ٹکڑا۔ ج: مَشَافِر۔
مُشَفْشَف۔ کم عقل اور بری عادت والا۔ وہ شخص جو غیرت اور شرم کی وجہ سے کانپ رہا ہو۔
مُشْفِق۔ نصیحت کرنے والا۔ ڈرنے والا۔
مَشْفُوہ۔ وہ شخص جس سے آدمی گڑگڑا کر سوال کرتے ہوں کھانا پانی وغیرہ جس پر لوگوں کی بھیڑ لگی ہوئی ہو۔

مِشْق ۔ گلاب کا پھول ۔ ہلکا پھلکا آدمی ۔
مَشْق ۔ (ن) لڑکی کا پتلے ہلکے اور لمبے جسم کا ہونا ۔ جلدی سے نیزہ یا کوڑا مارنا ۔ جماع کرنا ۔ تیزی سے کھانا ۔ حرفوں کو لکھنا ۔ مشق کرنا ۔ بالوں میں کنگھی کرنا ۔ کمان کا چلّہ کھینچنا ۔ کپڑا پھاڑنا ۔ کسی چیز کو کھینچنا تاکہ پتلی اور سخت ہو جائے ۔ کم دوہنا ۔
مَشْقَاء ۔ وہ عورت جس کی دونوں رانیں ملی ہوئی ہوں ۔
مَشَقَّة ۔ سختی ۔ دشواری ۔ ج : ۔ مَشَاقّ ۔
مُشَقَّر ۔ چمڑے کی مشک ۔ تانبے کا کٹورہ یا طشت ۔
مِشْقَه ۔ وہ بال جو کنگھی سے جھڑ جائے ۔ روئی کا پھویا ۔ ج : ۔ مِشَق ۔
مِشْكَاة ۔ طاق جس میں چراغ وغیرہ رکھتے ہیں (یہ اصل میں مشکوۃ تھا ۔
مُشَكَّل ۔ با اعراب (د)
مُشْكِلَة ۔ پیچیدگی ۔ پیچیدہ معاملہ ۔ ج : ۔ مَشَاكِل (د)
مَشْكُوّ ۔ گلا کیا ہوا ۔ شکایت کیا ہوا ۔
مَشْكُور ۔ جس کا شکر کیا جائے ۔ شکر کا بدلا دیا ہوا ۔
مَشْل ۔ (ن) کم دوہنا ۔
مُشْلَح ۔ مَشْلَح ۔ ڈریسنگ روم (د)
مِشْمَال ۔ لحاف ۔ کوئی روئی کا کپڑا جو لپیٹا جاوے ۔ ج : ۔ مَشَامِيل ۔
مِشْمِذ ۔ پگڑی ۔ عمامہ ۔ ج : ۔ مَشَامِذ ۔
مُشْمِرّ ۔ تجربہ کار آدمی ۔ چالاک ۔ ہوشیار ۔
مِشْمِش ۔ زرد آلو ۔ (خوبانی)
مُشَمَّع ۔ موم جامہ ۔ پارسل ۔ (د)
مَشْمَعَة ۔ شمع بیچنے اور بنانے کی جگہ ۔
مُشْمَعِل ۔ خوش و خرم آدمی ۔ تیز چال کی اونٹنی ۔ پھرتیلا اور چالاک آدمی ۔ لمبے قد کا آدمی ۔

کھٹا دودھ ۔
مِشْمَل ۔ ایک قسم کی چادر ۔ خنجر ۔ چھوٹی تلوار ۔ ج : [illegible]
مَشْمُول ۔ پانی ملی ہوئی شراب جس پر شمالی ہوا چلی ہو ۔ اچھی عادت والا ۔
مَشْن ۔ (ض) کوڑا مارنا ۔ چھیلنا ۔ جماع کرنا ۔ سخت چیز پر ہاتھ رگڑنا ۔ اس طرح تلوار مارنا کہ کھال اڑا لے جائے ۔
مَشْنَة ۔ چلنے کی وجہ سے کھال کا ادھڑ جانا (اسم مصدر)
مَشْنَقَة ۔ پھانسی گھر (د)
مَشُوّ ۔ مَشُوّ ۔ مَشِيّ ۔ مَشَاءٌ ۔ دست لانے والی دوا ۔
مِشْوَار ۔ شہد توڑنے کا آلہ ۔ کسی چیز کا اندر یا باہر کا حصہ ۔ چنگال ۔ نداف کی کمان کا چلہ ۔ ج : ۔ مَشَاوِير ۔
مِشْوَال ۔ بھاری پتھر جو طاقت آزمانے یا ورزش کرنے کے لیے اٹھایا جاوے ۔
مِشْوَذ ۔ سر کی پگڑی ۔ بادشاہ ۔ سردار ۔ ج : ۔ مَشَاوِذ ۔
مَشُوش ۔ ہاتھ منہ صاف کرنے کا رومال ۔ تولیہ ۔
مَشُوف ۔ مزین ۔ جلا پایا ہوا ۔ قطران ملا ہوا (اونٹ)
مِشْوَل ۔ چھوٹی درانتی ۔ ج : ۔ مَشَاوِل ۔
مَشْؤُم ۔ مَشْئُوم ۔ جس نے فال بدلی ہو ۔ ج : ۔ مَشَائِيم ۔
مَشْهَد ۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ ۔ دستاویز اور کاغذات وغیرہ میں دعویٰ ثابت کرنے کی جگہ جہاں گواہوں کے بیانات اور عدالت کی مہر وغیرہ لگی ہوئی ہو ۔ ج : ۔ مَشَاهِد ۔
مُشْهِد ۔ وہ عورت جس کا شوہر اس کے پاس موجود ہو ۔ (مغیبۃ کی ضد)
مُشْهَد ۔ وہ آدمی جسے بے قصور مار ڈالا گیا ہو ۔
مَشْهُود ۔ جمعہ کا دن ۔ قیامت کا روز ۔ عرفہ کا دن ۔

مَشْیٌ ۔ (ض) چلنا۔ بہت سے جانوروں کا مالک ہونا۔ راہ پانا۔

مَشِیْب ۔ بالوں کی سفیدی۔ بڑھاپا۔

مُشِیْحٌ ۔ طویل مستقل اور پختہ ارادے والا۔ وہ آدمی جو تمھاری طرف یا تمھارے سامنے آرہا ہو۔ غیرت مند۔ چوڑے اور نکلے ہوئے سینہ کا اونٹ۔

مُشَیَّد ۔ مضبوط۔ بلند کیا ہوا۔ لمبا۔ مؤ: مُشَیَّدَۃ۔

مُشِیْر ۔ فیلڈ مارشل (د)

مَشْبُطَۃ ۔ کنگھی کی ہوئی لِمَّۃ مَشِیْطَۃ یعنی کنگھی کیے ہوئے بال۔

مَشِیْعَۃ ۔ خشک کدو جس کا بیج گودا وغیرہ نکال کر خالی کرلیا گیا ہو۔

مَشِیْمَۃ ۔ رحم کے اندر ایک جھلی ہے جس میں بچہ رہتا ہے۔ ج: مَشِیْم۔ مَشَایِم۔

مَشِیْئَۃ ۔ مَشَاءَۃ ۔ مَشَایِئَۃ ۔ (س) چاہنا ارادہ کرنا۔

م ص

مَصّ ۔ (ن) چوسنا۔

مُصَابَاۃ ۔ شعر کو درست نہ پڑھنا۔ کلام کو عمدہ پیرایہ میں ادا نہ کرنا۔ دیوار وغیرہ کو سیدھا نہ بنانا اونٹ کا اپنے ہونٹوں کو پانی پیتے وقت چلانا۔ تلوار کو میان میں رکھنا۔ نیزے وغیرہ کو مارنے کے لیے ٹیڑھا کرنا۔

مُصَابَۃ ۔ مصیبت۔ آفت۔ بلا۔

مُصَاحِب ۔ صحبت میں بیٹھنے والا۔ یار دوست۔ وہ شخص جو سرکشی اور نافرمانی کے بعد تابعدار ہوگیا ہو۔

مُصَاحَبَۃ ۔ آپس میں رفیق اور ساتھی اور دوست ہونا۔

مُصَاحِرٌ ۔ اپنے مقابل سے دھوکہ۔ فریب کیے بغیر کھلم کھلا میدان میں لڑنے والا۔

مَصَاد ۔ اونچا پشتہ۔ پہاڑ کا اوپری حصہ (چوٹی) پہاڑ کی بہت مضبوط جگہ۔ ج: أَمْصِدَۃ ۔ مُصْدَان۔

مُصَادَرَۃ ۔ کسی کے خون کو اس کے مال کے بدلہ بیچنا۔ (د) جرمانہ کرنا۔

مُصَادَقَۃ ۔ (علیٰ) کسی امر کو سرکاری طور سے منظور کرنا کسی معاہدہ پر دستخط کرنا۔ تجویز کو پاس کرنا۔ (د)

مُصَادَمَۃ ۔ ایک دوسرے کو کوٹنا۔ اوپر تلے مارنا۔

مُصَارَحَۃ ۔ کھلم کھلا بات کہنا۔ دل کی بات بتلادینا۔ اپنے بھید کو ظاہر کرنا۔

مُصَاص ۔ کسی چیز کا خالص اور عمدہ حصہ۔ ایک گھاس کا نام۔ خوب صورت اور قیمتی موتی۔

مُصَافَّۃ ۔ صف باندھ کر کھڑا ہونا۔ چبوترہ کے مقابل چبوترہ بنانا۔

مُصَافَحَۃ ۔ ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنا۔ ہاتھ ملانا۔

مُصَافَقَۃ ۔ کروٹ بدلنا۔ اونٹنی کو جننے کا درد ہونا۔ دو کپڑوں کو برابر کرنا۔

مُصَالَۃ ۔ وہ پانی جو پنیر پکاکر نچوڑنے کے بعد نکلتا ہے۔ دہی چھاچھ۔ زخم۔ گھاؤ سے نکلا ہوا پانی۔

مَصَّان ۔ ذلیل اور کمینہ آدمی جو کمینہ پن کی وجہ سے بکری کا تھن سے دودھ چوسے (حرف ندا کے ساتھ) یا مَصَّان گالی ہے۔

مُصَّان ۔ گنا۔

مُصَانَعَۃ ۔ رشوت دینا۔ نرمی کرنا۔ گھوڑے کا پوری رفتار سے نہ چلنا۔

مِصْبَاح ۔ چراغ۔ چوڑی بھال کی برچھی۔ بڑا پیالہ صبح کے وقت شراب پینے کا۔ وہ اونٹنی جو سورج چڑھنے کے بعد اپنی (خوابگاہ) سے چرنے کے لیے نکلے۔ ج:۔ مَصَابِیح (د) بلب

مَصْبَغَة ۔ کارخانہ۔ رنگریزی۔ (د)

مُصْبِح ۔ صبح کرنے والا۔ صبح کا وقت پانے والا۔

مَصْت ۔ (ن) جماع کرنا۔ اونٹنی کی بچہ دانی سے منی کو باہر نکالنا۔

مَصَحٌ ۔ مُصُوح ۔ (ف) کپڑے کا پرانا ہونا۔ سایہ کا گھٹنا۔ بیمار کا اچھا ہونا۔ اونٹنی کے دودھ کا منقطع ہوجانا۔

مَصَحّ ۔ صحت گاہ۔ (د)

مِصْحَاة ۔ برتن۔ پانی پینے کا پیالہ۔ ج:۔ مَصَاحِی۔

مُصْحَف ۔ آسمانی کتاب۔ خدا کا کلام۔ ج:۔ مَصَاحِف۔

مَصْخ ۔ (ف) صورت بدلنا اور خراب کرنا۔ بکری کا ٹہنی جھکا کر کھانا۔ کسی چیز کو کھینچ کر لینا۔

مَصْخَدَة ۔ دوپہر۔ ج:۔ مَصَاخِد۔

مَصْخَفَة ۔ لوہے کا بیلچہ۔ کدالی۔ ج:۔ مَصَاخِف

مَصْد ۔ اونچا پشتہ۔ جاڑے گرمی کی زیادتی، اور سختی مص (ن) دودھ دینا۔ جماع کرنا۔ چوسنا۔ کانپنا۔ رسوا کرنا۔

مَصْدَر ۔ نکلنے کی جگہ۔ پھرنے کی جگہ۔ وہ اسم کہ جس سے افعال اور صفت وغیرہ کے صیغے بنتے ہیں۔ ج:۔ مَصَادِر۔

مُصَدَّر ۔ بہت مضبوط سینہ والا آدمی۔ آگے نکلنے والا گھوڑا۔ قمار (جوا) کا پہلا تیر۔ شیر۔ بھیڑیا۔

مِصْدَع ۔ چوڑی اور لمبی پیکان۔ کاموں میں ہوشیار اور چالاک آدمی۔ اچھی تقریر کرنے والا۔ ج:۔ مَصَادِع۔

مُصَدِّق ۔ تصدیق کرنے والا۔ سچا بتلانے والا۔ باور کرنے والا۔ (م):۔ مُصَدِّقَة۔

مَصْدُور ۔ جس کے سینہ میں درد ہو۔

مِصْر ۔ دو چیزوں کے درمیان پردہ اور روک دو زمینوں کے درمیان حد۔ برتن۔ گلاب کا پھول۔ ج:۔ (معنیٰ اول کے اعتبار سے) مُصُور۔ ایک مشہور ملک کا عَلَم۔ شہر۔ قصبہ۔ ج:۔ اَمْصَار۔

مَصْر ۔ (ن) اونٹنی کو تین انگلیوں کے سروں سے دوہنا یا پہلی انگلی اور انگوٹھے سے دوہنا۔

مُصَرَّاة ۔ دودھ کا وہ جانور جسے اس لیے نہ دوہیں کہ دودھ اس کے تھنوں میں جمع رہے۔ اور خریدنے والے کی نظر میں وہ زیادہ دودھ دینے والا معلوم ہو۔

مِصْرَاع ۔ مِصْرَع ۔ شعر کا آدھا حصہ۔ کواڑ ج:۔ مَصَارِیع۔

مُصْرِخ ۔ فریاد رس۔

مَصْرَع ۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج:۔ مَصَارِع۔ مص (ف) پچھاڑنا۔

مَصْرَف ۔ جائے بازگشت۔ پھیرنے کی جگہ۔ ج:۔ مَصَارِف (د) بنک۔

مُصْرِم ۔ محتاج آدمی۔ زیادہ بال بچوں والا۔ اونٹوں کے گلہ کا مالک۔

مَصْرُوف ۔ پھیرا ہوا۔

مِصْرِیّ ۔ شہر کی طرف نسبت کیا گیا۔ ج:۔ مَصَار۔ مَصَادِی۔

مِصْرِيَّة ۔ مصری پیسہ (د)
مَصْط ۔ (ن) بچہ دان میں ہاتھ ڈال کر منی کو باہر نکالنا۔
مُصْطَاف ۔ سرد مقام پر گرمی بسر کرنے والا۔ (د)
مِصْطَبَة ۔ چبوترہ ۔ج: ۔ مَصَاطِب ۔
مُصْطَبِح ۔ صبح کی شراب پینے والا۔ چراغ روشن کرنے والا۔
مِصْطَح ۔ بغیر گھاس کا جنگل۔ وہ جگہ جسے اناج کے گہنے کے لیے ہموار کریں۔ ج: ۔ مَصَاطِح ۔
مُصْطَفٰی ۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔
مُصْطَكٰی ۔ ایک قسم کا گوند ہے سفید کو رومی مصطگی اور سیاہ کو مصطگی بنطی کہتے ہیں۔
مَصْعٌ ۔ تلوار مارنے والا آدمی مضبوط جسم کا آدمی۔
مص (ف) دُم کو ہلانا اور مارنا۔ اونٹنی کے پستان پر ٹھنڈا پانی چھڑکنا۔ بجلی کا چمکنا۔ پرندہ کا بیٹ گرانا۔ کوڑے یا تلوار سے مارنا۔ عورت کا بچہ کو گرا دینا۔ تیزی سے گذر جانا۔ دوڑنا۔
مِصْعَاد ۔ وہ رسی جس کی مدد سے کھجور کے درخت پر چڑھتے ہیں۔ ج: ۔ مَصَاعِيد ۔
مَصَفٌّ ۔ قطار باندھنے کی جگہ۔ ج: ۔ مَصَافّ ۔
مُصْفَح ۔ ہر چوڑی چیز جس کے سر کی دونوں طرفیں نیچی اور ماتھا نکلا ہوا ہو۔ وہ دل جس میں ایمان اور نفاق جمع ہوں۔ چوڑی تلوار۔ قمار کا تیر۔
مُصَفَّاة ۔ بکری جسے دوہا نہ گیا ہو۔ تاکہ اس کی چھاتیاں بڑی اور دودھ سے بھری ہوئی معلوم ہوں۔ چوڑی تلوار۔ ج: ۔ مُصَفَّحَات ۔
مُصْفَرّ ۔ زرد۔
مَصْفُوفَة ۔ برابر بچھائی ہوئی۔ صف بصف لگائی ہوئی۔
مُصَفّٰی ۔ صاف و پاکیزہ۔ عمدہ۔ جھاگ اتارا ہوا۔
مَصْل ۔ (ن) ٹپکنا۔ پنیر بنانا۔ زخم کا رسنا۔ مال کو برباد کرنا۔
(سیف) مُصْلَت ۔ سونتی ہوئی تلوار۔
مُصْلِح ۔ اصلاح کرنے والا۔ درست کرنے والا۔
مَصْلَحَة ۔ نیکی (د) صیغہ۔ محکمہ۔ ج: ۔ مَصَالِح ۔
مُصَلِّي ۔ نماز پڑھنے والا۔ پچھلا گھوڑا جو اگلے گھوڑے کے سرین سے لگا ہوا چلتا ہو۔
مُصَلّٰی ۔ نماز کی جگہ۔ عیدگاہ۔
مَضْمَضَة ۔ زبان کے کناروں میں پانی پھرانا۔ (مضمضہ تمام منہ میں ہوتا ہے۔ اور یہ صرف زبان کے کناروں میں)
مُصْمِق ۔ پریشان جو کچھ کھائے نہ پیے۔
مَصْنَع ۔ کارخانہ۔ مِل (د)
مَصْنَعَة ۔ مینہ کا پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب۔ گاؤں۔ محل۔ قلعہ۔ ہر مضبوط عمارت۔ برادری کا کھانا۔ ج: ۔ مَصَانِع ۔
مَصْوَاء ۔ دبلی ران اور دبلے سرین کی عورت۔
مُصُوح ۔ مَصْح ۔ (ف) ختم ہونا۔ ٹپکنا۔ [ب] کسی چیز کو لے جانا۔
مُصَوِّر ۔ تصویر بنانے والا۔
المُصَوِّر الشَّمْسِي ۔ فوٹو گرافر۔ (د)
مَصُوص ۔ ایک کھانا جو مرغ اور کبوتر کے بچوں کے گوشت سے تیار کرتے ہیں۔ وہ

عورت جو جماع کے وقت مرد سے شیفتگی کرے اور چمٹ جائے ج:۔ مَصَائِص۔

(حِنْطَۃ) مُصَوَّلَۃ۔ بھوسہ سے پاک صاف کیے ہوئے گیہوں۔

مَصُوْن۔ محفوظ۔ بچایا ہوا۔

مُصِیْب۔ درست بات کہنے والا۔ پہنچنے والا۔

مُصِیْبَۃ۔ سختی۔ رنج وغم۔ بلا۔ ج:۔ مَصَائِب۔

مَصِیْدَۃ۔ جال وغیرہ جس سے شکار کیا جائے ج:۔ مَصَائِد۔

مَصِیْر۔ لوٹنے کی جگہ مص (ض) پھرنا میلان کرنا۔

مَصِیْر۔ بروزن فَعِیْل۔ انتڑی۔ ج:۔ اَمْصِرَۃ۔ مُصْرَان۔ مَصَارِیْن۔

مُصَیْطِر۔ نگہبان۔ داروغہ۔

م ض

مَضّ۔ مَضِیْض۔ (ن) کسی کو ایک چیز کا غمگین کر دینا۔ سرکہ کا منہ کو جلا ڈالنا زور سے چوسنا۔

مَضّ۔ گرم۔ کحل مض۔ آنکھ جلانے والا سُرمہ رَجُلٌ مَضُّ الضَّرْب۔ مرد جس نے بہت زیادہ چوٹ کھائی ہو۔ مص۔ (ن) سرمہ کا آنکھ کو جلا ڈالنا۔ زخم کا تکلیف دینا۔

مَضَاءٌ۔ مُضُوّ۔ مص (ض) کام میں لگا رہنا۔

مُضَاء۔ تلوار کا کاٹنا۔ بیع کو جائز رکھنا۔

مُضَار۔ (اسم فاعل) ضرر پہنچانے والا۔ (اسم مفعول) ضرر پہنچایا ہوا۔

مُضَارَبَۃ۔ آپس میں تلوار چلانا۔ مارنے میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ دوسرے کے مال سے تجارت کرنا۔

مُضَارَّۃ۔ ایک دوسرے کو تکلیف دینا۔ دو یا تین بیویوں کو جمع کرنا۔

مُضَارَعَۃ۔ آپس میں مشابہ ہونا۔

مُضَاض۔ خالص اور بے ملاوٹ چیز۔ کھاری اور کڑوا پانی جسے استعمال نہ کر سکیں۔

مُضَاعَفَۃ۔ دوگنی کی ہوئی کوئی چیز۔ مص دوگنا کرنا۔

مُضَاغ۔ جو چیز کہ چبائی جائے جیسے گوند وغیرہ۔

مُضَاغَۃ۔ چبایا ہوا۔ چبائی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔

مُضَاغَطَۃ۔ آپس میں جمع ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ ایک کا دوسرے کو بھینچنا۔

مُضَاف۔ لڑائی میں گھر جانے والا۔ کسی قوم یا گروہ میں جا ملنے والا۔

مُضَاهَنَۃ۔ مشابہ ہونا۔ مانند ہونا۔

مُضَائِبَۃ۔ بڑی اور بھاری گٹھڑی۔ جو اٹھانے والے کو چھپا لے۔

مَضَّۃ۔ کھٹا دودھ۔ عورت جو تکلیف برداشت نہ کر سکے۔

مَضْجَع۔ جسم کا وہ حصہ جو کروٹ پر سونے کی حالت میں بستر سے لگے۔ سونے کی جگہ۔ قبر۔ لڑائی میں مارے جانے کی جگہ۔ ج:۔ مَضَاجِع۔

مَضْجُوْع۔ احمق۔ کمزور رائے والا۔

مَضَحّ۔ (ف) کسی کی عزت کو خراب کرنا۔ ہانکنا روکنا۔ اونٹوں کا تتر بتر ہونا۔ توشہ دان کا ٹپکنا۔ سورج کی کرنوں کا بکھرنا۔

مَضۡخ ۔ (ف) بدن پر خوشبو ملنا۔
مَضۡد ۔ (ن) سر پر لیپ کرنا۔
مِضۡر ۔ رائیگاں۔ عرب والے بولتے ہیں ذَهَبَ دَمُہٗ خِضۡرًا مِضۡرًا یعنی اس کا خون بیکار اور ضائع گیا کہ اس کا قصاص نہیں لیا گیا۔
مَضِر ۔ کھٹا دودھ جو کہ زبان کاٹنے والا ہو۔ بہت زیادہ سفید دودھ۔ رائیگان۔
مَضۡر۔ مَضَر۔ مُضُوۡر (ن۔س۔ک) دودھ کا ترش اور زبان کو جھلا دینے والا ہونا۔ دودھ کا نہایت سفید ہونا۔
مُضِرّ ۔ قریب ہونیوالا۔ نقصان پہنچانے والا۔ وہ آدمی جس کے پاس مال زیادہ ہو۔ دو بیویوں والا آدمی۔ سوتن والی عورت۔
مِضۡرَاب۔ مِضۡرَب ڈھول یا نقارہ بجانے کی لکڑی مارنے کی لکڑی۔ ج:۔ مَضَارِیۡب
مِضۡرَبَہ ۔ تلوار۔ تلوار کی دھار۔
مَضَض ۔ کھٹا دودھ۔ مصیبت کی سوزش۔ اور جلن۔ زخم کا درد۔
مَضَضٌ۔ مَضِیۡضٌ۔ مَضَاضَۃ ۔ (س) مصیبت سے رنجیدہ ہونا۔
مُضۡطَرّ ۔ بے قرار۔ بے چین۔
مُضۡطَرِب۔ لمبا اور سیدھا نیزہ۔ بے چین اور پریشان حال۔
مُضۡطَرِبُ السَّنَد۔ وہ حدیث جس کی سند میں اضطراب ہو۔ اگر یہ اضطراب رفع ہو جائے تو حدیث قابل حجت ہوتی ہے ورنہ ضعیف سمجھی جاتی ہے۔
مُضۡعِف۔ دو گنا کرنے والا۔

مَضۡغٌ ۔ (ف) چبانا
مُضۡغَۃ ۔ گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج:۔ مُضَغ۔
مُضِلّ ۔ گمراہ کرنے والا۔
مُضِلَّۃ ۔ وہ زمین جس میں راستہ بھول جائیں۔ ج:۔ مَضَالّ۔
مُضۡلِع ۔ بھاری بوجھ۔ کمزور پسلیوں کا چوپایہ۔
مِضۡمَار ۔ گھوڑے کو سدھانے اور دوڑانے کی جگہ۔ گھوڑے کو ریاضت دینے کی مدت۔ گھوڑے کے آگے نکل جانے کی حد۔ ج:۔ مَضَامِیۡر۔
مُضۡمَر ۔ پوشیدہ رکھا ہوا۔ چھپایا ہوا۔ چھپانے کی جگہ۔
مَضۡمَضَۃ۔ مِضۡمَاض۔ منہ میں پانی پھرانا کلی کرنا۔
مَضۡنُوۡک ۔ زکام کا بیمار۔
مَضۡنُوۡن ۔ ابٹن (ایک خوشبودار چیز) ایک قسم کا پوڈر جو سر ڈاڑھی، جسم پر ملتے ہیں۔
مُضۡوَاء ۔ سبقت۔ پہل (اسم)
مَضۡوۡفَۃ ۔ شدت۔ سختی۔ غم۔ حاجت۔ ضرر۔ وہ کام جس سے ڈر معلوم ہو۔
مُضَنَّب ۔ بھنا ہوا گوشت۔ ادھ کچرا گوشت۔ قیمہ۔
مُضِیّ ۔ مُضُوّ۔ (ض) جانا۔ گذرنا۔ چلنا۔
مَضِیۡرَۃ ۔ کھٹے دودھ سے تیار کیا ہوا ایک قسم کا کھانا۔
مَضِیۡم ۔ ظلم کیا ہوا۔ جسے اس کا پورا حق نہ ملا ہو۔

م ۔ ط

مَطّ ۔ (ن) کھینچنا۔ لمبا کرنا۔ ڈول کھینچنا۔ تکبر اور غرور میں بھوؤں اور رخساروں کو کھینچنا۔

مَطْأُ - (ف) صحبت کرنا۔
مَطَاء - انگڑائی۔ پیٹھ۔ نرم ٹہنی وغیرہ جسے رسی کی طرح بنا کر گٹھا باندھتے ہیں۔ ج:۔ اَمْطَاء۔
مُطَابَقَة - ایک کپڑے کو دوسرے پر پہننا۔ موافقت کرنا۔ برابر کرنا۔ چپکانا۔ پاؤں میں بیڑی سمیت چلنا۔ کسی کام کا عادی ہونا۔
مَطَاخ - غرور کرنے والا۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ احمق۔
مَطَارَة - چوڑے منہ کا کنواں۔ وہ زمین جس میں پرندے بہت ہوں۔ ج:۔ مَطَایِر۔
مُطَارَدَة - ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
مَطَارِیق - پیادہ فوجیں۔ پیدل چلنے والے گروہ۔ ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والے اونٹ۔
مُطَاع - اطاعت کیا ہوا۔
مُطَاعَمَة - نر کبوتر کا اپنی چونچ مادہ کی چونچ سے ملانا۔
مُطَالَبَة - کسی سے اپنا حق مانگنا۔ اپنے حق کی تلاش کرنا۔
مُطَالَعَة - واقف ہونا۔ کسی کو کچھ لکھنا تاکہ واقف ہو جائے (ب) ظاہر کرنا۔
مَطَالِی - وہ جگہ جہاں وحشی جانوروں کے بچے چرتے پھریں۔
مُطَاوَلَة - لمبائی میں مقابلہ کرنا۔ کام اور طاقت میں مقابلہ کرنا۔ اور ٹالنا۔ کسی کام میں دیر اور مہلت کرنا۔
مُطَایَبَة - آپس میں خوش طبعی کرنا۔ خوش مزاجی سے پیش آنا۔

مَطْبَخ - پکانے کا ظرف (برتن)، ہانڈی۔ ج:۔ مَطَابِخ۔
مَطْبَخ - مُطْبَخ باورچی خانہ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔
مُطْبَخ - سوسمار (گوہ) کا بچہ۔ موٹا گٹھیلے جسم کا آدمی۔
مِطْبَعَة - پریس (د)
مَطْبَعِی - چھاپنے والا۔ طبع کرنے والا۔ (د)
مُطْبِقَة - وہ بخار جو رات دن چڑھا رہے۔ ذرا دیر کے لیے بھی کم نہ ہو۔
مَطْحُ - (ف) ہاتھ سے کسی کو مارنا۔ جماع کرنا۔
مِطْحَر - تیر کو دور پھینکنے والی کمان۔ دور جانے والا تیر۔ شیر۔ سخت لڑائی۔
مِطْحَن - چکی۔ ج:۔ مَطَاحِن۔
مِطْحَنَة - آٹا پیسنے کی کل (د)
مَطْحُول - بھرا ہوا برتن۔ وہ شخص جس کی تلی پر چوٹ ماری گئی ہو۔
مَطْحِیَة - مَطْحُوَة۔ بڑا سائبان۔ ج:۔ مَطَاحِی۔
مَطْخُ - (ف) ہاتھ سے کسی کو مارنا۔ جماع کرنا۔ بہت کھانا۔ شہد چاٹنا۔ کسی کی عزت اور آبرو کو بٹہ لگانا۔ ڈول کھینچنا۔
مُطِر - بے موقع اور نامناسب غصہ۔ ناز کے ساتھ چلنے والا۔
مُطْر - مَطْرَة۔ عادت۔
مَطَر - مینہ۔ بارش۔
(یوم) مَطِر - بارش والا دن۔
مَطْر - (ن) برسنا۔ برسانا۔ چلنا پھرنا۔ دوڑنا۔ اور تیز چلنا پھرنا (پرندہ کا، اترنے کے وقت جلدی کرنا۔ عرب کا ایک محاورہ ہے۔

مَادَرِی مَن مَطَلَ بِہٖ۔ میں نہیں جانتا کہ اس کو کون لے گیا۔

مِطْرَاق۔ ہتھوڑی۔ مِطْرَاقُ الشَّیْءِ۔ کسی چیز کی مثل اور نظیر۔ ج:۔ مَطَارِیْق۔

مَطْرَب۔ مَطْرَبَۃ۔ تنگ اور چھوٹا راستہ جو کسی بڑے راستہ میں جا ملا ہو۔ پگڈنڈی۔ ج:۔ مَطَارِب۔

مِطْرَح۔ دور تک دیکھنے والی آنکھ۔ لمبا نیزہ۔

مُطْرَخِم۔ پہلو پر لیٹا ہوا۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ اچھے بھرے ہوئے جسم کا جوان۔

مِطْرَد۔ چھوٹا نیزہ جو شکار کرنے کے کام آتا ہے۔

مِطْرَدَۃ۔ راستہ کا بیچ۔ ہانکنے اور دور کرنے کا سبب۔ گیلا چیتھڑا جس سے تنور صاف کرتے ہیں۔

مُطْرَف۔ چوکھونٹی چادر۔ خز کی بیل بوٹے بنی ہوئی چادر۔ ج:۔ مَطَارِف۔

مُطْرَف۔ کسی چیز کا شروع۔ گھوڑا جس کی دم اور سر سفید یا سیاہ ہو۔ اور باقی جسم دوسرے رنگ کا ہو۔

مَطْرُوْد۔ ہانکا ہوا۔ دور کیا ہوا۔ پھینکا ہوا۔

مَطْرُوْفَۃ۔ وہ عورت جو اپنے شوہر کے سوا دوسرے مردوں کو تاکے جھانکے۔ آنکھ کہ جس میں زخم ہونے کی وجہ سے پانی ہے۔ طریفہ (ایک قسم کی گھاس) بھری ہوئی زمین۔

مَطْسٌ۔ (ض) ایک دم پاخانہ پھر دینا۔ طمانچہ مارنا۔

مَطْعٌ۔ مُطُوْعٌ۔ (ف) جانا۔ گم ہونا۔ اگلے دانتوں سے کوئی چیز چبانا۔

مِطْعَام۔ بہت کھلانے والا۔ مہمان نواز۔

مِطْعَان۔ طعن کرنیوالا۔ دشمن پر خوب نیزہ چلانیوالا۔ ج۔ مَطَاعِن۔ مَطَاعِیْن۔

مُطْعِمَۃ۔ کمان (چونکہ مالک کو شکار کھلاتی ہے)، حلق کا سرا اور راس کا ابھار۔

مَطْعُوْن۔ طعنہ دیا ہوا۔ نیزہ کا زخمی۔ طاعون کا بیمار۔

مُطَفِّف۔ کم تولنے والا۔ کم ناپنے والا۔

مُطْفِل۔ بچہ والی مادہ۔ نئی جنی ہوئی اونٹنی۔ ج:۔ مَطَافِل۔ مَطَافِیْل۔

مَطْل۔ (ن) قرض کو دیر تک ادا نہ کرنا۔ اور ٹال مٹول کرنا۔ لوہے رسی وغیرہ کو لمبا کھینچنا۔ لوہے کو گلا کر خود بنانا۔

مِطْلَاء۔ نرم اور سیلی ہوئی زمین جو ملائم گھاس اگائے۔ ج:۔ مَطَالِی۔

مَطْلَع۔ آفتاب وغیرہ کے نکلنے کی جگہ۔ ج:۔ مَطَالِع۔

مُطَّلَع۔ نکلنے کی جگہ۔ اونچے مکان پر سے اطلاع پانے کی جگہ۔ قیامت۔

مُطَّلِع۔ جھانکنے والا۔ خبردار۔

مُطَلَّقَۃ۔ طلاق دی ہوئی عورت۔

مَطْلُوْب۔ چاہا ہوا۔ طلب کیا ہوا۔

مَطْلُوْلَۃ۔ وہ زمین جس پر ہلکا مینہ پڑا ہو۔

مُطْلًی۔ ہمیشہ بیمار رہنے والا۔ قیدی جس کے چھوٹنے کی کوئی امید نہ ہو۔

مِطْمَار۔ ڈورا جس سے معمار دیوار کے سیدھے ہونے کا اندازہ کرتے ہیں۔ پھٹے پرانے کپڑوں والا آدمی۔ مثل۔ مانند۔ ج:۔ مَطَامِیْر۔

مِطْمَاع۔ وہ عورت جو مرد کو امید دلائے۔ اور اپنے اوپر قابو نہ پانے دے۔

مَطْمُوْرَۃ۔ زمین کے نیچے بنا ہوا گھر جس میں غلہ بھرتے ہیں۔ ہندی میں کھتی یا کھتہ۔

کہتے ہیں۔
مُطْمَئِن۔ آرام وقرار سے رہنے والا۔م۔ مُطْمَئِنَّة۔
مَطْنَب۔ گردن کاندھا۔ بازو۔ ج: مَطَانِب۔
مَطْو۔ کھجوروں کا گچھا۔ چھوٹی اور پتلی ٹہنی۔ کہ جسے بیچ میں سے چیر کر کھجور کی بکھری ہوئی ٹہنیوں کو باندھ دیتے ہیں۔ ج:
مِطَاء۔ اَمْطَاء۔ مَطِيّ۔ مص (ن) انگڑائی لینا۔ ناز کے ساتھ چلنا۔ آنکھ کھولنی۔ خوشہ میں سے ترچھوارے کھانا۔ ساتھیوں کے ساتھ دیر تک گھومنا۔ جماع کرنا۔
مِطْو۔ مثل۔ مانند۔ پینے کا گچھا۔ ج: مِطَاء۔
مِطْوَا۔ قلم بنانے کا چاقو (د)
مُطْوَاء۔ انگڑائی۔
مُطَّوِّع۔ اعمال صالحہ میں فرائض وواجبات سے زائد نفلی امور انجام دینے والا۔
مِطْوَل۔ رسی۔ عضو تناسل۔ ج: مَطَاوِل
مَطْوِيَّة۔ لپٹی ہوئی۔
مُطَهِّر۔ پاک کرنے والا۔
مَطْهَرَة۔ مِطْهَرَة۔ پانی حاصل کرنے کا برتن۔ لوٹا۔ غسل خانہ۔ ج: مَطَاهِر۔
مُطَهَّرَة۔ پاک کی ہوئی۔ مذ: مُطَهَّر۔
مُطَهَّم۔ خوب موٹا (گھوڑا وغیرہ) دبلا (گھوڑا وغیرہ) خوبصورت آدمی۔ تمام اور پوری چیز سمٹے ہوئے گوشت اور ابھرے ہوئے رخسار کا چہرہ۔
مَطِيّ۔ مَطِيَّة۔ سواری۔ ج: مَطَايَا۔ اَمْطَاء۔
مُطَيْطَاء۔ خرام ناز۔ ہاتھ پھینکتے ہوئے چلنا۔

مَطِيْطَة۔ حوض کی پیندی میں ٹھہرا ہوا گاڑھا اور گدلا پانی۔ ج: مَطَائِط۔
مَطِيْن۔ مٹی سے لیپی ہوئی چھت یا دیوار۔

م۔ظ

مَظّ۔ جنگلی انار کا درخت۔ مص (ن) کسی کو ملامت کرنا۔
مُظَاءَبَة۔ ایک دوسرے کا ساڑھو بننا۔ دو آدمیوں کا دو بہنوں کو نکاح میں لانا۔
مُظَاءَرَة۔ بچہ کو دودھ پلانے کے لیے دایہ مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کی دایہ بننا۔
مُظَاهَرَة۔ پیٹھ سے پیٹھ ملانا۔ مدد کرنا۔ مرد کا اپنی بیوی سے ظہار کرنا (اَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ اُمِّي (تو مجھ پر میری ماں کی طرح ہے کہنا) دو کپڑے اوپر نیچے پہننا۔ (د) کسی امر کی مخالفت یا موافقت کے اظہار کے لیے جلوس نکالنا۔ ایجی ٹیشن۔
مُظَفَّر۔ اپنی مراد کو پہنچا ہوا۔ کامیاب۔
مَظْفُوْر۔ وہ آدمی جس کی آنکھ میں ٹینٹ یا ناخنہ پڑ جائے۔
مِظَلَّة۔ چھتری۔ (د)
مُظْلِم۔ تاریک۔ دشوار۔ شبہ میں ڈالنے والا کام جسے کرنے اور انجام دینے کا طریقہ نہ معلوم ہو سکے۔ بہت زیادہ سیاہ بال۔ تازہ اور ہری گھاس۔
مُظْلَم۔ گدھ۔ کوا۔
مَظْلَمَة۔ دادخواہی۔ انصاف۔
مَظْلُوْم۔ جس پر ظلم کیا گیا ہو۔
مَظْمَظَة۔ لٹکتی ہوئی چیز کا حرکت کرنا اور لہلہانا

مَظنّۃ الشیٔ۔ وہ جگہ جہاں کسی چیز کے ہونے کا گمان ہو۔

م ۔ ع

مَعّ ۔ (ف) پگھلنا۔

مَعَ ساتھ (یہ لفظ اسم ہے اس لیے کہ اس پر تنوین اور حرف جر داخل ہوتا ہے۔ کبھی عِند کے اور جیسا کے معنیٰ میں بھی آتا ہے۔ م ۔ ع ۔ ایم ۔ اے (د)

مَعاب ۔ عیب۔ برائی۔ عیب کی جگہ۔ ج:۔ مَعائِب

مَعابِد ۔ عبادت کرنے کے مقامات۔ وا:۔ مَعْبَد۔

مَعابِر ۔ دریا وغیرہ کے گھاٹ۔ وا:۔ مَعْبَر۔

مُعاتَبۃ ۔ باہم غصہ کرنا۔ ملامت کرنا۔ آپس میں خفا ہونا۔

مُعاجاۃ ۔ ماں کا بچہ کو دودھ یا غذا دینے میں تاخیر کرنا۔

مُعاجِز ۔ عاجز کرنے والا۔ ہرانے والا۔

مُعاجَلۃ ۔ اپنا قرض فوراً لے لینا۔ جھٹ پٹ ہاتھ کے ہاتھ سزا دینا۔ سزا دینے میں جلدی کرنا۔

مَعاجِیل ۔ چھوٹے اور قریبی راستے، جو منزل تک جلد پہنچا دیں۔

مَعاد ۔ بازگشت (لوٹنا) لوٹنے کی جگہ۔ دوسرا جہان۔ قیامت۔ حج۔ مکہ معظمہ۔ جنت۔

مُعادَلۃ ۔ خم کھانا۔ دو چیزوں کے درمیان اندازہ کرنا۔ برابر وزن کرنا۔ دیر کرنا۔ کسی کے ساتھ سوار ہونا۔ کسی کے برابر آنا۔

مَعاذ ۔ پناہ۔ پناہ پکڑنے کی جگہ۔ معاذ اللہ یعنی اعوذ باللہ (اللہ کی پناہ چاہتا ہوں)

مَعاذِیر ۔ بہانے۔ حیلے۔ وا:۔ مِعذار۔

مُعاراۃ ۔ بے زین گھوڑے پر سوار ہونا۔

مُعارِج ۔ سیڑھیاں۔ درجے۔ مراتب۔ وا:۔ مِعْراج۔

مُعارَزۃ ۔ آپس میں جھگڑنا۔ خلاف کرنا۔

مُعارَضۃ ۔ کسی سے دور دور رہنا اور ایک طرف رہنا۔ پھر جانا۔ کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا۔ کنارے کنارے چلنا۔ جنازہ کے ساتھ ساتھ چلنا۔ دوسرے کے کیے ہوئے کا بدلہ دینا۔ کسی کے برابر چلنا۔ جفتی کے لیے اونٹنی کو سانڈ کے آگے لانا۔ عورت کا حرامی بچہ جننا۔

مَعارِف ۔ تعلیم۔ سررشتۂ تعلیم (د)

مُعازّۃ ۔ بات چیت میں غلبہ پانے کی کوشش کرنا اور لڑائی میں مقابلہ کرنا۔

مَعاش ۔ زندگانی۔

مَعاش ۔ مَعاشُ تقاعد۔ پنشن۔

مُعاشَرۃ ۔ مل جل کر رہنا سہنا۔ مل کر زندگی گزارنا۔

مُعاطاۃ ۔ اپنے آدمیوں کے لیے کمانا۔ ادھر ایک کو اس کی مرضی کے موافق دینا۔ کسی کی خدمت کرنا اور اس کے حق کا خیال رکھنا۔

مَعاطِش ۔ خشک اور بے پانی کی زمین۔ وا:۔ مَعْطَشۃ۔

مَعاطِلُ الْمَرْءۃ ۔ عورتوں کے بدن میں زیور پہننے کی جگہیں۔

مُعَاظَّة ۔ محنت کی شدت اور جنگ کی سختی کا ظاہر ہونا۔ سختی کے ساتھ گالم گلوچ کرنا۔

مُعَافَاة ۔ خدائے قدوس کا کسی کو رنج اور بیماری سے بچانا۔ عافیت دینا۔ (خدائے قدوس کا) لوگوں کو ایک دوسرے کے تکلیف پہنچانے سے بچانا۔

مُعَافَسَۃ ۔ کسی کے سرین پر لات مارنا۔ آپس میں محنت کرنا۔

مُعَاقَبَۃ ۔ سزا دینا۔ کسی کے پیچھے سے آنا۔ باری باری سواری پر سوار ہونا۔

مُعَاقِد ۔ قول وقرار اور عہد کرنے والا۔

مَعَاقِم ۔ ریڑھ کی ہڈیاں۔ اعضاء کے جوڑ۔ و ا:۔ مَعْقِم۔

مَعَاك ۔ سڑک۔ راستہ۔ پناہ کی جگہ۔ مصدر میمی (ن) سر یا پیٹھ پر بوجھ اٹھانا۔ بوجھ وغیرہ کو گردن پر رکھنا۔

مُعَالَاة ۔ کسی پر چڑھ آنا۔ اونچا کرنا۔ موت کی خبر ظاہر کرنا۔ بوجھ لادنا۔ علیحدہ ہو جانا۔

مُعَالَجَۃ ۔ بیمار کی خبر گیری اور علاج کرنا۔ بیمار کے لیے محنت وتکلیف اٹھانا۔ تلوار سے مارنا۔ علاج کرنے میں مقابلہ کرنا۔

مَعَالِی ۔ اسم یا ضمیر کی طرف اضافت کے ساتھ بمعنی آنریبل۔ جیسے معالی۔ وزیر المعارف۔ (د)

مَعَامِع ۔ لڑائیاں۔ بڑے بڑے کام۔ و ا:۔ مَعْمَع۔

مَعَامِی ۔ اجڑی ہوئی اور ویران زمینیں۔ و ا:۔ مَعْمٰی۔

مَعَان ۔ اترنے کی جگہ۔ ایک مقام کا نام۔

مُعَانَدَة ۔ ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جانا۔ مکافات وتلافی کرنا۔ ہمیشہ کسی کے ساتھ رہنا۔ جھگڑنا۔

مُعَانَقَۃ ۔ محبت میں گلے ملنا۔ ایک دوسرے کی گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

مُعَاوَمَۃ ۔ کھجور کے درخت وغیرہ کا سال بھر کا ہو جانا۔

مُعَاوِن ۔ اسسٹنٹ۔ (د)

مُعَايَرَة ۔ پیمانہ کا اندازہ کرنا۔ دو چیزوں کا اندازہ کرنا اور ان کی زیادتی کمی دیکھنا۔ ترازو کو ٹھیک اور درست کرنا۔

مُعَايَنَۃ ۔ حقیقی بھائی ہونا۔ آنکھ سے دیکھنا۔

مَعَايِش ۔ روزیاں۔ و ا:۔ مَعِيْشَۃ۔

مُعَبَّد ۔ ذلیل اور خوار۔ بے آبرو۔ بزرگ و محترم۔ پامال راستہ۔ شہد جس میں پانی کا اثر ہو۔ نتا بعدار اونٹ۔

مِعْبَر ۔ کشتی۔ پُل (جس کے ذریعہ دریا کو پار کرتے ہیں) ج:۔ مَعَابِر۔

مُعْتَدِل ۔ سیدھا اور برابر راستہ۔ مناسب درمیانی حالت۔

اَلْمُعْتَدِلُوْن ۔ اعتدال پسند سیاسی گروہ۔

مُعْتَدِی ۔ حد سے گزرنے والا۔

مُعْتَر ۔ مانگنے والا۔ سوال کرنے والا۔

مُعْتَرَك ۔ لڑائی کا میدان۔

مُعْتَمَد ۔ رزیڈنٹ۔ (د)

مَعْج ۔ (ف) سلائی کو سرمہ دانی میں حرکت

دینا. جلدی جانا. جماع کرنا. بچہ کا ماں کے پیٹ میں سر مارنا. جنگ کرنا. ہلتے ہوئے چلنا.

مِعْجَر ۔ عورتوں کی اوڑھنی. یمن کا ایک کپڑا ج: ۔ مَعَاجِر۔

مَعْجَز ۔ مَعْجَزَة ۔ عَجْز (ض ۔ س) [عن] کمزور اور بے طاقت ہونا. ضروری کام کو ترک کرنا. کاہلی کرنا.

مُعْجِز ۔ عاجز کرنے والا. تھکانے والا.

مُعْجِزَة ۔ پیغمبر کی سچائی ثابت کرنے کے لیے کوئی خرق عادت (وہ کام جسے انسان کی عقل محال سمجھتی ہو) فعل جو پیغمبر کے ہاتھ پر ظاہر ہو. اور مخالف کو عاجز کر دے. ج: ۔ مُعْجِزَات ۔

مُعْجَم ۔ ڈکشنری. ج: ۔ مَعَاجِم

مَعْجُوْن ۔ خمیر. گندھا ہوا.

مَعْد ۔ دلدار اور بھرا ہوا. نرم نازک ساگ اچھا تازہ دودھ. تیز چال والا اونٹ.
مَالَهٗ مَعْدٌ وَلَا مَعْد اس کے پاس نہ کم ہے نہ زیادہ. مص (ن) اچک لے جانا. معدہ پر مارنا. معدہ کا خراب ہو جانا. گوشت کو اگلے دانتوں سے کاٹنا. تیزی سے کھینچنا. ملک میں چلنا پھرنا.

مِعْدَة ۔ مِعْدَة ۔ معدہ. انتڑیوں میں جانے سے پہلے کھانا رہنے کی جگہ. ج: ۔ مَعِد ۔ مِعَد ۔

مَعْدَلَة ۔ انصاف. مص (ض) انصاف کرنا.

مَعْدِن ۔ سونے چاندی. تانبے پیتل وغیرہ کی کان. کسی چیز کا مرکز اور اصلی جگہ. ج: ۔ مَعَادِن ۔

مَعْدُوْد ۔ گنا ہوا. شمار کیا ہوا. م: ۔ مَعْدُوْدَة ۔ (اَیَّام) مَعْدُوْدَات ۔ گنتی کے چند روز. تین دن ایام تشریق کے کہ یوم النحر کے بعد آتے ہیں. یعنی گیارہ بارہ. تیرہ ذی الحجہ.

مَعْدِ یْکَرِب ۔ ایک شخص کا نام (جب اس کی طرف نسبت کرتے ہیں تو مَعْدِیِّ اور مَعْدِ یْکَرِبِی ۔ کہتے ہیں.

مِعْذَار ۔ پردہ. حجت. بہانہ. دلیل. ج: ۔ مَعَاذِیْر ۔

مُعَذِّب ۔ عذاب دینے والا. سزا دینے والا.

مُعَذَّب ۔ عذاب دیا ہوا. سزا یافتہ.

مُعَذِّر ۔ بہانہ ساز. حیلہ تراش.

مَعْذِرَة ۔ عذر خواہی. ج: ۔ مَعَاذِر ۔

مَعَر ۔ (س) ناخن کا رگڑ لگنے کی وجہ سے ٹوٹ جانا. سر وغیرہ کے بالوں کا گر پڑنا.

مِعْرَاج ۔ سیڑھی. زینہ. راستہ. ج: ۔ مَعَارِج

مِعْرَاض ۔ بے پر کا تیر جو بیچ میں سے موٹا. اور کناروں پر سے باریک ہو. کلام کا مضمون. ج: ۔ مَعَارِیْض

مَعَرَّة ۔ گناہ. بدی. رنج. تاوان. خون بہا. دھوکہ. کہکشاں ایک ستارہ. غصہ سے چہرے کے رنگ کا تغیر.

مَعْرَج ۔ عُرُوْج ۔ (ن) بلند ہونا. چڑھنا. پاؤں میں چوٹ لگ جانیکی وجہ سے لنگڑا ہونا.

مُعَرَّس ۔ آخری رات میں اترنے کی جگہ.

مُعْرِض ۔ روگردانی کرنے والا.

مُعَرَّض ۔ چوپایہ۔ اَدھ پکا گوشت۔
مَعْرِض ۔ نمائش گاہ۔ شوروم۔ (د)
مَعْرِف ۔ عورت کا چہرہ اور اس کے جسم کا وہ حصہ جو کھلا رہتا ہے۔ ہاتھ پاؤں چہرہ ج: ۔ مَعَارِف
مَعْرَفَۃ ۔ گھوڑے کی گردن پر ایال کی جگہ۔ مرغے کے سر کی کلغی۔
مَعْرِفَۃ ۔ پہچان۔ پہچانی ہوئی چیز۔
مَعْرَک ۔ مَعْرَکَۃ ۔ جنگ کا میدان۔ لڑائی کی جگہ۔ ج: ۔ مَعَارِک۔
مَعْرُوْشَۃ ۔ ٹٹی لگی ہوئی (انگوروں کی صفت ہے)
مَعْرُوْف ۔ پہچانا ہوا۔ مشہور۔ بھلائی۔ ہتھیلی کے زخم والا۔ خدائے تعالیٰ کی تابعداری۔ م: ۔ مَعْرُوْفَۃ۔
مَعْرُوْقُ الْعِظَام ۔ دبلا پتلا کم گوشت والا آدمی۔
مَعْرِی ۔ عورتوں کا وہ حصہ جو کھلا رہتا ہے جیسے ہاتھ۔ پاؤں۔ چہرہ۔ وہ جگہ جہاں کچھ نہ اگتا ہو۔ ج: ۔ مَعَارِی۔
مَعْز ۔ بکری۔ بکرا (اسم جنس ہے) واحد جمع مذکر و مؤنث سب کو شامل ہے، مذکر کو تیس اور مادہ کو عنز کہتے ہیں۔ وا: ۔ مَاعِز بکرا۔ مَاعِزَۃ ۔ بکری۔ ج: ۔ مَوَاعِز۔
مَعَز ۔ سختی۔ سخت زمین مص (س) سخت ہو جانا۔ بہت بکریوں والا ہو جانا۔
مَعْزَل ۔ کنارہ۔ جانب۔ ج: ۔ مَعَازِل۔
مَعْزُوْل ۔ برطرف کیا ہوا۔
مَعْس ۔ دودھ مص۔ (ف) سختی کے ساتھ اور زور سے ملنا۔ صحبت کرنا۔ ذلیل اور رسوا کرنا۔
مُعْسِر ۔ فقیر۔ تنگ دست۔ محتاج۔
مَعْش ۔ (ف) نرم نرم ملنا۔
مِعْشَار ۔ دسواں حصہ۔ وہ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔
مَعْشَر ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بیوی۔ بچے۔ آدمی کا کنبہ۔ آدمی۔ جن۔ ج: ۔ مَعَاشِر۔
مَعَص ۔ چھٹا ہوا اونٹ مص (س) پاؤں کے پٹھے کا لپٹ جانا اور مڑ جانا۔ زیادہ چلنے یا گھوڑا دوڑانے کی وجہ سے پاؤں کے پٹھے یا جسم کا دکھنے لگنا۔ ناز سے چلنا۔
مُعْصِر ۔ جو لڑکی بالغ ہونے کے قریب ہو ج: ۔ مَعَاصِر ۔ مَعَاصِیْر۔
مُعْصِرَات ۔ بہت زیادہ پانی برسانے والے بادل۔ وا: ۔ مُعْصِرَۃ۔
مُعَصِّل ۔ تیر جو ہوا میں لپٹا ہوا جائے۔ وہ چیز جو پھینکنے کے وقت دُہری ہو جائے
مِعْصَم ۔ ہاتھ میں کنگن پہننے کی جگہ۔ پہنچا۔ بند دست۔ ج: ۔ مَعَاصِم۔
مَعْصِیَۃ ۔ نافرمانی۔ گناہ۔ ج: ۔ مَعَاصِی۔
مَعِض ۔ (س) [من] غصہ ہونا۔ کسی پر کام کا مشکل ہونا۔
مُعْضِل ۔ بلا۔ دشواری سے جننے والی۔ ج: ۔ مَعَاضِیْل
مُعْضِلَات ۔ سختیاں۔ مشکل اور دشوار کام۔ وا: ۔ مُعْضِلَۃ۔
مَعْط ۔ (ف) عورت کے حمل کا ساقط ہونا۔ ریح خارج کرنا۔ کسی کے حق کو دیر تک ادا نہ کرنا۔ تلوار میان سے سونتنا۔ بالوں

کا اکھاڑنا۔ بدن کا بے بال ہونا۔
مِعْطَاء۔ بہت خیرات کرنے والا (مذکر و مؤنث)، ج:۔ مَعَاطِ۔ مَعَاطِی۔
مِعْطَف۔ چادر۔ تلوار۔ ج:۔ مَعَاطِف
مُعَطِّل۔ منکرِ خدا و مذہب۔ ج:۔ مُعَطِّلُوْن
(بِئْر) مُعَطَّلَة۔ کنواں جس کا پانی نہ کھینچا جاتا ہو۔
مَعْطِن۔ اونٹ اور بکریوں کے سونے رہنے کی جگہ۔ ج:۔ مَعَاطِن۔
مِعْفَاج۔ دھوبیوں کا پٹلا۔ وہ لکڑی جس پر دھوبی کپڑا دھوتے وقت مارتے ہیں بدکار آدمی۔ ج:۔ مَعَافِج۔
مَعْق۔ گہراؤ۔ جنگل کا کنارہ۔ تیز شراب بے گھاس کی زمین۔ ج:۔ اَمْعَاق۔
(د) معدہ کی خرابی۔ مص (ف) پانی کی رَو کا سب کو بہا لے جانا۔
مُعَقِّب۔ پیچھے آنے والا۔
مُعَقِّبَات۔ رات اور دن کے فرشتوں کے گروہ جو ایک دوسرے کے بعد آتے ہیں۔ حوض پر آگے پیچھے کھڑے ہوئے اونٹ کہ باری باری پانی پئیں۔
مَعْقِد۔ گرہ باندھنے کی جگہ۔ ایک قسم کی چادر ج:۔ مَعَاقِد۔
مَعْقَلَة۔ خون بہا۔ تاوان۔ ج:۔ مَعَاقِل۔
مَعْك۔ (ف) کوئی چیز خاک میں ملنا۔ لڑائی اور جنگ میں کسی کے جسم پر نشان اور علامت کرنا۔ قرض دیر تک ادا نہ کرنا۔
مَعْكُوْف۔ بند کیا ہوا۔ روکا ہوا۔
(شَعْر) مَعْكُوْف۔ گندھے ہوئے بال۔

مَعْل۔ گدھے کو خصی کرنا۔ خراب کرنا۔ جلدی کرنا۔ کاٹنا۔ تیزی کے ساتھ چلنا۔ لکڑی چیرنا [عن] روکنا [ب] عیب بیان کرنا۔
مِعْلَاق۔ کھونٹی وغیرہ جس پر کوئی چیز لٹکائیں۔ زبان جھگڑالو آدمی ج:۔ مَعَالِيق۔
مَعْلَف۔ چارہ کی جگہ۔ چوپائے کی ناند۔ گھومنے والے چھوٹے ستارے۔ ج:۔ مَعَالِف۔
مُعَلَّق۔ لٹکایا ہوا۔ راستہ۔ کنوئیں کی گھرنی گھرنی کی سلاخ جس پر وہ گھومتی ہے۔ بڑا ڈول۔ ڈول کی رسی ..... درخواست۔ دوستی۔
مُعَلَّقَة۔ وہ عورت جس کا شوہر گم ہو گیا ہو۔ اور وہ نہ کسی کی زوجیت ہی میں ہے نہ مطلقہ ہے۔ بلکہ بیچ میں لٹکی ہوئی ہے۔
مَعْلَم۔ نشان جو راستوں پر بطور علامت مسافت بنا دیے جاتے ہیں۔ برابر اور ہموار زمین جس میں راستہ کی علامتوں کے سوا کچھ نہ ہو۔ ج:۔ مَعَالِم۔
مُعَلَّم۔ سکھایا ہوا تعلیم دیا ہوا۔ سدھایا ہوا۔
مَعْلُوْم۔ جانا ہوا علم میں آیا ہوا م:۔ مَعْلُوْمَة۔ (د) بیشک۔ فیس۔ ج:۔ مَعَالِيم۔
مَعْمَعَان۔ سخت گرمی والے دن۔ سخت گرمی سخت سردی۔
مَعْمَل۔ کارخانہ۔ مِل۔ (د)
مُعَمَّر۔ سن رسیدہ۔ بڑی عمر کو پہنچا ہوا۔
مَعْمَعَة۔ لڑائی کے میدان میں بہادروں کی

آوازیں چیخ پکار۔ مص دھوپ اور گرمی میں چلنا۔ پھرنا۔ جلد کام کرنا۔ مینہ کا زمین کو صاف کر دینا۔

مَعْمَعِيّ۔ چالاک اور مطلبی آدمی کہ جیسا موقع دیکھے ویسی بات کہے۔

مَعْمُوْر۔ آباد کیا ہوا۔ بسایا ہوا۔

مَعْن۔ لمبا۔ چھوٹا۔ تھوڑا۔ بہت۔ سہل۔ آسان چمڑا۔ پانی۔ ہر نفع دینے والی چیز۔ مص (ف) ذلت اور رسوائی قبول کرنا۔ انکار کرنا۔ نعمت کا شکر نہ کرنا پانی جاری کرنا۔

مِعْنَاق۔ عمدہ گھوڑا۔ ج: مَعَانِيق۔

مِعْنَقَة۔ چھوٹا پہاڑ۔ گردن بند۔ ہار وغیرہ ج: مَعَانِيق۔

مِعْنَك۔ دروازہ کی بنیاد۔ لکڑی کی چٹخنی۔ ج: مَعَانِك۔

مُعَلَّم۔ خضاب و رنگ لگا ہوا۔

مُعَنًّى۔ کوہان چرا ہوا اونٹ۔ مدت تک قید میں رہا ہوا۔

مَعْو۔ پکے ہوئے تر چھوارے۔ وا: مَعْوَة۔ اونٹ کے ہونٹ کے نیچے کی پھٹن۔

مُعَوَّذ۔ گھوڑے وغیرہ کا گلا۔ اونٹوں کی چراگاہ۔ جو گھروں کے آس پاس ہو۔ اونٹنی جو ایک جگہ رہے اور جگہ سے نہ ٹلے۔

مُعَوِّذَتَان۔ قرآن مجید کی دو سورتیں۔ قُلْ اعوذ برب الفلق۔ قل اعوذ برب الناس۔

مِعْوَز۔ ہر وقت کے استعمال کا پرانا کپڑا۔ ج: مَعَاوِز۔

مُعْوِق۔ نیند کی وجہ سے جھومنے والا۔ بھوکا۔

مُعَوِّق۔ روکنے والا۔

مِعْوَل۔ کدال۔ تیشہ وغیرہ۔ ج: مَعَاوِل۔

مَعُوْنَة۔ مدد۔ مددگاری۔

مَعْهَد۔ ادارہ۔ مدرسہ۔ (د)

مَعْهُوْد۔ وہ جگہ جہاں پہلا مینہ پڑا ہو۔ دیکھا اور پہچانا ہوا۔ عہد کیا ہوا۔

مَعِيّ۔ مِعًى۔ انتڑی۔ نیچائی میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ نیچی زمین کا نالہ جو دوسرے نالے کی طرف بہتا ہوا جائے۔

مَعِيْب۔ عیب دار۔

مَعِيْشَة۔ زندگانی۔ گذران۔ ج: مَعَايِش

مُعِيْل۔ شیر۔ بھیڑیا۔ بہت بال بچوں والا آدمی مہ مُعِيْلَة۔

مَعِيْن۔ جاری اور صاف پانی۔ نظر کیا ہوا۔ دیکھا ہوا۔

مُعَيَّن۔ بیل جس کے ماتھے کا بیچ سیاہ ہو۔ بجار۔

م۔غ

مَغَاب۔ مُغِيْب۔ (ض) غائب ہونا۔ چھپ جانا

مُغَابَصَة۔ اچانک آ دبانا۔

مُغَار۔ کم دودھ کی اونٹنی۔ کنجوس۔ ج: مَغَار۔

مَغَارَات۔ گڑھے۔ غار۔ وا: مَغَارَة۔

مَغَارِب۔ سورج وغیرہ کے چھپنے کے مقامات۔ وا: مَغْرِب۔

مُغَارَّة۔ ہر چیز کی کمی مص (مفاعلہ) کم دودھ والا ہونا۔ قمری کا اپنی مادہ کی چونچ سے چونچ ملانا۔ بازار کا بے رونق ہونا۔

مَغَازَة۔ میگزین۔ گودام۔

مُغَازَلَہ۔ عورتوں کے ساتھ عشق و محبت کی بات چیت کرنا۔ چالیس۴۰ کے قریب ہونا۔

مَغَازِی ۔ اللہ کے راستہ میں لڑنیوالوں کے اوصاف

مُغَاضِب۔ غصہ میں بھرا ہوا۔ غضب ناک۔

مُغَاضَمَۃ ۔ آنکھ بند کرنا۔ آنکھ کے پپوٹوں کی شکنیں اور جھریاں دکھلانا۔

مُغَافَصَۃ۔ اچانک پکڑنا۔ بے خبری میں کسی کو آدبانا۔

مُغَالَاۃ ۔ قیمت بڑھا دینا۔ مہنگا خریدنا۔ پوری قوت سے تیر پھینکنا۔

مُغَالَۃ ۔ برائی۔ شر۔ کھوٹ۔ دھوکہ۔

مُغَالَطَۃ۔ ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔ فریب دینا۔

مُغَامِر ۔ نڈر بے خوف۔

مُغَامَسَۃ ۔ ایک دوسرے کو پانی کی تہہ میں گھسا لے جانا۔ جنگ میں کود پڑنا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال دینا۔

مَغَانِم۔ لوٹ کے مال۔ اموال غنیمت ۔ وا۔ مَغْنَم۔

مُغَایَبَۃ ۔ پیٹھ پیچھے کسی کے متعلق بات چیت کرنا۔

مَغْبِن۔ بغل۔ ران کی جڑ۔ ج:۔ مَغَابِن۔

مَغْبُوْن۔ سست عقل والا۔ تجارت میں نقصان اٹھانے والا۔ دھوکہ کھایا ہوا۔

مُغْتَسَل ۔ غسل خانہ۔ غسل کا پانی۔ مُردے کو نہلانے کی جگہ۔

مُغْتَمِر ۔ مست۔ بہت پانی پینے والا۔ کھجور کا درخت۔ بال سمیت گیہوں۔

مَغْث ۔ (ف) کسی چیز کو پانی میں گھسنا۔ تا کہ گھل جائے۔ کسی کو ذلیل و رسوا کرنا۔ بیہودہ بکنا۔ آہستہ مارنا۔

مَغْد ۔ نازک موٹا اونٹ۔ ہر موٹی اور لمبی چیز۔ گھوڑے کے ماتھے پر سفیدی کی جگہ۔ بڑا ڈول بینگن۔ ایک میوہ مص (ف) عیش اور آرام میں پالنا۔ آرام کے ساتھ زندگی گذارنا۔ بدن کا گوشت سے بھرا ہوا ہونا۔ چومنا۔ گھاس کا لمبا ہونا۔

مِغْدَف ۔ کشتی کا چپو۔ ملاح۔ ج:۔ مَغَادِف

مَغْر ۔ (ف) چلنا۔ دوڑنا۔

اَلْمَغْرِبُ الْاَقْصٰی۔ ملک مراکش (د)

مِغْرَفَۃ۔ کفگیر (چمچہ جس میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں) ج:۔ مَغَارِف ۔

مُغْرَق ۔ ڈوبا ہوا۔ غرق کیا ہوا۔

مُغْرَم۔ قرضدار۔ گرفتارِ محبت ۔

مَغْرَم۔ تاوان۔ ڈنڈ۔ ج:۔ مَغَارِم۔

مَغْزَل ۔ (مصدر میمی) عورتوں سے محبت کی بات چیت کرنا۔

مِغْزَل۔ سوت کاتنے کا آلہ تکلا۔ ج:۔ مَغَازِل

مَغْزِی ۔ مقصد۔ غرض۔ مراد۔

مَغْس ۔ (ف) نیزہ مارنا (مجہولاً) انتڑی ٹوٹا ہوا ہو جانا۔

مَغْسَل۔ مردہ نہلانے کی جگہ۔ ج:۔ مَغَاسِل ۔

مَغْشُوْش۔ کھوٹا۔ غیر خالص ۔

مَغْشِی ۔ ڈھانپا ہوا۔

مَغْشِیٌّ عَلَیْہ۔ بے ہوش۔

مَغَص ۔ عمدہ نسل کے سفید اونٹ۔ ج:۔ اَمْغَاص

مَغْضُوْب ۔ غصہ کیا ہوا۔ غضب میں ڈوبا ہوا۔

مَغْط ۔ (ف) تیر چلانے والے کا کمان کو زور سے کھینچنا۔

مَغْطَس۔ نہانے کا کٹہرہ۔ ٹب (د)
مِغْفَر۔ خود کی زرہ جسے ٹوپی کے نیچے پہنتے ہیں۔ زرہ کا ٹکڑا جسے سپاہی لڑائی کے وقت اپنے منہ پر ڈال لیتا ہے۔ ج: مَغَافِر۔ مَغَافِیر۔
مَغْفِرَۃ۔ معافی مص (ص) گناہوں کو چھپا لینا بخش دینا۔ معاف کر دینا۔
مَغْفِق۔ لوٹنے کی جگہ۔ ج: مَغَافِق۔
مُغَفَّل۔ کم سمجھ۔ نادان۔ کند ذہن۔
مَغْل۔ مَغَالَۃ۔ (ف) جھوٹ گھڑنا۔ بہتان باندھنا۔ کسی کی لگائی بجھائی کرنا۔
مَغْل۔ (ف۔س) خراب گھاس کھانے کی وجہ سے چوپایہ کے پیٹ میں درد ہونا۔
مَغَل۔ حاملہ عورت کا دودھ۔ مص (س) آنکھ میں سفید سفید میل ہو جانا۔
مَغْلَف۔ لفافہ۔ (د)
بَابٌ مُغْلَق۔ مَغْلُوق۔ بند کیا ہوا دروازہ
مَغْلُوب۔ عاجز۔ ہرایا ہوا۔
مَغْلُوث۔ جَو یا کوڑا کرکٹ ملے ہوئے گیہوں۔
(یَدٌ) مَغْلُولَۃ۔ ہاتھ جو عطا و بخشش سے بند ہو۔
مَغْمَغَۃ۔ سست اور خراب کام مص بات کو صاف نہ کہنا۔ گوشت کو آہستہ آہستہ چبانا۔ برتن میں منہ ڈال کر کتے کا پانی پینا۔ کپڑا دھونا۔ کپڑے کو کناروں کی طرف سے لپیٹنا۔
مَغْمُوْل۔ جس پر کوئی بھاری کپڑا ڈال دیا گیا ہو۔ تاکہ پسینہ آ جائے۔ بے قدر اور حقیر آدمی جسے لوگ جانتے نہ ہوں۔
مَغْمُوْم۔ رنجیدہ۔ غمگین۔ زکام زدہ۔ ابر کی تہہ میں چھپا ہوا ہلال۔
مُغْمیٰ عَلَیْہ۔ بے ہوش۔
مَغْنَطِیس۔ مَغْنِیطِیس۔ مَغْنَاطِیس۔ لوہا کھینچنے والا پتھر۔ مقناطیس۔
مَغْنیٰ۔ وہ جگہ یا مکان جہاں کے رہنے والے بے پروا اور مالدار ہوں اور پھر وہاں سے چلے گئے ہوں۔ تدبیر۔ چارہ۔ حیلہ۔ ج: مَغَانِی۔
مُغْنِی۔ مفید۔ بچانے والا۔
مَغْو۔ (ن) بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
مُغَوَّاۃ۔ وہ جگہ جس میں راستہ بھول جائیں۔ کھدا ہوا گڑھا۔ ج: مُغَوَّیَات۔
مِغْوَل۔ گپتی۔ ج: مَغَاوِل۔
مَغْی۔ (ض) خوش کرنے یا مذاق بنانے کے لیے کسی کی تعریف کسی وصف کے ساتھ کرنا جو اس میں نہ ہو۔
مِغْیَال۔ درخت جس کی ٹہنیاں آپس میں لپٹی ہوئی، گھنی اور سایہ دار ہوں۔
مَغْیَث۔ مینہ کی زیادتی کی وجہ سے زمین پر اوندھی پڑی ہوئی گھاس یا کھیتی۔
مُغَیِّر۔ بدل ڈالنے والا۔ م: مُغَیِّرَۃ۔
مُغِیْرَات۔ لوٹ ڈالنے والے گھوڑے۔
مَغِیْط۔ ربڑ۔ (د)
(اَرْضٌ) مَغْیُوْرَۃ۔ سیراب کی ہوئی زمین۔

م۔ف

مَفَاتِیْح۔ موٹی اونٹنی۔ ج: مَفَاتِیْحَات۔ کنجیاں۔ تالیاں۔ وا: مِفْتَاح۔
مُفَاجَاَۃ۔ اچانک آ جانا۔ پکڑ لینا۔

مِفَاد۔ سیخ جس پر کباب بنائے جاتے ہیں دست پناہ وغیرہ جس سے آگ کریدی جائے۔ ج: مَفَائِد۔
مُفَادَاۃ۔ جان خریدنا۔ کچھ روپیہ دے کسی کی جان بچانا۔
مُفَارَصَۃ۔ پانی کو آپس میں باری باری مقرر کرلینا۔
مُفَارَقَۃ۔ جدائی کرنا۔ ایک دوسرے سے علیحدہ ہونا
مَفَاز۔ کامیابی۔ فتح مندی۔ کامیابی کی جگہ۔
مَفَازَۃ۔ رہائی۔ پناہ پکڑنے کی جگہ۔ ہلاک ہونے کی جگہ۔ ج: مَفَاوِز۔ بغیر پانی کا جنگل۔
مَفَاصِل۔ کنکریوں کا ڈھیر جو جمع ہوگیا ہو۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا ریتیلا اور پتھریلا میدان۔ جسم کے جوڑ بند۔ وا: مَفْصِل
مُفَاضَۃ۔ لمبی چوڑی زرہ۔ بڑے پیٹ کی عورت۔
مُفَاضَلَۃ۔ ایک دوسرے پر فضیلت اور بڑائی چاہنا بڑائی اور بزرگی میں مقابلہ کرنا۔
مَفَاقَمَۃ۔ جماع کرنا۔ عورت سے صحبت کرنا۔ کسی کے ساتھ دل لگی کرنا۔
مُفَانَاۃ۔ آپس میں نرمی کرنا۔ صلح کرنا۔ آرام پہنچانا۔
(عَیْش) مُفَانِق۔ عیش و آرام و راحت کی زندگی۔
مُفَاوَضَۃ۔ ہر چیز میں برابر کی شرکت مص۔ کلام وغیرہ میں مقابلہ کرنا۔
مُفَایَشَۃ۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔ لڑائی کے میدان میں ڈینگیں مارنا۔ دھونس دینا لات مارنا۔
مِفْتَاح۔ کنجی۔ چابی۔ ہر وہ شے جس سے کوئی چیز کھولی جائے۔ داغ۔ نشان جو اونٹ کی ران اور گردن پر کردیتے ہیں ج: مَفَاتِح۔ مَفَاتِیح۔
(اَبْوَابٌ) مُفَتَّحَۃ۔ چوپٹ کھلے ہوئے دروازے
مُفْتَرِی۔ جھوٹ گھڑنے والا۔ کذاب۔
مُفْتَرىٰ۔ جھوٹ گھڑا ہوا۔
مُفَتِّش۔ انسپکٹر۔ ممتحن۔ (د)
مَفْتَقُ الْقَمِیْص۔ کرتہ میں شگاف کی جگہ۔
مَفْتُوْت۔ کوٹا ہوا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ انگلیوں سے توڑا ہوا۔
مَفْتُوْن۔ آزمایش اور فتنہ میں پڑا ہوا۔ دیوانہ آگ میں ڈالا ہوا۔ دینار۔ وہ آدمی جس کی عقل اور مال جاتا رہا ہو۔ دیوانگی۔
مَفْشَّہ۔ زیادتی۔ کثرت۔ افراط۔
مَفْجَرَۃ۔ پانی رسنے کی جگہ۔ ہموار زمین جس میں نالے بہتے ہوں۔ ج: مَفَاجِر۔
مَفْخَرَۃ۔ وہ چیز جس پر ناز کیا جائے۔ فخر کرنے کے قابل۔ بزرگی۔ ج: مَفَاخِر۔
مُفْدَم۔ شوخ اور گہرے رنگ کا کپڑا۔ سرخ رنگ کا کپڑا جو زیادہ سرخ نہ ہو۔
مَفَرّ۔ بھاگنے کی جگہ۔ گریز (بھاگنا) ج: مَفَار۔
مُفْرَح۔ حاجت مند وہ آدمی جس کا نسب لوگوں کو معلوم نہ ہو۔ مقتول جو کہیں دور جنگل میں پایا جائے۔
مُفَرِّد۔ علم فقہ کا جاننے والا۔ گوشہ نشین عامل شریعت۔ سوار جس کے ساتھ اونٹ کے سوا کوئی اور نہ ہو۔
مِقْرَص۔ لوہا اور سونا چاندی وغیرہ کاٹنے کی قینچی۔ ج: مَقَارِص۔
مِقْرَض۔ چھینی جس سے لوہا کاٹتے ہیں۔

مُفرِط ۔ حد سے تجاوز کرنے والا۔
مِفرَع ۔ صلح پسند آدمی ۔ ج : مَفَارِع ۔
مَفرَق ۔ سر کی مانگ ۔ وہ جگہ جہاں سے دو راستے پھٹے ہوں ۔ ج : مَفَارِق ۔
مِفرَك ۔ پیچ کس ۔ (د)
مَفرُوشَات ۔ فرنیچر ۔ (د)
مَفرُوض ۔ واجب اور فرض کیا ہوا ۔ خدا کا فرمایا ہوا ۔ وہ چیز جس میں رخنہ ڈالا گیا ہو ۔
مَفزَعَة ۔ محفوظ ہونے اور پناہ لینے کی جگہ وہ چیز جس سے ڈرا جائے ۔ ج : مَفَازِع ۔
مُفسِد ۔ فساد ڈالنے والا ۔ تباہ کرنے والا ۔ بگاڑنے والا ۔
مَفسَدَہ ۔ خرابی ۔ تباہی ۔ بربادی ۔ بدی ۔ ج : مَفَاسِد ۔
مِفصَل ۔ زبان (کھولنے اور بیان کرنے کا آلہ) ۔ ج : مَفَاصِل ۔
مَفصِل ۔ عضو (حصہ جسم ہاتھ پاؤں وغیرہ) کا جوڑ ۔ دو ہڈیوں کا جوڑ ۔ ج : مَفَاصِل ۔
مُفَصَّلُ القُرآن ۔ سورۂ حجرات سے آخر قرآن پاک تک مُفَصَّل ۔ موتیوں کا ہار جس میں دونوں طرف بیچ میں پٹ پرو دی گئی ہو ۔ خوب بیان کیا ہوا ۔ واضح ۔
(آیَاتٌ) مُفَصَّلَات ۔ واضح و روشن نشانیاں ۔

مُفضَاۃ ۔ وہ عورت جس کے پیشاب اور پاخانہ کے مقام کا راستہ ایک ہو گیا ہو ۔
مِفضَل ۔ بہت فضل اور بزرگی والا آدمی ۔ عورت کا میلا کچیلا کپڑا جسے پہن کر کام کاج کرتی ہے ۔ ج : مَفَاضِل ۔
مُفطِر ۔ افطار کرنے والا ۔ روزہ کھولنے والا ۔ ج : مَفَاطِیر ۔
مَفطُومَة ۔ دودھ سے چھڑائی ہوئی لڑکی ۔ مذ : مَفطُوم ۔
مِفقَلَة ۔ چھاج ۔ ج : مَفَاقِل ۔
مُفکِرَة ۔ ایجنڈا ۔ (د)
مُفلِح ۔ کامیاب ۔
مُفَلفَل ۔ گھونگریالے بال ۔ کھٹی شراب ۔ جو زبان جھنجھلا دے ۔ خوب سنواری ہوئی کھال ۔ مصالحہ دار گوشت ۔
مَفلُوج ۔ فالج کا مارا ہوا ۔
مَفئُود ۔ بھنا ہوا گوشت ۔ گرم راکھ میں پکی ہوئی روٹی ۔ ڈرپوک ۔ دل پر چوٹ کھایا ہوا ۔
مُفَوَّہ ۔ خوب بولنے والا ۔ لالچی ۔ زیادہ کھانے والا ۔ خوشبو ملی ہوئی شراب ۔ صاف اور سیدھی بات ۔ فوہ (ایک رنگ) سے رنگا ہوا کپڑا ۔
مُفَوَّضُ الشُرطَه ۔ انچارج کوتوالی ۔ افسر پولیس ۔ (د)
مُفِیق ۔ عجیب بات بیان کرنے والا ۔ شاعر ۔ اونٹنی دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں

دودھ جمع کرنے والی ۔ ج: ۔
(دوسرے معنی کے اعتبار سے)
مَفَادِیُق۔

م۔ق

مُقَابَلہ ۔ دو کتابوں کو آپس میں صحیح اور درست کرنا۔ جوتی کا تسمہ بنانا۔ روبرو ہونا۔ سامنے آنا۔

مُقَاتَلہ ۔ لڑائی۔ جنگ مُقَاتِلہ۔ لڑنے والے۔ وا۔ مُقَاتِل۔

مَقَاد ۔ ایک پہاڑ کا نام۔ داہنی جانب۔

مُقَارَأۃ ۔ کتاب کا درس لینا۔ باہم تکرار کرنا۔

مُقَارَبَۃ ۔ پاؤں پاس رکھنا۔ جماع کے لیے پاؤں اٹھانا۔ دھوکہ دینے کے لیے میٹھی میٹھی باتیں کرنا۔ کسی چیز کی طرف ارادہ کرنا۔ بیچ راستہ میں چلنا۔

مُقَارَضَۃ ۔ بدلہ دینا۔ غیر کے مال سے تجارت میں شرکت کرنا۔

مُقَارَفَۃ ۔ جماع کرنا۔ آپس میں مل جانا۔ قریب ہونا۔ گناہ میں شریک ہونا۔

مُقَارَنَۃ ۔ ایک دوسرے کا مددگار اور ساتھی ہونا۔ دو چھواروں کو ملا کر کھانا۔ دو چیزوں کو ایک ساتھ لادنا۔

مُقَاسَاۃ ۔ کسی چیز کا رنج اٹھانا۔

مُقَاسَمَۃ ۔ اپنا حصہ لینا۔ آپس میں کوئی چیز بانٹنا۔ کسی کے لیے قسم کھانا۔ کسی سے قسم لینا۔

مُقَاطَرَۃ ۔ چھواروں کی ایک بوری، یا ایک برتن کو تول کر باقی کو اسی پر تخمینہ اور اندازہ کرکے بغیر تولے لینا۔ کسی کو آنے جانے کا کرایہ دینا۔

مُقَاطَعَہ ۔ صُوبہ۔ (د)

مُقَاطَعَۃ تِجَارِیَۃ ۔ بائیکاٹ۔ (د)

مَقَاعِد ۔ بیٹھکیں۔ آدمیوں کے بیٹھنے کی جگہیں۔ وا۔ مَقْعَد۔

مَقَال ۔ مَقَالَۃ ۔ بات۔ گفتگو۔

مَقَال ۔ مَقِیْل ۔ (مصدر میمی) (ض) دوپہر کو سونا۔ قیلولہ کرنا۔

مَقَالَۃ ۔ آرٹیکل۔ (د)

مَقَالَۃ اِفْتِتَاحِیَۃ ۔ لیڈنگ آرٹیکل (د)

مَقَالِید ۔ کنجیاں۔ تالیاں۔ خزانے۔ وا۔ مِقْلَاد۔

مَقَام ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ مقام۔ کھڑا ہونے کی جگہ یا زمانہ۔ کھڑا ہونا۔ (مصدر میمی)

مُقَامَاۃ ۔ موافقت کرنا۔

اَلْمُقَامَاتُ السِّیَاسِیَۃ ۔ سیاسی حلقے (د)

مَقَامَہ ۔ بیٹھنے کی جگہ۔ آدمیوں کا ایک گروہ۔

مُقَامَہ ۔ ٹھہرنا۔ ایک جگہ آرام کرنا (مصدر میمی)

مُقَامَرَۃ ۔ دو شخصوں کا باہم جوا کھیلنا۔ شرط باندھ کر ہار جیت کا کھیل کھیلنا۔

مُقَامَسَۃ ۔ غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔

مَقَامِع ۔ زدوکوب کرنے اور ذلیل کرنے کے آلات۔ لوہے کے ڈنڈے۔ وا۔ مِقْمَعَۃ۔

مُقَانَاۃ ۔ کسی چیز کو آپس میں ملانا۔ موافقت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔

مُقَاوَلَۃ ۔ معاہدہ۔ ٹھیکہ۔

مُقَاوَمَۃ۔ مقابلہ کرنا۔ کسی کے ساتھ کھڑا ہونا۔
مُقَابَضَۃ۔ عوض دینا۔ مال کے بدلہ مال دینا۔
مِقْبَاس۔ آگ کی چنگاری۔ ج: ۔ مَقَابِیْس۔
مَقْبَرَۃ۔ قبرستان۔ ج: ۔ مَقَابِر۔
مَقْبَض۔ مِقْبَض۔ مِقْبَضَۃ۔ تلوار۔ چھری وغیرہ کا دستہ۔ کمان وغیرہ کے پکڑنے کی جگہ۔ ج: ۔ مَقَابِض۔
مُقْبِل۔ آئندہ آنے والا۔ م: ۔ مُقْبِلَۃ۔
مَقْبُوح۔ برائی کیا ہوا۔ برا۔
مَقْبُوض۔ پنجہ سے پکڑا ہوا۔ مٹھی میں دبایا ہوا روح کھینچا ہوا۔ (مُردہ)۔ م: ۔ مَقْبُوضَۃ۔
مَقْت۔ مَقَاتَۃ۔ (ن) کسی کو دشمن بنانا۔ باپ کی بیوی کو نکاح میں لانا جیسا کہ زمانہ جاہلیت میں تھا۔
مَقْت۔ بہت سخت بغض۔ ناراضگی۔
مُقْتَحِم۔ گھسنے والا۔ اچانک کسی پر ٹوٹ پڑنے والا۔
مُقْتَدِر۔ دیگ پکانے والا۔ درمیانی چیز۔ مقدرت والا۔
مُقْتَدِی۔ پیروی کرنے والا۔
مُقْتَرِ۔ فقیر۔ محتاج۔ غریب۔
مُقْتَرَف۔ نیا خریدا ہوا اونٹ۔
مُقْتَرِف۔ کمانے والا۔ کسب کرنے والا۔
مُقْتَرِن۔ ملنے والا۔ جلوں میں پرا باندھ کر چلنے والا۔
مُقْتَسِم۔ بٹ جانے والا۔ باہم قسم کھانے والا۔

مُقْتَصِد۔ درمیانی راہ چلنے والا۔ م: ۔ مُقْتَصِدَۃ۔
مِقْدَار۔ اندازہ۔ ج: ۔ مَقَادِیْر۔
مِقْدَام۔ بڑا بہادر۔ بہت زیادہ آگے آنے والا۔ کاموں میں آگے آگے رہنے والا۔ ج: ۔ مَقَادِیْم۔
مُقْدَاح۔ مِقْدَح۔ چقماق کا لوہا۔ ج: ۔ مَقَادِیْح۔
مِقْدَحۃ۔ چقماق کا لوہا۔ چمچہ۔ ج: ۔ مَقَادِح۔
مَقْدَرَۃ۔ مِقْدَار۔ طاقت۔ قوت۔ قدرت۔
مُقَدَّس۔ پاک ومنزہ کیا ہوا۔ م: ۔ مُقَدَّسَۃ۔
(ارض) مُقَدَّسَۃ۔ پاک زمین۔ یعنی زمین شام۔
مُقْدِمُ الْعَیْن۔ آنکھ کا کویا جو ناک کے پاس ہے۔ مُقْدِمُ الْوَجْہ۔ چہرے کا اگلا حصہ۔ مُقْدِمُ الرَّحْل۔ پالان کے آگے کی لکڑی ج: ۔ مَقَادِیْم۔
مُقَدِّمَۃُ الْجَیْش۔ ہراول۔ لشکر کا وہ حصہ جو فوج کے انتظام کے لئے آگے آگے چلتا ہے۔
مُقَدِّمَۃ۔ ہر چیز کا اول۔ شروع کا حصہ۔ ماتھا۔ ماتھے کے بال۔ کنگھی کرنے کا ایک طریقہ۔
مَقْدُوْر۔ اندازہ کیا ہوا۔
مَقِر۔ مار ڈالنے والا۔ زہر۔ ایلوا۔ ایک کڑوی چیز۔ مص (ك)، گردن

پر اتنے ڈنڈے مارنا کہ ہڈی ٹوٹ جائے۔ مچھلی کی بُو دور کرنے کے لیے سرکہ میں بھگونا۔

مَقَرّ ۔ صدر مقام۔ (د)

مَقَر ۔ (س) دودھ کا کھٹا اور خراب ہو جانا۔ کڑوا ہونا۔

مُقَرَّب۔ نزدیک کیا ہوا۔

مَقْرَبَۃ۔ رشتہ داری۔ قرابت۔ ناتا۔

مُقْرِف۔ وہ گھوڑا جو اچھی نسل کا نہ ہو۔ جس کی صرف ماں عربی نسل کی ہو۔ وہ آدمی جس کا رنگ کچھ سُرخی لیے ہو۔

مُقْرَم۔ مُقْرَم۔ قوم کا سردار۔ عمدہ اونٹ جس پر بوجھ وغیرہ نہ لادا جائے۔ ج: مَقَارِم۔

مِقْرَمَۃ۔ باریک پردہ۔ فرش پر بیٹھنے کی جگہ۔ ج: مَقَارِم۔

مِقْرَن ۔ جُوا۔ تانگہ یا ہل کی لکڑی جو دو بیلوں کی گردن پر رکھی جاتی ہے۔

مُقَرَّن ۔ جس کے ہاتھ پاؤں جکڑ دیے جائیں۔

مُقْرِن ۔ طاقت اور قوت دینے والا۔ مدد کرنے والا۔ اکیلا کسان۔ بیل ہانکنے اور کھیتی وغیرہ کرنے میں جس کا کوئی مددگار نہ ہو۔ قابو میں کر لینے والا۔

مَقْرُوح ۔ زخمی آدمی جس کے جسم پر آبلے پڑ گئے ہوں۔ وہ راستہ جس میں لوگ کثرت سے چلتے ہوں۔ پامال اور روندا ہوا راستہ۔

مَقْرُوع ۔ جفتی کے لیے چھانٹا ہوا اونٹ۔ قوم کا سردار۔ نشان کیا ہوا اونٹ۔

مِقْرٰی ۔ بہت زیادہ مہمانی کرنے والا۔ بہت بڑا پیالہ (اسم جنس) وا۔ مِقْرَاۃ۔

مَقْرٰی ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج: مَقَارِی۔

مُقَزَّع ۔ جلد چلنے والا۔ ہلکا پھرتیلا آدمی۔ خوشخبری سنانے والا۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی پر تھوڑے تھوڑے بال ہوں۔ وہ آدمی جس کے سر پر متفرق طور پر تھوڑے سے بال ہوں۔ رَجُلٌ مُقَزَّع ۔ وہ شخص جس کا مال ختم ہو گیا ہو اور سوائے معمولی اونٹوں کے اور کچھ نہ رہا ہو۔

مَقَس ۔ (س) جی متلانا۔ متلی ہونا۔

مَقْس ۔ (ن) کوئی چیز پانی میں ڈبونا۔ بھرنا۔ توڑنا جاری ہونا۔ شعر کہنا۔ چلنا۔

مُقْسِط ۔ عادل۔ انصاف کرنے والا۔

مُقْسِم۔ واٹر ورکس۔ (د)

مُقْتَسِم۔ غمگین اور رنجیدہ آدمی۔ خوبصورت آدمی۔

مُقَسِّمَات ۔ تقسیم کرنے والیاں (مراد فرشتے ہیں)

مَقْسُوم۔ بانٹا ہوا۔ حصہ کیا ہوا۔

مِقَشَّۃ ۔ جھاڑو۔ (د)

مِقْشَط ۔ چاقو۔ (د)

مُقَشْقِشَان ۔ سُورۂ اخلاص اور سُورۂ قُل یا ایہا الکافرون۔

مِقَصّ ۔ قینچی کا ایک پھل۔ قینچی۔ ج: مَقَاص۔

مَقْصَر۔ مَقْصَرَۃ ۔ شام کا وقت۔ شام کے وقت کا دھندلکا۔ شام کے وقت کا اخیر حصہ۔

مُقَصِّر ۔ بال کتروانے والا۔ کوتاہی کرنے والا۔

مِقْصَل ۔ تیز اور کاٹ ڈالنے والی تلوار۔ تیز بولنے والی زبان۔ ج: ۔ مَقَاصِل ۔

مَقْصُورَة ۔ کھلا ہوا اور بڑا مکان۔ مکان کے مالک کا خاص کمرہ جس میں اس کے سوا کوئی نہ آئے ۔ وہ کمرہ جو دلہن کے لیے سجایا گیا ہو۔ وہ عورت جسے گھر سے نہ نکلنے دیا جائے ۔ مَقْصُورَةُ المسجد ۔ محرابِ مسجد یعنی امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ ج: ۔ مَقَاصِیر ۔

مَقْصُورَات ۔ پردہ نشین عورتیں ۔ مستورات ۔

مَقْصَم ۔ چبانے کے لائق تھوڑی سی چیز ۔ ج ۔ مَقَاضِم ۔

مَقْضِیّ ۔ پورا کیا ہوا ۔ فیصلہ کیا ہوا ۔

مَقْط ۔ سختی ۔ مص (ن)، (ض)، توڑ ڈالنا ۔ زمین پر دے مارنا (ب) (قسم) کھلانا ۔ (چھڑی وغیرہ سے) مارنا ۔ گیند کو زمین پر مار کر ہاتھ میں لینا ۔ غصہ دلانا ۔ رسی سے باندھنا ۔ سخت لپٹنا ۔ پرندہ کا اپنی مادہ سے جفتی کرنا ۔

مُقْط ۔ جال ۔ وہ دھاگا جس سے پرندوں کا شکار کیا جاتا ہے ۔ ج: ۔ اَمْقَاط ۔

مِقْطَاع ۔ جلد تعلق منقطع کرنے والا ۔ وہ کنواں جس کا پانی جلد جلد ٹوٹ جائے ۔ ج: ۔ مَقَاطِیع ۔

مُقْطَع ۔ اپنے گھر بار سے دور مسافر آدمی ۔ سانڈ جو جفتی کرتے کرتے تھک گیا ہو ۔ وہ آدمی جسے عورتوں کی خواہش نہ ہو ۔ نہر کھودنے کی جگہ ۔

مَقْطَع ۔ کاٹنے کی جگہ ۔ کسی چیز کے آخر اور ختم ہونے کی جگہ ۔ ج: ۔ مَقَاطِع ۔ مَقْطَعُ الرَّمْل ۔ جہاں ریتیلا میدان ختم ہو گیا ہو ۔ مَقْطَعُ الانهار (نہروں کے گزرنے کی جگہ)، مَقْطَعُ القُرآن ۔ قرآن پاک میں وقف (ٹھہرنے) کی جگہ ۔ ج: ۔ مَقَاطِع ۔

مُقَطَّعَات ۔ کپڑوں کے عمدہ ٹکڑے ۔ چھوٹے رنگین پھولدار خوبصورت کپڑے ۔ مُقَطَّعَاتُ الشعر ۔ سبک اور اچھے وزن کے شعر ۔

مُقَطَّعَاتُ الاسحار ۔ خرگوش ۔ وا: ۔ مُقَطَّعَة ۔

مَقْطَنَة ۔ کپاس کا کھیت ۔ ج: ۔ مَقَاطِن ۔

مَقْطُوع ۔ کاٹا ہوا ۔ بیونتا ہوا کپڑا ۔ قافلہ سے بچھڑا ہوا ۔ دمہ کا بیمار ۔

مَقْطُوعُ الْقِيَام ۔ جو کمزوری یا مٹاپے کے سبب اٹھ نہ سکے ۔

مَقْع ۔ (ف) شراب اور پانی کو بہت پینا ۔ فحش گالیاں بکنا ۔ تہمت لگانا ۔

مَقْعَد ۔ بیٹھک ۔ بیٹھنے کی جگہ ۔ ج: ۔ مَقَاعِد ۔ (د) بنچ ۔ سیٹ ۔

مُقْعَد ۔ اپنی جگہ پر پڑا ہوا ۔ لنجا ۔ لنگڑا ۔ گدھا کا بچہ ۔

مِقْعَطَة ۔ بڑی پگڑی ۔ ج: ۔ مَقَاعِط ۔

مُقَفِّع ۔ اکثر سر جھکائے رہنے والا ۔ مُقَفِّعُ الیدین ۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ میں جھریاں پڑ گئی ہوں ۔

مُقْل ۔ ایک قسم کا کندر (ایک درخت کا گوند)

مَقْل ۔ کنوئیں کی تھاہ مص ۔ (ن) دیکھنا ۔ پانی وغیرہ میں ڈبونا ۔ پانی میں گھسنا ۔ مارنا ۔

مِقْلَاد ۔ کنجی۔ خزانہ کی جگہ۔ ج:۔ مَقَالِید۔
مِقْلَب ۔ ہل کا لوہا جو زمین پھاڑتا چلا جاتا ہے۔ ج:۔ مَقَالِب۔
مُقْلَۃ ۔ آنکھ کے اندر کی سیاہی اور سفیدی۔ آنکھ کی پُتلی۔ آنکھ کی چربی۔ آنکھ۔ ج:۔ مُقَل۔
مِقْلَد ۔ کنجی۔ چابی۔ برتن۔ توڑہ۔ ہاتھ کا پیمانہ۔ ہاتھ کی چھڑی جس کا اوپری حصہ مڑا ہوا اور ٹیڑھا ہوتا ہے۔ ج:۔ مَقَالِد۔
مِقْلَمہ ۔ اونٹ کے ذکر کے اوپر کی کھال (غلاف)
مِقْلَمَۃ ۔ قلم دان۔ ج:۔ مَقَالِم۔
مِقَمَّۃ ۔ جھاڑو۔ ج:۔ مَقَامّ۔
مُقْمَح وہ اونٹ جس کا سر پیچھے کی طرف کو باندھ دیا جائے اور اس وجہ سے سر بلند رہے۔
مِقْمَعَۃ ۔ لوہے کا آنکس جس سے ہاتھی کو ہانکتے ہیں لوہے کا ڈنڈا۔ ج:۔ مَقَامِع۔
مَقْنَاۃ ۔ وہ جگہ جہاں سورج کی دھوپ نہ پہنچے۔
مِقْنَب ۔ شیر کا پنجہ۔ شکاری کا تھیلا جس میں شکار ڈال لیتا ہے۔ گھوڑوں کا گلہ جو تیس سے چالیس تک یا تین سو کی تعداد میں ہو۔ ج:۔ مَقَانِب۔
مُقَنْطَرَۃ ۔ ڈھیر لگائی ہوئی۔ مکمل۔
مَقْنَع ۔ سچا گواہ۔ جس کی گواہی کا اعتبار کر لیا جائے اور جس کا حکم کافی ہو۔
مِقْنَع ۔ مِقْنَعَۃ ۔ عورتوں کا دوپٹہ۔ اوڑھنی۔ نقاب۔ ج:۔ مَقَانِع۔
مُقَنَّع ۔ وہ آدمی جو سر پر خود رکھے ہوئے ہو۔
مُقْنِع ۔ سر اٹھانے والا۔
مَقْوٌ ۔ (ن) اونٹ کے بچہ کا ماں کے دودھ کو زور سے چوسنا۔ دانت کو صاف کرنا۔ تلوار یا آئینہ کو جِلا دینا۔ حفاظت کرنا۔
مِقْوَد ۔ کھینچنے کا آلہ۔ لگام۔ مہار۔ رسی وغیرہ ج:۔ مَقَاوِد۔
مُقُوط ۔ (ن) (اونٹ کا) بہت زیادہ دُبلا اور کمزور ہونا۔
مِقْوَل ۔ زبان۔ پادشاہ۔ خوب بات کرنے والا۔ تیز زبان۔ بہت بولنے والا (د) گراموفون۔
مُقْوِی ۔ مضبوط و قوی جانور (گھوڑا وغیرہ) وہ مسافر جس کا زاد راہ ختم ہو گیا ہو۔
مَقْهٰی ۔ قہوہ خانہ۔ (د)
مَقَہ ۔ (س) آنکھ کا کچھ نیلا پن لیے ہوئے سفید ہونا۔ سُرمہ نہ لگنے کے سبب آنکھ کا خراب ہو جانا۔
مِقْیَاس ۔ ریکارڈ۔ (د)
مُقِیْت ۔ روزی رساں۔ نگہبان۔
مَقِیْت ۔ مبغوض۔ دشمن رکھا ہوا۔
مَقِیْل ۔ آرام گاہ۔ دوپہر کے وقت آرام کرنے کی جگہ۔
مُقِیْم ۔ سکونت پذیر۔ سیدھا کرنے والا۔ قائم کرنے والا۔

م ۔ ک

مَلْك ۔ (ن) چوسنا۔ ہلاک کرنا۔ کم کرنا۔
مَكَا ۔ لومڑی اور خرگوش وغیرہ کا بِل۔ ج:۔ اَمْكَاء۔
مَكَا ۔ (س) کام کے سبب سے ہاتھ میں آبلہ پڑ جانا۔

مُکَآء - ایک پرندہ کا نام۔ ج: مَکَاکِی۔
مُکَاءٌ - (ن) منہ سے سیٹی بجانا۔ انگلیوں کو ملاکر ان میں پھونک مارنا تاکہ آواز نکلے۔ ریح خارج کرنا۔
مُکَابَلَۃ - دیر کرنا۔ روکنا۔ پڑوسی کا گھر خریدنے میں دیر کرنا اور جب دوسرا خریدنے لگے تو شفعہ کا دعویٰ کرنا۔
مُکَاتِب - نامہ نگار۔ (د)
مُکَاتَبَۃ - ایک دوسرے کو خط لکھنا۔ غلام کو مکاتب بنانا۔
مُکَاتَلَۃ - (خدائے تعالیٰ کا) کسی کو نیکی سے دور کرنا اور لعنت کرنا۔
مُکَاذَبَۃ - ایک دوسرے کو جھوٹا خیال کرنا۔ آپس میں جھوٹ بولنا۔
مُکَارَاۃ - چوپایہ یا کسی اور چیز کو کرایہ پر دینا۔
مُکَارَزَۃ - (الیٰ) کسی دکان کی طرف دوڑنا۔ اور اس میں چھپ جانا [عن] کسی سے بھاگنا۔
مُکَارِی - کرایہ پر دینے والا۔
مُکَاشَفَۃ - دشمنی پیدا کرنا۔ کسی کے ساتھ کھلم کھلا لڑائی کرنا۔ ننگا کرنا۔ کھولنا۔
مُکَاعَمَۃ - بوسہ دینا۔ منہ کا بوسہ لینا۔ زبان چوسنا۔ عورت مرد کا ایک کپڑے میں ہم بستری کرنا۔
مُکَافَاۃ - بدلہ دینا۔ کسی کے مثل اور برابر ہونا۔ حفاظت کرنا۔ برابر کھڑا کرنا۔ کسی کو دور کرنا۔ یا ہم لگانا۔ نیزے مارنا۔
مُکَافَرَۃ - ناشکری کرنا۔ احسان نہ ماننا۔

مُکَافِل - پڑوسی۔ حلیف۔
مُکَاکَۃ - مُکَاک - ہڈی کا گودا وغیرہ جسے چوسا جائے۔
مُکَامَعَۃ - دو آدمیوں کا ایک جگہ اکٹھے سونا۔ کسی کو اپنے ساتھ ایک کپڑے میں سلانا۔
مَکَان - جگہ۔ ج: اَمْکِنَۃ۔ جج: اَمَاکِن
مَکَانَۃ - جگہ۔ موقع۔ مرتبہ۔ نیت۔ ارادہ۔ نرمی۔ شاہی دربار میں رتبہ اور عزت۔ مص (ن) پادشاہ کے دربار میں رتبہ پانا۔ قائم رہنا۔
مُکَانَفَۃ - ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
مُکَایَلَۃ - ناپ تول کر لینا دینا۔ دوسرے کی بات جیسی بات کہنا۔ دوسرے کے کام کی طرح کام کرنا۔ فحش بکنے میں حد سے نکل جانا۔
مُکِبّ - اوندھا ہونے والا۔ سرنگوں۔
مَکْبِر - بڑھاپا مص (س) بوڑھا ہونا۔
مَکْث - (ن) [ب] کسی جگہ رہنا۔
مَکَّۃ - اُمُّ القریٰ۔ بَلَدَۃُ اللّٰہِ الحرام۔ عرب کا مشہور شہر جہاں خانہ کعبہ واقع ہے۔ (یہ نام اس لیے ہے کہ وہ گناہوں کو چوس لیتا ہے (مٹا دیتا ہے)۔
مَکْتَب - (د) مدرسہ۔ دفتر۔ لکھنے کی میز۔ ج: مَکَاتِیب۔
المکتبُ الابتدائی - پرائمری اسکول (د)
المکتبُ الاعدادی - ہائی اسکول (د)
المکتبُ الرُّشدی - مڈل اسکول۔ (د)
مَکْتَبَۃ - کتب خانہ۔ کتابوں کی دکان۔

لکھنے پڑھنے کا کمرہ۔ (د) ج:۔ مَکَاتِب۔
مَکْتَبُ التَّذَاکر۔ ٹکٹ گھر۔
مِکْتَل ۔ جھولی جس میں پندرہ صاع (ایک پیمانہ) وزن آتا ہے۔ نلپنے کی ایک ٹوکری ج:۔ مَکَاتِل۔
مُکْتَل ۔ گول گٹھے ہوئے جسم اور چھوٹے قد کا آدمی۔ جمع کیا ہوا۔
مَکْتُوب۔ لکھا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔ خط۔ سِیا ہوا۔
مَکْث۔ مُکْث۔ مِکْث (ن۔ ك) دیر کرنا۔ انتظار کرنا۔
مِکْث ۔ توقف۔ دیر۔
مِکْثَار۔ مِکْثِیْر۔ بہت بولنے والا آدمی۔
مِکْحَل۔ مِکْحَال۔ سُرمہ لگانے کی سلائی۔ ج:۔ مَکَاحِل۔
مُکْحُلَة۔ سُرمہ دانی۔ ج:۔ مَکَاحِل۔
مَکْحُول۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کیے ہوئے ایک غلام۔ ایک تابعی جو فقیہ شام تھے۔
(عَیْن) مَکْحُوْلَة۔ سرمہ لگی ہوئی آنکھ۔
مِکَدّ ۔ مِکَدّ ۔ کنگھی (شانہ)
مَکَدَ ۔ مُکُوْد (ن) مقیم ہونا۔ اونٹنی کا بڑھاپے کی وجہ سے دودھ کم دینا۔
مُکَذِّب۔ جھٹلانے والا۔
مَکْذُوْب ۔ جھوٹ۔ کذب۔ دروغ۔
مَکْذُوْبَة۔ جھوٹ۔ سست اور کمزور عورت۔
مَکْر ۔ دھوکہ۔ خفیہ تدبیر۔ دھوکہ کا بدلہ۔ پرندوں کی آواز۔ شیر کے غرانے کی آواز۔ ج:۔ مُکُوْر۔ مص (ن) دھوکہ دینا۔ خفیہ تدبیر کرنا۔ زمین سینچنا۔ سُرخ مٹی سے رنگنا۔
مِکَرّ ۔ پہلوان۔ پلٹ پلٹ کر حملہ کرنے والا۔ لڑائی اور حملہ کا گھوڑا۔
مَکْرَاة ۔ دھندلے رنگ کی ایک گھاس۔ موٹی اور گوشت سے بھری ہوئی خوبصورت پنڈلی۔ ج:۔ مَکْر۔ مُکُوْر۔
مُکَرْدَح ۔ ذلیل۔ خوار۔ خودنمائی کرنے والا۔
مُکَرَّر ۔ بار بار لایا ہوا۔
مُکْرِم۔ نوازنے والا۔ عزت کرنے والا۔
مَکْرُم۔ مَکْرُمَة۔ بزرگی۔ کرم۔ کریم۔ پیداوار کے لائق اچھی زمین۔ ج:۔ مَکَارِم۔
مُکَرَّم۔ معزز۔ محترم۔ م:۔ مُکَرَّمَة
مَکْرُوْه ۔ ناپسندیدہ۔
مَکْس ۔ باج۔ عشر (دسواں حصہ) چنگی۔ ٹیکس۔ مص (ض) مال جمع کرنا۔ ٹیکس وصول کرنا۔ قیمت کو کم کرنا۔ ظلم کرنا۔
مِکْسَال۔ سست (عورت) پردہ نشین۔ نازنین لڑکی۔
مَکْسَب۔ کمانے کی جگہ۔ کمائی۔ ج:۔ مَکَاسِب۔
مَکْسِر ۔ توڑنے کی جگہ۔ درخت کی جڑ جہاں سے شاخیں توڑی جائیں۔ آزمائش۔
طَیِّبُ الْمَکْسِر۔ جو آزمائش میں پورا نکلے۔
مِکْسَل ۔ دُھنے کی کمان کا چلہ۔ (جب علیحدہ کرلیا جائے) وہ خاندان جس میں باعزت بزرگ کم ہوں۔ ج:۔ مَکَاسِل۔
مَکْسُوّ ۔ پہنایا ہوا کپڑا۔ لباس۔
مِکْشَاح ۔ کلہاڑی۔ تلوار کی باڑھ۔ ج:۔ مَکَاشِح۔

مَکْظُوم۔ غمگین۔ رنجیدہ خاطر۔
مُکَعَّب۔ نقشین چادر وغیرہ۔ ابھری ہوئی چھاتی ہر وہ چیز جس کی لمبائی چوڑائی اور اونچائی برابر ہو۔
مُکَعِّب۔ وہ لڑکی جس کی چھاتیاں ابھر آئی ہوں۔ ابھری ہوئی چھاتی۔
مُکَفّی۔ ہتھیار بند۔ مسلح۔
مَکْفُور۔ خاک کے نیچے دبی ہوئی راکھ۔
مَکْفُوف۔ اندھا۔ ج: مَکَافِیف۔
مَکْفُول۔ جس کی ذمہ داری لی گئی ہو۔ (د) بیمہ شدہ۔
مُکَلَّأ۔ نہر کا کنارہ۔ ساحلِ دریا۔ بندرگاہ۔ ہوا سے محفوظ اور بچی ہوئی جگہ
مُکَلِّب۔ کتے کو سدھانے والا۔
مُکَلَّۃ۔ تھوڑا پانی جو برتن کی پینیدی یا کنویں کی تہ میں رہ گیا ہو۔
مُکَلِّف۔ کسی سخت کام کا حکم دینے والا۔
مُکَلِّل۔ کام میں کوشش اور محنت کرنے والا۔
مُکَلَّل۔ ابر جس میں بجلی چمک رہی ہو۔
مِکْمَمَۃ۔ گدھے کا مچھیکا (ایک تھیلی جو اس کے منہ پر چڑھا دی جاتی ہے تاکہ کاٹ نہ سکے)، بیلچہ۔
مَکِن۔ مَکْن۔ گوہ اور ٹڈی وغیرہ کا انڈا۔ وا۔ مَکِنَۃ۔ مَکْنَۃ۔
مَکَن۔ (س) سوسمار وغیرہ کا انڈا دینا۔
مُکْنَۃ۔ مَکِنَہ۔ قوت۔ قدرت۔ شدت۔
مَکِنَۃ۔ پرندوں کا گھونسلہ۔ ج: مَکِن۔ مَکِنَات۔
مِکْنَسَۃ۔ جھاڑو۔ ج: مَکَانِس۔

مَکْنُون۔ چھپایا ہوا (مؤنث)
مَکْو۔ لومڑی۔ خرگوش وغیرہ کا بل۔ ج: اَمْکَاء۔
مِکْوَاۃ۔ داغ دینے کا لوہا۔ (د) استری۔
مِکْوَر۔ مِکْوَرَۃ۔ پگڑی۔
مِکْیَال۔ پیمانہ۔
مَکِیث۔ عزت دار آدمی۔ محترم آدمی۔
مَکُوث۔ مُکْثَان (ن۔ ک)۔ انتظار کرنا ٹھہرنا۔
مَکِید۔ مکر کیا ہوا۔
مَکِیل۔ مَکَال کَیْل۔ (ض) ناپنا۔
مَکِین۔ صاحب مرتبہ۔ محفوظ۔
مَکِینَۃ۔ نرمی۔ آہستگی۔ مرتبہ۔ وقار۔

م۔ل

مَلّ۔ عاجز اور تنگ آیا ہوا انسان۔ مص (ن) [فی] کسی چیز کو چنگاری پر رکھنا تیز چلنا [علی] سفر کا لمبا ہونا۔
مَلْءٌ۔ مَلْأَۃٌ۔ مِلْأَۃٌ۔ (ف) (بصلہ من وب وبغیر صلہ) برتن وغیرہ کو کسی چیز سے بھر دینا [علی] مدد کرنا۔ مَلَأَت منہ العین۔ وہ چیز آنکھ کو بھلی معلوم ہوئی۔
مَلَا۔ جنگل۔ بیابان۔
مَلَأ۔ عادت۔ غلبہ اور اقتدار۔ شریف آدمیوں کا گروہ۔ قوم میں سے ایک جماعت۔ مشورہ۔ گمان۔ ج: اَمْلَاء۔
مُلَاءَۃ۔ زکام۔ ایک پاٹ کی چادر۔ ج:۔

مُلاء۔
مَلاءَۃٌ۔ مَلاء بروزن فَعالَتہ۔ فَعالٌ۔
دل امیر اور صاحبِ اقتدار ہو جانا۔
مُلابَسَۃ۔ کسی کام کی مزاولت کرنا۔ کسی سے میل کرکے اس کے دل کی بات معلوم کر لینا۔
مَلاث۔ مِلوَث بڑے مرتبہ کا شریف آدمی۔ ج ا۔ مَلاوِث۔ مَلاوِیث۔
مُلاح۔ نمکین اور خوبصورت۔
مَلاّح۔ کشتی چلانے والا۔ نمک بیچنے والا۔ نہر کا انجینئر۔
مِلاح۔ نیزے کی نوک۔ کشتی چلانے والی ہوا۔ لباس۔ پردہ۔ مص (مفاعلہ) مینہ برسنے سے زمین کا ٹھنڈا ہو جانا۔ بچہ کو دایہ کے حوالہ کرنا۔
مَلاّحَۃ۔ نمکستان۔ نمک کی کان۔
مُلاحِظ۔ افسر پولیس۔ انسپکٹر۔ (د)
مُلاحِی ایک قسم کے سفید لمبے انگور۔ ایک قسم کے انجیر۔ سرخ سفید اراک۔
مُلاحاۃ۔ آپس میں دوستی کرنا۔ حلیف بننا۔ (علی) بھڑکانا (ب) چغلی کھانا۔
مَلاّذ۔ جھوٹا۔ جو کہتا ہو اور کرتا نہ ہو۔ خود رائے۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ بھیڑیا۔
مِلادیا۔ ملیریا۔ (د)
مَلاّس۔ بھیڑیا۔
مَلاسَہ۔ مُلوسَہ (ف۔ ل) نرم و چمکدار ہونا۔
مَلاّسَۃ۔ گمیٹری (ایک موٹی اور بھاری لکڑی جس میں بیل جوت کر کھیت کی مٹی باریک اور ہموار کرتے ہیں۔
مِلاط۔ دیوار کی مٹی۔ پہلو۔ کوہان کا کنارہ اِبنُ مِلاط۔ ماہِ نو۔
مُلاطَفَۃ۔ آپس میں بھلائی کرنا۔ نرمی کرنا۔
مُلاعَنَۃ۔ (میاں بیوی کا) ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
مُلاغَفَۃ۔ دوستی کرنا۔ کسی کے پاس پہنچ جانا۔ بوسہ دینا۔
مُلاقاۃ۔ آپس میں ملنا۔ ملاقات کرنا۔
مَلاقِح۔ وہ ہوائیں جو درختوں پر پھل پھول لائیں۔ وا۔ مُلقِحَہ۔
مُلاقِی۔ ملاقات کرنے والا۔
مَلاک۔ قدرت۔ طاقت۔ پونجی۔ سہارا۔ اصل۔ جڑ۔ فرشتہ۔
مَلاک۔ پیغام۔ پیغام رساں۔ فرشتہ۔
مُلال۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے دستہ کی لکڑی پیٹ کے درد کی وجہ سے بے آرامی۔
مَلام۔ مَلامَۃ۔ سرزنش۔ ملامت۔ برا بھلا کہنا۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنا۔
مُلامَسَۃ۔ ایک دوسرے کو ہاتھ سے چھونا۔ جماع کرنا۔ بیع مُلامَسَۃ۔ بیچنے کی ایک قسم جو ناجائز ہے۔
مَلآن۔ بھرا ہوا۔ زکام زدہ۔
مُلاوَصَۃ۔ درخت کو دیکھنا اس غرض سے کہ کس طرح کاٹا جائے۔ دروازہ کے سوراخ میں سے جھانکنا۔ (عن) دھوکہ دینا۔
مَلاهِی۔ کھیل کود کی چیزیں۔ وا۔ مَلهی۔

مُلَایَلَۃ۔ رات بھر کے لیے مزدور رکھنا۔
مُلَبَّس ۔ مُربہ۔ (د)
مِلْبَن ۔ دو ہاؤنی اینٹ بنانے کا سانچہ۔
مُلْبِن ۔ مُلْبِنَۃ۔ دودھ والی بکری۔
مَلْبَنَۃ۔ ڈیری فارم۔ (د)
مَلْت ۔ (ض) حرکت دینا۔ کسی چیز کو زور سے ہلانا۔
مِلَّۃ ۔ مذہب۔ شریعت۔ خون بہا ج:۔ مِلَل۔
مُلَّۃ ۔ سلنگا۔
مَلَّۃ ۔ گرم راکھ۔ گرم ریت۔ چنگاری۔ بخار کا پسینہ۔
مِلْتَبّ ۔ گوشہ نشین آدمی۔
مُلْتَجَّۃ ۔ بہت زیادہ کالی آنکھ۔ سبز گھاس کی وجہ سے ہری بھری زمین۔
مُلْتَحَد ۔ (ظرف) جائے پناہ (مصدر میمی) پناہ پکڑنا
مُلْتَزِم۔ ٹھیکہ دار (د)
مَلْث ۔ رات کا شروع کا اندھیرا مص۔ (ن) میٹھی میٹھی باتوں سے کسی کا دل خوش کرنا کسی کام سے روکنا۔ جھوٹا وعدہ کرنا۔ ہلکے ہلکے مارنا۔ آہستہ چلنا۔
مَلْجَأ ۔ پناہ پکڑنے کی جگہ (د) محتاج خانہ ج:۔ مَلَاجِئ۔
مِلْحٌ ۔ نمک۔ کھاری پانی۔ چربی۔ عقل مندی۔ اچھائی۔ عزت۔ نمکینی۔ قسم۔ عہد۔ ج:۔ مِلَاح۔ اَمْلَاح۔ مِلْحَۃ۔
مَلْحٌ ۔ (ف) ہانڈی میں نمک ڈالنا۔ چوپایہ کو شورہ کھلانا۔ پیٹھ پیچھے برا کہنا۔ بھوننے کے لیے بکری کے بالوں کو صاف کرنا (ل) بچہ کو دودھ پلانا۔

مَلْحَاء ۔ (اَمْلَح کا مؤنث) سیاہی سفیدی ملے ہوئے رنگ کی بکری۔ پتے گرا ہوا درخت۔ بھاری لشکر۔ پیٹھ کا گوشت۔
مِلْحَب ۔ کثرت سے گالیاں بکنے والا۔ چھیلنے اور کاٹنے کا آلہ۔ ج:۔ مَلَاحِب۔
مُلْحَۃ ۔ خوف۔ برکت۔ عمدہ اور نمکین بات۔ ج:۔ مُلَحٌ۔
مَلْحَج ۔ پناہ گاہ۔ ج:۔ مَلَاحِج۔
مَلْحُوظَۃ۔ نوٹ۔ ریمارک۔ (د)
مَلْخ ۔ سخت چال مص (ف) سخت چلنا۔ برے کاموں میں دوڑ دھوپ رکھنا۔ ہاتھ اور دانتوں سے پکڑ کر کھینچنا۔ دوہرا ہونا۔ ٹوٹ جانا۔ کھانے کا بدمزہ ہو جانا۔
مَلْد ۔ نازک آدمی۔ نازک ٹہنی۔ مص (ن) کھینچنا۔
مَلَد ۔ مَلَدَان۔ جوانی۔ تازگی۔ چہرہ کی چمک دمک۔ مص (س) (ٹہنی کا) ہلنا۔ لہلہانا۔
مَلْدُوغ ۔ سانپ کا کاٹا ہوا۔ بچھو کا ڈنک مارا ہوا۔
مَلْذ ۔ (ن) جھوٹ بولنا۔ نیزہ مارنا۔ ہاتھ پر مسح کرنا۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
مَلَذَان ۔ وہ آدمی جو ظاہر تو خیر خواہی کرے لیکن دل میں دشمنی رکھے۔
مَلْز ۔ (ن) [ب] اچک لینا۔ لے جانا۔ [عن] دیر کرنا۔ پیچھے رہ جانا۔
مُلَزَّق ۔ کمزور چیز۔
مَلْس ۔ (ن) باتیں بنا کر پھسلانا۔ تیز ہانکنا۔

جڑ سے اکھاڑ دینا۔

نَجِیْف ۔ چوڑی پیکان کا تیر ۔ پرانی مشک ج : ۔ نُجُف ۔

ن ۔ ح

نُحَاب ۔ (ض) اونٹ کا کھانسنا ۔
نَحَاحَۃ ۔ صبر ۔ ضبط ۔ سخاوت ۔ کنجوسی ۔
نَحَاس ۔ نُحَاس ۔ نِحَاس ۔ تانبا ۔ آگ دھواں ۔ ہر چیز کی اصل طبیعت ۔
نَحَافَۃ ۔ کمزوری ۔ دبلاپن مص (ک) کمزور ہونا ۔ پیدائشی دبلا پتلا ہونا ۔
نَحْب ۔ قصد ۔ ارادہ ۔ ضرورت ۔ موت ۔ وقت ۔ مدت ۔ خواب ۔ نیند ۔ موٹاپا سختی ۔ جوا ۔ بڑا حادثہ ۔ بڑا کام ۔ مص (ف) زور زور سے رونا ۔ (ن) نذر ماننا ۔ تیز چلنا ۔
نَحْت ۔ فطرت ۔ طبیعت ۔ خالص ۔ بے ملاوٹ مص (ض) چھیلنا ۔ کاٹنا ۔ کسی کو زمین پر دے مارنا ۔ غیبت کرنا ۔ برائی کرنا ۔ گالی دینا ۔

نِحْرِیْر ۔ عقلمند ۔ تجربہ کار ۔ ہوشیار ۔ ذہین اور تیز طبیعت والا ۔ ج (نِحْرِیْر) نَحَارِیْر ۔
نَحْر ۔ سینہ کا بالائی حصہ ۔ گردن بند کی جگہ
نَحْرُ النَّہَار ۔ دن کا شروع حصہ ۔
نَحْرُ الشَّہْر ۔ اول مہینہ مص ۔ (ف) ذبح کرنا ۔ سینہ پر (نیزہ) مارنا ۔ دو گھروں کا آمنے سامنے ہونا ۔ نماز میں سینہ تانے ہوئے کھڑا ہونا ۔ نماز کو اول وقت ادا کرنا ۔
(یَوْمُ) النَّحْر ۔ قربانی کا دن ۔ دس ذی الحجہ ۔
نَحِز ۔ کھانسی والا اونٹ ۔ م : ۔ نَحِزَۃ ۔
نَحْز ۔ (ف) بھگانا ۔ لکڑی سے کسی کے ہاتھ پاؤں توڑ ڈالنا ۔ اوکھلی میں کوٹنا ۔ پاؤں سے کوئی چیز کچلنا ۔
نَحْس ۔ منحوس ۔ نامبارک ۔ مضرت ۔ ٹھنڈی ہوا ۔ مغربی ۔ غبار ۔ ج : ۔ نُحُوس ۔ مص (ف) کسی پر ظلم وستم کرنا ۔ اونٹ کا سرکشی کرنا ۔ قابو میں نہ آنا ۔
نَحِس ۔ منحوس ۔ بداختر ۔ نامبارک ۔ م : ۔ نَحِسَۃ ۔
نَحَس ۔ (س) بدنصیب ہونا ۔
نُحْص ۔ پہاڑ کی تلی ۔
نَحْض ۔ موٹا گوشت ۔ ج : ۔ نُحُوض ۔ مص (ف) گوشت کے چھیچھڑے وغیرہ علیحدہ کرنا ہڈی سے گوشت علیحدہ کرنا ۔
نَحْط ۔ (ض) تھکنے کی وجہ سے ہانپنا ۔ زور زور سے سانس لینا ۔ مانگنے والے کو جھڑکنا ۔
نَحْل ۔ شہد کی مکھی ۔ وا : ۔ نَحْلَۃ ۔ عطیہ ۔ بخشش

دبلا۔ نیا چاند مص (ف)، کسی پر افترا کرنا۔ گالیاں دینا۔
نُحل ۔ (ف)، عطیہ دینا۔ مال میں سے کسی کے لیے حصہ نکالنا۔
نِحلَة۔ نُحلَة۔ بے مانگے عورت کو اس کا مہر دینا۔ عطیہ۔ بخشش۔ دعویٰ۔ مذہب۔ مسلک۔ ج:۔ نِحَل۔ نُحَل۔
نَحْن ۔ ہم۔ تثنیہ و جمع متکلم کی ضمیر منفصل۔
نَحْو ۔ جانب۔ طرف۔ راستہ۔ مثل۔ مقدار ارادہ۔ ج:۔ اَنحاء ۔ نَحْوٌ مص (ن) قصد کرنا۔ ایک طرف کو مڑنا۔ کسی کی طرف نگاہ اٹھانا (عن) پھیر دینا
عِلمُ النَّحْو ۔ ایک علم جس سے کلام کے اعراب کا طریقہ معلوم ہوتا ہے۔
نُحَوَاء ۔ لرزہ۔ جمائی۔
نُحُوص ۔ (ف)، بہت موٹا ہو جانا۔ اونٹنی کا موٹاپے کے سبب حاملہ نہ ہو سکنا۔
نُحُوض ۔ (ف)، دبلا ہو جانا۔ گڑگڑا کر کچھ مانگنا گوشت کو کھال سے علیحدہ کرنا۔ نیزہ کی نوک تیز اور باریک کرنا۔ ہڈی سے گوشت چھڑانا۔
نُحُول ۔ لاغری۔ مص (س۔ ک۔ ف۔ ن) بیماری یا سفر کی وجہ سے دبلا، اور کمزور ہو جانا۔
نِحْيٌ ۔ مشک۔ گھی کی مشک۔ ج:۔ اَنحاءٌ۔
نَحِيٌّ ۔ مٹی کا برتن جس میں دہی جمایا جاتا ہے۔ ترچھوارہ۔ (ایک قسم کا) ج:۔ اَنحاء۔
نَحْيٌ ۔ (ض۔ س) دبی جانا۔ کسی چیز کو دور کرنا۔ نگاہیں پھیر لینا۔
نَحِیب ۔ (ض) زور زور سے رونا۔
نَحِیت ۔ کاٹا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ کنگھی۔
نَحِیح ۔ پیٹ کی آواز اور گڑگڑاہٹ۔ مص (ض)، ہوا کا پیٹ میں گھومنا۔ اور آنا جانا۔
نَحِیر ۔ ذبح کیا ہوا اونٹ۔ ج:۔ نَحْرٰی۔ نُحَرَاء۔ نَحَائِر۔
نَحِیرَة ۔ مہینہ کا پہلا یا پچھلا دن۔ مہینہ کی پچھلی رات۔ ج:۔ نَاحِرَات۔ نَوَاحِر۔
نَحِیض ۔ بہت گوشت والا۔ موٹا۔ دبلا۔ پتلا۔ کم گوشت۔ (ضد)
نَحِیط ۔ تھکن کی وجہ سے اونٹ کے ہانپنے کی آواز مص (ض)، تھکن میں زور سے آواز نکالنا۔
نَحِیف ۔ دبلا۔ پتلا۔ ج:۔ نِحَاف
نَحِیل ۔ بیماری یا سفر کی وجہ سے دبلا۔ ج:۔ نَحْلیٰ۔
نَحِیم ۔ نَحَمَان۔ (ض)، ٹھنڈی سانس لینا نالہ کرنا۔ کھنکھارنا۔ ڈکرانا۔

ن ـ خ

نَخّ ۔ سخت چال۔ ایک لمبا فرش۔ مص (ن)، زور زور سے ہانکنا۔ اونٹ کو اِخ اِخ کہہ کر بٹھانا یا سلانا۔
نَخَّاس ۔ چوپائے بیچنے والا۔ غلام بیچنے والا۔
نِخَاسَة ۔ چوپایہ فروشی۔ غلام فروشی۔
نُخَاع ۔ (نون مثلثہ) حرام مغز۔
نُخَاعَة ۔ رینٹ۔ بلغم۔
نُخَالَة ۔ بھوسی۔ چھنا ہوا آٹا چھنے ہوئے آٹے

کا پھوکس۔
نُخَامَۃ۔ ناک اور دماغ اور سینہ کی رطوبت۔
نَخْب۔ نَخَب۔ نَخِب۔ بزدل۔ ڈرپوک ج:۔ نُخُب۔
نَخْب۔ پاخانہ کا سوراخ (دکون)، مص (ن) (ف) جماع کرنا۔ کاٹنا۔ کھینچنا۔ جمع کرنا۔ چن لینا۔
نُخْبَۃ۔ چنا ہوا۔ برگزیدہ۔ ج:۔ نُخَب۔
نَخَّۃ۔ غلام۔ کھیتی کے بیل وغیرہ۔ شراب۔ چرواہے۔ ہلکا بینہ۔
نَخْت۔ (ن) پرندوں کا دانہ چننا۔ جڑ سے اکھاڑ ڈالنا۔ برتن میں سے ایک دو چھوارے اٹھانا۔
نَخْر۔ نَخِیر۔ (ض۔ ن) ناک میں بولنا۔
نَخِر۔ گلی سڑی ہوئی چیز۔ جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی ہو۔
نَخِرَۃ۔ گلی ہوئی ہڈی جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی ہو۔ کھوکھلی چیز۔
نَخْرُوب۔ پتھر کی پھٹن۔ کسی چیز کا سوراخ۔ بھڑ کا چھتہ۔ ج:۔ نَخَارِیب۔
نَخْز۔ (ف) چھرے وغیرہ سے زخمی کرنا۔ زبان اور کلام سے کسی کو رنجیدہ کرنا۔ اور تکلیف پہنچانا۔
(ابن) نِخْسَۃ۔ حرام کا بچہ۔
نَخْس۔ (ن۔ ف) چوپائے کے سرین کو لکڑی مار مار کر زخمی کر دینا۔ ہانکنا۔ اکھاڑنا۔
نَخْش۔ مال کا ایک حصہ۔ مص (ن) دبلا ہونا۔ سخت ہانکنا۔ بلانا۔ رنج دینا۔ کھال اتارنا۔ چھانٹنا۔ چننا۔ چھیلنا۔

نَخْعُ۔ (ف) جانور کو ذبح کرتے ہوئے چھری حرام مغز تک پہنچا دینا۔ ناک صاف کرنا۔ سچی دوستی کرنا۔ کسی کے حق کا انکار کرنا۔
نَخْل۔ کھجور کا درخت۔ و:۔ نَخْلَۃ۔ نَخِیل۔ مص (ن) آٹے کو چھاننا۔ اچھی چیز چھانٹنا۔
نَخْم۔ (ن) کھیلنا۔ خوب گانا۔ ناک صاف کرنا۔
نَخْوَۃ۔ تکبر۔ غرور۔ ناز۔ مص (ن) کسی کی تعریف کرنا۔ [علیٰ] ناز کرنا۔ فخر کرنا گھمنڈ کرنا۔
نُخُوص۔ (ف۔ ن) دبلا ہو جانا۔ بڑھاپے کے سبب کمزور ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے جھریاں پڑ جانا۔
نَخِیب۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ دیوانہ۔
تَخْیِیط۔ (ن)، (ب) گالیاں دینا۔ برا کہنا [علیٰ] سرکشی اور تکبر کرنا۔

ن۔د

نَدّ۔ اونچا ٹیلہ۔ پہاڑی۔ ایک قسم کی خوشبو۔
نَدّ۔ نَدِید۔ نُدُود۔ (ض) بھاگنا نفرت کرنا۔
نِدّ۔ مثل۔ مانند۔ برابر۔ شریک ج:۔ اَنْدَاد۔
نَدْء۔ (ف) ناپسند کرنا۔ گوشت کو آگ میں دبانا۔ ظاہر ہونا۔ ڈرانا۔ زمین پر دے مارنا۔
نَدْءَۃ۔ مال کی کثرت۔
نِدَاءَۃ۔ نُدْءَۃ۔ دھنک۔ سورج کے چھپنے اور نکلنے کے وقت آفتاب

کی سرخی۔ چاند کا ہالہ۔
نِدَاء - آواز مص۔ (مفاعلہ) آواز دینا۔
نَدَامَۃ - شرمندگی مص۔ (س) شرمندہ ہونا
نَدَاوَۃ - تری۔ گیلاپن مص (س) تر ہونا۔
نَدْبٌ - عقل مند۔ ہوشیار آدمی (شریعت کی اصطلاح میں وہ کام جس کے کرنے والے کو ثواب ملے اور چھوڑنے والا گناہگار نہ ہو۔) ج۔ نُدُوْب
نُدْبَاء۔ مص (ن) مُردہ پر رونا اور اس کی بھلائیوں کا ذکر کرنا [الیٰ] کسی کام کے لیے بلانا۔ اور اس کام کی طرف توجہ دلانا۔
نَدْبَۃ - زخم کا نشان جو جسم پر باقی رہ جائے۔ ج:۔ اَنْدَاب - نُدُوْب۔
نُدْبَۃ - مردہ کی خوبیوں کا ذکر کر کے رونا۔ فصیح۔
نَدْح - فراخ زمین۔ ج:۔ اَنْدَاح۔ مص۔ چوڑا اور کشادہ کرنا۔
نَدْرَۃ - سونے کا ٹکڑا جو کان میں پایا جائے۔ کمیابی
نُدْرَۃ - کم یابی۔
نَدْس - نَدُس - نَدِس - عقل مند بچہ۔
نَدْش - (ض) کسی چیز کی چھان بین کرنا۔ روئی دھننا۔
نَدَص - (س) پھوڑے پھنسی کا پھوٹ جانا۔ مواد کا اس میں سے نکلنا۔
نَدْغ - جنگلی اونٹ۔ ایک بوٹی۔ عمدہ قسم کا شہد۔ مص (ف) بچہ کا نرم نرم ملا جانا۔ انگلی سے ٹھوکنا۔ نیزہ مارنا۔ جانور کا کاٹنا۔

نَدْف - (ض) روئی دھننا۔ کھانا کھانا۔ جانور کو تیز ہانکنا [بالعود] باجہ بجانا۔
نَدْف - نَدَفَان۔ (ف) چوپایہ کا تیزی کے ساتھ چلنا۔ درندوں کا زبان سے پانی پینا۔ بادلوں کا مینہ برسانا۔
نَدْل - پیپ۔ میل کچیل مص۔ (ن) پھرتی کے ساتھ اچک لے جانا۔
نَدْم - عقل مند۔ ہوشیار۔ ہنس مکھ۔
نَدَم - نَدَامَۃ۔ (س) شرمندہ ہونا افسوس کرنا۔ توبہ کرنا۔
نَدْمَان - شرمندہ۔ تائب۔ ساتھ شراب پینے والا۔ ج:۔ نَدَامیٰ۔ نِدَام۔
نَدْو - (ف) مجلس میں جمع ہونا۔ مجلس میں جمع کرنا۔ بکھر جانا۔ سخاوت کرنا۔ کسی چیز کا کافی ہونا۔
نَدْوَۃ - گروہ۔ جماعت۔ مجلس۔
نُدْوَۃ - جانوروں کا گھاٹ۔
نُدُوْس - (ن) اکیلا ہونا۔ انوکھا ہونا۔ کسی چیز کا گر پڑنا۔ درخت کا پتے نکال لانا۔ مر جانا۔ علم و فضل میں بڑھ جانا۔
نُدْھَۃ - مال اور مویشی کی کثرت۔
نَدَی - تر چیز۔ بھیگی ہوئی چیز۔ بخشش۔ عطیہ ج:۔ اَنْدَاء - اَنْدِیَۃ۔
نَدِیٌّ - ترنمناک۔ دن کی مجلس (د) ٹیلیفون۔
نَدِیُّ الْکَفِّ - سخی آدمی۔
نَدِیُّ الصَّوْت - بھاری اور بلند آواز والا آدمی۔
نَدِیْد - مثل۔ مانند۔ برابر۔ ج:۔ نُدَدَاء۔

نَدِیْم۔ نَدِیْمَۃ۔ ساتھ شراب پینے والا بڑے لوگوں کا مصاحب۔ ج: نُدَمَاء۔ نِدَام۔

ن - ذ

نِذَارَۃ۔ خوف اور ڈر۔
نَذَالَۃ۔ نِذَالَۃ۔ نُذُوْلَۃ۔ (ك) کمینہ اور ذلیل ہونا۔
نَذْر۔ عہد پیمان۔ منت مانی ہوئی چیز۔ ج: نُذُر۔ نُذُوْر۔
نَذْر۔ (س)، [ب] ایک چیز کو جاننا اور پھر پرہیز کرنا۔
نَذْر۔ نُذُوْر۔ (ن۔ ض) کوئی چیز اپنے اوپر واجب کرنا۔ منت ماننا۔ لشکر کا کچھ لوگوں کو دشمن کی ٹوہ لگانے کے لیے مقرر کرنا۔
نَذْعٌ۔ (ف)، پانی کا رسنا۔ پسینہ کا نکالنا۔
نَذْل۔ نیچ۔ کمینہ۔ خوار۔ ذلیل ج: اَنْذَال نُذُوْل۔
نَذِیْر۔ ڈرانے والا۔ وہ چیز جس سے خوف کھایا جائے۔ کمان کی آواز۔ پیغمبر۔ ج: نُذُر۔
نَذِیْرَۃ۔ لشکر کا طلیعہ (کھوج لگانے والا دستہ) وہ چیز جو نذر میں دیں۔ وہ بچہ جسے اس کے ماں باپ نے کسی عبادت خانہ کی خدمت کے لیے چھوڑ دیا ہو۔ ج: نَذَائِر۔
نَذِیْل۔ نیچ۔ کمینہ۔ ذلیل۔ رسوا۔ ج: نُذَلَاء۔ نِذَال۔

ن - ر

نَرْجَس۔ نرگس (آنکھ کی شکل کا ایک پھول)
نَرْد۔ ایک کھیل۔ کھجور کی سنی کا بٹا ہوا مخروطی تھیلا۔
نَرْدِیْن۔ نَارْدِیْن۔ سنبل رومی۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔
نَرْس۔ (ن) خوف اور ڈر کی وجہ سے چھپ جانا۔
نَرَنْج۔ نارنگی۔
نَرْوُج۔ ملک ناروے۔

ن - ز

نَزّ۔ نِزّ۔ رسا ہوا پانی۔ ج: نُزُوْز۔ چالاک تیز طبیعت والا آدمی۔ چلبلا اور ہوشیار جسے ایک جگہ چین نہ آئے۔
نَزْغٌ۔ نُزُوْغٌ۔ (ف) [بین] کسی کے درمیان شر اور فساد ڈالنا [علیٰ] حملہ کرنا۔ کسی چیز پر بھڑکانا اور لالچ دلانا۔
نِزَاء۔ (ن) نر کا مادہ پر چڑھنا۔ ایک قسم کی بیماری۔
نَزَاعَۃ۔ خصومت۔ دشمنی۔ جھگڑا۔
نِزَاع۔ نُزُوْع۔ نَزَاعَۃ۔ (ض)، [الیٰ] مشتاق ہونا۔ آرزو اور خواہش کرنا۔
نَزَّاعَۃ۔ کھینچنے والی۔ نکال لینے والی۔
نِزَاف۔ تیز چال کی اونٹنی۔ مص (مفاعلہ) گالی دینا۔ قریب آنا۔
نَزَال۔ اتر آ۔
نُزَالَۃ۔ منی کا پانی۔ وہ پانی جو اوپر سے نیچے گرے۔

نَزَالَۃ ۔ زمین کا سخت ہونا۔ کہ تھوڑا پانی بہہ نکلے۔

نَزَاھَۃ۔ نَزَاھِیَۃ (ك۔ ص) (جگہ کا) پاک اور صاف ہونا۔ بری چیزوں سے بچنا اور دور دور رہنا۔

نَزَاھَۃ ۔ پرہیزگاری اور برائی سے دوری۔

نَزْج ۔ (ن) زمین پر پاؤں مار مار کر ناچنا۔

نَزْح ۔ نُزُوح ۔ (ف) کنویں کا تمام پانی کھینچ لینا۔ اور تھوڑا سا باقی رکھنا۔ دور ہو جانا۔ کنویں کا پانی کھنچ جانا۔

نَزْر ۔ تھوڑا بے مزہ۔ ج: نِزَار مص (ن) جھگڑ جھگڑ کر مانگنا۔ خفا ہو جانا۔ بگڑ جانا۔ کسی کو چھوٹا اور ذلیل سمجھنا۔ کم گمان کرنا۔

نَزْر ۔ نَزَارَۃ ۔ نُزُورَۃ ۔ نُزُور (ن) کم ہونا۔

نَزِرَۃ ۔ کم بچوں والی عورت۔

نَزَع ۔ (س) پیشانی کے دونوں طرف کے بال اڑ جانا۔

نَزْعٌ ۔ (ض) اکھاڑنا۔ کھینچنا۔ اتارنا۔ معزول کرنا۔ پھینکنا۔ حالتِ نزع میں ہونا۔

نَزْغٌ ۔ وسوسہ مص (ف) زبان سے طعن کرنا۔ پیٹھ پیچھے برائیاں کرنا۔ کسی کے دل میں کوئی بات ڈال دینا۔ (بین) ایک دوسرے پر بھڑکانا۔

نَزْف ۔ (ض) کنویں کا تمام پانی کھینچ لینا۔ کنویں کا پانی خشک ہو جانا۔ پاگل یا بے ہوش ہو جانا۔ اتنی مقدار میں جسم سے خون نکالنا کہ کمزوری پیدا ہو جائے۔

نَزَف ۔ (س) آنسوؤں کا خشک ہو جانا۔

نُزْفَۃ ۔ پانی یا شراب کا ایک گھونٹ۔ تھوڑا پانی۔ ج: نُزَف ۔

نَزَق ۔ قریبی جگہ۔ حماقت کے ساتھ جلد بازی۔

نَزْق ۔ نُزُوق ۔ (ن۔ ض) گھوڑے کا گھوڑی پر چڑھنا۔ غصہ کے وقت جلدی کرنا۔ برتن بھرنا۔

نَزْك ۔ (ن) برچھی مارنا۔ برا بھلا کہنا۔ جھوٹی تہمت لگانا۔

نَزَل ۔ مینہ۔ کھیتی کی سرسبزی اور شادابی۔ زیادتی۔ برکت مص ۔(س) کھیتی کا پھولا پھلا ہونا۔ زکام میں مبتلا ہونا۔

نُزُل ۔ منزل۔ مکان۔ وہ کھانا جو مہمان کے سامنے رکھا جائے۔ زیادتی اور برکت والا کھانا۔ عمدہ پھولی بڑھی ہوئی کھیتی۔ سخاوت۔ برکت۔ جماعت (د) ہوٹل۔ ج: اَنْزَال ۔

نَزْلَۃ ۔ زکام۔ اچھی پیداوار کی زمین۔ ایک مرتبہ اترنا۔

نَزْو ۔ نُزَاء ۔ نُزُوّ ۔ (ن) نر کا مادہ پر چڑھنا۔ دل کا کسی کی طرف کھنچنا۔ اور عاشق ہونا۔

نَزُوح ۔ دور۔ کم پانی کا کنواں۔ وہ کنواں جس کا تمام پانی کھینچ لیا گیا ہو۔

نَزُور ۔ کم بچوں والی عورت۔ کم دودھ

والی عورت۔ وہ چیز جو کم ہو جائے۔
ج:۔ نُزُوس۔

نَزُوع ۔ کم گہرا کنواں۔ کسی چیز کا شوقین۔ دور کا جنگل۔ ج:۔ نُزُع۔

نُزُول ۔ (ض) اترنا۔ منیٰ میں اترنا۔ [عن] حق چھوڑ دینا۔ [ب] اتارنا۔

نَزَہ ۔ نَزَاھَۃ ۔ پرہیزگاری۔

نَزْہ ۔ نَزِیہ ۔ نَزِہ ۔ پرہیزگار آدمی۔ جو الگ تھلگ رہتا ہو۔ ج:۔ نُزَھَاء۔ نَزِھُون ۔ نِزَاہ۔

نُزْھَۃ ۔ دوری۔ ناخوشی کی وجہ سے دوری۔

نَزِیز ۔ خواہش کرنے والا۔ شہوت والا۔ عقلمند۔ ہوشیار۔ مص (ض) سخت اور مضبوط ہو جانا۔ زمین کا بہت چشموں والا ہونا۔ [عن] دور ہو جانا۔

نَزِیع ۔ غریب۔ لونڈی۔ بچہ۔ درخت سے توڑا ہوا میوہ۔ کم گہرا کنواں۔ ج:۔ نُزَعَاء۔

نَزِیف ۔ بخار کا ستایا ہوا۔ بیہوش۔ وہ آدمی کہ جس کے جسم سے خون زیادہ نکل جانے کی وجہ سے کمزوری پیدا ہو گئی ہو۔ بہت پیاسا۔ ج:۔ نُزَفَاء۔

نَزِیل ۔ برکت والا کھانا۔ مہمان۔ پورا۔

ن ۔ س

نَسّ ۔ کسی کام کو جاری رکھنا۔ آواز دینا۔ پکارنا ڈانٹنا۔ خشک ہونا۔ ہنکانا (جھولاً) سر کے بالوں کا بکھرا ہوا ہونا۔

نَسّۃ ۔ مست اور بے ہوش کرنے والی شراب۔ پتلا دودھ۔ جس میں پانی ملا ہوا ہو۔ وہ عورت جس کا حیض رکا ہوا ہو۔ چربی۔ موٹاپا مص (ف) عورت کے حیض آنے کے وقت میں دیر ہونا۔ اور حیض کی امید ہونا۔ مہلت دینا۔ اونٹوں کو آواز کے ساتھ ہانکنا۔ حفاظت کرنا۔ لسی پلانا۔ موٹا ہونا۔

نَسَا ۔ ران سے لے کر ٹخنے تک ایک رگ ہے جسے عرق النساء بھی کہتے ہیں۔ ج:۔ اَنْسَاء۔

نِسَاء ۔ نِسْوَۃ ۔ عورتیں (دونوں اِمْرَأَۃ کی من غیر لفظہ جمع ہیں)

نَسْأَۃ ۔ توقف۔ تاخیر۔ دیر۔

نَسَّاج ۔ جولاہا۔ زرہ بنانے والا۔ جھوٹا باتیں گھڑنے والا۔

نُسَافَۃ ۔ گیہوؤں کا کوڑا کرکٹ جو پھٹکتے وقت ہوا میں اڑے۔ دودھ کے جھاگ۔

نَسَامَۃ ۔ (ض) پانی کا زمین سے نکلنا۔ اونٹ کا اپنے سم کو زمین پر مارنا۔ کسی چیز کا بدل جانا۔

نَسَب ۔ قرابت باپ کی طرف سے رشتہ داری۔ ج:۔ اَنْسَاب

نَسَب ۔ نِسْبَۃ ۔ (ن) کسی کے خاندانی رشتہ کو بیان کرنا۔ کسی سے اس کے خاندانی رشتہ کو معلوم کرنا۔

نَسَب ۔ نَسِیب ۔ (ض) [ب] عورت کے حسن اور خوبصورتی کی تعریف میں غزل لکھنا۔ عورت کے ساتھ عشق اور محبت کو شعروں میں بیان کرنا۔

نَسْتَر۔ نَسْتَرَان ۔ایک خوشبودار پھول۔ بیلا۔
نَسْج ۔ (ن۔ ض) کپڑا بننا۔ گھاس اگانا۔ اور اس کا گنجان ہو جانا۔ کلام کو آراستہ کرنا۔
نَسْح ۔ (ف) خاک اڑانا۔
نَسْخ ۔ (ف) مٹانا۔ بدلنا۔ بیکار کرنا۔ کسی چیز کی صورت کو بدل کر بھونڈا کرنا۔ لکھنا نَسَخَ الْاٰیَۃَ بِالْاٰیَۃِ۔ ایک آیت کے حکم کو دوسری آیت کے حکم سے اللہ تعالیٰ کا بدلنا۔
نُسْخَۃ ۔ کتاب جس سے نقل کی جائے۔ ج: نُسَخ۔
نَسْرٌ ۔ گدھ۔ عقاب۔ ج: اَنْسُر۔ نُسُوْر قوم نوح کے ایک بت کا نام۔ مص (ن) باز کا اپنی چونچ سے گوشت اکھاڑنا۔ عیب بیان کرنا۔ ننگا کرنا۔ پھوڑے وغیرہ کو توڑنا۔ غصہ کی وجہ سے خون کھولنا (کھانے میں سے) تھوڑا سا لینا۔
نَسْرَان ۔ دو ستارے۔ نَسْرٌ وَاقِعٌ۔ نَسْرٌ طَائِر۔
نِسْع ۔ نِسْعَۃ۔ نواڑ۔ چوپایہ کا تنگ۔ ج: اَنْسَاع۔ نُسُوْع۔
نِسْع ۔ شمالی ہوا۔
نَسْغٌ ۔ (ف) ملک میں گھومنا۔ دودھ میں پانی ملانا۔ بات کہہ کر تکلیف پہنچانا۔ کوڑے سے مارنا۔ تہمت لگانا۔ طعنہ دینا۔ گودنے والے کا سوئی چبھونا۔
نَسْفٌ ۔ (ض) عمارت یا گھاس وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنا۔ غلہ برسانا۔ پراگندہ کرنا۔
نَسْف ۔ نُسُوْف۔ (ن) کاٹ کھانا۔ برتن کا بھر جانا۔
نَسْفَۃ ۔ جھاواں۔ کھردرا سیاہ پتھر۔ ج: نِسَاف۔ نُسَف۔
نَسْق ۔ (ن) کلام کو مرتب کرنا۔ موتی پرونا کسی چیز کو قاعدہ اور ترتیب کے ساتھ رکھنا۔
نَسَق ۔ ترتیب دیا ہوا کلام۔ اپنے اپنے مرتبہ پر رکھی ہوئی چیز۔ موتیوں کی لڑی۔ دانتوں کی برابر قطار۔
نُسْك ۔ نُسُك۔ نَسْكَۃ۔ نَسَاكَۃ۔ (ن) پوجنا۔ عبادت کرنا۔ پارسا اور پرہیزگار ہونا۔
نُسُك ۔ قربانی کے جانور۔ قربانی۔ خون۔
نَسْك ۔ (ن) کپڑے کو دھونا اور پاک کرنا۔
نَسْل ۔ مخلوق۔ اولاد۔ بیٹے پوتے وغیرہ۔ ج: اَنْسَال۔ مص (ن) پر یا اون گرانا۔ بچہ جننا۔ کثیر الاولاد ہونا۔
نَسَلَان ۔ نَسْل۔ (ن، [في]) ۔ تیز چلنا۔
نَسَل ۔ ہرے انجیر کا دودھ۔ چھاتی کا دودھ جو بغیر دوہے نکل آیا ہو۔
نَسَم ۔ روح کی حرکت۔ ہوا کی سرسراہٹ۔ ج: اَنْسَام۔ مص (س) بدل جانا۔
نَسْمٌ ۔ نَسِيْمٌ۔ نَسَمَان۔ (ض) ہوا کا آہستہ اور نرم نرم چلنا۔
نَسَمَۃ ۔ روح کی حرکت۔ ذی روح۔ غلام۔ ج: نَسَم۔ نَسَمَات۔

نَسْنَاس۔ بن مانس۔
نَسْنَسَۃ۔ ہانکنا۔ اڑنا۔ ہوا چلنا۔
نِسْوَۃ۔ نِسَاء۔ نِسْوَان۔ عورتیں۔ یہ سب الفاظ مَرْءَۃ۔ (ایک عورت) کی غیر لفظی جمعیں ہیں۔
نُسُوْل۔ (ن) پرندہ کے پر یا بال کا جھڑ جانا۔
نَسْیٌ۔ نِسْیَان۔ نِسَایَۃ۔ (س) بھول جانا
نَسًی۔ (س) عرق النساء کی بیماری میں مبتلا ہونا۔
نَسِیْئٌ۔ تاخیر۔ دیر۔ ادھار۔ وہ مہینہ جس پر اشہر حرم میں سے کسی مہینہ کی حرمت جاہلیت میں ڈال دی جاتی تھی۔
نَسِیْس۔ تیز بھوک۔ محنت اور کوشش طبیعت۔ جسم میں بقیہ روح۔
نَسِیْف۔ ہتھیلی اور ماتھے کی شکنیں۔ کاٹنے یا لات مارنے کا نشان۔ بھید۔ راز۔
نَسِیْکَۃ۔ قربانی۔ وہ جانور جو ذبح کیا جائے۔ چاندی۔ سونے کا ڈھیلا۔ ج: نَسَائِک۔
نَسِیْل۔ گرے ہوئے پر۔ بال اور اون۔ پگھلا ہوا شہد۔ قوم سے جدا آدمی۔
نَسِیْم۔ ہوا کا جھونکا۔ جان۔ عادت مص نرم ہوا کا چلنا۔

ن۔ش

نَشٌّ۔ بیس درہم وزن یعنی آدھا اوقیہ۔ (اوقیہ ۴۰ درہم کا ہوتا ہے) جانور کا آہستہ ہانکنا۔ مشک وغیرہ کوٹنا۔
نَشْءٌ۔ نَشَاءَۃ۔ نُشُوْءٌ۔ نَشَاء۔ (ف) (ک)، پیدا ہونا۔ جینا۔ بڑھنا۔ پھیلنا۔ پھولنا۔ جوان ہونا۔ اونچا ہونا۔
نِشَا۔ نشاستہ۔ (د)
نَشْء۔ نسل۔ اونچا ابر۔ ج: نَشَاء۔
نُشَّاب۔ تیر۔ واِ: نُشَّابَۃ۔
نَشْاءَۃ۔ پیدائش۔ نشوونما۔ تربیت۔
نَشَاص۔ تہ بتہ۔ اونچا چڑھا ہوا ابر۔ جوان لڑکی۔ ہموار۔ برابر۔ ج: نُشُص۔
نَشَاط۔ (س) چوپایہ کا موٹا ہونا۔ خوشی خوشی کوئی کام کرنا۔ [مِن] نکلنا۔ [اِلٰی] جلدی سے کسی کام کی طرف لپکنا۔
نَشَّاف۔ جاذب۔ بلاٹنگ۔ (د)
نَشَب۔ مال۔ روپیہ۔ گھوڑے۔ بکری۔ غلام وغیرہ۔ زمین۔ ایک درخت کی لکڑی جو کمان بنانے کے کام آتی ہے۔
نَشَب۔ نُشُوْب۔ (س) پھنس جانا۔ الجھ جانا۔ رکنا۔
نُشْبَۃ۔ آویزش۔ وہ آدمی جو کسی کام میں گھرا ہوا ہو۔ بھیڑیا۔ ج: نُشَب۔
نَشَج۔ پانی کے گزرنے کا راستہ۔ ج: اَنْشَاج۔
نَشْج۔ (ض) گدھے اور مینڈک کی آواز کا بھرّانا دیگ کا جوش مارنا۔ گانے والے کا دوسروں کے درمیان ٹھہرنا۔
نَشْد۔ نِشْدَۃ۔ نِشْدَان: (ن) کھوئے ہوئے کو ڈھونڈھنا۔ کسی کو پہچان لینا خدا کی قسم کھلانا۔
نِشْدَۃ۔ آواز۔ صدا۔ پکار۔

نَشَر ۔ خوشبو (اچھی یا بری ہو)۔ مص (ن) زندہ کرنا۔ زندہ ہونا۔ کسی پر پڑھ کر پھونکنا۔ پھیلانا۔ شہرت دینا۔ بچھانا۔ آرے سے لکڑی چیرنا۔ ابر والے دن ہوا کا چلنا۔ (د) شائع کرنا۔

نَشَر ۔ بکھرا ہوا۔ تتر بتر آدمی۔ مص (س) اونٹوں کا کھجلی والا ہونا۔ بکریوں کا رات کو چرنے کے لیے ادھر ادھر پھیل جانا۔

نَشْرَۃ ۔ کسی کتاب یا اخبار کی اشاعت۔ سرکلر۔ (د)

نَشْزٌ ۔ بلند جگہ۔ ج۔ نُشُوز۔ اَنْشاز۔ مص (ن) مجلس میں سمٹ کر بیٹھنا۔ مجلس میں اٹھ جانا۔ گھبرا جانا۔ بلند ہونا۔ محفوظ ہونا۔

نَشْط ۔ (ن) سانپ کا کاٹنا۔ رسی میں گرہ لگانا۔ نیزہ مارنا۔ غم کی وجہ سے مارا مارا پھرنا۔

نَشْع ۔ (ف) نیزہ مارنا۔ پانی کا جاری ہو جانا کسی کو کوئی بات سکھلانا۔ منہ یا ناک میں دوا ڈالنا۔ ہاتھ میں لے کر پانی پینا۔ خوشبو سونگھنا۔

نَشْغ ۔ بمعنی۔ نَشْع

نَشْف ۔ (ت) پانی وغیرہ کا جذب کر لینا۔ خشک کر لینا۔ پونچھ لینا۔ کنویں کا خشک ہو جانا۔ پانی کا جذب ہو جانا۔

نَشْفَۃ ۔ وہ کپڑے کا چیتھڑا جس میں بارش کا پانی لے کر برتن میں نچوڑتے ہیں۔ ج۔ اَنْشُف۔ نَشَف۔ نِشَاف۔

نُشْفَۃ ۔ تھوڑی سی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ دوہتے وقت دودھ کے جھاگ۔ جھانواں۔

نُشْفَۃ ۔ پٹہ یا رسی کا حلقہ جو چارپایوں کی گردن میں ڈالا جاتا ہے۔

نَشْل ۔ (ض) بغیر چمچہ کے ہانڈی میں سے گوشت نکالنا۔ کسی عضو کو ہاتھ میں لے کر اس کا گوشت بھنبھوڑنا۔

نَشَم ۔ ایک درخت جس سے کمان بناتے ہیں مص (س) گائے کی کھال پر بہت تل ہونا۔

نَشِمَۃ ۔ چکنائی وغیرہ کی وجہ سے بدبودار۔

نَشْنَشَۃ ۔ دیگچی کے جوش کی آواز۔ مص پاجامہ کھولنا۔ جسم پر سے کپڑا کھینچنا۔ زور سے ہلانا۔ چونچ سے پرندہ کا اپنے بازو اکھاڑنا۔ ہانکنا۔ جماع کرنا۔ دیگچی کا جوش مارنا۔

نَشْوٌ۔ نَشْوَۃ۔ نِشْوَۃ ۔ مست ہو جانا۔

نَشْوَان ۔ متوالا۔ مست۔ م۔ نَشْوَی۔

نُشُوب ۔ (س) لڑائی چھڑ جانا۔ لڑائی جم جانا۔ لازم ہونا۔

نَشْوَۃ ۔ بو۔ مستی۔

نَشْوَۃ ۔ (ن پر ہر سہ حرکات) خوشبو سونگھنا۔ مست ہو جانا۔ کسی چیز تک بار بار آنا۔ چکر لگانا۔

نُشُوح ۔ تھوڑا پانی پینا۔

نُشُور ۔ (ن) درخت کا پھلنا پھولنا۔ زندہ کرنا۔ زندہ ہونا۔

یَوْمُ النُّشُور ۔ قیامت کا دن۔

نُشُوز ۔ نافرمانی۔ ناموافقت ۔ مص (ن) [من۔ علیٰ] عورت کا اپنے شوہر کی نافرمانی کرنا [علیٰ] شوہر کا اپنی بیوی پر ظلم کرنا۔

نُشُوص ۔ (ض) ابر کا اونچا ہونا۔ عورت کا نافرمان ہونا۔ جی متلانا۔ نیزہ مارنا۔

نَشُوع حلق اور ناک میں ڈالنے کی تھوڑی سی دوا۔

نُشُوع (ب) حلق یا ناک میں دوا ڈالنا۔ مرنے کے قریب پہنچ کر بیماری سے اچھا ہونا۔

نَشُوغ ۔ بمعنی نَشُوع ۔

نَشُوق ۔ وہ دوا جو چھینک لانے کے لیے ناک میں ڈالی جائے ۔

نَشِیج ۔ (ض) روتے ہوئے گلے میں بھرّانا۔ ہانڈی کا جوش مارتے ہوئے سنسنانا۔

نَشِید ۔ آواز کی بلندی ۔ شعر کے جواب میں پڑھا ہوا شعر۔ (د) گیت ۔

نَشِیش ۔ پانی اور ہانڈی وغیرہ کے جوش کی آواز مص (ض) (تالاب کے پانی کا) سوکھنے لگنا۔ کنوئیں میں پانی کا سنسنانا۔

نَشِیطَة ۔ غنیمت کا سامان جو غازیوں کو راستہ ہی میں مل جائے ۔ ج: نَشَائِط۔

ن۔ص

نَصّ ۔ سامان کو تہ بتہ اوپر نیچے رکھنا۔ کسی بات کی چھان بین کرنا۔ بلند کرنا۔ ظاہر کرنا۔ ظاہر ہونا۔ حدیث کی سند بیان کرنا۔ کلام کو سنوارنا۔ [علیٰ] کلام کو صاف اور واضح کر دینا کہ معنی مشتبہ نہ رہیں (د) اصل عبارت۔ متن۔ شرط۔

نَصْءٌ ۔ (ف) پیشانی کے بالوں کو پکڑنا۔ اونٹ کو ڈانٹنا۔ اٹھانا۔

نِصَاب ۔ کسی چیز کی اصل ۔ سورج کے چھپنے کی جگہ۔ چھری کا دستہ۔ اتنا مال کہ جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔ ج: نُصُب۔

نِصَاح ۔ ڈورا۔ لڑی ج: نُصُح ۔ نِصَاحَة ۔

نَصَارٰی ۔ عیسائی لوگ۔ وا: نَصْرَانِیّ ۔

نَصَاعَة ۔ نُصُوع ۔ (ف) خالص اور بے ملاوٹ ہونا۔ نہایت سفید ہونا۔ کسی کے حق کا اقرار کرنا۔ اور ادا کرنا۔

نُصْب ۔ نُصُب ۔ بیماری ۔ سختی۔ برائی ۔ بلا۔ علامت۔ نشان۔ کوئی پتھر وغیرہ۔ جو عبادت کے لیے گاڑ لیا ہو۔ تھان وغیرہ جہاں چڑھاوا وغیرہ چڑھایا جاتا ہے۔ (د) اسٹیچو۔

نَصَب ۔ رنج ۔ سختی۔ مص (س) غم اور تکلیف اٹھانا۔ تھک جانا اور عاجز آ جانا۔ [فی] کوشش کرنا۔

نَصْب ۔ (ن) بیماری کا کسی کو غمگین کرنا۔ کسی کو نیچا اور پست کرنا۔ بلند اور اونچا کرنا۔ (ض) درخت بونا۔ مقرر کرنا۔ منصوب پڑھنا۔ [ل] مخالفت کرنا۔

نَصْت۔ (ض) چپ رہنا۔ خاموش رہنا۔ (ل) کان لگا کر کسی کی بات سننا۔
نَصَّة۔ مادہ چڑیا ✧ نُصْتَة۔ خاموشی۔
نَصَحَ۔ نُصْح۔ نَصِيحَة۔ نَصَاحَة (ف) (ل) نصیحت کرنا۔ فائدہ کی بات بتلانا۔ خالص دوستی کرنا۔
نَصَح۔ نُصُوح۔ (ف) خالص ہونا۔ صاف ہونا۔ خالص کرنا۔ صاف کرنا۔ کپڑا سینا۔
نُصْح۔ خیر خواہی۔ نصیحت۔
نَصَر۔ نُصُور (ن) مدد کرنا۔ قید سے چھڑانا۔ مینہ کا تمام زمین سیراب کرنا۔
نَصْرَانِيّ۔ عیسائی۔ مسیحی۔ شہر ناصرہ (مولد حضرت مسیح کی طرف منسوب۔ خلاف قیاس)
نُصْرَة۔ مدد۔ حسن سلوک۔
نِصْف۔ آدھا۔ دو برابر ٹکڑوں میں کا ایک ج۔ اَنْصَاف
نَصَف۔ (ن) کسی چیز کے آدھے کو پہنچنا۔ کسی چیز کا آدھا لینا۔
نَصَف۔ نِصَاف۔ نِصَافَة۔ (ض۔ ن) خدمت کرنا۔
نَصَف: ادھیڑ عمر کی عورت۔ ج۔ اَنْصَاف نُصُف۔
نَصْفَان۔ آدھا بھرا ہوا (برتن)
نَصْل۔ تیر کا پیکان۔ نیزہ کی انی۔ بے دستہ کی تلوار۔ چھری۔ ج۔ اَنْصَال۔ نُصُول۔ اَنْصُل۔
نَصْنَصَة۔ اونٹ کا زمین سے اٹھتے وقت پوری قوت کے ساتھ گھٹنے ٹیکنا۔ تاکہ بوجھ سمیت اٹھے۔ ہلانا
نَصْو۔ پیچش کی قسم کی ایک بیماری۔ پیٹ کا درد مص (ن) پیشانی یعنی سر کے اگلے بالوں کو پکڑ کر کھینچنا۔ ایک جنگل کا دوسرے جنگل کے برابر ہونا (متصل ہونا)
نَصُوح سچا۔ سچی۔ اَلتَّوْبَةُ النَّصُوح سچے دل سے توبہ۔
نُصُوح۔ (ف) اونٹوں کا پیٹ بھر کر پانی پینا۔
نُصُول۔ نَصَل (ن) تیر کی نوک کا کسی چیز میں گھس جانا۔ بالوں کے خضاب کا رنگ جاتا رہنا۔ زہر کا اثر جاتا رہنا۔
نَصِيّ۔ ایک گھاس کا نام۔
نَصِيب۔ حصہ۔ حوض۔ بچھایا ہوا جال ج۔ اَنْصِبَاء۔ اَنْصِبَة۔
نَصِيبَة۔ علامت۔ نشان۔ نشانی۔ ج۔ نَصَائِب۔
نَصِيَّة۔ عمدہ۔ ج۔ نَصِيّ۔ اَنْصَاء۔
نَصِيحَة۔ پند۔ نصیحت۔ وعظ۔ ج۔ نَصَائِح۔
نَصِيح۔ سمجھانے والا۔ نصیحت کرنے والا۔
نَصِير۔ مدد کرنے والا۔ ساتھ دینے والا۔ ج۔ اَنْصَار۔
نَصِيف۔ عورتوں کی اوڑھنی۔ آدھا عمامہ۔ پگڑی۔ سر پہ ڈالنے کا کوئی کپڑا۔ دو رنگی چادر۔ ایک پیمانہ۔
نَصِيل۔ ایک لمبا پتھر۔ منہ کا تالو۔ مرغ

کی چونچ۔ صاف گیہوں۔ سر کا اوپری حصہ۔ ہتھوڑا۔

ن۔ض

نَضّ ۔ برا کام۔ تھوڑا پانی۔
نَضّ۔ نَضِیْض۔ (ن) پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ یا ٹپکنا۔ پرندے کا اپنے بازوؤں کو ہلانا۔ تھوڑا دینا۔
نَضَّاحَۃ۔ دور پھینکنے والا۔
(عَیْن) نَضَّاخَۃ۔ بہت پانی اور خوب ابلنے والا چشمہ۔
نُضَار۔ سونا۔ چاندی۔ خالص بغیر گلی۔ درخت کز کی لکڑی۔ (جو برتن بنانے کے کام آتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منبر پاک بھی اسی لکڑی کا تھا)
نَضَارَۃ۔ نُضْرَۃ۔ تازگی۔ تری۔ رونق چہرہ کی چمک دمک۔
نُضَاضَۃ۔ بچا ہوا پانی۔ سب سے چھوٹی اولاد (مذکر و مؤنث۔ تثنیہ و جمع۔ اس میں یکساں ہیں)
نَضْج۔ نُضْج۔ (س) میوہ۔ گوشت۔ زخم پھوڑا۔ مواد وغیرہ کا پکنا۔
نَضْح۔ حوض۔ ج۔ اَنْضَاح۔ نُضُوح۔
نَضْحٌ۔ (ض) تیر کا برسانا۔ پانی چھڑکنا۔ آنسو بہانا۔ مشک کا ٹپکنا۔ پیاس بجھانا۔ خوب پانی پینا۔ اونٹ کے ذریعہ کھجور کے درختوں کو سینچنا۔
نَضْد۔ (ض) اسباب اور سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔

نَضَد۔ اوپر نیچے چنا ہوا۔ سامان عمدہ اور نفیس ساز و سامان۔ خاندانی بزرگی موٹی اونٹنی۔ ج۔ اَنْضَاد۔
نَضْر۔ سونا۔ چاندی۔ ج۔ نِضَار۔ اَنْضُر۔
نَضَر۔ نَضَارَۃ۔ چہرہ کی تازگی، اور خوبصورتی و خوشنمائی۔ مص (ن۔س) تر و تازہ ہونا۔ تر و تازہ کر دینا۔ نِضْر۔ بیوی۔
نَضِف۔ پلید۔ ناپاک۔ ج۔ نَضِفُوْن
نَضْف۔ (ن۔ض۔س) اونٹ کے بچہ کا سارے دودھ کو تھنوں سے چوس لینا۔ گدھے کا ریح خارج کرنا۔
نَضَل۔ (س) کمزور اور دبلا ہو جانا۔ تھک جانا۔
نَضْل۔ (ن) غالب آنا۔ تیر اندازی میں۔
نَضْنَضَۃ۔ سانپ کا زبان باہر نکالنا۔ اور ہلانا۔
نَضُوٌّ۔ (ن) پانی کا زمین میں دھنس جانا۔ تیر کا کمان سے چھوٹ جانا۔ تلوار کھینچنا۔ کسی کے کپڑے اتار لینا۔
نِضْوٌ۔ دبلا پتلا اونٹ۔ لگام کا لوہا۔ خراب مستعمل تیر۔ م۔ نِضْوَۃ۔ ج۔ اَنْضَاء
نِضْوُ السَّھْم نوک سے لے کر پر تک تیر کا حصہ۔
نُضُوب۔ (ن) پانی کا زمین میں جذب ہو جانا۔ مرجانا۔ آنکھ کا گڑھے میں گھس جانا۔
نَضْیٌ۔ (ض) تلوار سونتنا۔ کپڑے کو پہن کر پرانا کر دینا۔

نَضِیٌّ ۔ دُبلا اور کمزور اونٹ ۔ بغیر پیکان و پر تیر ۔ جوئے کا تیر ۔ گردن کا درمیانی حصہ ۔ مرد کا ذکر (پیشاب کا مقام) ۔ ج: اَنْضِیَۃٌ ۔

نَضِیْجٌ ۔ پکا ہوا میوہ ۔ ہر پکی ہوئی چیز ۔ نَضِیْجُ الرَّای تجربہ کار ۔

نَضِیْحٌ ۔ پسینہ ۔ حوض ۔ ج: نُضُحٌ

نَضِیْدٌ ۔ مرتب ۔ تہ بہ تہ ۔

نَضِیْضٌ ۔ تھوڑا پانی ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ کم گوشت والا ۔ ج: نَضَائِضُ ۔ نِضَاضٌ

نَضِیْضَۃٌ ۔ ہلکی بارش ج: اَنِضَّۃٌ ۔ نَضَائِضُ ۔

ن ۔ ط

نَطَّ ۔ نَطِیْطٌ ۔ (ض) بکواس کرنا [ق] چلنا بھاگنا کودنا ۔

نَطَبَ ۔ (ن) باندھنا ۔ کھینچنا ۔

نُطَارٌ ۔ انسان کی شکل کا کوئی ڈھانچہ جو حفاظت کے لئے درختوں پر کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ جانور نہ آئیں ۔

نَطَاسِیٌّ ۔ دانا ۔ عقلمند ۔ ہوشیار طبیب ۔

نِطَاعٌ ۔ علاقہ ۔ طرف ۔

نَطَّاعٌ ۔ گفتگو یا خورد و نوش میں زیادتی کرنے والا

نِطَاقٌ ۔ کمر کا پٹکا ۔ ایک کپڑا جسے عورت کمر میں باندھ کر اس کے اوپر کے سرے کو نیچے کے سرے پر ڈال دیتی ہے ۔ نچلا سرا زمین پر گھسٹتا ہے ۔ ج: نُطُقٌ ۔

ذَاتُ النِّطَاقَیْنِ ۔ اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما کا لقب ۔

نَطَحٌ ۔ (ف) سینگ مارنا ۔ دھکیلنا ۔

نَطَسَ ۔ (ن) باغبانی کرنا ۔

نَطِسَ ۔ (س) خوب جاننا ۔ ہوشیاری کی انتہا کرا دینا ۔

نِطْعٌ ۔ نَطَعٌ ۔ چرمی دسترخوان ۔ چمڑے کا فرش ۔ ج: اَنْطَاعٌ ۔ نُطُوْعٌ

نَطْعٌ ۔ تالو کا وہ حصہ جہاں زبان لگتی ہے ۔

نَطَفَ ۔ نُطُوْفَۃٌ ۔ نَطَافَۃٌ (س) تہمت زدہ اور عیب دار ہونا ۔ کھانا ہضم نہ ہونے کی وجہ سے تکلیف اٹھانا ۔

نَطَفٌ ۔ عیب ۔ برائی ۔ پیٹھ کا زخم ۔

نَطِفٌ ۔ پلید ۔ ناپاک ۔ دھوکہ باز آدمی ۔

نَطَفَ ۔ نَطَفَانٌ ۔ نِطَافَۃٌ ۔ (ض) پانی کا جاری ہونا ۔ کسی پر تہمت لگانا ۔ پانی بکھیرنا ۔

نُطْفَۃٌ ۔ صاف شفاف پانی ۔ مرد یا عورت کی منی ۔ ج: نِطَافٌ ۔ نُطَفٌ

نَطَفَۃٌ ۔ نُطَفَۃٌ ۔ گوشوارہ ۔ بندا ۔ چمکدار موتی چھوٹا موتی ۔ ج: نُطَفٌ ۔

نُطْقٌ ۔ نُطُوْقٌ ۔ مَنْطِقٌ ۔ (ض) ایسی گفتگو کرنا جس سے مراد سمجھ میں آئے ۔ بیان کرنا ۔ واضح کرنا

نُطْقٌ ۔ لفظ ۔ کلام ۔ سمجھ ۔

نُطْنَاطٌ ۔ زیادہ لمبا ۔ ج: نَطَانِطُ

نَطْوٌ ۔ (ن) لمبا کھینچنا ۔ سوت کوتنا ۔

نَطُوْلٌ ۔ دواؤں کے ساتھ جوش دیا ہوا پانی

نُطُوْلٌ ۔ نَطْلٌ ۔ (ن) دواؤں کے ساتھ جوش دئے ہوئے پانی کو لوٹے میں بھر کر تھوڑا تھوڑا بیمار کے سر پر ڈالنا

نَطِیحَۃ۔ وہ جانور جسے دوسرا جانور سینگ سے مار ڈالے۔ ج: نَطَائِح۔

نِطِّیس طبیب۔ حکیم۔ عالم۔

ن ۔ ظ

نَظَارَۃ۔ عہدۂ وزارت۔ دفتر وزارت۔

نَظَّارَۃ۔ تماشہ دیکھنے والوں کی جماعت۔ جنگ کا نظارہ کرنے والی جماعت (د) ڈوربین

نَظَافَۃ۔ صفائی۔ ستھرائی۔ پاکیزگی مص (ك) صاف ستھرا ہونا۔

نِظَام۔ موتیوں کی لڑی۔ وہ چیز جس کی وجہ سے کوئی کام قائم (ا) موجود ہو۔ طریقہ۔ قاعدہ اصول۔ عادت۔ شعر۔ تہ بہ تہ۔ جما ہوا ریت۔ ج: اَنْظِمَۃ۔ اَنَاظِیْم نُظُم

نِظَامِی۔ باقاعدہ فوج کا سپاہی (د)

نَظَرَ۔ (س۔ ن) انتظار کرنا۔ مہلت دینا۔ آنکھ۔ بصیرت۔ بینائی۔ ج: اَنْظَار آمنے سامنے ہونا۔ دیکھنا۔ غور کرنا۔ [فی] کسی کام میں تدبیر کرنا [بین] مقدمہ فیصل کرنا [ل] مدد کرنا۔

نَظْرَۃ۔ ایک بار دیکھنا۔

نَظِرَۃ۔ تاخیر کرنا۔ مہلت دینا۔

نَظَرِیَّۃ۔ تصوری۔ مسئلہ (د)

نَظْم۔ شعر۔ موتیوں کی لڑی۔ جوزا کے تین ستارے پر دیا ہوا موتی۔ ٹڈی دل

نَظَمَ۔ نِظَام۔ (ض) موتیوں کو ڈورے میں پرونا۔ نظم لکھنا۔ انتظام کرنا۔

ترتیب دینا۔ ہر چیز کو اس کی جگہ پر رکھنا۔ سنوارنا۔

نَظُورٌ۔ قوم کا سردار جس کی طرف لوگوں کی نگاہیں لگی رہیں (مفرد و جمع)

نَظِیر۔ مانند۔ مثل۔ ج: نُظَرَاء۔

نَظِیرَۃ۔ قوم کا سردار۔ فوج کا ہراول دستہ ج: نَظَائِر۔

نَظِیف۔ صاف۔ پاکیزہ۔ نَظِیفُ السَّرَاوِیْل پاک دامن اور پرہیزگار۔

ن ۔ ع

نَعَّار۔ حکم نہ ماننے والا۔ مکار۔ حیلہ ساز فسادی۔

نُعَاس۔ اونگھ۔ غفلت مص (ف۔ ن) اونگھنا جسم کا ضعیف ہو جانا۔ بازار کا ماند پڑ جانا۔

نَعَام۔ شترمرغ۔ وا: نَعَامَۃ جنگل وہ نشان جو راستوں پر قائم کر دیئے جاتے ہیں۔

نَعَامَۃ۔ شترمرغ۔ تلوار۔ را[illegible]ہ نشان۔ کھوپری۔ پالان۔ گھوڑے کا دماغ کھلا راستہ۔ پنڈلی کی ہڈی۔ خوشی بے وقوفی۔ اندھیرا۔ اکرام۔

نَعَبَ۔ نَعِیب۔ نُعَاب۔ نَعَبَان (ف۔ ض) کوے کا کائیں کائیں کرنا۔

نَعْثَل۔ نر بکر بگڑ۔ بے وقوف بوڑھا۔ ج: نَعَاثِل

نَعْثَلَۃ۔ بے وقوفی۔ کمزور بوڑھوں کی چال

نَعَج۔ بھیڑ کا گوشت کھانے کی وجہ سے

دل اور معدے کا بھاری پن ۔ خالص بے ملاوٹ سفیدی مص (س) موٹا ہونا بھیڑ کا گوشت کھانے کے باعث جی متلانا۔

نَعج ۔ نُعُوج ۔ (ن) خالص سپید ہونا ۔ تیز چلنا۔

نَعجَة ۔ مادہ بھیڑ ۔ ج:۔ نِعاج ۔ نَعجَات
نَعجَةُ الرَّمل ۔ جنگلی گائے ۔ ج:۔ (نِعَاج)

نَعر ۔ (ف) انکار کرنا ۔ مخالفت کرنا ۔ جوش میں آنا ۔ جمع ہونا (ف) کسی کام کے لئے اٹھنا (تیار ہونا) اور کوشش کرنا ۔

نَعَر ۔ (س) چوپایہ کی ناک میں مکھی کا گھس جانا ۔

نَعرَة ۔ نَعِیر ۔ نُعَار ۔ نعرہ مارنا ۔ ناک سے آواز نکالنا ۔ رگ سے خون کا اچھل کر آواز کے ساتھ نکلنا ۔

نَعس ۔ جسم کا اضمحلال ۔ رائے کا بودا پن ۔ بازار کی بے رونقی

نَعس ۔ نُعَاس ۔ (ف) اونگھنا ۔

نَعش ۔ زندگی وہ کھاٹ جس پر مردہ رکھا ہوا ہو (خالی کو سریر کہتے ہیں)۔

بَنَاتُ نَعش ۔ سات ستارے ہیں (قطب شمالی کی طرف) مص (س) اٹھانا ۔ مردہ کو نیکی کے ساتھ یاد کرنا ۔ آنکھ اٹھا کر اوپر دیکھنا ۔ کسی کی محتاجی دور کرنا ۔

نَعص ۔ (ف) حرکت دینا ۔ ٹڈی کا کھیت چاٹ جانا ۔

نُعُض ۔ حجاز میں ایک ریگستانی درخت جس کی شاخوں سے مسواک بناتے ہیں ۔

نَعف ۔ اونچی اور ہموار جگہ ۔ ٹیلہ کا اگلا حصہ ۔ ج:۔ نِعَاف ۔

نَعفَة ۔ جوتی کا تسمہ ۔

نَعَفَة ۔ کھال کا ٹکڑا جو پالان کے نیچے لٹکایا جاتا ہے ۔ مرغ کا تاج ۔ رسولی ۔

نَعق ۔ نَعِیق ۔ نُعَاق ۔ نَعقَان (ف) چرواہے کا اپنی بکریوں کو للکارنا کوے کا کائیں کائیں کرنا ۔

نَعل (س) جوتا پہننا ۔

نَعل ۔ جوتا ۔ نعل ۔ ہل کا لوہا ۔ ذلیل اور رسوا آدمی ۔ تلوار کے نیام کے نیچے کا لوہا ۔

نُعم ۔ نازکی ۔ نرمی ۔ بھلائی ۔ ج:۔ اَنعُم ۔

نَعَم ۔ نَعم ۔ چوپائے ۔ چرنے والے جانور گائے بھینس ۔ بکری وغیرہ اکثر اونٹ کے لئے بولا جاتا ہے ۔ ج:۔ اَنعَام نُعمَان ۔

نَعَم ۔ ہاں (حرف جواب)

نِعمَ ۔ اچھا ہے بِئسَ (برا ہے) کی ضد یہ دونوں دراصل فعل ماضی ہیں لیکن دوسرے فعلوں کی طرح ان کی گردان نہیں آتی ۔

نَعمَاء ۔ نُعمَاء ۔ خوشی ۔ عیش و آرام ۔

نِعمَة ۔ نیکی ۔ آرام ۔ عیش ۔ بھلائی ۔ مال اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی چیز ۔ نِعمَةُ عَینٍ آنکھ کی ٹھنڈک ۔

نَعْنَاع - نَعْنَع - پودینہ -
نَعُوب - تیز چال والی اونٹنی - ج : نُعُب
نُعُومَة - (س - ن - ص - ل - ج) نرم و نازک ہونا -
نَاعِی - موت کی خبر - موت کی خبر دینے والا بری خبر سنانے والا -
نَعْیٌ - نَعِیٌّ - نُعْیَان - (ف) موت کی خبر دینا (علیٰ) کسی کے گناہوں وغیرہ کو بیان کرنا -
نَعِیر - لڑائی میں چیخ و پکار - نَعِیرُ الہَمِّ اونچی اور گہری بات سوچنے والا -
نَعِیم - نعمت - آسائش - آرام خدائے تعالیٰ کی بخشی ہوئی چیز - مال - خوش نصیبی جنت -

ن - غ

(جرح) نَغَّار - وہ زخم جس سے خون بہتا ہو -
نَغَب - (ف) (تھوک کو) نگل جانا ...... پانی وغیرہ کو گھونٹ گھونٹ کرکے پینا -
نَغْبَة - تھوڑا کھانا - پانی وغیرہ کا ایک گھونٹ ج : نُغَب -
نَغَر - نَغَرَان - (س ض ف) ہانڈی کا جوش مارنا بچہ کے بالوں کو ملنا - بہت پانی پینا - (علیٰ) کسی پر غصہ کرنا -
نُغَر - بلبل - چڑیا کا بچہ - نرگدھا - وا : نُغَرَة ج : نِغْرَان -
نَغْشٌ - نَغَشَان - بیچین ہونا - کانپنا - اپنی جگہ پر حرکت کرنا -
نَغَص - (س) ناکام رہنا - نامراد رہنا -

نَغَص - شتر مرغ یا شتر مرغوں کا گلہ - وہ آدمی جس کا سر چلتے وقت ہلتا ہو -
نَغَض - نُغُوض - نَغَضَان - نَغْض - (ن) حرکت کرنا - بے چین ہونا - حرکت دینا - ہلانا - بادل کا گھنا ہونا -
نَغَف - اونٹ اور بکری کی ناک کا کیڑا -
نَغْفَة - گال کی ہڈی -
نَغِل - نَغْل - حرام کا جنا ہوا بچہ - م : نَغِلَة
نَغَل - (س) پوست کا دباغت سے خراب ہو جانا - زخم کا سڑ جانا - نیت کا خراب ہونا (بین) لوگوں میں فساد پھیلانا -
نَغَم - (ف) سانس لینا - آہستہ گانا - (ق) شراب کو حلق سے نیچے اتارنا -
نَغْمَة - خوش آوازی -
نُغْمَة - گھونٹ پانی وغیرہ کا - ج : نُغَم
نُغْنُغ - [illegible]ست - ج : نَغَانِغ -
نَغِیق - کوے کی آواز -

ن - ف

نَفَّ - (ن) زمین میں بیج بونا (س) سفوف کھانا - دوا کو کوٹ کر سفوف بنانا
نُفَایَة - خراب اور بے کار چیز بچی ہوئی -
نَفَّاث - پھونک مارنے والا -
النَّفَّاثَات فِی الْعُقَد - جادوگر عورتیں -
نَفَّاج - مغرور ایسی چیز پر اترانے والا جو اس کے پاس نہ ہو -
نِفَاجَة - کپڑے کا چوبغلہ -
نَفَّاح - بہت انعام دینے والا - بہت نفع پہنچانے والا - نیزہ کی گہری

ضرب۔

نفاد۔ نفد۔ (س) ناپید ہوجانا۔ مٹ جانا جاتا رہنا۔

نفاذ۔ نفوذ۔ (ت) حکم کا جاری ہونا۔ بات کا پورا ہونا۔ راستہ کا عام ہونا۔ خط کا بھیجنا (فی) ماہر ہونا۔

نفذ۔ نفاذ۔ نفوذ۔ (ت) گھس جانا آر پار ہوجانا۔ آگے نکل جانا۔ اور دوسروں کو پیچھے چھوڑ دینا۔

نفاذ۔ اثر۔ اقتدار۔ (د)

نفار۔ نفور۔ (ض۔ ن) متفرق ہونا۔ بدک کر بھاگنا (من) نفرت کرنا۔ گھبرانا (عن) اعراض کرنا (الی) کسی کی طرف لپکنا (ل) کسی کام کے لئے اکٹھے نکلنا۔

نفارۃ۔ حکم۔ فرمان۔ ٹیکس۔

نفاس۔ وہ خون جو بچہ پیدا ہونے کے بعد کچھ دن آتا رہتا ہے۔ عورت کا زچہ پن۔

نفاسۃ۔ نفاس۔ نفس (ک) قیمتی ہونا۔ عمدہ ہونا۔

نفاص۔ بکری کی ایک بیماری جس کی وجہ سے بار بار پیشاب کرتی ہے اور آخر کار مرجاتی ہے۔

نفاض۔ نجار کی کپکپاہٹ۔ تنگ دستی۔ مفلسی۔

نفاضۃ۔ مسواک کا ریشہ جو منہ میں رہ جائے پتہ وغیرہ جو جھاڑنے سے گر پڑے۔

نفاطۃ۔ پیڑوں کا چشمہ۔

نفاق۔ (مفاعلہ) دو رنگی اختیار کرنا۔ کفر کو چھپانا اور ایمان کو ظاہر کرنا۔

نفاق۔ (ن) بازار کا رونق پکڑنا۔ کسی چیز کا ختم ہوجانا یا کم ہوجانا۔

نفت۔ نفتان۔ (ض) غصیارہ ہوجانا۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔

نفث۔ (ن ض) پھونک مارنا۔ تھوکنا۔ گزندہ کا زہر اگلنا۔ مریض سینہ کا خون گرانا لکھنا۔ جادو کرنا۔ دل میں کوئی بات ڈالنا۔

نفج۔ (ت) خرگوش کا کودنا اور چھلانگیں مارنا۔ انڈے سے بچہ کا باہر نکلنا۔ ہوا کا تیزی سے چلنا۔ جو چیز پاس نہ ہو اس پر اترانا۔

نفح۔ نفاح۔ نفحان۔ (ف) خوشبو کا مہکنا۔ ہوا کا ہلکے ہلکے چلنا۔ رگ میں سے خون کا جوش مارنا۔ تلوار پھینک کر آہستہ مارنا۔ کسی کو کچھ دینا۔

نفحۃ۔ ہوا کی روانی۔ خوشبو کی مہک بخشش عطیہ۔ ج: نفحات

نفخ۔ ناز۔ تکبر۔ مص (ن) پھونکنا۔ دن چڑھنا ہوا کا جھونکا آنا۔

نفخۃ۔ ایک بار پھونکنا۔

نفذ۔ دیکھو۔ نفاذ۔

نفر۔ آدمیوں کا گروہ۔ تین سے دس تک ج: انفار

نفر۔ نفران۔ (ن) بھاگنا۔ بدکنا۔ بھگا دینا۔

نفر۔ نفور۔ (ن) حاجیوں کا منیٰ سے

گروہ در گروہ واپس آنا۔ غالب آنا
نَفْرَة ۔ آدمیوں کی جماعت جو ایک ساتھ کسی کام کے لئے جائے۔ آدمیوں کی ٹولی تین سے دس تک۔
نَفْس ۔ جان۔ خون۔ جسم۔ پاس۔ نزدیک۔ ہر چیز کا عین اور ذات۔ جڑ۔ ارادہ۔ بزرگی۔ غلبہ۔ بیماری۔ ج:۔ اَنْفُس نُفُوس
نَفَس سانس۔ گھونٹ۔ وسعت، فراخی۔ طویل کلام۔ ج:۔ اَنْفَاس
نَفِسَ ۔ (س) کسی چیز میں اُس کی عمدگی کے سبب کنجوسی کرنا (علیٰ) حسد کرنا۔
نَفِسَ ۔ نفاسة۔ نِفَاس (س) عورت کا حالت نفاس میں ہونا۔ (ك) قیمتی ہونا۔
نُفَسَاء نَفْسَاء۔ زچہ عورت ج:۔ نُفَس نَوَافِس۔ نُفَسَاوَات۔
نَفَشَ ۔ (ن) روئی اور اون وغیرہ دھننا۔ انگلیوں سے کسی چیز کو بکھیرنا۔
نَفْشِيَة ۔ لپک۔ بسکٹ (د)
نَفَصَ ۔ (ض) تھوڑا تھوڑا کر کے خون گرانا۔ جلدی سے بات لینا۔
نُفْصَة ۔ خون کا ایک چلو۔ خون کا ایک ٹکڑا۔ ج:۔ نُفَص
نَفَضَ ۔ (ن) مکان کے سامان کو جھاڑنا۔ کپڑے یا درخت کو جھاڑنا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ عورت یا اونٹنی کا بہت بچوں والا ہونا۔ بخار کا جکڑ لینا۔ مال کا ضائع ہو جانا۔ کپڑے کا رنگ اُتر جانا۔
نَفَضَة ۔ جاسوسوں کا گروہ۔ جو دشمن کے حالات کا پتہ لگائیں۔ واحد:۔ نَافِض
نَفَظَ ۔ (ض) غصہ کرنا۔ غصہ میں بھر جانا۔
نَفِطَ ۔ نَفْط۔ نَفِيْط۔ (س) کام کرنے کے سبب ہاتھ میں آبلہ پڑ جانا۔
نَفَطَ ۔ نَفِيْط۔ (ض) بکری کا چھینکنا۔ جوش مارنا (ہانڈی کا)
نَفْطَة ۔ نِفْطَة۔ چیچک۔ آبلہ۔
نَفَعَ ۔ نفع۔ فائدہ مص (ف) نفع دینا۔
نَفَق ۔ سرنگ۔ بٹیا۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔
نَفَقَة ۔ کھانے پینے کا خرچ۔ ج:۔ نِفَاق نَفَقَات۔
نَفْل ۔ وہ عبادت جو واجب نہ ہو۔ عطیہ۔ بخشش۔ جاڑا۔ مص (ن) بخشش کرنا۔ عطیہ دینا۔ قسم کھانا۔
نَفَل ۔ غنیمت کا مال۔ عطیہ۔ مزید۔ ج:۔ اَنْفَال۔ نِفَال
نُفُوَة ۔ نُفَاء۔ نُفَاوَة۔ پھینکا ہوا۔ ردی
نُفُوذ ۔ دیکھو نَفَاذ
نَفُوْر ۔ بھاگنے والا۔ نفرت کرنے والا۔ (مذکر و مؤنث)
نُفُوْر ۔ (ن) آنکھ وغیرہ کا سوج جانا۔ (دیکھو نِفَار)
نُفُوْش ۔ (ض۔ ن۔ س) کھانے کی طرف توجہ کرنا۔ رات کو چرواہے کے بغیر اونٹ بکریوں کا چرنا۔
نُفُوْق ۔ چوپائے یا آدمی کا مر جانا۔ زخم کا چھل جانا۔

نُفُوۃ ۔ (ف) بزدل ہوجانا ۔ بہادری دکھلانے کے بعد ڈرپوک ہوجانا ۔

نَفَی ۔ (ض) ہانکنا ۔ دور کرنا ۔ دور ہوجانا ۔ روپیہ ۔ درہم وغیرہ کو پرکھنے کے لئے چٹکی سے بجانا ۔ انکار کرنا ۔ بادلوں کا پانی برسانا ۔ ہوا کا خاک اور گرد کو اُڑانا ۔

نَفِیّ ۔ جوش مارتی ہوئی ہانڈی سے نکلا ہوا جھاگ ۔ ڈول کی رسی سے ٹپکا ہوا پانی کنکری وغیرہ جو چوپایہ کے سم سے اڑے ۔ مینہ کی پھوار ۔ بڑی فوج کا ایک دستہ جو علیحدہ ہوگیا ہو ۔

نَفِیج ۔ اجنبی ۔ ج : ۔ نُفُج ۔

نَفِیجَۃ ۔ کمان ۔ ج : ۔ نَفَائِج ۔

نَفِیر ۔ لوگوں کا وہ گروہ جو لڑائی وغیرہ کے لئے نکلے ۔

نَفِیس ۔ پسندیدہ اور عمدہ مال ۔ ہر اچھی اور قیمتی چیز ۔ بہت مال ۔

نَفِیط ۔ (ض) مادہ بھیڑ وغیرہ کا چھینکنا ۔ ہانڈی کا جوش مارنا ۔ جھاگ پھینکنا ۔ بچہ کا آواز کرنا ۔ ایسی بات کہنا جو سمجھ میں نہ آئے ۔

نَفِیطَۃ ۔ ہتھیلی جس میں کام کرنے کی وجہ سے ٹھینٹ یا آبلے پڑگئے ہوں ۔

ن ۔ ق

نَقَا ۔ ریت کا ڈھیر ۔ بازو کی ہڈی ۔ ہر گودے دار ہڈی ۔ ج : ۔ اَنْقَاء

نُقِیّ ۔ ہوشیار اور تجربہ کار آدمی ۔ سخت زمین کا راستہ ۔ چہرے پر ڈالنے کا پردہ مص (مفاعلہ) کسی سے ناگہاں دوچار ہونا ۔ بے طلب پانی پر پہنچ جانا ۔ آپس میں اظہار فخر کرنا ۔

نِقَابَۃ ۔ (ن) سرداری کرنا ۔ (فی) چلنا پھرنا (عن) سراغ رسانی کرنا ۔ یعنی حالات کا صحیح صحیح پتہ لگانا ۔

نِقَابَۃ ۔ انجمن ۔ سوسائٹی (د)

نُقَاخ ۔ صاف ٹھنڈا پانی ۔ نیند ۔ امن چین خالص ۔

نَقَّاد ۔ بکریوں کا چرواہا ۔ روپیہ ۔ درہم دینار وغیرہ کا پرکھنے والا ۔ اچھے برے کو الگ الگ کر دینے والا ۔

نُقَاز ۔ چوپایوں کا طاعون ۔

نُقَّاز ۔ چھوٹی چڑیا ۔ ایک پرندہ ۔

نَقَّاف ۔ مانگنے کا شوقین ۔ لکڑی چھیلنے والا ۔ دور کی بات سوچنے والا ۔ م : ۔ نَقَّافَۃ

نَقَّال ۔ جلد جلد قدم اٹھانے والا گھوڑا ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ اٹھا کر رکھنے والا ۔

نَقَّالَۃ ۔ اسٹریچر (د)

نَقَاوَۃ ۔ نَقَاء ۔ نَقَاءَۃ ۔ نُقَاوَۃ (س) پاک صاف ہونا ۔

نُقَاوَۃُ الشَّیْءِ ۔ کسی چیز کا عمدہ اور بہتر حصہ

نَقْب ۔ سوراخ ۔ پہلو کا زخم ۔ خارش ۔ پہاڑی راستہ ۔ ج : ۔ اَنْقَاب

نِقَاب ـ مص (ن) کسی چیز میں سوراخ کرنا ـ موزہ میں پیوند لگانا ـ چلنا ـ مصیبت آنا ـ

نَقِبَ ـ (س) موزہ کا پھٹنا ـ اونٹ کے سم کا گھسا ہوا اور پتلا ہو جانا [فی] سفر کرنا ـ

نُقْبَۃ ـ رنگ ـ آواز ـ چہرہ ـ سوراخ ـ ج: نُقَب ـ نُقَب ـ

نَقَتَ ـ (ن) ہڈی سے مینگ نکالنا ـ

نَقَثَ ـ (ض) پھرتی اور جلدی کرنا ـ ہڈی سے گودا نکالنا ـ کوئی چیز کھود کر نکالنا ـ

نَقَحَ ـ (ف) ہڈی کا گودا نکالنا ـ چھلکا اور پوست اتارنا ـ درخت کو چھانٹنا

نَقْد ـ وہ چیز جو ہاتھ کے ہاتھ دی جائے (ادھار کی ضد) روپیہ مص (ن) پرکھنا ـ جانچنا ـ کسی کو کچھ نقد دینا ـ چھانٹ لینا ـ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا پرندہ کا چونچ مارنا ـ سانپ کا کاٹ لینا ـ

نَقْذ ـ سلامتی ـ آسائش مص (ن) رہائی دینا ـ یکسو کرنا ـ

نَقَذ ـ چھوڑا ہوا ـ رہائی دیا ہوا مص (س) چھوٹنا ـ رہائی پانا ـ سلامت رہنا ـ

نَقْر ـ چٹکی بجانے کی آواز ـ تالو اور زبان کی آواز جس سے چوپایہ کو ہانکتے ہیں مص (ن) مارنا ـ لکڑی میں نقش کرنا ـ پتھر پر لکھنا ـ چونچ مارنا ـ زبان کا لڑکھڑانا ـ عیب لگانا ـ

نُقْرَۃ ـ گڑھا ـ پگھلا ہوا سونے چاندی کا ٹکڑا ـ ج: نِقَار آنکھ کا گڑھا ـ پاخانہ کا سوراخ ـ پرندے کے انڈے رکھنے کی جگہ ـ ج: نُقَر

نَقَز ـ چھوٹے چھوٹے چوپائے ـ پنچ اور کمینے آدمی ـ لقب ـ

نَقَز ـ صاف اور عمدہ پانی ـ لقب ـ

نَقَزَان ـ نَقْز ـ (ن) ہرن کا دوڑتے ہوئے چھلانگیں مارنا ـ کودنا [عن] دور کرنا ـ

نِقْس ـ دوات کی سیاہی ـ ج: اَنْقَاس ـ ناقوس کی ایک قسم ـ عیب ـ ہنسی ـ مذاق کھجلی مص (ن) ناقوس کو بجانا ـ (ف) کسی کا مذاق اڑانا ـ

نَقْش ـ تھوڑا سا گوند ـ خشک چھوارہ ـ نقش و نگار مص (ن) نقش بنانا ـ بیل بوٹے بنانا ـ جماع کرنا ـ بکری کے رہنے کی جگہ کو صاف کرنا ـ بالوں کو موچنے سے اکھاڑنا [عن] کھوج لگانا ـ

نَقْص ـ کمی اور نقصان مص (ن) کم کرنا ـ کم ہونا ـ وعدہ کو توڑنا ـ عمارت کو توڑنا ـ

نُقْطَۃ ـ سیاہی پر سفیدی اور سیاہی پر سپیدی کی بندگی ـ نقطہ مرکز ـ دائرہ ـ مبحث موضوع بحث ـ ج: نُقَط ـ نِقَاط ـ

نُقْطَۃُ اِتِّصَالِ الْخُطُوْط ـ جنکشن ـ

(د)

نَقْع ـ گرد و غبار ـ ج: نِقَاع ـ نُقُوْع ـ شتر مرغ کی آواز ـ پانی

کے جمع ہونے کی تنگ جگہ ۔عمدہ مٹی کی زمین ۔ج:۔ نِقَاع ۔ اَنقُع مص (ف) آواز کا بلند ہونا ۔ گریبان پھاڑنا ۔ مسافر کی مہمانی کرنا قتل کرنا ۔ [ب] پیاس بجھانا۔

نَقَعَت ۔ (ن) شراب کو صاف کرنا یا پانی میں ملانا ۔ سر کی کھوپری توڑنا ۔ چوٹ کے اثر کا دماغ تک پہنچانا ۔ انڈے میں سوراخ کرنا ۔

نَقَل ۔ پیوند لگی ہوئی پرانی جوتی یا موزہ ۔ج:۔ اَنقَال ۔ نِقَال ۔ مص (ن) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا پیوند لگانا ۔ روایت کرنا ۔ کتاب کو لکھنا۔

نَقَل ۔ کلام میں حاضر جوابی ۔ کنکری ۔ پرانا جوتا یا موزہ۔

نُقلِی ۔ میوہ فروش ۔ (د) ۔

نَقِل ۔ پتھریلی زمین ۔ حاضر جواب آدمی۔

نَقِم ۔ (ض س) سزا دینا ۔ بدلہ لینا ۔ عتاب کرنا ۔ کسی بات کو بُرا سمجھنا ۔

نِقمَة ۔ نَقمَة ۔ نَقِمَة ۔ بدلہ ۔ سزا ۔ ج:۔ نَقِم نِقَم ۔ نِقِمَات

نِقنِق ۔ نر شتر مرغ ۔ ج:۔ نَقَانِق ۔

نَقنَقَة ۔ مینڈک اور پرندہ کی زوردار آواز مص دُبلے پن کے سبب آنکھ کا گڑھا میں گھس جانا ۔ مینڈک کا ٹرٹرانا ۔ مُرغی کا انڈا دینے کے لئے کڑکڑانا ۔

نَقوٌ ۔ بازو کی ہڈی ۔ ہر گودے والی ہڈی۔ ج:۔ اَنقَاء ۔ مص (ن) ہڈی میں سے گودا نکالنا ۔

نُقُوع ۔ (ف) پانی کا جمع ہونا ۔ کسی کو بُرا کہنا۔ اور گالیاں دینا ۔ آواز کا بلند ہونا تصدیق کرنا ۔ پانی میں بھگونا ۔ [ب] شفا پانا ۔ خوب شراب پینا۔

نَقِہ ۔ بات کو سمجھنے والا ۔

نَقَہَة ۔ نُقُوہ ۔ (س) بیماری سے اچھا ہونا اور کمزوری کا ابھی باقی رہنا ۔

نَقہٌ ۔ نُقُوہٌ ۔ نَقَاہَة ۔ (ف) بات کو سمجھنا ۔

نَقِیّ ۔ پاکیزہ ۔ صاف ۔ ستھرا ۔

نَقِیب ۔ بانسری ۔ ترازو کی زبان ۔ قوم کا بڑا آدمی ۔ جو قوم کے حقوق کی حفاظت کرے ۔ سردار ۔ لوگوں کے نسبوں کا جاننے والا ۔ ج:۔ نُقَبَاء ۔

نَقِیر ۔ کھوکھلی لکڑی ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا چھوٹا گڑھا ۔ سوراخ کیا ہوا پتھر لکڑی وغیرہ ج:۔ اَنقِرَة

نَقِیض ۔ عکس ۔ مخالف ۔ کمان کے چلّے کی آواز پالان ۔ کنویں کی گھرنی وغیرہ کی آواز مینڈک ۔ بچھو ۔ باز وغیرہ کی آواز

نَقِیضَة ۔ پہاڑی راستہ ۔ کسی شعر کا اُلٹا جواب دینا ۔ ج:۔ نَقَائِض ۔

نَقِیع ۔ بہت پانی کا کنواں ۔ ٹھنڈا اور میٹھا پانی چھواروں کی شراب ۔

میووں اور چھواروں کی موبز۔ (وہ پانی جس میں میوے چھوارے وغیرہ بھگو دیے گئے ہوں) وہ آدمی جس کی ماں اور قوم کی ہو۔ ج:۔ اَنْقِعَۃ۔

نَقِیْعَۃ۔ مسافر کی مہمانی۔ خاطر مدارات۔ وہ جانور جو مہمانی میں ذبح کیا جاتے ج:۔ نَقَائِع۔

نَقِیْق۔ (ص) مینڈک۔ بچھو وغیرہ کا بولنا۔

نَقِیْل۔ گھوڑے کی ایک خاص چال جو دوڑنے اور پویہ چلنے کے درمیان ہوتی ہے۔ پردیسی اور مسافر آدمی راستہ۔

نَقِیْلَۃ۔ پردیس۔ جوتے یا موزہ کا پیوند۔ ج:۔ نَقَائِل۔ نَقِیْل۔

ن ۔ ک

نَکَاء۔ (ف) زخم کی کھال اتار دینے کے سبب پیپ پڑ جانا۔ دشمن کو مار ڈالنا۔ کسی کا حق ادا کرنا۔

نِکَابَۃ۔ نَکُوْب۔ (ن) قوم کا معتمد علیہ ہو جانا۔

نِکَاح۔ (ف ض) نکاح کرنا۔ صحبت کرنا۔

نَکَارَۃ۔ عقل مندی مص (ک) کسی کام کا دشوار اور سخت ہو جانا۔

نُکَاف۔ کان کی لو کی سوجن یا ونٹ کے حلق کی ایک بیماری۔

نَکَال۔ سزا۔ عذاب۔ رسوائی۔

نَکَب۔ (س) شانہ (کندھے) کی ایک بیماری میں مبتلا ہونا (عن) پھرنا۔

نَکْبٌ۔ (ت) رنج اور سختی پہنچانا۔ پتھر کا پاؤں کو زخمی کر دینا۔ تیر دان کو اوندھا کرنا۔ (عن) پھرنا۔

نَکْت۔ (ن) کسی کو سر کے بل گرا دینا۔ چھڑی وغیرہ سے زمین کریدنا۔ کودنا۔ بے آرام ہونا۔

نُکْتَۃ۔ بندگی۔ نقطہ۔ باریک بات۔ آئینہ کا زنگ۔ ج:۔ نِکَات

نَکْث۔ (ن ض) معاملہ کو فسخ کرنا۔ عہد کو توڑنا۔ چادر کمبل وغیرہ کو اُدھیڑنا۔ رسی کا بٹ کھولنا۔

نِکْث۔ کمبل وغیرہ جسے دوبارہ بُننے کے لئے اُدھیڑا جائے۔ ج:۔ اَنْکَاث

نَکْح۔ عورت کی شرمگاہ۔ مص (ت) آنکھوں میں نیند بھر جانا۔ بارش کا زمین پر پہنچنا۔

نُکَح۔ وہ مرد جس نے بہت سے نکاح کئے ہوں۔

نَکِد۔ بدفال و منحوس آدمی۔ خراب عادت والا۔ ج:۔ اَنْکَاد (معون) کوے کا زور زور سے کائیں کائیں کرنا۔ مانگنے والے کی تھوڑی سی ضرورت پورا کرنا۔

نَکَد۔ زندگی کی سختی اور تکلیف مص (س) زندگی کا دشواری اور تکلیف میں گزرنا۔ کنوئیں کے پانی کا کم ہو جانا۔

نُکْد۔ تھوڑا دینا۔ قلیل۔ بن دودھ کے

اُونٹ

نَکس - عقل مندی - ہوشیاری -

نَکِس - عقل مند - ہوشیار -

نُکر - نُکُس - دشوار کام - بُری اور ناپسند چیز

نَکر - نُکُس - نُکُور - نَکِیر - (س) کسی چیز کو نہ پہچاننا -

نَکرَاء - چالاکی - ہوشیاری - چالاک عورت بُری چیز -

نَکِرَة - ناشناسی (اسم نکرہ) - وہ اسم جو معرفہ نہ ہو - خون اور پیپ سے بھرا ہوا زخم یا آبلہ -

نَکز - (ن) کنویں کے پانی کا ختم ہو جانا - سانپ کا ڈسنا - مارنا - دور کرنا ایڑھ لگانا -

نَکِز - (س) کنویں کا پانی کم ہو جانا -

نَکس (ن) اوندھا کرنا - بدپرہیزی کا مرض کو لوٹا دینا -

نَکش - (ن ض) کسی کام کو ختم اور انتہا تک پہنچانا - کنویں کی کیچڑ نکالنا - کسی چیز کو ختم کرنا -

نَکص - (ن ض) (عن) کسی کام سے پیچھے ہٹنا - رُک رہنا -

نَکظ - نَکَظ - نَکظَة - (ت) کوشش کرنا رنج اور تکلیف اُٹھانا - جلدی کرنا -

نَکع - (ف) چوپایہ کو سختی کے ساتھ دوہنا کسی کا حق روک لینا - کسی کو اس کا حق دینا - لات مارنا -

نُکف - چھوٹے غدود جو کان کی لَو کے پیچھے ہوتے ہیں - وا: نَکفَة مص (س) ہاتھ میں درد ہونا (س) (من عن) علیحدگی اختیار کرنا - کسی کام کے کرنے کو ننگ اور عیب سمجھنا -

نَکف - (ن) آنسوؤں کو ہاتھ سے پونچھنا (عن) کسی چیز سے منہ موڑنا اور پھر جانا -

نِکل - سخت قید اور تکلیف - لگام - خط لے جانے والے کی سواری کا لگام وہ آدمی جس کے سبب اس کے دشمن قید میں ہوں - ج: اَنکال

نَکَل - بڑے ڈول کی رسی - طاقتور آدمی اور بہادر آدمی - ہوشیار اور تجربہ کار قبضہ میں کیا ہوا - مضبوط گھوڑا - مص (س) سزا کو قبول کرنا -

نُکوب - (ن) نَکبَاء (ایک قسم کی ہوا) کا چلنا (عن) پھر جانا - ہٹ جانا

نُکُوز - (ن - س) پانی کا زمین میں گھس جانا -

نُکُول - (ض - ن) (عن) کسی کام سے پیچھے ہٹنا - ڈرنا - بزدل اور ڈرپوک ہو جانا - دشمن کے مقابلہ سے رک جانا -

نَکہ - (ض - ف) ناک پر پھونک مارنا - پیٹ کی خرابی کے سبب منہ کی بو کا بدل جانا - دھوپ یا گرمی کا تیز ہو جانا (س) منہ کی بُو سونگھنا -

نَکہَة - منہ کی بُو -

نَکِیر - قبر میں سوال کرنے والے فرشتے کا نام مضبوط قلعہ - انکار - منع -

ن - م

نَمّ - (ن ض) خوشبو کا پھیلنا - چغلی کھانا

کلام کو جھوٹ سے سنوارنا (ب بین الناس) فساد ڈالنا۔

نَمَأ - نَمَاءٌ - چھوٹی جوں۔ ج: اَنْمَاء۔

نُمَاص - مہینہ۔ ج: اَنْمُص - اَنْمِصَة۔

نَمَّام - چغل خور۔ ایک خوشبودار گھاس۔

نِمَّة - سر کی جوں۔ چیونٹی۔ ج: نِمَم

نَمْر - نَمْرَة - نمبر - عدد - شمار۔

نَمَر - (ن) (فی) چڑھنا۔

نَمِرَ - (س) غصہ ہو جانا - بری عادت والا ہو جانا - تیندوے کے رنگ کا ہو جانا۔

نَمِر - تیندوا - ج: نِمَار - نِمَارَة - نُمُور۔ صاف و سادہ اور کھانے کو ہضم کرنے والا پانی۔ ج: اَنْمَار

نُمْرُق - نُمْرُقَة - چھوٹا تکیہ - زین اور پالان کی نہالیں ج: نَمَارِق۔

نُمْرُود - ایک کافر بادشاہ جس نے حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ السلام کو آگ میں ڈالا۔

نَمَسَ - (ض) بھید کو چھپانا - کا تاجسوسی کرنا۔

نَمِسَ - (س) گھی تیل وغیرہ کا خراب ہو جانا۔

نَمْسَا - ملک آسٹریا۔

نَمَشَ - (ن) جھوٹ بولنا چغلی کھانا - ٹڈی کا کھیت وغیرہ کو چرجانا۔

نَمَش - سفید و سیاہ چتیاں - گائے وغیرہ کی کھال میں اس کے رنگ کے خلاف دھبے - کپڑے کی دھاریاں اور نقش مص (س) ابلق اور کوڑھیالا یعنی سیاہ و سفید ہونا۔

نَمَص - بالوں کی نرمی اور پتلا پن چھوٹے بال ایک گھاس جس سے ٹوکری وغیرہ بناتے ہیں مص (س) بالوں کا کم کرنا۔

نَمَصَ - (ن) بال توڑنا۔

نِمْص - ایک قسم کی گھاس۔

نَمَط - بچھونے فرش وغیرہ کا ابرہ (اوپر کا پرت) - طور - طریقہ کسی چیز کا رنگ آدمیوں کا گروہ جن کا شغل ایک ہو۔ پردہ جو ہودج پر ڈالتے ہیں۔ ج: اَنْمَاط - نِمَاط۔

نَمَغَة - قوم کا بڑا آدمی - مال کی زیاتی - پہاڑ کی چوٹی - سر کا اوپری حصہ۔

نَمَقَ - (ن) آنکھ پر طمانچہ مارنا - خط لکھنا

نَمِلَ - (س) ہاتھ کا سوجھ جانا اور سست ہونا (فی) چڑھنا۔

نَمْل - چیونٹی - واء۔ نَمْلَة ج: نِمَال مص (ن س) چغلی کھانا۔

نَمِل - چغل خور۔

نَمْلَة - پہلو کا گھاؤ - گھوڑے کے سم کی پھٹن چغل خوری۔

نُمْلَة - جنبش - حوض میں بچا ہوا پانی۔

نُمْنُم - سفیدی جو نوجوان آدمی کے ناخنوں پر ہو جاتی ہے - ج: نَمَانِم

نَمْنَمَة - نقش کرنا - سنوارنا - زمین پر خط کھینچنا۔

نُمُوّ - جسم کی یکساں بڑھوتری (ت) زیادہ ہونا - بڑھنا (الی) کسی کی طرف نسبت کرنا۔

نُمُوذَج نمونہ
نَمُوم ۔ جھوٹا چغلی کھانے والا ۔ ورغلانے والا
نَمْیٌ ۔ نَمِیٌّ ۔ نَمَاء ۔ نَمِیَّة ۔ (ض) بڑھنا خوب آگ بھڑکانا ۔ رنگ کا گہرا ہونا ۔ بھاؤ کا تیز ہونا ۔ نکلنا ۔ موٹا ہونا منسوب کرنا ۔
نُمِیّ ۔ کجی ۔ ٹیڑھ ۔ عیب ۔ دشمنی طبیعت پلیہ ۔ درہم وغیرہ ۔ جس میں تانبا ملا ہوا ہو ۔ ج : ۔ نَمَامِیّ ۔
نَمِیْر ۔ پاک صاف پانی سے ملاؤ اور خالص حسب ۔
نَمِیْمَة ۔ نَمِیْم ۔ چغل خوری ۔ ج : ۔ نَمَائِم ۔

ن ۔ و

نَوَاة ۔ چھوارے کی گٹھلی ۔ ضرورت ۔ ایک اوقیہ سونا ۔ چار دینار ۔ ج : نَوًی ۔ اَنْوَاء ۔ نُوِیّ ۔
نَوَار ۔ پاک دامن عورت ۔ بچارے سے نفرت کرنے والی گائے ۔ ج : ۔ نُوُر
نُوَّارَة ۔ شگوفہ ۔ سفید شگوفہ ۔ ج : ۔ نُوَّار ۔
نَوَاصِی ۔ پیشانی کے بال ۔ پیشانیاں ۔ وا : ۔ نَاصِیَہ ۔
نَوَاصِی النَّاس ۔ شریف اور بزرگ آدمی بڑے لوگ ۔
نَوَّاصَة ۔ لیمپ ۔ (د)
نَوَّاق ۔ اونٹوں کو سدھانے والا ۔

نَوَاكَة ۔ نَوْك ۔ (س) احمق اور بے وقوف ہو جانا
نَوَال ۔ بخشش ۔ عطیہ ۔ لائق ۔ مناسب حصہ ۔
نَوْب ۔ نزدیکی قوت اور طاقت مص (ن) (عن) کسی کی جگہ پر قائم ہونا (الی) گناہ سے رک رہنا اور بندگی کو اپنے ذمہ لازم کرنا ۔
نَوْبَة ۔ باری ۔ فرصت ۔ ج : ۔ نُوَب ۔
نُوْبَة حبشیوں کا ایک گروہ ۔ مصیبت ج : ۔ نُوَب ۔
نَوْبَاتِی ۔ پاسبان ۔ سنتری ۔ (د)
نُوتِیّ ۔ ملاح ۔ کشتیاں ۔ ج : ۔ نَوَاتِی ۔
نَوْح ۔ نُوَاح ۔ نِیَاح ۔ نِیَاحَة (ن) زور زور سے رونا ۔ ماتم کرنا ۔
نُوْح ۔ ایک اولوا العزم پیغمبر علیہ السلام کا نام نامی جن کی امت پر نافرمانی کے سبب طوفان بھیجا گیا تھا ۔
نَوْد ۔ نُوَاد ۔ نَوَدَان ۔ (ن) نیند کی وجہ سے جسم کا بے قابو ہونا اور اِدھر اُدھر گر پڑنا ۔
نَوْر ۔ غنچہ ۔ کلی ۔ ج : ۔ اَنْوَار مص (ن) روشن ہو جانا (ونٹی پر) نشان بنانا ۔
نَوْر ۔ نَوَار ۔ (ن) دور سے آگ کو دیکھنا ۔ عورت کا تہمت کی جگہ سے بھاگنا ۔ (فتنہ کا) پھیل جانا ۔
نُوْر ۔ روشنی ۔ روشنی کی کرن ۔ جو چیز اشیاء کو آشکارا کر دے ۔ ذات با برکت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قرآن (د) لالٹین ۔ ج : ۔ اَنْوَار ۔ نِیْرَان

نُوْرَةٌ ۔ چونا۔چوپایہ کا نشان ۔ قطران ۔ بہت جادوگر عورت ۔

نَوْس ۔ (ن) زیور یا زلفوں کو حرکت دینا۔

نَوْش ۔ (ن) کسی کے سر یا ڈاڑھی کو پکڑنا ۔ ڈھونڈھنا ۔جلدی سے اُٹھنا ۔چلنا کسی کے ساتھ بھلائی کرنا ۔

نَوْص ۔ گورخر مص (ن) (عن) کسی چیز سے کنارہ کرنا اور ہٹنا ۔ ایک طرف ہونا (الی) کسی کے پاس پناہ لینا ۔ لوٹنا بھاگنا۔

نَوْض ۔ پیٹھ اور چوتڑ کے درمیان کا جوڑ۔ بلند جگہ ۔حرکت ۔ پانی نکلنے کی جگہ ۔ ج:۔ اَنْوَاض مص (ت) کھونٹے کیل وغیرہ کو ہلاکر اکھاڑنا ۔بجلی چمکنا ۔ حرکت کرنا ۔کھینچ نکالنا ۔سفر کرنا ۔ واپس ہونا ۔

نَوْط ۔ وہ بوجھ جو دو گونوں کے بیچ میں رکھ دیا جائے ۔لٹکی ہوئی چیز جیسے توشہ دان وغیرہ جو اونٹ پر لٹکا دیا جاتا ہے ۔ج:۔ اَنْوَاط ۔نِیَاط ۔ مص (ن) لٹکانا ۔

نُوْط ۔ نوٹ (د)

نَوْع قسم ۔جنس ۔صفت ۔ڈھنگ ۔طریقہ ج:۔ اَنْوَاع ۔ مص (ن) ڈھونڈھنا تلاش کرنا ۔(با) جھومتے ہوئے جانا ۔

نُوْع ۔ پیاس ۔تشنگی ۔

نَوْف ۔ اونچا کوہان ۔ج:۔ اَنْوَاف باتیں کرنے کی آواز مص (ن) (علی) چڑھنا اونچا ہونا ۔

نَوْفَل ۔ دریا ۔بخشش ۔عطیہ ۔خوبصورت آدمی سخاوت کرنے والا ۔ نر بجو ۔گیدڑ ۔ ج:۔ نَوَافِل

نَوْفَلَة ۔ شورستان (شور اور کھاری زمین) نمک کی جگہ ۔ نمک کی کان ۔نمکدان ۔ (نمک رکھنے کا برتن)

نَوْفَمْبِر ۔ نومبر (د)

نُوْق ۔ اونٹنیاں ۔وا:۔ نَاقَة ۔

نَوْل ۔ بہتا ہوا نالہ ۔کشتی کی اُجرت ۔جولاہے کی ایک لکڑی جس پر کپڑا بُن بُن کر لپیٹتا جاتا ہے ۔ج:۔ اَنْوَال مص (ن) کسی کو کچھ دینا ۔ ہدیہ دینا ۔تحفہ کے طور پر کچھ دینا ۔

نَوْلَةٌ ۔ حاصل شدہ چیز ۔ بوسہ ۔

نَوْم ۔ نِیَام ۔ نیند مص (ن) سوجانا ۔

نَوْم ۔ (ن) ہوا کا ٹھہر جانا ۔ آگ کا بجھ جانا ۔ دریا کا ساکن ہونا یا آہستہ بہنا ۔ اللہ تعالٰے کے ساتھ عاجزی کرنا ۔ سونا ۔ کسی پر سونے میں غالب آنا ۔ بازار کا گھٹنا اور بے رونق ہونا ۔

نَوْمَان ۔ بہت سونے والا آدمی (اس لفظ کا استعمال ندا کے وقت صحیح ہے "یا نَوْمَان" تو کہہ سکتے ہیں رَجُل نَوْمَان نہیں کہہ سکتے) ایک گھاس ۔

نُوْمَةٌ ۔ گمنام آدمی ۔غیر معتبر آدمی ۔

نُوَمَةٌ ۔ بہت سونے والا ۔ گمنام اور بے اعتبار آدمی ۔ نادان آدمی ۔

نُوْن ۔ مچھلی ۔نعمت ۔ دوات ۔تلوار کی تیزی تلوار ۔حروف تہجی میں سے ایک حرف

ج:- نِینَان - اَنْوَان -

(ذُو) النُّون - حضرت یونس علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا لقب - اس لئے کہ انہیں مچھلی نگل گئی تھی -

نُونَة - حق بات - مچھلی - لڑکے کی ٹھوڑی کا چھوٹا سا گڑھا -

نَوَّهَ - (ن) اونچا ہوجانا - گھاس کا چوپایہ کو موٹا کر دینا (ن - س) [عن] انکار کرنا - چھوڑ دینا - قوی ہوجانا -

نَوَی جہت - سمت - طرف - دوری - جدائی

نَوِی - وہ آدمی جو نیت - قصد - ارادہ میں تمہارا شریک ہو -

نَوِیْص - نِیَاصَة - نَوَصَان - نَوْص (ن) حرکت کرنا - ہلنا -

ن - ھ

نِهَاء - کسی چیز کی غایت - شیشہ - آبگینہ - ایک سفید پتھر - اندازہ - مقدار - ج:- نُهَاة

نَهَاءَة - نُهُوء - نَهَاوَة - (س - ك) گوشت کا آدھا پکا ہوجانا -

نَهَار - دن (رات کی ضد) اَنْهُر - نُهُر -

نَهَاكَة - (ف) کسی پر غالب آنا - شراب یا نجار کا کسی کو کمزور کر دینا - پستان کا کل دودھ نچوڑ لینا (ك) دلیر اور بہادر ہونا -

نَهَام - نَهَامِیّ - لوہار - بڑھئی - آسان راستہ -

نِهَامِیّ - کلیسا یا گرجا گھر میں رہنے والا - پادری

نِهَایَة - کسی چیز کا کنارہ - حد - ختم - انتہا -

نَهْب - غنیمت - لوٹا ہوا سامان - ج:- نِهَاب -

نَهَب - (ن - س) لوٹ مار کرنا - غنیمت کا مال حاصل کرنا - کتے کا آدمی کی ایڑھی کا منہ میں بھر لینا - بدگوئی کرنا -

نُهْبَة - مال غنیمت - غارت گری - لوٹ مار کا مال -

نَهْج - طور طریقہ - چوڑا اور صاف راستہ دمہ اور سانس اکھڑنے کی بیماری مص (ف) راستہ کو صاف اور چوڑا بنانا - صاف راستہ پر چلنا - راستہ کا کشادہ ہونا اور صاف ہونا - کپڑے کا پہن کر پرانا کرنا - کپڑے کا پرانا ہوجانا (س - ض) دمہ اور سانس کا بیمار ہونا -

نَهْد - نُهُود - (ك - ف) [الی] دشمن کی طرف اٹھنا - ابھر آنا - پستانوں کا -

نِهْد - سفر کے ساتھیوں کی برابر نکالی ہوئی رقم تاکہ ایک جگہ خرچ ہو -

نَهْد - گول اور ابھری ہوئی (اونچی) چھاتی - شیر - اچھا - خوبصورت بھاری بھرکم گھوڑا - سخی - بہادر آدمی -

نَهْر - ندی - ج:- اَنْهَار - نُهُر - اَنْهُر نُهُور - (ف) نہر کو جاری کرنا نہر کھودنا - ڈانٹنا - زور سے آواز دینا -

نَهَر - ندی - ج:- اَنْهَار - نُهُر - اَنْهُر نُهُور -

نَھْز ۔ اندازہ مص (ف) ڈول کو کنویں میں جھٹکا دینا تاکہ بھر جائے ۔ سر ہلانا ۔ قریب ہونا دور کرنا ۔ مارنا ۔ ہانکنا ۔

نُھْزَۃ ۔ فرصت ۔ غنیمت ۔

نُھَس ۔ چڑیا کا شکار کرنے والا ایک پرندہ ۔ ج : نِھْسَان

نَھْس ۔ (ف ۔ س) اگلے دانتوں میں گوشت کو دبا کر کاٹنا ۔ اکھاڑنا ۔ سانپ کا ڈس لینا ۔

نَھْش ۔ (ف ض) اگلے دانتوں سے کاٹنا اور اکھاڑنا ۔

نَھْشَل ۔ بھیڑیا ۔ شکرہ ۔ بہت زیادہ بوڑھا ۔ جس کے جسم میں بڑھاپے کے سبب کپکپی اور رعشہ دوڑا ہوا ہو ۔ ج : نَھَاشِل ۔

نَھْص ۔ اونٹ کے مونڈھوں اور کاندھے کے درمیان کی جگہ ۔ ج : اَنْھُص ۔

نَھْض ۔ نُھُوْض ۔ (ف) (ل) اٹھنا کسی کام کو ظلم کرنا ۔ پرندے کا اُڑنے کے لئے بازو پھیلانا ۔

نَھْضَۃ ۔ ترقی ۔ (د)

نَھْک ۔ نَہَاکَۃ ۔ (ف) غالب آنا کھانا کھانے اور گالیاں دینے میں حد سے گزرنا ۔ شراب یا نچار کا کمزور اور لاغر کر دینا چھاتی کا تمام دودھ پی جانا (ث) بہادر ہونا ۔

نَھْل ۔ کھایا ہوا کھانا مص (س) پہلے ہی پہل پانی پینا ۔ سیراب ہونا ۔ پانی پینا ۔ پیاسا ہونا (ضد) ۔

نَھْم ۔ نَھْمَۃ ۔ نَھِیْم ۔ (ض ۔ ف) آواز سے ڈانٹنا ۔ چوپایوں کو چلانا ۔ ہانکنا ۔

نَھْم ۔ نَھِیْم ۔ (ف) ہاتھی کا چنگھاڑنا

نَھَم ۔ نَھَامَۃ (س) (ب) لالچ کرنا ۔

نَھْتَۃ ۔ پتلا بنا ہوا کپڑا ۔ ج : نَھَایِنہ

نَھْنَھَۃ ۔ (ع) کسی کو ایک کام سے باز رکھنا روکنا ۔ جھڑکنا ۔

نُھُوْد ۔ (ن ۔ ف) چھاتیوں کا اُٹھ آنا اور اُبھر آنا ۔ عورت کا ابھری ہوئی چھاتیوں والا ہونا ۔ اُٹھنا ۔ کسی حالت پر گزرنا

نُھُوْع ۔ (ف) حلق میں انگلی ڈال کر زبردستی قے کرنا ۔ مگر قے نہ ہونا ۔

نَھْی ۔ (ف) منع کرنا ۔ کسی کام سے روکنا

نِھْی ۔ بڑا حوض ۔ بڑا تالاب ۔ ج : اَنْھَاءٌ ۔ نُھِیّ ۔ نِھَاء ۔

نَھِیْق ۔ گدھے کی آواز مص (ض ۔ س) گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا ۔

نَھِیْک ۔ بہادر ۔ حد سے گزرنے والا ۔ لوگوں پر حملہ کرنے والا ۔ قوی اونٹ تیز تلوار ۔ اچھی عادت کا آدمی ۔ شیر ۔

نَھِیْم ۔ گھڑکی ۔ جھڑکی ۔ ہاتھی اور شیر کی آواز

ن ۔ ی

نَیّ ۔ نَوَایَۃ ۔ (ض) اونٹنی کا موٹا ہو جانا ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔

نِیّ ۔ موٹاپا ۔

نِیَابَۃ ۔ قائم مقام (دوسرے کی جگہ پر ہونا)

باری ۔ فرصت (د) پارلیمنٹ کی ممبری ۔

نِیاط ۔ دل کھونٹی وغیرہ ۔ وہ چیز جس میں کچھ لٹکایا جائے ۔ دوستارے ۔ دل کے قریب ایک رگ جنگل کی دوری ۔ ج ۔ اَنوِطَۃ ۔ اَنواط ۔ نوط ۔

نَیب ۔ (ض) کسی کے دانت پر مارنا ۔ دانت پر چوٹ آنا ۔

نَیت ۔ (ض) بل کھاتا کمزوری کی وجہ سے ہلتے جھلتے چلنا ۔

نِیَّۃ ۔ نَوَاۃ ۔ (ض) قصد کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔ نیت کرنا ۔

نِیَّۃ ۔ قصد ۔ طرف ۔ جہت ۔ دوری ۔ ضرورت کپڑے کا بانا ۔ کپڑے کے نقش ۔ کپڑے کا رواں ۔ ہل یا گاڑی کا جوا ۔ ج : اَنیار ۔ نِیرات

نَیر ۔ (ض) کپڑے پر بیل بوٹے بنانا ۔ نقش و نگار کرنا ۔

نَیزَک ۔ چھوٹا نیزہ ۔ ج : نَیازِک

نَیسب ۔ سیدھا راستہ چیونٹیوں کی قطار ۔ چیونٹیوں کا راستہ ۔ ج : نَیاسِب

نِیشان ۔ تمغہ ۔ نشان ۔ ج : نَیاشِین (د)

نَیط ۔ موت ۔ مردہ ۔ عمر کی حد اور نہایت مص (ض) دور ہونا ۔

نِیق ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ ۔ ج : نِیاق ۔ اَنیاق ۔ نُیوق

نِیقَۃ ۔ کام و لباس اور کھانے پینے میں عمدگی اور زیادتی ۔

نَیک ۔ (ض) جماع کرنا ۔

نَیل ۔ انعام ۔ عطیہ ۔ بخشش ۔ ایک گھاس جو رنگنے کے کام آتی ہے ۔

نَیل ۔ نَال ۔ نَالَۃ ۔ (س ض) کسی چیز کو حاصل کرنا ۔ پانا ۔ دینا ۔ بخشنا (من) گالی دینا ۔ نَالَ مِن عِرضِہٖ اس کو گالیاں دیں ۔ اس کی آبرو ریزی کی ۔

نِیم ۔ نرم کپڑا ۔ نعمت ۔ آرام ۔ راحت کی زندگی ۔ ایک قسم کا درخت ۔ پرانی پوستین ۔

نُئُوی ۔ چربی کا دھواں کہ جس سے گودے ہوئے بدن اور جسم کے نقش کو سیاہ کرتے ہیں ۔ مستی (جو عورتیں دانتوں پر ملتی ہیں) تہمت سے دور رہنے والی عورت ۔

نَئِیج ۔ (ف) ہوا کا چلنا اور حرکت کرنا ۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے دعا میں گڑگڑانا عاجزی کرنا ۔ الّو کا بولنا ۔

نَئِیم ۔ کمان کی آواز ۔ شیر کی آواز ۔ ہرن کی آواز

وا

وَ ۔ اور (حرف عطف) قسم ہے (حرف جر)

وَأب ۔ بڑا پیالہ ۔ بڑا اسم ۔ چوڑا چکلہ اونٹ مص (ض) شرمندہ ہونا ۔ شرم کی وجہ سے سر جھکانا ۔ شرمانا لجانا

وَابِل ۔ بڑی بڑی بوندوں اور بڑے بڑے قطروں کا مینہ ۔

وَابِلَۃ ۔ بازو ۔ گھٹنے یا کاندھے کا سرا ۔

وَابُور ۔ اسٹیمر ۔ ریل ۔ انجن ۔

وَابُورُ الْبَرّ ۔ ریل ۔

وَابُورُ الْبَحْر ۔ اسٹیمر جہاز ۔

وَاتِن ۔ ایک جگہ پڑا رہنے والا ۔ ج: وُتُنٌ بہتا ہوا پانی ۔

وَاجِب ۔ مار ڈالا ہوا ۔ وہ کام جس کا کرنا ضروری اور لازمی ہو ۔ شرع کی اصطلاح میں وہ حکم جس کے کرنے والے کو ثواب اور نہ کرنے والے کو عذاب اور سزا دی جائے (د) فرض ۔ ذمہ داری ۔

وَاجِفَة ۔ مضطرب و بے قرار ہونے والی

وَاح ۔ وَاحَة ۔ نخلستان ۔ (د)

وَاحِد ۔ ایک ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ ج: وَاحِدُوْن م: وَاحِدَة ۔

وَادٌّ ۔ سخت آواز ۔ اونٹ کی آواز ۔ مص (ض) لڑکی کو زندہ دفن کر دینا ۔ (جیسا کہ زمانہ جاہلیت میں کیا کرتے تھے) ۔

وَادِق ۔ تیز تلوار ہو یا کوئی اور چیز ۔

وَادِی ۔ نالہ ۔ جنگل ۔ دو پہاڑوں یا دو پشتوں کے درمیان کی کھلی ہوئی جگہ ۔ درہ ج: اَوْدِیَة ۔ اَوْدَاء

وَأر ۔ (ض) کسی کو ڈرانا ۔ برائی میں ڈال دینا آگ پوجنے کے لئے آتش کدہ بنانا ۔

وَارِث ۔ جس کی طرف کوئی چیز منتقل ہو کر پہنچے میراث لینے والا ۔ ج: وَرَثَة

وَازِرَة ۔ بوجھ اٹھانے والی ۔ گناہوں کی ذمہ دار ہونے والی (نفس کی صفت ہے) ۔

وَارِد ۔ پانی وغیرہ پر آنے والا ج: وُرَّاد

وَازِع ۔ پیادہ ۔ پیدل ۔ سپاہی ۔ لشکر کا سردار اور لشکر کی ضرورتوں کا انتظام کرنے والا ۔ روکنے والا ۔ وہ پادشاہ جو اپنی رعایا کو گناہوں سے روکتا ہے ۔ ج: وَزَعَة ۔

وَاسِط ۔ دانت ۔ ایک شہر کا نام ۔ واسط شہر کے بسنے سے پہلے حجاج کا بنایا ہوا ایک محل (تمام شہروں کے نام ۔ مؤنث اور غیر منصرف پڑھے جاتے ہیں ۔ صرف واسط ۔ منیٰ ۔ شام ۔ عراق ۔ فلج ۔ حجر ۔ چند شہر اس حکم سے خارج ہیں ۔

وَاسِطُ الْكُوْر ۔ پالان کا اگلا حصہ

وَاسِطُ الْقِلَادَة ۔ ہار میں بیچ کا بڑا موتی ۔

وَاسِع ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔ وسعت والا ۔ م: وَاسِعَة ۔

وَاسِق ۔ حاملہ اونٹنی ج: وَاسِقَات ۔ وِسَاق ۔ مَوَاسِق ۔ مَوَاسِيق

وَاشِجَة ۔ آپس کی رشتہ داری ۔ قرابت ۔ ایک دوسرے سے جوڑ اور تعلق ۔

وَاشِی ۔ چغل خور ۔ بہت اولاد والا آدمی ۔ کپڑا بننے والا ۔ سونے کی کان کھودنے والا ۔ سکہ لگانے والا ۔ ج: وُشَاة

وَاصِب ۔ ہمیشہ اور لازم ہونے والا ۔ واجب خالص ۔

وَاصِلَة ۔ عورتوں کے بالوں میں دوسرے علیحدہ بالوں کا جوڑ لگانے والی ۔ تاکہ سر کے بال زیادہ اور لمبے معلوم

ہوں (مُسْتَوْصِلَہ) وہ عورت جو یہ جوڑ لگواتی ہے (حدیث شریف میں واصلہ اور مستوصلہ دونوں پر لعنت کی گئی ہے۔)

وَاضِحَة۔ دانت جو ہنستے وقت کھل جائیں اور ظاہر ہو جائیں۔

وَاضِح۔ صاف اور ظاہر چیز۔

وَاغِط۔ (ص) ملاقات کرنا۔ بھڑکنا اور غصہ ہونا۔ بھڑکانا۔ برانگیختہ کرنا۔

وَاعِظ۔ نصیحت کرنے والا۔

وَاعِيَة۔ چیخ و پکار۔ شور۔ فریاد۔ رونے چلانے والی عورت۔

(اُذُنٌ) وَاعِيَة۔ سننے اور توجہ کرنے والے کان وہ شخص جو کھانے یا شراب کی محفل میں بے بلائے جا پہنچے۔

وَافِد۔ آنے والا۔ سفیر اور ایلچی بن کر آنے والا ج:۔ وُفُود۔ وَفْد۔ اَوْفَاد وُفَّد

وَافِرَة۔ دُنبہ کا سرین جب کہ وہ بڑا ہو۔

وَاقِفٌ۔ کلیسا کا خادم۔

وَاقٍ۔ حفاظت کرنے اور نگاہ رکھنے والا

وَاقِع۔ گرنے والا۔ ہونے والا۔

وَاقِعَة۔ سختی۔ مصیبت۔ سخت حادثہ۔ قیامت کا دن۔ بہادر آدمی۔

وَاكِن۔ انڈوں پر بیٹھا ہوا پرندہ۔ ج:۔ وَاكِنَات

وَأَل۔ وُؤُول۔ وَئِيل۔ (ض) (الی) کسی کی حفاظت اور پناہ میں جانا۔ رہائی اور چھٹکارا۔ تلاش کرنا۔ مکان کی طرف دوڑنا۔

وَالِبَة۔ دوبارہ اُگ آیا ہوا کھیت۔ قوم کے نوجوان۔ گائے اور بکری کے بچے۔

وَالِجَة۔ مصیبت۔ سختی۔ دانتوں کی بیماری پیٹ کا درد۔

وَالِد۔ باپ۔

وَالِدَة۔ ماں۔

وَالِدَان۔ ماں باپ۔

وَالِهٌ۔ عشق اور محبت کے سبب بے چین اور دیوانہ۔

وَالٍ۔ حاکم۔ نزدیک۔ حمایتی۔ گورنر۔ ج:۔ وُلَاة۔

وَاهًا لَهٗ۔ یہ چیز کیا ہی خوبصورت ہے۔ کسی عمدہ چیز کو دیکھ کر تعجب کے لیے بولتے ہیں افسوس کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

وَاهِنَة۔ سست عورت۔ پہلو (کروٹ) کی چھوٹی ہڈی۔ گردن کا مہرہ۔ بازو کی ہڈی۔ گھوڑے کی پسلیاں۔

وَاهِيَة۔ سست۔ پھٹی ہوئی چیز۔ کمزور ڈھیلی ڈھالی شے۔

وَأْي۔ آدمیوں کا شمار اور گنتی وہم۔ گمان مص (ض) گمان کرنا۔ خیال کرنا وعدہ کرنا۔

وَأَى۔ تیز چلنے والا گھوڑا گدھا وغیرہ۔

وَبَا۔ عام موت۔ طاعون۔ بیماری خواہ کسی قسم کی ہو۔ ج:۔ اَوْبَاء اَوْبِئَة۔

وَبَّاص۔ چمکدار۔ چمکیلا۔ جگمگاتا ہوا چاند۔

وَبَّاعَة۔ کون پاخانہ کا مقام۔

وَبَال - سختی - بوجھ - مصیبت - تکلیف
وَبَل - پہاڑ کی کھوہ - غار - پہاڑ کا گڑھا - خراب حالت - زندگی کی سختی اور تکلیف بچوں اور کنبہ وغیرہ کی کثرت اور مال کی کمی - غصہ - جلن - عیب - کپڑے کا پرانا پن -
وَبَر - اونٹ اور خرگوش وغیرہ کے بال - ج :- اَوْبَار - مص (س) بالوں والا ہونا -
وَبْر - بلی کی شکل کا ایک چھوٹا سا جانور - ج :- وُبُور - وِبَار - وِبَارَۃ - مص (ض) ٹھہرنا - سکونت کرنا -
وَبْط - (ض) مرتبے سے گرا دینا - زخم کو کھول دینا -
وَبْط - وُبُوط - وَبَاطَۃ - (ض - س - ک) کمزور رائے والا ہوجانا - کم سمجھ ہوجانا -
وَبَغ - سر کی بھوسی اور خشکی جو کھجلانے کے وقت جھڑتی ہے -
وَبْل - وُبُول - وَبَال - (ک) ناپسند ہونا ناگوار ہونا - بھاری ہونا -
وَبْل - بڑی بڑی بوندوں کا مینہ مص (ض) ابر کا بڑے بڑے قطروں کا مینہ برسانا - شکار کو خوب دوڑانا - لاٹھی وغیرہ سے مارنا -
وَبْلَۃ - بھاری پن - سختی - بدہضمی -
وُبُوق - وَبَق (ض - س - ح) ہلاک اور تباہ ہوجانا -
وَبَہ - عقل مندی - بزرگ منشی - مص (ف) (ل) جاننا -

وَبِیص - (ض) چمکنا - جگمگانا -
وَبِیصَۃ - آگ -
وَبِیل - سخت دشوار کام - بھاری اور بدہضم خشک موٹی لکڑی - ملائم ٹہنی - وہ لکڑی جس سے ناقوس بجاتے ہیں - گیلا کپڑا کوٹنے کی موگری - ج :- وُبُل
وَبِیئَۃ - وہ جگہ یا مقام جہاں وبا پھیلی ہوتی ہو -

و - ت

وَتَا - پیپ - خون - کیچڑ -
وَتَأ - (ف) بڑھاپے یا نیکی اور بزرگی کے سبب آہستہ آہستہ گردن جھکائے ہوئے چلنا - نظریں جھکا کر چلنا -
وَتْح - تھوڑی اور حقیر چیز - مص (ض) کم دینا کم عطا کرنا -
وَتَد - کھونٹی خواہ دیوار میں گڑی ہوئی ہو یا زمین میں - ج - اَوْتَاد -
وَتْد - (ض) کھونٹا - کھونٹی - کیلی ٹھونکنا - گاڑنا -
وِتْر - تنہا - اکیلا - طاق (جفت کی ضد) کینہ ظلم، عرفہ کا دن - ظلم کی زیادتی -
وَتَر - کمان کا چلہ - ج: اَوْتَار
وَتْر - (ض) ظلم کرنا - کمان پر چلہ چڑھانا - وتر نماز پڑھنا - ڈرانا - کسی کو اس کا حق کم دینا -
وَتِیرَۃ - بہترین اور عمدہ چیز - ناک کا پردہ -

جو دونوں سوراخوں کے بیچ میں ہے کان کے اوپری حصّہ کی ایک چھوٹی ہڈی ۔ زبان کے نیچے کا پٹھا ۔ ناک اور مونچھ کے درمیان کی جگہ ۔ ہر دو انگلیوں کے درمیان یا انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان کی کھال کمان کا وہ حصّہ جہاں سے تیر نکلتا ہے ۔ ج : ۔ وَتَر ۔ وَتَرَات

وَتَغ ۔ درد ۔ بے عقلی اور بد تمیزی کی گفتگو بے وقوفی کی زیادتی ۔ مص (س) گنہ گار ہونا ۔ ہلاک ہو جانا ۔

وُتُوحَۃ ۔ وَتَاحَۃ (ك) کم ہو جانا ۔ گھٹ جانا ۔

وُتُون ۔ (ض) ہمیشہ رہنا ۔ پانی کا ہمیشہ جاری رہنا ۔

وَتِیرَۃ ۔ کینہ ۔ ظلم ۔ دشمنی ۔ قبر ۔ سُرخ پھول ۔ سفید پھول ۔ گھوڑے کی پیشانی ۔ سفیدی ۔ طور ۔ طریقہ راستہ ۔ عیب ۔ کام میں سستی ناک کا پردہ ۔ ج : ۔ وَتَائِر ۔

وَتِین ۔ دل کی رگ ۔ ج : ۔ وُتُن ۔ اَوْتِنَۃ

و ۔ ث

وَثْأ ۔ وَثَأ ۔ (س) ہڈی کو نقصان پہنچے بغیر صدمہ پہنچنا (ہاتھ کا) بغیر ہڈی ٹوٹے معیوب و بے کار ہو جانا ۔

وَثَاب ۔ تخت ۔ بچھونا ۔ فرش ۔ بیٹھنے کی جگہ ۔

وَثَاجَۃ ۔ (ك) گوشت کا زیادہ ہو جانا ۔ بہت گوشت والا ہو جانا ۔

وَثَارَۃ ۔ چربی کی کثرت مص (ك) نرم ہو جانا ۔ موٹا ہونا ۔

وَثَاق ۔ بند ۔ بندھن ۔ بیڑی ۔

وَثَاقَۃ ۔ (ك) پختہ اور مضبوط ہونا ۔

وَثَامَۃ ۔ (ك) گوشت سے بھرا ہوا ہونا

وَثْب ۔ وُثُوب ۔ وَثَبَان ۔ (ض) کودنا پھاندنا ۔

وَثْر ۔ (ض) روندنا ۔ نرم کرنا ۔ جماع کرنا

وِثْر ۔ نرم بستر ۔ نرم بچھونا ۔

وُثْقَی ۔ بہت مضبوط ۔ مذ : ۔ اَوْثَق

وَثْل ۔ چھواروں کے درخت کی چھال سے بنی ہوئی رسّی ۔ ج : ۔ اَوْثَال ۔

وَثْم ۔ توڑنا ۔ کوٹنا ۔ پتھر کا گھوڑے کے سم کو خون آلودہ کر دینا ۔ دوڑنا ۔ جمع کرنا ۔

وَثَن ۔ بت ۔ مورتی ۔ ج : ۔ اَوْثَان ۔ وُثُن

وَثَنِی ۔ بت پرست ۔ ہندو (د)

وَثِیرَۃ ۔ وہ کپڑا جو عمدہ اور نفیس کپڑوں پر ڈال دیا جائے تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہیں ۔ زین کا نمدہ ۔ نرم بستر پھاڑنے والے جانوروں کی کھال ۔ موٹی تازی عورت ۔ ج : ۔ وَثَائِر ۔ وِثَار ۔

وَثِیقَۃ ۔ عہد نامہ (آپس کا معاملہ اور اس کی شرطیں جو ایک کاغذ وغیرہ پر لکھ دی جاتی ہیں تاکہ فریقین اس کے پابند رہیں (د) ٹھیکہ ۔ ج : ۔

وَثَائِق۔
وَثِیل۔ چھواروں کے درخت کی چھال پرانی عمر کا درخت۔
وَثِیمَۃ۔ سنگریزہ کنکری کھانا یا چارہ جمع کیا ہوا۔ ج:۔ وَثَائِم۔

و۔ج

وَجْأٌ۔ (ف) ہاتھ یا چھری سے مارنا۔ جماع کرنا۔ بوک کے فوطوں کو پتھر سے کچل کر خصی کرنا۔
وِجَاب۔ پانی کے ٹھہرنے کی جگہ۔
وَجَّاب۔ نہایت بے وقوف اور ڈرپوک۔
وِجَاح۔ پردہ۔ چمکتا ہوا پتھر۔ تھوڑا سا پانی
وِجَار۔ بجو وغیرہ کا بھٹ۔ کھوہ۔ غار۔ ج:۔ اَوْجِرَۃ۔ وُجُر۔
وِجَاہ۔ اندازہ۔ مقدار بولتے ہیں۔ ھٰذَا وِجَاہُ اَلْفٍ یہ بقدر ایک ہزار کے ہے۔
وَجَاھَۃ۔ عزت۔ آبرو۔ رعب مص (ك) عزت دار ہونا۔
وَجْب۔ وَجِیب۔ وَجَبَان (ض) دل دھڑکنا۔
وَجْبَۃ۔ رات دن میں ایک بار کھانا۔ ایک دم گر پڑنا۔
وَجْد۔ مالداری۔ پانی کے ٹھہرنے کی جگہ۔ عشق۔ پریشانی ج:۔ وِجَاد۔ مص (ض) مالدار ہونا۔ رنجیدہ اور غمگین ہونا۔
وُجْد۔ تونگری۔ وسعت۔ مقدور۔

وَجْد۔ وِجْدَان۔ وُجُود۔ (ض) پانا حاصل کرنا۔
وَجْدَۃ۔ وِجْدَۃ (ض) (علیٰ) کسی پر غصہ کرنا خفا ہونا۔
وَجْذ۔ پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے حوض۔ ج:۔ وِجْدَان۔ وِجَاذ
وَجْر۔ پہاڑ کی کھوہ مص (ض) منہ میں دوا ٹپکانا۔
وَجَر۔ (س) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
وَجْرَۃ۔ شکار کا گڑھا جو وحشی جانوروں کے شکار کے لئے بنایا جاتا ہے تاکہ جب اس پر سے ہو کر گزرنا چاہیں گر جائیں۔ ج:۔ اَوْجَاد
وَجْز۔ وَجَازَۃ۔ وُجُوز۔ (ك۔ ض) مختصر کلام کرنا۔
وَجَع۔ رنج۔ صدمہ۔ درد۔ ج:۔ وِجَاع اَوْجَاع مص (س) رنجیدہ اور دردمند ہونا۔
وَجِعٌ۔ رنجیدہ اور دردمند آدمی۔ ج:۔ وَجْعیٰ۔ وَجَاعیٰ
وَجْفٌ۔ وُجُوفٌ۔ وَجِیفٌ۔ (ض) تڑپنا اور بے آرام ہونا۔ گھوڑے کا دوڑنا۔
وَجِل۔ ڈرپوک آدمی۔ ج:۔ وِجَال۔ م: وَجِلَۃ۔
وَجَل۔ (س) ڈرنا۔ خوف کھانا۔
وَجْم۔ کمینہ اور ذلیل آدمی۔ جنگل کے راستوں کے نشانات ج:۔ وُجُوم۔ اَوْجَام مص (ض) پسند نہ کرنا

برا سمجھنا ۔ خوف یا سخت غصّہ کی وجہ سے خاموش ہوجانا ۔
وَجمَۃ ۔ ننگ ۔ شرم ۔ غیرت ۔ عار ۔
وَجن ۔ (ص) دھوبی کا کپڑوں کو کوٹنا ۔ [ب] دور پھینکنا ۔ زمین میں کھونٹا گاڑنا
وَجناء ۔ موٹے جسم کی قوی اونٹنی ۔
وَجنَۃ ۔ رخسار ۔ (گال) ۔ ج :۔ وَجنات ۔
وُجُوب ۔ (ض) ثابت اور لازم ہونا ۔ گر پڑنا سورج کا چھپ جانا ۔ آنکھ کا گڑھے میں گھس جانا ۔ مرجانا ۔
وُجُوبَۃ ۔ (ك) ڈرپوک اور بے وقوف ہوجانا
وُجُود ۔ ہستی ۔
وَجُور ۔ منہ میں ڈالنے کی دوا ۔ ناپسند بات ۔
وَجم ۔ (ض) غم اور غصّہ کی وجہ سے سر جھکا لینا ۔ خاموش ہوجانا ۔
وَجہٌ ۔ آدمی یا کسی اور چیز کا چہرہ ۔ مقصد ۔ ذات ۔ نفس ۔ سردار ۔ رضامندی طریقہ ۔ وقت کی ابتدا ۔ ج :۔ وُجُوہٌ اَوجُہٌ مص (ض) کسی کے منہ پر مارنا ۔
وَجہُ النَّہار ۔ آغاز روز ۔
وِجھَۃ ۔ قبلہ اور سمت جس کی طرف منہ کیا جائے ۔
وِجھَۃُ النَّظر ۔ نقطہ نظر ۔
وَجِین ۔ وادی کا کنارہ ۔ سخت زمین ۔
وَجِیہٌ ۔ قوم کا سردار ۔ آبرو اور عزت والا ۔ ج :۔ وُجَہاءُ ۔

و ۔ ح

وَحد ۔ وَحدَۃ ۔ (ض) اکیلا ہونا ۔
وَحَافَۃ ۔ وُحُوفَۃ ۔ (ك) گھاس اور بالوں کا گھنا اور زیادہ ہونا ۔
وِحَام ۔ حاملہ عورتوں کی رغبت کسی کھانے کی چیز کی طرف مص (س) چوپایہ کا بوجھ لادنے کے وقت سرکشی کرنا ۔
وَحد ۔ اکیلا ۔ تنہا (اس کا استعمال ضمیر کی طرف اضافت کے ساتھ ہوتا ہے)
وَحِد ۔ یگانہ ۔ یکتا جس کا کوئی مثل اور شریک ساتھی نہ ہو ۔
وَحدَۃ ۔ یکتائی ۔
وَحر ۔ کینہ ۔ غصّہ ۔ حسد ۔ دشمنی ۔ دل کی تاریکی ۔
وَحَرَۃ ۔ چھپکلی کی شکل کا ایک سرخ رنگ کا زہریلا کیڑا ۔ کالی یا سرخ رنگ کی پستہ قد عورت ۔ چھوٹے قد کا اونٹ مص (س ۔ ض) دل میں کینہ اور عداوت رکھنا
وَحش ۔ جنگلی جانور ۔ وا ۔ وَحشِیّ ۔ ج :۔ وُحُوش ۔ وُحشَان ۔ حِمارُ وَحشِیّ گورخر ۔ بَلَدٌ وَحشٌ ۔ ویران اور اجڑا ہوا شہر ۔ مص (ض) دشمن کے خوف سے کپڑے پھینک کر بھاگنا ۔
وَحشَۃ ۔ تنہائی ۔ پریشانی ۔ گھبراہٹ ۔ سوکھی زمین مص (ض) غم کرنا ۔
وَحشِیّ ۔ جنگلی جانور ۔ کسی چیز کی دائیں بائیں جانب
وَحصَۃ ۔ جاڑا ۔

وَحْف کالے چمکیلے اور گھنے بال ۔ پرندہ کا بہت پروں والا بازو ۔ تازہ گھاس مص (ض) قریب آنا ۔ جلدی کرنا ۔

وَحْفَاء ۔ وہ زمین جس میں سیاہ پتھر پائے جائیں ۔ ج : ۔ وَحَافِیْ ۔

وَحْفَة ۔ آواز ۔ کالا پتھر ۔ ج : ۔ وِحَاف

وَحَل ۔ کیچڑ ۔ پتلا گارا ۔ ج : ۔ اَوْحَال وُحُول

وَحَم ۔ حاملہ عورت کو کسی چیز کے کھانے کی رغبت ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ پرندے کے بازو ۔ اور پروں کی آواز ۔ (ح ۔ س) ۔ خواہش کرنا ۔ مص

وَحَیْ ۔ آدمیوں کی آوازیں ۔ بڑا سردار ۔ بادشاہ ۔

وَحْیٌ ۔ اشارہ ۔ خط و کتابت ۔ پیغام ۔ راز کی بات ۔ چھپی ہوئی بات ۔ وہ چیز جو کسی کے پاس بھیجی جائے ۔ ج : ۔ وُحِیّ ۔ مص (ض) دل میں ڈال دینا ۔ (الی) بھیجنا (ل) اشارہ کرنا ۔

وَحِیْد ۔ یگانہ ۔ اکیلا ۔ تنہا ۔ وَحِیْدُ الْعَصْرِ ۔ اپنے زمانہ کا بے مثل اور بے نظیر آدمی ۔

و ۔ خ

وَخّ ۔ رنج ۔ قصد ۔

وَخَامَة ۔ وُخُوْمَة (ك) ناگوار اور ناپسند ہونا ۔

وَخْد ۔ وَخَدَان ۔ اونٹ کی ایک خاص چال مص (ض) اونٹ اور شترمرغ کا ایک خاص طریقہ پر چلنا ۔

وَخْز ۔ تھوڑی چیز بولا جاتا ہے ۔ جَاءَ وَخْزًا ۔ وَخْزًا چار چار آئے مص (ض) نیزہ مارنا ۔ ملانا ۔ سر کے تھوڑے بالوں کا سفید ہوجانا ۔ بالوں کا کھچڑی ہوجانا ۔

وَخْش ۔ بے کار اور خراب چیز ۔ ہیچ اور کمینہ آدمی ۔ ج : ۔ اَوْخَاش

وَخْض ۔ (ض) نیزہ سے معمولی زخم کرنا ۔ بالوں کا کچھ سیاہ کچھ سفید ہوجانا ۔

وَخْط ۔ (ض) سفید بالوں کا سیاہ بالوں میں مل جانا ۔ جلدی کرنا ۔ اچٹتا ہوا ہلکا نیزہ مارنا ۔ چلتے ہوئے جوتے کا آواز کرنا ۔

وَخْف ۔ (ض) خطمی کو اتنا ملنا کہ لعاب اٹھ آئے ۔ برائی کے ساتھ کسی کا ذکر کرنا ۔ پیٹھ پیچھے برا بھلا کہنا ۔

وَخْم ۔ بھاری ۔ ناموافق ۔ ج : ۔ اَوْخَام وِخَام

وَخْوَاخ ۔ ڈھیلے اور کمزور جسم کا آدمی ۔ سست نامرد ۔ جسے عورتوں کی خواہش نہ ہو ۔ ملائم چھوارہ ۔

وَخْوَخَة ۔ مرغ کی آواز ۔ مرغ کی آواز کی نقل ۔

وَخُوْم ۔ بھاری پتھر ۔ ناموافق آدمی ۔ وہ زمین جس میں عمدہ گھاس نہ ہو ۔

وَخْیٌ ۔ قصد ۔ ارادہ ج : ۔ وُخِیّ ۔ مص (ض) کسی چیز کا ارادہ کرنا ۔ درمیانی چال چلنا ۔ نہ آہستہ نہ تیز ۔

وَخِیفَة ۔ خطمی کا لُعاب ۔ ج :۔ وَخَائِف

و ۔ د

وُدّ ۔ وَدّ ۔ وِدّ ۔ سچا دوست بیحد محبت کرنے والا ۔ ج :۔ اَوِدَّاء ۔ اَوُدَاد ۔ وَدِیْد ۔

وُدّ ۔ وَدَاد ۔ وَدَادَة ۔ (س) آرزو کا پورا ہونا ۔ آرزو کرنا ۔ دوست رکھنا ۔

وَدّ ۔ قومِ نوح کے ایک بت کا نام ۔

وَدٌّ ۔ مَوَدَّة ۔ (س) دوست رکھنا محبت کرنا ۔

وَدْء ۔ (ف) برابری کرنا ۔ بُرائی میں لپیٹ لینا (کسی کو بُرائی میں گھیر لینا) گھوڑے کا اپنے ذکر کو پیشاب کرنے یا جفتی کے لئے نکالنا ۔

وَدَاءٌ ۔ ہلاکی ۔ ہلاکت ۔

وَدَاعٌ ۔ رخصت ۔ جُدائی ۔

وَدَاعَة ۔ جسم کا آرام ۔ زندگی کا عیش و راحت مص (ك) سفر کو جاتا جوش حال ہونا

وَدَج ۔ گردن کی رگ ۔ سبب ۔ وسیلہ ۔

وَدَجَان ۔ دو بھائی ۔

وَدْش ۔ تباہی ۔ فساد ۔

وَدْص ۔ (ض) (انی) کسی سے گفتگو شروع کرنا اور ختم نہ کرنا ۔

وَدْع ۔ قبر ۔ قبر کا چبوترہ یا احاطہ مص (ف) چھوڑنا ۔ جُدا کرنا ۔ رخصت کرنا ۔

وَدَعَة ۔ کوڑی یا سیپی ۔ ج :۔ وَدَعَات

وَدْف ۔ (ض) پگھلنا ۔ ٹپکنا ۔ کم کرنا ۔

وُدْفَة ۔ وَدِیفَة ۔ سرسبز و شاداب باغ

وَدْق بارش ۔ آنکھ کی ایک بیماری مص (ض) برسنا ۔ ٹپکنا (ب) مانوس ہونا (انی) نزدیک ہونا ۔ پیٹ کا بڑا ہونا ۔ تلوار کا تیز ہونا ۔

وَدَك ۔ گوشت کی چکنائی ۔ چربی مص (س) چکنا ہوتا ۔ چربی دار ہونا ۔

وَدْگَاء ۔ ریت کا تودہ (ڈھیر) ایک جگہ کا نام

وَدْن ۔ وِدَان ۔ (ض) کسی چیز کو گیلا اور تر رکھنا ۔ کسی چیز کو مختصر کرنا (ب) کسی چیز سے مارنا ۔

وَدْن ۔ (س) عورت کا دُبلا اور کمزور بچہ جننا ۔

وَدُوْد ۔ دوست ۔ بہت محبت کرنے والا اللہ جل شانہٗ کا نام نامی ۔

وَدِیّ ۔ وہ پیپ دار پانی جو پیشاب کے بعد نکلے ۔

وَدِیْع ۔ تن آسان ۔ محنت نہ کرنے والا ۔ آرام کا عادی ۔ عہد و پیمان ۔ ج :۔ وَدَائِع ۔

وَدِیْعَة ۔ امانت ۔ امانت رکھی ہوئی چیز ۔ ج :۔ وَدَائِع ۔

وَدِیْك ۔ موٹی تازی چربی سے بھری ہوئی مُرغی ۔

و ۔ ذ

وَذْءٌ ۔ نامناسب ۔ غلط اور بُری بات بُرا کلام مص (ف) عیب لگانا ۔

وَذْءَة ۔ مرض ۔ بیماری ۔ صحت کی

خرابی۔عیب۔
وُذَارَةٌ - درزی کی کترنیں۔کپڑوں کی کاٹ چھانٹ سے بچی ہوئی دھجیاں۔
وَذْرٌ - (ض) کپڑے وغیرہ کو کاٹنا۔تراشنا زخم کو نشتر سے چیرنا۔
وَذْرَةٌ - گوشت کی گول بوٹی۔گوشت کا ٹکڑا
وَذِلَةٌ - شادمان اور خوش عورت۔ چالاک اور ہوشیار نوکر۔
وَذَمٌ - زیادتی۔مسّہ۔ڈول کے کنارہ کے تسمے۔
وَذَمَةٌ - انتڑی۔ج:۔ وِذَامٌ
وَذْيٌ - درد۔بیماری۔تھوڑا پانی۔عیب۔
وَذِيلَةٌ - آئینہ۔چاندی کا ٹکڑا۔ج:۔ وَذِيل وَذَائِل۔
وَذِيمَةٌ - نذر کا مال۔خانۂ کعبہ کا تحفہ۔ج:۔ وَذَائِم۔

و - ر

وَرْءٌ - (ف) دور کرنا۔ مِنَ الطَّعَامِ پیٹ بھر کر کھا لینا۔
وَرَاءَ - پیچھے۔جیسے مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ (پردہ کے پیچھے سے) آگے۔ مثلاً۔ كَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ (ان کے آگے ایک بادشاہ تھا) پوتا۔
وِرَاطٌ - دھوکہ دینا۔مکر و فریب کرنا۔
وَرَاعَةٌ - وُرُوعٌ۔وَرْعَةٌ (ف۔ك) ڈرپوک اور بزدل بن جانا۔
وَرَاعَةٌ - وَرَعٌ۔ وُرُوعٌ۔ (ح۔س ك۔ف) پرہیزگار و نیک ہونا۔برائیوں سے بچنا۔
وَرَّاقٌ - بہت درہم دینار والا آدمی۔ کاغذ کاٹنے والا۔ورق بنانے والا۔لکھنے والا۔(د) کاغذ فروش۔
وِرَاكٌ - کاٹھی کے آگے چھوٹا سا تکیہ۔کاٹھی کی وہ جگہ جہاں اونٹ کا سوار اپنے پاؤں سہارنے کے لیے ٹیک کر رکھتا ہے۔ج:۔ وُرُكٌ۔
وَرَبٌ - (س) خراب اور فاسد ہونا۔
وَرْبٌ - جنگلی چوپایوں کا گلہ۔بچھو۔چوہے وغیرہ کے سوراخ کا منہ۔کوئی رہا غار کا سوراخ)۔ج:۔ أَوْرَابٌ۔
وَرْبَةٌ - چھوٹا عمامہ (د)
وِرْدٌ - وظیفہ۔پرندوں کا غول۔پانی جس پر لوگ آتے ہیں۔فوج کا ایک دستہ مص(ض) پانی پہ آنا۔نوبت کے ساتھ بخار آنا۔
وَرْدٌ - گلاب کا پھول ۔وا:۔ وَرْدَةٌ۔ زعفران۔شیر۔بہادر آدمی۔ج:۔ أَوْرَادٌ۔وِرَادٌ۔وُرُدٌ۔
وَرْدٌ - زردی مائل۔سرخ رنگ کا گھوڑا۔ ج:۔ وُرُودٌ۔
وَرْدَةٌ - گلابی۔بہت سرخ۔
وَرْسٌ - ایک گھاس ہے جو رنگنے کے کام میں آتی ہے۔
وَرَسٌ - (س) پتھر پر کائی جم جانا۔اس قدر کہ وہ پتھر سبز اور پھسلواں ہو جائے۔

وَرَشَة - کارخانہ (د)
وَرَصَ - (ض) پتلا پاخانہ پھرنا - ایک بارگی - انڈا دینا -
وَرْطَة - گڑھا - ہلاکت کی جگہ - سپاٹ زمین جس میں راستہ اور نشانات وغیرہ نہ ہوں - بلا کی پھسلن اور کیچڑ کی جگہ - مشکل - مصیبت - ج: - وِرَاط - وَرَطَات -
وَرَع - پرہیزگاری - ڈرپوک آدمی - ج: - أَوْرَاع
وِرَاف - جگر کے اطراف کا وہ حصہ جو باریک اور پتلا ہو -
وَرَفَ - وَرِيْف (ض) پھیلا ہوا، اور چوڑا ہونا -
وَرَق - کاٹا ہوا کاغذ - درخت پتہ - خون کی بوند - وا: - وَرَقَة - سکّہ لگائی ہوئی چاندی - درہم، دینار (د) نوٹ - ج: - أَوْرَاق - وِرَاق (ع)
وَرِق درہم - روپیہ وغیرہ - ج: - أَوْرَاق
وَرَقُ الْبُوْسَطَة - کارڈ ٹکٹ (د)
وَرَقُ تَحْوِيْل - بنک کا چیک (د)
وَرَقُ الْمَكَاتِيْب - لیٹر پیپر (د)
وَرْقَاء - مادہ بھیڑیا - کبوتر - فاختہ - ج: - وُرَاق -
وَرِقَة - کمینہ اور ذلیل عورت - بہت پتوں والا درخت -
وَرَقَة - بیچ اور کمینہ آدمی - شریف اور بزرگ آدمی (ضد) ایک پتّا -
وَرَقَةُ الزِّيَارَة - ملاقاتی کارڈ (د)

وَرِك - ران کے اوپر کا حصہ - ج: - أَوْرَاك
وَرَل - گوہ کی شکل کا ایک چھوٹا سا جانور - ج: - وِرْلَان - أَوْرَال - أَرْوُل -
وَرَم - سوجن - ج: - أَوْرَام - مص (س) سوج جاتا -
وُرُوْد - (ض) آنا - اترنا (د) اسم - درآمد اشیائے تجارت
وَرْوَرَة - گھور کر دیکھنا جلدی بولنا -
وُرُوْش - (ض) برے کاموں میں پڑا رہنا - لالچی ہونا -
وُرُوْك - (ض) (ب) کسی جگہ رہنا - (علی) کسی کام پر قادر ہونا - سرین زمین پر رکھنا - چت لیٹنا -
وَرَه - (س) بے وقوفی کرنا - خوب ہوا چلنا
وَرَى - مخلوقات - پیدا کی ہوئی چیزیں - دنیا - جہان -
وَرْيٌ - پیٹ کا زخم مص (ض) پھیپھڑے پر مارنا - آگ کا بھڑکنا - چقماق سے آگ نکلنا (ح) گودے کا ہڈی میں جمع ہونا -
وَرْيَة - چیتھڑا - کپڑے کا ٹکڑا - لکڑی وغیرہ جس سے آگ سلگائی جائے -
وَرِيْد - گردن کی رگ - شہ رگ - ج: - أَوْرِدَة -
(ثوب) وَرِيْس - ورس سے رنگا ہوا کپڑا

و - ز

وَزّ - پانی پرندہ - بط -
وَزْءٌ - (ف) گوشت کو خشک کرنا - قوم

کو تتر بتر کر دینا - جدائی کرنا - علیحدہ کرنا - پھوٹ ڈالنا -

وِزَارَة - وزیری - وزیر کے عہدہ کا نام (د) کیبنٹ - مجلس وزراء -

وِزَارَةُ الْحَقَّانِيَّة - وزارت انصاف (د)

وِزَارَةُ الْخَارِجِيَّة - فارن آفس (د)

وِزَارَةُ الدَّاخِلِيَّة - ہوم آفس (د)

وِزَارَةُ الدِّفَاع - وزارت جنگ (د)

وِزَارَةُ الْمَعَارِف - وزارت تعلیم (د)

وِزَارَةُ الْمُوَاصِلَات - وزارت رسل و رسائل -

وِزَان - ہم وزن - برابر

یہ اُس کے برابر ہے -

وِزَانَة - (ك) بھاری ہونا - عقل مند ہونا - وزنی رائے والا ہونا -

وِزْر - گناہ - بوجھ - کپڑے - ہتھیار وغیرہ بھاری گٹھری - ج: اَوْزَار مص (ض) پیٹھ پر بوجھ اُٹھانا - گناہوں میں پھنسنا -

وَزَر - قلعہ - اونچا پہاڑ - پناہ کی جگہ -

وَزَغ - کپکپی - بیمار آدمی - ذلیل و خوار آدمی -

وَزَغَة گرگٹ - ج: وَزَغ - اَوْزَاغ - وِزْغَان - إِزْغَان - وِزَاغ -

وَزْمَة - (ض) مال میں تھوڑا سا نقصان پہنچنا -

وَزْن - تول - اندازہ ج: اَوْزَان ایک ستارہ مص (ض) تولنا - اندازہ کرنا - شعر کو موزوں کرنا -

وُزُوب - (ض) پانی کا بہنا -

وَزَى - ٹھگنے قد کا مضبوط آدمی - قوی گدھا -

وَزِير - بادشاہ کا خاص مصاحب مشورہ دینے والا - اور سلطنت کے کاموں کا انتظام کرنے والا - ج اَوْزَار - وُزَرَاء -

وَزِيم - ساگ کا مٹھا - بچا ہوا شوربہ - موٹا آدمی - خشک گوشت -

وَزِيمَة - خشک گوشت - ساگ کا مٹھا

وِسَاد - تکیہ - تکیہ کی جگہ ج: وُسُد - وَسَائِد

وَسَاعَة - (ك) کشادہ ہونا - گنجائش والا ہونا - وسیع ہونا -

وِسَام - تمغہ - سلطنت - فرمان سلطنت -

وَسَامَة - خوبصورتی - زیبائی مص (ك) خوب صورت ہونا -

وِسْب - گھنی گھاس -

وَسَخ - میل کچیل مص (س) میلا ہونا -

وَسَط - بیچوں بیچ - درمیانی -

وَسْط - بیچ - میانہ (ظرف ہے) - اگر کسی چیز کے مختلف علیحدہ علیحدہ جز ہوں تو لفظ وسط لائیں گے جیسے جَلَسْتُ وَسْطَ الْقَوْمِ میں قوم کے بیچ میں بیٹھا - اور اگر اس چیز کے مختلف جز نہ ہوں تو پھر وَسَط لائیں گے جیسے جَلَسْتُ وَسَطَ الدَّارِ میں گھر کے بیچ میں بیٹھا مص (ض) - درمیان میں ہونا - درمیان میں بیٹھنا -

وُسْطَى بیچ کی اُنگلی - الصَّلٰوةُ الْوُسْطٰى

فجر یا ظہر یا عصر یا مغرب یا عشاء کی نماز۔ اس کے علاوہ بھی متعدد قول ہیں۔ غالباً زیادہ صحیح یہ ہے کہ اس سے عصر کی نماز مراد ہے۔

وُسْعٌ ۔ فراخی (تنگی کی ضد) مال داری۔ طاقت۔ قبضہ۔

وَسْق ۔ اونٹ کا بوجھ۔ ساٹھ صاع۔ (ایک پیمانہ)۔ ج:۔ وُسُوق۔ اَوْسُق مص (ض) جمع کرنا۔ لاد دھنا۔ ہانکنا۔

وَسْم ۔ نشان۔ داغ۔ ج:۔ وُسُوم۔ مص (ض) نشان لگانا۔ داغ دینا۔

وَسْمَۃ ۔ ایک گھاس جس کے پتّوں سے سر اور ڈاڑھی پر خضاب کرتے ہیں۔

وَسَن ۔ حاجت۔ ضرورت۔ بھاری پن۔ نیند۔ اُونگھ۔ ج:۔ اَوْسَان

وَسَنٌ ۔ سِنَۃٌ نیند۔ اُونگھ۔ غفلت۔ مص (س) سونا۔

وَسْوَاس ۔ برا اندیشہ۔ برا سوچ بچار۔ بُرا خیال جو دل میں گزرے۔ زیور کی جھنکار ہوا کی وجہ سے درختوں کے جھومنے کی آواز۔

وَسْوَسَۃ ۔ دِل میں کسی بُرے خیال کا کھٹکنا وسوسہ ڈالنا۔

وَسِیْج ۔ اونٹ کی ایک خاص چال مص (ض) اونٹ کا تیز چال چلنا۔

وَسِیْط ۔ بیچ۔ جو جھگڑا کرنے والوں کے بیچ میں پڑا ہوا ہو۔ جو شخص نسب میں اچھا اور قدر و منزلت میں سب سے اونچا ہو۔

وَسِیْقَۃ ۔ ایک ساتھ سفر کرنے والے۔ اونٹوں کا گلہ۔ ج:۔ وَسَائِق۔

وَسِیْلَۃ ۔ سبب۔ تعلق۔ علاقہ۔ دستاویز مرتبہ۔ پادشاہ کی نظر میں مرتبہ اور عزّت۔ ج:۔ وَسَائِل

وَسِیْمَۃ ۔ خوب صورت عورت۔ ج:۔ وِسَام

و ۔ ش

وَشْیٌ (ض) مختلف رنگوں سے کپڑے پر نقش و نگار بنانا۔ بات پر جھوٹ کا رنگ چڑھانا (ب) کسی کی چغلی کھانا۔

وِشَاح ۔ موتیوں وغیرہ کا ہار۔ ج:۔ وُشُح اَوْشِحَۃ۔ وَشَائِح۔

وَشْج ۔ (ض)، درخت کی شاخوں کا آپس میں لپٹا ہوا اور گھنا ہونا (رشتہ داری کا) شاخ در شاخ ہونا۔

وَشْر ۔ (ض) آرے سے لکڑی چیرنا۔ دانتوں کو تیز کرنا۔

وَشْظ ۔ (ض) ہڈی کو توڑنا۔ کلہاڑی کے دستے میں پچڑ لگانا تاکہ وہ تنگ اور مضبوط ہوجائے۔

وَشْع ۔ ساگ کی کونپل مص (ف) پہاڑ پر چڑھنا۔

وَشْقٌ ۔ (ض) پارچے کرکے گوشت کو خشک کرنا۔ جلدی کرنا (ب) نیزہ مارنا۔

وَشْك ۔ شتابی۔ جلدی مص (ك) جلدی کرنا۔ جلد ہونا۔

وَشَل۔ تھوڑا پانی جو پتھر یا پہاڑ سے رسے تھوڑا یا زیادہ آنسو۔ ج:۔ اَوْشَال ہیبت و جلال۔

وَشَلَان۔ وَشَل۔ (ض) بہنا۔ ٹپکنا۔ سست ہو جانا۔ فقیر اور محتاج ہو جانا (الی) کسی کے سامنے رونا۔ اور فریاد کرنا۔

وَشْم۔ نقش۔ پھول وغیرہ جو جسم پر سوئی گود کر اور نیل بھر کر بنائے جاتے ہیں۔ ج:۔ وُشُوم۔ وِشَام۔ مص (ض) کھال کو گودنا۔ کھال کو سوئی سے گود کر اس میں رنگ بھرنا۔

وَشْوَشَة۔ کڑوی بات۔ ہلکاپن۔

وَشُول۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ ج:۔ وُشُل۔

وُشُول۔ دولت اور مالداری کی کمی۔

وَشْیٌ۔ ایک قسم کا کپڑا (چھینٹ) ج:۔ وِشَاء مص (ض) کپڑے کو چھاپنا۔ اس پر پھول پتی بنانا۔ بات پر جھوٹ کا رنگ چڑھانا (ب) کسی کی چغلی کھانا۔

وَشِیجَة۔ درخت کی جڑ اور ریشہ۔ ج:۔ وَشِیج۔ وَشَائِج۔

وَشِیج۔ چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں۔ بوریا۔ ٹاٹ وغیرہ، جیسے بارش سے بچاؤ کے لئے دیواروں اور چھت پر ڈال دیتے ہیں یا پردہ بناتے ہیں۔

وَشِیعَة۔ غبار کا راستہ۔ کپڑا بُننے والوں کی وہ چرخی جس پر سوت لپیٹا جاتا ہے۔ ج:۔ وَشِیع۔ وَشَائِع

دَشِیق۔ خشک کیا ہوا گوشت۔

و ۔ ص

وَصّ۔ (ن) کام کو پختگی اور مضبوطی کے ساتھ کرنا۔

وَصَاة۔ وعظ۔ نصیحت۔ پند۔

وَصَّاف۔ وصف پہچاننے والا۔ وصف بیان کرنے والا۔

وِصَال باہم ملنا۔ بے غرض دوستی کرنا۔

وِصَایَة۔ نصیحت۔

وِصَایَہ۔ ولایت۔ سرپرستی (د)

وَصَب۔ بیماری۔ ج:۔ اَوْصَاب مص (س) بیمار ہونا۔

وَصَع۔ ایک چھوٹی چڑیا (ممولا) ج:۔ وِصْعَان مص (ف) ڈھانک لینا۔ گھیر لینا۔

وَصْف۔ بیان۔ صفت۔ ج:۔ اَوْصَاف مص (ض) کسی کی صفت بیان کرنا اور تعریف کرنا۔

وَصْفَة۔ نسخہ (د)

وَصْل۔ پیوند۔ بدن کا جوڑ (د) رسید۔ ج:۔ اَوْصَال مص (ض) ملنا۔ ملانا۔ دوستی کو خالص کرنا۔ کپڑے میں پیوند لگانا۔

وَصْم۔ لکڑی کی پھٹن۔ لکڑی کی گرہ (گانٹھ) ننگ۔ شرم۔ عیب ج:۔ وُصُوم۔ مص (ض) جلدی باندھنا۔ جُدا کئے بغیر لکڑی کو پھاڑنا۔ عیب لگانا۔

وَصْوَاص۔ پردہ کا سوراخ جس میں سے جھانکا جا سکے۔ برقع کی آنکھ۔ ج:۔

وُصُوبْ ۔ (ض) ثابت ہو جانا ۔ کوئی کام برابر کرتے رہنا ۔
وُصُوْل ۔ وَصْلَة ۔ (ض) پہونچنا ۔
وَصِیّ ۔ نصیحت کرنے والا ۔ جس کو نصیحت کی گئی ہو ۔ ج :۔ اَوْصِیَاء ۔
وَصُؤَ ۔ (ض) عزت کے بعد ذلیل ہونا ۔ ہلکا ہونے کے بعد بھاری ہونا ۔ قریب ہونا ۔
وَصْیٌ ۔ وُصِیٌّ ۔ وَصَاءَة ۔ (ض) گھاس کا کچھ پچ اور ملا ہوا اُگنا ۔
وَصِیَّة ۔ نصیحت ۔ وہ چیز جس کی نصیحت کی جائے ۔ ج :۔ وُصِیّ ۔ وَصَایَا
وَصِیْد ۔ گھر کے سامنے کی جگہ ۔ چوکھٹ ۔ آستان ۔
وَصِیْف ۔ نوکر ۔ چاکر ۔ غلام ۔ لونڈی ۔ وہ لڑکا جو نابالغ ہو ۔ ج :۔ وُصَفَاء ۔
وَصِیْلَة ۔ عمارت ۔ ایک ساتھ سفر کرنے والا گروہ ۔ تلوار ۔ ارزانی ۔ پیداوار ۔ فراخی ۔ تاگے کا گولا (پیچک) چوڑا میدان ۔ ایک دھاری دار یمنی کپڑا وہ اونٹنی جس کو مشرکین عرب دو مادہ بچے جننے کے بعد بتوں کے نام پر چھوڑ دیتے تھے ۔ ج :۔ وَصَائِل ۔

و ۔ ض

وَضّ ۔ پریشانی اور بے چینی مص (ض) پریشان و بے چین ہونا ۔
وَضَاءَة ۔ چہرے کی صفائی اور خوبصورتی مص (ک) خوبصورت ہونا ۔
وَضّاح ۔ صاف اور ظاہر چیز ۔ گورا اچھا آدمی دن ۔
وَضَاعَة ۔ (ک) ذلیل ہونا ۔ کم مرتبہ ہونا درجے سے گرنا ۔
وَضَح ۔ روشنی ۔ چاند کی سفیدی گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی اور اس کے ہاتھ پاؤں کی سفیدی، بڑھاپا ۔ دودھ راستہ کا بیچ ۔ چاندی کا زیور ۔ ج :۔ اَوْضَاح ۔
وَضَر ۔ میل کچیل ۔ چکنائی ۔ پیالہ کا دھوون ۔ سڑے ہوئے کھانے کی بدبو ۔ زعفران کا ملاؤ ۔ مص (س) میلا ہونا ۔ گندہ ہونا چکنا ہونا ۔
وَضْعٌ ۔ (ف) رکھنا ۔ کسی جگہ پر رکھنا ۔ عاجزی اختیار کرنا ۔ اونٹ کا تیز چلنا ۔ بچہ جننا ۔ (عن من) قرض دار کے قرض میں سے کچھ معاف کر دینا ۔ کسی کو اس کے مرتبے سے گرا دینا ۔
وَضْم ۔ (ض) گوشت کو تختہ یا بورئیے پر رکھنا ۔ تاکہ خراب نہ ہو ۔
وَضَم ۔ قصائی کا تختہ یا بوریا جس پر گوشت کو کاٹا جائے ۔ ج :۔ اَوْضَام
وَضْن ۔ (ض) بننا ۔ پیٹنا ۔ دُہرا کرنا ۔ تہ کرنا ۔
وُضُوء ۔ (ک) وضو کرنا ۔ ہاتھ دھونا اور کلی کرنا ۔ صاف ہونا اور حسین ہونا ۔
وَضُوء ۔ وضو کرنے کا پانی ۔
وَضِیْع ۔ امانت رکھا ہوا سامان ۔ کمینہ آدمی ج :۔ وُضَعَاء
وَضِیْعَة ۔ کھاری اور بدمزہ گھاس عشر ۔ خراج ٹیکس جو بادشاہ رعایا سے وصول ۔

ہے ۔ منہ بولا بیٹا ۔ وہ کتاب جس میں حکمت کی باتیں لکھی ہوں ۔ ج: ۔ وَصَائِع ۔

وَضِیْن ۔ دُوتہ کی ہوئی چیز ۔ نواڑ ۔ ہودہ کا تسمہ (تنگ) ج: ۔ وُضُن ۔

و ۔ ط

وَطَاءٌ ۔ اونچی زمینوں کے بیچ میں نیچی زمینوں کا ٹکڑا ۔ مص (س) پاؤں کے نیچے ملنا کچلنا (ف) تیار کرنا ۔

وَطَاءَۃ ۔ (ک) پامال ہونا ۔

وَطْب ۔ دودھ کی مشک ج: ۔ اَوْطُب ۔ وِطَاب ۔ اَوْطَاب ۔

وَطْحٌ ۔ پلیدی ۔ جانوروں کی بیٹ ۔ جانوروں کے پیروں پر لگی ہوئی مٹی (ض) رگڑ کر ہاتھوں کی پلیدی کو صاف کرنا ۔

وَطْد ۔ (ض) ٹھیک کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ گھیر لینا ۔ زمین کوٹنا تاکہ سخت ہو جائے اپنی جگہ کھڑا رہنا ۔ چلنا ۔

وَطَر ۔ حاجت ۔ ضرورت ۔ مطلب ۔ ج: ۔ اَوْطَار

وَطْس ۔ (ض) بہت زیادہ مارنا ۔ توڑنا ۔

وَطَف ۔ (س) لانبی لانبی پلکوں اور گھنی بھووں والا ہونا ۔ مینہ برسنا ۔

(سَحَابَۃٌ) وَطْفَاء ۔ وہ بادل جس نے اپنے دامن لٹکا دیے ہوں ۔ یعنی برابر برسنے والا بادل ۔

وَطْم ۔ (ض) پاؤں سے کچلنا ۔ پردہ لٹکا دینا ۔

وَطَن ۔ آدمیوں کے رہنے کی جگہ ۔ بکریوں اور گایوں کے بندھے رہنے کی جگہ ج: ۔ اَوْطَان

وُطُن ۔ (ض) ٹھہرنا ۔ رہنا ۔ سہنا ۔

وَطِیْس ۔ تنور ۔ بھٹی ۔ جنگ ۔

وَطِیْءٌ ۔ کوٹا ہوا ۔ پاؤں کے نیچے کچلا ہوا ۔ روندا ہوا

و ۔ ظ

(عِلْم) وَظَائِفُ الْاَعْضَاء ۔ فزیالوجی (د)

وَظْب ۔ (ن) پامال کرنا ۔ کچلنا ۔ پاؤں کے نیچے روندنا ۔

وَظَر ۔ (س) موٹا ہونا ۔ پرگوشت ہونا ۔

وَظْف ۔ (اونٹ کی) بندش کم کرنا ۔ پیروی کرنا

وَظْمَۃ ۔ تہمت ۔

وُظُوب ۔ (ض) پابندی کرنا ۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنا ۔

وَظِیْف ۔ گھوڑے ۔ اونٹ وغیرہ کی ٹانگوں کا پتلا پن ۔ ج: ۔ اَوْظِفَۃ ۔ وُظُف ۔ ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے اونٹ بولا جاتا ہے ۔ جَاءَ الْاِبِلُ عَلٰی وَظِیْفٍ ۔ اونٹ ایک دوسرے کے پیچھے آئے ۔

وَظِیْفَۃ ۔ کھانے پینے ۔ خدمت ۔ کام ۔ عبادت وغیرہ کا روزانہ کا معین حصہ یعنی وہ چیز جو روزانہ کی جائے ۔ شرط ۔ عہد (د) تنخواہ ۔ ج: ۔ وَظَائِف ۔ وُظُف

و ۔ ع

وَعّ ۔ گیدڑ ۔ گیدڑ کی آواز کی نقل ۔ بچے

کے رونے کی آواز
وِعَاء برتن۔ ج:۔ اَوْعِیَة۔ اَوْعَاء۔
وَعَارَة - وُعُوْرَة۔ (ث) سخت ہونا۔ (کسی جگہ کا) کم ہوجانا۔ گھٹ جانا۔
وَعْب - چوڑا راستہ۔ ج:۔ وِعَاب مص (ض) کوئی چیز پوری پوری لے لینا۔
وَعْث - ملائم اور نرم جگہ۔ جہاں پاؤں دھنس جائے۔ دشوار راستہ جس میں چلنا مشکل ہو۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی۔ بھاری بوجھ۔ کر.وری مص (س۔ث) راستہ کا کٹھن راستہ۔
وَعْت - (س) ہاتھ ٹوٹ جانا۔
وَعْد - (ض) وعدہ کرنا۔
وَعْر - مشکل۔ دشوار۔ ناہموار جگہ۔ دشوار مقام (سہل کی ضد) ج:۔ اَوْعُر۔
اَوْعَار۔ وُعُوْر۔ وَعْرُ المَعْرُوْف کم بخشش اور احسان کرنے والا آدمی۔
وَعْر - (س) حسد کینہ اور دشمنی سے بھرا ہوا ہونا۔
وَعْر وُعُوْرَة۔ وَعَارَة۔ وُعُوْر۔ (ث۔ض۔س) راستہ یا جگہ کا کٹھن اور مشکل ہوجانا۔
وَعْس - ایک درخت جس کی لکڑی سے سارنگی اور رُباب (ایک قسم کا باجا) بنائے جاتے ہیں۔ نشان۔ نرم ریت کہ اس میں چلنا دشوار ہوتا ہے۔
وَعْظ - (ض) دل کو موم کرنے اور پگھلا دینے والی باتوں سے نصیحت کرنا۔

سمجھانا۔
وَعْق - بُری عادت اور خصلت کا آدمی۔ تنگ دل آدمی مص (ض) گھوڑے کے چلنے کی حالت میں پیٹ کے اندر سے قراقر کی آواز سنائی دینا۔
وَعْقَة - بدخوئی۔ بُری عادت والا آدمی۔
وَعْك - گرمی کی زیادتی۔ بخار کی تیزی۔ بخار کا درد اور تھکن مص (ض) بیماری کا غمگین اور رنجیدہ کرنا۔ ہوا کا رُکنا (بخار کا) جسم میں اثر پیدا کرنا۔
وَعْكَة - لڑائی کا میدان اور شور کی لڑائی سخت گرمی۔
وَعِل - شریف اور بہادر آدمی۔ ج:۔ اَوْعَال۔ وِعْلَان
وَعْل - پہاڑی بکری۔ ج: اَوْعَال۔ وُعُوْل وُعُل۔ وَعِلَة۔ مَوْعَلَة۔
وَعْلَة - قمیص کا تکمہ۔ گھنڈی۔ پہاڑ کی اونچی جگہ۔ پیالہ یا لوٹے کا دستہ۔
وَعْنَة - سخت اور بنجر زمین جس میں کچھ نہ اُگتا ہو۔ ج:۔ وِعَان
وَعْوَاع - کتے اور بھیڑیے اور گیدڑ کی آواز۔ بیہودہ بکنے والا۔ پہرہ دار۔ آدمیوں کا شور اور آوازیں۔
وَعْوَع - گیدڑ لومڑی عمدہ تقریر کرنے والا۔ فصیح اور بلیغ آدمی جنگل۔ دیدبان۔ ج:۔ وَعَاوِع۔
وَعْی - پیپ۔ شور پر چیخ پکار۔ کتے کی بھوں بھوں۔ تدبیر مص (ن) یاد رکھنا۔ حفاظت کرنا۔ زخم میں پیپ بھر جانا۔

پکارنا۔ فریاد کرنا۔ ٹوٹی ہڈی کا ٹیڑھا جوڑنا اور اچھا ہوجانا۔

وَعِيلا ۔ اونٹ کی آواز۔ سزا کا وعدہ۔

و ۔ غ

وَغْبٌ ۔ بیکار و خراب مال۔ بے وقوف آدمی۔ سست اور دُبلے پتلے جسم والا۔ کمینہ۔ موٹا تازہ اونٹ۔ ج:۔ اَوْغاب۔ وِغاب۔

وَغْر ۔ کینہ۔ حسد۔ دشمنی۔ لشکر کا شور مص (ض) دوپہر کی دھوپ کا سخت گرم ہونا اور نہایت تپش والا ہونا۔

وَغَر ۔ (ض۔س) غصہ اور دشمنی سے سینے کا پُر ہونا۔ کسی پر بہت غضب ناک ہونا۔

وَغْف ۔ نظر اور بیابان کی کمزوری۔ ج: وَغُوف مص (ض) دوڑنا۔ جلدی کرنا۔

وَغْل ۔ کمینہ۔ سستی کرنے والا۔ گنجان درخت گیہوں کا دانہ۔ نسب کا جھوٹا دعویٰ کرنے والا۔ تدبیر۔ بغیر بُلائے کھانے کی محفل میں جانے والا۔

وَغْم ۔ جان۔ وہ آدمی جو دوسروں پر بھاری ہو اور لوگ اُسے بُرا جانیں۔ دشمنی کینہ۔ بے وقوف۔ لڑائی قہر۔ ج:۔ اَوْغام مص (ض) ایسی خبر دینا جس کا یقین نہ ہو۔

وُغُوبَۃ ۔ (ک) موٹا اور سخت ہونا۔

وُغُول ۔ (ض) کسی چیز میں داخل ہونا۔ کہیں چھپنا۔ دور ہونا۔ چلا جانا۔

وَغیٰ ۔ شور و غوغا۔ چیخ پکار۔ جنگ۔ لڑائی کو بھی وَغیٰ کہا جانے لگا۔ چونکہ اس میں بھی شور مچا رہتا ہے۔

و ۔ ف

وَفاء ۔ (ض) دوستی کا نباہنا۔ وفا کرنا۔ وعدہ کو پورا کرنا۔

وَفات ۔ موت۔ مرگ۔

وَفارَۃ ۔ وَفْر ۔ وُفُور ۔ (ک ض) بہت ہوجانا۔ زیادہ ہونا۔ تمام ہونا۔ بڑھنا

وِفاع ۔ بوتل کی ڈاٹ۔ مرتبان کا سرپوش

وِفاق ۔ (مفاعلہ) موافقت کرنا۔ کسی کی مرضی کے موافق ہونا۔

وَفْد ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ریت کا ٹیلہ۔ کسی بادشاہ وغیرہ کے حضور میں آنے والا گروہ۔ ج:۔ وُفُود۔ اَوْفاد۔

وَفْد ۔ وُفُود ۔ وِفادَۃ ۔ (ض) (الیٰ، علیٰ) سفیر و ایلچی بن کر کہیں آنا۔

وَفْر ۔ مالداری۔ بہت سامان۔ مال و متاع ج:۔ وُفُور۔

وَفْرَۃ ۔ کثرت۔ بال۔ کان کی لو تک بال۔ ج:۔ وِفار۔

وَفْز ۔ جلدی۔ جلد۔ ج:۔ اَوْفاز۔

وَفْض ۔ وہ لکڑی جس پر قصاب قیمہ کوٹتا ہے ج:۔ اَوْفاض

وَفْضَۃ ۔ چرواہے کا تھیلا۔ چمڑے کا تیر دان۔ ج:۔ وِفاض

وَفْعَۃ ۔ پھٹے پرانے کپڑے کا ٹکڑا جس سے آگ سلگائی جائے۔ بوتل کی ڈاٹ۔

موافق ۔ مطابق مص (س) موافق پانا ۔

وَفِیّ ۔ (ص) کسی چیز کا پورا ہوجانا ۔ زیادہ ہونا بڑھنا ۔

و ۔ ق

وِقَاء ۔ جس کے ذریعہ کسی چیز کی حفاظت کی جائے ۔

وَقَاح ۔ بے شرم آدمی ۔ بے جھجک گناہ کرنے والا ۔

وِقَاد ۔ ایندھن ۔

وَقَّاد ۔ طبیعت کا تیز ۔ عقل مند ۔ (د)

وَقَّادُ الْقِطَار ۔ ریل میں ایندھن جھونکنے والا ( )

وَقَار ۔ متانت ۔ سنجیدگی ۔ بردباری ۔ رعب دبدبہ مص (ك) بردبار ہوجانا ۔

وَقَّاف ۔ سستی اور دیر کرنے والا ۔ ٹھہرا ہوا لڑائی سے پیچھے ہٹنے والا ۔

وِقَام ۔ تلوار ۔ کوڑا ۔ لاٹھی ۔ چھڑی ۔ رسی ۔

وِقَاهِیَة ۔ کلیسا کی خدمت گذاری

وِقَایَة ۔ (مثلثہ) عورتوں کا دوپٹہ ۔ حفاظت اور بچاؤ کا سامان

وَقَائِذ ۔ تپے ہوئے پتھر ۔

وَقْب ۔ چٹان کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے بدن کا ہر گڑھا جیسے آنکھ وغیرہ کا کنوئیں کی چرخی کا سوراخ ۔ بے وقوف کمینہ اور حقیر آدمی مص (ص) اندھیرا چھاجانا ۔ چھپنا ۔ داخل ہونا ۔ کھڑا رہنا سورج کا ڈوبنا ۔ چاند گہن ہونا ۔

وَقْبَة ۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے جسم کا گڑھا (جیسے آنکھ کا گڑھا) ۔

بڑا سوراخ جس میں دھوپ آسکے ۔

وَقْت ۔ وقت ۔ زمانہ کا حصہ ۔ گھڑی ۔ وَقْتٌ مَوْقُوْتٌ مقرر کیا ہوا وقت ۔ ج : اَوْقَات مص (ض) وقت مقرر کرنا ۔

وَقْد ۔ (ض) آگ کا لپٹیں مارنا اور بھڑکنا ۔ بہت سخت گرمی ۔ گرمیوں کے وہ چند دن جن میں گرمی زور کی پڑتی ہے ۔

وَقْذ ۔ سخت چوٹ مص (ض) پچھاڑنا ۔ پیٹتے پیٹتے مار ڈالنا ۔ سست کردینا آرام پہنچانا ۔ آنکھوں میں نیند بھرجانا کسی کو بیمار چھوڑ دینا ۔

وَقْر ۔ بہرہ پن ۔ کینہ مص (ض) بہرا کردینا ۔ پنڈلی کو چیرنا ۔ ہڈی کو چیرنا (ض ۔ س) کانوں کا بہرا ہوجانا ۔

وَقْر ۔ وُقُوْرَة ۔ (ض) بیٹھنا

وِقْر ۔ بھاری بوجھ ۔ گدھے یا خچر کا بوجھ ۔ ج : اَوْقَار ۔

وَقَرَات ۔ سختیاں ۔ علامتیں ۔ نشانات ۔ واحد : وَقْرَة

وَقْرَة ۔ پتھر کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو (ض) ٹھوکر کھانا ۔

وَقَرِی ۔ بکریوں کا چرواہا ۔ گدھوں کا مالک ۔ شہر کا رہنے والا ۔

وَقْس ۔ زنا ۔ حرام کام ۔ ہر بڑا گناہ ۔ کھجلی مص (ض) زخم سے کھال چھپانا ۔ یا توڑ ڈالنا ۔ زنا کا ذکر کرنا ۔ زنا کی تہمت لگانا ۔ اونٹوں میں کھجلی کی بیماری پھیلنا ۔

وَقْش ۔ حرکت ۔ چپیٹی ۔ سوکھی لکڑی مص (ض)

(نشان) مٹنا

وَقْص ۔ نقص ۔ کوتاہی ۔ عیب ۔ (ض) گردن ٹوٹنا (ب) گردن توڑنا ۔ خراب کرنا عیب نکالنا ۔ کم کرنا ۔ کم ہونا ۔

وَقَص ۔ آگ سلگانے کی چھپٹیاں ۔ سوکھی اور چری ہوئی چھوٹی لکڑیاں ۔ وہ مال جو نصاب پر زیادہ ہو اور اس میں زکوٰۃ واجب نہ ہو ۔ ج: اَوْقَاص

وَقْط ۔ پتھریلی یا سخت زمین کا گڑھا ۔ ج: ۔ وَقَاط ۔ اِقَاط ۔ اَوْقَاط مص (ض) (پچھاڑ دینا ۔ مرغے کا مرغی پر چڑھنا) ۔

وَقْظ ۔ چھوٹا حوض مص (ض) سخت مارنا ۔ پٹخنا (علیٰ) مداومت کرنا ۔

وَقْعٌ ۔ پہاڑ پر اونچی جگہ ۔ وہ بادل جس سے بارش کی امید کی جائے مص (ف) (الیٰ) جلدی کرنا ۔ چھری اور تلوار کو پتھر پر رگڑنا تیز کرنا ۔

وَقَعٌ ۔ پتھر وَقَعَۃ ۔ (ایک پتھر) مص (س) پتھریلی اور سخت زمین کا سُم کو گھسنا ۔

وِقْعَۃ ۔ گرنے کے وقت کی حالت ۔

وَقْعَۃ ۔ مصیبت ۔ لڑائی کی مصیبت ۔

وَقْف ۔ ہاتھی دانت کا کنگن ۔ سفید ٹاپوں والا گھوڑا مص (ض) کھڑا ہونا ۔ ٹھہر جانا ۔ ٹھہرا دینا ۔ ٹھنڈا پانی ڈال کر ہانڈی کے جوش کو دبا دینا ۔ اللہ تعالےٰ کے راستہ میں کسی چیز کو وقف کر دینا ۔ خبر دینا ۔

وَقْل ۔ مقل کا درخت یا پھل (ایک دوا) ج: ۔ اَوْقَال ۔ مص (ض) ایک پاؤں پر کھڑا ہونا (فی) چڑھنا ۔

وَقْم ۔ (ض) کسی پر غلبہ پانا ۔ ظلم کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ توڑنا ۔ رنجیدہ اور غمگین کرنا ۔ لگام کھینچنا ۔ کسی کو اس کی ضرورت سے بری طرح روکنا ۔ ہانڈی کا ابال ۔ پانی ڈال کر ختم کر دینا ۔

وَقُود ۔ سوکھی لکڑیاں ۔ ایندھن

وُقُوع ۔ (ف) گر پڑنا ۔ واجب اور ذمہ میں ہو جانا ۔ تلوار کو سان پر تیز کرنا ۔ حق بات کا ثابت ہو جانا ۔ پرندہ کا زمین پر اترنا ۔ باتوں سے آدمیوں کو جوش دلانا ۔ تیز چلنا ۔

وُقُوف ۔ (ض) کھڑا رہنا ۔ ٹھہرنا ۔ رک جانا ۔

وَقْوَقَۃ ۔ خوف اور ڈر کے وقت کتے یا پرندہ کی آواز ۔

وَقْہَۃ ۔ اطاعت ۔ فرمانبرداری

وَقْیٌ ۔ وِقَایَۃ ۔ (ض) دیکھ بھال رکھنا حفاظت کرنا ۔

وَقِیط ۔ وہ آدمی جس کا جسم رات کو جاگنے کی وجہ سے بھاری ہو ۔ ج: وِقْطَان ۔ وِقَاط ۔ اِقَاط ۔

وَقِیعَۃ ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔ پہاڑ کا چھوٹا کنواں فتنہ ۔ فساد ۔ آدمیوں کی پیٹھ پیچھے برائی ۔ ج: ۔ وَقَائِع ۔

و ۔ ک

وَلْک ۔ (ض) دور کرنا ۔

وَکَاءٌ ۔ (ض) تکیہ لگانا ۔ اونٹنی کا جننے کے درد

کی وجہ سے آواز نکالنا۔
وِکَاءٌ ۔ مشک کا سربند یعنی وہ ڈورا جس سے مشک کا منہ باندھتے ہیں۔ ہر وہ شے جس کا منہ باندھ دیا جائے۔
وِکَاث ۔ ناشتہ وہ چیز جو ناشتہ کے طور پر صبح کو کھائی جائے۔
وِکَاد ۔ پالان باندھنے کا تسمہ۔ ج: وَکَائِد
وَکَاعَۃ ۔ نالائق اور کمینہ ہونا۔ سخت ہونا۔
وَکَالَۃ ۔ نیابت۔ کسی کی قائم مقامی (د) ایجنسی۔
وُکُب ۔ (ض) (علیٰ) کسی کام میں برابر لگے رہنا اٹھ کر کھڑا ہونا۔ کھڑا رہنا۔
وَکَب ۔ (س) کھجور میں پختگی کا رنگ ظاہر ہونا۔
وُکْد ۔ کوشش۔ طاقت۔ کام۔
وَکْد ۔ ارادہ۔ قصد۔ مراد۔ مطلب۔
وَکْر ۔ پرندہ کا گھونسلا۔ ج: وُکُور۔ اَوْکُر اَوْکَار۔ مص (ض) ناک پر گھونسہ مارنا۔ پرندہ کا گھونسلے میں جانا۔ مشک کو بھرنا۔ اونٹ گھوڑے وغیرہ کا دوڑنا۔
وَکْز ۔ (ض) دور کرنا۔ ہانکنا۔ نیزہ مارنا۔ گھونسہ مارنا۔ پاؤں کے نیچے سے دبانا۔
وَکْسٌ ۔ چاند کی ایک منزل (جس میں پہنچ کر چاند گہن ہوتا ہے) مص (ض) کم ہونا۔ کم کرنا۔ تجارت میں نقصان اٹھانا چاند کا وکس منزل میں پہنچنا (مجہولاً) تجارت میں نقصان اٹھانا۔
وَکْظ ۔ (ض) دور کرنا۔ ہانکنا (علیٰ) کسی کام پر ہمیشگی کرنا۔
وَکْعٌ ۔ (ف) ناک پر گھونسہ مارنا۔ سانپ بچھو کا ڈسنا۔ مرغی کا جفتی کے لئے نیچے بیٹھ جانا۔ کسی کام پر ڈٹا رہنا ڈٹنا۔ دودھ چوسنے کے وقت بکری کے بچے کا اپنے سر کو تھنوں میں مارنا۔
وَکَعٌ ۔ (س) پاؤں کے انگوٹھے کا برابر والی انگلی پر چڑھنا یا مائل ہونا
وَکْف ۔ وَکِیف ۔ (ض) بارش کی وجہ سے مکان کی چھت کا ٹپکنا۔ بادلوں کا مینہ برسانا۔ آنکھ کا آنسو بہانا
وَکَف ۔ گناہ عیب۔ پہاڑ کا کنارہ۔ پست سخت اور پتھریلی زمین۔ ج: اَوْکَاف مص (س) بل کھانا۔ ٹیڑھا ہونا۔ ظلم کرنا۔ ستانا۔ عیب دار ہونا۔ گناہ گار ہونا۔
وَکَل ۔ وہ عاجز و مجبور آدمی جو اپنا کام دوسرے کے حوالے کر دے اور اسی پر بھروسہ کرے۔
وَکْل ۔ (ض) (با للہ) خدائے قدوس پر بھروسہ کرنا اور اپنے عاجز و مجبور ہونے کا اقرار کرنا۔
وَکْل ۔ وُکُول ۔ (ض) (الیٰ) اپنا کام کسی پر چھوڑ دینا۔ اور اس کے حوالے کر دینا۔
وَکْم ۔ (ض) رنج پہنچانا۔ غمگین کرنا۔ توڑنا ذلیل کرنا (مجہولاً) پامال ہونا۔
وَکْن پرندے کا گھونسلا۔ ج: اَوْکُن وُکُن

وُکُوْنٌ مص (ض) بیٹھنا۔ پرندہ کا انڈے کو اپنے نیچے دبا کر بیٹھنا۔

وُکُوَاکٌ۔ ڈرپوک۔ بہت ڈرنے والا۔

وُکُوْبٌ۔ وَکْبٌ۔ وَکَبَانٌ (ض) چلنا (وقار اور آہستگی سے)۔

وُکُوْدٌ۔ (ض) رُکنا۔ ٹھہرنا۔ رہنا۔ سہنا۔ قصد کرنا۔ مضبوط گانٹھ لگانا۔ بوده کسنا۔

وَکْیٌ۔ وِکَاءٌ۔ مشک کے منہ کو باندھنا

وَکِیْتٌ۔ (ض) حاکم کے سامنے چغلی کھانا۔ باتوں میں جھوٹ کا رنگ بھرنا۔

وَکِیْرٌ۔ وَکِیْرَۃٌ۔ نیا مکان بنانے کی خوشی میں دوستوں اور عزیزوں کی دعوت اور مہمانی۔

وَکِیْعٌ۔ مضبوط اور عمدہ مشک جس میں سے کہیں پانی نہ رسے۔ مضبوط گھوڑا خوب دیکھنے سننے والا۔ دانا۔ بینا۔ مضبوط دل آدمی۔

وَکِیْلٌ۔ کارساز۔ دوسروں کے کام بنانے والا اللہ جل شانہ۔ وہ آدمی جس کے سپرد دوسرے لوگ اپنا کام کریں (د) ایجنٹ۔ ریذیڈنٹ

اَلْوَکِیْلُ السِّیَاسِی۔ پولٹیکل ایجنٹ

و۔ ل

وِلَاءٌ۔ (مفاعلہ)۔ دو کاموں کو ایک دوسرے کے بعد کرنا۔ پے در پے کرنا۔ ایک کام کو دوسرے کام کے بعد فوراً اور بغیر مہلت کے کرنا۔

وَلَاءٌ۔ پادشاہی۔ آزادی۔ قرابت۔ دوستی

وِلَادٌ۔ وِلَادَۃٌ۔ (ض) جننا۔

وَلَاذٌ۔ چھوٹا۔ خودرائے۔ اپنی سمجھ کا کام کرنے والا۔ دوسرے کی بات نہ ماننے والا۔

وِلَایَۃٌ۔ حکومت۔ پادشاہت۔ گورنری مص (س) مالک ہونا۔ کسی چیز کا اس قبضہ اور اختیار میں ہونا۔ پادشاہی کرنا۔ مدد کرنا۔

اَلْوِلَایَاتُ الْمُتَّحِدَۃُ۔ یونائیٹڈ اسٹیٹس (آف امریکہ) (د)

وَلْتٌ۔ کمی مص (ض) کمی کرنا۔

وَلْثٌ۔ تھوڑا سا مینہ۔ برتن میں بچی ہوئی نبیذ کی تلچھٹ۔ پانی میں چکنائی یا چربی کا اثر مص (ض) مارنا۔ غلام کو موت کے بعد آزاد کرنا۔ یعنی یہ کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے۔

وُلُجٌ۔ کنارے۔ کونے۔ گلیاں۔

وَلَجَۃٌ۔ پہاڑ کی کھوہ۔ وادی کا پیچ اور موڑ ج: وَلَجٌ۔

وَلْحٌ۔ (ض) اونٹ وغیرہ پر طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

وَلَدٌ۔ بیٹا (د) خادم۔ چھوکرا۔ ج: اَوْلَادٌ۔ وِلْدَۃٌ۔ وُلْدٌ

وُلْدٌ۔ وَلْدٌ۔ وِلْدٌ۔ بیٹا۔ فرزند۔

وَلْسٌ۔ وَلَسَانٌ۔ (ض) تیز چلنا۔ بات کو اشاروں میں کہنا۔

وَلَعٌ۔ وُلُوْعٌ۔ (س) کسی چیز کی حرص اور لالچ کرنا

وَلْعٌ۔ وَلَعَانٌ۔ (ف) ذلیل اور بے آبرو

ہو جانا ۔ جھوٹ بولنا (ب ا) چھین لے جانا۔

وَلْغ ۔ وُلُوغ ۔ وَلَغَان ۔ (ف ۔ ح ۔ س) کتے وغیرہ کا پانی میں منہ ڈال کر زبان سے پانی پینا۔ (تمام درندوں کے پانی پینے کو وَلْغ ہی کہتے ہیں۔ اور پرندوں میں یہ لفظ صرف مکھی کے لئے خاص ہے)۔

وَلْغَۃ چھوٹا ڈول۔

وَلْف ۔ وِلَاف ۔ وَلِیف ۔ (ض) بجلی کا برابر چمکے جانا۔

وَلْق ۔ (ض) (ب) تلوار سے مارنا ۔ ہلکا نیزہ مارنا ۔ جھوٹ بولنا (فی السیر) تیز چلنا۔

وَلَقیٰ ۔ اونٹنی کی ایک خاص چال۔

وَلَم ۔ زین کا تنگ پالان کا تنگ ۔ وہ رسی جس سے پالان کے تنگ کو ادھر ادھر سے باندھا جائے تاکہ ہل نہ سکے ۔ زنجیر۔

وُلُوب ۔ (ض) جلدی کرنا (الی) پہنچنا۔

وُلُوج ۔ (ض) داخل ہونا۔

وَلُود ۔ جننے والی بکری ۔ بہت جننے والی۔

وَلُودِیَّۃ ۔ لڑکپن ۔ بچپن ۔ کم مہربانی ۔ جفا۔

وَلُوع ۔ لالچی مص (س) لالچی ہونا۔

وَلُوغ ۔ وہ چیز جو پی جائے۔

وَلَہ ۔ عشق و محبت کی مستی ۔ غم ۔ ڈر مص (ح ۔ س ۔ ض) ڈرنا ۔ عشق کی وجہ سے سرگشتہ ہونا۔

وَلْہَان ۔ غمگین آدمی ۔ رنجیدہ ۔ وہ آدمی جو رنج اور غم کی وجہ سے بے قابو ہو رہا ہو ایک شیطان کا نام ۔ جو وضو میں آدمی کو بہت پانی خرچ کرنے پر اکساتا ہے۔

وَلِیّ ۔ بہار کے موسم کی دوسری بارش۔
ج:۔ اَوْلِیَۃ دوست ۔ رشتہ دار مہربان ۔ مددگار ۔ نگہبان ۔ مالک
ج:۔ اَوْلِیَاء۔

وَلِیَّۃ ۔ پشم دیا ہوا کپڑا ۔ مہمانی کا کھانا ۔ ج:۔ وَلَایَا۔

وَلِیجَۃ ۔ خاص دوست ۔ رازدار ۔ اپنا آدمی جس پر بھروسا اور اعتماد کیا جائے۔

وَلِیحَۃ برتن ۔ ج:۔ وَلِیح ۔ وَلَائِح۔

وَلِید ۔ جنا ہوا لڑکا ۔ غلام ۔ ج:۔ وِلْدَان وَلَدَۃ۔

وَلِیدَۃ ۔ لڑکی ۔ جوان عورت ۔ لونڈی ۔ ملازمہ
ج:۔ وَلَائِد۔

وَلِیف ۔ پے در پے اور برابر چمکنے والی بجلی۔

وَلِیقَۃ ۔ ایک قسم کا کھانا جو مکھن، آٹے اور دودھ سے تیار ہوتا ہے۔

وَلِیمَۃ ۔ شادی کی دعوت ۔ نکاح ۔ بیاہ کا کھانا جو دولہا خوشی میں کھلاتا ہے۔
ج:۔ وَلَائِم (ہر خوشی کی دعوت کو ولیمہ کہہ سکتے ہیں ۔ اگرچہ یہ لفظ نکاح ہی کی دعوت کے ساتھ مشہور ہو گیا ہے۔

و ۔ م

وَمَد ۔ گرمی کی شدت (سختی) گرمیوں کی رات کی سختی ۔ غصہ مص (س) (علیٰ)

غصہ ہونا۔
وَمْہ ۔ (ض) غصہ کی وجہ سے ناک بھوں چڑھانا۔
وَمْس ۔ (ض) کسی چیز کو رگڑنا اور گھسنا تاکہ چھلکا اُتر جائے۔
وَمِیْض ۔ وَمْض ۔ وَمَضَان ۔ (ض) بجلی کا خفیف چمکنا۔
وَمْطَۃ ۔ سختی ۔ رنج اور غصہ کے سبب زمین پر گر پڑنا۔
وَمْق ۔ وَمِقَۃ ۔ (ح) دوست رکھنا۔ بہت زیادہ محبت کرنا۔
وَمَد ۔ (س) (النّہار) دن کی گرمی کا بے حد سخت اور تیز ہونا۔

و ۔ ن

وَنّ ۔ چنگ (ایک باجہ کا نام) سستی۔
وَنًی ۔ ماندگی ۔ سستی ۔ تھکن۔
وَنًی ۔ وَنْیٌ ۔ وِنْیَۃ ۔ (س) تھکا ہوا اور سست ہو جانا ۔ چھوڑ بیٹھنا آستین کو سمیٹنا۔
وَنِیَّۃ ۔ موتی ۔ موتی کا دھاگہ ۔ بوجھ کی گٹھری سستی۔
وَنِیْم ۔ وَنْم ۔ مکھی کی بیٹ مص (ض) مکھی کا ہگنا۔

و ۔ ہ

وَہَّاب ۔ خوب بخشنے والا ۔ بہت خیرات کرنے والا۔
وَہَّاج ۔ روشن ۔ درخشاں۔

وَہْبٌ ۔ (ف) بخشنا بخشش کرنا ۔ انعام دینا۔
وَہْت ۔ (ض) تنگ کرنا ۔ کوٹنا ۔ زور سے دبانا ۔ کوشش کرنا ۔ ضد کرنا ۔ پاؤں کے نیچے خوب کچلنا۔
وَہْج ۔ وَہَجَان ۔ (ض) (النّار) آگ کا خوب بھڑکنا لپٹیں مارنا۔
وَہْد ۔ نیچی اور ہموار زمین ۔ ج: اَوْہُد وِہَاد ۔ وُہْدَان
وَہْس ۔ (ض) کسی کو اتنی سخت مشکل میں پھنسا دینا کہ وہ اس سے نکل نہ سکے۔
وَہْز ۔ ٹھگنے قد کا آدمی مص (ض) پاؤں سے مسلنا ۔ جھٹکانا ۔ دونا خنوں کے بیچ میں جوں مارنا ۔ دور کرنا۔
وَہْص ۔ (ض) کمزور اور کھوکھلی چیز کو توڑنا سر توڑنا ۔ زور کے ساتھ پھینک دینا ۔ زور سے زمین پر بیٹھنا خصی کرنا۔
وَہْط ۔ کمزوری ۔ باغ مص (ض) توڑنا ۔ نیزہ مارنا۔
وَہْف ۔ وَہِیْف ۔ (ض) گھاس کا سبز ہونا اور پتے نکالنا ۔ پھلنا ۔ پھولنا (ل) پیش آنا (الی) قریب آنا۔
وَہْق ۔ (ض) بند کرنا ۔ روکنا۔
وَہْل ۔ ڈرنے والا جس سے ڈر معلوم ہو۔ مصدر ۔ ض (الی) کسی چیز کی طرف وہم جانا ۔ حالانکہ ارادہ دوسری چیز کا ہے۔
وَہَل ۔ سستی ۔ ڈر ۔ بھوک چوک مص

(س) سست ہو جانا ۔ ڈرنا ۔ غلطی اور بھول چوک کرنا ۔
وَهْلَة ۔ کسی چیز کی ابتدا ۔ شروع ۔ خوف ۔ ڈر
وَهْم ۔ گمان ۔ ایک قوت کا نام جس کے ذریعہ سے معانی جزئیہ محسوسہ کا ادراک ہوتا ہے ۔ ج: ۔ اَوْهَام
وَهْم ۔ بھاری بھرکم اونٹ ۔ موٹا تازہ آدمی چوڑا راستہ ۔ ج: ۔ اَوْهَام ۔ وُهُوم وُهُم ۔
وَهَم ۔ (س) (فِی الْحِسَاب) حساب میں غلطی کرنا ۔
وَهْن ۔ ٹھگنے قد اور سخت بدن کا آدمی ۔ سستی ۔ آدھی رات یا رات کا بڑا ٹکڑا ۔ بہت سے اونٹ مص (ض ۔ ح ۔ ک) سستی کرنا ۔ سست ہو جانا ۔ رات کا آدھا ہو جانا ۔ آدھی رات میں آنا ۔
وَهْوَهَة ۔ شیر کا گونجنا ۔ دھاڑنا ۔ خوف اور ڈر کی وجہ سے آدمی کا چیختا ۔
وَهْیٌ (ض ۔ ح) پھٹن ۔ شگاف ۔ ج: ۔ وُهِیٌّ ۔ اَوْهِیَة معنی بادلوں کا خوب برسنا گر پڑنا ۔ کمزور ہونا ۔ دیوار کا گرپڑنے کے قریب ہونا ۔ رسّی کا پرانا ہو جانا ۔
وَهِیْن ۔ وہ آدمی جو مزدوروں کی دیکھ بھال کے لئے مقرر کیا جائے تاکہ کام میں لگے رہیں اور بے کار نہ بیٹھیں ۔

و ۔ ی

وَی ۔ تعجب کا کلمہ ہے جیسے وَیْكَ تجھ پر تعجب ہے ۔ وَیْ لِزَیْدٍ زید پر تعجب ہے حَقًّا (حق ہے اور درست ہے) کے معنی میں بھی آتا ہے اور اس وقت کَاَنَّ یا کَاَنْ ۔ پر داخل ہوتا ہے جیسے وَیْكَاَنَّ اللّٰهَ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ حق ہے ۔ یہ بات کہ اللہ تعالیٰ ہی جس کے رزق کو چاہتے ہیں وسیع فرما دیتے ہیں) ۔
وَیْحٌ ۔ وائے ۔ افسوس (یہ لفظ کسی حالت پر افسوس کرنے اور رحم کھانے کے لئے خاص ہے) وَیْحٌ لِزَیْدٍ (افسوس ہے زید پر) ۔
وَیْل ۔ وائے ۔ افسوس (یہ لفظ ڈرانے اور عذاب کے لئے آتا ہے) دوزخ کا ایک طبقہ یا کنواں ۔ ہلاکت ۔ سختی ۔
(یا) وَیْلَتیٰ ۔ اے میرے افسوس ۔ یائے متکلم کو الف سے بدل لیا ہے ۔

و ۔ ء

وَئِیْئَة ۔ موتی ۔ چوڑی ہانڈی ۔ چوڑا پیالہ ۔ بڑے پیٹ کی اونٹنی گھر کی رکھوالی کرنے والی عورت بڑی بوری ۔
وَئِیْد ۔ چھوٹی لڑکی جس کو زندہ دفن کر دیا گیا ہو (جیسا کہ عرب میں رواج تھا) دیر ۔ آہستگی ۔ اونٹ کی آواز ۔

ہ - ا

ھا - خبردار (حرف تنبیہ ہے) لے۔ پکڑ (اسم فعل) ضمیر واحد مؤنث غائب

ھاء - لا امر کا صیغہ ہے۔ اس کی گردان بھی آتی ہے۔ ھَاءِ ھَاءِ ہَا ھَاءُوا - ھَائِی - ھَائِیَا - ھَائِیْن اور ان سب میں ہمزہ کی بجائے تا بھی لاتے ہیں جیسے ھَاتِ ھَاتِیَا - الخ۔ اس میں ایک لغت ھَاءُ اور ہے بمعنی لے اور پکڑ۔

ھاؤم (اقرءوا) پڑھو۔

ھاب - گھوڑے کے بلانے کے لئے بولتے ہیں

ھابی - قبر کی مٹی۔ باریک مٹی جو غبار کی طرح ہو

ھابیل - حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے جو اپنے بھائی قابیل کے ہاتھ سے مارا گیا۔

ھات - لا۔ دے۔ امر کا صیغہ ہے خلیل نحوی اس کی اصل آتِ تبلاتا ہے۔ ہمزہ ھا سے بدل گیا ہے۔

ھاتف تعریف کرنے والا۔ غیبی پکارنے والا جس کی آواز سنی جائے۔ لیکن پکارنے والا نظر نہ آئے (د) ٹیلیفون۔

ھاتن - ھتون۔ برسنے والا بادل۔ ج:- ھُتَّن - ھُتُن۔

ھاجد - سویا ہوا۔ رات کو جاگنے والا۔

ھاجر - بے تکی باتیں کرنے والا۔ جدائی کرنے والا۔ دوسروں سے زیادہ لائق اور قابل۔

ھاجرۃ - حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ کا نام۔

ھاجرۃ - دوپہر۔ ظہر سمیت۔ سورج کے ڈھلنے سے لے کر عصر تک کا وقت۔ گرمی کی تیزی۔ ج:- ھاجرات۔ ھَوَاجِر

ھاجع رات کو سونے والا۔ ج:- ھُجَّع - ھُجُوع

ھاجن - وہ لڑکی جس کو بالغ ہونے سے پہلے بیاہ دیا ہو۔ اور شوہر کے سپرد کر دیا ہو۔

ھادر - بے اعتبار اور بے آبرو آدمی۔ گاڑھا دودھ۔

ھادی - راستہ دکھلانے والا۔ پیشوا۔ ہدایت کرنے والا۔ صحیح راستہ بتانے والا ج:- ھُدَاۃ۔ گردن۔ تیر کی نوک رات کا اول حصہ۔ شیر۔ اونٹوں کے گلہ میں آگے رہنے والے اونٹ ج:- ھَوَادِی

ھٰذَا یہ م:- ھٰذِہٖ ج:- ھٰؤُلَاءِ

ھاروت - ایک فرشتے کا نام۔

ھارون - حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بھائی کا نام۔ تمام دنیا کا مال۔

ھارون الرشید - خلفائے عباسیہ میں سے پانچواں خلیفہ۔

ھاری - گرنے والا۔

ھاضوم - ہضم ہونے والا۔ مال خرچ کرنے والا۔ شیر۔

ھاطل - لگاتار برسنے والا مینہ۔ ج:- ھُطَّل۔

هَاعٌ - لالچی آدمی - ڈرپوک - بزدل - سست
هٰکَذَا - ایسے ہی - اسی طرح -
هَالَۃ - چاند کا کنڈل - گول دائرہ جو چاند کے گرد بن جاتا ہے - ج: - هَالَات
هَالِكٌ - مردہ - برباد ہونے والا - مٹنے والا - ج: هَلْکیٰ - هَوَالِكُ -
هَالِكِیٌّ - لوہار - قلعی کرنے والا
هَامَان - ایک بڑے کافر کا نام - جو فرعون موسیٰ کا وزیر تھا -
هَامَّۃ - تکلیف اور ایذا پہنچانے والے جانور چوپایہ - ج: - هَوَامّ -
هَامَۃ - سر - سردار - کھوپڑا - تراٹو -
هَامَۃُ الْقَوْم - قوم کا رئیس - سردار -
ج: هَام - هَامَات -
(اَرْض) هَامِدَۃ - خشک اور بے نبات زمین -
هَامِش - کتاب کا حاشیہ -
هَامُوْم - پگھلی ہوئی چربی - جس اونٹ کا کندھا پگھل گیا ہو -
هَانِم - خانم - لیڈی (د)
هَاوَن - هَاوُوْن - اوکھلی - ج: -
هَوَاوِیْن -
هَاوِیَۃ - زمین و آسمان کا بیچ - وہ عورت جس کا بچہ گم ہو گیا ہو - ایک گڑھا دوزخ کا -
هٰهُنَا - اُس جگہ - یہاں -
هَائِد - توبہ کرنے والا - حق بات یا خدائے تعالیٰ کی طرف پھرنے والا - ج: - هُوْد
هَائِع - بہت لالچی - ڈرپوک آدمی - اندھیری رات - پگھلا ہوا - بہتا ہوا -

هَائِم - حیران - پریشان - بہت زیادہ پیاسا

ہ - ب

هَبٌّ - هُبُوْب (ن) ہوا کا چلنا - حرکت کرنا - تلوار کا چمکنا - کسی کا مدت تک غائب رہنا - ہارنا - کشتی لڑنے کے لئے بلانا - جاگنا -
هَبَاء - ہوا میں اڑا ہوا گرد و غبار - اونچا چڑھا ہوا خاک کے چھوٹے چھوٹے ذرات جو سورج کی کرنوں میں لپٹے ہوئے دھوئیں کی طرح معلوم ہوتے ہیں زمین پر بکھری ہوئی خاک - کم عقل آدمی - بے وقوف - ج: - اَهْبَاء -
هَبَاب - گرد - خاک کے ذرے جو کسی روشن یا بڑے سوراخ میں سے ہو کر اندر آتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں اور سورج کی کرنوں کے ساتھ لپٹے ہوئے ہوتے ہیں -
هُبَاشَۃ - وہ گروہ جس میں مختلف جگہ کے آدمی آکر جمع ہو گئے ہوں - جمع کیا ہوا مال -
هَبَّال - کمانے والا - مکار - دھوکہ دینے والا - شکاری -
هَبَالَۃ - جستجو - تلاش - کھوج -
هِبَۃٌ - (ف) بخشش کرنا - خیرات کرنا - مال دینا -
هِبَّۃ - حال - حالت - پرانا کپڑا - کپڑے کا ٹکڑا - ج: - هِبَب -
هَبْر - نیچی اور ہموار زمین - ج: - هُبُوْر -

هَبْرمص (ن) ، گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا۔

هِبْرِیَائِی۔ نیا دینار۔ ہر وہ چیز جو دیکھنے میں اچھی معلوم ہو۔ شیر۔ بے ملاوٹ۔ کھرا سونا دست بند فارسی۔

هَبْرَقِیّ۔ لوہار۔ سونار۔ جنگلی بیل۔

هِبْرِیَة۔ ردی۔ اون وغیرہ کا رُوان جو اُڑتا ہے۔ چربی۔ سر کی بھوسی۔

هَبْش۔ (ن۔س) جمع کرنا۔ کمائی کرنا۔ بہت زیادہ مارنا۔

هَبَص۔ (س۔ح) خوشی کرنا۔ خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ کھانے کی چیز کو بہت زیادہ آرزو اور بے قراری کے ساتھ چاہنا۔

هَبْط۔ (ن) نیچے اتارنا۔ بیماری کا کسی کو دُبلا کر دینا۔ داخل ہونا۔ اترنا برائی میں پھنسنا۔ کم کرنا۔

هُبَع۔ گدھا۔ اونٹ کا بچہ جو آخر میں پیدا ہو ج: ۔هِبَاع۔ م: هُبَعَة ج: هُبَعَات

هَبَل۔ بھیڑیا۔ هُبَل۔ ایک بت کا نام

هَبَل۔ (س) عورت کا بچہ کو گم کر دینا (یعنی بچہ کا مرجانا)

هُبُنَّق۔ خدمت گار۔ نوکر چاکر۔ خادم۔

هَبَنَّقَة۔ ایک بے وقوف آدمی کا لقب۔

هُبُنُوق۔ هِبْنِیق۔ نوکر چاکر۔ خادم۔

هُبُوّ۔ (ن) (گرد و غبار) اونچا ہونا۔ بھاگنا۔ مرجانا۔

هُبُوب۔ (ن) ہوا کا چلنا۔

هَبُوب۔ هَبُوبَة۔ گرد اُڑانے والی ہوا۔

هَبْوَة۔ گرد۔ دُھندلا پن۔

هَبُوس۔ مکڑی۔

هَبُنْقَی۔ چھوٹی چیونٹی۔

هُبُون۔ هَبَرَان۔ (ض) مرجانا۔ اچانک مرجانا۔

هَبُوط۔ ڈھلوان زمین۔ نیچی زمین۔

هُبُوط۔ (ض۔ن) کم ہونا (قیمت کا) اُترنا۔ (الی) منتقل ہونا۔

هُبُوغ۔ (ف) سو جانا۔

هَبِیّ۔ چھوٹا لڑکا (م) هَبِیَّة۔

هَبِیب۔ هِبَاب۔ هِبَّة۔ (ض۔ن) جفتی کے وقت نر کا جوش میں آنا۔ اور بولنا۔

هَبِیت۔ بزدل۔ ڈرپوک اور بے عقل آدمی

هَبِیط۔ دُبلا اونٹ۔ وہ آدمی جسے بیماری نے دُبلا کر دیا ہو۔

ﮬ - ت

هَتّ۔ (ن) کسی کو عزت کے مرتبے سے گرا دینا کپڑا پھاڑنا۔ منہ موڑ لینا۔ درخت کا پتا گرنا۔ صاف و شستہ بات کرنا۔ اُنڈیلنا۔ پے در پے کاٹنا۔

هَتْء۔ وقت۔ ہنگام۔ گھڑی مص (ف) مارنا۔

هَتَاءُ۔ هُتُوء۔ (ف) چیرنا۔ پھاڑنا۔

هُتَاف۔ چیرز۔ نعرہ مسرت (د)

هُتَامَة۔ گرا ہوا ریزہ۔ ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔

هَتْر۔ (ض) بوڑھاپے کا بے عقل کر دینا۔

(بوڑھاپے کی وجہ سے سٹھیا جانا) ۔
کسی کی عزت وآبرو کو بٹہ لگانا ۔
عیب لگانا ۔

هِتْرٌ ۔ جھوٹ ۔ سختی ۔ بلا رنج ۔ عجیب کام
بے فائدہ بات ۔ اعتبار سے گرا ہوا
کلام میں خطا ۔ رات کا پہلا نصف
حصہ ۔ ج :۔ اَهْتَارٌ

هَتْفٌ ۔ (ض) بولنا (کبوتر وغیرہ کا) ۔

هُتْكٌ ۔ آدھی رات ۔

هَتْكٌ ۔ (ض) پردہ پھاڑنا یا کھولنا ۔ تاکہ پردہ
حلّة - ڈھکن دار دیگچی۔
اِنحلال - ڈھیلا پن۔ سستی۔ کمزوری
حَلَوِیّات مٹھائیاں۔
حُمرة - سُرخی - ہونٹوں کو لگانے کی سُرخی
حَمَق - چڑچڑاپن۔
حمّسه - جوش دلانا۔ مشتعل کرنا۔
حَماسِیّ - پرجوش۔ مشتعل مزاج۔
حمّص - تحمیصًا - سینکنا۔ بھوننا
ٹوسٹ یا روٹی وغیرہ سینکنا۔
حمل - حِمالة و حَمّالة پل کے ستون۔
مَحمل - ڈولی۔ ج: مَحامل۔
محمول - گاڑی کا لوڈ۔ وزن
حامل - اسٹینڈ۔ ج: حوامل
حمی - مُحامِی وکیل۔ بیرسٹر۔
حاما - محاماة - وکالت کرنا۔
مدافعت کرنا۔
حَمِیّات محروسہ علاقے۔
حِمایة - حفاظت۔ حراست۔ نگرانی
حِمایة دُوَلِیّة - بین الاقوامی نگرانی
حامیة حفاظتی دستہ ج: حوامی

حَنَفِیّة - ٹینٹو۔
حنک - مُحنّک تجربہ کار۔ ہوشیار
حوج - حاجیات - ضروریات۔ لوازم۔
حُورِیّة پری - ج: حوریات
مِحوَر بیلن۔ لوہے کی لاٹ جس پر دونل
پہیے گھومتے ہیں۔
حَیِّزُ الاِمکان دائرۂ امکان
انحاز الیه کسی کی طرف جھکنا۔ طرفدار
ہونا۔
حِیازة - قبضہ، ملکیت
تحیّز - طرفداری۔ جانبداری
حَوّض الارض - کیاریاں بنانا۔
حوضُ السُّفن - گودی جس میں
جہاز کھڑے ہوتے ہیں۔
حوط - احتیاطی - ریزرو۔ محفوظ۔
مُحیط دائرہ سمندر۔ ماحول۔ ج:
مُحیطات
متحوّط - مصلحت اندیش۔ محتاط۔
حوّل تحویلاً - حالت بدلنا۔ منتقل کرنا۔
ریل گاڑی کی لائن بدلنا۔
احال ... الی - مرسل کرنا۔ محول کرنا۔
احال علی المَعاش - پنشن دینا۔
حالاتی - ابن الوقت۔
حَوالة - تحویل۔ آرڈر۔ حکم
" مالیه چیک - ڈرافٹ - منی آرڈر
حَوالَی - تقریبًا۔ برابر۔
تحویل النُّقود - تبادلہ سکہ۔
متحیّز - طرفدار۔ جانبدار۔
تَحوِیلة ریلوے کانٹا۔

مَحالة ۔ بڑا بیلن
مُحَوِّل ۔ منی آرڈر بھیجنے والا۔ ڈرافٹ یا چیک کے ذریعہ رقم بھیجنے والا۔
مُحَوِّلَة۔ ریلوے قینچی جس کے ذریعہ ریل گاڑی ایک پٹڑی سے دوسری پٹڑی پر جاتی ہے۔
مِحْوَلجی مُحَوِّل ۔ سوئچ مین ۔ ریل کی قینچی بدلنے والا۔
مُحَوَّل علیہ رقم پانے والا جس کے پاس منی آرڈر بھیجا جائے۔
مُحَوَّل لَه۔ جس کے نام چیک یا ڈرافٹ کیا گیا ہو۔
حوی ۔ حَاوِی ۔ مداری ، سپیرا۔ شعبدہ باز۔ ج :۔ حواۃ
محتویات ۔مندرجات ۔
حید ۔حِیاد ۔مُحاید۔ غیر جانب داری
مُحایِد غیر جانب دار ۔کنارہ کش۔
حَیَوِیّ ۔ حیاتی ۔ زندگی کا ۔ زندگی کے لئے ناگزیر۔
حَیَوِیّة ۔ قوتِ حیات

خ

خبأ ۔ مَخبأ۔ پناہ گاہ
خبر ۔مخابرۃ۔ خبر رسانی۔
اختبار۔ امتحان ۔ٹسٹ ۔تجربہ
استخبار۔ تحقیق کرنا۔
خُبرۃ ۔ تجربہ ۔ واقفیت ۔مہارت
خَبِیر صاحب بصیرت ۔تجربہ کار ماہر فن ۔ج :۔ خُبَراء

مُختَبَر۔ تجربہ کار۔ لیباریٹری۔
ج :۔ مختبرات
خبز ۔ مَخبَز۔ روٹی کی دکان ۔بیکری۔ بسکٹوں کا تنور۔
ختم ۔مہر ۔ مہر کا نشان ۔مہر کا آلہ
خَتّامة۔ اسٹامپ پیڈ ۔ مہر کی سیاہی کی ڈبیہ
خدد ۔ مِخَدّۃ۔ تکیہ ۔گدا۔
خدر ۔ تَخدِیر۔ اسن کرنا ۔بیہوش کرنا۔
خدر ۔ خُدْرۃ بے حسی ۔ بے ہوشی
مُخدِّر۔ بے ہوش یا سن کرنے والا
خدم ۔ استخدام۔ خدمت لینا۔ ملازم رکھنا ۔کام لینا۔ استعمال کرنا۔
مُستَخدَم۔ ملازم ۔ نوکر ۔کارکن۔
خادِمیّة۔ ملازمت ۔نوکری۔
خِدیو ۔ خدیوی۔ ترکی / وائسرائے مصر کے سابق فرماں رواؤں کا لقب جو سلطان ترکی کے تابع ہوتے تھے۔
خرج ۔خِرِیج ومتخرج۔ کسی تعلیمی ادارہ کا فارغ التحصیل ۔گریجویٹ۔
تَخَرَّج ۔سند فراغ حاصل کرنا
خارجی۔ بیرونی ۔غیر ملکی۔
مخرج۔ فلم وغیرہ تیار کرنے والا۔
خرز ۔ مِخرز۔ ستاری ۔
خَرط و خِراطۃ۔ خراد کا کام یا پیشہ
خَرّاط الخشب۔ خراد کا کام کرنے والا
مِخرطة ۔خراد کی مشین ۔
خریطة۔ جغرافیائی نقشہ ۔نقشہ
ج :۔ خرائط ۔

خرع - مخترع - ایجاد - ج: مخترعات
خرم - خرامة - سوراخ کرنے کا اوزار
تخریمة - مختصر راستہ۔
خزل الکلام - خزلاً و اختزل
مختصر کرنا۔ اشاروں میں کلام کرنا۔
اختزال - شارٹ نویسی - اسٹینوگرافی
خزن - خزانة - الماری - تجوری۔
خزینة - خزانہ - بیت المال۔
خزان - تالاب - ڈیم - حوض - ٹنکی
ج: - خزانات
خازن - خزانچی - منتظم گودام۔
مخزن - دوکان - اسٹور - گودام
ج: - مخازن
خشب - خشیب - بغیر پالش کیا ہوا۔
خشن - اکھڑ - سادہ - بداخلاق۔
خصص - خصوص - تعلق، نسبت
تخصص - منفرد ہونا - امتیاز و مہارت
حاصل کرنا کسی علمی شعبہ کا ماہر ہونا۔
متخصص - فاضل - ماہر
اختصاص - دائرہ اختیار - ج: -
اختصاصات
اختصاصی - اسپیشلسٹ - ماہر
مخصوص - اسپیشل - پرائیویٹ۔
خصمہ - خصماً کسی کے مقابلہ پر قیمت میں
کمی کر دینا۔
خضع لہ - ماتحت و دست نگر ہونا۔
خاضع - ماتحت - تابع - دست نگر۔
خطر - خاطر ب... مخاطرة - بازی لگانا
خطرہ مول لینا۔

تخاطر - شرط باندھنا - بازی لگانا۔
إخطار - تنبیہ - نوٹس۔
خطط الارض - حد بندی کرنا - چک بندی
کرنا - کھیت میں کیاریاں بنانا۔
خطط و اختط - منصوبہ و اسکیم بنانا
خط - لائن - سطر - لکھائی - رسم الخط۔
خط جوی - ایرلائن - فضائی راستہ
خط سکة الحدید - ریلوے لائن
خطة - لائحہ عمل - اسکیم - منصوبہ - ج:
خطط۔
تخطیط - پیمائش زمین - سروے۔
چک بندی - حد بندی۔
خفر - خفیر - چوکیدار - ج: - خفراء
مخفر - چوکی - پولیس چوکی۔
خفض - کم کرنا۔
تخفیض - رعایت - کمیشن
خف - لانگ بوٹ - سلیپر - ج: - أخفاف
خفة الید - ہاتھ کی صفائی - شعبدہ۔
خفق البیض - خفقاً - انڈا پھینٹنا
محفقة البیض - انڈا پھینٹنے کا آلہ۔
خلص - خالص اجرة البرید۔
محصول ڈاک - پوسٹیج۔
استخلاص - مال چھڑانا۔
خلع - خلاعة - آوارگی۔
خلیع - آوارہ - بدمعاش۔
خلف - مخلفات - متروکہ سامان
خلفیة الصورة - بیک گراؤنڈ - پس
منظر۔
خلقة - کپڑے کا ٹکڑا۔

خلق ۔ خُلقانی ۔ پرانے کپڑے بیچنے والا
اختلاق ۔ اختراع کرنا ۔ گھڑنا
مُختلَق ۔ من گھڑت ۔ ساختہ جعلی
بناوٹی ۔ بے حقیقت
خَلَوِی ۔ دیہاتی ۔
اِخلاء ۔ اخراج ، جلاوطنی ۔
خُماسی ۔ مُخمّس ۔ پانچ رکنی ۔ پانچ اجزائی
خُمُول ۔ سستی ۔ گمنامی ۔
خوّل ۔ تخویلاً حق سپرد کرنا ۔ سپرد کرنا ۔
خان ۔ سرائے ۔ ہوٹل ۔ ج : خانات
خَیط القنّب ۔ ستلی
خَیش ۔ کینوس ۔ ایک دبیز کپڑا ۔
خُیّل الیہ کذا ۔ اسے ایسا خیال ہوا ۔
اس نے ایسا سمجھا ۔
مُخَیّل ۔ حیران کرنا ۔ توہم خیز ۔
مُخیّلہ ۔ قوت تخیلیہ ۔ دماغ ۔
خیم ۔ مُخیّم ۔ مُخیّمات ۔ خیمہ گاہ ۔
کیمپ ۔ پناہ گزین کیمپ ۔
خام ۔ خام ۔ ناپختہ ۔ سادہ
خامات ۔ ابتدائی میٹریل ۔ خام اشیاء ۔

د

دایل ۔ گھڑی کا ڈایل
دبّابۃ ۔ ٹینک ۔ ج : دبّابات
دبج ۔ دیباجۃ ۔ سرنامہ ۔ القاب ۔ خط کا
یا کتاب کا تمہیدی مضمون ۔
دبّر خطّۃ ۔ اسکیم بنانا ۔
دَبّورۃ ۔ اسٹار ۔ فوجیوں کی وردی کا
ستارہ ۔ پتھر توڑنے کا آلہ ۔

دبس ۔ دبّوس ۔ پن ۔ سیفٹی پن ۔ بالوں
کا کلپ ۔ ج : دبابیس
دبغ ۔ مَدبغۃ ۔ چمڑا صاف کرنے کا کارخانہ
دَخْلٌ ۔ آمدنی ۔
دخیل ۔ بدیسی ۔ غیر ملکی ۔ ج : دُخلاء
داخلیۃ ۔ اندرونی معاملات کا محکمہ ۔
مدخول آمدنی ۔ پیداوار
دَخَن ۔ تمباکو ۔ بھاپ ۔ دھواں
دَخاخنی ۔ تمباکو و لوازم فروخت کرنیوالا
دخن تدخینا ۔ تمباکو پینا ۔ حقہ پینا
یا سگریٹ پینا ۔
داخنۃ ۔ مِدخنۃ ۔ دھواں نکلنے
کی چمنی ۔
درّبہ علی ... تدریبا مشق کرنا ۔
ٹریننگ دینا ۔ تربیت دینا ۔
تدرب علی ۔ مشق کرنا تربیت پانا ۔
دُرْبَۃ ۔ تجربہ ۔ مشق ۔ عادت ۔
درج ۔ مَدرج ۔ ہوائی اڈے کی سڑک
رن وے ۔
دُرْج ۔ میز کی دراز ۔ ج : اَدراج
دَرَجۃ ۔ گریڈ ۔
درس ۔ دراسۃ تعلیم ۔ مطالعہ ۔
غور وخوض ۔ معاینہ ۔
مدرسۃ فکریۃ مکتب فکر ۔
مدرسی ۔ درسی اسکول کا ۔
درع ۔ مُدرّع ۔ زرہ پوش
مُدرّعات ۔ بکتر بند گاڑیاں
دعو ۔ دِعایۃ ۔ پروپیگنڈا
دعوۃ و دعوی ۔ مقدمہ ۔ کیس ۔

دفء۔ دَفَّایہ۔ مدفأۃ۔ اسٹوو انگھیٹی۔
دفتر۔ کاپی۔ نوٹ بک۔ ج: دفاتر
دفتر خانہ۔ محافظ خانہ۔
دفع۔ ادائیگی
دفعۃٌ مالیّۃ۔ قسط
دافع محرک۔ سبب۔ ج: دوافع
مِدفع توپ۔ ج: مَدافع۔
مدفوعٌ الیہ۔ وصول کنندہ
مِدفعیّہ۔ توپ خانہ۔
دِقّۃ۔ باریکی۔ مہارت۔ نزاکت پختگی ہوشیاری۔
دکتاتور۔ ڈکٹیٹر۔
دکتور۔ ڈاکٹر۔ اعلیٰ علمی ڈگری والا۔
دُکتور فی الحُقوق۔ ڈاکٹر آف لا۔
دُولاب۔ مشین۔ آلہ۔ پہیّہ۔
دلل۔ دَلیل۔ راہ نما۔ گائڈ۔
دَلیلُ البلد۔ ڈائرکٹری۔
دلیل السُّفن۔ پائلٹ۔ جہازراں۔
دمر۔ مدمِّرۃ۔ جنگی جہاز
دُھنٌ۔ تیل۔ وارنش۔ روغن۔
دِھان۔ وارنش۔ روغن
دھّانٌ۔ رنگ ساز۔ روغن گر۔
دور۔ دَارٌ۔ ج: ادوار۔ گھر۔
دارُالآثار۔ میوزیم۔
دارالتمثیل۔ تھیٹر۔ سینماگھر
دارالقضاء۔ کچہری۔
دائرۃ۔ حلقہ۔ دفتر۔ علاقہ۔ زون۔
ج: دوائر۔

دورۃ۔ نمبر۔ مقررہ وقت۔ درجہ۔ نالی۔ عمارت کی منزل۔ اسٹوری
دوریّۃ۔ گشتی پارٹی۔ ج: دَوریّات
دَوّار۔ متحرک۔ گھومتا (دروازہ وغیرہ) پھیری والا۔
اِدارۃ۔ نظم ونسق۔ انتظام۔ اہتمام دفتر۔ محکمہ۔
اداریّ۔ انتظامی
مُداوِرٌ۔ وقت شناس۔ زمانہ ساز۔
مُدیر۔ ناظم۔ مہتمم۔ مینجر۔ کلکٹر۔ ج: مُدَراء
مُدیریّۃ۔ ضلع۔ صوبہ (مصری)
دوس۔ دوّاسۃ۔ بائیسکل یا کسی انجن مشین وغیرہ کا پیڈل۔
دَولۃ۔ حکومت۔ ریاست۔ مملکت۔ ج: دُوَل
الدول العُظمیٰ۔ بڑی طاقتیں۔
دُوَلیّ۔ بین الاقوامی۔
مُداولۃ۔ مخصوص بات چیت۔ ج: مُداولات۔
دوّلۃ۔ تدویلؔ۔ بین الاقوامی بنادینا۔
دیوان۔ عدالت۔ دفتر۔ محکمہ۔
دیمقراطیّ۔ عوامی۔ ڈیموکریٹ۔
دیمقراطیّۃ۔ جمہوریت۔

ذ

ذخر:۔ اسٹاک کرنا۔ ہتھیار جمع کرنا
ذخیرۃ۔ اسٹاک۔ جمع کردہ مال۔ فنڈ۔ سرمایہ۔

ادّخار - مال جمع کرنا - روپیہ بچانا۔
ذَرَّة - آٹم - جوہر فرد۔
ذَرِّی - ایٹمی - جوہری۔
ذکر - ذِکْریٰ - یادگار - یاد۔
تذکار - یادگار - یاد۔
تَذْکِرَة - ٹکٹ - ج: تذاکر
تذکرجی - ٹکٹ بابو - بکنگ کلرک۔
مُذَکِّرة - میمورنڈم - یادداشت۔
نوٹ بک - ایجنڈا - ج: مُذَکِّرات
ذو - ذاتیّة - شخصیت - حیثیت۔
ذیع - اذاعة - نشریہ - براڈکاسٹنگ
اذاعات - ریڈیو نشریات - افواہیں
مُذیع - اناؤنسر۔
مذیاع - ریڈیو - بھونپو - میکرفون

ر

رادیو - ریڈیو (مع) وائرلیس سیٹ۔
رادیوم - ریڈیم - ایک چمکیلا مادہ۔
ترأس الجلسة ت - صدارت کرنا۔
رئاسة - صدارت - افسری - سربراہی
ترئیس صدر بنانا - افسر بنانا
کتاب یا مضمون پر عنوان لگانا۔
رأسمالی - سرمایہ دار۔
رأسمالیّة - سرمایہ داری۔
رئیس - صدر - افسر - ہیڈ - چیف
چیرمین - سربراہ - ذمہ دار - ڈین۔
رئیسی - بنیادی
ربط - رباط - رسی - پٹی - ڈوری تسمہ
ٹائی گیٹس۔

ربع - تربیعة - خانہ
رُتبة - درجہ - عہدہ - منصب ج:
راتب - مالی یافت - تنخواہ - وظیفہ
ج: رواتب
ترتیب نظام - تدبیر - انتظام۔
رتج - رِتاج - پھاٹک - بڑا دروازہ۔
رتل - ترتیلة - ترنم - گنگناہٹ۔
رتن - رتینة - گیس کی لالٹین - لال ٹین
رجع - راجع - مراجعة - مِلان کرنا۔
جانچنا - مشورہ کرنا - نظر ثانی کرنا۔
مُراجِع - جانچ کنندہ - آڈیٹر حساب
رجعیّة - قدامت پسندی
رجم - ترجمة حرفیّة - لفظی ترجمہ
ترجمة تفسیریّة - مفہومی ترجمہ
رحّب به ترحیبًا - خیر مقدم کرنا
ترحیبیٌ - خیر مقدمی۔
رِحلة - سفر - سفر سیاحت۔
رحّالة - سیاح۔
راحل - متوفی - مہاجر۔
رخصة - پرمٹ - لائسنس - اجازت
رزم - رزمًا - بنڈل بنانا - پیکٹ
بنانا - باندھنا۔
رِزمة - بنڈل - پارسل - پیکٹ
ج: رِزَم
رزمة ورق - کاغذ کا ایک رم۔
رسب - رسوبًا - فیل ہوجانا۔
ترسیب فیل کرنا - نیچے گرانا۔
راسب - فیل - تہ نشین۔
رسح - مسرح - ڈرامے کا اسٹیج - تھیٹر۔

رسل ۔ رِسالۃ پیغام ۔ خط ۔ پمفلٹ ۔ مقالہ مِشن
رسالۃ الدکتوراۃ ۔ تھیسیز ۔ دو مقالہ جو ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کرنے کے لئے لکھا جائے ۔
اِرسالیۃ ۔ مشن ۔ ڈیلیگیشن ۔ وفد ج:۔ ارسالیات ۔
مُراسِل ۔ نامہ نگار ۔
مُراسلۃ ۔ نامہ نگاری ۔
رسم ۔ رسماً ۔ تصویر بنانا ۔ نقشہ بنانا ۔ ڈیزائن بنانا ۔
رَسْمٌ ۔ نقشہ ۔ نقاشی ۔ تصویر ۔ ڈیزائن ۔ ج:۔ رُسوم ۔
رُسُومٌ ۔ فیس ۔ محصول ۔ ٹیکس
رسمی ۔ سرکاری ۔ قانونی ۔ رواجی ۔
شِبْہ رسمی ۔ نیم سرکاری ۔
رسمیًا ۔ سرکاری طور پر ۔ قانوناً ۔
رَسّام ۔ نقشہ ساز ۔ ڈیزائنر ۔ فوٹوگرافر
مَرْسَم ۔ اسٹوڈیو ۔ فوٹو لینے کی جگہ ۔ ڈیزائن روم
مرسوم ۔ فرمان ۔ سرکلر ۔ حکم ۔ مقررہ ۔ اصول ۔ ج:۔ مراسیم
رسو ۔ مرساۃ ۔ جہاز کا لنگر ۔ ج:۔
رشح ۔ لمنصب ترشیحاً ۔ کسی منصب کے لئے امیدوار نامزد کرنا ۔
مُرَشّح ۔ کنڈیڈیٹ ۔ امیدوار
مُرَشّح الماء و داشح ۔ فلٹر ۔ پانی صاف کرنے کا آلہ ۔
رش ۔ رشّاشۃ ۔ آب پاش ۔
رشّاشۃ الرّصاص ۔ مشین گن ۔
رصد ۔ رَصید ۔ محفوظ سرمایہ ۔ بینک بیلنس ج:۔ اَرْصِدۃ ۔
رص ۔ رَصاص ۔ سیسہ ۔
قلم الرّصاص ۔ پنسل ۔
رَصاصۃ ۔ گولی (بندوق کی)
رصف ۔ رصفاً ۔ راستہ کو پختہ کرنا ۔
مرصوف پختہ ۔ سیمنٹیڈ
رَصیف ۔ پلیٹ فارم ۔ فٹ پاتھ ۔ ج:۔ اَرْصِفۃ
رضع ۔ رضّاعۃ ۔ دودھ پلانے کی شیشی ۔
رطب ۔ مرطّبات ۔ فرحت بخش مشروبات
رَعَویّۃ ۔ ملکی حقوق ۔ نیشنلٹی ۔
رفا ۔ مرفأ ۔ پورٹ ۔ بندرگاہ ج:۔ مرافی
رفق ۔ مِرفق ج مرافق ۔ ضروریات و لوازم شے ۔ ناگزیر لوازم ۔
اَرْفَق ... بکذا ۔ منسلک کرنا ۔ نتھی کرنا
مُرفَق ۔ ہم رشتہ ۔ منسلک ۔
مِرفقۃ ۔ بلاٹنگ پیڈ ۔
رقب ۔ ... رقابۃ ۔ نگرانی کرنا ۔
رقابۃ ۔ نگرانی ۔ کنٹرول ۔ سنسر ۔ چھان بین
مُراقِب ۔ نگران ۔ سپروائزر ۔
مَرْقَب ۔ رصدگاہ ۔
مِرقب فلکی ۔ ٹیلسکوپ ۔
رقص ۔ رقّاصۃ الساعۃ ۔ پنڈولم ۔
مرقص ۔ ناچ گھر ۔ ڈانسنگ ہال ۔
رقع ۔ رُقعۃ العنوان ۔ لیبل ۔ چٹ ۔
مَرْقعۃ ۔ اسٹینسل
رَقْمٌ ۔ نمبر ۔ ج:۔ ارقام

ترقیم۔نمبر ڈالنا
رکب۔ مرکب۔ سواری۔جہاز
رُکّاب۔ سواریاں۔مسافر
رکز۔ مرکز۔مرتبہ۔پوزیشن۔عہدہ
اسامی۔پوسٹ۔صدر مقام۔
رنّ۔ رنّان۔ گونج دار۔
راھن۔راھن۔حاضر وموجود۔
حالۃ راھنۃ۔موجودہ حالت
راود۔ رائد۔ راہنما۔
رائد الفضاء۔خلا باز۔خلائی مسافر۔
خلائی کھوج لگانے والا۔اسکاوٹ
روی۔ روایۃ۔ناول۔قصہ۔
روائی۔ ناول نویس۔
ریّ۔ آب پاشی۔
ریف۔ دیہات۔زراعتی زمین۔ج:۔اریاف

ز

زبدیۃ۔ پیالہ۔ج:۔ زبادی
زبل۔ زبالۃ کوڑا۔
صندوق الزبالۃ۔کوڑے کی گاڑی۔
مزبلۃ۔کوڑا خانہ
زحف الجیش۔:۔ پیش قدمی کرنا۔
زحافۃ۔زمین ہموار کرنے کا آلہ۔
زُحلوقۃ۔ پھسلواں زینہ۔پھسلواں تختہ۔
زعم۔زعامۃ۔لیڈری۔لیڈرشپ۔
زعیم۔ قوم کا لیڈر۔سربراہ۔ج: زُعماء
زعیم عصابۃ۔کسی پارٹی کا سرغنہ۔
زِفت۔ تارکول۔
زفّۃ تزفیتا۔ تارکول ملنا۔ڈالنا۔

زکب۔زکیبۃ۔ بوری۔ بڑا تھیلا۔
زلج۔ مزلاج۔ چٹخنی۔
مزلج۔ پھسلواں کھڑاؤں۔
زلّط الارض تزلیطا۔زمین پر کنکریٹ ڈالنا۔
زمل۔زمیل۔شریک کار۔ہم پیشہ۔
زنبرک۔ اسپرنگ۔
زِنک۔ توتیا۔جست۔
زھریۃ۔گلدان۔پھول رکھنے کا برتن۔ج:۔
زھریات
مزھریۃ۔گلدان۔
زوج۔ کسی شے کا جوڑا۔دو۔
مزدوج۔ ڈبل۔ دوہرا
خط مزدوج۔ڈبل لائن
زوّدہ ب... تزویدا بہم پہنچانا۔
سپلائی کرنا۔دینا۔
زورۃ۔ ایک ملاقات
زیارۃ۔ ملاقات۔کسی ملک کا دورہ
زائر۔ ملاقاتی۔ج:۔ زوّار۔
مزار۔ قابل زیارت مقام۔
زول۔ زوال العمل مزاولۃ۔
مسلسل کرنا۔ بطور پیشہ کرنا۔
مِزوَل۔ٹیلیفون کا ڈائل۔
مزولۃ دھوپ گھڑی۔
زیّت الآلۃ۔مشین کو تیل لگانا۔
زیت الغاز۔مٹی کا تیل۔
زید۔ زیادۃ۔اضافہ۔الاؤنس
زائدۃ دودیۃ اپنڈی۔سائٹس۔
مزاد۔ نیلام۔
مزایدۃ۔ فروختگی بذریعہ نیلام

زِیّ - طرز - فیشن - بھیس - روپ -
ج :- اَزْیاء -

س

سائل - مسئول - ذمہ دار -
مسئولیّۃ - ذمہ داری -
سَبَخ - کھاد (وارجہ)
سبّر - سبّورۃ - تختہ سیاہ - بلیک بورڈ
مِسْبَر و مِسْبار - کسوٹی -
سبرتو - اسپرٹ -
سبق - سوابق - گذشتہ جرائم
سبك - ڈھلائی - دھاتوں کی گلائی -
مَسْبَك - ڈھلائی کا کارخانہ
مَسْبَكُ حروفِ الطباعۃ -
ٹائپ فونڈری
سبیکۃ - سونے چاندی یا دیگر دھاتوں
کا پگھلا ہوا ڈلا - ج :- سبائك
ستّ - خاتون (وا)
ستّوقیّ - ساٹھ سالہ -
سِتر - سِتار - آڑ - رکاوٹ -
سُترۃ - کوٹ - آستین دار صدری
سَجّادۃ - جانماز - قالین ج :- سجاجید
سَجّل ... تسجیلا - درج کرنا - رجسٹر
میں لکھنا - بیان وغیرہ قلم بند کرنا - ریکارڈ
کرنا - رجسٹری کرنا -
مُسَجَّل - رجسٹرڈ - مندرج -
مُسَجِّل - رجسٹرار -
مُسَجِّلۃ - ٹیپ ریکارڈر - آواز
محفوظ کرنے کا آلہ -

سِجِلّ - رجسٹر - ریکارڈ - قدیم کاغذات
دستاویزات - ج :- سجلات
سجّان - جیلر - جیل کا داروغہ
سَحَب - لاڑی نکالنا - کسی علاقہ سے فوج
ہٹانا - لائیسنس وغیرہ ضبط کرنا -
سحق - مسحوق - پاؤڈر - منجن - ج :-
مَساحیق -
سخن - سخّان - پانی گرم کرنے کا سماور
ہیٹر - بجلی کا چولھا -
سدس - مُسَدَّس - ریوالور - ج :-
مُسَدَّسات
سِرْبُ طائرات - ہوائی جہازوں کی کھیپ
سرح الجیش - فوج توڑنا -
سَراح - رہائی
الطلاق السّراح رہا کرنا -
مَسْرَح - تماشا گاہ -
مَسْرَحِیّۃ ڈراما - ج :- مسرحیات
سرد - سردقۃ - شامیانہ لگانا -
سُرادِق شامیانہ - پنڈال
سُرْعۃ تیزی - رفتار - اسپیڈ -
سَریع - اکسپریس -
سطر - مِسطرۃ - اسکیل پیمانہ -
حدود کش -
سَعادۃ - خوش حالی - تعظیمی لقب
صاحِبُ السعادۃ - یا - سعادۃ فلان
حضرت مآب -
مساعِد - مددگار - اسسٹنٹ -
سِعْر - نرخ - بھاؤ - ج :- اسعار
سَعّر السلعۃ - سامان کی قیمت مقرر کرنا

ساعَمَ کا ۔بھاؤ کرنا ۔سودا کرنا۔
سعرُ التبادل۔شرح تبادلہ۔
سعف ۔ اسعاف ۔ ریلیف ۔ امداد۔
طبی امداد۔
سعی ۔ ساعیُ البرید۔ پوسٹ مین۔
سقتجة۔ ہنڈی۔
سفر۔سفیر۔ ایک ملک کا دوسرے ملک
میں مستقل نمائندہ ۔ج۔ سفراء
سفارة۔عہدۂ سفارت ۔سفارت خانہ
سُفور۔ بے حجابی ۔بے پردگی۔
سفن ۔سفینة۔ جہاز ۔ج۔ سفن
سِفانة کشتی رانی ۔جہاز رانی۔
سَقَطِی ۔پرانے کپڑوں کا تاجر۔
سقف ۔ سقیفة ۔سائبان ۔ج۔
سقائف
سُکّر ۔ شکر۔کھانڈ۔
خام۔ گڑ یا شکر۔
سُکّرِیّة ۔ شکردان ۔
سُکُرجة ۔طشتری ۔پلیٹ ۔
سکرتیر۔سکرٹری
سکرتاریة۔سکرٹریٹ ۔سکرٹری آفس
سکة الحدید۔ ریلوے
سلح..... تسلیحًا۔مسلح کرنا
سلاح الطیران۔فضائی طاقت ۔ہوائی
فوج۔
تسلّح ۔ ہتھیار بندی۔
سُلطة اختیار ۔منصب حاکم۔
مُطلقة ۔ اختیار کامل۔
سُلطات حکام ۔ اتھارٹیز۔

سَلطة ۔چٹنی۔
سُلطانیة ۔بڑا پیالہ۔ ڈونگا۔
سُلفة۔ قرض مع سود۔
سَلفًا ۔ پیشگی پہلے
سِلک ۔ تار ۔لائن۔ج۔ اسلاک
سیاسی۔ سیاسی لائن
سُلوک طرزِ عمل ۔چال چلن ۔برتاؤ۔
سُلوکی چال چلن سے متعلق۔
لاسلکی۔ وائرلیس
سل۔ سُلالة مَلِکِیّة ۔شاہی خاندان۔
سِلمِی۔ پرامن ۔امن سے متعلق۔
تسلّم وصول کرنا۔
سالمة مُسالمة ۔صلح کرنا
مُسالِم۔صلح پسند ۔صلح جو۔
مُستَلِم۔وصول کنندہ
سمح ۔سَماحة۔عالی ظرفی ۔فراخ دلی۔
رواداری (اعزازی خطاب)
سماحةُ فلانٍ وصاحب السَماحة
مُسامحة تعطیل ۔چھٹی ۔ معافی۔
سمّد الارضَ تسمیدًا۔ کھاد ڈالنا۔
سماد کھاد ۔ج۔ اسمِدة
سمع ۔مِسماع اسٹیٹ سکوپ۔
طبی آلہ جس کے ذریعہ سینے کی آواز
سُنی جاتی ہے۔
سُمو ۔ بلندی ۔عظمت (کلمۂ تعظیم)
جو عمومًا شاہی خاندان کے افراد کے لئے
استعمال کیا جاتا ہے بمعنی اعلیٰ حضرت ۔
عالی جناب۔
سَماوة چھجا۔ سائبان۔

سَنَد - رسید - واؤچر - وثیقہ - بونڈ۔
سَنَدات - دستاویزات -
مُستندات - دستاویزات
سَہم - کمپنی کا حصہ - شیر۔
مُساہِمُ - حصہ دار۔
سَاہَمَ وِ آسہَمَ فی - حصہ لینا۔
سہم نارِیّ - راکٹ۔
سیح - ساحۃ - میدان - گراؤنڈ۔
ساحۃ المُصارعۃ کشتی کا دنگل
سود - سادَ :- چھایا جانا - سکہ جمانا۔
سِیادۃ - اقتدار - بالادستی۔
سیّد - بااقتدار - مسٹر - جناب۔
سیّدات خواتین۔
سوریا - ملک شام۔
سوریّ - ملک شام کا رہنے والا۔
سوع - ساعۃ گھڑی۔
ساعاتی - گھڑی ساز
سوق - بازار - مارکیٹ
سوداء - بلیک مارکیٹ۔
تسوّق - خرید و فروخت کرنا۔
سَوّق - ڈرائیوری - گاڑی چلانا
سوّاق - سائق - ڈرائیور۔
سَوّی - تسویۃ - برابر کرنا - جھگڑا چکانا
حساب بے باق کرنا۔
سَیج - سیاج - باڑھ - چہار دیواری۔
سِیجارۃ - سگریٹ - ج :- سجائر
سَیر - رفتار - چال - ترقی
سیّارۃ - موٹر - ج :- سیّارات
سائر - ترقی یافتہ متحرک جاری۔

ش

شأن - ج :- شئون - حالات - معاملات
کیفیات - ضروریات -
شبک - شَبَکۃ - جال - جالی۔
اشتباک - الجھاؤ - تصادم - جھڑپ
شُبُک سگریٹ پائپ - حقہ کی نے۔
شُبّاک - سلاخ دار کھڑکی - ج :-
شبابیک
مِشبک - بکسوا - کلپ -
شبہ جزیرۃ - جزیرہ نما۔
شبہ رسمیّ - نیم سرکاری۔
شتو - مَشتیٰ - گرم مقام جہاں موسم سرما
گذارا جائے - ج :- مشتیات
شجب - مِشجب - ہک - کھونٹی۔
شجع - تشجیع - ہمت افزائی۔
شحط - شُحیط - دیاسلائی۔
شحن - شَحنًا - کشتی یا جہاز پر سامان لادنا
شَحن و شَحنۃ - وزن - لوڈ - لادی - لادا
جانے والا سامان
شذّ - شذوذًا - جماعت سے الگ ہونا
خلاف قیاس ہونا - مخالف اصول ہونا۔
شرّب تشریبًا - پیوست کرنا - دماغ
میں بٹھانا - تلقین کرنا۔
شَربۃ - یخنی - سوپ
شَراب - شربت - مشروب۔
شَرَج - نیت - ڈور۔
شرح - شرحًا - سلائس کاٹنا۔
پوسٹ مارٹم کرنا۔

شَرْحَة ۔ سلائس لمبا ٹکڑا ۔ قاش ۔
مَشْرَحَة ۔ چیر پھاڑ اور پوسٹ مارٹم کا کمرہ ۔
شُرُود ۔ فرار ۔ آوارگی ۔ انتشار ذہنی
شُرْطَة پولس ج:۔ شُرَط و:۔ شُرْطِیّ
شَرْطَة (ـــ) چھوٹا خط جو دو جملوں کے درمیان ہوتا ہے
شَرْطِیَّة ۔ معاہدہ ۔ بدھی ہوئی شرط
شَرِیط ۔ فیتہ ۔ تسمہ ۔ ٹیپ ۔ پٹی ۔ ج:۔ اَشْرِطَة
مِشْرَط آلہ جراحی جس سے جلد کو کاٹا جائے ۔
شَرَعَ ۔ شَرعًا ۔ قانون بنانا ۔
شَرْعِیّ ۔ قانونی ۔ جائز ۔
شَارِعٌ قانون ساز ۔ لائحہ عمل اور منصوبہ تیار کرنے والا ۔
تَشْرِیع ۔ قانون سازی
مَشْرُوع ۔ اسکیم ۔ منصوبہ ۔ مسودہ قانون ۔ جائز ۔
مُتَشَرِّع قانون داں ۔ بیرسٹر ۔
شَرَف ۔ عزت ۔ اعزاز ۔ فخر ۔
شَرَفِیّ ۔ اعزازی ۔
اَشْرَفَ علی ۔۔ نگرانی کرنا ۔
اَلْمُشْرِف ۔ نگران ۔ سرپرست
شُرْفَة بالکنی ۔ گیلری ۔ ج:۔ شُرَفٌ
تَشْرِیفَة تقریب سرکاری ۔
تَشْرِیفَاتی سرکاری تقریبات کا منتظم
شَرْق ۔ مشرقی ممالک
الشَّرق الادنیٰ ۔ مشرق قریب ۔
الشَّرق الاقصیٰ ۔ مشرق بعید ۔
شَرَک ۔ جال ۔ پھندا ۔
شِرْکَة و شَرِکَة کمپنی ۔ فرم ۔ ج:۔ شَرِکَات
شَرِیک و مشارک حصہ دار ۔
اِشْتِرَاك اخبار یا رسالہ کی خریداری ۔ اخبار یا رسالہ کا چندہ ۔
اِشْتِرَاکی سوشلسٹ ۔
اِشْتِرَاکِیَّة سوشلزم ۔
اِشْتِرَاکِیَّة مُتَطَرِّفَة ۔ کمیونزم ۔
شَطَبَ ۔ شَطْبًا ۔ مٹانا ۔ قلم زد کرنا ۔ نام خارج کرنا ۔
شَعْب ۔ پبلک ۔ عوام ۔ ج:۔ شُعُوب
شَعْبِیّ ۔ عوامی جمہوری ۔
شِعَار ۔ نشانِ امتیاز ۔ بیج ۔ مارک
شُعُور ۔ جذبہ ۔ وجدان
شُعْلَة ۔ مَشَاعِلِیّ ۔ مشعل بردار ۔
شَغَب ۔ بدامنی ۔ شرارت ۔ فساد ۔ ہنگامہ
شَغَّاب و مُشَاغِب ۔ غنڈہ ۔ فسادی
مشاغبة غنڈہ گردی ۔ فساد انگیزی ۔
شُغْل ۔ مشغلہ ۔ مصروفیت
شَغَّلَ تَشْغِیلًا ۔ کام پر لگانا ۔ مصروف بنانا ۔ مشین چالو کرنا ۔
شَغَّال ۔ کارکن ۔ مزدور ۔ بیحد مصروف
شَفَاعِیّ ۔ سفارشی ۔
شَفَهِیّ ۔ شَفَوِیّ ۔ زبانی ۔
شفو ۔ مُسْتَشْفیٰ ۔ ہسپتال ۔ ج:۔ مُسْتَشْفَیَات
شُقَّة ۔ عمارت کی ایک منزل ۔ ایک حصہ ۔

شکر - شِکارۃ - ٹوس وغیرہ سینکنے کی جالی۔
بیگ - تھیلا۔
شَکَلَ الکلمۃَ ـُ شَکلاً - اعراب لگانا
تشکیل - مصور کرنا۔ شکل دینا۔
تشکیل دینا۔ کمیٹی وغیرہ بنانا۔
تشکیلات انتظامات - تیاریاں
مُشکِلۃ پیچیدہ مسئلہ - الجھن - قضیہ
مَشکول باعراب۔
شلل - شَلاّل آبشار - ج: شلالات
شمع - شَمّاعۃ - کپڑے لٹکانے کا ہک یا اسٹینڈ
مُشَمَّع آئل کلاتھ - موم کی پالش کیا
ہوا کپڑا - چکنا کپڑا۔
شَمّاعۃ لالٹین کا کلّا - برنر۔
شنط - شنطۃ - بیگ - تھیلا۔
شہد المجلسَ ـَ شہوداً - شریک ہونا
شَہادۃ - تصدیق نامہ - سارٹیفکیٹ۔
سندِ فراغت - ڈپلوما - ج: شہادات
الشاھدۃ - رجسٹر مراسلات جس میں
خطوط کی نقول محفوظ رکھی جاتی ہیں۔
شَہَرَ البندقیۃَ ـَ شَہراً - بندوق تاننا۔
اِشہار - اعلان۔
شَہِی مرغوب - مقبول۔
شور - شارۃ - نشان خاص۔
اشارۃ برقیۃ - ٹیلیگرام
اشارۃ سکۃ الحدید ریلوے سگنل
اَشَرَجی - سگنل مین۔
المشیر - فیلڈ مارشل۔
مُستَشار - مُشیر۔
شوش - شاشۃ - پردۂ سیمیں۔

شاویش - سارجنٹ - دس سپاہیوں کا
افسر۔
شوی - شَوّایۃ - بھوننے اور سینکنے کا
آلہ - فرائی پن - کڑھا۔
شیت - چھینٹ - ایک کپڑا
شیع - شائعۃ - افواہ - ج: شائعات
شُیوع - اشاعت۔
شُیوعی - کمیونسٹ۔
شُیوعیۃ کمیونزم
اِشاعۃ افواہ - ج: اشاعات

ص

صالۃ - بڑا کمرہ - کمرۂ استقبال
صبح - مِصباح - لمپ۔
صبع - مَصبَع - سینکنے کی جالی۔
صبغ - مَصبَغۃ - رنگائی کا کارخانہ
صبن - صَبّان - صابن ساز۔
صابونۃ - صابن کی ٹکیہ۔
مَصبَنۃ - صابن کا کارخانہ
صحح - صِحّی - صحت افزا۔ صحت سے متعلق
صُحُف - اخبارات - و: صحیفۃ
صَحّاف اخبار فروش۔
صِحافۃ - اخبار نویسی۔
صُحُفی - اخبار نویس
صَحن - پلیٹ - ج: صحون
صدد - سلسلہ تعلق - بصدد کذا
فلاں چیز کے سلسلہ میں۔
صَدَّرَ الکتاب - پیش لفظ لکھنا۔
اِصدار - جاری کرنا - شائع کرنا۔

تصدیر۔ کتاب کا پیش لفظ۔ بیرونی ممالک میں مال بھیجنا (اکسپورٹ)

صادِرٌ۔ باہر جانے والا مال

صادِرات۔ برآمدات

مَصْدَر۔ سرچشمہ۔ ج:۔ مصادر

مَصادِرُ علیمۃ۔ باخبر حلقے

صُدْرَة۔ صُدَیرِیّ۔ واسکٹ۔ صدری

صَدْرِیّۃ۔ عورتوں کا سینہ بند

صدق۔ صادق علی..... مُصادَقَۃً منظوری دینا۔ جائز قرار دینا۔

صَرَّح بکذا۔ بیان دینا۔ وضاحت کرنا

تصریح۔ بیان۔ اجازت نامہ۔ اعلان اشتہار نامہ

صرخ۔ صاروخ۔ راکٹ۔ ج:۔ صواریخ۔

صاروخۃ۔ تارپیڈو۔

صرع۔ صِراعۃ۔ کشتی۔

مَصْرَع۔ اکھاڑا

مُصارِعٌ۔ پہلوان

مُصارَعۃ۔ پہلوانی کشتی

صَرَف۔ صرفًا۔ خرچ کرنا۔ نوٹ بھنانا رقم کا تبادلہ کرنا

تصرّف۔ کارروائی۔ تدبیر۔ روش۔

تصرّفات۔ طور طریق۔ افعال حرکات

صرّاف۔ کیشیر۔ تحویلدار۔ نقد یا سکہ تبدیل کرنے والا۔

مَصْرِف۔ بنک۔ ج:۔ مصارف

مَصْرِف الماء۔ پانی کی نالی۔

مصروف۔ خرچ۔ ج:۔ مصاریف۔

مصاریف الدعوی۔ ڈگری خرچ

متصرِّف۔ بااختیار

صفح۔ صُفُحات۔ زرہ پوش۔ گاڑیاں بکتر بند گاڑیاں۔

صَفیحۃ۔ معدنی چادر۔ پلیٹ۔ ج:۔ صفائح۔

صَفَر۔ تصفیرًا۔ سیٹی بجانا۔

صَفّارۃ۔ سیٹی

صَفّ الحروف ـُ صفًا۔ کمپوز کرنا۔ لوہے کے حروف کو ترتیب دینا۔

صَفّ۔ لائن۔ تعلیمی درجہ۔ کلاس۔ ج:۔ صُفوف

صَفّاف۔ کمپوزیٹر۔

صقل ـُ صقلاً۔ پالش کرنا

صَقیل۔ پالش کیا ہوا۔ چکنا۔ چمکدار

صلح۔ صَلاحیّۃ۔ لیاقت۔ اختیار

صالِح۔ مفاد۔ منفعت

مَصلَحۃ۔ محکمہ۔ فائدہ۔

صَلْصَلَۃ شوربا (دوا)

صَمم۔ تَصْمیم۔ خاکہ۔ ڈیزائن۔ ج:۔ تصامیم

صُنبور ٹینٹو۔ صنابیر

صَنّع البلاد تصنیعًا۔ ملک کو صنعتی بنانا

صِناعیّ۔ صنعتی۔ مصنوعی۔

صانِع کاریگر۔ ج:۔ صُنّاع

مَصْنع کارخانہ۔ مل۔ فیکٹری ج:۔ مصانع۔

مَصْنَعِیّۃ اجرت۔ مزدوری

صَهَر ـَ صهرًا۔ معدنیات کو پگھلانا۔

صِہْرِیج ۔ پانی کا تالاب ۔ ٹنکی ۔ حوض ۔
ریلوے انجن کے پیچھے لگا ہوا ڈبہ ۔
صَوَّب الیہ ۔ نشانہ لگانا ۔ رخ کرنا ۔
صَوَّت تصویتاً ۔ ووٹ دینا ۔
صوت ۔ ووٹ ۔ ج : ۔ اَصْوات ۔
مُصَوِّت ۔ ووٹر ۔ الیکشن میں رائے
دینے والا ۔
صودا ۔ سوڈا ۔
صُودا کاوِیۃ ۔ سوڈا کاسٹک ۔
صُورۃ ۔ نقل ۔ کاپی ۔ نسخہ ۔ فوٹو ۔
تصویرۃ ۔ فوٹو ۔ تصویر ۔
مِصْوَرَۃ ۔ کیمرہ ۔
صیغۃ القانون ۔ قانونی اسلوب ۔ طرز ۔
صَوْمَعۃ ۔ کیبن ۔ چھوٹا کیمرہ ۔
صُوان ۔ الماری ۔ بکس ۔
صید ۔ مِصْیَدہ ۔ پھندا ۔ جال ۔
چوہے دان ۔
صیدلۃ ۔ دوا سازی ۔
صَیْدَلِیَّۃ ۔ فارمیسی ۔ انگریزی دوا خانہ ۔
صَیْدَلِیّ ۔ صَیْدَلانیّ ۔ انگریزی دوائیں
فروخت کرنے والا ۔
صیر ۔ مصیر ۔ انجام ۔ قسمت ۔
صیّف تصییفا ۔ گرمی کا موسم گزارنا ۔
مَصیف ۔ ٹھنڈا مقام ۔ موسم گرما
گزارنے کی جگہ ۔
صِینِیّۃ ۔ ٹرے ۔ صینی ۔

ض

ضَبَّبَ الباب ۔ دروازہ کو چٹخنی تالہ لگانا ۔
ضَبَّۃُ الباب ۔ چٹخنی تالہ چٹخنی ۔
ضَبْط ۔ ملان ۔ تصحیح ۔
ضبطِیّۃ ۔ پولیس اسٹیشن ۔
ضابِط ۔ افسر ۔ ج : ۔ ضُبّاط ۔
ضابطۃ ۔ پولیس ۔
مَضْبَط ۔ معاہدہ ۔ کارروائی ۔
ضخّ ۔ مِضَخَّۃ ۔ پمپ ۔ ہینڈ پمپ ۔
پچکاری ۔ ج : ۔ مِضَخّات
ضَرْبَخانۃ ۔ دارالضرب جہاں سکے ڈھالے
جاتے ہیں ۔
ضَرِیبۃ ۔ ٹیکس ۔ ج : ۔ ضرائب
اِضْطِراب ۔ ہنگامہ ۔ گڑبڑ ۔
مِضْرَب ۔ بلا ۔ بیٹ ۔
ضغط ۔ دباؤ ۔ زور ۔
ضمّ ۔ الیٰ ۔ ضمّاً ۔ شامل کرنا ۔
ضیف ۔ مَضِیف ۔ مہمان خانہ ۔
اضافۃ ۔ زیادتی ۔ شمولیت ۔
اضافیّ ۔ زائد ۔ اوور ٹائم ۔
ضیق ۔ مَضِیق ۔ تنگ ناٹے ۔ دو
سمندروں کا درمیانی راستہ ۔

ط

طبیب ۔ معالج ۔ ڈاکٹر ۔ حکیم ۔
طبیب جرّاح ۔ سرجن ۔
طَبْعَۃ ۔ اڈیشن
طابَع ۔ نشان ۔ چھاپ ۔ مُہر ۔ ج : ۔
طوابع ۔ ڈاک ٹکٹ ۔
مَطبعۃ ۔ پریس ۔ چھاپہ خانہ ۔
مطبوعات ۔ چھپا ہوا مواد ۔

طِباق ۔ تمباکو۔
طَابَق۔ مکان کی ایک منزل ۔ ج:۔
طوابق۔
طَبلَة الفُنغراف۔ ساونڈ بکس
طَبونة ۔ طابونة ۔ تنور۔ بیکری ۔
بسکٹ وغیرہ کا کارخانہ۔
طبان العجلة ۔ ٹائر۔
طَبَنجة ۔ پستول۔
طاجن۔ فرائنگ پن۔ کڑھا۔
طحن ۔ طاحونة ۔ آٹا پیسنے کا انجن۔
مَطحَنة۔ آٹے کا مل۔
طرأ۔ طارئ ۔ ہنگامی ۔ غیر متوقع ۔
طوارئ ۔ ہنگامی حالات ۔ ایمرجنسی۔
طرب۔ مُطرِبٌ۔ نغمہ ساز۔ گانے والا۔
طُربید۔ تارپیڈو
طرح ۔ مطارحة ۔ بیت بازی کرنا ۔
أُطروحة۔ تھیسز۔ تحقیقی موضوع جو ڈگری
کے حصول کے لیے مقرر کیا جائے ۔
طردٌ۔ پارسل ۔ پیکٹ ۔ ج:۔ طرود۔
طرّاد۔ کروزر۔ جنگی جہاز۔ پل ۔
طرید۔ آوارہ ۔
طرز۔ تطریز۔ ایمبرائڈری ۔ کشیدہ کاری ۔
طِراز ۔ ماڈل ۔ ساخت ۔ فیشن۔
طرف۔ تطرّف۔ انتہا پسندی۔
طرم۔ طارِمة ۔ لکڑی کا کمرہ ۔ کیبن۔
طُرُمبة۔ پمپ ۔ سرنج ۔ پچکاری ۔
طِشت۔ سلفچی ۔ ہاتھ دھونے کا برتن ۔
طعم۔ مطعم۔ ریسٹورنٹ ۔ کھانے
کی دکان ۔ ج:۔ مطاعم۔

طفأ۔ مِطفأة ۔ طفّاية ۔ فائر انجن۔
آگ بجھانے کا آلہ ۔
طَقس۔ موسم۔ تہوار ۔میلہ۔ ج:۔ طقوس
طَقم ۔ کسی چیز کا سیٹ ۔ مجموعہ۔ جوڑا ۔
طَلحِيّة ۔ کاغذ کی ایک شیٹ ۔
طلس۔ اَطلس۔ اٹلس۔ ریشمی کپڑا۔
طلق ۔ إطلاق۔ رہا کرنا ۔ گولی چلانا ۔
طَلقة ۔ شوٹ ۔ فائر۔ فائرنگ کی آواز۔
طلم۔ مِطلَمة۔ بیلن۔
طُلُمبة ۔ واٹر پمپ ۔ نل ۔
طَلیٰ۔ طلیًا۔ روغن کرنا ۔ پالش کرنا ۔
طلاء۔ روغن۔ پالش ۔ رنگ۔
ج:۔ أطلِية ۔
طهی۔ طاهی۔ باورچی۔ ج:۔ طُهاة ۔
طوب ۔ اینٹ۔ و ا:۔ طوبة۔
طوّاب۔ اینٹ بنانے والا۔
طوبجی۔ توپچی ۔
طوبجیّة ۔ توپ خانہ۔
طور۔ تطوّر۔ تبدیلی ۔ انقلاب۔
ج:۔ تطوّرات۔
تطوری ۔ تغیر پذیر۔
طوربید۔ تارپیڈو۔ تباہ کن بحری جہاز۔
طوّع۔ تطویعًا۔ رضاکار بنانا۔
تطوّع۔ رضاکار بننا۔ والینٹری۔
متطوّع ۔ رضاکار۔ والنیٹر۔
طوف۔ طاف البلادَ ـُ ۔ دورہ کرنا۔
طوّاف ۔ سیاح۔ ایجنٹ۔ دلال۔
طائفة۔ گروہ۔ فرقہ۔
طائفیّ۔ فرقہ وارانہ۔

طوّق تطویقاً۔ گھیرا ڈالنا۔ احاطہ کرنا۔
طاقۃ۔ مجموعہ۔ گچھا۔ کھڑکی۔ روشندان۔
طاقیۃ۔ ٹوپی۔ ج:۔ طاقیات۔
طوق القمیص۔ کالر۔
طول۔ طوّال۔ مین۔ ڈائرکٹ۔
(خط طوّال) مین لائن۔
طوی۔ طوّایۃ۔ فرائی پن۔
طیب۔ طابۃ۔ (گیند کا) بلا۔
طیران۔ ہوابازی۔ پرواز۔
طیّار۔ ہواباز۔
طیّارۃ۔ ہوائی جہاز۔ پتنگ۔
طائرۃ۔ ہوائی جہاز۔
مطار۔ ہوائی اڈہ۔ ایئرپورٹ۔

ظ

ظرف۔ حالت۔ لفافہ۔ کارتوس۔ ج:۔ ظروف۔
ظُلّۃ۔ سائبان۔ ج:۔ ظُلل۔
مِظلّۃ۔ چھتری۔ ج:۔ مِظلّات
مِظلّیّ۔ چھاتہ بردار فوج کا سپاہی۔

ع

عبّأ تعبئۃً۔ بھرتی کرنا۔ پیک کرنا۔
عِبءٌ۔ بوجھ۔ ذمہ داری۔ ج:۔ اعباء
تعبئۃ۔ پیکنگ۔ بھرتی۔
عبد۔ عُبودیۃ و استعباد۔ غلامی۔
مُستَعبَد۔ غلام محکوم۔
عبّدَ الطریقَ تعبیداً۔ راستہ ہموار کرنا۔
عبر۔ عِبرِیّ۔ عبرت آموز۔

عبارۃ۔ تعبیر۔ تفصیل۔ طرز ادا۔
عابر۔ سرسری۔
عبق۔ عَبقرِیّ۔ باکمال۔ ج:۔ عباقرۃ۔
عبقریۃ۔ کمال۔ فطری قابلیت۔
عجل۔ عاجل۔ فوری۔ ہنگامی۔
مستعجَل۔ ہنگامی۔ ارجنٹ۔
مستعجَلۃ۔ تیز رفتار گاڑی۔
عجم۔ مُعجَم۔ ڈکشنری۔ ج:۔ معاجم
عجن۔ معجونُ الاسنان۔ ٹوتھ پیسٹ۔
عدد۔ عَدّاد۔ میٹر۔ ج:۔ عدّادات۔
عُدّۃ۔ سامان۔ تیاری۔ ج:۔ عُدَد۔
عَدَسۃ۔ چشمہ وغیرہ کا شیشہ۔
عدل۔ تعدیل۔ ترمیم۔ ج:۔ تعدیلات۔
مُعدّل۔ اوسط رفتار۔
عدّن تعدیناً۔ کان کھودنا۔ کان سے معدنیات نکالنا۔
مُعدِّن۔ کان کن۔
عُدوان۔ جارحیت۔
عِدائیّ۔ جارحانہ۔
عَربۃ۔ گاڑی۔ ج:۔ عَربات۔
عَربۃ (۲) ریلوے ویگن۔
عَرش۔ تخت۔ ج:۔ عُروش۔
عَرش و عَریش۔ جانوروں کا باڑا۔
عَرش و تعریشۃ۔ ٹٹی۔ لکڑی یا لوہے کی جالی جس پر انگور کی بیل ڈالی جاتی ہے۔
عرض۔ پیشکش۔ نمائش۔
معرِض۔ نمائش گاہ۔
إستِعراض۔ جائزہ۔ نظر ثانی۔
معروض۔ برائے فروخت۔

عرك ۔ معركة ۔ لڑائی ۔ ہنگامہ ۔ فساد ۔
ج: ۔ معارك ۔
عری ۔ مُستعار ۔ عارضی ۔ مصنوعی ۔
عِزبة ۔ فارم ۔ کھیت ۔
عزّ ۔ عزیز الجانب ۔ طاقتور ۔ مضبوط
بااقتدار آدمی ۔
عزیز المنال ۔ ناممکن الحصول ۔
عزف ۔ سارنگی بجانا ۔
عازِف ۔ سارنگیا ۔ گانے بجانے والا ۔
مِعْزَف ۔ باجا ۔ ساز ۔ آلۂ موسیقی ۔
عزم ۔ عَزومة ۔ دلیمہ ۔ دعوت ولیمہ ۔
عَسَس ۔ چوکیدار ۔ پہرہ دار ۔ و: ۔ عاسّ ۔
عَسْکَر الجیشُ ۔ فوج کا خیمہ زن ہونا ۔
عسکریّ ۔ فوجی ۔
مُعَسْکر ۔ بارک ۔ فوجی کیمپ ۔
عشب ۔ عَشّاب ۔ جڑی بوٹیوں کا ماہر ۔
تاجر نباتات ۔ گھاس فروش ۔
عُصبة ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ لیگ ۔
عُصبة الامم ۔ انجمن اقوام متحدہ ۔
(حرب) العصابات ۔ گوریلا جنگ ۔
عصد ۔ عصیدة ۔ دلیا ۔ حریرہ ۔
عصف ۔ عاصِفة ۔ آندھی ۔ طوفان ۔
عصم ۔ عِصام ۔ ڈوری ۔ رسی ۔ تسمہ ۔
پیٹی ۔ ج: ۔ اعصِمة ۔
عاصِمة ۔ پایہ تخت ۔ راجدھانی ۔
ج: ۔ عواصم ۔
عصی ۔ عصیان مَدَنیّ ۔ سول نافرمانی ۔
عُضْو ۔ کسی جماعت وغیرہ کا ممبر ۔ رکن ۔
ج: ۔ اعضاء ۔

عُضویّة ۔ ممبری ۔ رکنیت ۔
عَطْفة ۔ منعطِف ۔ گلی ۔ موڑ ۔ ج: ۔
منعطفات ۔
مِعطف ۔ کوٹ ۔ ج: ۔ معاطف ۔
عاطفة ۔ جذبہ ۔ ج: ۔ عواطف ۔
عاطِفِیّة ۔ جذباتیت ۔
عواطِفِیّ ۔ جذباتی ۔
عطل ۔ بیکاری ۔
عُطلة ۔ تعطیل ۔ چھٹی ۔ ج: ۔ عُطَل ۔
عَطّل تعطیلا ۔ بے کار کرنا ۔ معطل کرنا ۔
کام بند کرنا ۔ تعطیل کرنا ۔ ملتوی کرنا ۔
تعطیل ۔ التواء ۔ رکاوٹ ۔ تعویق ۔
عطو ۔ عطاء ۔ ٹنڈر ۔ ج: ۔ عطاء ات ۔
عظمة ۔ شان وشوکت ۔
صاحب العظمة ۔ ہز مجسٹی ۔ سلطان
کا لقب ۔
عِفریتة ۔ گاڑی کو اوپر اٹھانے کا آلہ ۔
عَفْش ۔ سامان سفر ۔ فرنیچر ۔
عفوًا ۔ معاف کیجیے ۔ خود بخود ۔
عَقّب تعقیبا ۔ تبصرہ کرنا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔
عقوبة مالیة ۔ جرمانہ ۔
عقد ۔ عقدًا ۔ معاملہ کرنا ۔ معاہدہ کرنا ۔
جلسہ بلانا ۔ کتاب میں فصل قائم کرنا ۔
دیوار میں ڈاٹ لگانا ۔
عَقید ۔ ایک فوجی عہدہ دار ۔
عقرب الساعة ۔ گھڑی کی سوئی ۔
ج: ۔ عقارِب ۔
عقل ۔ اعتقال ۔ نظربندی ۔
مُعتقَل ۔ نظربندی کا مقام ۔ جیل ۔

عُلبۃ۔ ڈبا۔ ڈبیہ۔ ج:۔ عُلَب۔

عَلَجَ۔ عَالَجَ.... معالجۃً۔ کسی کام کو انجام دینے کی کوشش کرنا۔ کسی موضوع پر قلم اٹھانا۔ بحث کرنا۔ زیر بحث لانا۔

معالجۃ۔ تدبیر۔ علاج۔

علق۔ تعلیق۔ تبصرہ۔ تحشیہ۔

علم۔ استعلام۔ انکوائری۔ تحقیق۔

مکتب الاستعلامات۔ دفترِ تحقیقات۔ انکوائری آفس۔

تعلیمات۔ ہدایات۔

علو۔ عَلاوۃ۔ زیادتی۔ اضافہ۔

عَلاوات الغَلاء۔ گرانی الاؤنس۔

عَلوان۔ عنوان۔ پتہ۔

عُمدۃ۔ مکھیا۔ چوہدری۔

عَمود۔ اخبار کا کالم۔ ج:۔ اعمِدۃ۔

عمید۔ سربراہ۔ پرنسپل۔ ریکٹر کالج یا یونیورسٹی کا سربراہ۔ ج:۔ عُمداء۔

اعِتماد۔ ساکھ۔ منظوری۔ قرض۔

اعتماد مالی۔ فنڈ۔

(خطابُ) اعتماد۔ ہنڈی۔ مالی رقعہ۔

(اوراقُ) اعتماد۔ شناختی کاغذات تعارفی (سرکاری) کاغذات۔

عمر۔ استعمار۔ سامراج۔ آبادکاری۔ نوآبادی بنانا۔

مُستعمَرۃ۔ کالونی۔ نوآبادی۔ وہ حصہ زمین جس پر غیر ملکی جماعت قابض ہو۔ ج:۔ مستعمَرات۔

عُمران۔ تعمیر، آبادی۔ تہذیب وتمدن۔

عِمارۃ۔ بلڈنگ۔ سمندری بیڑہ۔

عمل۔ عُملۃ۔ سکّہ۔ ج:۔ عُمَل۔

عِمالۃ۔ مزدوری۔ کمیشن (تجارتی)

عَمولۃ۔ کمیشن۔ آڑھت۔

عَمیل۔ ایجنٹ۔ دلال۔ ج:۔ عُملاء۔

عامِل۔ سبب۔ محرک۔ باعث۔

ج:۔ عوامِل (۲) کاریگر، مزدور۔

معمَل۔ فیکٹری۔ کارخانہ۔ مِل۔

معمول۔ تیار کردہ۔ اثر۔

عملیّۃ۔ خاص فعل۔ کارروائی۔ آپریشن۔ ج:۔ عملیّات۔

عمّٰی۔ تعمیۃً۔ پوشیدہ رکھنا۔ گمراہ کرنا۔

طوع۔ طاعۃ۔ تقلید

عُنصر۔ اصل۔ جنس۔ مادہ۔ جوہر۔

عناصر۔ اجزاء ترکیبیہ۔

عُنف۔ تشدّد۔

اللاعُنفیّۃ۔ عدم تشدّد۔

عنق۔ اعتنقَ.... مذہب یا عقیدہ اختیار کرنا۔

عَنّنَ الکتابَ۔ عنوان قائم کرنا۔

عَنوَنۃ۔ پتہ لکھنا۔ عنوان لگانا۔

عُنوان۔ پتہ۔ ج:۔ عناوین۔

مَعنویّ۔ روحانی ضد۔

عہد۔ تعہّد۔ نگرانی۔ دیکھ بھال۔

العہد الجدید۔ انجیل۔

العہد القدیم۔ توراۃ۔

معہَد۔ ادارہ۔ ج:۔ معاہِد۔

مُتعہِّد۔ ذمہ دار، ٹھیکہ دار۔

عِید۔ جشن۔ تہوار۔ تقریب۔

عِید فِضّی ۔ سلور جوبلی ۔
تعیید ۔ جشن منانا ۔ عید کی
مبارک باد دینا ۔
عود - عادَۃ ۔ معمول ۔
(فوقَ) العادۃِ ۔ غیر معمولی ۔
عادِیٌّ ۔ معمولی ۔ عام ۔ رائج ۔
متداول ۔ قدرتی ۔
عادِیّات ۔ آثار قدیمہ ۔
عائدۃ ۔ فائدہ ۔ ج: ۔ عوائد ۔
عوائد ۔ ٹیکس ۔ مال گذاری ۔
عیادۃ طبیۃ ۔ مطب ۔
عُود الثقاب ۔ پھول جھڑی ۔
عوس ۔ مُستعار ۔ مصنوعی ۔ جھوٹا ۔
عوق ۔ عوّاقۃ ۔ ریلوے بریک وین ۔
عول ۔ عائلۃ ۔ کنبہ ۔ فیملی ۔ گھرانہ ۔
ج: ۔ عائلات ۔
عوم ۔ عوّامۃ ۔ مچھلی کے کانٹے کے ساتھ
ڈور میں بندھی ہوئی لکڑی ۔
عون ۔ اعانۃ دِراسیۃ ۔ تعلیمی وظیفہ
اسکالرشپ ۔
عیر ۔ عایرۃ ۔ جانچنا ۔ ناپ تول کرنا ۔
ٹسٹ کرنا ۔
عِیار ۔ مقدار ۔ ناپ ۔ ج: ۔ عیارات
عیار ناریٌّ ۔ شوٹ ۔
عِیار (۲) وزن ۔ باٹ ۔
عَیّار ۔ کرین ۔ آلہ جرِ ثقیل ۔
عَیش ۔ چپاتی ۔
عیّاش ۔ چپاتی فروش ۔
مَعاش ۔ التقاعُد ۔ پنشن ۔

عیل ۔ عائلیٌّ ۔ خاندانی ۔ گھریلو ۔
عیالۃ ۔ کفالت ۔ پرورش ۔
عین ۔ عَینیٌّ ۔ چشم دید ۔ عینی ۔
عُوینات ۔ چشمہ ۔ عینک ۔
تعیین ۔ نامزدگی ۔ تقرر ۔

غ

غِرس ۔ بیج ۔ پودا ۔
غریسۃ ۔ نرسری پودا ۔
غِرفۃ ۔ سینڈل (ایک قسم کا جوتا)
غُرفۃ ۔ بالاخانہ ۔ کمرہ ۔ دیوان ۔ چیمبر ۔
غُرفۃ تجاریّۃ ۔ ایوان تجارت ۔
غرِمَ ۔ غَرامۃ ۔ جرمانہ ادا کرنا ۔
غرامۃ ۔ جرمانہ ۔ تاوان ۔
غرامِیٌّ ۔ جرمانہ کا ۔ عشقیہ ۔
غرو ۔ غراءٌ غرّی تعزیۃ ۔ سریش سے جوڑنا
غِرَاء ۔ سریش ۔ ایسا مادہ جس سے
کوئی چیز جوڑی جائے ۔
غزل ۔ کتائی ۔ سوت ۔
مغزل ۔ سوت کاتنے کی مشین ۔
غزو ۔ غزوۃ ۔ یورش ۔ حملہ ۔
مغزیٰ ۔ خلاصہ ۔ میدانِ جنگ ۔
غطو ۔ غطاء ۔ ڈھکن ۔ غلاف ۔ سرپوش
ج: ۔ اغطیۃ ۔
غفر ۔ غفیر ۔ (۹) پہرہ دار ۔
غفّارۃ ۔ علماءِ یہود کا لباس ۔
غلف ۔ غلّف الکتاب وغیرہ ۔ کور چڑھانا ۔
غلاف ۔ کور ۔ ٹائیٹل ۔ سرورق ۔
ج: ۔ اغلِفۃ ۔

غلل - استغلال۔ نفع اندوزی۔
غلی - غلّایۃ۔ سماور۔ پانی گرم کرنے کا برتن۔
مُغلی الاَعشاب۔ جوشاندہ۔
غلیسرین۔ گلیسرین
غلیونُ التدخین۔ تمباکو۔ پائپ حقہ۔
غمر - مغامرۃ۔ جانبازی۔
مُغامِر۔ جانباز۔
غوس۔ مغوار۔ ج:۔ مغاویر۔ جنگجُو۔ دلیر۔
غاز۔ گیس۔ ج:۔ غازات۔
(۲) پٹرول۔ مٹی کا تیل۔
غوص۔ غوّاصَۃ۔ غوطہ مار کشتی۔
مَغاص۔ غوطہ گاہ
غیّبہ۔ بے ہوش کرنا۔
(عقار) مُغَیّب۔ بے ہوش کرنے والی دوا۔
غیر - غِیار۔ تبادلہ۔
(قِطع الغِیار) فالتو پرزے۔
غَیطانِیّ۔ کھیت والا۔ باغ والا۔

ف

فأل۔ متفائل۔ پرامید۔
فبریقۃ۔ کارخانہ۔
فتح - فَتّاحَۃ عُلَب۔ ڈبے کھولنے کی چابی۔
مِفتاح۔ ریلوے کانٹا بدلنے کا آلہ۔
مفتاحجی۔ ریلوے کانٹا بدلنے والا۔

فتر - فاتر۔ کم ہمت۔ نیم گرم۔
فاتورۃ۔ بل۔ حساب۔ نمونہ۔
متنفتِر۔ غیر مسلسل۔
فتش تفتیشا۔ تحقیق کرنا۔ تلاشی لینا۔ جانچ پڑتال کرنا۔
فتّاش۔ جانچ کنندہ۔
مفتّش۔ انسپکٹر۔
مفتّش عامّ۔ انسپکٹر جنرل۔
مفتّش اول۔ چیف انسپکٹر۔
مفتّش ثانی۔ سب انسپکٹر۔
فتن۔ فتّان۔ فاتن۔ فتنہ انگیز۔ سحر انگیز۔
فتوی۔ استفتاء۔ استصواب۔ قانونی رائے طلبی۔ ریفرنڈم۔
فجر۔ آغاز۔ شروع۔
فحص - معائنہ۔ جانچ۔ ٹسٹ۔ ج:۔ فُحوص۔
فاحص۔ آڈیٹر حسابات۔ ایگزامینر جانچ کنندہ۔
فحل۔ استفحل الامرُ۔ سنگین ہو جانا۔
فحمٌ مُضوی۔ کاربن۔
فخر۔ اعزاز۔ سربلندی۔
فَخرِیّ۔ اعزازی۔
فخّاریّ - (۱) مٹی کے برتن بنانیوالا۔
فاخِر۔ شاندار۔ بھڑک دار
فاخورۃ۔ مٹی کے برتن بنانے کا کارخانہ
مَفخَرۃ - قابل فخر کارنامہ۔
فخم۔ فَخامۃ۔ شان وشوکت۔ عظمت۔

تعظیمی لقب جو مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے (فخامۃ الرئیس اور صاحب الفخامۃ) عزت مآب۔
فدی - فِدائیؔ۔ جنگی رضا کار۔
فرج - تفرّج علی - سیر کرنا۔ تماشہ دیکھنا۔
تفریجۃ - جھروکہ۔ روشندان۔
ج:۔ تفاریج۔
فرخُ وَرَقٍ - کاغذات کا ایک شیٹ۔
فَرْد - پستول۔ ریوالور۔
فَرَمَ - فرمًا - خطوط اور کاغذات کی چھٹائی کرنا۔
فرزۃ - شطرنج کی رانی۔
فرّازالحلیب - کریم نکالنے کی مشین۔
اِفریز - کارنس۔ ج:۔ افاریز۔
فرش تفریشًا - کپڑوں پر برش پھیرنا۔
فَرْشۃ - گدا۔
فُرشۃ - برش۔
فرّاش - چپراسی۔ خادم۔
مَفروشات - گھریلو سامان فرنیچر۔
فُرشِینۃ - بالوں کا کلپ۔
فرص - فُرصۃ - موقع چانس۔ ج:۔ فُرَص۔
فرَض - فرضًا - سرمڑھنا۔ مقرر کرنا۔
فرَط - (۱) مال۔ فائدہ۔ نفع۔
مُفرِط - انتہا پسند۔ فضول خرچ۔
فَرْع - شاخ۔ برانچ۔ سیکشن۔
فرّغ - تفریغًا - جہاز وغیرہ سے سامان اتارنا۔ سانچہ میں ڈھالنا۔

تفرّغ - خالی ہونا۔ سبکدوش ہونا۔
فَرَاغ - خالی جگہ۔ بیکاری۔
فراغات - خالی جگہیں۔
فرق - امتیاز۔ بیلنس (حساب میں)
فِرقۃ - گروہ۔ گروپ۔ پارٹی۔ فوج کا ایک ڈویژن۔
فریق - جماعت۔ پارٹی - ٹیم۔ لفٹیننٹ (فوجی عہدہ)
بالتفریق - بالتفصیل۔ ریٹیل میں۔ خوردہ۔ بالجملۃ۔ کی ضد۔
مفرِق - نقطۂ انفصال۔ مرکزِ اختلاف۔
مفرِق الطرق - چوراہا۔
فرقعۃ - دھماکہ۔
مُفرقِعات - دھماکہ خیز اشیاء۔ پٹاخے وغیرہ۔
فرك - فِراك - فراک۔ ایک قسم کا لباس۔
فرَمَ - فرمًا - قیمہ کرنا۔
فرّامۃ - قیمہ کرنے کی مشین۔
فرمۃ المطبعۃ - پریس کا فرمہ۔
فرمان - حکم والی۔ فرمان۔
فرملۃ - بریک
فرملجیؔ - بریک لگانے والا۔
فُرن - تنور۔ نان بائی۔ دکان بیکری بسکٹ وغیرہ کا کارخانہ۔ بھٹی - ج:۔ افران۔
فرّان - بسکٹ وغیرہ کا کاریگر۔
فرنجۃ - انگریز جیسا بنانا۔ فرنگی بنانا۔
اِفرنجیؔ - یورپین۔ انگریز۔

فرنسا۔ فرانس
فرنسیّ۔ فرنساویّ۔ فرانسیسی۔
فُسحۃ۔ تعطیل۔ تفریح۔ ج:۔ فُسَح۔
درمیانی وقفہ۔ گنجایش۔
فَسحۃ۔ گھر کا صحن۔
فسقیۃ الماء۔ پانی کا فوارہ۔
فَشِرم۔ فاشیۃ۔ فاش ازم۔ ایک اٹالین سیاسی نظریہ۔
فاشیّ۔ فاش ازم کا معتقد۔
فَشکلۃ۔ کارتوس۔ ج:۔ فشکات
فصد۔ مِفصَد۔ نشتر۔
فَصَل۔ فصلاً۔ خارج کرنا۔ نام کاٹنا۔
فصَّل تفصیلا۔ کپڑا کاٹنا۔ حصے بخرے کرنا۔ تقسیم کرنا۔
تفصیلۃ۔ کٹنگ
فَصل۔ تفریق۔ تقسیم۔ ڈرامہ کا منظر۔ اسکول ٹرم۔ جماعت۔ فیصلہ۔
فَصِیلۃ۔ کنبہ۔ قسم۔
فصلۃ۔ کاما۔ واو معکوس (،)
انفِصالیۃ۔ علیحدگی پسندی
انفِصَالِیّون۔ علیحدگی پسند افراد۔
مِفصَلۃ۔ قبضہ جس پر کواڑ گھومتا ہے۔
فَضَّل۔ تفضیلاً۔ پسند کرنا۔ ترجیح دینا۔
مُفضَّل۔ محبوب۔ پسندیدہ۔ مقبول۔
فَضیلۃ۔ علماء و مشائخ کے ناموں کے ساتھ بطور اعزاز استعمال ہوتا ہے۔
فَضِیلۃ الشیخ، صاحبُ الفضیلۃ
فطر۔ فُطور۔ ناشتہ۔
فَطیر۔ خمیری روٹی۔ کیک۔ پیسٹری۔

ج:۔ فطائر۔
فَطائِریّ۔ کیک پسٹری بنانے والا۔
فعل۔ افتعال۔ جعل سازی۔
انفعال۔ اشتعال۔ تاثر۔
مفعول۔ اثر۔ معمول۔
مفتَعَل۔ جعلی۔ من گھڑت۔
فاعلیّۃ۔ تاثیر۔
فعّال۔ مؤثر۔
فاعل۔ مزدور۔ ج:۔ فعَلَۃ۔
فقد۔ تفقّد۔ جائزہ لینا۔ عیادت کرنا۔
الفَقید۔ متوفی۔ مرحوم۔
فقرۃ۔ پیراگراف۔ جملہ۔ ج:۔ فقرات
فِکرۃ۔ خیال۔ نظریہ۔
الفکریات۔ آیڈیالوجی۔
مفکِّرۃ۔ یادداشت۔ میمورنڈم۔
مفکّرۃ جیب۔ نوٹ بک۔
مفکّرۃ یومیّۃ۔ روزنامچہ۔
فلّ ـُ فکّا۔ پرزے الگ کرنا۔ پیچ وغیرہ کھولنا۔ مہر توڑنا۔ جوڑ یا ہڈی علیحدہ کرنا۔ ڈھیلا کرنا۔
انفکاك۔ ڈھیلا ہونا۔ کھلنا۔ جوڑ ہلنا۔ جوڑ کھلنا۔
فَکّۃ نُقود۔ ریزگاری۔ چینج۔
مِفلّ۔ پیچ کس۔ چابی۔
فَکِہٌ۔ دلچسپ۔
فُکاھیّ۔ مزاحیہ۔
فاکھانیّ۔ میوہ فروش۔
فلح۔ فِلاحۃ۔ کاشتکاری۔ باغ کاری۔

فَلِحِیّ۔ دیہاتی۔ کاشتکارانہ۔
فلذ۔ فولاذ۔ فولاد۔
فُلفُلِیّ۔ چٹپٹا۔
فِلم۔ فلم۔ ریل۔ ج:۔ افلام۔
فلنکة۔ ریلوے پٹڑی کا سلیپر۔
فمُ السیجارة۔ سگریٹ ہولڈر۔
فنس۔ فانوس۔ قندیل۔ لالٹین۔
فُنغراف۔ گراموفون۔
فَنِلّة۔ فلالین۔ ایک قسم کا کپڑا۔
فَنّ۔ آرٹ۔ کرتب۔ ج:۔ فُنُون
الفُنون الجمیلة۔ فنون لطیفہ۔
فنّان۔ آرٹسٹ۔ فنکار۔ ماہر۔
فنیك۔ (مع) فنیل۔ ایک کیڑا مار دوا
فوض۔ فوّض۔ تفویضًا۔ اختیار دینا۔
فاوَضه۔ بات چیت کرنا۔
فوضیٰ۔ غیر منظم۔ منتشر۔
فوضویّة۔ لاقانونیت۔ انارکزم۔
فوضویّ۔ لاقانونیت پسند۔
انارکسٹ۔
تفویض۔ اختیار۔ وارنٹ۔
پاور۔
مُفاوَضات۔ رسمی بات چیت۔
مُفوَّض۔ با اختیار۔
مُفوَّضِیّة۔ لیگشن۔ سفارتخانہ
سے کم درجہ۔
فوطة۔ تولیہ۔
فیتون۔ فٹن۔ گھوڑا بگھی۔
فید۔ فائدة۔ مال۔ سود۔
فِیشة الکهرباء۔ الیکٹرک پلگ۔

فِیشة۔ ڈٹکن۔
فَیضان۔ طغیانی۔ سیلاب۔ طوفان۔ ج:۔
فیضانات۔
فاضَ النهرُ ۔ طغیانی آنا۔
فائِض۔ جاری۔ فالتو۔
فائظ۔ سود۔ نفع۔
فائِظجی۔ سودخور۔

ق

قبریّة۔ قبر کا کتبہ۔
قبض علیه ۔ گرفتار کرنا۔
قَبْض۔ گرفت۔ پکڑ۔ وصول یابی۔
قَبْضة۔ ہینڈل۔ قبضہ۔
قابض۔ وصول کنندہ۔
مقبوض۔ وصول شدہ۔
قبطان۔ کپتان۔
قُبع۔ بگل۔
قُبّعة۔ ہیٹ۔ انگریزی ٹوپی۔
قُبقابُ۔ کھڑاواں۔ بریک لگانے کا
ہینڈل۔
قبِل ... قبولاً۔ منظور کرنا۔
قابَله۔ ملاقات کرنا۔
قِبَلِیّ۔ جنوبی۔ جانب جنوب۔
قَبالة۔ ذمہ داری۔ معاہدہ۔
قِبالة۔ دایہ گری۔
قُبول۔ منظوری۔ تسلیم ورضا۔
قابِل۔ منظور کنندہ۔ آئندہ
قابِلة۔ دایہ۔ مڈوائف۔
اِقبال۔ توجہ۔ رجوع۔ مانگ

قدح۔ قداحۃ۔ سگریٹ لائیٹر۔
قدر۔ تقدیر۔ اندازہ۔ تخمینہ۔
قدردانی۔
مَقدِرۃ۔ سکت۔ ہمت۔ طاقت۔
قدّم۔۔۔ تقدیما۔ پیش کرنا۔ ترقی دینا۔
تعارف کرانا۔
مُقدِّم۔ مقرریا شاعر کا تعارف
کرانے والا۔
تقدّم۔ ترقی کرنا۔
قدَم۔ فٹ۔ (پیمائش میں)
استقدمہ۔ طلب کرنا۔ حاضر کرانا۔
قدمیّۃ۔ ڈاکٹر وغیرہ کی فیس۔
تقدِمہ۔ پیش کش۔ نذرانہ۔
تقدیمہ۔ پیش کش۔ انٹروڈکشن
تعارف۔
قذَفَ القنابلَ ۔ قذفًا۔ بمباری کرنا۔
قذیفۃ ناریّۃ۔ پٹاخہ۔ بم۔ گولہ۔
ج:۔ قذائف۔
قرأ۔ مِقرأ۔ پڑھنے کا اسٹینڈ۔
قرب۔ مِقراب۔ ٹیلیسکوپ۔
قرح۔ اِقتراح۔ تجویز۔ ج:۔ اقتراحات۔
مقترَح۔ تجویز۔ تجویز کردہ۔
قرّر۔ تقریرًا۔ طے کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ بیان
کرنا۔ گواہی دینا۔
قرار۔ پاس شدہ تجویز۔ قرارداد۔
ج:۔ قرارات۔
قارّۃ۔ خشکی۔ براعظم۔ ج:۔ قارّات
تقریر۔ رپورٹ۔ ج:۔ تقاریر۔
مَقرّ۔ صدر مقام۔ ہیڈ کوارٹر۔

قُرصُ۔ ٹکیہ۔ ٹیبلیٹ۔ ٹیلیفون ڈائل۔
قرط۔ قِرطاسیّۃ۔ اسٹیشنری۔
قرقوشۃ۔ خستہ بسکٹ۔ بھربھری روٹی۔
قرمید۔ لال پختہ اینٹ۔ کھپریل۔ فرش کا
ٹائل۔ پلاسٹر۔
قِرمِز۔ سرخ رنگ۔
قرن۔ قَرینۃ۔ بیوی۔ ج:۔ قرینات۔
قرنفُلیّ اللون۔ کتھئی رنگ کا۔
قرویّ۔ دیہاتی۔
قزز۔ قِزازۃ۔ بوتل۔
قِسمٌ۔ شعبہ۔ ج:۔ اَقسام۔
قَسیمۃ۔ رسید کا مُثنیٰ۔ ج:۔ قسائم۔
قَشَط۔ قَشطًا۔ بالائی اتارنا۔ چھیلنا۔
قِشطۃ۔ بالائی۔
مِقشَط۔ حرف چھیلنے کا چاقو۔
قَصد۔ اِقتِصاد۔ کفایت شعاری۔ مال کو
خاص تدبیر سے خرچ کرنا۔
(علم) الاقتِصاد۔ علم معاشیات۔
وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور
تقسیم سے بحث کی جائے۔
قَصدیر۔ قلعی۔ سانکا۔ ٹانکا لگانے کا
مسالہ۔
قصریّۃ۔ گملا۔ پیشاب رکھنے کا برتن۔
قَیصریّۃ۔ بازار۔
مقصورۃ۔ سینما یا ہوٹل کا کیبن۔
خلوت کا کمرہ۔ ج:۔ مقاصیر۔
قِصّۃ۔ قصیرۃ۔ افسانہ۔
قِصّۃ خیالیۃ۔ ناول۔
قِصَصِیّ۔ قصہ نویس۔ ناولسٹ۔

قَصَّة۔ کٹنگ۔ کاٹنے کا طریقہ۔
قصی۔ اقصاہ عن المنصب۔ عہدہ سے الگ کرنا۔
قضب۔ اقتضاب۔ اقتصار۔
قَضِیب ریلوے پٹڑی۔ ج:۔ قُضبان
مِقْضَب۔ شاخ تراش قینچی۔
قضض۔ اقض مضجعہ۔ نیند حرام کرنا۔
قضی۔ قضیّة۔ مقدمہ۔ جھگڑا۔ مسئلہ۔
قاضاہُ الی الحاکم۔ کسی کے خلاف مقدمہ دائر کرنا۔
قضاءٌ۔ فیصلہ۔ مقدمہ۔ قانون۔
ج:۔ اقضیة۔
دارُ القضاء۔ عدالت۔ کچہری۔
قضائیّ۔ عدالتی۔ مقدماتی۔
قاضی۔ جج۔ مجسٹریٹ۔ جسٹس۔
قاضی التحقیق۔ افسر تحقیقات
قطر۔ قطار۔ ریل گاڑی۔ ج:۔ قُطر۔
قاطِرة۔ انجن (ریلوے)
قُطر۔ ملک۔ صوبہ۔ ج:۔ اقطار
قِطران۔ تارکول۔
قطع۔ اقتطاع۔ تنخواہ کا حصہ وضع کرنا۔
استقطع ارضاً۔ زمین الاٹ کرانا۔
قَطع۔ سائز۔ کٹنگ۔ ج:۔ اقطاع
قَطعُ الجَیب۔ پاکٹ سائز۔
قطّاع۔ کٹر۔ کاٹنے کا اوزار۔
قطّاعی۔ خردہ۔ رٹیل۔
بالقطّاعی۔ رٹیل میں۔ خردہ میں۔
(تاجر) القطّاعی۔ خردہ فروش۔

اِقطاعة۔ جاگیر۔
اِقطاعِیّ۔ جاگیردار۔ زمیندار۔
تقاطِیع الوجہ۔ چہرہ کے خدوخال۔
مُقاطعة۔ انتظامی علاقہ۔ صوبہ۔
ج:۔ مقاطعات۔
قطف۔ قطیفة۔ مخمل۔ مخمل جیسا کپڑا۔
مقتطفات۔ منتخبات۔ تراشے۔
قطل۔ قطیلة۔ تولیہ۔
قطن۔ روئی کا۔ سُوتی۔
مَقطَنة۔ روئی کا کھیت۔
قعد۔ تقاعد عن۔ ریٹائر ہونا۔
قاعدة۔ ملک کا صدر مقام۔
جنگی اڈہ۔ ج:۔ قواعد۔
مَقعَد۔ سیٹ۔ بنچ۔ صوفہ۔
مُتقاعِد۔ پنشنر۔ ریٹائرڈ۔
قُلزم۔ بحر احمر۔
قلل۔ اَقلّہ الی... لے جانا۔ منتقل کرنا۔
استقلال۔ خود مختاری۔ آزادی۔
مستقل۔ خود مختار۔
قلم۔ دفتر۔ محکمہ۔ ڈیپارٹمنٹ۔ شعبہ۔
قلم الادارة۔ ہیڈ آفس۔
قلمُ اردواز۔ سلیٹ پنسل۔
قلمُ رَصاص۔ پنسل۔
قلمُ حِبر۔ فونٹن پن۔
قلمُ الاستعلامات۔ انکوائری آفس۔
اِقلیم۔ صوبہ۔ ملک۔ ضلع۔ علاقہ۔
ج:۔ اقالیم۔
اِقلیمیّ۔ صوبائی۔ موسمی۔
مِقلَمة۔ قلمدان۔ پنسل تراش۔

قلی۔ مِقْلٰی۔ مِقْلَاۃ۔ فرائنگ پن۔
قمس۔ قاموس۔ ڈکشنری۔ ج:۔ قوامیس۔
قمش۔ قُماش۔ کپڑا۔ ج:۔ آقمشۃ۔
قنطرَ البناءَ۔ ڈاٹ لگانا۔
قنطرۃ۔ ڈاٹ کا پل۔ ڈاٹ۔
قناطرِ البناء۔ نصف دائرہ نما ڈاٹیں۔
قنع۔ قناع التنکر۔ مصنوعی چہرہ۔
اَقْنَعَ ب.... مطمئن کرنا۔ قائل کرنا۔
مُقنِع۔ تشفی بخش۔
اقتنع۔ ب.... قائل ہوجانا۔
قُنّ۔ مرغی خانہ۔ قمیص کا کف۔ ج:۔ اقنان۔
قنّینۃ۔ بوتل۔ شیشی۔
قنن۔ قانون الاحوال الشخصیۃ۔ پرسنل لا۔
قانون مَدَنیّ۔ سول لا۔
قنو۔ قناۃ۔ نہر۔ بڑلی نالی۔ ج:۔ قنوات۔
قہریّ۔ جبری۔ غیر ارادی۔ مجبورکن۔
قہرمان۔ میر منشی۔ نگران۔
قہرمانۃ۔ مربیہ۔
قہوۃ۔ کافی۔
مَقھیٰ۔ کافی ہاؤس۔ ج:۔ مقاھی
قوت۔ مُقیّت۔ غذا بخش۔
قید۔ قیود۔ کنٹرول۔
فرض القعیود علی۔ کنٹرول قائم کردینا۔
قِیادۃ۔ کمان۔ رہنمائی۔ کمانڈری۔

القیادۃ العلیا۔ ہائی کمان۔
قوّاد۔ دلال۔
قائد۔ راہنما۔ لیڈر۔ کمانڈر۔ گائڈ۔ ج:۔ قادۃ۔
مِقوَد۔ موٹر کا اسٹیرنگ ج:۔ مَقاوِد
قوس۔ قار۔ تارکول۔
قارّۃ۔ براعظم۔ ج:۔ قارّات
قوّرہ تقویرًا۔ تارکول ملنا۔
قورمۃ۔ قورمہ۔ گوشت کا سالن۔
قوسُ نَصر۔ محراب فتح۔ وہ دروازہ جو کسی جشن وغیرہ میں لگایا جاتا ہے۔
قوش۔ قایش۔ اُسترا تیز کرنے کا چمڑہ۔
قوع۔ قاعَۃ ہال کمرہ۔ ج:۔ قاعات۔
قول۔ قاوَلہ مُقاولۃً۔ معاملہ کرنا۔ سودا کرنا۔ ٹھیکہ لینا۔
مُقاوِل۔ ٹھیکہ دار۔
مقاوَلۃ۔ کسی کام کا ٹھیکہ۔
قوم۔ قائممقام۔ ایک فوجی عہدہ۔ لفٹیننٹ کولونیل۔
قائمۃ۔ فہرست۔ لسٹ۔ نقشہ ج:۔ قوائم۔
قائمۃُ الاسعار۔ نرخ نامہ۔
قائمۃُ الحِساب۔ گوشوارہ۔
قیّم۔ نگران۔ بیش قیمت
تقویمُ البُلدان۔ جنتری۔
تقویمُ السَنۃ۔ کیلنڈر۔ ج:۔ تقادیم۔
مقوِّمات۔ قیمتی اشیاء۔ بنیادی ضروریات۔ بنیادی اجزاء۔

مقاومة۔ مقابلہ۔
قومیسر۔ (مع) کمشنر۔
قومیسیون۔ تحقیقاتی کمیشن۔
قومندان۔ کمانڈر۔ کمانڈر۔
قوۃ۔ طاقت۔ فورس۔
" بحریۃ۔ بحری فوج۔
" بریۃ۔ زمینی فوج۔
" جویۃ۔ ایرفورس۔ ہوائی فوج۔
تقویۃ۔ ہمت افزائی۔ پشت پناہی۔
مُقوّی (ورق۔) کارڈ بورڈ۔
قیراط۔ انچ۔ ج:۔ قراریط۔
قیس۔ قیاس۔ پیمانہ۔ ناپ۔
رقم قیاسی۔ ریکارڈ۔ کسی کام کا آخری درجہ۔
ضرب رقما قیاسیا۔ ریکارڈ قائم کرنا۔
قیّاس۔ پیمایش کنندہ۔
مقیاس الحرارۃ۔ تھرمامیٹر۔
قایس بین الشیئین۔ موازنہ کرنا۔
قیل۔ استقال من الخدمۃ۔ مستعفی ہونا۔ سبکدوش ہونا۔

ك

کانون الاوّل۔ دسمبر کا مہینہ۔
کانون الثانی۔ جنوری کا مہینہ۔
کبت۔ کبّوت۔ اوورکوٹ۔ رکشا یا تانگے کی چھتری۔
کبح۔ قابو۔
کبح العواطف۔ جذبات پر قابو پانا۔

کبر۔ مکبّر الصوت۔ لاؤڈ اسپیکر۔
کبریت۔ گندھک۔ ماچس۔
کبَس ِ کبسا۔ شکنجہ میں کسنا۔ دبانا۔ دباؤ ڈالنا۔ چھاپہ مارنا۔
کُبس۔ بجلی کا فیوز۔
کبّاس۔ مِکبَس۔ پریس۔ شکنجہ۔ دبانے کی مشین۔
کُبشۃ الثیاب۔ ہُک۔
کتَب ُ کتابۃ۔ مضمون لکھنا۔ تصنیف کرنا۔
اکتتب فی۔ چندہ دینا۔ اخبار یا رسالہ کا خریدار بننا۔
کاتبہ۔ مراسلت کرنا۔
کِتاب۔ خط۔ پیغام۔ نامہ۔
کتابیّ۔ تحریری۔
کُتّاب۔ مدرسہ۔ مکتب۔
کتابۃ۔ تحریر۔ لکھائی۔ مضمون نگاری۔ انشاء پردازی۔
کُتبیّ۔ کتب فروش۔
کُتیّب۔ پمفلٹ۔ ج:۔ کُتیبات۔
کَتیبۃ۔ فوج کا ایک ڈویژن۔ ج:۔ کتائب۔
کاتِب۔ محرر۔ کلرک۔ ج:۔ کَتبَۃ۔ (۲) مضمون نگار۔ مؤلف۔ نقل نویس۔ ج:۔ کُتّاب۔
کاتِب العقود۔ رجسٹرار۔
کاتِب علی الآلۃ۔ ٹائپسٹ۔
مِکتاب۔ ٹائپ رائٹر۔
مَکتَب۔ لکھنے کی میز۔ ڈیسک۔

دفتر۔ ج:۔ مكاتب۔
مكتبُ التلغراف۔ تار گھر۔
مكتبُ الاستعلامات۔ دفترِ معلومات۔ انکوائری آفس۔
مكتبة۔ لائبریری۔ کتب خانہ۔
مُكاتِب۔ مراسلہ نگار۔ نامہ نگار۔
مُكاتبة۔ نامہ نگاری۔
كُتشينة۔ تاش کے پتے۔
كتكوت۔ (۱) مرغی کے بچے۔ ج:۔ كتاكيت۔
كُتْلة۔ دھڑا۔ بلاک۔ مختلف ممالک کا متحدہ گروہ۔ ج:۔ كُتَل۔
تكتّل۔ دھڑا بندی۔
كُتلة امريكيّة۔ امریکین بلاک
〃 آسيويّة۔ ایشیائی بلاک۔
〃 شيوعيّة۔ کمیونسٹ بلاک۔
كتم۔ كِتام البطن۔ قبض
مكتوم البطن۔ پیٹ کا مریض۔
كتن۔ كتّان۔ سوت۔ ایک قسم کا ریشہ جس سے مضبوط کپڑا تیار کیا جاتا ہے۔
(نسيجُ) الكتّان۔ سوتی کپڑا۔
كِذبةُ ابريل۔ اپریل فول۔
كربون۔ کوئلہ جیسا سیاہ مادہ۔
ورقُ كربون۔ کاربن پیپر۔
كرتون۔ (معرب) کارڈ بورڈ۔
كرس۔ كُرّاس۔ پمفلٹ۔ کاپی۔
كراسة۔ 〃 〃
كسر۔ كسّارة۔ سروطا۔
كاسور۔ پتھر توڑنے کا ہتھوڑا۔
كُشتبان۔ انگشتانہ۔

كشف۔ فہرست۔ نقشہ۔ ج:۔ كشوف
اكتشاف۔ نئی دریافت۔ ایجاد۔
كشّاف۔ اسکاؤٹ۔ وہ سپاہی جو دشمن کے احوال معلوم کرنے کے لیے بھیجا جائے۔
كشّافة۔ وہ جماعت جو خدمتِ خلق کے لیے تیار کی جائے۔
كِشافة۔ جماعتِ اسکاؤٹ کا کام۔
مخبری۔ جاسوسی۔
كُشك۔ لکڑی کی کوٹھڑی۔ کیبن۔
كُشك التليفون۔ کال بکس۔
كشك الديدبان۔ سنتری بکس۔ پہرہ دار کے کھڑے ہونے کا کیبن۔
كشكول۔ اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مرقع۔
كظم۔ كَظيمة۔ ہقرماس۔
كعب۔ جوتے کی ایڑی۔ ج:۔ اكعاب۔
(۲) کتاب کا پشتہ۔
كَعْك۔ کیک
كُفْؤ۔ اہل۔ لائق۔ ج:۔ اكفاء۔
كفاءة۔ اہلیت۔ لیاقت۔
كفح۔ كافحة۔ سامنا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ جنگ کرنا۔
كِفاح۔ جدوجہد۔ لڑائی۔ مقابلہ۔
كَفْر۔ چھوٹی بستی۔
كفف۔ بھیک۔
كفُل و كفالةً۔ ضامن ہونا۔
كَفالة۔ ذمہ داری۔ ضمانت۔
بكفالة۔ ضمانت پر۔

کلبتان۔ زنبور۔ فن جراحی کی چمٹی۔
کُلّابۃ۔ دانت نکالنے کا زنبور۔
کُلّیۃ۔ کالج۔ ج:۔ کلّیات۔
کلسیوم۔ کیلشیم۔
کلِمۃ۔ مضمون۔ تقریر۔
کلیسرین۔ گلیسرین۔
کمح۔ کمّاحۃ القطار۔ بریک
کُمسارِیّ۔ کنڈیکٹر۔ ریلوے گارڈ۔
کمش۔ کمّاشۃ۔ بڑھئی کا زنبور۔
کُمّۃ۔ لمپ شیڈ۔
کمَنجۃ۔ سارنگی۔
کنَدِیّ۔ کنیڈا کا رہنے والا۔
کون۔ کانون۔ چولھا۔ اسٹوو۔
کانون الاول۔ ماہ دسمبر
کانون الثانی۔ ماہ جنوری۔
کہربۃ۔ برقانا۔ کسی جگہ بجلی پہنچانا۔
کہربا۔ بجلی۔ برق۔
مُکہرَب۔ برقایا ہوا۔
کوبری۔ پل۔
کوث۔ سلیپر۔ ج:۔ اکوات۔
کورۃ۔ صوبہ۔ ضلع۔ چھوٹا قصبہ۔
کوب۔ مگ۔ ڈنڈی دار پیالہ۔
کوس۔ بڑھئی کا پیمانہ۔
کوفیّۃ۔ سر کو لپیٹنے کا رومال۔
کوکبۃ۔ لوگوں کی ٹکڑی۔ جماعت۔
کون وکیان۔ وجود۔ ہستی۔
کونیّ۔ عالمی۔ کائناتی۔
کوی۔ کیّاً۔ استری کرنا۔
مِکواۃ۔ استری۔ ج:۔ مکاوی۔

مَکوِیّ۔ استری کیا ہوا۔
کیّف البناء تکییفاً۔ ایرکنڈیشن بنانا۔
مُکیّف بالھواء۔ ایرکنڈیشن۔
کیلو۔ کیلوگرام۔ ایک ہزار گرام۔
کینیا۔ کونین۔ بخار کی دوا۔

ل

لاسلکی۔ وائرلیس۔ بے تار برقی۔
لَبخَۃ۔ پلٹس۔
لبن۔ لِبانۃ۔ دودھ کی ڈیری۔ دودھ اور مکھن کی دکان۔
مِلبن۔ اینٹ کا سانچہ۔
مَلبَنۃ۔ دودھ کی ڈیری۔ کارخانہ۔
لَجنۃ۔ کمیٹی۔ بورڈ۔ کمیشن۔ ج:۔ لجان
لجنۃ تابعۃ۔ سب کمیٹی۔
لحظ۔ لاحظۃ۔ معائنہ کرنا۔ نگرانی کرنا۔
ملاحظ۔ نگران۔ سپرنٹنڈنٹ۔
مُلاحظۃ۔ نوٹ۔ رائے۔ نگرانی۔
لحق۔ التحق بالمدرسۃ۔ داخل ہونا۔ (۱ التحق بہ) منتھی ہوتا۔
مُلحَق۔ اضافی۔ ضمیمہ۔ ج:۔ مُلحقات
(۲) سفارتخانہ کا ایک رکن۔ اتاچی۔
(۱ امتحان) مُلحق۔ سپلیمنٹری امتحان۔
لزم۔ التزام۔ پابندی۔ ذمہ داری۔ ٹھیکہ۔
ج:۔ التزامات۔
مَلزَمۃ۔ شکنجہ۔
مُلازِم اول۔ لیفٹیننٹ۔
ملازِم ثانِ۔ سیکنڈ لیفٹیننٹ۔
مُلتزِم۔ ٹھیکہ دار۔ اجارہ دار۔

مَلزومیّۃ۔ ذمہ داری۔
لِصوقٌ۔ متصل۔ قریب۔
لَصوق۔ پلاسٹر۔
لطس۔ مِلطاس۔ پتھر توڑنے کی ہتھوڑی
لعب۔ مَلعَب۔ کھیل کا میدان۔ تماشا گاہ۔
مَلعَب الخَیل سرکس۔
لَغو (ن) قانون کا منسوخ ہوجانا۔
اِلغاء۔ منسوخ کرنا۔
لَفتَ ۔ لفتًا۔ توجہ دلانا۔
لَفتۃ۔ توجہ۔ ایک نگاہ۔
لفع۔ لِفاع۔ مفلر۔ سر کو لپیٹنے کا کپڑا۔
لفف۔ لفافۃُ تبغ۔ سگریٹ۔
لفیفۃ تبغ سگریٹ ج:۔ لفائف
مِلَفّ۔ ریپر۔ لپیٹنے کا کاغذ
مِلَفّۃ اوراق۔ فائل ج: مِلَفّات۔
لَقّحَ۔ تلقیحًا۔ ٹیکہ لگانا۔
لِقاح۔ ٹیکہ۔ دوا جو بدن میں پہنچائی جائے
لقط۔ مِلقط۔ چمٹی۔
لَمبَۃ۔ لمپ۔
لھب۔ التھاب۔ سوزش۔ ورم۔
التھاب الرئۃ۔ نمونیہ
التھاب الزائدۃ الدودیّۃ۔
اپنڈی سائٹس۔ ایک مرض جس میں
معائی زائدہ میں ورم ہوجاتی ہے۔
لھو۔ تفریح۔ کھیل تماشا۔
مَلھیٰ۔ تماشا گھر۔ تھیٹر۔ سینما۔
ج:۔ ملاھی۔
لوتازیّۃ۔ لاٹری۔
لوّح الارض تلویحًا۔ زمین پر تختے بچھانا۔

لوحۃ۔ تختی۔ ج:۔ لوحات۔
لائحۃ۔ پروگرام۔ پراس پیکٹس
سرکاری قانون۔ ج:۔ لوائح۔
مُلَوِّحۃ۔ سگنل۔ ج:۔ مُلوِّحات
لَوّز التمر تلویزًا۔ کھجوریں بادام بھرنا۔
لوزۃ الحلق۔ ٹونسل۔ غدود۔
لوکانداہ۔ (مع) ہوٹل۔
لولَب۔ پیچدار کیل۔ اسپرنگ۔ ج:۔ لوالب
لِواء۔ فوج کا بریگیڈ۔
اللِواء۔ میجر جنرل۔ فوجی عہدہ۔
امیر اللِواء۔ بریگیڈیر جنرل۔
لیلیّ۔ شبینہ۔ رات۔

م

مؤنۃ۔ خوراک۔ روزینہ۔ ج:۔ مُؤن
تموین۔ خوراک سپلائی کرنا۔
مِئویّ۔ سوسالہ۔
مارکۃ۔ خاص نشان۔ مارکہ۔
مِتر۔ میٹر۔ ناپنے کا گز وغیرہ۔
مُتعۃ۔ دلچسپی۔ سامان۔ دلچسپی۔ ج:۔ مُتَع۔
مثل۔ مثّل تمثیلا۔ نمائندگی کرنا۔ ایکٹنگ
کرنا۔
مُمثِّل۔ نمائندہ۔ ایکٹر۔
مَثَلٌ اعلیٰ۔ شاندار روایت۔ ج:۔
المُثُل العُلیا۔
تِمثال۔ مجسمہ۔ ج:۔ تَماثیل
تمثیل۔ نمائندگی۔ ایکٹنگ۔
تمثیلیّۃ۔ ڈرامہ۔ ج:۔ تمثیلیات
تمثیلیّ۔ ڈرامائی۔

مرر۔ مُرورِ ٹریفک (حرکۃ المرور)
تمریر۔ سامان پاس کرنا۔ گذر نے کی اجازت دینا۔
مرس۔ مارَس العملَ۔ بطور پیشہ کوئی کام کرنا۔ پریکٹس کرنا۔
مرض۔ مُمَرِّض۔ تیماردار۔
مُمَرِّضۃ۔ نرس۔ ج:۔ مُمَرِّضات
مَسح الارضَ۔ زمین کی پیمائش کرنا۔
〃 الحذاءَ۔ جوتے پر پالش کرنا۔
مسّاح۔ زمین کا سروے کرنے والا۔
(۲) جوتوں پر پالش کرنے والا۔
مَساحۃ۔ پیمائش۔ رقبہ۔ سروے۔
مسّاحۃ۔ مٹانے کا ربڑ۔
مِمسَحۃ۔ پیمائش کا فیتہ۔ پائدان۔
مَسکۃ۔ ہینڈل۔
مَسْك۔ قبض۔ ضد اسہال۔
مَطَرِیّۃ۔ چھتری۔
مِمطرۃ۔ واٹرپروف۔ برساتی۔
مَطّاط۔ ربڑ
ملح۔ مَمْلَحۃ۔ نمک دان۔
مَلَطَ۔ مَلَّطَ۔ پلاسٹر کرنا۔ بال اڑانا۔
مِلاط۔ پلاسٹر۔
مِلك۔ ج:۔ اَملاك۔ جائداد۔
〃 ثابت۔ غیر منقولہ جائداد۔
〃 منقول۔ منقولہ جائداد۔
مَلاك۔ دیوتا۔ فرشتہ۔
مَلاكُ الحُبّ۔ محبت کا دیوتا۔
مُلّاكُ الاراضی۔ جاگیرداران
مِنحَۃ۔ عطیہ۔ تعلیمی وظیفہ۔ ج:۔ مِنَح۔

مہرجان۔ جشن۔ ج:۔ مہرجانات۔
مِہْنَۃ۔ پیشہ۔ ج:۔ مِہَنٌ۔
موسی الامن۔ سیفٹی ریزرو۔
مول۔ تمویل۔ سرمایہ کاری۔
موّنۃ تموینا۔ رسد پہنچانا۔ سپلائی کرنا۔
ضرورت کی اشیاء بہم پہنچانا۔
مُؤنۃ۔ خوراک۔ راشن۔ رسد۔
تموین۔ سپلائی۔ رسد رسانی۔
میز۔ امتیاز۔ رعایت۔ لائسنس۔
مَیل۔ رجحان۔ ج:۔ مُیول۔
مِین۔ مِیناء۔ پورٹ۔ بندرگاہ۔
(۲) گھڑی کا ڈائل۔ ج:۔ موانی۔

ن

نارجیل۔ ناریل۔
نارجیلۃ۔ حقہ۔
نبا۔ اُنبوبۃ۔ پائپ۔ ج:۔ انابیب۔
نُبْذہ۔ پیراگراف۔
منبوذ۔ اچھوت۔
نبض۔ نابض۔ بندوق وغیرہ کا گھوڑا۔
نتج۔ نِتاج۔ پیداوار۔ غلہ۔
منتوجات۔ مصنوعات۔
نجمۃ سینمائیۃ۔ فلم اسٹار۔
منجَم۔ کان۔ سرچشمہ۔ ج:۔ مناجم
نحت۔ مِنحت۔ بسولی۔
نَحّات۔ سنگ تراش۔
نحو۔ نَحّاہ عن۔ ملازمت یا خدمت سے برطرف کردینا۔
نَخَبَ۔ انتخاب کرنا۔

ناخِبٌ - انتخاب کنندہ - ووٹر -
ندب - مندوب - نمائندہ - ڈیلی گیٹ -
مندوبٌ سامٍ - ہائی کمشنر -
ندل - مندَل - عمل حاضرات -
ندوۃ - کلب - ج: ندوات -
نزح عن الوطن - نزوحًا - بے گھر ہونا -
نازحون - تارکین وطن -
نُزُل - ہوٹل - سرائے -
تنازل عن - دست بردار ہونا -
نُزھۃ - تفریح -
مُنتزَہ - پارک - تفریح گاہ -
نسبۃ - تناسب - اوسط -
مُناسبۃ - سلسلہ - سبب - موقع -
نسف - نسفًا - ڈائنامٹ سے اڑانا -
نسّافۃ - تارپیڈو کشتی -
نَشأۃ - ساخت - تعمیر - بنیاد - زندگی -
نشءٌ - نسل -
مُنشئٌ - انشاء پرداز -
مُنشآت - تنصیبات -
نشر - اشاعت -
نُشادر - نوشادر -
نَشرۃ - اعلان - اعلامیہ - سرکلر -
پمفلٹ - ج: نشرات -
منشور - سرکلر - گشتی حکم -
نشط - نشاط - سرگرمی -
نشف - نَشّافۃ - منشفۃ - تولیہ -
نَشّاف - جاذب - بلاٹنگ پیپر -
نصب - نصابٌ قانونیٌ - کورم -
نصّ - مِنصّۃ - اسٹیج - تقریر کا پلیٹ فارم -

نضح - نضّاحۃ - آب پاش -
نضد - مِنضدۃ - تپائی - کاؤنٹر -
نطق - ناطق - ترجمان -
ناطق رسمیٌ - سرکاری ترجمان -
منطقۃ - علاقہ - صوبہ - ضلع -
ج: مناطق -
منطقیٌ - علاقائی -
نظر - نظّارۃ - چشمہ - تماش بین -
نِظارۃ - انتظام - نظامت -
ناظر - ڈائرکٹر - مینجر - ناظم - ج: نظار
= المحطۃ - اسٹیشن ماسٹر -
= مدرسۃٍ - ہیڈ ماسٹر -
منظار - دوربین -
نفذ - نفوذ - اثر و رسوخ -
نافذۃ - کھڑکی ج: نوافذ -
نِفط - پٹرول -
نقب - نقیبٌ - افسر - صدر - ڈین -
نقد - نقدیۃ - کیش - نقد روپیہ -
(ورق) النقد - نوٹ -
نقش - مناقشۃ - مباحثہ - علمی گفتگو -
نقص - مُناقصۃ - ٹھیکہ جو دوسرے کے
مقابلہ میں کم قیمت پر لیا جائے -
نُقطۃ - آئٹم - پوزیشن - نقطہ -
نقل - ٹرانسپورٹ -
نقّالۃ - اسٹریچر - مردوں اور زخمیوں
بیماروں کو اٹھانے کی چارپائی -
ناقلۃ - باربردار جہاز - ج: ناقلات -
نمّر - تنمیرًا - نمبر ڈالنا -
نمّادۃ - نمبرنگ مشین -

. تمس۔ ناموسیّة۔ مچھردان۔
تمسا۔ ملک آسٹریلیا۔
تملیّة۔ جالیدار الماری۔
نموذج۔ نمونہ۔ ج:۔ نماذج۔
نوبة۔ باری۔ نمبر۔
نیابیّ۔ پارلیمنٹری۔
نائب۔ ڈپٹی۔ نمائندہ عوام۔ ج:۔ نوّاب
نوس۔ مناورة۔ جنگی مشق۔ داؤ پیچ۔
نیسان۔ ماہ اپریل۔

ھ

ھبط۔ مَھْبَط۔ ایر فیلڈ۔
مِھْبَطة۔ پیراشوٹ۔ ہوائی چھتری۔
ھتف۔ نعرہ لگانا۔
ھُتاف۔ نعرہ۔ ج:۔ ھُتافات۔
ھاتِف۔ ٹیلیفون۔
ھُجومی۔ ضد دفاعی۔ اقدامی۔
ھدأ۔ تھدئة۔ پرسکون بنانا۔ رفتار کم کرنا۔
ھُدنة۔ صلح۔ جنگ بندی۔
ھرّب تھریبا۔ اسمگلنگ کرنا۔ چوربازاری
کرنا۔ ممنوعہ اشیاء کی خرید و فروخت کرنا۔
ھِمّة۔ حوصلہ۔ ج:۔ ھِمَم۔
مُھِمّة۔ مشن۔ مفوضہ ڈیوٹی۔
مُھِمّات۔ ضروری سامان۔ میٹریل۔
ھَندَسة۔ انجینیری۔ فن تعمیر۔
مُھندِس۔ انجینیر
ھَوایة۔ خاص شوق۔
ھَیئة۔ بورڈ۔ انجمن۔ ج:۔ ھیئات
ھیئة الامم المتحدة۔ انجمن
اقوام متحدہ۔

و

وبر۔ وابور۔ ریلوے انجن۔ اسٹوو۔
وَجْبَة۔ ایک وقت کا کھانا۔ خوراک۔
وجّہ۔ توجیھا۔ رہنمائی کرنا۔ اصلاح کرنا۔
توجیھیّ۔ اصلاحی۔
وَحْدة۔ اکائی۔ یونٹ۔ ج:۔ وحدات۔
ودع۔ مُستودَع۔ گودام۔
ورد۔ استیراد۔ درآمد کرنا۔
ایراد۔ آمدنی۔ پیداوار۔
وارِدات۔ درآمدات۔
مورِد۔ ذریعۂ آمدنی۔ ج:۔ مَوارِد۔
مُورِّد۔ سامان مہیا کرنے والا۔
مُستورِد۔ امپورٹر۔ درآمد کنندہ۔
ورشة۔ ورکشاپ۔
ورق النقد۔ نوٹ۔
ورّاق۔ کاغذساز۔ کاغذفروش۔
کتب فروش۔
وِراقة۔ کاغذفروشی۔ کاغذسازی
کتب فروشی۔
وَسیط۔ ثالث۔ پنچ۔ (وساطة) ثالثی۔
وصف۔ حلیہ۔ کیفیت۔ حال۔
وَصْفة۔ نسخہ۔ ج:۔ وصفات۔
مُستوصَف۔ مطب۔
وَصْل۔ ایصال۔ وصول۔ رسید۔
وکالة۔ ایجنسی۔ (وکیل) ایجنٹ۔